



تفہیم البخاری پبلیکیشنز
فیصل آباد، پاکستان

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ

اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو۔ (الحشر)

تفہیم البخاری

شرح

صحیح البخاری

تالیف:

شیخ الحدیث علامہ غلام رسول رضوی

فیصل آباد

ناشر:

صاحبزادہ محمد حبیب الرحمٰن رضوی

P-41 سنت پورہ فیصل آباد

Copyright ©
All Rights reserved

This book is registered under the copyright act.
No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system or transmitted in any form or by any means, electronic, mechanical, photocopying, recording or otherwise without the prior written permission of the publisher.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

TAFHEEM-UL-BUKHARI PUBLICATIONS
P-41, [illegible] Faisalabad. Mob:0300-[illegible]77. Fax:+92-41-[illegible]

تفہیم البخاری پبلیکیشنز P-41 [illegible] فیصل آباد
Mob:0300-[illegible]77. Fax:+92-41-[illegible]

marfat.com

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ

اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو۔ (الحشر)

تفہیم البخاری

شرح

صحیح البخاری

جلد دوم

تالیف:

شیخ الحدیث علامہ غلام رسول رضوی

فیصل آباد

ناشر:

صاحبزادہ محمد حبیب الرحمٰن رضوی

P-41 سنت پورہ فیصل آباد

marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تفہیم البخاری

جلد دوم

سنہ (1100)

تالیف

شیخ الحدیث علامہ غلام رسول رضوی محدث کبیر

ناشر

میر محمود حسن خاں

قیمت روپے

صاحبزادہ محمد حبیب الرحمن رضوی P-41 سنت پورہ لیاقت آباد

Mob:0300-9660272, Fax:+92-41-2643623

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجُزْءُ الرَّابِعُ

بَابُ عَقْدِ الثِّيَابِ وَشَدِّهَا وَمَنْ ضَمَّ ثَوْبَهٗ اِذَا خَافَ اَنْ تَنْكَشِفَ عَوْرَتُهٗ

۷۸۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كَانَ النَّاسُ يُصَلُّوْنَ مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ عَاقِدُوْا اُزُرِهِمْ مِنَ الصِّغَرِ عَلٰى رِقَابِهِمْ فَقِيْلَ لِلنِّسَاءِ لَا تَرْفَعْنَ رُءُوْسَكُنَّ حَتّٰى يَسْتَوِىَ الرِّجَالُ جُلُوْسًا۔

بَابٌ لَا يَكُفُّ شَعْرًا

۷۸۲ ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ النُّعْمَانِ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُمِرَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ وَلَا يَكُفَّ شَعْرَهٗ وَلَا ثَوْبَهٗ

بَابٌ لَا يَكُفُّ ثَوْبَهٗ فِى الصَّلٰوةِ

۷۸۳ ـ حَدَّثَنَا مُوْسٰى ابْنُ اِسْمٰعِيْلَ ثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ لَا اَكُفَّ شَعْرًا وَلَا ثَوْبًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ چوتھا پارہ

باب نمازی کا کپڑوں کو گرہ لگا لینا اور انکو باندھ لینا اور جس نے اپنے کپڑے کو سمیٹا جبکہ اس کو کشفِ عورت کا خوف ہو ،،

۷۸۱ ترجمہ : سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے جبکہ وہ اپنے تہبندوں میں ان کے چھوٹے ہونے کے باعث گردنوں پر گرہ لگا لیتے اور عورتوں سے کہا جاتا کہ تم اپنے سر نہ اٹھاؤ حتیٰ کہ مرد سیدھے بیٹھ جائیں

۷۸۱ شرح : اس باب سے امام بخاری رضی اللہ عنہ نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ نماز میں کفِّ ثوب سے ممانعت اس وقت ہے جبکہ اضطرار کی حالت نہ ہو اور کپڑا سمیٹنے میں کشفِ عورت کا خوف نہیں ہوتا ہے۔ عورتیں مردوں کی صف سے متاخر ہوتی تھیں اس لئے انکو سجدہ سے اپنے سر اٹھانے سے روکا گیا حتی کہ مرد سیدھے بیٹھ جائیں تاکہ ان کی نگاہیں مردوں کی شرمگاہوں پر نہ پڑیں اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ستر عورت میں احتیاط برتنی چاہیئے اور اس کی حفاظت کرنی چاہیئے۔ حدیث ۳۵۶ کے تحت اسکی تفصیل مذکور ہے ،، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرف اشارہ کیا کہ کپڑے سمیٹنے میں کشفِ عورت کی حفاظت ہے اور اس طرح سجدے میں جانے اور اس سے اٹھنے میں آسانی ہے۔ اس اعتبار سے اس باب کو سجود کے احکام میں داخل کیا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

بَابُ التَّسْبِيحِ وَالدُّعَاءِ فِي السُّجُودِ

۷۸۴ — حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيٰنَ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْصُورٌ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ فِي رُكُوعِهِ وَسُجُودِهِ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي يَتَأَوَّلُ الْقُرْآنَ

بَابُ الْمُكْثِ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ

۷۸۵ — حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ أَنَّ مَالِكَ بْنَ الْحُوَيْرِثِ قَالَ لِأَصْحَابِهِ أَلَا أُنَبِّئُكُمْ صَلٰوةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَذٰلِكَ فِي غَيْرِ حِينِ صَلٰوةٍ فَقَامَ ثُمَّ رَكَعَ فَكَبَّرَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَامَ هُنَيَّةً ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ هُنَيَّةً ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ هُنَيَّةً فَصَلّٰى صَلٰوةَ عَمْرِو بْنِ سَلِمَةَ شَيْخِنَا هٰذَا قَالَ أَيُّوبُ كَانَ يَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ أَرَهُمْ يَفْعَلُونَهُ كَانَ يَقْعُدُ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ فَأَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقَمْنَا عِنْدَهُ فَقَالَ لَوْ رَجَعْتُمْ إِلٰى أَهَالِيكُمْ صَلُّوا صَلٰوةَ كَذَا فِي حِينِ كَذَا صَلُّوا صَلٰوةَ كَذَا فِي حِينِ كَذَا فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَلْيُؤَذِّنْ أَحَدُكُمْ وَلْيَؤُمَّكُمْ أَكْبَرُكُمْ

باب نمازی بالوں کو نہ سمیٹے

۷۸۲ ترجمہ :۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم کیا گیا کہ آپ سات ہڈیوں پر سجدہ کریں اور اپنا کپڑا اور بال نہ سمیٹیں۔

باب نماز میں اپنا کپڑا نہ سمیٹے

۷۸۳ ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سات اعضاء پر سجدہ کروں اور اپنے بالوں اور کپڑوں کو (نماز میں) نہ سمیٹوں۔

۷۸۲ - ۷۸۳ شرح : یعنی نمازی اپنے سر کے بال نہ سمیٹے، اس بارے کی سجدہ کے احکام سے مناسبت اس طرح ہے کہ جب بالوں کو سمیٹا نہ ہو تو وہ سر کے ساتھ سجدہ کرتے ہیں اور ان کو سمیٹنے سے ممانعت کی۔ حکمت یہ ہے کہ نماز کی حالت میں بالوں کے مجموعہ پر شیطان بیٹھ جاتا ہے، چنانچہ ابوداؤد شریف میں ہے کہ ابو رافع نے امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو نماز پڑھتے دیکھا جبکہ انہوں نے اپنی زلفوں کو گدی پر سمیٹا ہوا تھا۔ ابو رافع نے بالوں کو کھول دیا اور کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یہ شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے حدیث ۸۰۰ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے۔

باب — سجدہ میں تسبیح اور دعاء پڑھنا

۷۸۴ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رکوع و سجود میں بکثرت سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، فرمایا کرتے تھے جبکہ قرآن مجید کی آیت فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ پر عمل کرتے۔

۷۸۴ شرح : حمد سے اللہ تعالیٰ کی صفاتِ وجودیہ جنکو صفات اکرام کہا جاتا ہے، کے اثبات کی طرف اشارہ کیا اور تسبیح سے صفات عدمیہ جن کو صفاتِ جلال کہا جاتا ہے، کی طرف اشارہ کیا، ربوبیت سے انسان کے مبداء اور مغفرت سے اس کے معاد کی طرف اشارہ کیا اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ثناء کو دعاء سے مقدم کرنا چاہیے، کرمانی، مسلم، ابوداؤد اور نسائی میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سجدہ کی حالت میں بندہ اللہ تعالیٰ کے بہت قریب ہوتا ہے اس میں بکثرت دعاء کیا کرو مگر یہ نفلی نمازوں پر محمول ہے؛ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قول حدیث میں سبحان ربی الاعلیٰ اور رکوع میں سبحان ربی العظیم، کی تعلیم فرمائی ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

۷۸۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كَانَ سُجُوْدُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرُكُوْعُهُ وَقُعُوْدُهُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ قَرِيْبًا مِّنَ السَّوَآءِ

باب ـــ دو سجدوں کے درمیان ٹھہرنا ،،

۷۸۵ ـــ ترجمہ : ابو قلابہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مالک بن حُویرث نے اپنے ساتھیوں سے کہا کیا میں تمہیں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے آگاہ نہ کروں ؟ ابو قلابہ نے کہا ،، یہ فرض نماز کا وقت نہ تھا وہ نماز کے لئے کھڑے ہُوئے پھر رکوع کیا اور تکبیر کہی پھر رکوع سے سر اُٹھایا اور تھوڑا سا کھڑے رہے پھر سجدہ کیا پھر سجدہ سے سر اُٹھایا اور تھوڑی دیر بیٹھے رہے (ابو قلابہ نے کہا) اُنھوں نے ہمارے اس شیخ عمرو بن سلمہ کی نماز جیسی نماز پڑھی ۔ ایوب نے کہا مذکور شیخ وہ شئ کرتے تھے کہ میں نے لوگوں کو وہ کرتے نہیں دیکھا وہ تیسری اور چوتھی رکعت (کے درمیان) میں بیٹھتے تھے ۔ ابن حویرث نے کہا ہم نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہُوئے اور (مہینہ بھر) آپ کی خدمت میں رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم اپنے گھر والوں کی طرف واپس جاؤ تو فلاں نماز فلاں وقت میں پڑھو فلاں نماز فلاں وقت میں پڑھو جب نماز کا وقت آئے تو تم میں سے ایک اذان کہے اور سب سے بڑا نماز پڑھائے ۔

شرح : اس حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے نماز میں جلسہ استراحت پر استدلال کیا ہے علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا اکثر علماء کا مذہب یہ ہے کہ جب پہلی اور تیسری رکعت میں دوسرے سجدہ سے سر اُٹھائے تو قدموں کے بل سیدھا کھڑا ہو جائے اور جلسہ استراحت نہ کرے ،، امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا علماء کا معمول بھی یہی ہے صاحب ہدایہ نے کہا مالک بن حویرث کی مذکور حدیث کا جواب یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عذر کے باعث جلسہ استراحت کیا تھا اس مسئلہ کی پُوری تفصیل حدیث ع ۶۴۷ کے تحت مذکور ہے ،،

---

۷۸۶ ـــ ترجمہ : حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سجدہ ، رکوع اور دونوں سجدوں کے درمیان جلسہ تقریباً سب برابر تھے ،،

۷۸۶ ، ـــ شرح : امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں حدیثوں سے نماز میں جلسہ استراحت پر استدلال کیا ہے حدیث ع ۶۴۷ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے ، امام احمد رضی اللہ عنہ کے مذہب میں دونوں سجدوں کے درمیان بار بار ،، رَبِّ اغْفِرْلِيْ ،، رَبِّ اغْفِرْلِيْ ،، مستحب ہے احناف کے مذہب میں اس میں ذکر مسنون نہیں کیونکہ ان میں اعتدال بالتبع ہے لہذا اس میں ذکر مسنون نہ ہوگا جبکہ ذکر مسنون وہاں ہوتا ہے جو مقصود اصلی ہو ،، اور جن حدیثوں میں ذکر کی روایت مذکور ہے ۔ وہ تہجد کی نماز پر محمول ہے ،،

marfat.com

۷۸۷ ـ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اِنِّیْ لَا اٰلُوْ اَنْ اُصَلِّیَ بِكُمْ كَمَا رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ بِنَا قَالَ ثَابِتٌ كَانَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ يَصْنَعُ شَيْئًا لَمْ اَرَكُمْ تَصْنَعُوْنَهٗ كَانَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرَّكُوْعِ قَامَ حَتّٰى يَقُوْلَ الْقَائِلُ قَدْ نَسِیَ وَبَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ حَتّٰى يَقُوْلَ الْقَائِلُ قَدْ نَسِیَ

بَابُ لَا يَفْتَرِشُ ذِرَاعَيْهِ فِی السُّجُوْدِ

وَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ سَجَدَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَلَا قَابِضِهِمَا

۷۸۸ ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اعْتَدِلُوْا فِی السُّجُوْدِ وَلَا يَبْسُطْ اَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ انْبِسَاطَ الْكَلْبِ

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُنھوں نے کہا میں

۷۸۷ ـــ تم کو نماز پڑھانے میں کمی نہیں کروں گا جس طرح میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیں نماز پڑھاتے دیکھا ہے، ثابت نے کہا انس بن مالک (نماز میں) ایک شئی کرتے تھے میں نے تم کو وہ کرتے نہیں دیکھا وہ جب رکوع سے سر اُٹھاتے تو کھڑے رہتے حتیٰ کہ کہنے والا کہتا کہ وہ بھول گئے ہیں اور دونوں سجدوں کے درمیان اتنی دیر بیٹھتے کہ کہنے والا کہتا کہ وہ بھول گئے ہیں۔

باب ـــ سجدہ میں اپنی کلائیاں زمین پر نہ بچھائے

ترجمۃ الباب ابو حمید نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا اور اپنے دونوں ہاتھ زمین پر رکھے جبکہ دونوں کلائیاں زمین پر نہ بچھائیں اور نہ ہی ان کو پہلوؤں کے ساتھ ملایا۔"

۷۸۸ ـــ ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا، سجدہ میں اعتدال کرو (افتراش اور قبض کے درمیان) اور تم سے کوئی بھی کتے کے بچھانے کی طرح اپنے بازو زمین پر نہ بچھائے"

شرح: یعنی دونوں ہتھیلیاں زمین پر رکھے اور دونوں بازو زمین سے اٹھائے رکھے ان کو زمین کے ساتھ نہ ملائے،، اس میں حکمت یہ ہے کہ ایک

۷۸۸ ـــ ایک تو پیشانی اور ناک زمین پر اچھی طرح متمکن ہو جاتے ہیں اور دوسرے یہ کہ اس میں تواضع پائی جاتی ہے،، اور سست لوگوں جیسی حالت نہیں ہوتی۔ یہ بھی تنزیہہ کے لئے ہے اگر ایسا نہ کیا تو نماز ہو جاتی ہے مگر اس میں اساءت ہے"

فتح الباری میں ہے کہ نماز میں خسیس اشیاء کے ساتھ مشابہت نہیں کرنی چاہیئے جبکہ اس طرح کتا دونوں بازو زمین پر بچھا کر بیٹھتا ہے،،

مسلم نے میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے تو دونوں ہاتھوں کو پسلیوں سے اتنا دُور کرتے کہ اگر بکری کا بچہ ان سے گزرنا چاہتا تو گزر سکتا تھا،،

marfat.com

بَابُ مَنِ اسْتَوَىٰ قَاعِدًا فِي وِتْرٍ مِّنْ صَلٰوتِهٖ ثُمَّ نَهَضَ

۷۸۹ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ اللَّيْثِيُّ اَنَّهٗ رَاٰى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فَاِذَا كَانَ فِيْ وِتْرٍ مِّنْ صَلَاتِهٖ لَمْ يَنْهَضْ حَتّٰى يَسْتَوِيَ قَاعِدًا

بَابٌ كَيْفَ يَعْتَمِدُ عَلَى الْاَرْضِ اِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَةِ

۷۹۰ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ جَآءَنَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ فَصَلّٰى بِنَا فِيْ مَسْجِدِنَا هٰذَا فَقَالَ اِنِّيْ لَاُصَلِّيْ بِكُمْ وَمَا اُرِيْدُ الصَّلٰوةَ لٰكِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اُرِيَكُمْ كَيْفَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَالَ اَيُّوْبُ فَقُلْتُ لِاَبِيْ قِلَابَةَ وَكَيْفَ كَانَتْ صَلٰوتُهٗ قَالَ مِثْلُ صَلٰوةِ شَيْخِنَا هٰذَا يَعْنِيْ عَمْرَو بْنَ سَلِمَةَ قَالَ اَيُّوْبُ وَكَانَ ذٰلِكَ الشَّيْخُ يُتِمُّ التَّكْبِيْرَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ عَنِ السَّجْدَةِ الثَّانِيَةِ جَلَسَ وَاعْتَمَدَ عَلَى الْاَرْضِ ثُمَّ قَامَ

باب ـــــ جو شخص نماز کی طاق رکعت میں سیدھا بیٹھ گیا پھر اُٹھا ،،

ترجمہ : ابو قلابہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُنھوں نے کہا مالک بن حُویرث لَیثی نے خبر دی کہ اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے ہُوئے دیکھا کہ جب آپ نماز کی طاق رکعت پڑھ لیتے تو کھڑے نہ ہوتے حتیٰ کہ سیدھے بیٹھ جاتے ،،

۷۸۹ ـــــ

شرح : یعنی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب پہلی اور تیسری رکعت پڑھ لیتے تو بیٹھ جاتے پھر اُٹھتے ،، اس حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ جلسۂ استراحت مستحب ہے ،، احناف کہتے ہیں۔ جلسۂ استراحت مسنون نہیں کیونکہ یہ اگر مقصود ہوتا تو اس میں مخصوص ذکر مشروع ہوتا اور متن میں مذکور حدیث کے جواب میں وہ کہتے ہیں کہ یہ جلسہ کسی عذر کے باعث تھا اور وہ یہ کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ،، لَا تُبَادِرُوْنِيْ فَاِنِّيْ قَدْ بَدَّنْتُ ،، یعنی سجدہ کرنے میں جلدی نہ کرو کیونکہ میں بھاری ہو گیا ہوں ،، علاوہ ازیں یہ جلسہ آرام کے لئے ہوتا ہے اور نماز آرام کے لئے وضع نہیں کی گئی ہے ،، یہی مسلک امام مالک اور امام احمد رضی اللہ عنہما کا ہے ،، امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدموں پر سیدھے کھڑے ہو جایا کرتے تھے اس مسئلہ کی تفصیل حدیث ۶۴۷ کے تحت مذکور ہے۔

---

marfat.com

بَابُ يُكَبِّرُ وَهُوَ يَنْهَضُ مِنَ السَّجْدَتَيْنِ وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يُكَبِّرُ فِي نَهْضَتِهِ

۷۹۱ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ صَلّٰى لَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ فَجَهَرَ بِالتَّكْبِيْرِ حِيْنَ رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ وَحِيْنَ رَفَعَ وَحِيْنَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ وَقَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب ــــ جب رکعت سے کھڑا ہونے کا ارادہ کرے تو زمین پر اعتماد کیسے کرے ،،

ترجمہ : ابو قلابہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہمارے پاس مالک بن حویرث آئے اور ہماری اس مسجد میں ہمیں نماز پڑھائی اور کہا میں تم کو نماز پڑھاتا ہوں حالانکہ میں نماز کا ارادہ نہیں کرتا لیکن تم کو دکھانا چاہتا ہوں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسے نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ ایوب نے کہا میں نے ابو قلابہ سے کہا آپ کی نماز کیسی تھی ؟ انھوں نے کہا ہمارے اس شیخ یعنی عمرو بن سلمہ کی نماز جیسی تھی ، ایوب نے کہا وہ شیخ (عمرو بن سلمہ) تکبیریں پوری کہتے اور جب دوسرے سجدہ سے سر اٹھاتے تو بیٹھ جاتے اور زمین پر اعتماد کر کے پھر اٹھتے ۸

۷۹۰ ــــ

شرح : یعنی نماز کی کیفیت اس طرح بیان کی کہ شیخ جب دوسرے سجدہ سے سر اٹھاتے تو پہلے بیٹھ جاتے پھر آٹا گوندھنے والے کی طرح زمین پر اعتماد کرتے پھر اٹھتے اس کی تفصیل ح ۶۴۷ اور ح ۷۸۹ کے تحت مذکور ہے !

باب ــــ نمازی تکبیر کہے جبکہ دو رکعت نماز پڑھ کر اٹھے ،، حضرت عبداللہ بن زبیر اٹھنے کے وقت تکبیر کہتے تھے ،،

ترجمہ : سعید بن حارث نے کہا ہم کو ابو سعید نے نماز پڑھائی تو انھوں نے بلند آواز سے تکبیر کہی جبکہ سجدہ سے سر اٹھایا اور جب سجدہ کیا اور جب سجدہ سے سر اٹھایا اور جب دو رکعتیں پڑھ کر اٹھے اور کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے۔

۷۹۱ ــــ

شرح : یعنی نمازی پہلا تشہد پڑھ کر تیسری رکعت کے لئے اٹھنے کے وقت تکبیر کہے۔ باب میں سجدتین سے مراد پہلی دو رکعتیں ہیں کیونکہ مجازاً

marfat.com

۷۹۲ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هُدَيْلُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ صَلَّيْتُ أَنَا وَعِمْرَانُ بْنُ الْحُصَيْنِ صَلٰوةَ خَلْفَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَكَانَ إِذَا سَجَدَ كَبَّرَ وَإِذَا رَفَعَ كَبَّرَ وَإِذَا نَهَضَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ كَبَّرَ فَلَمَّا سَلَّمَ أَخَذَ عِمْرَانُ بِيَدِي فَقَالَ أَقَدْ صَلّٰى بِنَا هٰذَا صَلٰوةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ قَالَ ذَكَّرَنِي هٰذَا صَلٰوةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بَابُ سُنَّةِ الْجُلُوسِ فِي التَّشَهُّدِ وَكَانَتْ أُمُّ الدَّرْدَاءِ تَجْلِسُ فِي صَلٰوتِهَا جِلْسَةَ الرَّجُلِ وَكَانَتْ فَقِيهَةً

سجدہ کا رکعت پر اطلاق ہوتا رہتا ہے"۔

مروان بن حکم جب مدینہ منورہ کا حاکم تھا اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے جبکہ ابوہریرہ غائب ہوگئے چونکہ بنو اُمیہ تکبیریں آہستہ کہتے تھے اس لئے ابوسعید خدری نے نماز کو شروع کرتے وقت اور دُوسرے انتقالات کے وقت بُلند آواز سے تکبیریں کہیں"، بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں میں اختلاف تکبیر کو بلند آواز یا آہستہ کہنے میں تھا اسی لئے ابوسعید نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے"۔ تکبیر کہنے میں جمہور کا مذہب یہ ہے کہ کھڑا ہوتے وقت تکبیر کہے البتہ امام مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ سیدھا کھڑا ہوکر تکبیر کہے"۔

ترجمہ : مُطَرِّف نے کہا کہ میں اور عمران نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز پڑھی وہ جب سجدہ کرتے، جب سجدہ سے سر اُٹھاتے اور جب دو رکعتوں سے اُٹھتے تو تکبیر کہتے اُنھوں نے جب سلام پھیرا تو عمران نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہا حضرت علی نے ہم کو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جیسی نماز پڑھائی ہے یا کہا اُنھوں نے مجھے محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز یاد دلائی ہے"۔ ۷۹۲ ——

شرح : سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہر انتقال میں اللہ اکبر کہتے تھے اس لئے عمران نے کہا اُنھوں نے ہم کو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سی نماز پڑھائی ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے ہر رفع اور خفض میں اللہ اکبر کہنے میں اکثر آثار مروی ہیں اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابوبکر، عمر فاروق اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم نے اُن پر عمل کیا اور آج تک اس پر عمل ہو رہا ہے کوئی شخص اس کا انکار نہیں کرتا اس لئے اس مسئلہ پر اُمّت کا اجماع ہے"، حدیث ۷۵۵ کا بھی یہی مضمون ہے! ۷۹۲ ——

باب — تشہد میں بیٹھنے کا طریقہ

marfat.com

۷۹۳ — حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ كَانَ يَرَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَتَرَبَّعُ فِي الصَّلٰوةِ اِذَا جَلَسَ فَفَعَلْتُهٗ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ حَدِيْثُ السِّنِّ فَنَهَانِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَقَالَ اِنَّمَا سُنَّةُ الصَّلٰوةِ اَنْ تَنْصِبَ رِجْلَكَ الْيُمْنٰى وَتَثْنِيَ الْيُسْرٰى فَقُلْتُ اِنَّكَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّ رِجْلَايَ لَا تَحْمِلَانِّيْ

۷۹۴ — حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ ح قَالَ وَحَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ وَيَزِيْدَ بْنِ مُحَمَّدٍ ابْنِ عَمْرِو ابْنِ حَلْحَلَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ اَنَّهٗ كَانَ جَالِسًا مَعَ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا صَلٰوةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ اَنَا كُنْتُ اَحْفَظَكُمْ لِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُهٗ اِذَا كَبَّرَ جَعَلَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ اَمْكَنَ يَدَيْهِ مِنْ رُكْبَتَيْهِ ثُمَّ هَصَرَ ظَهْرَهٗ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ اِسْتَوٰى حَتّٰى يَعُوْدَ كُلُّ فَقَارٍ مَكَانَهٗ وَاِذَا سَجَدَ وَضَعَ يَدَيْهِ غَيْرَ مُفْتَرِشٍ وَلَا قَابِضِهِمَا وَاسْتَقْبَلَ بِاَطْرَافِ اَصَابِعِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ فَاِذَا جَلَسَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ جَلَسَ عَلٰى رِجْلِهِ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ الْيُمْنٰى فَاِذَا جَلَسَ فِي الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ قَدَّمَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَنَصَبَ الْاُخْرٰى وَقَعَدَ عَلٰى مَقْعَدَتِهٖ وَسَمِعَ اللَّيْثُ يَزِيْدَ بْنَ اَبِيْ .....

ام درداء رضی اللہ عنہا نماز میں مرد کی طرح بیٹھتی تھیں اور وہ فقیہہ تھیں ،،

۷۹۳ — ترجمہ : حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم نے عبداللہ بن عبداللہ سے خبر دی کہ اُنھوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ وہ جب نماز میں بیٹھتے تو چار زانو بیٹھتے تھے ،، میں نے بھی اسی طرح کیا جبکہ میں اس وقت نوعمر تھا مجھے عبداللہ بن عمر نے اس سے منع کیا اور کہا نماز میں بیٹھنے کا طریقہ یہ ہے کہ تو اپنا دایاں پاؤں کھڑا کرے اور بائیں پاؤں کو موڑے اس پر میں نے کہا آپ تو اس طرح کرتے ہیں ؟ عبداللہ بن عمر نے کہا میرے پاؤں مجھے اُٹھا نہیں سکتے !

۷۹۳ — شرح : تشہد میں سُنّتِ جلوس سے مراد مخصوص ہیئت ہے یہ بھی احتمال ہے کہ نفسِ جلوس مراد ہو حدیث میں دونوں احتمال ممکن ہیں اگرچہ جلوس کبھی واجب بھی ہوتا ہے لیکن سُنّت سے مراد طریقہ محمدیہ ہے اور یہ عام ہے جو واجب مستحب سب کو شامل ہے ،، امام ابوحنیفہ اور مالک رضی اللہ عنہما کا بھی یہی مسلک ہے کہ عورت نماز میں مرد کی طرح بیٹھے جبکہ امام مالک رضی اللہ عنہ سے یہ بھی روایت ہے کہ عورت اپنے بائیں سرین پر بیٹھے اور دائیں ران کو بائیں ران پر رکھ کر حتی الوسع اعضاء کو اکٹھا کرے اور رکوع و سجود اور جلوس وغیرہ میں مرد کی طرح کھل کر افعال نہ کرے ،، تندرست کے لئے فرض نماز میں چار زانو بیٹھنا مکروہ ہے اس پر سب علماء کا اتفاق ہے مگر مریض کا چار زانو بیٹھنے میں علماء کا اختلاف ہے ،،

marfat.com

حُبَيْبٍ وَيَزِيْدُ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَلْحَلَةَ وَابْنُ حَلْحَلَةَ مِنَ ابْنِ عَطَاءٍ وَقَالَ اَبُوْ صَالِحٍ عَنِ اللَّيْثِ كُلُّ فَقَارٍ مَكَانَهُ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ حَدَّثَهُ كُلُّ فَقَارٍ

ترجمہ : محمد بن عمرو بن عطاء سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے (انہوں نے کہا) ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا ذکر کیا تو ابو حمید ساعدی نے کہا میں تم سب سے زیادہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جانتا ہوں،، میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ جب تکبیر کہتے تو دونوں ہاتھ کندھوں کے برابر لے جاتے جب رکوع کرتے تو دونوں ہاتھوں سے دونوں گھٹنے پکڑتے پھر کمر کو مائل کرتے جب سر مبارک اُٹھاتے تو سیدھے کھڑے ہو جاتے حتی کہ ہر ہڈی اپنی جگہ پہ لوٹ آتی، جب سجدہ کرتے تو ہاتھوں کو زمین پر بچھائے کے بغیر رکھتے اور نہ ہی ان کو پہلوؤں سے ملاتے اور دونوں پاؤں کی انگلیوں کو قبلہ رو متوجہ کرتے اور جب دو رکعتوں میں بیٹھتے تو بائیں پاؤں پہ بیٹھتے اور دایاں پاؤں کھڑا کر لیتے۔ جب آخری رکعت میں بیٹھتے تو بایاں پاؤں باہر کی طرف نکال دیتے اور دُوسرے پاؤں کو کھڑا کر لیتے اور مقعد شریف پر بیٹھ جاتے،، لیث نے یزید بن ابی حبیب سے سُنا اور یزید نے محمد بن حلحلہ اور ابن حلحلہ نے ابن عطاء سے سُنا، ابو صالح نے لیث سے "کل فقار" کی روایت کی ہے اور عبد اللہ بن مبارک نے یحییٰ بن ایوب سے روایت کی اُنھوں نے کہا مجھے یزید بن ابی حبیب نے خبر دی کہ محمد بن عمرو نے ان کو کلّ فقار،، کی خبر دی ہے۔ (یعنی فاء مقدم اور قاف مؤخر ہے جبکہ پہلی روایت میں اس کا برعکس ہے)

۷۹۴ ——

شرح : نماز میں بیٹھنے کی کیفیت میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نماز میں ہر جلسہ میں بایاں پاؤں بچھائے اور دایاں پاؤں کھڑا کرے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا ہر جلسہ میں نمازی تورک کرے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا۔ آخری تشہد میں تورک کرے اور باقی میں بایاں پاؤں بچھا کر اس پہ بیٹھے اور دایاں پاؤں کھڑا کرے متن میں مذکور حدیث سے اُنھوں نے استدلال کیا ہے،، امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ بھی امام شافعی کی طرح کہتے ہیں مگر وہ صبح کی نماز کے جلسہ میں تورک نہیں کرتے۔ امام نووی رحمہ اللہ نے کہا کہ امام شافعی کے نزدیک دونوں سجدوں کے درمیان جلسۂ استراحت کے جلسہ اور پہلے تشہد کے جلسہ میں تورک ہے۔ اور آخری تشہد میں تورک نہ کرے،، امام طحاوی رحمہ اللہ نے کہا نماز میں ہر جلسہ میں دایاں پاؤں کھڑے اور بایاں پاؤں بچھائے اور اس پر بیٹھے۔ امام ابو حنیفہ، ابو یوسف، محمد اور ایک روایت میں امام احمد بھی یہی کہتے ہیں۔ اُنھوں نے طبرانی کی روایت سے استدلال کیا جو وائل بن حجر حضرمی سے منقول ہے،، کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشہد کے لئے بیٹھے تو بایاں پاؤں بچھایا پھر اس پہ بیٹھ گئے،، امام طحاوی نے ابو حمید ساعدی کی حدیث جس سے امام شافعی نے استدلال کیا ہے کا جواب یہ دیا کہ محمد بن عمرو بن عطاء نے یہ حدیث ابو حمید ساعدی سے نہیں سُنی

marfat.com

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ التَّشَهُّدَ الْأَوَّلَ وَاجِبًا لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ وَلَمْ يَرْجِعْ ۷۹۵ ـ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هُرْمُزَ مَوْلَى بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَقَالَ مَرَّةً مَوْلَى رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُحَيْنَةَ قَالَ وَهُوَ مِنْ أَزْدِ شَنُوءَةَ وَهُوَ حَلِيفٌ لِبَنِي عَبْدِ مَنَافٍ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ فَقَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ وَلَمْ يَجْلِسْ فَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ حَتَّى إِذَا قَضَى الصَّلٰوةَ وَانْتَظَرَ النَّاسُ تَسْلِيمَهُ كَبَّرَ وَهُوَ جَالِسٌ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ ثُمَّ سَلَّمَ

اور نہ ہی کسی اور سے سنی ہے جو ابو حمید کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے۔ ان کے درمیان ایک مجہول شخص ہے،، لہٰذا یہ حدیث قابلِ استدلال نہیں،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازی سجدہ میں دونوں پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف متوجہ کرے اور پیٹ کو دونوں رانوں سے علیحدہ رکھے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول بعض احکام کثیر صحابہ کرام پر مخفی بھی رہ جاتے تھے،، قولہ سمع ابو اللیث الخ سے امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ ابو اللیث کا یزید بن ابی حبیب اور یزید بن محمد سے سماع ثابت ہے اگرچہ یہ حدیث عنعنہ ہے اسی طرح محمد بن عمرو بن حلحلہ کا محمد بن عمرو بن عطاء سے سماع ثابت ہے۔ لہٰذا ان کا عنعنہ سماع پر محمول ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جس نے پہلا تشہد فرض نہ جانا

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہو گئے اور تشہد کی طرف نہ لوٹے،،

۷۹۵ — ترجمہ : زہری نے کہا مجھے عبدالرحمٰن بن ہرمز مولی بنی عبدالمطلب نے اور کبھی یہ کہا کہ مولی ربیعہ بن حارث نے خبر دی کہ عبداللہ بن بُحَیْنَہ اور وہ قبیلہ ازد شنوءہ سے اور بنی عبد مناف کے حلیف تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام میں سے ہیں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی اور پہلی دو رکعتوں کے بعد کھڑے ہو گئے اور قعدہ نہ کیا لوگ بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہو گئے حتیٰ کہ جب نماز پوری کر لی اور لوگوں نے آپ کا سلام پھیرنے کا انتظار کیا تو آپ نے تکبیر کہی جبکہ آپ بیٹھے ہوئے تھے اور سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کئے پھر سلام پھیرا،،

۷۹۵ — شرح : علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا کہ امام جب بھول جائے اور بھول زیادہ ہو جائے حتیٰ کہ سیدھا کھڑا ہو جائے حالانکہ اس نے تشہد پڑھنے کے لئے بیٹھنا تھا تو لوگ اس کی متابعت کریں،، علامہ خطابی رحمہ اللہ نے کہا اس حدیث سے معلوم

marfat.com

بابُ التَّشَهُّدِ فِی الْاُوْلٰی ۷۹۶ — حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ قَالَ حَدَّثَنَا بَکْرٌ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِیْعَۃَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَالِکٍ اِبْنِ بُحَیْنَۃَ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الظُّھْرَ فَقَامَ وَعَلَیْہِ جُلُوْسٌ فَلَمَّا کَانَ فِیْ اٰخِرِ صَلٰوتِہٖ سَجَدَ سَجْدَتَیْنِ وَھُوَ جَالِسٌ

بابُ التَّشَھُّدِ فِی الْاٰخِرَۃِ

ہوتا ہے کہ سجدہ سہو سلام سے پہلے ہے لیکن احناف اس کو بیان جواز پر محمول کرتے ہیں۔ صاحب ہدایہ نے کہا یہ اختلاف اولویت میں ہے۔ امام نووی نے کہا یہ نزاع افضلیت میں ہے۔ احناف کی دلیل حضرت مغیرہ بن شعبہ کی حدیث ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھائی اور آپ بھول کر دو رکعتوں کے بعد کھڑے ہو گئے ہم نے "سبحان اللہ" کہا مگر آپ بدستور کھڑے رہے جب نماز پوری کر لی اور سلام پھیرا تو سلام کے بعد سہو کا سجدہ کیا،، ترمذی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے صحابہ کی بہت بڑی جماعت سلام پھیرنے کے بعد سجدہ سہو کرتی تھی،، اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ پہلا قعدہ فرض نہیں ورنہ سجدہ سہو سے اس کی تلافی کیسے ہو سکتی ہے جبکہ رکوع رہ جائے تو اس کے لئے سجدہ سہو کافی نہیں۔ البتہ اگر واجب رہ جائے تو سجدہ سہو سے نقصان پورا ہو سکتا ہے،، باب کے عنوان میں واجب فرض کے معنی میں ہے،،

باب — پہلے قعدہ میں تشہد کی مشروعیت

۷۹۶ — ترجمہ : عبد اللہ بن مالک بن بُحَیْنَہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ظہر کی نماز پڑھائی آپ دو رکعتیں پڑھ کر کھڑے ہو گئے حالانکہ آپ نے بیٹھنا تھا جب آپ نماز کے آخر میں تھے تو بیٹھے بیٹھے آپ نے دو سجدے کئے،،

۷۹۶ — شرح : مالک حضرت عبد اللہ کا باپ اور بحینہ ان کی والدہ ہے اس لئے مالک اور بحینہ کا اعراب ایک ہی ہے۔ پہلے باب اور اس باب میں فرق یہ ہے کہ پہلے باب میں پہلے تشہد کی عدمِ فرضیت کا بیان تھا اور اس باب میں پہلے قعدہ میں تشہد کی مشروعیت کا بیان ہے،،

باب — دوسرے قعدہ میں تشہد پڑھنا

marfat.com

۷۹۷ ـــــ حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ النَّبِيِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا السَّلَامُ عَلٰى جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ اَلسَّلَامُ عَلٰى فُلَانٍ وَفُلَانٍ فَالْتَفَتَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ فَاِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ فَاِنَّكُمْ اِذَا قُلْتُمُوْهَا اَصَابَتْ كُلَّ عَبْدٍ لِلّٰهِ صَالِحٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا جب ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتے تو (سلام پھیرنے کے وقت) ہم کہتے (بندوں کی طرف سے اللہ پر سلام) جبرائیل پر سلام، میکائیل پر سلام اور فلاں، فلاں پر سلام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا (جبکہ نماز سے فارغ ہوئے) اللہ تعالیٰ تو خود سلام ہے جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے (نماز میں تشہد پڑھنے لگے) تو یوں کہے "التحیات للہ والصلوات والطیبات السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین" یقیناً جب تم یہ (وعلی عباد اللہ الصالحین) کہو گے تو جو بھی اللہ تعالیٰ کا نیک بندہ زمین و آسمان میں ہوگا اس کو تمہارا سلام پہنچ جائیگا اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدًا عبدہٗ ورسولہ"

۷۹۶ ـــــ

شرح : بخاری کی اس روایت میں اگرچہ "السلام علی اللہ" کا ذکر نہیں مگر ابوداؤد کی روایت میں "السلام علی اللہ" مذکور ہے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ کہنے سے منع فرما دیا" کیونکہ ہر سلامتی اور رحمت اسی کی ہے اور اسی سے ہے اور وہی ان کا مالک و معطی ہے۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ نے کہا مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سلامتی والا ہے تم السلام علی اللہ" نہ کہو ہر عیب اور نقص سے سلامتی اسی سے ہے اور اسی کی طرف لوٹتی ہے۔

۷۹۷ ـــــ

"التحیات الخ" یعنی قولی، بدنی اور مالی عبادتیں سب اللہ کے لئے ہیں"

تحیات تحیۃ کی جمع بمعنی سلام، بقا، عظمت ہے۔ دراصل عرب مخصوص کلمات سے ملوک و سلاطین کو سلام پیش کیا کرتے تھے جیسا کہ ان کی عادت تھی ان کو وہ تحیات کہتے تھے چنانچہ وہ ان سے ملاقات کے وقت یہ کہا کرتے تھے تو ہزار ہا سال زندہ رہے وغیرہ وغیرہ ان میں سے کوئی کلمہ اللہ تعالیٰ کی ثناء کے لائق نہیں اس لئے ان کلمات کو بعینہا ترک کیا گیا اور ان سے تعظیم کا معنی لیا گیا چنانچہ فرمایا تم یہ کہو التحیات للہ" یعنی تعظیم کے تمام انواع صرف اللہ کے لئے ہیں" الصلوات" صرف پانچ نمازیں مراد ہیں یعنی ہماری نمازیں خالص اللہ کے لئے ہیں۔ یہ بھی احتمال ہے کہ اس کا معنی رحمت ہو یعنی رحمتوں والا اور ان کا معطی صرف اللہ تعالیٰ ہے"

marfat.com

"الطیبات" پاکیزہ افعال، اقوال اور اوصاف ،، یعنی تحیات وصلوات اور طیبات کا مستحق صرف اللہ تعالیٰ ہے اور اس کے غیر کے لئے ان کی حقیقت متصور نہیں ،،

"السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ ،، نماز مومن کے لئے معراج ہے اور تشہد نماز کا آخری رکن ہے اس وقت نمازی تحیہ کے ساتھ باب الملکوت کھلنے کے بعد حریم حق تعالیٰ میں داخل ہوتا ہے جبکہ اس کو حی لایموت کے حریم میں داخل ہونے کی اجازت ہوتی ہے اور اس کے ساتھ مناجات سے نمازی کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں تو اس کو آگاہ اور خبردار کیا جاتا ہے کہ یہ سعادت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت اور آپ کی متابعت کی برکت سے تجھے نصیب ہوئی ہے۔ اس وقت وہ کیا دیکھتا ہے کہ حبیب حریم حبیب میں حاضر ہے اور وہ آپ کو السلام علیک ایہا النبی ،، سے خطاب کرتا ہے۔ یہ اہل معرفت کا کلام ہے ،، ۔

(عینی، فتح الباری) شیخ محقق عبدالحق دہلوی رحمہ اللہ نے اشعۃ اللمعات میں ذکر کیا کہ بعضے از عرفا گفتہ اند کہ ایں خطاب بجہت سریان حقیقتِ محمدیہ است در ذرائرِ موجودات و افراد ممکنات پس آنحضرت در ذاتِ مصلیان موجود و حاضر است پس مُصَلِّی باید کہ ازیں معنیٰ آگاہ باشد و ازیں شہود غافل نبود تا بانوارِ قرب واسرارِ معرفت متنوّر و فائض گردد ،،

نمازی تشہد کے الفاظ میں ان کے معانی کا قصد انشاء کے طور پر کرے کہ ان الفاظ کے معانی نمازی کی مراد ہیں گویا کہ وہ اب اللہ تعالیٰ کے حضور تحیات پیش کر رہا ہے اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اپنی ذات اور اللہ تعالیٰ کے کے تمام بندوں کو سلام کہہ رہا ہے ،، اور ان الفاظ سے اس کا مقصد ان الفاظ کی محض حکائت نہیں جو شبِ اسریٰ میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کیا تھا ،، (شامی) لہذا اگر نماز سے باہر بھی ان الفاظ سے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور ہدیہ صلوٰۃ وسلام پیش کرتے ہوئے الصلوٰۃ والسلام علیک ایہا النبی کہہ لے تو اس میں کوئی حرج نہیں ،،

امام اعظم ابوحنیفہ اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما نے حضرت عبداللہ بن مسعود کے تشہد کو افضل کہا ہے کیونکہ تشہد میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث صحیح تر ہے۔ امام ترمذی نے کہا اکثر صحابہ اور تابعین کا اس پر عمل ہے ،، علامہ خطابی رحمہ اللہ نے کہا تشہد میں ابن مسعود کی حدیث کے راوی مشہور تر ہیں" علی بن مدینی نے کہا تشہد میں صرف عبداللہ بن مسعود کی حدیث صحیح ہے۔ بزار نے کہا تشہد میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی حدیث صحیح تر ہے۔

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس کے تشہد کو افضل کہا ہے کیونکہ اس میں "مبارکات" کا لفظ زیادہ ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے کلام کے موافق ہے۔ وہ یہ ہے "تَحِيَّةً مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً" ،، اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابن عباس کی حدیث میں اس اضافہ میں علماء کا اختلاف ہے اور عبداللہ بن مسعود کی حدیث پر تمام علماء کا اتفاق ہے ،، نیز عبداللہ بن عباس کی حدیث افرادِ مسلم میں شمار ہوتی ہے اور محدثین کے نزدیک اس حدیث کا درجہ بہت بلند ہے جس پر بخاری اور مسلم کا اتفاق ہو اور وہ حضرت

marfat.com

بَابُ الدُّعَاءِ قَبْلَ السَّلَامِ

٧٩٨ـ حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْا فِي الصَّلٰوةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَاءِ وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ فَقَالَ لَهٗ قَائِلٌ مَا اَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيْذُ مِنَ الْمَغْرَمِ فَقَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا غَرِمَ حَدَّثَ فَكَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ قَالَ وَقَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ يُوْسُفَ سَمِعْتُ خَلَفَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ فِي الْمَسِيْحِ وَالْمَسِيْحِ لَيْسَ بَيْنَهُمَا فَرْقٌ وَهُمَا وَاحِدٌ اَحَدُهُمَا عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالْاٰخِرُ الدَّجَّالُ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَعِيْذُ فِيْ صَلٰوتِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

عبداللہ بن مسعود کی حدیث ہے!

حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا تشہد التحیات للّٰہ، الزکیات للّٰہِ الطیبات الصلوٰات" افضل ہے۔ کیونکہ اُنھوں نے منبر شریف پر لوگوں کو اس کی تعلیم دی اور کسی نے ان سے بمنازعت نہ کی یہ اس کی فضیلت کی دلیل ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر موقوف ہے۔ لہٰذا مرفوع حدیث پر اس کو ترجیح نہیں دی جاسکتی"۔ صاحب ہدایہ نے کہا حضرت عبداللہ بن مسعود کا تشہد افضل اور اولیٰ ہے کیونکہ اس حدیث میں امر کا صیغہ ہے اور امر کا مدلول کم از کم استحباب ہے" پھر السلام علیک" پر الف لام استغراقی ہے اور واؤ کی زیادتی بھی اس میں ہے جو تجدید کلام کے لئے ہے" مختصر از عینی و کرمانی"

باب ـــــ سلام پھیرنے سے پہلے دُعا

٧٩٨ ترجمہ ام المؤمنین عائشہ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں (آخری تشہد کے بعد) یہ دُعا پڑھتے تھے" اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور کانے دجال سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور زندگی کے فتنے سے اور موت کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں اے اللہ! میں قرض سے تیری پناہ چاہتا ہوں کسی نے آپ سے عرض کیا کہ آپ بکثرت قرض سے استعاذہ کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا آدمی جب قرض لیتا ہے بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے وعدہ کرتا ہے تو اس کا خلاف کرتا ہے" زہری سے روایت ہے اُنھوں نے کہا ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ آپ نماز میں دجال کے فتنہ سے پناہ چاہتے تھے"

marfat.com

٧٩٧ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِى الْخَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِّمْنِىْ دُعَاءً اَدْعُوْ بِهٖ فِىْ صَلَاتِىْ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِىْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِىْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

٧٩٨ — شرح : دجال کو مسیح اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس کی ایک آنکھ ممسوحہ ہے (کانی ہے) یا اس لئے کہ وہ ساری زمین پر چند دنوں میں پھر جائے گا مسح کا معنیٰ پیمائش ہے ،، سیدنا عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو مسیح اس لئے کہا گیا کہ وہ ہاتھ کے ساتھ مس کر کے شفا دیتے تھے ، دجال اگرچہ قربِ قیامت میں ظاہر ہوگا مگر دُعاء میں اس سے استعاذہ اس لئے کیا کہ دجال کی خبر اُمت میں شائع ہو جائے کہ وہ کذاب مفتری اور فسادی ہوگا ۔ قرض سے پناہ چاہنے میں حکمت یہ ہے کہ مقروض شخص قرض کی ادائیگی میں جھوٹ بولتا ہے ۔ وعدہ کا خلاف کرتا ہے ۔ بسا اوقات مخاصمت تک نوبت پہنچ جاتی ہے اور یہ منافقین کی صفات ہیں ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عذابِ قبر ثابت ہے اور دجال خروج کرے گا جبکہ وہ اب کہیں موجود ہے اور قرض لینا اچھا نہیں حتی المقدور قرض لینے سے بچنا چاہیئے ،، ہر مقام میں مخصوص ذکر ہے لہٰذا دُعاء کا مقام نماز کے افعال سے فارغ ہونے کے بعد ہے اور وہ سلام سے پہلے نماز کا آخر ہے !

---

٧٩٩ — ترجمہ : سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ انھوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ ! آپ مجھے ایسی دُعاء کی تعلیم دیں کہ میں وہ دُعا نماز میں کیا کروں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ! کہو اے اللہ ! میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا ہے اور تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخش سکتا ہے ۔ مجھے اپنی خصوصی بخشش سے بخش دے یقیناً تو غفور رحیم ہے !

٧٩٩ — شرح : امام ابوحنیفہ اور امام احمد رضی اللہ عنہما نے کہا نماز میں وہ دُعائیں پڑھنی جائز ہیں جو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہوں یا وہ قرآنِ کریم کے موافق ہوں ۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہماری اس نماز میں لوگوں کے کلام جیسا کلام درست نہیں ۔ نماز تو صرف تسبیح ، تکبیر اور قرآءتِ قرآن ہے ،، امام شافعی اور مالک رضی اللہ عنہما نے کہا نماز سے باہر لوگوں کے کلام کے مشابہ جو دُعاء کر سکتے ہیں نماز میں بھی وہ دُعا کر سکتے ہیں ان کے نزدیک اس سے نماز باطل نہیں ہوتی ! واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم !

marfat.com

بَابُ مَا يُتَخَيَّرُ مِنَ الدُّعَاءِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ وَلَيْسَ بِوَاجِبٍ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ

۸۰۰ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ حَدَّثَنِيْ شَقِيْقٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا اِذَا كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلٰوةِ قُلْنَا اَلسَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ عِبَادِهٖ اَلسَّلَامُ عَلٰى فُلَانٍ وَفُلَانٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْلُوا اَلسَّلَامُ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّلَامُ وَلٰكِنْ قُوْلُوا اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ فَاِنَّكُمْ اِذَا قُلْتُمْ ذٰلِكَ اَصَابَ كُلَّ عَبْدٍ فِي السَّمَاءِ اَوْ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ لِيَتَخَيَّرْ مِنَ الدُّعَاءِ اَعْجَبَهٗ اِلَيْهِ فَيَدْعُوْ

بَابُ مَنْ لَمْ يَمْسَحْ جَبْهَتَهٗ وَاَنْفَهٗ حَتّٰى صَلّٰى قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ رَاَيْتُ الْحُمَيْدِيَّ يَحْتَجُّ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْ لَّا يَمْسَحَ الْجَبْهَةَ فِي الصَّلٰوةِ

باب — تشہد کے بعد جو بھی چاہے دُعاء کرے اور وہ واجب نہیں!

۸۰۰ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا ہم جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو ہم (سلام پھیرنے کے وقت) یہ کہتے تھے "اللہ کے بندوں کی طرف سے اللہ پر سلام، فلاں اور فلاں پر سلام! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم "السلام علی اللہ" نہ کہو کیونکہ وہ بذاتِ خود سلام ہے لیکن تم یہ کہو التحیات للہ الصلوات والطیبات الخ۔ بے شک تم جب یہ کہو گے تو زمین و آسمان میں رہنے والے ہر نیک بندے کو یہ سلام پہنچ جاتا ہے الخ۔

۸۰۰ — شرح : یہ جملہ درمیان میں معترضہ ہے۔ یہ تشہد میں داخل نہیں" اس حدیث سے متعلق تفصیل حدیث ۷۹۷ کے تحت مذکور ہے"

باب — جس نے پیشانی اور ناک سے مٹی کو نہ پونچھا حتیٰ کہ نماز پڑھ لی"

marfat.com

۸۰۱ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ فَقَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِي الْمَاءِ وَالطِّيْنِ حَتّٰى رَاَيْتُ اَثَرَ الطِّيْنِ فِيْ جَبْهَتِهٖ

بَابُ التَّسْلِيْمِ

۸۰۲ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ قَامَ النِّسَاءُ حِيْنَ يَقْضِيْ تَسْلِيْمَهٗ وَمَكَثَ يَسِيْرًا قَبْلَ اَنْ يَّقُوْمَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَاَرٰى وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّ مُكْثَهٗ لِكَيْ يَنْفُذَ النِّسَاءُ قَبْلَ اَنْ يُّدْرِكَهُنَّ مَنْ انْصَرَفَ مِنَ الْقَوْمِ

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا میں نے حمیدی کو دیکھا وہ اس حدیث سے یہ استدلال کرتے تھے کہ نماز میں پیشانی صاف نہ کرے۔

۸۰۱۔ ترجمہ ابوسلمہ نے کہا میں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی اور مٹی (کیچڑ) میں سجدہ کرتے دیکھا حتیٰ کہ میں نے مٹی کا نشان آپ کی پیشانی پر دیکھا"

شرح : اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب تک نمازی کا قلب پیشانی پر کیچڑ سے مشغول نہ ہو۔ پیشانی کو صاف نہ کرے نماز سے فارغ ہو کر صاف کرے تاکہ ریا سے محفوظ رہے۔ اس کے متعلق باقی تقریر حدیث ۷۷۸ کے تحت مذکور ہے"

۸۰۱ ——

باب ——— نماز کے آخر میں سلام پھیرنا"

سلام کے واجب یا سنت ہونے میں دلائل کے متعارض ہونے کے باعث اختلاف ہے اس لئے امام نے اس کا حکم بیان نہیں کیا"۔ امام مالک، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم نے کہا کہ سلام فرض ہے۔ اگر نمازی لفظ تسلیم کئے بغیر نماز سے باہر ہو جائے تو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔ ابوداؤد نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" مفتاح الصلوٰۃ الطھور وتحریمھا التکبیر وتحلیلھا التسلیم"، ترمذی نے کہا اس باب میں یہ حدیث اصح اور احسن ہے"، مگر احناف اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ یہ خبر واحد ہے اور خبر واحد سے فرض ثابت نہیں ہوتا"، بخلاف تکبیر کے کیونکہ اس کی فرضیت نص قطعی سے ثابت ہے"، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ"، اور فرمایا" وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى"، لہٰذا یہ نہ کہا جائے کہ اگر سلام کی فرضیت خبر واحد سے ثابت نہیں ہو سکتی تو تکبیر تحریمہ کی فرضیت اسی خبر سے کیسے ثابت ہو سکتی ہے"

marfat.com

بَابُ يُسَلِّمُ حِيْنَ يُسَلِّمُ الْاِمَامُ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَسْتَحِبُّ اِذَا سَلَّمَ الْاِمَامُ اَنْ يُسَلِّمَ مَنْ خَلْفَهُ حَتّٰى ۸۰۳
حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَحْمُوْدٍ هُوَ ابْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ
قَالَ صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْنَا حِيْنَ سَلَّمَ

امام ابوحنیفہ، ابو یوسف اور محمد رضی اللہ عنہم نے کہا تسلیم فرض نہیں اگر اس کو ترک کر دے تو نماز باطل نہ ہوگی،، امام ابوحنیفہ کے نزدیک خروج بالصنع فرض ہے اور لفظِ سلام واجب ہے اس کے بغیر بھی نماز ادا ہو جاتی ہے مگر اس صورت میں اس کا اعادہ واجب ہے جو کہ ترکِ وجوب سے نماز کے نقصان کی تلافی کا طریقہ ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

---

۸۰۲ —— ترجمہ : ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو جس وقت آپ سلام پورا فرما لیتے اور اٹھنے سے پہلے تھوڑا سا توقف فرماتے تو عورتیں اٹھ کر چلی جاتیں،، ابن شہاب زہری نے کہا میرا گمان ہے اللہ زیادہ جانتا ہے،، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کچھ دیر ٹھہرنا اس لئے تھا کہ عورتیں چلی جائیں اور نماز سے فارغ ہونے والے مرد ان کو نہ پائیں،،

۸۰۲ —— شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتیں نماز پڑھنے کے لئے مساجد میں جا سکتی ہیں مگر اس پُرآشوب دور میں عورتوں کو باہر نکلنے کی اجازت نہیں۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا اگر سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم آج کے زمانہ میں عورتوں کے حالات دیکھتے تو ان کو مساجد میں آنے سے منع فرما دیتے جیسے بنو اسرائیل کی عورتوں کو منع کیا گیا تھا،، توضیح میں یہ مذکور ہے کہ جب امام محراب میں پھرنے کا ارادہ کرے اور ذکر اور دعاء کے لئے لوگوں کی طرف متوجہ ہو تو جس طرف سے چاہے پھرے افضل یہ ہے کہ لوگوں کی طرف دائیں جانب کرے اور بائیں جانب محراب کی طرف ہو اس کا برعکس بھی جائز ہے۔ یہی مذہب امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا ہے،، اس حدیث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد امام اور لوگ اپنی اپنی جگہوں میں بیٹھے رہیں،، اور ذکر و دعاء سے فارغ ہو کر باہر جائیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب —— مقتدی اس وقت سلام پھیرے جب امام سلام پھیرے،،

marfat.com

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ رَدَّ السَّلَامِ عَلَى الْإِمَامِ وَاكْتَفَى بِتَسْلِيمِ الصَّلٰوةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مستحب یہ جانتے تھے کہ جب امام سلام پھیرے تو اس کے پیچھے نماز پڑھنے والا بھی سلام پھیرے ،،

۸۰۳ —— ترجمہ : عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو ہم نے اس وقت سلام پھیرا جب آپ نے سلام پھیرا ،،

۸۰۳ —— شرح : امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مقتدی امام کے ساتھ سلام سلام پھیرے جیسے تکبیر امام کے ساتھ ساتھ کہی جاتی ہے۔ ایک روائت میں امام اعظم سے یہ منقول ہے کہ امام کے سلام کے بعد سلام پھیرے ،، امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا۔ جب امام پہلا سلام پھیرے تو اس کے بعد مقتدی سلام پھیرے ،، امام محمد کے مذہب میں امام کے سلام پھیرنے سے مقتدی نماز سے باہر ہوجاتا ہے جبکہ شیخان کہتے ہیں کہ مقتدی خود اپنے سلام کے بعد نماز سے باہر ہوتا ہے۔ اس اختلاف کا نتیجہ اس صورت میں ظاہر ہوتا ہے جبکہ مقتدی امام کے سلام پھیرنے کے بعد خود سلام پھیرنے سے پہلے قہقہہ سے ہنس پڑا۔ امام محمد رضی اللہ عنہ کے مذہب میں مقتدی کا وضو باقی رہتا ہے جبکہ امام ابوحنیفہ اور ابو یوسف کے نزدیک مقتدی کا وضو جاتا رہتا ہے ،،

اس حدیث سے امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ ضروری نہیں کہ مقتدی کا سلام امام کے سلام کے بعد واقع ہو حتیٰ کہ مقتدی اگر امام کے ساتھ ساتھ سلام پھیر دے تو اس کی نماز باطل نہیں ہوتی ہاں اگر امام کے ساتھ مقارنت کی نیت کے بغیر امام سے پہلے سلام پھیر دیا تو اس کی نماز باطل ہوجائے گی "۔

امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک ایک سلام مشروع ہے اور امام ابوحنیفہ اور ان کے صاحبین کے نزدیک دونوں طرف مشروع ہے جیسا کہ نسائی اور ابن ماجہ کی حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں طرف سلام پھیرا کرتے تھے۔

صاحبِ ہدایہ نے کہا کہ سلام کا لفظ واجب ہے فرض نہیں جبکہ شوافع کے نزدیک فرض ہے ،،

باب —— جس نے امام کو سلام نہ کیا اور نماز کے سلام پر اکتفاء کی ،، (اور وہ دو سلام ہیں)

marfat.com

۸۰۴ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِیْعِ وَزَعَمَ اَنَّهٗ عَقَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَقَلَ مَجَّةً مَجَّهَا مِنْ دَلْوٍ كَانَتْ فِیْ دَارِهِمْ قَالَ سَمِعْتُ عِتْبَانَ ابْنَ مَالِكٍ الْاَنْصَارِیَّ ثُمَّ اَحَدَ بَنِیْ سَالِمٍ قَالَ كُنْتُ اُصَلِّیْ لِقَوْمِیْ بَنِیْ سَالِمٍ فَاَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنِّیْ اَنْكَرْتُ بَصَرِیْ وَاِنَّ السُّیُوْلَ تَحُوْلُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ مَسْجِدِ قَوْمِیْ فَلَوَدِدْتُ اَنَّكَ جِئْتَ فَصَلَّیْتَ فِیْ بَیْتِیْ مَكَانًا اَتَّخِذُهٗ مَسْجِدًا فَقَالَ اَفْعَلُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَغَدَا عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ مَعَهٗ بَعْدَ مَا اشْتَدَّ النَّهَارُ فَاسْتَاْذَنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَذِنْتُ لَهٗ فَلَمْ یَجْلِسْ حَتّٰی قَالَ اَیْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّیَ مِنْ بَیْتِكَ فَاَشَارَ اِلَیْهِ مِنَ الْمَكَانِ الَّذِیْ اَحَبَّ اَنْ یُّصَلِّیَ فِیْهِ فَقَامَ وَصَفَفْنَا خَلْفَهٗ ثُمَّ سَلَّمَ وَسَلَّمْنَا حِیْنَ سَلَّمَ

ترجمہ : زہری نے کہا کہ محمود بن ربیع نے مجھ سے بیان کیا اور کہا کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جانا اور اس کلی کو جانا جو ان کے گھر میں ڈول سے لی کہا میں نے عتبان بن مالک انصاری سے سنا پھر بنی سالم کے ایک شخص سے سنا کہ عتبان نے کہا میں اپنی قوم بنی سالم کو نماز پڑھایا کرتا تھا، میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا میں اپنی بصر کا انکار کر چکا ہوں اور میرے اور میری قوم کی مسجد کے درمیان پانی کا سیلاب حائل ہو جاتا ہے، میں چاہتا ہوں کہ آپ تشریف لائیں اور میرے گھر میں ایک جگہ نماز پڑھیں جس کو میں جائے نماز بنا لوں" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم آئیں گے انشاء اللہ" صبح سورج بلند ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ ابوبکر میرے پاس تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت طلب فرمائی میں نے آپ کو اجازت دی آپ نہ بیٹھے حتی کہ فرمایا اپنے گھر میں کہاں پسند کرتے ہو کہ میں وہاں نماز پڑھوں اور آپ نے اس جگہ کی طرف اشارہ کیا جہاں وہ آپ کا نماز پڑھنا پسند کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بنائی" پھر آپ نے سلام پھیرا اور آپ کے سلام کے ساتھ ہم نے بھی سلام پھیرا"

شرح : قولہ فَاَشَارَ الخ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ کی طرف اشارہ کیا جو عتبان کو پسند تھا کہ وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھیں۔ ایک روایت میں ہے کہ عتبان نے کہا میں نے گھر کے ایک کونے کی طرف اشارہ کیا مگر ان دونوں روایتوں میں منافات نہیں۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ دونوں اشارے اکٹھے واقع ہوئے ہوں ایک عتبان کا اشارہ اور دوسرا سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا اشارہ یا پس و پیش واقع ہوئے ہوں" اس حدیث کی شرح میں علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ "فَاَشَارَ" کا فاعل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جیسا کہ علامہ کرمانی نے کہا ہے کیونکہ اس میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ کا اظہار ہوتا ہے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مکان کی طرف اشارہ کیا جو عتبان کے

marfat.com

۸۰۵ بَابُ الذِّكْرِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو وَاَنَّ اَبَا مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَفْعَ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ حِيْنَ يَنْصَرِفُ النَّاسُ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ كَانَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۰۶ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُنْتُ اَعْلَمُ اِذَا انْصَرَفُوْا بِذٰلِكَ اِذَا سَمِعْتُهُ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ اَعْرِفُ انْقِضَاءَ صَلٰوةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالتَّكْبِيْرِ قَالَ عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ كَانَ اَبُوْ مَعْبَدٍ اَصْدَقَ مَوَالِي ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ عَلِيٌّ وَاسْمُهُ نَافِذٌ

دل میں تھا کہ آپ وہاں نماز پڑھیں ،،

معلوم ہُوا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم صدورِ رجال پر مطلع ہیں ،، اس حدیث کی باب سے مناسبت ،، ثُمَّ سَلَّمَ - وَسَلَّمْنَا حِيْنَ سَلَّمَ - ،، میں ہے کیونکہ اس کا معنیٰ یہ ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا اور لوگوں نے بھی سلام پھیرا تو ان کا سلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہُوا احناف کے مذہب میں دو سلام ہیں اور دوسرا سلام ہی امام کے سلام کا جواب ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم !

قولُہٗ ثم احد بنی سالم ،، اس کا عطف عتبان پر ہے یعنی میں نے بنی سالم کے ایک شخص سے بھی سُنا جبکہ پہلے میں عتبان سے سُن چکا تھا ،، یا اس کا عطف ،، الانصاری ،، پر ہے یعنی میں نے عتبان انصاری پھر سالمی سے سُنا ،، حدیث ۴۱۷ میں گزرا ہے کہ زہری نے محمود اور بنی سلمہ کے کسی شخص سے سُنا ہے اور اس حدیث ۸۰۴ میں ہے کہ محمود نے عتبان سے سُنا ہے مگر ان دونوں حدیثوں میں منافات نہیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ زہری اور محمود دونوں نے حُصَیْن سے سُنا ہو اور اگر لفظ ،، اَحَدٌ ،، مرفوع ہو اور اس کا معطوف علیہ محمود ہو تو یہ پہلی روائت کے بالکل موافق ہوجاتی ہے ،، کرمانی ،،

باب — نماز کے بعد ذکر کرنا ،،

۸۰۵ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ بلند آواز سے ذکر کرنا جبکہ لوگ فرض نماز سے فارغ ہوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں عام معروف تھا ،، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جب لوگ نماز سے فارغ ہوتے تھے تو میں اس کو معلوم کرلیتا تھا جبکہ بلند آواز سے ذکر سُنتا تھا ،،

۸۰۶ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا ختم ہونا تکبیر کی آواز سُن کر پہچان لیتا تھا ،،

marfat.com

۸۰۷ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ الْفُقَرَاءُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا ذَهَبَ أَهْلُ الدُّثُورِ مِنَ الْأَمْوَالِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلَى وَالنَّعِيمِ الْمُقِيمِ يُصَلُّونَ كَمَا نُصَلِّي وَيَصُومُونَ كَمَا نَصُومُ وَلَهُمْ فَضْلٌ مِنْ أَمْوَالٍ يَحُجُّونَ بِهَا وَيَعْتَمِرُونَ وَيُجَاهِدُونَ وَيَتَصَدَّقُونَ فَقَالَ أَلَا أُحَدِّثُكُمْ بِمَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ أَدْرَكْتُمْ مَنْ سَبَقَكُمْ وَلَمْ يُدْرِكْكُمْ أَحَدٌ بَعْدَكُمْ وَكُنْتُمْ خَيْرَ مَنْ أَنْتُمْ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِ إِلَّا مَنْ عَمِلَ مِثْلَهُ تُسَبِّحُونَ وَتَحْمَدُونَ وَتُكَبِّرُونَ خَلْفَ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ فَاخْتَلَفْنَا بَيْنَنَا فَقَالَ بَعْضُنَا نُسَبِّحُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَنَحْمَدُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَنُكَبِّرُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ تَقُولُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ حَتَّى يَكُونَ مِنْهُنَّ كُلِّهِنَّ ثَلَاثٌ وَثَلَاثُونَ

۸۰۸ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ

۸۰۵، ۸۰۶ —

شرح : علم اور معرفت میں فرق یہ ہے کہ علم کا استعمال کلیات میں اور معرفت کا استعمال جزئیات میں ہوتا ہے،، لیکن اس حدیث میں علم معرفت کے معنیٰ میں ہے .. علامہ کرمانی نے کہا یہ بھی احتمال ہے کہ حدیث میں تکبیر ذکر تفسیر ہو ،، دراصل ذکر تکبیر سے عام ہے۔ قاضی عیاض رحمہ اللہ نے کہا ظاہر یہ ہے کہ ابن عباس جماعت میں شامل نہ تھے کیونکہ وہ بچے تھے اور ہر نماز میں شرکت کی پابندی نہ کرتے تھے۔ وہ لوگوں کے ذکر سے نماز با جماعت کا اختتام پہچانتے تھے بعض علماء نے کہا ہوسکتا ہے کہ وہ آخری صفوں میں ہوتے ہوں جہاں سلام کی آواز نہ پہنچتی ہو وہ لوگوں کے ذکر سے پہچانتے ہوں کہ سلام پھر گیا ہے۔ بہرکیف اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کے بعد ذکر جائز ہے جبکہ اس کی نفی میں کوئی حدیث وارد نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

---

۸۰۷ —

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا فقراء نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے مال دار لوگوں نے بلند درجے اور دائمی نعمتیں مال کے باعث حاصل کرلیں. وہ نمازیں پڑھتے ہیں جیسے ہم نمازیں پڑھتے ہیں وہ روزے رکھتے ہیں جیسے ہم روزے رکھتے ہیں ان کے پاس مزید مال ہیں جن کے ساتھ وہ حج کرتے ہیں عمرہ کرتے ہیں جہاد کرتے ہیں اور صدقات دیتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم کو یہ بات نہ بتاؤں کہ اگر تم وہ کرو تو جو تم سے سبقت لے گیا ہو تم اُن کو پالو اور تمہارے سوا اور کوئی تم کو نہ پاسکے اور تم ان لوگوں سے بہتر ہو جاؤ جن میں تم رہتے ہو مگر وہ جو اس جیسا عمل کرے تم ہر نماز کے بعد ۳۲- ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۲- ۳۲ بار الحمد للہ، ۳۲-۳۲ بار اللہ اکبر کہہ لیا کرو۔ ہم نے آپس میں اختلاف کیا بعض نے کہا ہم ۳۳- ۳۳ بار سبحان اللہ کہیں گے- ۳۳- ۳۳ بار۔ الحمد للہ۔ اور ۳۴- ۳۴ بار اللہ اکبر کہیں گے،، سُمَیٌّ نے کہا میں ابوصالح کی طرف لوٹا (اور ان سے دریافت کیا) تو اُنھوں نے کہا تم سُبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر کہو حتیٰ کہ وہ سب ۳۳- ۳۳ بار ہوں)

marfat.com

۸۰۸ قالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ وَرَّادٍ كَاتِبِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ اَمْلٰى عَلَيَّ الْمُغِيْرَةُ ابْنُ شُعْبَةَ فِيْ كِتَابٍ اِلٰى مُعَاوِيَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ مَكْتُوْبَةٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ وَقَالَ شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بِهٰذَا وَقَالَ الْحَسَنُ جَدٌّ غِنًى وَعَنِ الْحَكَمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ عَنْ وَرَّادٍ بِهٰذَا

---

۸۰۷ —— **شرح** : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فقراء کو ایسا عمل بتایا جس کے کرنے سے وہ بلند درجے اور دائمی نعمتیں مال کے باعث حاصل کرنے والوں سے بڑھ جائیں اور کوئی دوسرا مال دار شخص اس کو حاصل نہ کر سکے اور وہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد مذکور تعداد میں تسبیح، تحمید اور تکبیر کہہ لیا کریں بعض روایات میں ہے کہ فقراء کو دیکھ کر مال دار لوگوں نے بھی یہ پڑھنا شروع کر دیا تو اُنھوں نے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ذکر کیا کہ مال دار لوگوں نے بھی یہ پڑھنا شروع کر دیا ہے تو آپ نے فرمایا " یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے وہ عطاء کرے !

---

۸۰۸ —— **ترجمہ** : مُغیرہ بن شعبہ کے کاتب وَرّاد نے کہا کہ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے نام ایک خط میں مجھ سے لکھوایا کہ نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر فرض نماز کے بعد " لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَ لَہُ الْحَمْدُ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ الخ " فرمایا کرتے تھے یعنی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک اور حمد ہے اور وہ ہر چاہے پر قادر ہے ۔ اے اللہ! جس کو تو عطا کرے اسے کوئی منع نہیں کر سکتا اور جس سے تو منع کرے اسے کوئی عطا نہیں کر سکتا تیرے حضور صاحبِ غناء کو اس کی غِنا تیری طاعت کے بدلہ نفع نہیں دے سکتی ۔ شعبہ نے عبدالملک سے اس حدیث کی روایت کی ہے اور شعبہ نے حکم سے اُنھوں نے قاسم بن مخیمرہ سے اُنھوں نے وَرّاد سے بھی اس کی روایت کی ہے "

۸۰۸ —— جَدّ کا معنی دنیاوی مال و دولت کی فراوانی ہے اور اس کو بخت کا نام دیا جاتا ہے " اور یہاں اس کی تفسیر غنا سے بھی کی جاتی ہے " بعض علماء نے باپ کے باپ سے بھی اس کی تفسیر کی ہے " تو معنی یہ ہوگا اے اللہ تیرے حضور کسی شخص کو اس کی نسب نفع نہ دے گی جیسا کہ قرآن کریم میں ہے " فَلَا اَنْسَابَ بَیْنَہُمْ " مگر اس کا مشہور معنی غنا ہے یعنی مال دار شخص کو تیرے حضور میں اس کا مال نفع نہیں دے سکتا نفع تو صرف تیری متابعت میں نیک اعمال ہی دے سکتے ہیں اور " مِنْکَ " میں " من " بدل کے معنی میں ہے جیسے قرآن کریم میں ہے " اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ " یعنی بدل الاخرۃ ..

قال شعبہ الخ اس تعلیق میں اس طرف اشارہ ہے کہ جیسے سفیان نے عبدالملک بن عمیر سے اس کی

marfat.com

باب يستقبل الإمام الناس اذا سلم **حدثنا** موسى بن إسمٰعيل قال ثنا جرير بن حازم قال حدثنا ابو رجاء عن سمرة بن ٨٠٩
جندب قال كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا صلى صلوة اقبل علينا بوجهه **حدثنا** عبد الله بن مسلمة عن مالك عن صالح ٨١٠
بن كيسان عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة بن مسعود عن زيد بن خالد الجهني انه قال صلى لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم
صلوة الصبح بالحديبية على اثر سماء كانت من الليل فلما انصرف اقبل على الناس بوجهه فقال هل تدرون ماذا قال ربكم عز وجل قالوا
الله ورسوله اعلم قال اصبح من عبادي مؤمن بي وكافر فاما من قال مطرنا بفضل الله ورحمته فذلك مؤمن بي كافر بالكوكب
واما من قال مطرنا بنوء كذا وكذا فذلك كافر بي مؤمن بالكوكب ۔

روایت کی ہے شعبہ نے بھی عبدالملک بن عمیر سے اس کی روایت کی ہے ،، اور " عَنِ الْحَكَمِ الخ " کا عطف " عن عبد الملك " پر ہے یعنی شعبہ نے عبدالملک اور حکم بن عتیبہ سے اس کی روایت کی ہے اور وقال الحسن" معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان جملہ معترضہ ہے ،، اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ حسن بصری نے مذکور حدیث میں "جد" کا معنیٰ غنا کیا ہے ،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازوں کے بعد ذکر کرنا مستحب ہے ۔ احادیث میں مختلف الفاظ میں ذکر کی روایات مذکور ہیں واللہ تعالیٰ اعلم !

باب — امام لوگوں کی طرف متوجّہ ہو جبکہ وہ نماز سے سلام پھیرے "

ترجمہ : سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز
٨٠٩ — پڑھ لیتے تو ہماری طرف متوجہ ہو جاتے

شرح : فرض نماز پڑھ چکنے کے بعد لوگوں کی طرف منہ کر کے بیٹھنے میں حکمت
٨٠٩ — یہ ہے کہ باہر سے آنے والے شخص کو معلوم ہو جائے کہ نماز پڑھی جا چکی ہے اور اگر امام قبلہ رُو ہو کر بیٹھا رہے تو اس کو یہ وہم ہوگا کہ لوگ تشہد میں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

ترجمہ : زید بن خالد جُہنی رضی اللہ عنہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
٨١٠ — صبح کی نماز ہم کو حدیبیہ میں بارش کے فوراً بعد پڑھائی ،، جب نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے کیا کہا ہے ؟ انہوں

marfat.com

۸۱۱ حدثنا عبد اللہ بن منیر سمع یزید بن ھارون قال اخبرنا
حمید عن انس بن مالک قال اخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوۃ ذات لیلۃ الی شطر اللیل ثم خرج علینا
فلما صلی اقبل علینا بوجھہ فقال ان الناس قد صلوا ورقدوا وانکم لن تزالوا فی صلوۃ ما انتظرتم الصلاۃ

نے کہا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے آج میرے بندوں سے بعض کافر ہو گئے اور بعض مومن ،، جس نے یہ کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت سے ہم پر بارش ہوئی اس نے میرے ساتھ ایمان اور ستارے کے ساتھ کفر کیا اور جس نے یہ کہا کہ فلاں ستارے کے طلوع کے باعث بارش ہوئی اس نے میرے ساتھ کفر کیا اور ستارے کے ساتھ ایمان لایا۔

شرح : جاہلیت کے زمانہ میں لوگوں کی عادت تھی کہ جب بارش ہوتی تو
۸۱۰ — اسے غیر اللہ کی طرف منسوب کرتے اور یہ کہتے کہ فلاں ستارے کے طلوع ہونے سے یہ بارش ہوئی ہے۔ مثلاً ،، اور یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ یہ فعل فلاں ستارے کا ہے اور بارش برسانے میں اس کی تاثیر ہے۔ ان کا یہ عقیدہ کفر ہے جبکہ ہر شئی میں حقیقی مؤثر صرف اللہ تبارک وتعالیٰ ہے ،، اور اگر کوئی یہ اعتقاد کرلے کہ اللہ تعالیٰ ہی اس کا خالق ہے۔ ستارے کے طلوع کو صرف بارش کی علامت اعتقاد کرے جیسے بادل اور ٹھنڈی ہوا کو بارش کی علامت سمجھا جاتا ہے تو یہ کفر نہیں ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شئی کا سبب بنایا ہے جس کی طرف حکم منسوب ہوتا ہے اور درحقیقت اس کا فاعل صرف اللہ تعالیٰ ہے ،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا واسطہ اللہ تعالیٰ سے خبر دی اس میں آپ کے لئے بہت عظمت و جلالت ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
۸۱۱ — نے عشاء کی نماز آدھی رات تک مؤخر کی پھر ہمارے پاس باہر تشریف لائے اور جب نماز پڑھ چکے تو ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا لوگوں نے نماز پڑھی اور سو گئے تم جب تک نماز کے انتظار میں رہے نماز ہی میں رہے ،،

شرح : اس حدیث کی باب سے مطابقت میں جملہ ،، فلما صلی
۸۱۱ — اقبل علینا بوجھہ ،، ہے حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ مرد جب نماز کا انتظار کرے تو ثواب کے اعتبار سے وہ نماز پڑھنے والے کی مثل ہے ،، اس حدیث کی تفصیل حدیث ۵۴۹ کے تحت مذکور ہے ،،

---

marfat.com

بَابُ مُكْثِ الْإِمَامِ فِي مُصَلَّاهُ بَعْدَ السَّلَامِ **وَقَالَ** لَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي فِي مَكَانِهِ الَّذِي صَلَّى فِيهِ الْفَرِيضَةَ وَفَعَلَهُ الْقَاسِمُ وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَفْعُهُ لَا يَتَطَوَّعُ الْإِمَامُ فِي مَكَانِهِ وَلَمْ يَصِحَّ **حَدَّثَنَا** أَبُو الْوَلِيدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْنُ إِهْيَمَ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا **٨١٢** الزُّهْرِيُّ عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا سَلَّمَ يَمْكُثُ فِي مَكَانِهِ يَسِيرًا قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَنُرَى وَاللهُ أَعْلَمُ لِكَيْ يَنْفُذَ مَنْ يَنْصَرِفُ مِنَ النِّسَاءِ وَقَالَ ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ كَتَبَ إِلَيْهِ قَالَ حَدَّثَتْنِي هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ الْفِرَاسِيَّةُ أُمُّ سَلَمَةَ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ مِنْ صَوَاحِبَاتِهَا قَالَتْ كَانَ يُسَلِّمُ فَيَنْصَرِفُ النِّسَاءُ فَيَدْخُلْنَ بُيُوتَهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَنْصَرِفَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَتْنِي هِنْدُ الْفِرَاسِيَّةُ وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ

باب ـــــ سلام پھیرنے کے بعد امام کا مصلّٰی پر ٹھہرے رہنا

نافع نے کہا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نفل اسی جگہ پڑھ لیتے جہاں وہ فرض پڑھتے ،، قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور وہ اس کو مرفوع ذکر کرتے ہیں کہ امام اسی جگہ نفل نہ پڑھے اور یہ صحیح نہیں !

یعنی بخاری نے کہا کہ ابوہریرہ کا اس حدیث کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف مرفوع کرنا صحیح نہیں ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا جس نماز کے بعد نفل نہیں وہاں امام کو اختیار ہے وہاں بیٹھا رہے یا اٹھ جائے اور جن نمازوں کے بعد نفل پڑھے جاتے ہیں وہاں امام نہ ٹھہرے بلکہ ہٹ کر نفل پڑھے ۔

امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما نے کہا کسی علت اور عذر کے باعث مقرر امام کا مصلی پر ٹھہرے رہنا مکروہ ہے اور جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ امام نے جس جگہ فرض نماز پڑھائی ہو وہاں نفل نہ پڑھے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ امام فرض پڑھنے کے بعد ادھر ادھر پھر جائے یا کوئی کلام وغیرہ کرلے پھر نفل پڑھے۔

---

٨١٢ ـــــ ترجمہ : ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو اسی جگہ ذرا سا ٹھہرتے ابن شہاب نے کہا ہمارا گمان یہ ہے اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے تاکہ عورتیں چلی جائیں ۔ ابن ابی مریم نے کہا ہم کو نافع بن یزید نے خبر دی کہا کہ مجھے جعفر بن ربیعہ نے خبر دی کہ ابن شہاب نے ان کو لکھا کہ مجھے ہند بنت حارث فراسیہ نے ام سلمہ زوجہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی جبکہ ہند ام المؤمنین کی سہیلیوں میں سے ہے ،، انھوں نے کہا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَتْنِي هِنْدُ الْفَزَارِيَّةُ وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ أَنَّ هِنْدًا بِنْتَ الْحَارِثِ الْقُرَشِيَّةَ أَخْبَرَتْهُ وَكَانَتْ تَحْتَ مَعْبَدِ بْنِ الْمِقْدَادِ وَهُوَ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ وَكَانَتْ تَدْخُلُ عَلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَتْنِي هِنْدُ الْفَزَارِيَّةُ وَقَالَ ابْنُ أَبِي عَتِيقٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ هِنْدٍ الْفِرَاسِيَّةِ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَتْهُ ابْنَةُ شِهَابٍ عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ حَدَّثَتْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بَابُ مَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ فَذَكَرَ حَاجَةً فَتَخَطَّاهُمْ

۸۱۳ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عُقْبَةَ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ الْعَصْرَ فَسَلَّمَ فَقَامَ مُسْرِعًا فَتَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ إِلَى بَعْضِ حُجَرِ نِسَائِهِ فَفَزِعَ النَّاسُ مِنْ سُرْعَتِهِ فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فَرَأَى أَنَّهُمْ قَدْ عَجِبُوا مِنْ سُرْعَتِهِ فَقَالَ ذَكَرْتُ شَيْئًا مِنْ تِبْرٍ عِنْدَنَا فَكَرِهْتُ أَنْ

سلام پھیرتے تو عورتیں چلی جاتیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھرنے سے پہلے پہلے وہ اپنے گھروں میں داخل ہو جاتی تھیں ،، ابن وہب نے یونس سے انہوں نے ابن شہاب سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ہند فراسیہ نے خبر دی زبیدی نے کہا مجھے زہری نے خبر دی کہ ہند بنت حارث قرشیہ نے ان کو خبر دی جبکہ وہ معبد بن مقداد کی بیوی ہے جو بنی زہرہ کا حلیف ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات کے پاس آیا جایا کرتی تھی ، شعیب نے زہری سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ہند قرشیہ نے خبر دی ،، ابن ابی عتیق نے زہری سے روائت کرتے ہوئے ہند فراسیہ کہا ہے ۔ لیث نے کہا مجھے یحیی ابن سعید نے خبر دی انھوں نے ان کو زہری سے خبر دی انھوں نے ایک قریشیہ عورت سے روائت کی کہ اس نے انھیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی ہے!

۸۱۲ —— شرح : ان طرق سے امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد یہ ہے کہ زہری نے ہند کو کبھی بنی فراس کی طرف منسوب کیا ہے اور کبھی قریش کی طرف اس کی نسبت کی ہے ۔ تین طرق میں فراسیہ اور دوسرے تین طرق میں قرشیہ کہا ہے ۔ ساتویں مرتبہ ایک قریشیہ عورت کہا ہے !

الحاصل بعض راویوں نے ہند کو فراسیہ اور بعض نے قریشیہ کہا ہے اور ان دونوں میں اختلاف نہیں جبکہ کنانہ میں سب قریش جمع ہو جاتے ہیں ، واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — جس نے لوگوں کو نماز پڑھائی پھر کوئی کام یاد آیا اور وہ لوگوں کو پھاندتا ہوا چلا گیا

۸۱۳ —— ترجمہ : عقبہ بن عامر نے کہا میں نے مدینہ منورہ میں عصر کی نماز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پڑھی آپ نے سلام پھیرا پھر جلدی سے اٹھے اور لوگوں کی گردنیں پھاندتے ہوئے ایک بیوی کے حجرہ کی طرف تشریف لے گئے آپ کی جلدی سے لوگ گھبرائے پھر آپ ان کے پاس

marfat.com

يَحْبِسُنِيْ فَاَمَرَتْ بِقِسْمَتِهٖ **بَابُ** الْاِلْتِفَاتِ وَالْاِنْصِرَافِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشِّمَالِ وَكَانَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ يَنْفَتِلُ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ وَيَعِيْبُ عَلٰى مَنْ يَتَوَخَّى اَوْ مَنْ تَعَمَّدَ الْاِلْتِفَاتَ عَنْ يَمِيْنِهٖ **حَدَّثَنَا** ۸۱۴
اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ لِلشَّيْطَانِ شَيْئًا مِّنْ صَلٰوتِهٖ يَرٰى اَنَّ حَقًّا عَلَيْهِ اَنْ لَّا يَنْصَرِفَ اِلَّا عَنْ يَمِيْنِهٖ لَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيْرًا يَنْصَرِفُ عَنْ يَسَارِهٖ

تشریف لے گئے آپ کی جلدی سے لوگ گھبرائے پھر آپ ان کے پاس تشریف لائے تو ان کو دیکھا کہ وہ آپ کی جلدی سے متعجب ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے کچھ سونا یاد کیا جو ہمارے پاس ہے میں نے یہ اچھا نہ سمجھا کہ وہ مجھے (توجہ الی اللہ سے) روکے تو میں نے اس کی تقسیم کا حکم دیا!

شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کی حالت میں سونے کی تقسیم یاد ۸۱۳ ــــ
آئی اس کی فکر میں آپ سلام پھیرنے کے بعد لوگوں کی گردنیں پھاندتے ہوئے جلدی گھر تشریف لے گئے اس جملہ میں حدیث کی باب سے مناسبت ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جس کسی نے مسلمانوں کا صدقہ وغیرہ اپنے پاس روک رکھا ہو اس کے بارے میں یہ خطرہ ہے کہ وہ قیامت میں جنت داخل ہونے سے روکا جائے،،

اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نماز میں ایسے امور میں غور و خوض کرنا جن کا نماز سے کوئی تعلق نہیں نماز کو فاسد نہیں کرتا اور یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ اہم کام بہت جلد سرانجام دینے چاہئیں! واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ــــ دائیں اور بائیں طرف سے (سلام کے بعد) پھرنا،،

حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنی دائیں اور بائیں دونوں طرفوں سے پھرتے تھے اور جو شخص اپنی دائیں طرف سے ہی پھرنے کا قصد کرے اور اس پر وہ عیب لگاتے تھے۔

۸۱۴ - **ترجمہ** : اسود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عبداللہ بن مسعود نے کہا تم میں کوئی شخص اپنی نماز میں شیطان کے لئے کوئی شئی نہ کرے جبکہ وہ یہ اعتقاد کرلے کہ اس پر دائیں طرف سے پھرنا واجب ہے میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بکثرت بائیں طرف سے پھرتے دیکھا ہے،،

شرح : علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ علماء کا کہنا ہے کہ سلام کے بعد ۸۱۴ ــــ
دائیں یا بائیں طرف سے پھرنا مکروہ نہیں کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ دونوں طرف سے پھرا کرتے تھے،، اگرچہ دائیں طرف سے بکثرت پھرتے تھے کیونکہ

marfat.com

۸۱۵ **باب** مَاجَاءَ فِي الثُّوْمِ النِّيِّ وَالْبَصَلِ وَالْكُرَّاثِ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ الثُّوْمَ اَوِ الْبَصَلَ مِنَ الْجُوْعِ اَوْ غَيْرِهٖ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا **حَدَّثَنَا** مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ غَزْوَةِ خَيْبَرَ مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ يَعْنِي الثُّوْمَ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا -

آپ ہر حال میں دائیں طرف کو پسند فرمایا کرتے تھے اور حضرت عبد اللہ بن مسعود کی حدیث اس شخص پر محمول ہے جو دائیں سے پھرنے کو معمول بنا لے اور اس کو واجب سمجھے اگر اس معمول کے وجوب کا اعتقاد نہ کرے تو قطعاً مکروہ نہیں اور "كَثِيْرًا يَنْصَرِفُ عَنْ يَسَارِهٖ" میں کثیر سے مراد فی نفسہٖ کثیر ہے یعنی فی نفسہٖ بائیں طرف سے بکثرت پھرتے تھے ورنہ "يحب التيامن" کی حدیث سے یہ معنی متعارض ہوگا اس کی مثال اہلِ معانی کا قول "وَالْمَجَازُ فِي الْقُرْآنِ كَثِيْرٌ" ہے یعنی فی نفسہٖ قرآن میں مجاز بہت ہے اس کا معنیٰ یہ نہیں کہ قرآن میں مجاز حقیقت سے زیادہ ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ کچا تھوم، پیاز اور گندنا (بدبودار سبزی) کے بارے میں احادیث کا بیان "

اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ جس نے تھوم یا پیاز بھوک وغیرہ کی وجہ سے کھایا۔ وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے "

۸۱۵ ـــــ ترجمہ: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر میں فرمایا جس نے اس درخت یعنی تھوم سے کچھ کھایا۔ وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے "

۸۱۵ ـــــ شرح: اس مسجد سے مراد وہ جگہ ہے جہاں خیبر میں اقامت کے روز نماز پڑھتے تھے" یا اس سے جنسِ مسجد مراد ہے" ہر وہ شئ جس کے کھانے سے منہ سے بُو آئے جیسے مُولی وغیرہ یا اس کے استعمال سے جسم کے کسی حصہ سے بُو آئے یا بیماری اس قسم کی ہو کہ بیمار کے جسم سے بُو آئے تو ان سب کا یہی حکم ہے۔ تھوم پر شجرہ کا اطلاق مجازی، کیونکہ لغت میں جس کا تنہ ہو اسے شجر اور جس کا تنہ نہ ہو اسے نجم کہا جاتا ہے۔ قرآن کریم میں والنجم والشجر کی تفسیر بھی یہی منقول ہے، مچھلی فروش اور قصاب وغیرہ کے کپڑوں سے جب بو آئے تو وہ بھی اس حالت میں مسجد میں نہ آئیں کیونکہ بدبو سے فرشتے نفرت کرتے

marfat.com

۸۱۶ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا

اَبُوْعَاصِمٍ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَطَآءٌ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ يُرِيْدُ الثُّوْمَ فَلَا يَغْشَنَا فِیْ مَسْجِدِنَا قُلْتُ مَا يَعْنِیْ بِهٖ قَالَ مَا اُرَاهُ يَعْنِیْ اِلَّا نِيْئَهٗ وَقَالَ مُخَلَّدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا نَتْنَهٗ

۸۱۷ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ زَعَمَ عَطَآءٌ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ زَعَمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَكَلَ ثُوْمًا اَوْ بَصَلًا فَلْيَعْتَزِلْنَا اَوْ فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا وَلْيَقْعُدْ فِیْ بَيْتِهٖ وَاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِقِدْرٍ فِيْهِ خَضِرَاتٌ مِنْ بُقُوْلٍ فَوَجَدَ لَهَا رِيْحًا فَسَاَلَ فَاُخْبِرَ بِمَا فِيْهَا مِنَ الْبُقُوْلِ فَقَالَ قَرِّبُوْهَا اِلٰی بَعْضِ اَصْحَابِهٖ كَانَ مَعَهٗ

ہیں اسی لئے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم تھوم اور پیاز وغیرہ کے کھانے سے احتیاط فرماتے تھے کیونکہ آپ کے پاس وحی آتا جاتا رہتا تھا ایک صحابی سے آپ نے فرمایا "اُنَاجِیْ مَنْ لَا تُنَاجِیْ" یعنی میں اس سے خفیہ گفتگو کرتا ہوں جس سے تم نہیں کرتے ہو"

---

۸۱۶ ——

ترجمہ : جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اس درخت (تھوم) سے کھائے وہ ہماری مساجد میں نہ آئے" عطا نے کہا میں نے جابر سے کہا تھوم سے کیا مراد ہے؟ (کچا یا پکا) جابر نے کہا میرا گمان ہے کہ کچا تھوم مراد ہے" مخلد بن یزید نے ابن جریج سے روایت میں کہا کہ اس کی بدبو مراد ہے احمد بن صالح نے ابن وہب سے روایت میں کہا کہ ایک تھال لایا گیا جس میں سبزی تھی۔ لیث اور ابو صفوان نے یونس سے ہنڈی کا واقعہ ذکر نہیں کیا نامعلوم وہ زہری کا قول ہے یا حدیث کے الفاظ ہیں!

۸۱۶ ——

شرح : بعض علماء نے مسجد سے مراد مسجد نبوی لی ہے مگر جمہور کا مذہب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کے ساتھ ہی خاص نہیں بلکہ ہر مسجد کا یہی حکم ہے ساری اُمت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تھوم و پیاز حلال ہیں مگر ان کو کچا کھانے سے بُو آتی ہے۔ لہٰذا ان کو اگر پکا کر کھایا جائے تو کوئی حرج نہیں جبکہ مسجد میں داخل ہونے سے نہی کی علت بدبو ہے اور پکانے کی صورت میں مفقود ہے اسی لئے جس کی بغل یا مُنہ سے بُو آتی ہو اس کو بھی مسجد میں داخل ہونا منع ہے مسجد کے علاوہ اور جگہیں جہاں نماز پڑھ لی جاتی ہے اگرچہ وہ خالی پڑی ہوں ان کا بھی حکم یہی ہے کیونکہ وہ فرشتوں کا محل ہیں۔

marfat.com

فلما رآه کرہ اکلھا فقال کل فانی أناجی من لا تناجی وقال احمد بن صالح عن ابن وھب ای ببدر قال ابن وھب یعنی طبقا فیہ خضرات ولم یذکر اللیث وابو صفوان عن یونس قصۃ القدر فلا ادری ھو من قول الزھری او فی الحدیث

۸۱۸ حدثنا ابو معمر حدثنا عبد الوارث عن عبد العزیز قال سال رجل انس بن مالک ما سمعت نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الثوم فقال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من اکل من ھذہ الشجرۃ فلا یقربنا ولا یصلین معنا

باب وضوء الصبیان ومتی یجب علیھم الغسل والطھور وحضورھم الجماعۃ والعیدین والجنائز وصفوفھم

۸۱۹ حدثنی محمد بن المثنی قال حدثنا غندر قال حدثنا شعبۃ قال سمعت سلیمان الشیبانی قال سمعت الشعبی قال اخبرنی من مر مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی قبر منبوذ فامھم وصفوا خلفہ وعلیہ فقلت یا اباعمرو ومن حدثک قال ابن عباس

---

۸۱۷ — ترجمہ : جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی تھوم یا پیاز کھائے وہ ہم سے علیحدہ رہے یا فرمایا وہ ہماری مسجد سے دور رہے اور اپنے گھر میں بیٹھا رہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہنڈی لائی گئی جس میں مختلف سبزیاں پکی ہوئی تھیں" آپ نے ان کی بو پائی اور پوچھا تو آپ کو ہنڈی میں پکی ہوئی سبزیوں کی خبر دی گئی آپ نے فرمایا کہ ہنڈی یا سبزیوں کو اس ساتھی کے جو آپ کے ساتھ تھا قریب کرو آپ نے جب اس کو دیکھا کہ وہ ان کو کھانا پسند نہیں کرتا ہے تو فرمایا کھالو! کیونکہ میں ان سے گفتگو کرتا ہوں جن سے تم گفتگو نہیں کرتے ہو، احمد بن صالح نے ابن وہب سے روایت میں کہا کہ آپ کے پاس "بدر" لایا گیا۔ ابن وہب نے کہا یعنی تھال جس میں سبزیاں تھیں، حاضر کیا گیا اور لیث اور ابو صفوان نے یونس سے ہنڈی کا واقعہ ذکر نہیں کیا نامعلوم یہ زہری کا قول ہے یا حدیث کے الفاظ ہیں۔

۸۱۸ — ترجمہ : ایک شخص نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تھوم کے بارے میں کیا ارشاد سنا ہے حضرت انس نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اس درخت (تھوم پیاز) کو کھائے وہ ہمارے قریب نہ آئے یا ہمارے ساتھ نماز نہ پڑھے!

۸۱۷، ۸۱۸ — شرح : ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ تھوم، پیاز کھانے سے مسلمانوں اور فرشتوں کو اذیت پہنچتی ہے۔ مسلمانوں کو اذیت کی وجہ سے وہ جماعت ترک میں معذور ہے اور وہ مسجد میں حاضر نہیں ہو سکتا ہے اور فرشتوں کو اذیت کی وجہ سے وہ تنہا مسجد میں حاضر ہونے سے معذور ہے،، وہ شخص جس کو یہ پکا ہوا تھوم پیاز دیا گیا تھا وہ ابو ایوب تھے،، حدیث ۸۱۸ سے معلوم ہوتا ہے کہ تھوم پیاز کھانے والا کسی کے قریب نہ جائے تاکہ اس کی بو سے لوگوں کو تکلیف نہ ہو۔

marfat.com

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ قَالَ ثَنِیْ صَفْوَانُ بْنُ سُلَیْمٍ عَنْ عَطَآءِ بْنِ یَسَارٍ ۸۲۰
عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْغُسْلُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَاجِبٌ عَلٰی کُلِّ مُحْتَلِمٍ

باب ـــ بچّوں کا وضوء کرنا ، ان پر غسل اور طہارت کب واجب ہوتی ہے ؟

ان کا جماعت ، عیدین اور جنائز میں حاضر ہونا اور صفوں میں شامل ہونا ،،

ترجمہ : شعبی رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے اس شخص نے بتایا جو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی معیت میں ایک الگ تھلگ قبر پر گئے تھے کہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے لوگوں کو نماز پڑھائی اور لوگوں نے صف بنائی میں نے کہا اے ابا عمرو تمہیں کس نے خبر دی ؟ اُس نے کہا ابن عباس نے ،، رضی اللہ عنہما !! ۸۱۹ ـــ

شرح : ابو عمرو شعبی کی کنیت ہے ،، حضرت ابن عباس رضی اللہ بچے تھے اور جماعت میں حاضر تھے کیونکہ اصح قول یہی ہے کہ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کی وفات کے وقت ان کی عمر تیرہ برس تھی ! اس لئے یہ حدیث باب کے مناسب ہے ! اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دارالاسلام میں جب لقیط پایا جائے تو اس کا حکم مسلمانوں کے حکم جیسا ہے ،، واللہ ورسولہ اعلم ! ۸۱۹ ـــ

ترجمہ : ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا جمعہ کے دن ہر بالغ پر غسل واجب ہے ـــ ۸۲۰ ـــ

شرح : شروع اسلام میں جمعہ کے روز ہر بالغ مسلمان پر غسل واجب تھا پھر منسوخ ہوگیا اس کی ناسخ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ،، مَنْ تَوَضَّاَ فَبِھَا وَنِعْمَتْ وَمَنِ اغْتَسَلَ فَھُوَ اَفْضَلُ ،، یعنی جس نے جمعہ کے دن وضوء پر اکتفاء کیا وہ بھی اچھا ہے اور جس نے غسل کیا غسل افضل ہے ،، امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے امام مالک رضی اللہ عنہ کا مذہب بھی یہ ہے کہ جمعہ کے دن غسل مستحب ہے ،، صاحب ہدایہ نے کہا کہ امام مالک نے کہا کہ جمعہ کے دن غسل واجب ہے مگر ابن عبد البر جو امام مالک کا مذہب خوب جانتے ہیں نے "استذکار" میں ذکر کیا کہ اہلِ ظاہر ۸۲۰ ـــ

marfat.com

حدثنا علی قال حدثنا سفین عن عمرو قال اخبرنی کریب

۸۲۱ عن ابن عباس قال بت عند خالتی میمونة لیلة فقام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما کان فی بعض اللیل قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتوضأ من شن معلق وضوءا خفیفا یخففه عمرو ویقلله جدا ثم قام یصلی فقمت فتوضأت نحوا مما توضأ ثم جئت فقمت عن یسارہ فحولنی فجعلنی عن یمینه ثم صلی ما شاء اللہ ثم اضطجع فنام حتی نفخ فاتاہ المنادی یوذنه بالصلوٰة فقام معه الی الصلوٰة فصلی ولم یتوضأ قلنا لعمرو ان ناسا یقولون ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم تنام عینه ولا ینام قلبه قال عمرو سمعت عبید بن عمیر یقول ان رؤیا الانبیاء وحی ثم قرأ انی اری فی المنام انی اذبحک

کے سوا کوئی بھی جمعہ کے دن غسل کے وجوب کا قائل نہیں ،، لہٰذا مذکور حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ پر ثابت ہے ،، کرمانی نے اس کا معنی یہ بیان کیا ہے کہ ہر بالغ مسلمان پر غسل واجب جیسا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

---

۸۲۱ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے ایک رات اپنی خالہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر بسر کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سو گئے اور جب رات کا کچھ حصہ گزرا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے اور لٹکے ہوئے مشکیزہ سے ہلکا سا وضوء فرمایا ،، عمرو نے اس کو بہت سا ہلکا بیان کیا ،، پھر آپ کھڑے ہوئے اور نماز پڑھنا شروع کی ، میں بھی اٹھا اور آپ کے وضو سا وضو کیا پھر آپ کے بائیں طرف کھڑا ہو گیا آپ نے مجھے پھیرا اور اپنی دائیں جانب کر دیا پھر جو بھی اللہ تعالیٰ نے چاہا آپ نے نماز پڑھی پھر لیٹ گئے اور سو گئے حتیٰ کہ آپ خراٹے لینے لگے آپ کے پاس مؤذن آیا جس نے نماز کی خبر دی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ہمراہ نماز پڑھنے تشریف لے گئے اور نماز پڑھی جبکہ آپ نے وضوء نہ فرمایا ،، ہم نے عمرو سے کہا لوگ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں سوتی ہیں اور قلب مبارک نہیں سوتا عمرو نے کہا میں نے عبید بن عمیر کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ نبیوں کا خواب وحی ہوتا ہے پھر یہ پڑھا ،، اِنِّیْ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اَذْبَحُكَ ،،

۸۲۱ — شرح : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے آپ کے وضوء سا وضوء کیا ،، اس جملہ میں اس حدیث کی باب سے مناسبت ہے کیونکہ اس وقت ابن عباس بہت چھوٹے تھے۔

باب التخفیف فی الوضوء میں حدیث ۱۳۸ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے! اس حدیث سے امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ اس روایت میں لفظ ،، نام ،، کا بدل ،، اضطجع ،، ذکر کیا ہے اور اس میں لفظ ،، قام ،، کا اضافہ کیا ،، ام المؤمنین میمونہ ،، رضی اللہ عنہا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حرم پاک ہیں ان کی

marfat.com

حَدَّثَنَا اسْمٰعِيْلُ قَالَ ۸۲۲

حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ جَدَّتَهٗ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَتْهُ فَاَكَلَ مِنْهُ فَقَالَ قُوْمُوْا فَلِاُصَلِّيَ بِكُمْ فَقُمْتُ اِلٰى حَصِيْرٍ لَنَا قَدِ اسْوَدَّ مِنْ طُوْلِ مَا لُبِسَ فَنَضَحْتُهٗ بِمَاءٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْيَتِيْمُ مَعِيْ وَالْعَجُوْزُ مِنْ وَّرَائِنَا فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ حِ وَابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۸۲۳
ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ اَقْبَلْتُ رَاكِبًا عَلٰى حِمَارٍ اَتَانٍ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ نَاهَزْتُ الْاِحْتِلَامَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ بِمِنًى اِلٰى غَيْرِ جِدَارٍ فَمَرَرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ فَنَزَلْتُ وَاَرْسَلْتُ الْاَتَانَ تَرْتَعُ وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ اَحَدٌ

بہن کا نام "لُبَابَہ" ہے یہ حدیث کی صاحبزادیاں ہیں۔ "لُبَابَہ" رضی اللہ عنہا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی رفیقۂ حیات اور عبداللہ اور فضل رضی اللہ عنہما کی والدہ ماجدہ ہیں۔ قولہٗ "مِنْ شَنٍّ" یہ پرانا مشکیزہ ہے۔ قولہٗ "یُخَفِّفُہٗ" تخفیف اور تقلیل میں فرق یہ ہے کہ تخفیف تثقیل کے مقابلہ میں اور تقلیل تکثیر کے مقابلہ استعمال ہوتے ہیں۔ قولہ "نَحْوُا" مثلاً اس لئے نہیں کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضوء شریف کی مماثلت پر کسی دوسرے کو قدرت نہیں" کرمانی"

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان
۸۲۲ — کی دادی ملیکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانے کی
دعوت دی جو اس نے آپ کے لئے تیار کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ کھانا کھایا پھر فرمایا اُٹھو میں تمہیں نماز پڑھاتا ہوں میں اُٹھا ہماری ایک چٹائی تھی جو زیادہ عرصہ پڑا رہنے سے سیاہ ہوگئی تھی میں نے اس کو پانی سے دھویا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے (نماز کے لئے) اور میں اور یتیم نے آپ کے پیچھے صف بنائی، اور مائی بوڑھی ہمارے پیچھے تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو دو رکعتیں پڑھائیں"

شرح : اس حدیث کی باب سے مطابقت "وَالْيَتِيْمُ مَعِيْ"
۸۲۲ — کے جملہ میں ہے کیونکہ یتیم بچہ پر دلالت کرتا ہے کیونکہ بلوغ کے
بعد یتیم ختم ہو جاتا ہے اس کی مزید تفصیل حدیث ۲۷۵ کے تحت مذکور ہے"

ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں گدھی پر سوار ہو کر آیا اور
۸۲۳ — اس روز میں قریب البلوغ تھا۔ رسول اللہ علیہ وسلم منیٰ میں سترہ
کے بغیر لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے میں صف کے سامنے داخل ہو گیا اور اس کا مجھ پر کسی نے انکار نہ کیا!

marfat.com

٨٢٤ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ
الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ أَعْتَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ عَيَّاشٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ
عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَعْتَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعِشَاءِ حَتَّى نَادَاهُ عُمَرُ قَدْ نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ
قَالَتْ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ يُصَلِّي هٰذِهِ الصَّلٰوةَ غَيْرُكُمْ وَلَمْ
٨٢٥ يَكُنْ أَحَدٌ يَوْمَئِذٍ يُصَلِّي غَيْرُ أَهْلِ الْمَدِينَةِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ
حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَقَالَ لَهُ رَجُلٌ شَهِدْتَ الْخُرُوجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ نَعَمْ وَلَوْلَا مَكَانِي مِنْهُ مَا شَهِدْتُهُ يَعْنِي مِنْ صِغَرِهِ أَتَى الْعَلَمَ الَّذِي عِنْدَ دَارِ كَثِيرِ بْنِ الصَّلْتِ فَخَطَبَ ثُمَّ أَتَى
النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تَهْوِي بِيَدِهَا إِلٰى حَلْقِهَا تُلْقِي فِي ثَوْبِ بِلَالٍ ثُمَّ
أَتَى هُوَ وَبِلَالٌ إِلَى الْبَيْتِ

---

٨٢٣ — **شرح** : اس حدیث کی باب سے مناسبت عنوان کے تیسرے جز میں ہے اور وہ یہ ہے کہ بچوں کا نماز با جماعت میں حاضر ہونا ہے اس حدیث کی تفصیل باب متی یصح سماع الصغیر میں حدیث ٥٧ کے تحت مذکور ہے!

---

٨٢٤ — **ترجمہ** : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز میں تاخیر کی حتیٰ کہ عمر فاروق نے آپ کو آواز دی کہ عورتیں اور بچے سو گئے آپ باہر تشریف لائے اور فرمایا زمین پر رہنے والوں میں سے تمہارے سوا کوئی شخص یہ نماز نہیں پڑھ رہا ہے اُس وقت مدینہ منورہ والوں کے سوا کوئی نماز نہ پڑھتا تھا!

٨٢٤ — **شرح** : یعنی اس وقت صرف مدینہ منورہ میں نماز پڑھی جاتی تھی اس لئے فرمایا "کہ تمہارے سوا کوئی شخص یہ نماز نہیں پڑھ رہا ہے کیونکہ اس وقت اسلام صرف مدینہ منورہ میں تھا مدینہ منورہ سے باہر اسلام کا افشاء فتح مکہ کے بعد ہوا تھا"، مزید تقریر حدیث ٥٤٤ کے تحت مذکور ہے! اس حدیث کی باب سے مناسبت لفظِ صبیان"، میں ہے کیونکہ ان سے مراد یا وہ بچے ہیں جو مسجد میں حاضر تھے یا جو گھر میں موجود تھے بہرکیف مناسبت واضح ہے! واللہ ورسولہ اعلم!

---

٨٢٥ — **ترجمہ** : ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک شخص نے کہا کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (عیدگاہ) باہر گئے تھے؟ انھوں نے

marfat.com

حَدَّثَنَا اسْمٰعِيْلُ قَالَ ۸۲۲

حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ جَدَّتَهٗ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَتْهُ فَاَكَلَ مِنْهُ فَقَالَ قُوْمُوْا فَلِاُصَلِّيَ بِكُمْ فَقُمْتُ اِلٰى حَصِيْرٍ لَنَا قَدِ اسْوَدَّ مِنْ طُوْلِ مَا لُبِسَ فَنَضَحْتُهٗ بِمَاءٍ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْيَتِيْمُ مَعِيْ وَالْعَجُوْزُ مِنْ وَّرَائِنَا فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ حِ وَابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۸۲۳
ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ اَقْبَلْتُ رَاكِبًا عَلٰى حِمَارٍ اَتَانٍ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْ نَاهَزْتُ الْاِحْتِلَامَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ بِمِنًى اِلٰى غَيْرِ جِدَارٍ فَمَرَرْتُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ فَنَزَلْتُ وَاَرْسَلْتُ الْاَتَانَ تَرْتَعُ وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ اَحَدٌ

جن کا نام "لُبَابَہ" ہے یہ حدیث کی صاحبزادیاں ہیں۔ "لُبَابَہ" رضی اللہ عنہا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی رفیقۂ حیات اور عبداللہ اور فضل رضی اللہ عنہما کی والدہ ماجدہ ہیں۔ قولہٗ "مِنْ شَنٍّ" یہ پرانا مشکیزہ ہے۔ قولہٗ "يُخَفِّفُهٗ" تخفیف اور تقلیل میں فرق یہ ہے کہ تخفیف تثقیل کے مقابلہ میں اور تقلیل تکثیر کے مقابلہ استعمال ہوتے ہیں۔ قولہ "نَحْوًا" مثلاً اس لئے نہیں کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضوء شریف کی مماثلت پر کسی دوسرے کو قدرت نہیں" کرمانی"

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان ۸۲۲ —
کی دادی ملیکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانے کی
دعوت دی جو اس نے آپ کے لئے تیار کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ کھانا کھایا پھر فرمایا اُٹھو میں تمہیں نماز پڑھاؤں میں اُٹھا ہماری ایک چٹائی تھی جو زیادہ عرصہ پڑا رہنے سے سیاہ ہوگئی تھی میں نے اس کو پانی سے دھویا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے (نماز کے لئے) اور میں اور یتیم نے آپ کے پیچھے صف بنائی، اور مائی بوڑھی ہمارے پیچھے تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو دو رکعتیں پڑھائیں"

شرح : اس حدیث کی باب سے مطابقت "وَالْيَتِيْمُ مَعِيْ" ۸۲۲ —
کے جملہ میں ہے کیونکہ یتیم بچہ پر دلالت کرتا ہے کیونکہ بلوغ کے
بعد یتیم ختم ہو جاتا ہے اس کی مزید تفصیل حدیث ۲۷۵ کے تحت مذکور ہے"

ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں گدھی پر سوار ہو کر آیا اور ۸۲۳ —
اس روز میں قریب البلوغ تھا۔ رسول اللہ علیہ وسلم منیٰ میں تھے
کے بغیر لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے میں صف کے بعض حصہ میں داخل ہو گیا اور اس کا مجھ پر کسی نے انکار نہ کیا!

marfat.com

٨٢٤ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ
الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ أَعْتَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ عَيَّاشٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ
عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَعْتَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعِشَاءِ حَتَّى نَادَاهُ عُمَرُ قَدْ نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ
قَالَتْ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ يُصَلِّي هٰذِهِ الصَّلٰوةَ غَيْرُكُمْ وَلَمْ
٨٢٥ يَكُنْ أَحَدٌ يَوْمَئِذٍ يُصَلِّي غَيْرَ أَهْلِ الْمَدِينَةِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ
حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَقَالَ لَهُ رَجُلٌ شَهِدْتَ الْخُرُوجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ نَعَمْ وَلَوْلَا مَكَانِي مِنْهُ مَا شَهِدْتُهُ يَعْنِي مِنْ صِغَرِهِ أَتَى الْعَلَمَ الَّذِي عِنْدَ دَارِ كَثِيرِ بْنِ الصَّلْتِ فَصَلّٰى ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ أَتَى
النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ فَجَعَلَتِ الْمَرْأَةُ تُهْوِي بِيَدِهَا إِلٰى حَلْقِهَا تُلْقِي فِي ثَوْبِ بِلَالٍ ثُمَّ
أَتَى هُوَ وَبِلَالٌ إِلَى الْبَيْتِ

---

٨٢٣ — **شرح** : اس حدیث کی باب سے مناسبت عنوان کے تیسرے جز میں ہے اور وہ یہ ہے کہ بچوں کا نماز با جماعت میں حاضر ہونا ہے اس حدیث کی تفصیل باب متی یصح سماع الصغیر میں حدیث ع۵۷ کے تحت مذکور ہے!

---

٨٢٤ — **ترجمہ** : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز میں تاخیر کی حتیٰ کہ عمر فاروق نے آپ کو آواز دی کہ عورتیں اور بچے سو گئے آپ باہر تشریف لائے اور فرمایا زمین پر رہنے والوں میں سے تمہارے سوا کوئی شخص یہ نماز نہیں پڑھ رہا ہے اُس وقت مدینہ منورہ والوں کے سوا کوئی نماز نہ پڑھتا تھا!

٨٢٤ — **شرح** : یعنی اس وقت صرف مدینہ منورہ میں نماز پڑھی جاتی تھی اس لئے فرمایا "کہ تمہارے سوا کوئی شخص یہ نماز نہیں پڑھ رہا ہے کیونکہ اس وقت اسلام صرف مدینہ منورہ میں تھا مدینہ منورہ سے باہر اسلام کا افشاء فتح مکہ کے بعد ہوا تھا"، مزید تقریر حدیث ع۵۴۴ کے تحت مذکور ہے! اس حدیث کی باب سے مناسبت لفظِ صبیان"، میں ہے کیونکہ ان سے مراد یا وہ بچے ہیں جو مسجد میں حاضر تھے یا جو گھر میں موجود تھے بہرکیف مناسبت واضح ہے! واللہ ورسولہ اعلم!

---

٨٢٥ — **ترجمہ** : ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک شخص نے کہا کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (عیدگاہ) باہر گئے تھے؟ انھوں نے

marfat.com

بَابُ خُرُوْجِ النِّسَاءِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِاللَّيْلِ وَالْغَلَسِ حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ ۸۲۶

قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اَعْتَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَتَمَةِ حَتّٰى نَادَاهُ عُمَرُ نَامَ النِّسَاءُ وَالصِّبْيَانُ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَنْتَظِرُهَا اَحَدٌ غَيْرُكُمْ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ وَلَا تُصَلّٰى يَوْمَئِذٍ اِلَّا بِالْمَدِيْنَةِ وَكَانُوْا يُصَلُّوْنَ الْعَتَمَةَ فِيْمَا بَيْنَ اَنْ يَغِيْبَ الشَّفَقُ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ الْاَوَّلِ

کہا جی ہاں! اگر میں آپ کا قریبی نہ ہوتا تو میں بچپن کے باعث حاضر نہ ہوسکتا،، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس عَلَم کے پاس تشریف لائے جو کثیر بن صلت کے گھر کے قریب تھا پھر آپ نے خطبہ دیا پھر عورتوں کے پاس تشریف لے گئے اور ان کو وعظ ونصیحت فرمائی اور ان کو حکم دیا کہ وہ صدقہ کریں عورتوں نے اپنے ہاتھ اپنی انگوٹھیوں کی طرف مائل کرنا شروع کئے وہ حضرت بلال کی جھولی میں زیور ڈالتی تھیں پھر آپ اور بلال گھر تشریف لے گئے۔

۸۲۵ شرح: قولہ لولا مکانی منہ ماشہدتہ الخ ابن بطال نے کہا مراد یہ ہے کہ وہ آپ کے ساتھ عورتوں میں چلے گئے اگر وہ بچے نہ ہوتے تو آپ کے ساتھ وہاں حاضر نہ ہوسکتے،، یا معنی یہ ہے کہ میں اگر آپ کا قریبی نہ ہوتا تو بچپن کے باعث حاضر نہ ہوسکتا،، عَلَم،، کا معنی منار، پہاڑی، جھنڈا اور نشان ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بچہ جب نماز کو سمجھنے لگے تو اس کو نمازوں میں حاضر ہونا چاہیے اور مستحب امر یہ ہے کہ عید میں جب عورتیں حاضر ہوجائیں تو امام ان کو وعظ ونصیحت کرے،، عید کی نماز کے لئے اذان اقامت نہیں،، اور صحراء میں عید کی نماز پڑھنا مستحب ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — عورتوں کا رات اور اندھیرے میں مساجد میں جانا

ترجمہ: ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز میں تاخیر کردی حتیٰ کہ عمر فاروق نے آپ کو آواز دی ۸۲۶ —

کہ عورتیں اور بچے سوگئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور فرمایا تمام زمین والوں میں سے کوئی شخص تمہارے سوا اس نماز کا انتظار نہیں کررہا ہے اور اس وقت صرف مدینہ منورہ میں نماز پڑھی جاتی تھی وہ عشاء کی نماز شفق غائب ہونے سے تہائی رات کے درمیان پڑھتے تھے!

شرح: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتیں مسجد میں حاضر ہوتی تھیں ورنہ امام بخاری اس عنوان میں اس حدیث کا ذکر نہ کرتے،، صاحب ہدایہ ۸۲۶ — نے کہا عورتوں کے لئے نمازوں میں حاضر ہونا مکروہ ہے کیونکہ ان کا باہر نکلنا فتنہ سے خالی نہیں خصوصاً اس پر آشوب

marfat.com

۸۲۷ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ حَنْظَلَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اسْتَاْذَنَ كُمْ نِسَاءُكُمْ بِاللَّيْلِ اِلَى الْمَسْجِدِ فَاْذَنُوْا لَهُنَّ تَابَعَهُ
۸۲۸ شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا
عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ هِنْدُ بِنْتُ الْحَارِثِ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهَا اَنَّ النِّسَاءَ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنَّ اِذَا سَلَّمْنَ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ
قُمْنَ وَثَبَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ صَلّٰى مِنَ الرِّجَالِ مَا شَاءَ اللّٰهُ فَاِذَا قَامَ

دَور میں عورتوں کا شدید ضرورت کے بغیر باہر نکلنا حرام ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک بوڑھی عورتیں فجر، مغرب اور عشاء کی نمازوں کے لئے مسجد میں جاسکتی ہیں کیونکہ ان اوقات میں فتنہ کا خطرہ نہیں ہوتا،، حدیث ع ۸۰۲ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے۔

واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ۸۲۷ روائت کی کہ آپ نے فرمایا جب تمہاری عورتیں رات کو مساجد میں جانے کی اجازت حاصل کریں تو ان کو اجازت دے دو شعبہ نے اعمش سے انھوں نے مجاہد سے انھوں نے ابن عمر سے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کرنے میں عبید اللہ بن موسیٰ کی متابعت کی،،

شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک میں فتنہ کا خطرہ نہ ۸۲۷ تھا اس لئے آپ نے فرمایا کہ اللہ کی بندیوں کو مساجد میں جانے سے نہ روکو اور اس پرآشوب دَور میں عورتوں کا اپنے گھروں میں نماز پڑھنا بہتر ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی بیوی نے جمعہ کی نماز کے لئے ان سے اجازت طلب کی تو انھوں نے کہا تمہارا پچھلے کمرہ میں نماز پڑھنا گھر میں نماز پڑھنے سے افضل ہے اور گھر میں نماز پڑھنا حجرہ میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور مسجد میں نماز پڑھنے سے حجرہ میں نماز پڑھنا افضل ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا عورت ساری کی ساری شرمگاہ ہے،، وہ گھر میں رہے جب وہ باہر نکلتی ہے تو اس کو شیطان خراب کرتا ہے۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اس زمانہ میں عورتوں کا حال دیکھتے تو ان کو مساجد میں آنے سے روک دیتے،، حدیث ع ۸۰۲ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے۔

ترجمہ : ہند بنت حارث رضی اللہ عنہا نے کہا کہ ام سلمہ زوج النبی صلی اللہ علیہ ۸۲۸ وسلم نے ان کو خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں

marfat.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَامَ الرِّجَالُ **حَدَّثَنَا** عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْلَمَۃَ عَنْ مَالِکٍ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ ۸۲۹
اَخْبَرَنِیْ مَالِکٌ عَنْ یَحْیٰی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عَمْرَۃَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ اِنْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیُصَلِّی
الصُّبْحَ فَیَنْصَرِفُ النِّسَاءُ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوْطِہِنَّ مَا یُعْرَفْنَ مِنَ الْغَلَسِ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ مُسْکِیْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَکْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا ۸۳۰
الْاَوْزَاعِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ یَحْیٰی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَۃَ الْاَنْصَارِیِّ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَاَقُوْمُ اِلَی الصَّلٰوۃِ وَاَنَا اُرِیْدُ اَنْ اُطَوِّلَ فِیْہَا فَاَسْمَعُ بُکَاءَ الصَّبِیِّ فَاَتَجَوَّزُ فِیْ صَلَاتِیْ کَرَاہِیَۃَ اَنْ اَشُقَّ عَلٰی اُمِّہٖ
حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنْ یَحْیٰی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عَمْرَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ لَوْ اَدْرَکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ ۸۳۱
وَسَلَّمَ مَا اَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَہُنَّ الْمَسْجِدَ کَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ فَقُلْتُ لِعَمْرَۃَ اَوَمُنِعْنَ قَالَتْ نَعَمْ

عورتیں جب فرض نماز سے سلام پھیرتیں تو اُٹھ کر چلی جاتیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ نماز پڑھنے والے لوگ جتنی دیر اللہ چاہتا بیٹھے رہتے پھر جب آپ اُٹھتے تو لوگ بھی کھڑے ہو جاتے !

۸۲۸ — **شرح** : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیرنے کے بعد عورتوں کے سلام پھیرنے کے بعد چلے جانے تک اپنی جگہ بیٹھے رہتے تھے۔

حدیث ۸۰۲ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے۔

"ثَبَتَ" کا "قُمْنَ" پر عطف ہے یعنی جب عورتیں سلام پھیرتیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے اُٹھنے تک اپنی جگہ بیٹھے رہتے تھے ! واللہ ورسولہ اعلم !

---

۸۲۹ — **ترجمہ** : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز پڑھتے اور عورتیں نماز سے فارغ ہو کر واپس چلی جاتیں جبکہ وہ اپنی چادروں میں لپٹی ہوتی تھیں اور اندھیرے کی وجہ سے وہ پہچانی نہیں جاتی تھیں !

۸۳۰ — **ترجمہ** : عبداللہ بن قتادہ انصاری رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے روایت کی اُنھوں نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہوں جبکہ میرا ارادہ اس کو لمبا کرنے کا ہوتا ہے اور بچے کے رونے کی آواز سُن کر نماز کو مختصر کر دیتا ہوں کیونکہ میں مکروہ جانتا ہوں کہ اس کی ماں کو مشقت میں ڈالوں۔

۸۳۱ — **ترجمہ** : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شئی کو پا لیتے جو عورتوں نے اب پیدا کر رکھی ہے تو ان کو (مسجد میں جانے سے) منع کر دیتے جیسے بنو اسرائیل کی عورتوں کو منع کیا گیا تھا میں نے عمرہ سے کہا کیا وہ منع کی گئی تھیں ام المؤمنین نے کہا ہاں !۔

marfat.com

بَابُ صَلٰوةِ النِّسَآءِ خَلْفَ الرِّجَالِ

۸۳۲ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ
أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَلَّمَ قَامَ النِّسَآءُ حِيْنَ يَقْضِي تَسْلِيْمَهُ وَيَمْكُثُ هُوَ فِي مَقَامِهِ يَسِيْرًا
۸۳۳ قَبْلَ أَنْ يَقُوْمَ قَالَ نُرَى وَاللّٰهُ أَعْلَمُ أَنَّ ذٰلِكَ كَانَ لِكَيْ تَنْصَرِفَ النِّسَاءُ قَبْلَ أَنْ يُدْرِكَهُنَّ مِنَ الرِّجَالِ حَدَّثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ
حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ إِسْحَاقَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ فَقُمْتُ وَيَتِيْمٌ خَلْفَهُ وَأُمُّ سُلَيْمٍ خَلْفَنَا

۸۲۹ ، ۸۳۰ ، ۸۳۱ —

شرح : حدیث ع۸۲۹ کی باب سے مناسبت واضح ہے کہ عورتیں اندھیرے میں نماز پڑھ کر گھروں میں چلی جاتی تھیں۔ اس حدیث کی تفصیل حدیث ع۳۶۷ اور ع۵۵۶ کے تحت دیکھیں ،،

حدیث ع۸۳۰ کی باب سے مناسبت ،، کراھیۃ ان اشق علیٰ امہ ،، کے جملہ میں ہے کیونکہ اس کا مدلول یہ ہے کہ عورتیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مساجد میں حاضر ہوتی تھیں اور یہ حاضر ہونا عام ہے۔ رات اور دن کی نمازوں کو شامل ہے۔ حدیث ع۶۷۷ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے ،،

حدیث ع۸۳۱ کی باب سے مناسبت واضح ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس پُر آشوب، دَور میں عورتوں کو باہر جانے سے روکا جائے جیسے بنی اسرائیل کی عورتوں کو باہر جانے سے روک دیا گیا تھا ،،

باب — عورتوں کی نماز مَردوں کی صفوں کے پیچھے ،،

۸۳۲ — ترجمہ : ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو جس وقت آپ سلام پُورا کر لیتے اور اُٹھنے سے پہلے تھوڑا سا توقف فرماتے تو عورتیں اُٹھ کر چلی جاتیں زہری نے کہا میرا گمان ہے اللہ بہتر جانتا ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کچھ دیر ٹھہرنا اس لئے تھا کہ نماز سے فارغ ہونے والے مردوں کا ان کو پانے سے پہلے وہ چلی جائیں ،،

۸۳۲ — شرح : اس حدیث کی باب سے مناسبت اس طرح ہے کہ اگر عورتوں کی صف مَردوں کی صف سے مقدم ہو تو مردوں کی نماز فاسد ہو جاتی ہے ،، حدیث ع۸۰۲ کے تحت اس تفصیل دیکھیں۔

marfat.com

باب سرعۃ انصراف النساء من الصبح وقلۃ مقامھن فی المسجد ۸۳۴ حدثنا یحیی بن موسی قال حدثنا سعید بن منصور قال حدثنا فلیح عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابیہ عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی الصبح بغلس فینصرف نساء المؤمنین لا یعرفن من الغلس او لا یعرف بعضھن بعضا ۸۳۵ باب استیذان المرأۃ زوجھا بالخروج الی المسجد حدثنا مسدد قال حدثنا یزید بن زریع عن معمر عن الزھری عن سالم بن عبد اللہ عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا استأذنت امرأۃ احدکم

۸۳۴ —

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام سلیم کے گھر میں نماز پڑھی میں اور یتیم آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے اور ام سلیم ہمارے پیچھے تھی۔

شرح : اس حدیث کی باب سے مناسبت "وام سلیم خلفنا" کے جملہ میں ہے، حدیث ۳۷۵ میں اس کی مزید وضاحت دیکھیں"

باب — صبح کی نماز سے فارغ ہو کر عورتوں کا جلدی گھروں کو چلے جانا اور مسجد میں بہت کم ٹھہرنا

۸۳۴ —

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھتے اور مسلمانوں کی مستورات نماز پڑھ کر چلی جاتیں وہ اندھیرے کے باعث پہچانی نہ جاتی تھیں یا وہ ایک دوسری کو نہ پہچانتیں"

۸۳۴ —

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ فتنوں کے اسباب کا قلع قمع کرنا واجب ہے بظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھی جاتی تھی۔ اس کی تفصیل حدیث ۳۶۷ کے تحت بسط کے ساتھ مذکور ہے"

باب — مسجد میں جانے کے لئے عورت کا اپنے شوہر سے اجازت حاصل کرنا"

۸۳۵ —

ترجمہ : سالم بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے اپنے باپ سے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کی بیوی (مسجد میں جانے کی) اجازت طلب کرے تو وہ اس کو منع نہ کرے"

۸۳۵ —

شرح : حدیث شریف میں اگرچہ مسجد میں جانے کے لئے اجازت کا ذکر نہیں مگر جب مطلقاً خروج کے لئے اس کی اجازت کو مسترد نہیں کیا جاتا تو نیک کام کے لئے بطریق اولیٰ مسترد نہیں کیا جاتا"، علامہ کرمانی نے کہا کہ یہ حدیث مطلق ہے اس کو سابق حدیث کے ساتھ مقید کیا جا سکتا ہے جو باب خروج النساء الی المساجد" میں مذکور ہے تفصیل کے لئے حدیث ۸۲۶ کا مطالعہ کریں"

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الجمعۃ باب فرض الجمعۃ لقول اللہ تعالیٰ اذا نودی للصلوٰۃ

۸۳۸ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذروا البیع ذلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون فاسعوا فامضوا حدثنا ابو الیمان قال اخبرنا شعیب قال حدثنا ابو الزناد ان عبد الرحمٰن بن ھرمز الاعرج مولی ربیعۃ بن الحارث حدثہ انہ سمع ابا ھریرۃ انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول نحن الاخرون السابقون یوم القیمۃ بید انھم اوتوا الکتاب من قبلنا ثم ھذا یومھم الذی فرض علیھم فاختلفوا فیہ فھدانا اللہ لہ فالناس لنا فیہ تبع الیھود غدا والنصاریٰ بعد غد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"کتاب الجمعۃ"

باب — جمعہ کی فرضیت کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے جب جمعہ کے روز نمازِ جمعہ کی اذان کہی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانو "

۸۳۸ — ترجمہ : عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج " مولی ربیعہ بن حارث رضی اللہ عنہ" نے خبر دی کہ انھوں نے ابو ہریرہ سے سنا کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہم (سب امتوں سے) آخر قیامت میں سب سے سابق ہیں سوا اس کے یہود و نصاریٰ ہم سے پہلے کتاب دیئے گئے ہیں پھر یہ جمعہ کا دن جو ان پر فرض کیا گیا اس میں انھوں نے اختلاف کیا تو اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس کی ہدایت دی پس اس میں لوگ ہمارے تابع ہیں۔ یہود کی عید کل (ہفتہ) اور نصاریٰ کی عید پرسوں (اتوار) ہے۔

شرح : مذکور آئت کریمہ سے امام بخاری نے جمعہ کی فرضیت پر استدلال کیا ہے اس اذان سے مراد دوسری اذان ہے جو خطبہ کے لئے امام کے سامنے کہی جاتی ہے۔ جبکہ امام منبر پر بیٹھ جاتا ہے" امام زہری نے سائب بن یزید سے روائت کی کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

کا صرف ایک ہی مؤذن تھا جب آپ منبر شریف پر تشریف فرما ہوتے تو وہ اذان کہتا جب آپ خطبہ سے فارغ ہو کر اُترتے تو وہ نماز کے لئے اقامت کہتا ،، پھر ابوبکر اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما بھی ایسا ہی کرتے رہے ،، حتیٰ کہ جب عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا عہدِ خلافت تھا اور لوگ زیادہ ہو گئے جبکہ لوگوں کے مکانات بھی دُور دراز تک پہنچ گئے تو اُنھوں نے ایک اور اذان زیادہ کر دی ،، اور بازار میں اونچی جگہ جسے زوراء کہا جاتا ہے پر اذان کہنے کا حکم دیا ،، جس اذان سے خرید و فروخت حرام ہو جاتی ہے وہ دوسری اذان ہے ۔

جمعہ کی فرضیت کتاب و سنت اور اجماع سے ثابت ہے ، ،، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ ،، جب خطبہ کے لئے جو نماز کی شرط ہے ۔ سعی فرض ہے تو نفس نماز کے لئے بطریق اولیٰ سعی فرض ہے ۔ اذان کے بعد خرید و فروخت کی تحریم سے اس کے وجوب کی تاکید ہوتی ہے کیونکہ مباح کی تحریم واجب کے لئے ہوتی ہے بیہقی نے حضرت جابر سے روایت کی کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰہَ فَرَضَ عَلَیْکُمُ الْجُمُعَۃَ " یقین کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر جمعہ کی نماز فرض کی ہے " ابوداؤد نے عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " ہر اس شخص پر جمعہ فرض ہے جو اس کی اذان سُنے ،، نسائی نے صحیح اسناد سے حضرت حفصہ سے روایت کی کہ ہر بالغ پر جمعہ کے لئے جانا فرض ہے ،، علاوہ ازیں ساری امت کا اس کی فرضیت پر اتفاق ہے ۔

امام مالک ، احمد اور امام شافعی رضی اللہ عنہم نے کہا کہ فرض الوقت جمعہ ہے اور نمازِ ظہر اس کی بدل ہے ۔ امام ابوحنیفہ ابو یوسف اور قدیم قول کے مطابق امام شافعی رضی اللہ عنہم نے کہا کہ فرض الوقت ظہر ہی ہے اور جمعہ ادا کرنے سے ظہر ساقط ہو جاتی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کی فرضیت ظہر کی فرضیت سے قوی تر ہے ۔ کیونکہ ہم جمعہ کی اقامت کے لئے ظہر ترک کرنے کے مامور ہیں اور ظہر فرض ہے تو ایک فرض کو دوسرے فرض کے باعث اس وقت ترک کیا جاتا ہے جبکہ دوسرا فرض اس سے قوی تر ہو لہٰذا جمعہ فرضِ عین ہے اور اس کا منکر بالاجماع کافر ہے ،،

---

۸۳۸ — مشرح : حدیث کا یہ معنیٰ یہ ہے کہ ہم دُنیا والوں میں سے آخر میں ہیں اور قیامت میں ساری مخلوق سے پہلے ہمارا فیصلہ ہو گا لہٰذا ہم اس لحاظ سے پہلی امتوں سے اوّل ہیں جبکہ سب سے پہلے ہم جنت میں داخل ہوں گے ۔ امام مسلم نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہم سے پہلے لوگوں کو جمعہ سے بھٹکا دیا تو یہودیوں کے لئے ہفتہ کا دن نصاریٰ کے لئے اتوار کا دن مقرر ہوا ۔ اللہ تعالیٰ نے ہم کو جمعہ کی ہدائت دی تو اللہ تعالیٰ نے جمعہ ، ہفتہ اور اتوار عید کے دن بنائے جس طرح ہفتہ اور اتوار جمعہ کے تابع ہیں اسی طرح یہود و نصاریٰ قیامت کے دن ہمارے تابع ہوں گے ۔

یہ حدیث جمعہ کی فرضیت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " فَرَضَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ فَاخْتَلَفُوْا فِیْہِ فَہَدَانَا اللّٰہُ لَہٗ ،، اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہدائت و اضلال اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے یہی مسلک اہلسنت و جماعت کا اور اس امت کو پہلی امتوں پر فضیلت حاصل ہے ۔

.marfat.com

بَابُ فَضْلِ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهَلْ عَلَى الصَّبِيِّ شُهُودُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ أَوْ عَلَى النِّسَاءِ

۸۳۹ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

باب ـــ جمعہ کے دن غسل کی فضیلت ،، کیا بچّوں اور عورتوں کے لئے جمعہ میں حاضر ہونا ضروری ہے ؟

۸۳۹ ـــ ترجمہ : عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جب کوئی جمعہ کے لئے آئے تو وہ غسل کرے ۔

۸۳۹ ـــ شرح : یعنی تم میں سے کوئی جب جمعہ میں آنے کا ارادہ کرے تو غسل کرلے جیسے قرآن کریم میں ہے اِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ" لہٰذا حدیث میں فَ سے تعقیب مراد نہیں لہٰذا یہ کہنا جائز نہ ہوگا کہ آنے کے بعد غسل کرنا فاء کا مدلول ہے ،، اس حدیث سے فرقہ ظاہر نے جمعہ کے روز غسل کے وجوب پر استدلال کیا مگر یہ درست نہیں کیونکہ شروع اسلام میں لوگ بہت غریب تھے اور اپنا کاروبار خود کرتے ، اور موٹے صوف کے کپڑے پہنا کرتے تھے وہ جب جمعہ کے دن مسجد شریف میں آتے تو گرمی کی شدّت کے باعث پسینہ سے ان کے کپڑوں سے بُو آنے لگتی اس لئے سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جب جمعے کے لئے آؤ تو غسل کرکے آؤ ، مگر جب یہ سبب زائل ہوگیا اور لوگ خوشحال ہوگئے تو غسل کا وجوب بھی منسوخ ہوگیا کیونکہ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا "جس نے جمعہ کے دن وضوء کیا اچھا ہے اور جس نے غسل کیا تو غسل کرنا افضل ہے ،، اس حدیث کو امام ترمذی نے حسن کہا ہے ،، لہٰذا حدیث میں مذکور امر کو استحباب پر محمول کیا جاتا ہے ،، اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر فاروق جمعہ کے روز خطبہ دے رہے تھے اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اثناءِ خطبہ میں آئے امیرالمؤمنین نے کہا اتنی دیر سے کیوں آئے حضرت عثمان نے کہا اذان کے بعد وضوء کرکے آگیا ہوں امیرالمؤمنین نے کہا صرف وضوء ہی کرکے آئے ہو ،، اگر جمعہ کے روز غسل واجب ہوتا تو حضرت عثمان صرف وضوء پر اکتفاء نہ کرتے پھر امیرالمؤمنین خاموش نہ رہتے اور حضرت عثمان کو غسل کرنے پر مجبور کرتے ،، صاحبِ ہدایہ نے کہا جمعہ کے روز غسل میں امام ابویوسف کے نزدیک مستحب یہ ہے کہ اسی غسل کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھے حتیٰ کہ اگر جمعہ کی نماز سے پہلے غسل کے بعد بے وضوء ہوجائے یا جمعہ کی نماز کے بعد غسل کرے تو اسے پُورا ثواب نہ ملے گا جو غسل کے ساتھ نماز پڑھنے میں حاصل ہوتا ہے ۔ صاحبِ ہدایہ نے اس قول کی تصحیح کی ہے جمہور علماء کے نزدیک فجر کے بعد غسل جمعہ کے لئے کافی ہے ،،

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ

۸۴۰ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَيْنَمَا هُوَ قَائِمٌ فِي الْخُطْبَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ مُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُ عُمَرُ اَيَّةُ سَاعَةٍ هٰذِهِ قَالَ اِنِّيْ شُغِلْتُ فَلَمْ اَنْقَلِبْ اِلٰى اَهْلِيْ حَتّٰى سَمِعْتُ التَّاذِيْنَ فَلَمْ اَزِدْ اَنْ تَوَضَّاْتُ قَالَ وَالْوُضُوْءَ اَيْضًا وَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

۸۴۱ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُ بِالْغُسْلِ **حَدَّثَنَا** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُحْتَلِمٍ

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن کھڑے خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک مہاجرین اوّلین سے ایک

۸۴۰ — شخص (عثمان بن عفان) جو اصحابِ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تھے۔ مسجد میں داخل ہوئے تو عمر فاروق نے اُن سے فرمایا اب آنے کا یہ کونسا وقت ہے ؟ اُنھوں نے کہا میں کسی کام میں مشغول تھا میں گھر بھی نہیں گیا حتیٰ کہ اذان سُنی اور وضوء کے سوا اور کچھ نہیں کیا عمر فاروق نے کہا صرف وضوء ہی کیا ہے ؛ جبکہ آپ جانتے ہو کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسل کا حکم فرماتے تھے !

شرح : شعبی نے کہا مہاجرین اوّلین وہ صحابہ کرام ہیں جنھوں نے بیعتِ رضوان کو پایا صاحبِ کشاف نے کہا وہ بدر میں حاضر ہونے والے صحابہ کرام

۸۴۰ — ہیں اثناءِ خطبہ میں آنے والے صحابی سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ تھے ،، عمر فاروق نے ان پر دو طرح سے تعجب کیا ایک ان کا تاخیر سے آنا اور دُوسرا صرف وضوء پر اکتفاء کرنا معلوم ہُوا کہ جمعہ کے روز غسل واجب نہیں ورنہ حضرت عمر فاروق ان کو غسل کرنے کے لئے ضرور واپس کرتے بلکہ عثمان غنی خود غسل کر کے آتے ،، جب عثمان غنی نے غسل نہ کیا اور ان کو واپس جا کر غسل کرنے کا حکم بھی نہ دیا گیا جبکہ مہاجرین و انصار سب موجود تھے تو معلوم ہُوا کہ جمعہ کے روز غسل کرنا واجب نہیں ،، یہ اس بات کا قرینہ ہے کہ " فَلْيَغْتَسِلْ " امر استحبابی ہے وجوب کے لئے نہیں ،، امام ابو حنیفہ اور آپ کے تلامذہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہم کے نزدیک جمعہ کی اذان کے بعد خرید و فروخت مکروہ ہے۔ امام مالک ، احمد اور فرقہ ظاہریہ کے نزدیک باطل ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کی اذان سے پہلے کاروبار کرنا جائز ہے ،، اور خرید و فروخت کی تحریم اور وجوبِ سعی خطبہ کی اذان سے متعلق ہیں کیونکہ مروّج پہلی اذان حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے عہد میں مشروع ہُوئی تھی !

ترجمہ : ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ

۸۴۱ — وسلم نے فرمایا ہر بالغ شخص پر جمعہ کے روز غسل واجب ہے ،،

marfat.com

۸۴۲ بَابُ الطِّيبِ لِلْجُمُعَةِ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ أَخْبَرَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بَكْرِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ سُلَيْمٍ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ أَشْهَدُ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ قَالَ أَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ وَأَنْ يَسْتَنَّ وَأَنْ يَمَسَّ طِيبًا إِنْ وَجَدَ قَالَ عَمْرٌو وَأَمَّا الْغُسْلُ فَأَشْهَدُ أَنَّهُ وَاجِبٌ وَأَمَّا الِاسْتِنَانُ وَالطِّيبُ فَاللهُ تَعَالَى أَعْلَمُ أَوَاجِبٌ هُوَ أَمْ لَا وَلَكِنْ هَكَذَا فِي الْحَدِيثِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ هُوَ أَخُو مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ وَلَمْ يُسَمِّ أَبُو بَكْرٍ هَذَا رَوَى عَنْهُ بَكْرُ بْنُ الْأَشَجِّ وَسَعِيدُ بْنُ أَبِي هِلَالٍ وَعِدَّةٌ وَكَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ يُكْنَى بِأَبِي بَكْرٍ وَأَبِي عَبْدِ اللهِ

---

۸۴۱ — شرح : محتلم سے مراد بالغ ہے اور وجوب سے مراد ثبوت ہے یعنی جمعہ کے روز ہر بالغ پر غسل ثابت ہے اس میں عورتیں بھی شامل ہیں - امام محمد رضی اللہ عنہ نے مؤطا میں اپنے اسناد کے ساتھ ابراہیم نخعی سے روائت کی کہ حماد نے کہا میں نے ابراہیم نخعی سے پوچھا کہ جمعہ کے روز، پچھنے لگوانے کے بعد اور عیدین میں غسل کرنا کیسا ہے اُنھوں نے کہا غسل کر لینا اچھا ہے اگر نہ بھی کیا جائے تو کوئی حرج نہیں ،، میں نے کہا کیا رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے نہیں فرمایا کہ جو جمعہ پڑھنے جائے وہ غسل کرے؟ ابراہیم رضی اللہ عنہ نے کہا ضرور فرمایا ہے لیکن آپ کا یہ ارشاد واجبہ امور سے نہیں یہ ایسا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے " وَاسْتَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ " یعنی جب بیع کرو تو گواہ بنا لو" حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جس نے جمعہ کے دن غسل کیا وہ بہتر ہے اور جس نے غسل نہ کیا اس کے لئے غسل ضروری بھی نہیں ،، الحاصل شروع اسلام میں جمعہ کے لئے غسل واجب تھا پھر منسوخ ہوگیا - واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم !

باب — جُمعہ کے لئے خوشبو لگانا !

۸۴۲ — ترجمہ : ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا میں گواہ ہوں کہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جمعہ کے روز ہر بالغ پر غسل کرنا، مسواک کرنا، اور خوشبو لگانا واجب ہے اگر اسے (خوشبو) میسّر ہو ،، عمرو نے کہا میں گواہ ہوں کہ غسل تو واجب ہے اور مسواک اور خوشبو لگانا اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے واجب ہے یا نہیں لیکن حدیث میں اسی طرح ہے ،، امام بخاری نے کہا ابوبکر محمد بن منکدر کا بھائی ہے اس ابوبکر کا نام معروف نہیں اس حدیث کی بکیر بن اشج ، سعید بن مسیّب اور چند لوگوں نے ان سے روائت کی ہے - محمد بن منکدر کی کنیت ابوبکر اور ابوعبداللہ ہے !

۸۴۲ — شرح : خطابی رحمہ اللہ نے کہا امام مالک جمعہ کے روز ایجابِ غسل کے قائل ہیں - اکثر فقہا کے نزدیک غسل واجب نہیں وہ حدیث کی

marfat.com

بَابُ فَضْلِ الْجُمُعَةِ

۸۴۳ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ سُمَيٍّ مَوْلٰى اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ غُسْلَ الْجَنَابَةِ ثُمَّ رَاحَ فَكَاَنَّمَا قَرَّبَ بَدَنَةً وَمَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الثَّانِيَةِ فَكَاَنَّمَا قَرَّبَ بَقَرَةً وَمَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الثَّالِثَةِ فَكَاَنَّمَا قَرَّبَ كَبْشًا اَقْرَنَ وَمَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ فَكَاَنَّمَا قَرَّبَ دَجَاجَةً وَمَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ فَكَاَنَّمَا قَرَّبَ بَيْضَةً فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ حَضَرَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ

تاویل یہ کرتے ہیں کہ اس میں غسل کی ترغیب دلائی گئی ہے اور اس کی تاکید کی گئی ہے ،، اس کی دلیل یہ ہے کہ غسل پر مسواک اور طیب کا عطف کیا گیا ہے اور معطوف اور معطوف علیہ کا حکم واحد ہوتا ہے جب بالاتفاق مسواک اور خوشبو واجب نہیں جو معطوف ہیں تو غسل جو معطوف علیہ ہے بھی واجب نہ ہوگا بظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر بالغ کے لئے غسل کرنا مستحب ہے وہ جمعہ پڑھنے کا ارادہ کرے یا نہ ،، اور وہ حدیث کہ جب کوئی جمعہ کے لئے آئے تو غسل کرکے آئے ،، اُن لوگوں کے لئے ہے جو جمعہ کا ارادہ کریں وہ بالغ ہوں یا نابالغ ،، الحاصل جمعہ کے روز غسل کرنا ہر ایک کے لئے مستحب ہے ۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم !

باب — جُمعہ کی فضیلت

۸۴۳ — ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جمعہ کے روز جنابت کے غسل جیسا غسل کیا پھر وہ جمعہ کی نماز کے لئے گیا تو گویا اُس نے ایک اونٹ کی قربانی دی اور جو دوسری ساعت میں گیا تو تو اُس نے گائے کی قربانی دی جو تیسری ساعت میں گیا تو گویا اُس نے سینگوں والے مینڈھے کی قربانی دی جو چوتھی ساعت میں گیا تو گویا اُس نے مرغی صدقہ کیا اور جو پانچویں ساعت میں گیا تو گویا اُس نے انڈا صدقہ کیا اور جب امام خطبہ کے لئے باہر آئے (مسجد میں) تو فرشتے مسجد میں حاضر ہو جاتے ہیں اور اللہ کا ذکر سُنتے ہیں ۔

۸۴۳ — شرح : یعنی جو شخص جمعہ کے دن اس طرح غسل کرے جیسے جنابت کا غسل کیا جاتا ہے اور اس کے صفات اور شرائط کا لحاظ رکھے تو مسجد میں مذکور ساعات میں حاضر ہونے کے اعتبار سے اس کو ثواب حاصل ہوگا ۔ مرغی اور انڈے میں "قَرَّبَ" کا معنیٰ "تصدق"

marfat.com

باب

۸۴۴ حدثنا أبو نعيم قال حدثنا شيبان عن يحيى هو ابن أبي كثير عن أبي سلمة عن أبي هريرة أن عمر بن الخطاب بينما هو يخطب يوم الجمعة إذ دخل رجل فقال عمر بن الخطاب لم تحتبسون عن الصلوة فقال الرجل ما هو إلا أن سمعت النداء توضأت فقال ألم تسمعوا النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا راح أحدكم

۸۴۵ إلى الجمعة فليغتسل باب الدهن للجمعة حدثنا آدم قال حدثنا ابن أبي ذئب عن سعيد المقبري قال أخبرني أبي عن ابن وديعة عن سلمان الفارسي قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لا يغتسل رجل يوم الجمعة ويتطهر ما استطاع من طهر ويدهن من دهنه أو يمس من طيب بيته ثم يخرج فلا يفرق بين اثنين ثم يصلي ما كتب له ثم ينصت إذا تكلم الإمام إلا غفر له ما بينه وبين الجمعة الأخرى

ہے ،، کیونکہ ان کی قربانی نہیں دی جاتی ،، ثواب لکھنے والے فرشتے کرام کاتبین کے علاوہ ہیں جو جمعہ میں حاضر ہونے والے لوگوں کی حاضری لکھتے ہیں "ذکر" سے مراد خطبہ اور اس میں قرآن کی قرأت اور نماز میں قرأت ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ثواب میں لوگوں کے مراتب ان کے اعمال کے اعتبار سے ہوتے ہیں اور جو اللہ کی طاعت میں جلدی کرے اس کو ثواب بھی زیادہ حاصل ہوتا ہے ،، قربانی اور صدقہ کا اطلاق قلیل و کثیر پر ہوتا ہے" رواح ،، سے مراد طلوعِ شمس کا مابعد ہے جمعہ کے وقت سے پہلے جانے والے کو رائح کہنا ایسا ہے جیسے مکہ مکرمہ کی طرف جانے والے کو حاجی کہا جاتا ہے ،، جمہور علماء کا مذہب یہی ہے کہ جمعہ کی نماز کے لئے جلدی جانا مستحب ہے ان کے نزدیک ساعات کا اعتبار شروع دن سے ہوتا ہے ،،

باب

۸۴۴ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے اچانک ایک شخص (مسجد میں) داخل ہوا عمر فاروق نے کہا تم لوگ نماز سے کیوں رُکے رہتے ہو اس شخص نے کہا میں نے صرف اذان سُنی اور وضوء کر کے آگیا ہوں عمر فاروق نے کہا کیا تم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا نہیں کہ تم میں سے جب کوئی جمعہ کے لئے جائے تو غسل کرے"

۸۴۴ شرح : اچانک آنے والا شخص سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ہیں نداء سے مراد اذان ہے ،، یعنی اذان سُننے کے بعد میرا لوٹنا صرف وضوء کرنے کی مقدار تھا ،، حدیث ع ۸۴۰ کے تحت اس حدیث کی تفہیم ہو چکی ہے ،،

marfat.com

حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ طَاؤُسٌ قُلْتُ ۸۴۶
لِابْنِ عَبَّاسٍ ذَكَرُوا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اغْتَسِلُوا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْسِلُوا رُءُوسَكُمْ وَاِنْ لَمْ
تَكُونُوا جُنُبًا وَاَصِيبُوا مِنَ الطِّيبِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَمَّا الْغُسْلُ فَنَعَمْ وَاَمَّا الطِّيبُ فَلَا اَدْرِي حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ ۸۴۷
ابْنُ مُوسَى قَالَ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ
عَبَّاسٍ اَنَّهُ ذَكَرَ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَيَمَسُّ طِيبًا اَوْ دُهْنًا
اِنْ كَانَ عِنْدَ اَهْلِهِ فَقَالَ لَا اَعْلَمُهُ

باب — جُمعہ کے لئے بالوں کو تیل لگانا ،،

۸۴۵ — ترجمہ : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن جو کوئی شخص غسل کرے حسبِ طاقت طہارت کرے ، اپنے تیل سے بالوں کو تیل لگائے یا اپنے گھر کی خوشبو سے خوشبو لگائے پھر (نماز جمعہ کے لئے) باہر آئے۔ (مسجد میں بیٹھنے والے) دو شخصوں کے درمیان تفریق نہ کرے (ان کے درمیان نہ بیٹھے) پھر جو بھی اس کی قسمت میں نماز ہے وہ پڑھے پھر جب امام خطبہ پڑھنا شروع کرے تو خاموشی سے سُنتا رہے تو دُوسرے جمعہ تک اس کے سارے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

۸۴۵ — شرح : طہر سے مراد مونچھیں کٹوانا ، ناخن ترشوانا ، زیر ناف بالوں کا حلق کرنا اور کپڑوں کو صاف کرنا ہے۔ یعنی پُوری طہارت کرے ،، فی بَيْتِهِ ،، سے یہ اشارہ کیا کہ گھر میں خوشبو ذخیرہ رکھنا چاہیئے جو گاہے بگاہے استعمال کی جائے ،، لَا يُفَرِّقُ بَيْنَ اثْنَيْنِ ،، سے مراد جلد مسجد میں جانا ہے تاکہ تاخیر کی صورت میں لوگوں کی گردنیں نہ روندے ،، جمعہ اُخریٰ ،، سے مراد پہلے والا جمعہ ہے یا بعد والا کیونکہ گناہ کرنے سے پہلے بھی مغفرت ممکن ہے۔ چنانچہ صحیح مسلم میں ہے ،، عرفہ کے دن روزہ سے ہونا میرا گمان ہے کہ اللہ تعالیٰ پہلے اور آنے والے سال کے گناہوں کو بخش دیتا ہے ،، امام ابو حنیفہ ، امام مالک رضی اللہ عنہما اور عام فقہا کے نزدیک جمعہ کا خطبہ سُننا واجب ہے۔

،، سَلْمَان فارسی ،، رضی اللہ عنہ بنو قریظہ کے غلام تھے ان لوگوں نے ان کو مکاتب بنایا اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا مال کتابت ادا کر دیا تھا وہ اس وقت مسلمان ہُوئے جب سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں ہجرت کر کے تشریف لائے ،، آپ نے فرمایا ،، سَلْمَانُ مِنَّا اَهْلَ الْبَيْتِ ،، وہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی جنت مشتاق ہے ان کی عمر اڑھائی یا ساڑھے تین سَو سال ہُوئی ہے ،، وہ خود محنت کر کے کھانا کھاتے تھے!

marfat.com

۸۴۸ بَابُ مَا يُلْبَسُ أَحْسَنَ مَا يَجِدُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ
أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِمْرَانَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى حُلَّةَ سِيَرَاءَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوِ اشْتَرَيْتَ هٰذِهِ فَلَبِسْتَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلِلْوَفْدِ إِذَا قَدِمُوا عَلَيْكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

---

۸۴۶ — ترجمہ : امام زہری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ طاؤس نے کہا میں نے ابن عباس سے کہا کہ لوگ ذکر کرتے ہیں کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کے دن غسل کرو اور اپنے سر دھوؤ اگرچہ تم جنابت کی حالت میں نہ ہو اور خوشبو لگاؤ ،، ابن عباس نے کہا غسل کرنا تو درست ہے اور خوشبو کے متعلق مجھے معلوم نہیں۔

۸۴۷ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اُنھوں نے جمعہ کے دن غسل کے بارے میں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ذکر کیا طاؤس نے کہا میں نے ابن عباس سے کہا کیا خوشبو یا تیل اگر اس کے گھر میں ہو تو لگائے ؟ اُنھوں نے کہا مجھے اس کا علم نہیں !

۸۴۶ ، ۸۴۷ — شرح : جمعہ کے دن جنابت کا غسل جمعہ کے غسل کے لئے کافی ہے

ہے کہ جنابت اور جمعہ کے لئے ایک ہی غسل کافی ہے۔ امام احمد رضی اللہ عنہ کے نزدیک غسلِ جنابت کی جب تک نیت نہ کرے غسل جائز نہیں امام مالک رضی اللہ عنہ کا بھی ایک قول کے مطابق یہی مسلک ہے۔ ابن ماجہ نے صالح سے مرفوع روایت کی کہ ابن عباس نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی جمعہ کے لئے آئے وہ غسل کرے اگر اس کے پاس خوشبو ہو تو وہ لگائے ،، مگر اس کا راوی صالح ضعیف ہے اس لئے ابن ماجہ کی یہ روایت بخاری کی روایت کے معارض نہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب — نفیس کپڑے جو میسّر ہوں پہنے ،،

۸۴۸ — ترجمہ : عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ عمر فاروق نے مسجد کے دروازے پر ریشمی جوڑا دیکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ ! اگر آپ یہ ریشمی جوڑا خرید کر لیں تو جمعہ کے دن یا وفد کی آمد کے وقت جب وہ آپ کے پاس آئیں پہنا کریں (تو بہت اچھا ہوگا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو وہ لوگ پہنا کرتے ہیں جن کا آخرت میں کوئی حصّہ نہیں ہوتا ،، پھر رسول اللہ صلی

marfat.com

إِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهٖ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا حُلَلٌ فَأَعْطٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مِنْهَا حُلَّةً فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَسَوْتَنِيْهَا وَقَدْ قُلْتَ فِيْ حُلَّةِ عُطَارِدَ مَا قُلْتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّيْ لَمْ أَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا فَكَسَاهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَخًا لَهٗ بِمَكَّةَ مُشْرِكًا بَابُ السِّوَاكِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَنُّ ۸۴۹ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ أَوْ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى النَّاسِ لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ مَعَ كُلِّ صَلٰوةٍ ۸۵۰ حَدَّثَنَا أَبُوْ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ قَالَ

اللہ علیہ وسلم کے پاس ریشمی جوڑے آئے تو آپ نے ان میں سے ایک جوڑا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو دیا، اُنھوں نے عرض کی یا رسُول اللہ! آپ نے یہ مجھے دیا ہے حالانکہ عطارد کے جوڑے کے متعلق آپ نے کچھ فرمایا تھا،، رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے یہ تمہیں اس لئے نہیں دیا کہ اس کو پہنو پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے وہ جوڑا اپنے بھائی کو دے دیا جو مکہ مکرمہ میں رہتا تھا اور مشرک تھا۔

۸۴۸ — شرح : چادر اور تہبند مجموعہ کو حلّہ کہا جاتا ہے،، سِیَرَاء،، خالص ریشم ہوتا ہے،، وفد،، وافد کی جمع ہے جو رسُول یا امیر کے پاس باہر سے آتے ہیں،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ریشم مردوں کے لئے حرام ہے اور جمعہ کے روز اور وفود کی آمد پر نفیس اور عمدہ کپڑے پہننے چاہئیں،، قریبی رشتہ داروں سے اچھا برتاؤ کرنا چاہیئے اگرچہ وہ کافر ہوں،، جیسے عمر فاروق نے کیا اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کافر ایمان کے بعد احکام میں مخاطب ہیں بحالتِ کفر وہ احکام میں مخاطب نہیں کیونکہ عمر فاروق نے اپنے بھائی کو ریشمی جوڑا دیا جو کافر تھا ظاہر ہے کہ وہ اس کو پہنے گا۔ نیک اور صالح خود بخود خرید و فروخت کر سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

باب — جمعہ کے دن مسواک کرنا ،،

"ابو سعید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کیا کرتے تھے"

۸۴۹ — ترجمہ : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں اپنی امت یا لوگوں پر شاق اور مشقت نہ جانتا تو ان کو ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا،،

۸۵۰ — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تم پر مسواک کے بارے میں بہت کچھ کہا ہے،،

marfat.com

۸۵۱ حَدَّثَنَا اَنَسٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَحُصَيْنٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوْصُ فَاهُ بَابُ مَنْ اِسْتَاكَ بِسِوَاكِ غَيْرِهٖ

۸۵۲ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ وَمَعَهٗ سِوَاكٌ يَسْتَنُّ بِهٖ فَنَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهٗ اَعْطِنِيْ هٰذَا السِّوَاكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَاَعْطَانِيْهِ فَقَصَمْتُهٗ ثُمَّ مَضَغْتُهٗ فَاَعْطَيْتُهٗ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنَّ بِهٖ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ اِلٰى صَدْرِيْ

۸۴۹، ۸۵۰ ــــ شرح : حافظ ابونعیم رحمہ اللہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوع روائت کی کہ جب تم میں سے کوئی رات کو نماز پڑھنے کے لئے اُٹھے تو اس کے پاس فرشتہ آکر اپنا منہ اس کے منہ پر رکھتا ہے، تو نمازی کے منہ سے جو شئ نکلتی ہے وہ فرشتہ کے منہ میں واقع ہوتی ہے،، اس لئے نماز پڑھنے سے پہلے مسواک کرنی افضل ہے تاکہ منہ پاک وصاف ہو جائے۔ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،، مسواک منہ صاف کرتی ہے اور اس سے رب راضی ہوتا ہے،، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نماز مسواک کرکے پڑھی جائے اس کا ثواب مسواک کے بغیر نماز پڑھنے سے ستر گنا زیادہ ہوتا ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسواک کرنی واجب نہیں کیونکہ اگر واجب ہوتی تو آپ حتمی حکم فرماتے کہ اگرچہ لوگوں کو مشقت ہی کیوں نہ ہو۔ وہ مسواک ضرور کریں۔

---

۸۵۱ ــــ ترجمہ : حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تو منہ کو مسواک سے صاف کرتے تھے۔

۸۵۱ ــــ شرح : جمعہ کا دن لوگوں کے ہجوم کا دن ہے اور اس دن فرشتے بھی بکثرت حاضر ہوتے ہیں اس لئے اس دن بدن اور کپڑوں کی صفائی کا اہتمام کیا جاتا ہے اس اعتبار سے جمعہ کی نماز کو دوسری نمازوں پہ فضیلت حاصل ہے جب دوسری نمازوں کے لئے مسواک کی جاتی ہے تو جمعہ کی نماز کے لئے اس کا زیادہ اہتمام ہونا چاہیے اسی لئے اِس حدیث کو جمعہ کے باب میں ذکر کیا ہے۔

باب ــــ جس نے اپنے غیر کی مسواک استعمال کی،،

۸۵۲ ــــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما میرے گھر آئے جبکہ اس کے پاس مسواک تھی جو

marfat.com

بَابُ اَمَا يُقْرَأُ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ ۸۵۳ ۸۵۸
اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الٓمٓ تَنْزِيْلُ وَهَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ

وہ کیا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھا تو میں نے کہا اے عبدالرحمٰن! یہ مسواک مجھے دو" اس نے مجھے مسواک دی تو میں نے اس کے سر کو توڑ کر باریک کیا پھر اس کو چبایا (نرم کیا) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دی آپ نے اس کو استعمال فرمایا جبکہ آپ میرے سینہ سے سہارا لئے ہوئے تھے ،،

شرح : حدیث کی باب سے مناسبت ظاہر ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کا تھوک پاک ہے اور محارم کے گھروں میں داخل ہونا جائز ہے اور دوسرے کی مسواک کا استعمال جائز ہے۔

۸۵۲ ——

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے منہ میں مسواک کو نرم کر کے حضور کی خدمت میں اسے پیش کیا ظاہر ہے کہ ام المؤمنین کا لعاب اس میں ہوگا جب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مسواک کو استعمال کیا تو ام المؤمنین کا لعاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب سے مل گیا ہوگا اس میں ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کی بہت بڑی فضیلت ہے چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا فخر سے فرمایا کرتی تھیں کہ آخری وقت میں اللہ تعالیٰ نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا تھوک اور میرا تھوک جمع کر دیا ،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ——— جمعہ کے دن فجر کی نماز میں کیا پڑھا جائے

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں الم تنزیل السجدہ اور ھل اتیٰ علی الانسان ،، پڑھا کرتے تھے ،،

۸۵۳ ——

شرح : یعنی سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز کی پہلی رکعت میں سورۂ سجدہ اور دوسری رکعت میں سورۂ دہر پڑھا کرتے تھے

صحیح مسلم میں اس کی تصریح موجود ہے ،،

علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس جیسی ترکیب دوام و استمرار کی مفید ہوتی ہے ،، علامہ قسطلانی نے اس کا تعاقب کرتے ہوئے کہا کہ حدیث میں کوئی ایسا امر نہیں جس کا مقتضیٰ یہ ہو کہ آپ ایسا ہمیشہ کرتے تھے اور اکثر علماء کے نزدیک "کان" مداومت کو نہیں چاہتا ،، اسی لئے کسی نے ان کے پڑھنے کو سنت مؤکدہ یا واجب نہیں

marfat.com

بَابُ الْجُمُعَةِ فِي الْقُرٰى وَالْمُدُنِ

۸۵۴ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ أَبِي جَمْرَةَ الضُّبَعِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ أَوَّلَ جُمُعَةٍ جُمِّعَتْ بَعْدَ جُمُعَةٍ فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ عَبْدِ الْقَيْسِ بِجُوَاثَى مِنَ الْبَحْرَيْنِ

کہا چنانچہ صاحبِ محیط نے کہا کہ جمعہ کے دن ان دونوں سورتوں کو فجر کی نماز میں پڑھنا مستحب ہے بشرطیکہ کبھی کبھی اور سورتیں بھی پڑھ لیا کرے تاکہ جاہل لوگ یہ گمان نہ کرلیں کہ ان دونوں سورتوں کے سوا کوئی سورت پڑھنی جائز نہیں۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے کہا کہ نماز میں سورت کی تعیین اس شخص کے لئے مکروہ ہے جو اس کو ضروری سمجھے اور کوئی دوسری سورت پڑھنا کافی نہ خیال کرے یا اس کو مکروہ جانتا ہو،، لہٰذا طبرانی میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول روائت "یُدِیْمُ ذَالِکَ" کہ اس پر استدامت فرماتے تھے،، کی بھی وضاحت ہوگئی چنانچہ ابن عربی نے کہا کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کے لئے عموماً پڑھا جائے مگر کبھی کبھی ترک بھی کر دینا چاہیئے تاکہ عوام اس کو سنت مؤکدہ نہ گمان کرلیں!،،

باب ـــ "دیہات اور شہروں میں جمعہ پڑھنا"

۸۵۴ ـــ ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد شریف میں جمعہ ادا کرنے کے بعد سب سے پہلے جو جمعہ پڑھا گیا وہ قبیلہ عبدالقیس کی مسجد میں جمعہ کی نماز کا قیام تھا جو بحرین کے علاقہ میں جواثیٰ قلعہ میں تھی۔

۸۵۴ ـــ شرح : اس حدیث سے شوافع نے استدلال کیا کہ دیہات میں جمعہ پڑھا جائے جبکہ وہاں چالیس آزاد لوگ مقیم ہوں،، مگر یہ استدلال صحیح نہیں کیونکہ جواثی شہر ہے گاؤں نہیں،، چنانچہ ابن تین نے شیخ ابوالحسن سے ذکر کیا کہ جواثی شہر ہے جو بصری کی صحاح اور زمخشری کی بلدان میں ہے کہ جواثی بحرین کے علاقہ میں قلعہ ہے، ابوعبید بکری نے کہا کہ یہ بحرین میں شہر ہے،، اس کی آبادی چار ہزار سے زائد اشخاص پر مشتمل تھی،، جن روایات میں اس پر "قریہ" کا اطلاق ہوا ہے وہ لغوی معنیٰ کے اعتبار سے ہے چنانچہ قرآن کریم میں مکہ مکرمہ اور طائف پر قریتین کا اطلاق ہوا ہے۔ ارشاد خداوند قدوس ہے " وَلَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْآنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ،، یعنی مکہ اور طائف کے کسی عظیم شخصیت پر یہ قرآن نازل کیوں نہ ہوا،، اگر اس کو گاؤں بھی تسلیم کرلیا جائے تو کسی حدیث سے یہ ثابت نہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اطلاع پانے کے بعد اس کی تقریر و تثبیت کی ہو،،

marfat.com

امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا جمعہ صرف شہر یا اس کے متعلق آبادی میں واجب ہے دیہات میں جمعہ جائز نہیں اس کی دلیل یہ ہے کہ عبدالرزاق نے مصنف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روائت ذکر کی ،، کہ جمعہ اور تشریق صرف جامع شہر میں جائز ہے ،، اس روائت کو ابن ابی شیبہ نے مصنف میں حضرت علی المرتضیٰ سے یوں روائت کیا ہے " کہ جمعہ، تشریق ، صلوٰۃِ فطر اور اضحی صرف جامع شہر یا عظیم شہر میں جائز ہیں ،، نیز انھوں نے صحیح سند کے ساتھ ذکر کیا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا " لَا جُمُعَةَ وَلَا تَشْرِيقَ اِلَّا فِي مِصْرٍ جَامِعٍ " اور یہ حدیث حجاج بن ارطاۃ کے طریق سے صحیح ہے اسی طرح جریر کے طریق سے اس کی سند صحیح ہے لہٰذا یہ نہ کہا جائے کہ نووی نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے کیونکہ امام نووی غالبًا ان طرق پر مطلع نہیں ہوئے ورنہ ایسا نہ کہتے ،،

(۱) جو ابوداؤد داؤد نے کعب بن مالک سے روائت کی ہے کہ کعب بن مالک جب جمعہ کے دن اذان کی آواز سنتے تو اسعد بن زرارہ کے لئے رحم کی دعا کرتے عبدالرحمٰن بن کعب نے کہا آپ جمعہ کی اذان سنتے ہیں تو اسعد بن زرارہ کے لئے دعا کرتے ہیں اس کی وجہ کیا ہے کعب بن مالک نے کہا انھوں نے سب سے پہلے ہم کو ہزمِ نبیت میں جمعہ پڑھایا تھا میں نے کہا اس وقت کل کتنے لوگ تھے انھوں نے کہا صرف چالیس اشخاص تھے ، یہ ضعیف حدیث ہے کیونکہ اس حدیث کا مدار محمد بن اسحاق پر ہے اور محمد بن اسحاق جس روائت میں منفرد ہو حفاظ حدیث اس سے احتیاط کرتے ہیں اور یہ کہنا کہ یہ مسلم کی شرط پر ہے بھی درست نہیں کیونکہ مسلم نے متابعت کے سوا اس کی کوئی روائت ذکر نہیں کی ،، امام بیہقی نے محمد بن اسحاق میں بہت کلام کیا ہے ۔

(۲) امام ترمذی نے اہلِ قباء کے ایک شخص سے اُس نے اپنے باپ سے جو صحابی ہیں روائت کی کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم فرمایا کہ قباء سے آکر (مدینہ منورہ) جمعہ پڑھیں ،، امام ترمذی نے کہا اس حدیث کو ہم صرف اسی طریقہ سے پہچانتے ہیں اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں کوئی شئی ثابت نہیں ،،

(۳) دیہات میں جمعہ کے مجوزین کی بہت بڑی دلیل یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں جب تشریف لائے تو وہاں چھوٹی چھوٹی مختلف بستیاں تھیں آپ نے بنی نجار میں مسجد بنائی اور وہاں جمعہ قائم کیا جبکہ وہ چھوٹی سی بستی تھی نہ وہ بڑا گاؤں تھا اور نہ ہی وہاں شہر تھا مگر یہ دلیل نہائت ہی کمزور ہے کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ کے اس وقت کے حال کو زیادہ جانتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ مصر یا فناء کے بغیر جمعہ جائز نہیں معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت مدینہ منورہ شہر تھا اس کے علاوہ ہم کہتے ہیں شہر بنانا تو امام کا کام ہے امام جس مقام کو شہر بنا دے وہ شہر ہوتا ہے اور امام جہاں بھی قیام کرے وہ جمعہ قائم کر سکتا ہے ،،

(۴) جن روایات میں نظر آتا ہے کہ اتنے لوگوں نے کسی گاؤں میں جمعہ پڑھا تھا وہ نہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے پڑھا گیا اور نہ ہی آپ نے اس کی توثیق کی ہے ،، ورنہ کسی روائت میں اس کا ذکر ہوتا ۔

(۵) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ اس شخص پر واجب ہے جو شہر میں جمعہ پڑھ کر شام کو اپنے گھر واپس آجائے امام ترمذی نے اس حدیث کے اسناد کو ضعیف کہا ہے"

(۶) امام بیہقی نے معرفت میں ذکر کیا کہ زہری نے کہا جب نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مصعب بن عُمیر کو مدینہ منورہ میں وہاں کے لوگوں کو قرآن کی تعلیم کے لئے بھیجا تو مصعب نے لوگوں کو جمعہ پڑھایا جبکہ وہ صرف بارہ اشخاص تھے

marfat.com

٨٥٥ حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي سَالِمٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَزَادَ اللَّيْثُ قَالَ يُونُسُ كَتَبَ رُزَيْقُ بْنُ حَكِيمٍ إِلَى ابْنِ شِهَابٍ وَأَنَا مَعَهُ يَوْمَئِذٍ بِوَادِي الْقُرَى هَلْ تَرَى أَنْ أَجْمِعَ وَرُزَيْقٌ عَامِلٌ عَلَى أَرْضٍ يَعْمَلُهَا وَفِيهَا جَمَاعَةٌ مِنَ السُّودَانِ وَغَيْرِهِمْ وَرُزَيْقٌ يَوْمَئِذٍ عَلَى أَيْلَةَ فَكَتَبَ ابْنُ شِهَابٍ وَأَنَا أَسْمَعُ يَأْمُرُهُ أَنْ يُجَمِّعَ بِهِمْ وَأَخْبَرَهُ أَنَّ سَالِمًا حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ الْإِمَامُ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي أَهْلِهِ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا وَمَسْئُولَةٌ عَنْ رَعِيَّتِهَا وَالْخَادِمُ رَاعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ قَالَ وَحَسِبْتُ أَنْ قَدْ قَالَ وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي مَالِ أَبِيهِ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مدینہ منوّرہ میں تشریف لانے سے پہلے حضرت مصعب نے سب سے پہلے لوگوں کو جمعہ پڑھایا۔ امام بیہقی نے کہا یہ بارہ اشخاص بارہ نقباء تھے جو ان کے ساتھ بحیثیت معاون آئے تھے،، اس کا جواب یہ ہے کہ مصعب رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے جمعہ نہیں پڑھایا تھا اور نہ ہی آپ نے اس کی تقریر فرمائی ہے جبکہ امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اس بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی شئ ثابت ہی نہیں واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

---

٨٥٥ ——

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سب راعی (نگہبان) ہو، لیث نے یہ اضافہ کیا،، کہ یونس نے کہا کہ زُریق بن حکیم نے ابن شہاب کو لکھا میں اس وقت ان کے ساتھ وادی القریٰ میں تھا،، کیا تمہاری رائے ہے کہ میں جمعہ کی نماز پڑھوں؟ وہاں وہ زُریق زمین میں کھیتی باڑی کرا رہے تھے جبکہ وہاں حبشیوں وغیرہ کی ایک جماعت رہتی تھی اور اس وقت زُریق "ایلہ" کے حاکم تھے،، ابن شہاب نے جواب لکھا اور میں سُن رہا تھا وہ ان کو حکم کر رہے تھے کہ وہاں جمعہ کی نماز پڑھیں،، ابن شہاب ان کو خبر دے رہے تھے کہ حضرت سالم نے ان کو خبر دی ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے تھے کہ میں نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہُوئے سُنا کہ تم سب نگہبان ہو اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ امام نگہبان ہے اس سے اس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا،، مرد اپنے گھر کا نگہبان ہے اس سے اپنی رعیت کے بارے میں پُوچھا جائے گا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگہبان ہے وہ اپنی رعیت کے بارے میں پوچھی جائے گی،، خادم اپنے مالک کے مال کا نگہبان ہے اس سے اپنی ذمہ داری کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ سالم یا ابن عمر نے کہا میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا مرد اپنے باپ کے مال کا نگہبان ہے اس سے اپنی ذمہ کے بارے میں پوچھا جائے گا،، تم سب نگہبان ہو اور ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں پرسش ہوگی۔

marfat.com

بَابٌ هَلْ عَلَى مَنْ لَا يَشْهَدُ الْجُمُعَةَ

غُسْلٌ مِنَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ وَغَيْرِهِمْ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ إِنَّمَا الْغُسْلُ عَلَى مَنْ يَجِبُ عَلَيْهِ الْجُمُعَةُ حَدَّثَنَا ۸۵۶ ۳۵۸
أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ
يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ جَاءَ مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ حَدَّثَنَا ۸۵۷ ۳۵۸
عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ

---

۸۵۵ ــــ شرح : زریق جس زمین میں کھیتی باڑی کرا رہے تھے نے اس میں جمعہ پڑھنے کے متعلق پوچھا تھا۔ اُنھوں نے ایلہ کے متعلق نہیں پوچھا تھا کیونکہ ایلہ شہر تھا وہاں اس سوال کی ضرورت ہی نہیں تھی ،، اگر کوئی شخص ایسا ہو کہ نہ تو وہ حاکم ہو نہ اس کی بیوی بچے ہوں اور نہ ہی وہ غلاموں کا مالک ہو وہ کس کی نگہبانی کرے گا ؟ تو اس کی نگہبانی کی صورت یہ ہے" کہ وہ اپنے دوست ، احباب کے حقوق کی نگہبانی کرے۔ ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ جب ہم سے ہر ایک راعی ہُوا تو رعیّت کیا ہوگی تو اس کے جواب میں یہ کہنا ممکن ہے کہ انسان کے اعضاء ، جوارح اور اُس کے حواس و قُویٰ وغیرہ اس کی رعیّت ہوں گے اور راعی بھی کسی اور اعتبار سے مرعیّ (رعیت) ہو جاتا ہے جیسے ایک شخص امام کی رعیت ہے اور اپنے گھر میں راعی ہے یا اس حدیث کے مخاطب وہ لوگ ہیں جو اصلاح کے قابل ہیں اور ان کو تصرفات حاصل ہیں اور کلّکُمْ ،، میں "کل" استغراقی نہیں عرفی ہے ،،

امام بخاری نے اس حدیث کو اس لئے ذکر کیا ہے کہ " اَیْلَۃُ ،، شہر ہے یا گاؤں ہے ،، اور باب میں دونوں کا ذکر ہے مگر مشہور یہ ہے کہ یہ شہر ہے۔ زُریق کا کھیتی باڑی والی زمین میں جمعہ پڑھنا احناف کے مسلک کے خلاف نہیں کیونکہ حاکم یا امیر خلیفہ کی طرف سے مامور ہوتا ہے۔ وہ جہاں بھی ہو جمعہ قائم کر سکتا ہے کیونکہ ہمارے نزدیک جمعہ کے قیام کے لئے امام یا اس کا نائب شرط ہے جمعہ کے لئے اذنِ عام بھی شرط ہے لہٰذا جہاں مسجد میں آنے کی عام اجازت نہ ہو وہاں جمعہ فرض نہیں چنانچہ قیدیوں پر جمعہ اس لئے فرض نہیں کہ جیل میں عام لوگوں کو داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوتی اسی طرح جن فیکٹریوں اور کارخانوں میں عام لوگوں کو جانے کی اجازت نہ ہو ان کی مساجد میں جمعہ ادا نہیں ہوتا۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب ــــ عورتوں اور بچّوں وغیرہم سے جو جمعہ پڑھنے کے لئے حاضر نہ ہوں کیا ان کے لئے غسل ہے ؟

۸۵۶ ــــ ترجمہ : زہری رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے سالم بن عبد اللہ نے بیان کیا کہ اُنھوں نے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ میں نے جناب

marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُحْتَلِمٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بَيْدَ اَنَّهُمْ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا وَاُوْتِيْنَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ فَهٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَهَدَانَا اللّٰهُ لَهٗ فَغَدًا لِّلْيَهُوْدِ وَبَعْدَ غَدٍ لِّلنَّصَارٰى فَسَكَتَ ثُمَّ قَالَ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ اَنْ يَّغْتَسِلَ فِيْ كُلِّ سَبْعَةِ اَيَّامٍ يَوْمًا يَغْسِلُ فِيْهِ رَاْسَهٗ وَجَسَدَهٗ رَوَاهُ اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ حَقٌّ اَنْ يَّغْتَسِلَ فِيْ كُلِّ سَبْعَةِ اَيَّامٍ يَوْمًا

۸۵۸

رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ تم میں سے جو کوئی جمعہ پڑھنے آئے وہ غسل کرے،،

۸۵۷— ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،، جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ پر واجب ہے،،

۸۵۶ ، ۸۵۷— شرح : ان دونوں حدیثوں کی باب سے مناسبت مفہوم کے اعتبار سے ہے کیونکہ حدیث ع۸۵۶ کا صریح منطوق یہ ہے کہ جو شخص جمعہ کو نہ آئے اس پر غسل واجب نہیں ہے کیونکہ جو شخص جمعہ میں نہ آئے وہ اس میں حاضر نہیں ہوتا ہے۔ امام بخاری کی استفہام سے مراد بھی یہ ہے کہ جو جمعہ کو حاضر نہ ہو اس پر غسل واجب نہیں اور حدیث ع۸۵۷ کا مفہوم یہ ہے کہ جو بالغ نہ ہو اس پر غسل واجب نہیں کیونکہ جو بالغ نہ ہو وہ جمعہ میں حاضر نہیں ہوتا ہے،، ان دونوں حدیثوں کی تفہیم حدیث ع۸۲۹ کی شرح میں مذکور ہے،،

۸۵۸— ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم (دنیا میں) آخر ہیں قیامت کے دن سابق ہیں وہ لوگ (یہود و نصاریٰ) ہم سے پہلے کتاب (تورات و انجیل) دیئے گئے ہم ان کے بعد کتاب (قرآن) دیئے گئے۔ یہ دن (جمعہ) وہ ہے جس میں اُنھوں نے اختلاف کیا اور اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس کی راہ دکھادی،، کل کا دن (ہفتہ) یہود کے لئے اور کل کے بعد والا دن (اتوار) نصاریٰ کے لئے ہے (یہ فرماکر) آپ خاموش ہوگئے پھر فرمایا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ سات دنوں میں سے ایک دن میں اپنا سَر اور جسم دھوئے (غسل کرے) اس حدیث کی ابان بن صالح نے مجاہد سے اُنھوں نے طاؤس سے اُنھوں نے ابوہریرہ سے روائت کی ابوہریرہ نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ وہ ہر سات دنوں میں ایک دن غسل کرے،،

۸۵۸— شرح : ہر مسلمان سے مراد بالغ مسلمان ہے کیونکہ باب کی احادیث ایک دوسری کی تفسیر کیا کرتی ہیں،، لہٰذا ہر محتلم سے مراد

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ۸۵۹

قَالَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ائْذَنُوْا لِلنِّسَاءِ بِاللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ ثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ اِمْرَاَةٌ لِعُمَرَ تَشْهَدُ صَلٰوةَ الصُّبْحِ وَالْعِشَاءِ فِي الْجَمَاعَةِ فِي الْمَسْجِدِ فَقِيْلَ لَهَا لِمَ تَخْرُجِيْنَ وَقَدْ تَعْلَمِيْنَ اَنَّ عُمَرَ يَكْرَهُ ذٰلِكَ وَيَغَارُ قَالَتْ فَمَا يَمْنَعُهُ اَنْ يَنْهَانِيْ قَالَ يَمْنَعُهُ قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوْا اِمَاءَ اللّٰهِ مَسَاجِدَ اللّٰهِ ۸۶۰

مسلمان بالغ ہے ،، اور مسلمان نابالغ اس حکم سے خارج ہوگا اور ”من لم یشہد الجمعہ ،، میں داخل ہوجائے گا۔

نیز مسلمان سے وہ مسلمان مراد ہے جو جمعہ میں آئے اور جو مسلمان جمعہ میں نہ آئے وہ اس سے خارج ہے“ لہذا اس حدیث کی مطابقت باب کے ساتھ واضح ہے ! اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کے دن غسل کرنا مسنون ہے !واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

---

۸۵۹ — ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورتوں کو رات کے وقت (نماز کے لئے) مساجد میں جانے کی اجازت دو ،،

۸۶۰ — ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ عمر فاروق کی بیوی صبح اور شام کی نمازیں باجماعت پڑھنے مسجد میں حاضر ہوتی تھی اُن سے کہا گیا تم گھر سے باہر کیوں آتی ہو جبکہ تم جانتی ہو کہ عمر فاروق اس کو اچھا نہیں جانتے ہیں اور غیرت کرتے ہیں اُنھوں نے کہا ان کو مجھے منع کرنے سے کون منع کرتا ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ اللہ تعالیٰ کی بندیوں کو اللہ کی مساجد میں آنے سے منع نہ کرو ،، ان کو منع کرتا ہے ،،

۸۵۹ ، ۸۶۰ — شرح : حدیث ع۸۵۹ کی باب سے مطابقت اس طرح ہے کہ عورتوں کے حق میں جمعہ اس حکم سے نکل جاتا ہے لہذا ان پر جمعہ میں حاضر ہونا ضروری نہیں اور جو جمعہ میں حاضر نہ ہو اس پر غسل بھی نہیں اس حدیث کی تفہیم حدیث ع۸۲۶ کے تحت مذکور ہے ،،

اور حدیث ع۸۶۰ کی باب سے مطابقت اس طرح ہے کہ یہ حدیث مطلق ہے اور پہلی مقید ہے۔امام بخاری نے مطلق کو مقید پر محمول کیا ہے ،، لہذا حدیث کا معنیٰ یہ ہوا کہ اللہ کی بندیوں کو رات کو اللہ کی مساجد سے منع نہ کرو اس سے جمعہ نکل جاتا ہے کیونکہ وہ رات میں نہیں لہذا وہ جمعہ کو حاضر نہ ہوں گی اور جو جمعہ کو حاضر نہ ہو اس پر غسل بھی نہیں - ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ میں حاضر ہونے والے کے لئے غسل کرنا مستحب ہے - واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم !

marfat.com

٨٦١ بَابُ الرُّخْصَةِ اِنْ لَمْ يَحْضُرِ الْجُمُعَةَ فِى الْمَطَرِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ الْحَمِيْدِ صَاحِبُ الزِّيَادِىِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ ابْنِ عَمِّ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِمُؤَذِّنِهٖ فِىْ يَوْمٍ مَطِيْرٍ اِذَا قُلْتَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَلَا تَقُلْ حَىَّ عَلَى الصَّلٰوةِ قُلْ صَلُّوْا فِىْ بُيُوْتِكُمْ فَكَاَنَّ النَّاسَ اسْتَنْكَرُوْا فَقَالَ فَعَلَهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنِّىْ اَنَّ الْجُمُعَةَ عَزْمَةٌ وَاِنِّىْ كَرِهْتُ اَنْ اُحْرِجَكُمْ فَتَمْشُوْنَ فِى الطِّيْنِ وَالدَّحْضِ بَابٌ مِّنْ اَيْنَ تُؤْتَى الْجُمُعَةُ وَعَلٰى مَنْ تَجِبُ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِذَا نُوْدِىَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ وَقَالَ عَطَاءٌ اِذَا كُنْتَ فِىْ قَرْيَةٍ جَامِعَةٍ فَنُوْدِىَ بِالصَّلٰوةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَحَقٌّ عَلَيْكَ اَنْ تَشْهَدَهَا سَمِعْتَ النِّدَاءَ اَوْ لَمْ تَسْمَعْ وَكَانَ اَنَسٌ فِىْ قَصْرِهٖ اَحْيَانًا يُجَمِّعُ وَاَحْيَانًا لَا يُجَمِّعُ وَهُوَ بِالزَّاوِيَةِ عَلٰى فَرْسَخَيْنِ

باب — جو کوئی جمعہ کی نماز میں بارش کے دن حاضر نہ ہو اس کے لئے رخصت —"

٨٦١ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بارش کے دن اپنے مؤذن سے کہا جب تو "اشہد ان محمدًا رسول اللہ" کہے تو "حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ" نہ کہنا اور "صَلُّوْا فِیْ بُیُوْتِکُمْ" کہنا (نماز اپنے گھروں میں پڑھو) لوگوں نے اس کا (حی علی الصلوٰۃ کی بجائے صلوا فی بیوتکم) انکار کیا تو انھوں نے کہا اس طرح انھوں نے کیا جو مجھ سے بہتر ہیں (سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم) بے شک جمعہ فرض ہے مگر میں یہ اچھا نہیں سمجھتا کہ تم کو مشقت میں ڈالوں اور تم کیچڑ اور پھسلن میں چلو"

٨٦١ — شرح : یعنی اگرچہ جمعہ فرض ہے لیکن بارش ایسا عذر ہے جس کی وجہ سے فرض کی رخصت ہو جاتی ہے۔ یہ ابن عباس کا مذہب ہے" ترکِ جمعہ کے اعذار سے ایک عذر شدید بارش ہے" یا اس قدر شدید آندھی ہو کہ جامع مسجد میں جانا دشوار ہو" اسی طرح سخت سردی ہو کہ جامع مسجد میں جانے سے ضیاع کا خوف ہو تو اپنے اپنے گھروں میں ظہر کی نماز پڑھنا جائز ہے۔ جمہور علماء کا یہی مذہب ہے لیکن شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک اس میں یہ قید ضروری ہے کہ کپڑے بھیگ جانے سے تکلیف ہو اگر بارش ہلکی جس میں عموماً چل پھر سکتے ہیں تو یہ عذر نہیں۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک بارش کی وجہ سے جمعہ ترک کرنا جائز نہیں" واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جمعہ کے لئے کتنی دُور سے آئیں اور کس پر جُمعہ فرض ہے "

marfat.com

٨٦٢ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ

ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ جَعْفَرٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَیْرِ حَدَّثَهٗ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ النَّاسُ یَنْتَابُوْنَ الْجُمُعَةَ مِنْ مَنَازِلِهِمْ وَالْعَوَالِیْ فَیَاْتُوْنَ فِی الْغُبَارِ یُصِیْبُهُمُ الْغُبَارُ وَالْعَرَقُ فَیَخْرُجُ مِنْهُمُ الْعَرَقُ فَاَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْسَانٌ مِنْهُمْ وَهُوَ عِنْدِیْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّكُمْ تَطَهَّرْتُمْ لِیَوْمِكُمْ هٰذَا

کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جب جمعہ کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے تو جمعہ کی طرف سعی کرو "

عطاء نے کہا جب تم شہر میں داخل ہو اور جمعہ کی نماز کے لئے اذان دی جائے تو تم پر ضروری ہے کہ جمعہ میں حاضر ہو اذان کی آواز سنو یا نہ سنو ،، حضرت انس رضی اللہ عنہ کبھی اپنے محل میں جمعہ کی نماز قائم کر لیتے تھے اور کبھی قائم نہ کرتے تھے جبکہ وہ بصرہ سے دو فرسخ (چھ میل) کے فاصلہ پر زاویہ میں مقیم تھے ،،

شرح : حضرت انس رضی اللہ عنہ کا مکان بصرہ سے چھ میل دُور زاویہ مقام میں تھا جہاں وہ مقیم تھے اور وہاں موجود لوگوں کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ لیتے تھے اور کبھی بصرہ کی جامع مسجد میں جاکر جمعہ پڑھتے تھے ،، عطاء رضی اللہ عنہ کے اثر کا مطلب یہ ہے کہ جب تو شہر میں موجود ہو تو جمعہ کی اذان سُنے یا نہ سُنے جمعہ کی نماز پڑھو ،، اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے ،، حافظ عبدالرزاق نے ابن جریج کے طریق سے عطاء سے روایت کی کہ میں نے عطاء سے کہا " قریہ جامعہ " کسے کہتے ہیں اُنھوں نے کہا جہاں امیر، قاضی اور ایک دُوسرے سے ملے جُلے ہُوئے کئی مکانات ہوں یہ شہر کی تعریف ہے اس پر قریہ کا اطلاق ایسا ہے جیسے قرآن کریم میں مکہ مکرمہ اور طائف پر قریتین کا اطلاق ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْیَتَیْنِ "

دیہات میں جمعہ فرض نہیں ابو داؤد کی روایت میں ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے عید کی نماز پڑھانے کے بعد فرمایا جو شخص ہمارے ساتھ جمعہ ادا کرنا چاہیئے ادا کرے جبکہ لوگ دیہات سے مدینہ منورہ میں عید پڑھنے آئے ہُوئے تھے اور جمعہ کا دن تھا ،،

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا زوجۂ محترمہ نبیٔ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ جمعہ کے دن اپنے گھروں اور عوالی سے باری باری آتے تھے (مدینہ منورہ میں) وہ گرد و غبار میں چل کر آتے اور وہ اُن پر پڑتی اور پسینہ آجاتا اور ان سے خوب پسینہ نکلتا (اور ان سے بو آنے لگتی) ان میں سے ایک شخص سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا جبکہ آپ میرے پاس تشریف فرما تھے تو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اس دن کے لئے غسل کر لیتے تو اچھا ہوتا۔

٨٦٢ ——

marfat.com

بَابُ وَقْتِ الْجُمُعَةِ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَذٰلِكَ يُذْكَرُ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ وَعَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ أَنَّهُ سَأَلَ عَمْرَةَ عَنِ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَتْ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ النَّاسُ مَهَنَةَ أَنْفُسِهِمْ وَكَانُوا إِذَا رَاحُوا إِلَى الْجُمُعَةِ رَاحُوا فِي هَيْئَتِهِمْ فَقِيْلَ لَهُمْ لَوِ اغْتَسَلْتُمْ ٨٦٣

---

٨٦٢ — شرح: "عوالی" عالیہ کی جمع ہے مدینہ منورہ سے مشرق کی جانب دو میل سے آٹھ میل کی مسافت میں دیہات ہیں،، علماء کی ایک جماعت نے کہا جو شخص نمازِ جمعہ پڑھ کر شام کو اپنے گھر پہنچ جائے اس پر جمعہ فرض ہے،، امام زہری نے کہا شہر سے باہر چھ میل دُور تک رہنے والوں پر جمعہ فرض ہے،، امام مالک، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم نے کہا جمعہ کی اذان سننے والے پر جمعہ فرض ہے،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک شہر سے باہر رہنے والوں پر جمعہ فرض نہیں۔ علماء کی جماعت نے اپنے مسلک کی دلیل میں کہا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روائت ہے کہ "اَلْجُمُعَةُ عَلٰى مَنْ آوَاهُ اللَّيْلُ إِلٰى أَهْلِهِ،، مگر امام ترمذی اور علامہ بیہقی نے اس روائت کو ضعیف کہا ہے اور امام احمد نے اسے لاشئ کہا ہے،، یعنی یہ حدیث کوئی شئ نہیں۔ امام مالک اور دیگر ائمہ نے ابوداؤد میں مذکور اس حدیث سے استدلال کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "الجمعة علی من سمع النداء،، ابوداؤد نے کہا اس حدیث کی علماء کی جماعت نے سفیان سے روائت کی ہے جو حضرت عبداللہ بن عمرو پر موقوف ہے مرفوع نہیں ہے اس کو دارقطنی نے بروائت ولید زہیر بن محمد سے ذکر کیا لیکن زہیر سے شامی لوگ منکر احادیث روائت کرتے ہیں ان میں سے ولید بن مسلم ہے،، نیز دارقطنی نے اس حدیث کو بروائت محمد بن فضل بن عطیہ حجاج بن ارطاۃ سے ذکر کیا ہے اور ابن عطیہ ضعیف تر ہے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک شہر سے باہر رہنے والوں پر جمعہ فرض نہیں اس کی دلیل حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مذکور روائت ہے کہ "لاجمعة الا فی مصر جامع اور مصلّی مصرٍ،، احناف کے نزدیک مختار یہ ہے کہ شہر سے دو میل کم باہر تک رہنے والوں پر جمعہ فرض ہے،، متن میں مذکور حدیث کا جواب واضح ہے کہ دو میل تک رہنے والوں پر جمعہ فرض ہوتا تو وہ باری باری نہ آتے بلکہ تمام آتے،، واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جمعہ کا وقت جبکہ سورج ڈھل جائے

اسی طرح عمر فاروق، علی المرتضیٰ، نُعمان بن بشیر اور عمرو بن حُریث رضی اللہ عنہم سے روائت ہے

٨٦٣ — ترجمہ: یحییٰ بن سعید بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے عمرہ سے جمعہ کے دن غسل کے متعلق پوچھا تو اُس نے کہا کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا لوگ اپنے کام

marfat.com

حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ٨٦٤
عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْجُمُعَةَ حِينَ تَمِيلُ الشَّمْسُ
حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا ٨٦٥
نُبَكِّرُ الْجُمُعَةَ وَنَقِيلُ بَعْدَ الْجُمُعَةِ بَابُ إِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا
حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو خَلْدَةَ هُوَ خَالِدُ بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ كَانَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَدَّ الْبَرْدُ بَكَّرَ بِالصَّلٰوةِ وَإِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ أَبْرَدَ بِالصَّلٰوةِ يَعْنِي الْجُمُعَةَ وَقَالَ يُونُسُ

خود کیا کرتے تھے" وہ جب جمعہ کے لئے جاتے تو اسی حالت میں جاتے (کاروبار کی حالت میں) اس لئے اُن سے کہا اگر تم غسل کر لیتے تو اچھا تھا"

٨٦٤ — ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم جمعہ اس وقت پڑھتے جبکہ سُورج سر سے مائل ہو جاتا۔

٨٦٥ — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا ہم جمعہ جلدی پڑھ لیتے تھے اور جمعہ پڑھنے کے بعد قیلولہ کرتے تھے"

٨٦٣، ٨٦٤، ٨٦٥ — شرح : ان تینوں حدیثوں کی باب سے مطابقت ظاہر ہے کیونکہ ع٨٦٣ میں "رواح" کا اطلاق زوالِ شمس کے بعد جانے پر ہوتا ہے حدیث ع٨٦٥ میں بالاتفاق تبکیر سے مراد شروع دن نہیں ہے کیونکہ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کے نزدیک اگرچہ جمعہ زوال سے پہلے جائز ہے مگر وہ طلوع شمس کے وقت جمعہ کے جواز کے قائل نہیں لہذا تبکیر سے مراد ظہر کا پہلا وقت ہے بعض علماء نے حدیث کا معنیٰ یہ بیان کیا ہے کہ ہم زوال کے بعد اوّل وقت میں جمعہ پڑھ لیتے تھے" چونکہ لوگ جمعہ کے دن جمعہ کی تیاری میں مصروف رہتے تھے اس لئے کھانا جمعہ کے بعد کھاتے اور پھر قیلولہ کرتے تھے"

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کا وقت زوال کے بعد ہے اور یہی ظہر کا وقت ہے اور مکروہ بُو زائل کرنے کے لئے جمعہ کے دن غسل کرنا مستحب ہے تاکہ لوگوں اور فرشتوں کو اذیت نہ پہنچے"

باب — جُمعہ کے دن جب گرمی سخت ہو جائے"

٨٦٦ — ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب سردی سخت ہوتی تو نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم (ظہر کی نماز) نماز اوّل وقت میں

marfat.com

ابن بکیر اخبرنا ابو خلدۃ وقال بالصلوٰۃ ولم یذکر الجمعۃ وقال بشر بن ثابت حدثنا ابو خلدۃ صلی بنا امیر الجمعۃ ثم قال لانس کیف کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الظہر باب المشی الی الجمعۃ وقول اللہ عزوجل فاسعوا الی ذکر اللہ ومن قال السعی العمل والذہاب لقولہ تعالیٰ وسعی لہا سعیہا وقال ابن عباس یحرم البیع حینئذ وقال عطاء تحرم الصناعات کلہا وقال ابراہیم بن سعد عن الزہری اذا اذن المؤذن یوم الجمعۃ وہو مسافر فعلیہ ان یشہد

پڑھ لیتے اور جب گرمی سخت ہو جاتی تو نمازِ جمعہ کو ٹھنڈی کر کے پڑھتے،،

یونس نے بکیر سے روائت کرتے ہوئے کہا ہم کو ابو خلدہ نے خبر دی کہ انھوں نے نماز کا ذکر کیا جمعہ کا ذکر نہیں کیا بشر بن ثابت نے کہا ہم کو ابو خلدہ نے خبر دی کہ امیرِ جمعہ نے ہم کو جمعہ پڑھایا پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کیسے پڑھتے تھے ؟

۸۶۶ —— **شرح** : اس حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ جمعہ کا وقت وہی ہے جو ظہر کا وقت ہے،، اور سورج ڈھلنے کے بعد جمعہ پڑھا جائے،، اور جب گرمی شدت اختیار کر جائے تو ٹھنڈے وقت میں پڑھا جائے جبکہ سورج کافی ڈھل جائے،، جمعہ کی نماز میں زیادہ تاخیر نہیں ہونی چاہیئے جس سے لوگوں کو اپنے گھروں کو جانے میں تشویش لاحق ہو کیونکہ عادۃً بعض لوگ دُور دُور سے چل کر آتے ہیں،،

باب —— جمعہ کے لئے سعی کرنا

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے،، اللہ کے ذکر کی طرف سعی کرو،، اور جس نے کہا سعی عمل اور چلنے کا نام ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے،، سَعٰی لَہَا سَعْیَہَا،، یعنی اس کے لئے عمل کیا اور گیا،، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا اذان کے وقت خرید و فروخت حرام ہے،، عطاء نے کہا تمام کاروبار حرام ہیں،، ابراہیم بن سعد نے زہری سے روائت کی کہ جمعہ کے دن جب مؤذن اذان کہے تو جمعہ کو حاضر ہو اگرچہ وہ مسافر ہو،،

شرح : سعی کا معنی جمعہ کے لئے جانا ہے یعنی جب اذان ہو جائے تو تمام امور چھوڑ کر جمعہ کے لئے جائے، اس وقت خرید و فروخت کے تمام امور حرام ہیں جو سعی میں مخل ہوں" جمعہ کی نماز کے ختم ہونے تک تحریم بدستور رہتی ہے،، اور نماز جمعہ کے بعد بیع وغیرہ حلال ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کی اذان کے وقت خرید و فروخت حرام ہے ایسے ہی خطبہ کے وقت کلام کرنا حرام ہے اور خطبہ کے بعد کلام کرنا جائز ہے اور نماز کے بعد تجارت جائز ہے،، صاحبِ ہدایہ نے کہا وجوبِ سعی اور حرمتِ بیع میں وہی اذان معتبر ہے جو زمانۂ نبوت میں اذان تھی یعنی منبر کے سامنے والی اذان،، اور یہی مختار ہے" حضرت

marfat.com

٨٦٧ حدثنا علي بن عبد الله قال حدثنا الوليد بن مسلم قال حدثنا زهير بن أبي ثابت قال
حدثنا عباية بن رفاعة قال أدركني أبو عبس وأنا أذهب إلى الجمعة فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول
من اغبرت قدماه في سبيل الله حرمه الله على النار ٨٦٨ حدثنا آدم قال حدثنا ابن أبي ذئب قال حدثنا الزهري عن سعيد وأبي
سلمة عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم ح وحدثنا أبو اليمان قال أخبرنا شعيب عن الزهري قال أخبرني أبو سلمة بن
عبد الرحمن أن أبا هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إذا أقيمت الصلوة فلا تأتوها تسعون
وأتوها تمشون وعليكم السكينة فما أدركتم فصلوا وما فاتكم فأتموا

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا جمعہ کی پہلی اذان بدعت ہے،، امام ابوحنیفہ، ابویوسف، محمد، زفر اور شافعی رضی اللہ عنہم کے نزدیک اس وقت خرید و فروخت مکروہ ہے جمہور علماء کا یہی مسلک ہے۔ امام مالک اور احمد اور اہلِ ظواہر کے نزدیک بیع باطل ہے،، جن لوگوں پر جمعہ فرض نہیں ان کا بیع وغیرہ کرنا مکروہ نہیں۔ اکثر علماء کا مذہب یہ ہے کہ مسافر پر جمعہ فرض نہیں اگرچہ وہ جمعہ کی اذان سُنے۔ علامہ عینی نے شرح مہذب سے نقل کیا کہ جمعہ کی رات کو طلوعِ سورج سے پہلے سفر کرنا ہمارے مذہب میں جائز ہے۔ دیگر تمام علماء کا بھی یہی مسلک ہے،، البتہ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے منقول ہے کہ جمعرات کو عشاء کی نماز کے بعد جمعہ ادا کرنے تک سفر نہ کیا جائے چنانچہ ابن ابی شیبہ نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ اُنھوں نے کہا جب جمعہ کی رات ہو جمعہ پڑھنے سے پہلے سفر نہ کرو،، زوالِ شمس سے پہلے سفر کرنا امام مالک کے نزدیک جائز ہے اور زوال کے بعد جب ساتھیوں کے غائب ہو جانے کا خطرہ نہ ہو اور راستہ میں بھی جمعہ نہ پڑھ سکے تو امام مالک اور احمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک سفر کرنا جائز نہیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اس کو جائز کہتے ہیں (عینی)

ابن تین رحمہ اللہ نے کہا جس پر جمعہ فرض ہو اس کے لئے خرید و فروخت اور نکاح وغیرہ جو سعی سے مانع ہیں سب حرام ہیں،، جس کا وضوء جاتا رہے اور پانی قیمت کے بغیر نہ ملے تو اس کا وضوء کرنے کے لئے پانی خریدنا جائز ہے اور یہ بیع صحیح ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

---

٨٦٧ — ترجمہ: عباية بن رفاعہ رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے ابوعبس ملے جبکہ میں جمعہ کے لئے جا رہا تھا اور کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ جس کے قدم اللہ کے راہ میں غبار آلود ہو جائیں اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ پر حرام کر دیتا ہے۔

٨٦٨ — ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو دوڑتے ہوئے نہ آؤ،، سکون و اطمینان سے چلو جو نماز پا لو پڑھ لو اور جو رہ جائے اس کو پورا کر لو،،

marfat.com

۸۶۹ حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُتَیْبَۃَ قَالَ

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ یَحْیٰی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَۃَ لَا اَعْلَمُہٗ اِلَّا عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِیْ وَعَلَیْکُمُ السَّکِیْنَۃُ

۸۷۰ بَابٌ لَا یُفَرَّقُ بَیْنَ اثْنَیْنِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ قَالَ اَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ ابْنِ وَدِیْعَۃَ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ اغْتَسَلَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَتَطَہَّرَ بِمَا اسْتَطَاعَ مِنْ طُہْرٍ ثُمَّ ادَّہَنَ اَوْ مَسَّ مِنْ طِیْبِ بَیْتِہٖ ثُمَّ رَاحَ فَلَمْ یُفَرِّقْ بَیْنَ اثْنَیْنِ فَصَلّٰی مَا کُتِبَ لَہٗ ثُمَّ اِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ اَنْصَتَ غُفِرَ لَہٗ مَا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ الْجُمُعَۃِ الْاُخْرٰی

شرح : حدیث ع ۸۶۷ میں صرف قدموں کا ذکر ہے حالانکہ غبار جب زیادہ ہو جائے تو سارا بدن غبار آلود ہو جاتا ہے ۸۶۷ ، ۸۶۸ —— کیونکہ اس وقت اکثر مجاہد پیدل چل رہے تھے اور غبار زیادہ ہو یا کم قدم بہرحال غبار آلود ہو جاتے ہیں نیز انسان کی بنیاد قدم ہیں جب دونوں قدم دوزخ سے محفوظ ہوں گے تو سارے اعضاء محفوظ ہوں گے یہی حال دیگر اعضاء کا ہے اور حدیث ع ۸۶۸ میں سعی سے مراد تیز دوڑنا ہے، یعنی دوڑتے ہوئے نماز کے لئے نہ آؤ یہ وقار کے خلاف ہے اور قرآن کریم میں " فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ " ہے تو اس سعی سے مراد مطلقاً اللہ کے ذکر کے لئے آنے کا حکم ہے دوڑنا مراد نہیں اس کی پوری تفصیل حدیث ع ۶۱۲ کی تفہیم میں مذکور ہے "

ترجمہ : ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا " تم نماز کے لئے کھڑے نہ ہو حتی کہ مجھے دیکھ لو اور تم پرسکون و وقار ہو "

۸۶۹ —— شرح : " عَلَیْکُمُ " اگر اسم فعل ہو تو السکینۃَ " منصوب ہوگا اس تقدیر پر معنی یہ ہے کہ تم سکون اور وقار و بردباری کو لازم پکڑو " اور " اَلسَّکِیْنَۃُ " کو مرفوع پڑھیں تو یہ مبتداء مؤخر اور "علیکم" خبر مقدم ہوگی اس تقدیر پر معنیٰ یہ ہوگا اور تم پرسکون و وقار ہو "

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اقامت بیٹھ کر سننا سنت ہے۔ حدیث ع ۶۱۳ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے "

باب —— جمعہ کے روز دو شخصوں کے درمیان تفریق نہ کرے "

marfat.com

بَابٌ لَا يُقِيمُ الرَّجُلُ أَخَاهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَيَقْعُدُ فِي مَكَانِهِ

٨٧١ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ سَلَامٍ قَالَ أَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقِيمَ الرَّجُلُ أَخَاهُ مِنْ مَقْعَدِهِ وَيَجْلِسَ فِيهِ قُلْتُ لِنَافِعٍ الْجُمُعَةُ قَالَ الْجُمُعَةُ وَغَيْرُهَا

ترجمہ : سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے اور حسب استطاعت طہارت کرے

٨٧٠ — پھر تیل لگائے یا کچھ خوشبو مل لے پھر (جمعہ کے لئے) جائے اور دو شخصوں کے درمیان تفریق نہ کرے اور جو کچھ اس کی قسمت میں ہے نوافل پڑھے پھر جب امام خطبہ کے لئے آئے تو خاموشی سے خطبہ سُنے تو دُوسرے جمعہ تک اس کے سارے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں "

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کے دن غسل کرنا، طہارت کرنا

٨٧٠ — تیل اور خوشبو لگانا، جمعہ کے لئے جلدی جانا، دو شخصوں کے درمیان تفریق نہ کرنا اور خاموشی سے خطبہ سُننا مستحب ہے! اس حدیث کی تفصیل حدیث ٨٤٥ کی تفہیم میں مذکور ہے۔

باب — مرد جُمعہ کے دن اپنے بھائی کو اُٹھا کر خود وہاں نہ بیٹھے!

ترجمہ : ابن جُریج نے کہا میں نے نافع کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ

٨٧١ — عنہما سے سُنا وہ کہتے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا کہ کوئی شخص اپنے بھائی کو اس کی جگہ سے اُٹھا کر خود وہاں بیٹھ جائے "، ابن جریج نے کہا میں نے نافع سے کہا کیا یہ جمعہ کے وقت ہے؟ اُنھوں نے کہا جمعہ اور اس کے غیر میں (سب کا یہی حکم ہے)

شرح : علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا بظاہر یہ نہی تحریم کے لئے ہے جب

٨٧١ — تک کوئی اور دلیل اس کے خلاف نہ ہو کسی شخص کو اپنی جگہ سے اُٹھانا اس لئے ممنوع ہے کہ جگہ خالی ہونے کے باعث وہ مباح جگہ میں پہلے بیٹھ گیا تھا "، اگر کسی شخص کو پہلے مسجد میں بھیج دے اور وہ ایک جگہ بیٹھ جائے کہ جب وہ آئے تو وہ جگہ خالی کر دے اور اس کو وہاں بٹھا دے تو یہ جائز ہے، ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ جمعہ کے دن اپنے غلام کو مسجد میں پہلے بھیج دیا کرتے تھے تو جب ابن سیرین آتے تو وہ جگہ ان کے لئے خالی کر دیا کرتا تھا "، یا کوئی خود اپنی مرضی سے اپنی جگہ کسی اور کے لئے خالی کر دے تاکہ وہ وہاں بیٹھ جائے تو وہ اس نہی میں داخل نہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

٨٧٢ بَابُ الْاَذَانِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ كَانَ النِّدَاءُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اَوَّلُهٗ اِذَا جَلَسَ الْاِمَامُ عَلَى الْمِنْبَرِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ وَكَثُرَ النَّاسُ زَادَ النِّدَاءَ الثَّالِثَ عَلَى الزَّوْرَاءِ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّوْرَاءُ مَوْضِعٌ بِالسُّوْقِ بِالْمَدِیْنَةِ

باب — جمعہ کی اذان

٨٧٢ — ترجمہ : سائب بن یزید نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں جمعہ کی پہلی اذان اس وقت ہُوا کرتی تھی جبکہ امام منبر پر خطبہ کے لئے بیٹھتا جب عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کا عہدِ خلافت آیا اور لوگ زیادہ ہوگئے تو اُنھوں نے زوراء پر تیسری اذان زیادہ کر دی ،،

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا زوراء مدینہ منورہ کے بازار میں ایک جگہ ہے ،،

٨٧٢ — شرح : سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے عہدِ خلافت میں تیسری اذان کا اضافہ کیا اس کو تیسری اذان اس لئے کہا کہ یہ اذان پہلی دو اذانوں پر زیادہ کی گئی ہے، کیونکہ پہلی اذان وہ ہے جو خطیب کے سامنے کہی جاتی ہے دوسری اذان اقامت ہے اور تیسری اذان ظہر کا وقت داخل ہونے کے وقت ہے یہ اذان وجود کے اعتبار سے اوّل اور مشروعیت کے اعتبار سے مؤخر ہے جو سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے اجتہاد سے شروع ہُوئی اور تمام صحابہ نے اس کی موافقت کی اور کسی نے اس پر اعتراض نہ کیا لہذا اس پر اجماع سکوتی ہُوا ،، اقامت پر اذان کا اطلاق ہوتا رہتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " بَیْنَ كُلِّ اَذَانَیْنِ صَلٰوةٌ لِمَنْ یَشَاءُ ،، صاحب ہدایہ نے کہا جب امام منبر پر بیٹھ جائے تو منبر کے سامنے مؤذن اذان کہیں ،، اور امام کا منبر پر بیٹھنے سے پہلے اذان دینا خلافِ سنّت ہے ابوداؤد اور نسائی نے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ہی مؤذن تھا ،، اور وہ حضرت بلال تھے جو جمعہ کو اذان دیتے تھے صحیح بخاری میں ہے کہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ آپ کے مؤذن تھے ،، وہ رمضان مبارک میں اذان دیا کرتے تھے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کو بلال کی اذان سے غلط فہمی نہ ہو جائے جب تک ابن ام مکتوم اذان نہ کہے تم کھاتے پیتے رہو ،، حضرت سعد قرظی بھی مسجد قبا کے مؤذن تھے حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں مؤذن تھے اور حارث صدائی رضی اللہ عنہ نے اذان سیکھی وہ اپنی قوم کی مسجد میں اذان دیتے تھے اسی لئے کہا جاتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ مؤذن تھے مگر جمعہ کا مؤذن صرف ایک ہی تھا اور وہ حضرت بلال تھے۔ مسجد میں اذان کہنا مکروہ خلافِ سنّت ہے۔ اگرچہ جمعہ کی اذان ہو یا پانچوں نمازوں کی اذانیں ہوں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں مسجد کے دروازہ پر اذان کہی جاتی تھی چنانچہ ابوداؤد نے سائب بن

marfat.com

٨٧٣ بَابُ الْمُؤَذِّنِ الْوَاحِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ الَّذِي زَادَ التَّأْذِينَ الثَّالِثَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ حِينَ كَثُرَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ وَلَمْ يَكُنْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُؤَذِّنٌ غَيْرُ وَاحِدٍ وَكَانَ التَّأْذِينُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حِينَ يَجْلِسُ الْإِمَامُ

٨٧٤ يَعْنِي عَلَى الْمِنْبَرِ بَابُ يُجِيبُ الْإِمَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ إِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ حَدَّثَنَا ابْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ أَخْبَرَنَا

یزید سے روایت کی ہے کَانَ یُؤَذِّنُ بَیْنَ یَدَیْ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ إِذَا جَلَسَ عَلَی الْمِنْبَرِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَی بَابِ الْمَسْجِدِ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ ،،

یعنی سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم جمعہ کے دن جب منبر شریف پر تشریف لاتے تو آپ کے سامنے مسجد کے دروازے پر مؤذن اذان کہتا اسی طرح ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے عہدِ خلافت میں تھا ،، اس روایت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خطیب کے سامنے مسجد میں اذان دینا خلافِ سنّت ہے ۔ اور امام کے سامنے اذان کہنے کا یہ مطلب نہیں کہ امام سے چند قدم دُور مسجد میں اذان کہی جائے کیونکہ مسجدِ نبوی کا دروازہ مسجد سے باہر تھا جس پر اذان کہی جاتی تھی اور پانچوں نمازوں کے لئے اذان اونچے مکان پر دی جاتی تھی اسے ابو داؤد نے ذکر کیا ہے اسی لئے سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اذان کے لئے منارہ تعمیر کرایا تھا۔ لہٰذا مسجد میں کوئی بھی اذان مکروہ ہے ! واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جمعہ کے دن ایک مؤذن کا اذان کہنا

٨٧٣ —— ترجمہ : سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس نے جمعہ کے کے دن تیسری اذان زیادہ کی وہ عثمان غنی رضی اللہ عنہ تھے جبکہ مدینہ منوّرہ والے لوگ زیادہ ہو گئے ،، نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ایک مؤذّن کے سوا کوئی مؤذن نہ تھا اور جمعہ کے دن اذان اس وقت دی جاتی تھی جبکہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم منبر شریف پر تشریف رکھتے تھے ۔

٨٧٣ —— شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مستحب امر یہ ہے کہ امام منبر پر بیٹھ جائے پھر اس کے سامنے مؤذّن اذان کہے ،، اور منبر پر خطبہ دینا مستحب ہے اگر منبر نہ ہو تو کسی اُونچی جگہ پر کھڑا ہو کر خطبہ دے کیونکہ منبر نَبْرٌ سے ہے اس کا معنیٰ ارتفاع ہے اس لئے اُونچی جگہ کو منبر کہا جاتا ہے ۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — امام جب اذان سُنے تو منبر پر جواب دے

٨٧٤ —— ترجمہ : ابوبکر بن عثمان بن سہل بن حُنیف نے ابو امامہ بن سہل بن حُنیف سے بیان کیا اُنھوں نے کہا میں نے امیر المؤمنین معاویہ بن ابوسفیان

marfat.com

عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ
ابْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ جَالِسٌ عَلَى الْمِنْبَرِ اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَقَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ
اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ وَاَنَا قَالَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ مُعَاوِيَةُ
وَاَنَا فَلَمَّا اَنْ قَضَى التَّاذِيْنَ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى بِيْ عَلٰى هٰذَا الْمَجْلِسِ حِيْنَ
اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ يَقُوْلُ مَا سَمِعْتُمُوْنِيْ مِنْ مَقَالَتِيْ ۸۷۵ ۵

بَابُ الْجُلُوْسِ عَلَى الْمِنْبَرِ عِنْدَ التَّاذِيْنِ

حَدَّثَنَا يَحْيَى ابْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ اَخْبَرَهُ اَنَّ التَّاذِيْنَ الثَّانِيْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ
اَمَرَ بِهٖ عُثْمَانُ حِيْنَ كَثُرَ اَهْلُ الْمَسْجِدِ وَكَانَ التَّاذِيْنُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حِيْنَ يَجْلِسُ الْاِمَامُ

سے جبکہ وہ منبر پر بیٹھے ہوئے تھے اور مؤذن نے اذان کہی اور اُس نے اللہ اکبر، کہا تو امیر معاویہ نے بھی اللہ اکبر" کہا مؤذن نے اشہدان لا الہ الا اللہ" کہا تو امیر معاویہ نے کہا میں بھی یہی کہتا ہوں" مؤذن نے اشہدان محمدًا رسُولُ اللہ" کہا تو امیر معاویہ نے کہا میں بھی اسی طرح کہتا ہوں" جب مؤذن نے اذان پُوری کرلی تو امیر معاویہ نے کہا اے لوگو! میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی مقام میں سُنا جبکہ مؤذن نے اذان دی کہ آپ یہی فرماتے تھے جو تم نے مجھ سے سُنا ہے!

۸۷۴ — شرح : اذان کے جواب پر اذان کا اطلاق اس لئے کیا کہ اس کی صورت اذان کی صورت ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خطبہ میں شروع ہونے سے پہلے کلام کرلینا مباح ہے اور امام خطبہ دینے سے پہلے منبر پر بیٹھ جائے! اور منبر پر بیٹھنے سے پہلے اذان نہ کہی جائے۔

باب — اذان دینے کے وقت امام کا منبر پر بیٹھنا"

۸۷۵ — ترجمہ : سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جمعہ کے روز دوسری اذان کا حکم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس وقت دیا جبکہ لوگ زیادہ ہوگئے اور جمعہ کے دن اذان اس وقت دی جاتی تھی جبکہ امام منبر پر بیٹھتا تھا!

۸۷۵ — شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ امام کا خطبہ دینے سے پہلے منبر پر بیٹھنا سنّت ہے۔

marfat.com

باب التأذين عند الخطبة

حدثنا محمد بن مقاتل قال اخبرنا عبد الله قال اخبرنا يونس عن الزهري قال سمعت السائب بن يزيد يقول ان الاذان يوم الجمعة كان اوله حين يجلس الامام يوم الجمعة على المنبر في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر فلما كان في خلافة عثمان وكثروا امر عثمان يوم الجمعة بالاذان الثالث فاذن به على الزوراء فثبت الامر على ذلك باب الخطبة على المنبر وقال انس خطب النبي صلى الله عليه وسلم على المنبر ۸۷۶

باب — خطبہ کے وقت اذان کہنا

ترجمہ : سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جمعہ کے دن پہلی اذان اس وقت دی جاتی تھی جبکہ امام منبر پہ بیٹھ جاتا یہ رسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے عہد میں تھا جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا عہدِ خلافت آیا اور لوگ زیادہ ہو گئے تو انھوں نے جمعہ کے دن تیسری اذان کا حکم دیا اور زوراء پہ آذان کہی گئی پھر اسی پہ امر ثابت رہا (آج تک)

۸۷۶ —

شرح : یعنی دو اذانوں اور ایک اقامت پہ امر قائم رہا اس پہ ساری دنیا میں عمل ہو رہا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر بدعت گمراہی نہیں کیونکہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے پہلی اذان ایجاد کی حالانکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک میں یہ اذان نہ تھی۔ اور اس سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اتفاق کیا اور کسی نے انکار نہ کیا۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے مسلمان اچھا خیال کریں وہ اللہ کے حضور بھی اچھا ہے۔ اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے تراویح کی جماعت کے متعلق فرمایا یہ اچھی بدعت ہے لہٰذا اس حدیث "کُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" ہر بدعت گمراہی ہے کا معنی یہ ہے کہ ہر بُری بدعت گمراہی ہے۔ تحقیق یہ ہے کہ بدعت کے پانچ اقسام ہیں۔ واجبہ۔ مندوبہ۔ محرمہ۔ مکروہہ۔ مباحہ۔

باب — خطبہ منبر پہ دینا

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ منبر پہ دیا"

marfat.com

۸۷۷ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ

ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ الْقُرَشِيُّ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمِ بْنُ دِينَارٍ أَنَّ رِجَالًا أَتَوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ وَقَدِ امْتَرَوْا فِي الْمِنْبَرِ مِمَّ عُودُهُ فَسَأَلُوهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَعْرِفُ مِمَّا هُوَ وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ أَوَّلَ يَوْمٍ وُضِعَ وَأَوَّلَ يَوْمٍ جَلَسَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى فُلَانَةَ امْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَدْ سَمَّاهَا سَهْلٌ مُرِي غُلَامَكِ النَّجَّارَ أَنْ يَعْمَلْ لِي أَعْوَادًا أَجْلِسُ عَلَيْهِنَّ إِذَا كَلَّمْتُ النَّاسَ فَأَمَرَتْهُ فَعَمِلَهَا مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ ثُمَّ جَاءَ بِهَا فَأَرْسَلَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهَا فَوُضِعَتْ هٰهُنَا ثُمَّ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَيْهَا وَكَبَّرَ وَهُوَ عَلَيْهَا ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَيْهَا ثُمَّ نَزَلَ الْقَهْقَرَى فَسَجَدَ فِي أَصْلِ الْمِنْبَرِ ثُمَّ عَادَ فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا صَنَعْتُ هٰذَا لِتَأْتَمُّوا بِي وَلِتَعَلَّمُوا صَلَاتِي

---

۸۷۷ —— ترجمہ : ابو حازم بن دینار رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ لوگ سہل بن سعد ساعدی کے پاس آئے جبکہ لوگوں نے منبر شریف میں شک کیا کہ اس کی لکڑی کس درخت کی تھی؟ اُنھوں نے حضرت سہل بن سعد سے دریافت کیا تو اُنھوں نے کہا میں پہچانتا ہوں کہ منبر شریف کس لکڑی سے بنایا گیا تھا میں نے پہلے دن منبر کو دیکھا جبکہ وہ رکھا گیا اور رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم اس پر بیٹھے ۔ جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فلاں عورت کو پیغام بھیجا سہل نے اس کا نام بھی ذکر کیا (اس کو فرمایا) اپنے غلام ترکھان کو حکم دو کہ وہ میرے لئے منبر بنائے میں اس پر بیٹھوں گا جبکہ لوگوں کو وعظ کروں گا اس عورت نے غلام کو حکم دیا (کہ منبر بنائے) اس نے غابہ میں جھاؤ کے درخت سے منبر تیار کیا پھر اسے لے کر آیا تو اس عورت نے رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پاس بھیج دیا وہ آپ کے حکم کے مطابق یہاں رکھا گیا پھر میں نے رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو دیکھا کہ آپ نے اس پر نماز پڑھی چنانچہ آپ نے اللہ اکبر فرمایا جبکہ آپ منبر پر تشریف فرما تھے پھر رکوع فرمایا حالانکہ آپ منبر شریف پر ہی تھے پھر پچھلے پاؤں منبر سے اُترے اور اس سے نیچے سجدہ کیا ،، پھر لوٹے جب نماز سے فارغ ہُوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا ! اے لوگو ! میں نے یہ اس لئے کیا ہے کہ تم میری اقتداء کرو اور نماز سیکھو !

۸۷۷ —— شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی خلاف عادت نیا کام کرے۔ تو اپنے ساتھیوں سے اس کی حکمت بیان کر دے ،، کیونکہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مصلحت کی خاطر اس طرح نماز پڑھی تھی ،، اور وہ یہ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو آپ کے افعالِ صلوٰۃ دیکھ کر آگاہی ہو ،، نیز یہ بھی معلوم ہُوا کہ نماز میں متفرق عمل کثیر مفسد صلوٰۃ نہیں ،، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم ایک دو قدم چل کر بار بار ہر رکعت میں منبر شریف سے اُترتے رہے جن کا مجموعہ یقیناً کثیر عمل ہے ،، منبر پہ خطبہ دینا مسنون ہے تاکہ خطیب اچھی طرح سے لوگوں کا مشاہدہ کر سکے ،، منبر قبلہ کی جہت میں محراب کے دائیں طرف ہونا چاہیئے ،، بہت اُونچا منبر بنانا مکروہ اور خلافِ سنت ہے ، اس منبر کی دو سیڑھیاں تھیں جن پر قدم رکھ

marfat.com

۸۷۸ حدثنا سعید بن ابی مریم قال حدثنا محمد بن جعفر

ابن ابی کثیر قال اخبرنی یحیی بن سعید قال اخبرنی ابن انس انہ سمع جابر بن عبد اللہ قال کان جذع یقوم علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما وضع لہ المنبر سمعنا للجذع مثل اصوات العشار حتی نزل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوضع یدہ علیہ وقال سلیمان عن یحیی اخبرنی حفص بن عبید اللہ بن انس سمع جابرا

کر چڑھتے ہوئے تیسری سیڑھی پر بیٹھ کر وعظ فرماتے تھے،، لہذا یہ حدیث ابوداؤد کی حدیث کہ آپ کے منبر شریف کی دو سیڑھیاں تھیں کے منافی نہیں کیونکہ ابوداؤد نے اس سیڑھی کا شمار نہیں کیا جس پر آپ بیٹھتے تھے،، اس کی تفصیل ،، باب الصلوٰۃ علی المنبر،، کی حدیث کی تفہیم میں مذکور ہے واللہ اعلم!

---

۸۷۸ — ترجمہ : ابن انس نے بیان کیا کہ اُنھوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ کھجور کا ایک تنا تھا جس کے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوکر خطبہ دیتے تھے جب آپ کے لئے منبر بنا کر رکھا گیا تو ہم نے ستون حنانہ کے رونے کی آواز سُنی جو دس ماہ کی حاملہ اونٹنی کی آواز سی تھی حتیٰ کہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف سے اُترے اور اس پہ دستِ شفقت رکھا،، سلیمان نے یحییٰ سے روائت کی اُنھوں نے کہا مجھے حفص بن عبیداللہ بن انس نے خبر دی کہ اُنھوں نے جابر سے سُنا!

۸۷۸ — شرح : جوہری نے کہا عشار عُشَراء کی جمع ہے یہ وہ حاملہ اونٹنی ہے جس کا حمل دس ماہ کا ہو بچہ پیدا ہونے تک اس کو عُشَّراء کہا جاتا ہے،،

اس حدیث شریف میں عظیم معجزہ ہے اور یہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت پہ دلالت کرتا ہے،، اللہ تعالیٰ نے ستون حنانہ کو زندگی بخشی اور وہ آپ کے فراق میں رونے لگا اس حدیث میں قدریہ فرقہ کا عظیم رد ہے جبکہ وہ کہتے ہیں کہ کلام اس شی سے متصور ہوتا ہے جس کا منہ اور زبان ہو،، رد کی تقریر یہ ہے کہ خداوند قدوس قادر مطلق ہے کہ جمادات اور حیوانات کو گویائی کی قوت عطاء کر دے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا قیامت میں حجرِ اسود کی ایک زبان اور دو آنکھیں ہوں گی جو اس کو بوسہ دینے والے کی گواہی دے گا۔ کنکریوں نے سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دی۔ پتھر آپ کو سلام عرض کرتے تھے درخت ایک ساق پہ چل کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور ایک دوسرے سے مل کر آپ کے قضاءِ حاجت کے وقت پردہ کرتے تھے قربانی کے اونٹ آگے بڑھ کر عرض کرتے تھے کہ اسے پہلے ذبح کیا جائے اور اپنی تکالیف کا آپ سے شکوہ کرتے تھے۔ جن کا آپ ازالہ فرماتے تھے بعض گدھے آپ کے دربان تھے۔ بخاری میں ہے ایک گدھا یعفور نامی آپ کے حکم کے مطابق صحابہ کو بُلا لایا کرتا تھا۔

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے آخر میں تعلیق ذکر کر کے اس طرف اشارہ کیا کہ اس روائت میں ابن انس مجہول نہیں کیونکہ وہ حفص بن عبیداللہ بن انس ہے اور اس پر ابن کا اطلاق مجازی ہے۔ علاوہ ازیں یحییٰ بن سعید عادل ضابط سے روائت کیا کرتے ہیں اس لئے اس میں کوئی حرج نہیں اور اس کی روائت کرنے والے راوی مجہول نہیں

marfat.com

۸۷۹ حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ اَبِیْ اِیَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ
اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ عَلَی الْمِنْبَرِ فَقَالَ مَنْ جَآءَ
۸۸۰ اِلَی الْجُمُعَةِ فَلْیَغْتَسِلْ بَابُ الْخُطْبَةِ قَائِمًا وَقَالَ اَنَسٌ بَیْنَمَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ قَائِمًا حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ
ابْنُ عُمَرَ الْقَوَارِیْرِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ قَائِمًا ثُمَّ یَقْعُدُ ثُمَّ یَقُوْمُ کَمَا تَفْعَلُوْنَ الْاٰنَ

۸۷۹ — ترجمہ : سالم رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر سے روایت کی اُنھوں نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر شریف پہ خطبہ دیتے ہوئے سُنا کہ آپ نے فرمایا جو کوئی جمعہ کے لئے آئے وہ غسل کرلے !

۸۷۹ — شرح : فضل الغسل کے باب میں حدیث ۸۳۹ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر منبر موجود ہو تو اس پر خطبہ دینا چاہیے ورنہ کوئی اونچی جگہ بنالی جائے جس پر خطبہ دیا جائے !
جمعہ کے دن غسل کرنا مستحب ہے جبکہ شروع اسلام میں یہ واجب تھا پھر منسوخ ہوگیا۔
واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — کھڑے ہوکر خطبہ دینا

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا ایک وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوکر خطبہ دے رہے تھے "

۸۸۰ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اُنھوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوکر خطبہ دیتے پھر بیٹھ جاتے پھر کھڑے ہوجاتے ایسے تم اب کرتے ہو !

۸۸۰ — شرح : یعنی دونوں خطبوں کے درمیان تھوڑا سا بیٹھ جاتے تھے امام شافعی اور امام مالک رضی اللہ عنہما نے کہا کھڑے ہوکر خطبہ دینا واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا " اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر دوام فرمایا ہے " امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا اسی طرح دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا بھی واجب ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد خلفاء راشدین نے اس پر دوام فرمایا ہے " اور آپ نے فرمایا " صلوا کما ایتمونی اصلی " ایسے نماز پڑھو جیسے مجھے نماز پڑھتے تم نے دیکھا ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک خطبہ میں قیام مسنون ہے اسی طرح دونوں

marfat.com

بَابُ اِسْتِقْبَالِ النَّاسِ الْاِمَامَ اِذَا خَطَبَ وَاسْتَقْبَلَ ابْنُ عُمَرَ وَاَنَسٌ

۸۸۱ اَلْاِمَامُ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ وَجَلَسْنَا حَوْلَهٗ

خطبوں کے درمیان ذرا دیر بیٹھنا بھی مسنون ہے اور مذکور حدیث قیام کے شرط ہونے پر دلالت نہیں کرتی اسی طرح قرآن کریم کی آئت بھی شرط ہونے پر دلالت نہیں کرتی،، کیونکہ حدیث شریف اور آئت کریمہ میں خطبہ میں قیام کی حالت کا ذکر ہے اور محض آپ کا فعل وجوب کی دلیل نہیں ہوسکتا غائت ما فی الباب یہ ہے کہ خطبہ میں قیام مسنون ہے اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم افضل پر دوام فرماتے تھے حالانکہ اس کا غیر بھی جائز ہوتا ہے،، چنانچہ امام بخاری نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن منبر شریف پر بیٹھے اور ہم بھی آپ کے ارد گرد بیٹھ گئے،، یہ حدیث احناف کے مذہب کی قوی دلیل ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ امام لوگوں کی طرف منہ کرے (خطبہ میں) اور لوگوں کا امام کی طرف منہ کرنا جبکہ امام خطبہ دے،،

حضرت عبداللہ بن عمر اور انس رضی اللہ عنہم نے (امام کی طرف) منہ کیا،،

۸۸۱ ـــــ ترجمہ : حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن منبر شریف پر بیٹھے اور ہم آپ کے ارد گرد ہو کر بیٹھ گئے"

شرح : صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد بیٹھنا اس لئے تھا کہ وہ آپ کو دیکھیں اور غور و خوض سے آپ کے وعظ کی سماعت کریں اور اس طرف ان کے دل فارغ ہوں اور آپ کے کلام میں تدبر کریں اور کسی اور شئی میں مشغول نہ ہوں"

۸۸۱ ـــــ فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے کہا خطیب قبلہ کی طرف پشت کرے اور لوگوں کی طرف منہ کرے کیونکہ وہ جب قبلہ کی طرف منہ کرے گا تو اگر وہ محراب کے پاس پہلی صف میں ہو تو یقیناً لوگوں کی طرف پشت ہوگی اور ان کی طرف پشت کرنا جبکہ وہ اس کے مخاطب ہوں قبیح ہے اور خطاب کی وضع کے خلاف ہے،، اگر وہ پچھلی صف میں ہو تو اگر وہ قوم کی طرف منہ کرے گا تو لوگ قبلہ کی طرف پشت کرکے بیٹھیں گے تو لازم آئے گا کہ سب کی پشتیں قبلہ کی طرف ہوں اور یہ اچھا نہیں کیونکہ ایک شخص کی پشت کا قبلہ کی طرف ہونا تمام کی پشتوں کا قبلہ کی طرف ہونے سے آسان ہے اور اگر وہ قوم کی طرف پشت کرے تو یہ قبیح تریں حالت بن جاتی ہے،،

marfat.com

باب مَنْ قَالَ فِي الْخُطْبَةِ بَعْدَ الثَّنَاءِ أَمَّا بَعْدُ رواه عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَحْمُودٌ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ قَالَ أَخْبَرَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ قُلْتُ مَا شَأْنُ النَّاسِ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا إِلَى السَّمَاءِ فَقُلْتُ آيَةٌ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَيْ نَعَمْ قَالَتْ فَطَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِدًّا حَتَّى تَجَلَّانِي الْغَشْيُ وَإِلَى جَنْبِي قِرْبَةٌ فِيهَا مَاءٌ فَفَتَحْتُهَا فَجَعَلْتُ أَصُبُّ مِنْهَا عَلَى رَأْسِي فَانْصَرَفَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللهَ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ قَالَتْ فَغَطَّتْ نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَانْكَفَأْتُ إِلَيْهِنَّ لِأُسَكِّتَهُنَّ فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ قَالَتْ قَالَ مَا مِنْ شَيْءٍ لَمْ أَكُنْ أُرَيْتُهُ إِلَّا وَقَدْ رَأَيْتُهُ فِي مَقَامِي هَذَا حَتَّى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَإِنَّهُ قَدْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُونَ فِي الْقُبُورِ مِثْلَ أَوْ قَرِيبًا مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ يُؤْتَى أَحَدُكُمْ فَيُقَالُ لَهُ مَا عِلْمُكَ بِهَذَا الرَّجُلِ فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ أَوْ قَالَ الْمُوقِنُ شَكَّ هِشَامٌ فَيَقُولُ هُوَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ مُحَمَّدٌ جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى فَأَجَبْنَا وَاتَّبَعْنَا وَصَدَّقْنَا فَيُقَالُ لَهُ نَمْ صَالِحًا قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ إِنْ كُنْتَ لَمُؤْمِنًا بِهِ وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوِ الْمُرْتَابُ شَكَّ هِشَامٌ فَيُقَالُ لَهُ مَا عِلْمُكَ بِهَذَا الرَّجُلِ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ شَيْئًا فَقُلْتُ قَالَ هِشَامٌ فَلَقَدْ قَالَتْ لِي فَاطِمَةُ فَاوَعَيْتُهُ غَيْرَ أَنَّهَا ذَكَرَتْ مَا يُغْلَظُ عَلَيْهِ

باب — جس نے خطبہ میں ثناء کے بعد "اَمَّا بَعْدُ" کہا

اس کی عکرمہ نے ابن عباس سے اُنھوں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی،، محمود نے کہا ہم کو ابو اُسامہ نے خبر دی اُنھوں نے کہا ہم کو ہشام بن عروہ نے خبر دی اُنھوں نے کہا ہم سے فاطمہ بنت منذر نے اسماء بنت ابی بکر سے بیان کیا اُنھوں نے کہا میں عائشہ کے پاس گئی جبکہ لوگ نماز پڑھ رہے تھے میں نے کہا لوگوں کا کیا حال ہے عائشہ نے سر سے آسمان کی طرف اشارہ کیا میں نے کہا کیا یہ کوئی علامت ہے (لوگوں کے عذاب کی) عائشہ نے کہا ہاں (علامت ہے) اسماء نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو بہت لمبا کیا حتیٰ کہ مجھے غشی آگئی میرے قریب ایک مشکیزہ پڑا ہوا تھا جس میں پانی تھا میں نے اس کو کھولا اور اس سے سر پر پانی ڈالنا شروع کیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے جبکہ سورج (گرہن) سے کھل چکا تھا آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا اور اللہ تعالیٰ کی حمد کی جس کے وہ لائق ہے پھر فرمایا "اَمَّا بَعْدُ" اسماء نے کہا انصاری عورتوں نے مختلف باتیں کرنا شروع کر دیں میں ان کے پاس گئی تاکہ ان کو چپ کراؤں پھر میں نے عائشہ سے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟ اُنھوں نے کہا آپ نے فرمایا کوئی ایسی شئی نہ تھی جو میں نے نہ دیکھی ہو مگر اس کو اپنے اِس مقام میں

marfat.com

۸۸۲ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا

أَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِمَالٍ أَوْ بِشَيْءٍ فَقَسَمَهُ فَأَعْطَى رِجَالًا وَتَرَكَ رِجَالًا فَبَلَغَهُ أَنَّ الَّذِيْنَ تَرَكَ عَتَبُوْا فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ أَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَوَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَأَدَعُ الرَّجُلَ وَالَّذِيْ أَدَعُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الَّذِيْ أُعْطِيْ وَلٰكِنْ أُعْطِيْ أَقْوَامًا لِمَا أَرَى فِيْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْجَزَعِ وَالْهَلَعِ وَأَكِلُ أَقْوَامًا إِلَى مَا جَعَلَ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْغِنَى وَالْخَيْرِ فِيْهِمْ عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ فَوَاللّٰهِ مَا أُحِبُّ أَنَّ لِيْ بِكَلِمَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُمْرَ النَّعَمِ

دیکھ لیا حتی کہ میں نے جنت اور دوزخ کو دیکھا اور مجھے وحی کی گئی کہ تمہارا قبروں میں امتحان ہوگا جو مسیح دجال کے فتنہ کے قریب قریب ہوگا تم میں سے ایک کو پیش کیا جائے گا اور اسے کہا جائے گا اس شخص کے متعلق تو کیا علم رکھتا ہے۔ مومن یا موقن ہو ہشام نے شک سے بیان کیا تو کہے گا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ہمارے پاس معجزات اور ہدایت کے ساتھ تشریف لائے ہم آپ پر ایمان لائے آپ کی دعوت قبول کی آپ کی اتباع اور تصدیق کی پھر اس کو کہا جائے گا تو آرام سے سو جا ہم پہلے ہی جانتے تھے کہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتا ہے۔

بہر حال منافق یا مرتاب ہشام نے شک سے بیان کیا" سے کہا جائے گا تو اس شخص کے متعلق کیا علم رکھتا ہے وہ کہے گا میں اس کو نہیں جانتا ہوں میں نے لوگوں کو کچھ کہتے ہوئے سنا تو میں نے بھی کچھ کہہ دیا ہشام نے کہا فاطمہ نے مجھ سے بیان کیا کہ میں نے اس حدیث کو خوب محفوظ کیا سوا اس کے کہ اس نے اس پر سختی کی تصویر ذکر کی"

شرح : اس حدیث کی تشریح باب العلم کی حدیث ۸۵ کی تفہیم میں مذکور ہے" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر میں بہت بڑا امتحان ہوگا۔ اس میں کثیر احادیث ترمذی، ابن ماجہ، نسائی، ابوداؤد اور طبرانی میں مذکور ہیں ان کے علاوہ ابوداؤد طیالسی اور حکیم ترمذی نے ان کو خوب بسط سے ذکر کیا ہے" اس حدیث کے ان الفاظ (ما من شئ لم اکن اریته الا قد رایته فی مقامی هذا)۔ سے معلوم ہوتا ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مقام میں خداوند قدوس جل وعلا کو بھی دیکھا کیونکہ اللہ تعالیٰ بھی شئ کے مفہوم میں داخل ہے چنانچہ قرآن کریم میں ہے" قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً مِنَ اللّٰهِ" خیال فرمائیں جس ذات کریم سے غفور رحیم بھی مخفی نہ رہا دنیا کی کونسی شئ اس سے مخفی رہ سکتی ہے" سبحان من خلقه اکرم الناس واعلمهم" آپ نے جنت اور دوزخ کو نفس الامر میں دیکھا تھا کیونکہ ایک روایت کے مطابق آپ نے جنت کی طرف ہاتھ بڑھایا اگر جنت کی تصویر مراد ہو تو اس کا پھل لینے کے لئے ہاتھ بڑھانا بے معنی ہوگا۔

واللہ سبحانہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

ترجمہ : عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مال یا قیدی لائے گئے آپ نے ان کو تقسیم کیا اور کچھ لوگوں

marfat.com

۸۸۳ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لَيْلَةً مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ فَصَلَّى فِي الْمَسْجِدِ فَصَلَّى رِجَالٌ بِصَلَاتِهِ فَأَصْبَحَ النَّاسُ فَتَحَدَّثُوا فَاجْتَمَعَ أَكْثَرُ مِنْهُمْ فَصَلَّوْا مَعَهُ فَأَصْبَحَ النَّاسُ فَتَحَدَّثُوا فَكَثُرَ أَهْلُ الْمَسْجِدِ مِنَ اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّوْا بِصَلَاتِهِ فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الرَّابِعَةُ عَجَزَ الْمَسْجِدُ عَنْ أَهْلِهِ حَتَّى خَرَجَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ فَلَمَّا قَضَى الْفَجْرُ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ مَكَانُكُمْ لَكِنِّي خَشِيتُ أَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ فَتَعْجِزُوا عَنْهَا تَابَعَهُ يُونُسُ

کو دیا اور بعض کو نہ دیا،، اس کے بعد آپ کو خبر پہنچی کہ جن لوگوں کو آپ نے مال وغیرہ نہیں دیا انھوں نے ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی پھر فرمایا اَمَّا بَعْدُ ،، اللہ کی قسم میں کسی شخص کو مال دیتا ہوں اور کسی کو چھوڑ دیتا ہوں اور جس کو میں چھوڑ دیتا ہوں وہ مجھے اس شخص سے زیادہ محبوب ہوتا ہے جس کو میں دیتا ہوں لیکن میں بعض لوگوں کو اس لئے مال دیتا ہوں کہ ان کے دلوں میں بے صبری اور عدم ثبات دیکھتا ہوں اور بعض دوسرے لوگوں کو اس شئ کے سپرد کرتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں غنا اور خیر رکھی ہے ان میں سے ایک عمر بن تغلب ہیں اللہ کی قسم! میں یہ پسند نہیں کرتا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مقدس ارشاد کے عوض مجھے سرخ اونٹ دیئے جائیں ان کی یونس نے متابعت کی ہے!

۸۸۲ — شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کے خطبہ میں حمد و ثنا کے بعد ،، اَمَّا بَعْدُ ،، کہنا مسنون ہے ،،

---

۸۸۳ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آدھی رات کو حجرہ سے باہر تشریف لے گئے اور مسجد میں نماز (نفل) پڑھی لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھی ،، لوگوں نے اس کا ذکر کیا پھر (دوسری رات) لوگ ان سے زیادہ جمع ہوگئے اور انھوں نے آپ کے ساتھ نماز پڑھی لوگوں نے صبح اس کا ذکر کیا تو تیسری رات میں نمازی بہت زیادہ ہوگئے جب چوتھی رات ہوئی تو مسجد نمازیوں سے عاجز ہوگئی (لوگ مسجد میں سماتے نہ تھے) حتیٰ کہ آپ صبح کی نماز کے لئے حجرہ شریفہ سے باہر تشریف لائے جب فجر کی نماز پڑھ چکے تو آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور خطبہ پڑھا پھر فرمایا اَمَّا بَعْدُ ! تمہارا مسجد میں موجود ہونا مجھ پر مخفی نہ تھا لیکن مجھے یہ خوف ہوا کہ کہیں تم پر (رات کی نماز) فرض نہ ہو جائے پھر تم اس کو ادا کرنے سے عاجز ہو جاؤ گے۔ عُقیل کی یونس بن یزید ایلی نے متابعت کی ،،

۸۸۳ — شرح : یعنی تمہارا مسجد میں حاضر ہونا مجھ پر مخفی نہ تھا لیکن میں تمہارے پاس رات کو باہر اس لئے نہیں آیا کہ اگر ہم آج کی رات تمہارے ساتھ رات

marfat.com

۸۸۴ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ

قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدِ السَّاعِدِيِّ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَشِيَّةً بَعْدَ الصَّلٰوةِ فَتَشَهَّدَ وَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ تَابَعَهٗ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَاَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمَّا بَعْدُ تَابَعَهُ الْعَدَنِيُّ عَنْ سُفْيٰنَ فِيْ اَمَّا بَعْدُ

۸۸۵ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهٗ حِيْنَ تَشَهَّدَ يَقُوْلُ اَمَّا بَعْدُ تَابَعَهُ الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ

کی نماز پڑھتے تو تم پر یہ نماز فرض ہو جاتی پھر تم اس کی ادائیگی سے عاجز ہو جاتے ،، کتاب الصیام میں یہ حدیث بعینہٖ مذکور ہے ان راتوں میں جو نماز پڑھی گئی وہ تراویح کی نماز تھی تہجد کی نماز نہ تھی کیونکہ تہجد تو آپ ہمیشہ پڑھا کرتے تھے جیسا کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ آپ رمضان اور غیر رمضان میں آٹھ رکعت نفل پڑھا کرتے تھے ،، اور اس کے بعد تین وتر پڑھتے ان میں پہلی رکعت میں سبح اسم ربك الاعلیٰ دوسری رکعت میں قل یا ایتھا الکافرون اور تیسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ ،، پڑھا کرتے تھے !

ترجمہ : ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
۸۸۴ — نے عشاء کی نماز کے بعد خطبہ دیا اور تشہد پڑھا اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی جس کے وہ لائق ہے ،، پھر فرمایا ! اَمَّا بَعْدُ ،، زہری کی ابو معاویہ محمد بن خازم اور ابو اسامہ نے متابعت کی اُنہوں نے ہشام بن عروہ سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابو حمید ساعدی سے اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا اَمَّا بَعْدُ ،، محمد بن یحییٰ کی عدنی نے صرف اَمَّا بَعْدُ ! میں متابعت کی! (یعنی ساری حدیث میں متابعت نہیں کی)

ترجمہ : مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
۸۸۵ — خطبہ دیا میں نے آپ سے سُنا جبکہ آپ نے خطبہ دیا آپ نے فرمایا

اَمَّا بَعْدُ ! زبیدی نے محمد بن ولید کی زہری سے متابعت کی !

شرح : یہ طویل حدیث ہے جس میں سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا ابو جہل
۸۸۵ — کی بیٹی سے نکاح کرنے کا ذکر ہے اور یہاں اس کا کچھ حصہ ذکر کیا ہے ،، کیونکہ بخاری کا مقصد یہ ہے کہ خطبہ میں حمد و ثناء کے بعد اما بعد کہنا مسنون ہے ۔

marfat.com

٨٨٦ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ أَبَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِيلِ قَالَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ وَكَانَ آخِرَ مَجْلِسٍ جَلَسَهُ مُتَعَطِّفًا مُلْتَحِفًا عَلَى مَنْكِبَيْهِ قَدْ عَصَبَ رَأْسَهُ بِعِصَابَةٍ دَسِمَةٍ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَيُّهَا النَّاسُ إِلَيَّ فَثَابُوا إِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ هٰذَا الْحَيَّ مِنَ الْأَنْصَارِ يَقِلُّونَ وَيَكْثُرُ النَّاسُ فَمَنْ وَلِيَ شَيْئًا مِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ فَاسْتَطَاعَ أَنْ يَضُرَّ فِيهِ أَحَدًا أَوْ يَنْفَعَ فِيهِ أَحَدًا فَلْيَقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيَتَجَاوَزْ عَنْ مُسِيئِهِمْ **بَابُ** الْقُعُودِ بَيْنَ الْخُطْبَتَيْنِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

٨٨٧ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ يَقْعُدُ بَيْنَهُمَا

---

٨٨٦ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اُنھوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف پر جلوہ افروز ہوئے اور یہ آپ کا آخری بیٹھنا تھا آپ اپنے موڈھوں پر چادر اوڑھ کر بیٹھے جبکہ سر مبارک کو کالے رنگ کے عمامہ شریف سے باندھا ہوا تھا ،، آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی پھر فرمایا اے لوگو! میرے قریب آجاؤ ،، لوگ جلدی سے آپ کے قریب آگئے پھر آپ نے فرمایا ،، اَمَّا بَعْدُ یہ انصار کا قبیلہ ہے جو کم ہوتے جائیں گے اور لوگ زیادہ ہو جائیں گے جو کوئی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے خلافت کا والی بنے اور وہ اس میں کسی کو اذیت پہنچانے یا نفع دینے کی استطاعت رکھتا ہو وہ ان میں سے احسان کرنے والے کی نیکی کو قبول کرے اور اساءت کرنے والے کی اساءت سے درگزر کرے۔

٨٨٦ — شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم جب وعظ کرنا ہوتا تھا تو منبر پر تشریف لاتے تھے معلوم ہوا کہ وصیت کے لئے خطبہ دینا جائز ہے اور حمد وثناء سے خطبہ کی ابتداء کرنی چاہیئے اور اس کے بعد اَمَّا بَعْدُ ،، کہنا چاہیئے اس حدیث میں غیب کی خبر ہے کیونکہ انصار یقیناً کم ہوتے گئے اور دوسرے لوگوں کی کثرت ہوتی گئی ،، نیز معلوم ہوا کہ خلافت انصار میں نہیں کیونکہ اگر ان میں خلافت ہوتی تو ان کو وصیت فرماتے کسی اور کو ان کے بارے میں وصیت نہ فرماتے یہ حدیث جامع کلمات میں سے ہے ،،

باب — جمعہ کے دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا ،،

٨٨٧ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ میں دو خطبے دیتے اور ان کے درمیان بیٹھ جاتے تھے

marfat.com

٨٨٨ بَابُ الْاِسْتِمَاعِ اِلَى الْخُطْبَةِ حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ یَوْمُ الْجُمُعَةِ وَقَفَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلٰی بَابِ الْمَسْجِدِ یَكْتُبُوْنَ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ وَمَثَلُ الْمُهَجِّرِ كَمَثَلِ الَّذِیْ یُهْدِیْ بَدَنَةً ثُمَّ كَالَّذِیْ یُهْدِیْ بَقَرَةً ثُمَّ كَبْشًا ثُمَّ دَجَاجَةً ثُمَّ بَیْضَةً فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ طَوَوْا صُحُفَهُمْ وَیَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ

---

٨٨٧ — بشرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا مشروع ہے ،، لیکن امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا واجب ہے۔ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما نے کہا یہ سنت ہے واجب نہیں جیسے نماز میں استراحت کا جلسہ واجب نہیں ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا باب کی یہ حدیث دونوں خطبوں کے درمیان قعدہ کی سنیت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم یہ کرتے تھے اور یہ نہ فرمایا کہ اس کے سوا کچھ اور جائز نہیں کیونکہ مسئلہ کی تفصیل کا بیان آپ پر فرض تھا ،، امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا دونوں خطبوں کے درمیان قعدہ کے وجوب کا قول امام شافعی کے سوا کسی نے نہیں کیا ہے ،،

باب — خاموش ہو کر خطبہ سُننا

٨٨٨ — ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو مسجد کے دروازہ پر فرشتے بیٹھ جاتے ہیں وہ پہلے پہلے آنے والوں کے نام لکھتے ہیں ،، اور بہت جلدی آنے والے کی مثال اس شخص کی مثال ہے جو اونٹ قربانی کرتا ہے پھر اس شخص جیسی جو گائے قربانی کرتا ہے پھر اس شخص جیسی جو مینڈھا قربانی کرتا ہے پھر مرغی پھر انڈا صدقہ کرنے والے کی طرح ہے اور جب امام (خطبہ کے لئے) باہر آئے تو فرشتے اپنی کتابیں لپیٹ لیتے ہیں اور خطبہ سُننے لگتے ہیں۔

شرح : اس حدیث شریف میں جمعہ کا خطبہ سُننے کی ترغیب دلائی ہے ،، مجاہد نے کہا کہ نماز اور خطبہ کے سوا خاموشی سے قرآن کا سُننا واجب نہیں۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا جو کوئی خطبہ کی آواز سُنتا ہو یا نہ سُنتا ہو اس پر ہمہ تن ہو کر خاموش ہو کر سُننا واجب ہے ،، امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے کہا جو شخص اتنی دُور بیٹھا ہو کہ خطبہ کی آواز وہاں تک نہ پہنچتی ہو وہ قرآن پڑھتا رہے یا ذکر کرتا رہے اس میں کوئی حرج نہیں" قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اثناءِ خطبہ میں کلام کرنے میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ ، امام مالک اور

marfat.com

۸۸۹ بَابٌ اِذَا رَاَی الْاِمَامُ رَجُلًا جَاءَ وَهُوَ یَخْطُبُ اَمَرَهٗ اَنْ یُّصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ النَّاسَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ اَصَلَّیْتَ یَا فُلَانُ فَقَالَ لَا قَالَ قُمْ فَارْکَعْ

امام شافعی رضی اللہ عنہم نے کہا خطبہ کی آواز پہنچے یا نہ پہنچے کان لگا کر خطبہ سُننا واجب ہے لیکن امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مشہور مذہب یہ ہے کہ خطبہ سُننا سُنت ہے واجب نہیں،، (کرمانی)

باب — جب امام کسی شخص کو آتا ہُوا دیکھے اور وہ خطبہ پڑھ رہا ہو تو اس کو حکم دے کہ وہ دو رکعتیں پڑھ لے

۸۸۹ — ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ ایک شخص آیا جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، آپ نے فرمایا اے فلانے کیا تو نے نماز پڑھی ہے اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا کھڑے ہو کر نماز پڑھ لو!

۸۸۹ — شرح : امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما نے کہا جو کوئی مسجد میں داخل ہو اور امام جمعہ کا خطبہ دے رہا ہو تو اس کے لئے تحیۃ المسجد پڑھنا مستحب ہے لیکن خطبہ سُننے کے لئے ان میں تخفیف کرے مذکور حدیث ان کی تائید کرتی ہے امام ابو حنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما نے کہا کہ خطبہ کی حالت میں تحیۃ المسجد نہ پڑھے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا،، اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ اَنْصِتْ فَقَدْ لَغَوْتَ الخ معلوم ہُوا خطبہ میں انصات (خاموشی سے سُننا) واجب ہے اور مذکور حدیث اور اس جیسی دیگر احادیث کا جواب یہ ہے کہ آنے والا وہ شخص غریب تھا فقیر تھا اس کی حالت بہت شکستہ تھی قابلِ رحم تھی اس لئے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کے لئے فرمایا تھا تاکہ لوگ اس کو حاجت مند دیکھ کر اس کی مدد کریں مگر اس جواب میں کچھ سقم ہے کیونکہ حدیث شریف میں ہے" کہ جب تم میں سے کوئی جمعہ کے لئے آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو تو ہلکی سی دو رکعتیں پڑھ لے،، لیکن احناف کہتے ہیں کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ کی حالت میں سکوت فرمایا حتی کہ وہ شخص نماز سے فارغ ہو گیا چنانچہ دار قطنی نے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے بطریق عبید مرفوع روایت ذکر کی کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ایک شخص مسجد میں داخل ہُوا جبکہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے تو اسے فرمایا" اُٹھو اور دو رکعتیں پڑھو اور اس کے فارغ ہونے تک آپ

marfat.com

۸۹۰ بَابُ مَنْ جَاءَ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ

حدثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ اَصَلَّيْتَ قَالَ لَا قَالَ قُمْ فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

خاموش رہے ،، دارقطنی نے یہ حدیث عبید بن محمد کے علاوہ امام احمد بن حنبل سے بھی روایت کی ہے۔ یہ حدیث اگرچہ مرسل ہے مگر ہمارے نزدیک مرسل حدیث حجت ہے اور ابن ابی شیبہ کی حدیث اس کی تائید کرتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو فرمایا کہ دو رکعتیں پڑھو اور آپ خاموش ہو گئے حتیٰ کہ وہ نماز سے فارغ ہو گیا پھر آپ نے خطبہ دینا شروع کر دیا ،،

دوسرا جواب یہ ہے کہ جب وہ شخص آیا تھا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ میں ابھی شروع نہیں ہوئے تھے چنانچہ امام نسائی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ،، بَابُ الصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ ،، کے عنوان کے بعد حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ سلیک غطفانی آیا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف پر بیٹھے ہوئے تھے۔ سلیک نماز پڑھنے سے پہلے بیٹھ گئے تو آپ نے اس کو فرمایا کیا تو نے دو رکعتیں پڑھی ہیں اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا اٹھو اور دو رکعتیں پڑھو ،،

تیسرا جواب یہ ہے کہ اس وقت نماز میں کلام کرنا جائز تھا جو بعد میں منسوخ ہو گیا لہٰذا جمعہ میں بھی کلام کرنا منسوخ اور سکوت ضروری ہو گیا۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کسی نے اپنے ساتھی سے کہا خاموش ہو جا حالانکہ امام جمعہ کا خطبہ دے رہا ہو اس نے لغو بات کی ،، معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سلیک سے یہ فرمانا کہ نماز پڑھو یہ اس وقت کا واقعہ ہے جبکہ جمعہ اور نماز میں کلام کرنا منسوخ نہ تھا۔ قاضی عیاض نے کہا سادا تنا ابوبکر صدیق ، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم خطبہ کے وقت نماز پڑھنے سے منع کیا کرتے تھے ،، ابن عربی رحمہ اللہ نے کہا خطبہ کی حالت میں نماز پڑھنا حرام ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ،، اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تو اپنے ساتھی سے خطبہ کی حالت میں یہ کہے کہ خاموش ہو جا تو تو نے لغو کام کیا ،،

حدیث شریف میں مذکور شخص سُلَیک غطفانی تھا جو بہت غریب تھا ،، اور اس وقت خطبہ میں کلام کرنا مباح تھا پھر بعد میں نماز اور خطبہ میں کلام کرنا منسوخ ہو گیا لہٰذا یہ حدیث احناف کے مذہب کے خلاف نہیں !

باب ـــ جو کوئی آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو تو ہلکی سی دو رکعتیں پڑھ لے ـــ

marfat.com

۸۹۱ بَابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الْخُطْبَةِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ
عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ أَنَسٍ ح وَعَنْ يُونُسَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِذْ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلَكَ الْكُرَاعُ هَلَكَ الشَّاءُ فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَسْقِيَنَا فَمَدَّ يَدَيْهِ وَدَعَا **بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِي الْخُطْبَةِ**
۸۹۲ يَوْمَ الْجُمُعَةِ **حَدَّثَنَا** إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ
ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ أَصَابَتِ النَّاسَ سَنَةٌ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَا النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ قَامَ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلَكَ الْمَالُ وَجَاعَ الْعِيَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا فَرَفَعَ

---

۸۹۰ ــــ ترجمہ : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جمعہ کے دن ایک شخص آیا اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے تو آپ نے اس کو فرمایا کیا تو نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا دو رکعتیں پڑھ لو،،
حدیث ۸۸۹ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے!

باب ــــ خطبہ میں دونوں ہاتھ اُٹھانا

۸۹۱ ــــ ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ایک دفعہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! گھوڑے اور بکریاں ہلاک ہوگئیں اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ ہم پہ بارش برسائے آپ نے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور دعا فرمائی ،،

۸۹۱ ــــ شرح : اس حدیث میں رفع سے مراد مدّ ہے لہٰذا حدیث باب کے عنوان کے مطابق ہے۔ کتاب الاستسقاء میں اس حدیث کی تفصیل مذکور ہوگی۔ انشاء اللہ العزیز!

باب جمعہ کے روز خطبہ میں بارش کی دُعاء کرنا

۸۹۲ ــــ ترجمہ : انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں قحط پڑا ایک دفعہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے کہ ایک اعرابی (دیہاتی) کھڑا ہوگیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! مال ہلاک ہوگیا، بال بچہ بھوکا مرنے لگے آپ اللہ سے ہمارے لئے دعا فرمائیے آپ نے دونوں ہاتھ اُٹھائے جبکہ آسمان پہ بادل کا ٹکڑا بھی نہ تھا

marfat.com

يَدَيْهِ مَا نَرَى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا وَضَعَهَا حَتَّى ثَارَ السَّحَابُ أَمْثَالَ الْجِبَالِ ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ عَنْ مِنْبَرِهِ حَتَّى رَأَيْتُ الْمَطَرَ يَتَحَادَرُ عَلَى لِحْيَتِهِ فَمُطِرْنَا يَوْمَنَا ذَلِكَ وَمِنَ الْغَدِ وَمِنْ بَعْدِ الْغَدِ وَالَّذِي يَلِيهِ حَتَّى الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى فَقَامَ ذَلِكَ الْأَعْرَابِيُّ أَوْ قَالَ غَيْرُهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ وَغَرِقَ الْمَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَمَا يُشِيرُ بِيَدِهِ إِلَى نَاحِيَةٍ مِنَ السَّحَابِ إِلَّا انْفَرَجَتْ وَصَارَتِ الْمَدِينَةُ مِثْلَ الْجَوْبَةِ وَسَالَ الْوَادِي قَنَاةُ شَهْرًا وَلَمْ يَجِئْ أَحَدٌ مِنْ نَاحِيَةٍ إِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ

بَابُ الْإِنْصَاتِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ وَإِذَا قَالَ لِصَاحِبِهِ أَنْصِتْ فَقَدْ لَغَا وَقَالَ سَلْمَانُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْصِتُ إِذَا تَكَلَّمَ الْإِمَامُ

اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے آپ نے ابھی ہاتھوں کو نیچے نہ کیا تھا کہ پہاڑوں کی طرح بادل نے جوش مارا آپ منبر شریف سے اُترے بھی نہیں تھے (اور خوب بارش ہونے لگی) حتیٰ کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش مبارک سے پانی کے قطرے گرتے دیکھے،، وہاں سارا دن بارش ہوتی رہی اور اگلے روز پھر اگلے روز پھر اگلے روز حتیٰ کہ دوسرے جمعہ تک بارش ہوتی رہی،، (دوسرے جمعہ میں) وہی اعرابی یا اس کے علاوہ کوئی اور شخص کھڑا ہُوا اور عرض کیا یا رسُول اللہ! مکان گر گئے اور مال پانی میں ڈوبنے لگا ہے ہمارے لئے اللہ تعالیٰ سے دُعا کیجئے (کہ بارش رُک جائے) سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور فرمایا اے اللہ! ہمارے اردگرد بارش برسا ہم پر نہ برسا آپ اپنے دستِ اقدس کے ساتھ بادل کی کسی طرف اشارہ نہ فرماتے مگر اسی طرف سے بادل کھل جاتا اور مدینہ منوّرہ "شرفہا اللہ تعالیٰ" ڈھال کی طرح گول دائرہ ہوگیا اور وادی قنات مہینہ بھر بہتی رہی جو کوئی باہر کے کسی کونہ سے آتا وہ یہی کہتا بہت بارش ہُوئی۔

۸۹۲ —— شرح : اس حدیث میں سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا واضح معجزہ ہے کہ آپ کے ہاتھ اُٹھاتے ہی بارش ہوگئی اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کے بغیر بھی بارش کی دُعا کرنا جائز ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب بھی یہی ہے،، اور زور کی بارش میں بھی خطبہ پُورا کرنا چاہیئے،، اور ہاتھ اُٹھا کر دُعا کرنا مستحب ہے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ سے دعا کرو تو ہاتھ اُٹھا کر دُعا کرو جبکہ ہاتھوں کے بطون تمہارے منہ کی طرف ہوں،، ترمذی شریف میں حسن حدیث ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ حی کریم ہے جب کوئی ہاتھ اُٹھا کر دُعا کرے وہ اس کے ہاتھوں کو خالی واپس نہیں کرتا ہے،، امام بخاری رحمہ اللہ نے دُعا میں ہاتھ اُٹھانے میں مستقل باب ذکر کیا ہے!

باب —— جمعہ کے دن خاموش رہنا جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو،، اور جو کوئی اپنے ساتھی سے کہے کہ خاموش رہو اُس نے لغو کام کیا سلمان فارسی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی جس وقت امام خطبہ دے خاموش رہنا چاہیئے ——

marfat.com

٨٩٣ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا

اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَنْصِتْ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ **بَابُ** السَّاعَةِ الَّتِي فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ

٨٩٤ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ فِيهِ سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي يَسْأَلُ اللَّهَ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ وَأَشَارَ بِيَدِهِ يُقَلِّلُهَا

٨٩٣ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو اپنے ساتھی سے جمعہ کے دن کہے چپ ہو جا اور امام خطبہ دے رہا ہو تو نے لغو کام کیا!

٨٩٣ شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خطبہ کے وقت ہر قسم کا کلام کرنا حرام ہے اور خطبہ سننا واجب ہے کیونکہ "اَنْصِتْ" کہنے کو لغو قرار دیا ہے حالانکہ یہ امر بالمعروف ہے تو اور کلام بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا بعض علماء کا کہنا ہے کہ خطبہ ظہر کی دو رکعتوں کے قائم مقام ہے جیسے نماز میں کلام ممنوع ہے اس کے قائم مقام میں بھی کلام کرنا ممنوع ہے" یہاں تک علماء کا اتفاق ہے اس پر مزید امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ امام کا خطبہ کے لئے باہر نکلتے ہی خاموش رہنا واجب ہے ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں سادا تنا علی المرتضیٰ ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم خطبہ کے لئے امام کے باہر آتے ہی نماز پڑھنا اور ہر قسم کا کلام کرنا مکروہ جانتے تھے! طبرانی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو جمعہ کے دن کلام کرے جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو اس کی مثال گدھے جیسی ہے جو بوجھ اٹھائے ہو اور جو کوئی اپنے ساتھی سے یہ کہے کہ چپ رہو اس کو جمعہ کا ثواب نہ ملے گا"

جمعہ کے دن مقبولیت کی گھڑی!

٨٩٤ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کا ذکر کیا اور فرمایا اس دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ کوئی بندہ مسلمان اس کو نہیں پاتا جبکہ وہ کھڑا نماز پڑھ رہا ہو اور اللہ تعالیٰ سے کوئی مانگ رہا ہو مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ ضرور عطا فرماتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ اقدس سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ قلیل ترین گھڑی ہے!

marfat.com

بَابٌ إِذَا انْفَرَ النَّاسُ عَنِ الْإِمَامِ فِي صَلٰوةِ

الْجُمُعَةِ فَصَلٰوةُ الْإِمَامِ وَمَنْ بَقِيَ جَائِزَةٌ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو وَقَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ ٨٩٥
حُصَيْنٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ قَالَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
إِذْ أَقْبَلَتْ عِيْرٌ تَحْمِلُ طَعَامًا فَالْتَفَتُوا إِلَيْهَا حَتّٰى مَا بَقِيَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا
فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا

---

٨٩٤ ــــ شرح : یعنی اس تھوڑی سی گھڑی میں دعاء قبول ہوتی ہے ،، جس طرح اللہ تعالیٰ نے لیلۃ القدر کو چھپا رکھا ہے۔ اسی طرح جمعہ کی ساعات میں سے اس ساعت کو چھپا رکھا ہے تاکہ اسی گھڑی کو عبادت کے لئے لوگ خاص نہ کرلیں، اس میں علماء کرام کے مختلف اقوال ہیں ،، امام حسن بصری نے کہا یہ زوالِ شمس کے وقت ہے ،، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جب نمازِ جمعہ کی اذان دی جائے ،، شعبی نے کہا خطبہ کی اذان سے لے کر جمعہ کے ادا ہونے تک کے وقت میں یہ گھڑی ہے" عبداللہ بن سلام نے کہا عصر سے مغرب تک ہے کیونکہ یہ فرشتوں کے آنے جانے کا وقت ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کے حضور لوگوں کے اعمال پیش ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس وقت نماز پڑھنے والوں کی مغفرت کرتا ہے۔ عبداللہ بن سلام نے جب یہ روائت کی تو ابوہریرہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا ہو ،، حالانکہ عصر کے بعد سے مغرب تک کے وقت میں نوافل نہیں پڑھ سکتے" عبداللہ بن سلام نے کہا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی عصر کی نماز کے بعد مغرب تک نماز کے انتظار میں بیٹھا رہے گویا کہ وہ نماز ہی پڑھتا ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ جمعہ کے دن آخری ساعت ہے۔ امام مسلم نے اس کی روائت یوں کی ہے کہ یہ ساعت امام کا خطبہ کے لئے بیٹھنے سے لے کر نمازِ جمعہ ادا کرنے تک ہے۔ علامہ کرمانی نے اسے صحیح کہا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ــــ لوگ جب جمعہ کی نماز میں امام کو چھوڑ کر چلے جائیں تو امام اور باقی لوگوں کی نماز جائز ہے"

٨٩٥ ــــ ترجمہ : جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا ایک دفعہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک قافلہ غلہ لادے ہوئے آگیا لوگ اُدھر چلے گئے حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صرف بارہ مرد باقی رہ گئے تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی "کہ جب وہ مالِ تجارت اور لہو ولعب دیکھتے ہیں تو اِدھر چلے جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا چھوڑ جاتے ہیں!

marfat.com

بَابُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ وَقَبْلَهَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ
۸۹۶ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا
رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ فِيْ بَيْتِهٖ وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ لَا يُصَلِّيْ بَعْدَ الْجُمُعَةِ
حَتّٰى يَنْصَرِفَ فَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ

۸۹۵ ــــ شرح : امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ یہاں نماز سے مراد خطبہ کی حالت میں اس کا انتظار ہے،، یعنی ہم جمعہ کی نماز کا انتظار کر رہے تھے الخ۔ یہ مالِ تجارت عبدالرحمٰن بن عوف لایا تھا اور دِحیہ کلبی اس کے ہم سفر تھے یا وہ دونوں مالِ تجارت میں شریک تھے،، لہٰذا اس قافلہ کی نسبت عبدالرحمٰن اور دحیہ میں سے ہر ایک طرف کر سکتے ہیں جیسا کہ روایات میں ہے بظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب لوگ جمعہ کی نماز میں سے چلے جائیں تو امام اور باقی لوگوں کی نماز اپنے حال پر صحیح ہے، ساری امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ایک شخص کے ساتھ جمعہ صحیح نہیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک کم از کم امام کے سوا تین نمازی ہونے ضروری ہیں اور ان کے صاحبین کے نزدیک امام کے سوا دو نمازی ہوں،، امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک بارہ نمازی ہونے چاہئیں اور مذکور حدیث سے اُنھوں نے استدلال کیا،، امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک چالیس آدمی ہونے چاہئیں اور وہ مذکور حدیث کا جواب یہ دیتے ہیں کہ بعض لوگ واپس آگئے تھے اور چالیس آدمی پُورے ہو گئے تھے جن کے ساتھ جمعہ ادا کیا گیا تھا مگر یہ تاویل درست نہیں یہ امر مسلّم ہے کہ خلفاء راشدین میں سے کوئی بھی نہ گیا تھا اور صحابہ کرام اس وقت مسائل سے پُوری طرح آگاہ نہ تھے جبکہ قحط کا زمانہ بھی تھا اس لئے وہ معذور تھے،،

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ حضرت جابر کا قول " نَحْنُ نُصَلِّيْ الخ " میں دونوں احتمال ہیں ہو سکتا ہے کہ صحابہ کرام خطبہ کی سماعت کر رہے تھے اور اس پر نماز کا اطلاق کیا گیا کیونکہ جو کوئی نماز کا منتظر ہو وہ نماز میں ہوتا ہے اور صحابہ کے بارے میں سُوءِ ظن ہرگز نہیں ہونا چاہیئے،، ابن بطال نے کہا یہ حدیث اس آیت کریمہ " لَا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ " یعنی خرید و فروخت صحابہ کو اللہ کے ذکر سے کسی دوسری طرف مشغول نہیں کرتی، کے نزول سے پہلے کا واقعہ ہے لہٰذا صحابہ کرام پر کسی قسم کا طعن ہرگز جائز نہیں،، جبکہ اللہ تعالیٰ نے ان کی صفائی بیان کر دی کہ تجارت اور دنیاوی مصروفیت سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پروانوں کو دنیاوی اُمور میں مشغول کر کے اللہ کے ذکر سے نہیں ہٹا سکتی۔ لہٰذا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مطعون کرنا گناہ ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ــــ جمعہ سے پہلے اور اس کے بعد نماز پڑھنا

۸۹۶ ــــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز سے پہلے دو رکعتیں اور اس کے بعد دو رکعتیں پڑھتے تھے،، اور مغرب کے بعد اپنے گھر میں دو رکعتیں اور عشاء کے بعد دو رکعتیں پڑھتے تھے اور جمعہ کے بعد (مسجد میں) کچھ نہ پڑھتے حتیٰ کہ گھر تشریف لے جاتے اور دو رکعتیں پڑھتے،،

marfat.com

بَابُ قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِذَا قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ فَانْتَشِرُوْا فِی الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ

۸۹۶ ــــ شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم دو سنتیں مسجد میں اس لئے نہ پڑھتے تھے ،، کہ جمعہ کی نماز دو رکعتیں ہیں اگر آپ مسجد میں دو رکعتیں پڑھتے تو یہ گمان ہو سکتا تھا کہ یہ دو رکعتیں وہی ہیں جو ظہر سے حذف کی گئی ہیں اور یہ دو رکعتیں واجب ہیں ،، اس گمان کے ازالہ کے لئے آپ گھر نماز پڑھتے تھے!

امام ترمذی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ذکر کی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ،، تم میں سے جو کوئی جمعہ کے بعد نماز پڑھے وہ چار رکعتیں پڑھے ،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ سنن سعید بن منصور میں ہے کہ ابوعبدالرحمٰن سلمی نے کہا حضرت عبداللہ بن مسعود نے ہم کو تعلیم دی کہ ہم جمعہ کے بعد چار رکعتیں پڑھیں جب حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے تو اُنھوں نے ہم کو یہ تعلیم دی کہ ہم چھ رکعتیں پڑھیں ،، طبرانی نے اوسط میں ابن عُبیدہ سے روائت ذکر کی کہ ان کے باپ عبیدہ نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ سے پہلے چار اور جمعہ کے بعد چار رکعتیں پڑھتے تھے الحاصل جمعہ کے بعد چار رکعتیں اور دو رکعتیں دونوں مذکور ہیں ۔ لہٰذا چھ سنتیں پڑھ لے تاکہ دونوں روایات پر عمل ہو جائے !

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نوافل گھر پڑھنے افضل ہیں ،،

مغرب کی نماز کے بعد سنتیں گھر میں پڑھنی مستحب ہیں یہ ظاہر حدیث سے واضح ہے ،، اسی طرح دیگر سنتیں جو فرائض کے تابع ہیں ان کا گھر میں پڑھنا مستحب ہے ،، جمہور کا یہی مسلک ہے ۔ صحیحین میں ہے کہ " فرض نماز کے سوا گھر میں نماز پڑھنا افضل ہے ،،

"فائدہ" حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی عشاء کی نماز کے بعد دو رکعتیں نفل پڑھے اور ہر ایک رکعت میں سورۂ فاتحہ اور بیس بار سورۂ اخلاص پڑھے اللہ تعالیٰ اس کا محل جنّت میں بناتا ہے (عینی)

بابــــ اللہ تعالیٰ کا ارشاد " اور جب نماز ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو ــــ "

marfat.com

٨٩٧ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ قَالَ كَانَتْ فِينَا امْرَأَةٌ تَجْعَلُ عَلَى أَرْبِعَاءَ فِي مَزْرَعَةٍ لَهَا سِلْقًا فَكَانَتْ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ تَنْزِعُ أُصُولَ السِّلْقِ فَتَجْعَلُهُ فِي قِدْرٍ ثُمَّ تَجْعَلُ عَلَيْهِ قَبْضَةً مِنْ شَعِيرٍ تَطْحَنُهَا فَتَكُونُ أُصُولُ السِّلْقِ عَرْقَهُ وَكُنَّا نَنْصَرِفُ مِنْ صَلَوٰةِ الْجُمُعَةِ فَنُسَلِّمُ عَلَيْهَا
٨٩٨ فَتُقَرِّبُ ذٰلِكَ الطَّعَامَ إِلَيْنَا فَنَلْعَقُهُ وَكُنَّا نَتَمَنَّى يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِطَعَامِهَا ذٰلِكَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ بِهٰذَا وَقَالَ مَا كُنَّا نَقِيلُ وَلَا نَتَغَدَّى إِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ

---

٨٩٧ ترجمہ : ابوحازم رضی اللہ عنہ نے سہل سے روائت کی کہ اُنہوں نے کہا کہ صحابہ میں ایک خاتون تھی جو اپنی کھیتی میں نالیوں پر چقندر کی کاشت کراتی تھی اور جب جمعہ کا دن ہوتا تو وہ چقندر ہنڈی میں پکاتی اور اس پر جَو کا پسا ہُوا آٹا ڈال دیتی تھی اور وہ چقندر اس طعام کا گوشت ہوتا تھا ہم جب جمعہ کی نماز سے فارغ ہوتے تو اس خاتون کو سلام کرتے تو وہ یہ طعام ہمارے قریب کرتی ہم اس کو چاٹ جاتے اور ہم جمعہ کے دن اس خاتون کے اس کھانے کی خواہش کیا کرتے تھے !

٨٩٧ شرح : یعنی خاتون جو طعام پکاتی تھی ، اس کا عَرق (گوشت) چقندر تھی" اور عَرق اس گوشت کو کہتے ہیں جو ہڈی پر ہوتا ہے اور مراد یہ ہے کہ گوشت کے عوض چقندر تھی ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اجنبی عورتوں کو سلام کرنا جائز ہے۔ جبکہ فتنہ کا ڈر نہ ہو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دنیا کی قطعًا حرص نہ تھی اور وہ معمولی کھانے وغیرہ پہ کفائت کرتے تھے اور بزرگوں کی زیارت کرنا مستحب ہے چونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جمعہ کی نماز سے فارغ ہوکر اس خاتون کے پاس چقندر کھانے جایا کرتے تھے اور یہ رزق کی تلاش ہے لہذا باب سے حدیث کی مناسبت واضح ہے !
قرآن کریم کی آئت میں امر "فانتشروا" اباحت کے لئے ہے جیسے " وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا ،، میں امر اباحت کے لئے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم !

---

٨٩٨ ترجمہ : حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے یہی روائت کی اور کہا ہم قیلولہ اور ناشتہ جمعہ کے بعد کرتے تھے !

٨٩٨ شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے کہا جمعہ زوالِ شمس سے پہلے پڑھا جا سکتا ہے اور وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ "ہم جمعہ کے بعد قیلولہ کرتے تھے ،، اس حدیث میں ان کا ردّ مقصود ہے کیونکہ جمعہ کے بعد

marfat.com

بَابُ الْقَائِلَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ۸۹۹

اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ كُنَّا نُبَكِّرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ نَقِيْلُ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ ۹۰۰
قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ ثُمَّ تَكُوْنُ الْقَائِلَةُ

ناشتہ کا وقت نہیں ہوتا۔ معلوم ہُوا کہ جمعہ کے بعد صحابہ کرام کا قیلولہ اور ناشتہ کرنا اس کے عوض تھا جو وہ شروع دن میں کیا کرتے تھے اور جمعہ کے روز جمعہ کی تیاری میں ان سے قیلولہ اور ناشتہ رہ جاتا تھا۔ لہٰذا اس حدیث سے امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کا استدلال صحیح نہیں ،، کیونکہ سُورج طلوع ہونے کے بعد کا وقت زوالِ شمس سے پہلے، کا وقت ہے۔ حالانکہ سُورج طلوع ہونے کے بعد جمعہ پڑھنے کے امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ بھی قائل نہیں۔ غائت ما فی الباب یہ کہہ سکتے ہیں کہ سردیوں میں زوالِ شمس کے بعد جلد جمعہ پڑھ لیتے تھے۔ اس لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جمعہ کی تیاری میں مصروف ہونے کے سبب قیلولہ اور ناشتہ جمعہ کے بعد کرتے تھے۔

باب ـــ جُمعہ کے بعد قیلولہ کرنا

۸۹۹ ـــ ترجمہ : حُمَید نے کہا میں نے انس سے سُنا وہ کہتے تھے کہ ہم بہت جلد جُمعہ پڑھنے جاتے تھے پھر قیلولہ کرتے تھے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قیلولہ کرنا مستحب ہے!

۹۰۰ ـــ ترجمہ : حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھتے پھر جمعہ کے بعد ہمارا قیلولہ ہوتا تھا!

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَبْوَابُ صَلٰوۃِ الْخَوْفِ وَقَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ عَلَیْکُمْ
٩٠١ جُنَاحٌ اِلٰی قَوْلِہٖ عَذَابًا مُّھِیْنًا **حَدَّثَنَا** اَبُوالْیَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ سَاَلْتُہٗ
ھَلْ صَلّٰی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْنِیْ صَلٰوۃَ الْخَوْفِ فَقَالَ اَخْبَرَنَا سَالِمٌ اَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عُمَرَ
قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَوَازَیْنَا الْعَدُوَّ فَصَافَفْنَا لَھُمْ فَقَامَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ لَنَا فَقَامَتْ طَائِفَۃٌ مَعَہٗ وَاَقْبَلَتْ طَائِفَۃٌ عَلَی الْعَدُوِّ وَرَکَعَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَنْ مَعَہٗ وَسَجَدَ سَجْدَتَیْنِ ثُمَّ انْصَرَفُوْا مَکَانَ الطَّائِفَۃِ الَّتِیْ لَمْ تُصَلِّ فَجَآءُوْا فَرَکَعَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِھِمْ رَکْعَۃً وَسَجَدَ سَجْدَتَیْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنْھُمْ فَرَکَعَ لِنَفْسِہٖ رَکْعَۃً وَسَجَدَ سَجْدَتَیْنِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب — خوف کے وقت نماز پڑھنا

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ”اور جب تم زمین پر سفر کرو تو تم پر گناہ نہیں کہ بعض نمازیں قصر کر کے پڑھو، اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ایذاء دیں گے۔ بے شک کفار تمہارے کھلے دشمن ہیں، اور اے محبوب جب تم اُن میں تشریف فرما ہو پھر نماز میں ان کی امامت کرو تو چاہیئے کہ ان میں ایک جماعت تمہارے ساتھ ہو اور وہ اپنے ہتھیار لئے رہیں پھر جب وہ سجدہ کرلیں تو ہٹ کر تم سے پیچھے ہو جائیں اور اب دوسری جماعت آئے جو اس وقت تک جماعت میں شریک نہ تھی“ اب وہ تمہارے مقتدی ہوں اور چاہیے کہ اپنی پناہ اور اپنے ہتھیار لئے رہیں“ اور کافروں کی تمنا ہے کہ کہیں تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے اسباب سے غافل ہو جاؤ تو ایک دفعہ تم پر جھک پڑیں، اور تم پر مضائقہ نہیں اگر تمہیں مینہ کے سبب تکلیف ہو یا بیمار ہو کہ اپنے ہتھیار کھول رکھو اور اپنی پناہ لئے رہو بے شک اللہ نے کافروں کے لئے خواری کا عذاب بنا رکھا ہے“

٩٠١ — ترجمہ: شعیب نے زہری سے بیان کیا کہ میں نے ان سے پوچھا کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوٰۃِ خوف پڑھی ہے؟ زہری نے کہا مجھے سالم نے خبر دی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نجد کی طرف غزوہ کیا ہم دشمن کے محاذی اور مقابل ہوئے اور ان کے (مقابلے) ہم نے صفیں باندھیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں

marfat.com

نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے ایک گروہ آپ کے ساتھ نماز پڑھنے کھڑا ہوگیا اور دوسرا دشمن کے سامنے کھڑا ہوگیا پھر رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے اپنے ساتھ والوں کے ساتھ رکوع کیا اور دو سجدے کئے پھر وہ اس گروہ کی جگہ چلے گئے جس نے نماز نہ پڑھی تھی اور وہ آئے تو رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے ان کے ساتھ رکوع کیا اور دو سجدے کئے پھر سلام پھیر دیا اور اِن میں سے ہر ایک گروہ نے اپنا اپنا رکوع اور دو سجدے کئے،،

شرح : خوف کی نماز کا یہ طریقہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب ہے"

۹۰۱ —— ابوداؤد نے اس نماز کے کئی طریقے ذکر کئے ہیں جو سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم مختلف اوقات میں پڑھتے رہے،، امام احمد رضی اللہ عنہ نے کہا صلوٰۃِ خوف کی تمام حدیثیں صحیح ہیں اور خوف کی شدّت وضعف کے اعتبار سے خوف کی نماز مختلف اشکال میں پڑھی گئی ہے۔ ان میں سے جس کیفیت سے نماز پڑھ لیں درست ہے اور ہر طریقہ میں پڑھ لینا جائز ہے البتہ فقہ کے ائمّہ نے اپنے اپنے نظریات میں افضل کو اختیار کیا ہے چنانچہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک افضل طریقہ یہ ہے جو اس حدیث میں مذکور ہے،، صلوٰۃِ خوف کو منسوخ کہنا صحیح نہیں کیونکہ صلوٰۃِ خوف کی آئت سات ہجری میں نازل ہُوئی اور غزوہ خندق جس میں آپ کی چار نمازیں قضاء ہُوئی تھیں وہ پانچ ہجری کا واقعہ ہے اور یہ کہنا کہ غزوۂ خندق میں آپ نے صلوٰۃِ خوف نہ پڑھی حتیٰ کہ آپ کی چار نمازیں قضاء ہوگئیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ صلوٰۃِ خوف منسوخ ہے،، صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ مؤخر مقدم کا ناسخ نہیں ہوسکتا،، اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی یہ نماز پڑھتے تھے حالانکہ نسخ کو وہ زیادہ جانتے تھے،، بظاہر آئت کریمہ سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ قصر اور اتمام میں اختیار ہے۔ اگرچہ اتمام افضل ہے۔ کیونکہ نص قطعی سے ظاہر یہ ہوتا ہے کہ خوف کی حالت میں قصر مخصوص ہے چنانچہ قرآن کریم میں ہے" اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ایذا دیں گے،، اور امن وامان کی حالت میں قصر ضروری نہیں کیونکہ مسلم میں یعلی بن اُمیّہ سے روائت ہے کہ میں نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" تمہیں گناہ نہیں کہ بعض نمازیں قصر کرکے پڑھو اگر تمہیں اندیشہ ہو،، اب تو لوگ امن وامان میں ہیں لہٰذا اب قصر ضروری نہیں۔ عمر فاروق نے کہا میں نے بھی اس پر تعجب کیا تھا اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا" یہ اللہ تعالیٰ نے تم پر صدقہ کیا ہے یہ صدقہ قبول کرو،، اللہ تعالیٰ نے قصر کو قبول کے ساتھ معلّق کیا اور اس کا نام صدقہ رکھا اور جس پر صدقہ کیا جائے وہ صدقہ کو قبول کرنے میں مختار ہوتا ہے ضروری نہیں کہ وہ قبول ہی کرے لہٰذا قصر واتمام میں اختیار ہے،، اس کا جواب یہ ہے کہ جو صدقہ تملیک کا محتمل نہ ہو وہ اسقاط محض ہوتا ہے اور نماز تملیک کا احتمال نہیں رکھتی لہٰذا اتمامِ صلوٰۃ ساقط ہے اور قصر ضروری ہے علاوہ ازیں یعلی بن اُمیّہ کی حدیث احناف کی دلیل ہے کیونکہ اس میں قبول کرنے کا حکم ہے اور امر وجوب کے لئے ہے،، شیخین نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت کی کہ نماز دو دو رکعتیں فرض ہُوئی سفر کی نماز ثابت رہی اور اقامت میں اس پر زیادہ کی گئی،، امام مسلم نے ابن عباس سے روائت کی کہ" اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی کی زبان پر حضر میں چار رکعتیں، سفر میں دو رکعتیں اور خوف میں ایک رکعت (باجماعت) فرض کی۔ نسائی، ابن ماجہ اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روائت کی اُنھوں نے کہا سفر کی نماز دو رکعتیں ہیں۔ چاشت، عید اور جمعہ کی نمازیں دو دو رکعتیں ہیں۔ یہ پُوری نمازیں ہیں ان میں قصر نہیں یہ تمہارے

marfat.com

۹۰۲ بَابُ صَلٰوةِ الْخَوْفِ رِجَالًا وَّرُكْبَانًا رَاجِلٌ قَائِمٌ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْقُرَشِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوًا مِّنْ قَوْلِ مُجَاهِدٍ اِذَا اخْتَلَطُوْا قِيَامًا وَزَادَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كَانُوْا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَلْيُصَلُّوْا قِيَامًا وَّرُكْبَانًا

نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف سے ثابت ہے،،

یہ حدیث اور ابوداؤد میں حضرت عبداللہ بن مسعود سے مذکور حدیث امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی دلیل ہے اور جن روایات میں خوف کی نماز ایک رکعت پڑھنے کا ذکر آتا ہے۔ وہ احادیث امام کے ساتھ نماز پر محمول ہیں کہ صلوٰۃ خوف امام کے ساتھ ایک رکعت ہے جبکہ ایک رکعت نماز پڑھنے سے آپ نے منع فرمایا ہے اور جن احادیث میں یوں ذکر ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک گروہ کو دو دو رکعتیں پڑھائیں وہ اس وقت کی نماز پر محمول ہیں جبکہ ایک وقت میں دو بار فرض پڑھنے جائز تھے،، اب یہ منسوخ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — پیدل اور سوار ہوکر خوف کی نماز پڑھنا

رجال جمع راجل کی بمعنی قائم ہے،،

۹۰۲ — ترجمہ : حضرت نافع نے ابن عمر سے مجاہد کے قول جیسی روایت کی کہ جب لڑائی سخت ہو جائے تو کھڑے کھڑے نماز پڑھ لیں،، اور ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اضافہ نقل کیا کہ اگر حال اس سے بھی سخت ہو جائے تو قدموں پر کھڑے اور سوار ہو کر نماز پڑھ لیں،،

۹۰۲ — شرح : یعنی جب دشمن سے صرف سامنا ہو اور ان کے حملہ کا شدید خطرہ نہ ہو تو مجاہدین کھڑے ہوئے نماز پڑھ لیں اور اگر خطرہ اس سے زیادہ ہو جائے تو جانوروں پر سوار نماز پڑھ لیں قبلہ رُو ہوں یا نہ ہوں! یہ مجاہد کا قول ہے اُنھوں نے کسی سے اس کی روایت نہیں کی،،

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ صلوٰۃِ خوف پیدل اور سوار ہو کر پڑھنا اس وقت ہے جبکہ خوف سخت تر ہو جائے اس کو صلوٰۃِ مسابقت کہتے ہیں اس کے ابن عمر قائل ہیں اگر خوف اور زیادہ سخت ہو جائے تو پیدل اور سوار نماز پڑھیں قبلہ رُو ہوں یا نہ،، یہ مجاہد کا قول ہے۔ ابن جریج نے مجاہد سے روایت کی اُنھوں نے کہا سخت قتال کے وقت سر کے اشارہ سے نماز پڑھ لینا کافی ہے یہ مجاہد کا مذہب ہے یہی ابن عمر کا مذہب ہے،،

،،اور بخاری کا یہ کہنا کہ ابن عمر نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ زیادہ ذکر کیا ہے اور

marfat.com

بَابُ يَحْرُسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي صَلٰوةِ الْخَوْفِ

۹۰۳ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَ النَّاسُ مَعَهُ فَكَبَّرَ وَكَبَّرُوا مَعَهُ وَرَكَعَ وَرَكَعَ نَاسٌ مِنْهُمْ ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدُوا مَعَهُ ثُمَّ قَامَ لِلثَّانِيَةِ فَقَامَ الَّذِيْنَ سَجَدُوا وَحَرَسُوا إِخْوَانَهُمْ وَأَتَتِ الطَّائِفَةُ الْأُخْرٰى فَرَكَعُوا وَسَجَدُوا مَعَهُ وَالنَّاسُ كُلُّهُمْ فِي صَلٰوةٍ وَلٰكِنْ يَحْرُسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

وہ یہ کہ خوف جب اس سے زیادہ ہو جائے تو پیدل اور سوار نماز پڑھ لیں اس سے بخاری کا مقصد یہ ہے کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے ابن عمر کی اپنی رائے نہیں۔ علامہ عینی رحمہ اللہ نے کہا اس مقام میں یہی تحقیق ہے!

باب ـــــ صلوٰۃ خوف میں مجاہدین ایک دُوسرے کی حفاظت کریں!

۹۰۳ ـــــ ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہُوئے اور آپ کے ساتھ لوگ کھڑے ہُوئے آپ نے تکبیر تحریمہ کہی تو اُنھوں نے بھی آپ کے ساتھ تکبیر تحریمہ کہی آپ نے رکوع کیا تو ان میں سے بعض لوگوں نے رکوع کیا (اور باقی کھڑے رہے) پھر آپ نے سجدہ کیا تو آپ کے ساتھ والے لوگوں نے بھی سجدہ کیا پھر آپ دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہُوئے تو وہ لوگ کھڑے رہے جنہوں نے آپ کے ساتھ سجدہ کیا تھا اور اپنے بھائیوں کی نگہبانی کی،، اور دوسرا گروہ آیا اُنھوں نے آپ کے ساتھ رکوع وسجود کیا اور لوگ سب نماز ہی میں رہے لیکن وہ ایک دوسرے کی نگہبانی کرتے رہے!

۹۰۳ ـــــ شرح: یعنی جن لوگوں نے پہلی رکعت میں آپ کے ساتھ رکوع وسجود نہ کیا تھا وہ آئے اور اُنھوں نے آپکے ساتھ رکوع وسجود کیا یہ طریقہ اس وقت ہے جبکہ دشمن قبلہ کی طرف ہو،، تو لوگ دو صفیں بنالیں پہلی صف امام کے ساتھ رکوع وسجود کرے اور دوسری صف والے کھڑے حفاظت کرتے رہیں جب امام سجدہ کر کے دُوسری رکعت کے لئے کھڑا ہو،، تو دوسری صف آگے آجائے اور پہلی صف پیچھے چلی جائے اور امام ان کے ساتھ رکوع وسجود کرے اور رکعت پُوری کرے اس صورت میں وہ سب نماز ہی میں رہتے ہیں،،

---

marfat.com

بَابُ الصَّلٰوةِ عِنْدَ

مُنَاهَضَةِ الْحُصُوْنِ وَلِقَاءِ الْعَدُوِّ وَقَالَ الْاَوْزَاعِیُّ اِنْ كَانَ تَهَيُّاُ الْفَتْحِ وَلَمْ يَقْدِرُوْا عَلَى الصَّلٰوةِ صَلَّوْا اِيْمَاءً كُلُّ امْرِئٍ لِنَفْسِهٖ فَاِنْ لَمْ يَقْدِرُوْا عَلَى الْاِيْمَاءِ اَخَّرُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى يَنْكَشِفَ الْقِتَالُ اَوْ يَاْمَنُوْا فَيُصَلُّوْا رَكْعَتَيْنِ فَاِنْ لَمْ يَقْدِرُوْا صَلَّوْا رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ فَاِنْ لَمْ يَقْدِرُوْا فَلَمْ يُجْزِهِمُ التَّكْبِيْرُ وَيُؤَخِّرُوْنَهَا حَتّٰى يَاْمَنُوْا وَبِهٖ قَالَ مَكْحُوْلٌ وَقَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ حَضَرْتُ مُنَاهَضَةَ حِصْنِ تُسْتَرَ عِنْدَ ضَاءَةِ الْفَجْرِ وَاشْتَدَّ اشْتِعَالُ الْقِتَالِ فَلَمْ يَقْدِرُوْا عَلَى الصَّلٰوةِ فَلَمْ نُصَلِّ اِلَّا بَعْدَ ارْتِفَاعِ النَّهَارِ فَصَلَّيْنَاهَا وَنَحْنُ مَعَ اَبِیْ مُوْسٰى فَفُتِحَ لَنَا قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَمَا يَسُرُّنِیْ بِتِلْكَ الصَّلٰوةِ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

باب ـــ "قلعوں پر چڑھائی اور دشمن سے ملاقات کے وقت نماز پڑھنا"

امام اوزاعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر فتح ہونے والی ہو اور مجاہدین نماز نہ پڑھ سکیں تو ہر ایک اپنی اپنی نماز اشارے سے پڑھ لے اور اگر اشارہ کی بھی قدرت نہ ہو تو نماز مؤخر کر دیں حتیٰ کہ لڑائی ختم ہو جائے یا امن و امان ہو جائے پھر وہ دو رکعتیں پڑھ لیں "

اور اگر دو رکعتیں نہ پڑھ سکیں تو ایک رکعت اور دو سجدے کر لیں اور اگر ایک رکعت بھی نہ پڑھ سکیں تو صرف تکبیر تحریمہ ان کے لئے کافی نہیں وہ نماز کو مؤخر کر دیں حتیٰ کہ امن و امان ہو جائے یہی مکحول کہتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں صبح کی روشنی میں تستر قلعہ پر چڑھائی کے وقت موجود تھا جبکہ لڑائی سخت بھڑک چکی تھی " مجاہدین نماز پڑھنے پر قادر نہ ہوئے " تو ہم نے (صبح کی نماز) سورج بلند ہونے کے بعد پڑھی " ہم نے صبح کی نماز پڑھی جبکہ ہم ابوموسیٰ کے ساتھ تھے اور قلعہ فتح ہو چکا تھا انس رضی اللہ عنہ نے کہا یہ نماز پڑھنے سے مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ اس نماز کے عوض دنیا اور اس کی متاع سے اتنی خوشی نہ ہوتی "

شرح : اگر یہ سوال ہو کہ " فَاِنْ لَمْ يَقْدِرُوْا " امن و امان یا فتح و نصرت پر مرتب ہے تو اس صورت میں وہ نماز پر کیوں قادر نہیں " اس کا جواب یہ ہے کہ مذکور اجمال کی تفصیل ہے یعنی وہ لوگ اشارہ سے دو رکعتیں پڑھیں اور اگر اس پر قادر نہ ہوں تو ایک رکعت اور دو سجدے اشارہ سے کر لیں اگر یہ بھی نہ کر سکیں تو تکبیر پر ہی اکتفاء نہ کریں " تستر " اہواز خوزستان کے علاقہ میں ایک مشہور شہر ہے " وہاں انس بن مالک کے بھائی براء بن مالک کی قبر ہے جوہری نے قلعہ کی تفسیر حصن سے کی ہے " دراصل ان دونوں میں فرق معروف ہے۔ قلعہ حصن سے بڑا ہوتا ہے وہ صاف زمین اور پہاڑوں پر بھی بنایا جاتا ہے " اور حصن غالباً پہاڑوں پر ہوتا ہے "

marfat.com

۹۰۴ حدثنا یحییٰ قال حدثنا وکیع عن علی بن المبارک عن یحییٰ بن ابی کثیر عن ابی سلمۃ عن جابر بن عبد اللہ قال جاء عمر یوم الخندق فجعل یسب کفار قریش ویقول یا رسول اللہ ما صلیت العصر حتی کادت الشمس ان تغیب فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانا واللہ ما صلیتہا بعد قال فنزل الی بطحان فتوضأ وصلی العصر بعدما غابت الشمس ثم صلی المغرب بعدھا **باب** صلوۃ الطالب والمطلوب راکبا وایماء وقال الولید ذکرت للاوزاعی صلوۃ شرحبیل بن السمط واصحابہ علی ظہر الدابۃ فقال کذلک الامر عندنا اذا تخوف الفوت واحتج الولید بقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یصلین احد العصر الا فی بنی قریظۃ

ابو عبداللہ مکحول دمشق کے رہنے والے ہیں شام کے بہت بڑے فقیہہ اور ثقہ تابعی ہیں وہ کابل میں پیدا ہوئے تھے اور ۱۱۸ ہجری میں فوت ہوئے،، قولہ وبہ قال مکحول الخ یہ امام اوزاعی کے کلام کا تتمہ ہے یا امام بخاری کی تعلیق ہے،، واللہ تعالیٰ اعلم!

ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ عمر فاروق غزوۂ خندق کے دن آئے اور کفار قریش کو گالیاں دینا شروع کیں اور کہنے لگے یا رسول اللہ! میں نے عصر کی نماز نہیں پڑھی حتیٰ کہ سورج غروب ہونے کے قریب ہوگیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے بھی اللہ کی قسم ابھی تک یہ نماز نہیں پڑھی جابر نے کہا آپ بطحان وادی میں اترے اور وضوء کیا اور غروب شمس کے بعد عصر کی نماز پڑھی پھر اس کے بعد مغرب کی نماز پڑھی۔

۹۰۴ ــــ

شرح : یعنی جو شخص اشارہ سے بھی نماز نہ پڑھ سکے وہ نماز کو وقت سے مؤخر کردے اور پھر قضاء کرے اور صرف تکبیر تحریمہ کہہ لینا کافی نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خندق کے روز جنگ میں مشغول رہے اور آپ کی عصر کی نماز رہ گئی معلوم ہوا کہ صرف تحریمہ کافی نہیں نسائی کی روایت میں ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں خندق کے دن قضاء ہوئیں جبکہ موطا میں صرف ظہر اور عصر کی نماز قضا ہونا مذکور ہے۔ امام ترمذی نے کہا کہ خندق کے دن چار نمازیں قضا ہوئیں۔ حدیث ۵۷۴ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے!

۹۰۴ ــــ

باب ــــ طالب اور مطلوب کا سواری پر اشارہ سے نماز پڑھنا!

marfat.com

۹۰۵ بَابٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَا لَمَّا رَجَعَ مِنَ الْاَحْزَابِ لَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدٌ الْعَصْرَ اِلَّا فِي بَنِي قُرَيْظَةَ فَاَدْرَكَ بَعْضُهُمُ الْعَصْرَ فِي الطَّرِيْقِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا نُصَلِّي حَتّٰى نَاْتِيَهَا وَقَالَ بَعْضُهُمْ بَلْ نُصَلِّي لَمْ يُرَدْ مِنَّا ذٰلِكَ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُعَنِّفْ اَحَدًا مِنْهُمْ

ولید نے کہا میں نے امام اوزاعی سے شُرَحبیل بن سمط اور اس کے ساتھیوں کا سواری کی پُشت پر نماز کا ذکر کیا تو اُنھوں نے کہا ہمارے نزدیک بھی اسی طرح ہے جبکہ نماز کے فوت ہونے کا ڈر ہو۔ ولید نے سیّد عالم نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اس ارشاد سے استدلال کیا کہ کوئی شخص بنی قریظہ کے سوا عصر کی نماز نہ پڑھے!

شرح : دشمن کا تعاقب کرنے والا طالب اور جس کا تعاقب کیا جائے وہ مطلوب ہے،، مطلوب کا سواری پر اشارہ سے نماز پڑھنا جائز ہے جبکہ وہ شدید مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے اور دشمن کے ہاتھوں ہلاکت کا شدید خطرہ ہوتا ہے اور طالب کے لئے جائز نہیں کہ وہ سواری پر اشارہ سے نماز پڑھے وہ بہرحال اُتر کر ہی نماز پڑھے گا! احناف کا مذہب یہی ہے،، امام اوزاعی کہتے ہیں کہ نماز کے قضاء ہونے کے ڈر سے طالب بھی سواری پر اشارہ سے نماز پڑھ سکتا ہے اُنھوں نے مذکور حدیث سے استدلال کیا۔ حدیث ۹۰۵ کی شرح میں اس کی تشریح مذکور ہے،،

باب

ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ہمیں فرمایا جبکہ آپ غزوۂ احزاب سے واپس آئے کہ کوئی شخص عصر کی نماز نہ پڑھے مگر بنی قریظہ میں،، بعض لوگوں کو عصر کی نماز نے راستہ میں پالیا تو بعض نے کہا ہم عصر کی نماز نہ پڑھیں گے حتیٰ کہ بنی قریظہ میں پہنچیں،، اور بعض صحابہ کرام نے کہا بلکہ ہم تو پڑھ لیتے ہیں۔ ہم سے یہ ارادہ نہیں کیا گیا، نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے اس کا ذکر کیا گیا تو آپ نے کسی پر ملامت نہ فرمائی،،

شرح ۹۰۵ : عرب کے قبائل سے دس ہزار افراد جمع ہوئے اور اُنھوں نے تین لشکر بنا لئے جن کا سربراہ ابوسفیان بن حرب تھا۔ ادھر بنی قریظہ نے معاہدہ توڑ دیا اور ابوسفیان کے ساتھ ہوکر مسلمانوں کے خلاف ہوگئے اور سب مل کر مدینہ منورہ پر حملہ آور ہوئے سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کو جب یہ خبر پہنچی تو آپ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے مشورہ کے مطابق مدینہ منورہ کے باہر خندق کھدوائی،، جب کفار شکست کھا کر بھاگ گئے اور مسلمانوں نے ہتھیار اُتار دیئے تو جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ظہر کے وقت دربارِ رسالت میں حاضر ہوکر عرض کی کہ ابھی تک فرشتوں نے ہتھیار نہیں اُتارے اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ آپ بنی قریظہ پر حملہ کریں جنہوں نے عہد شکنی کی ہے،،

آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے بلال سے فرمایا کہ عصر کی نماز بنی قریظہ میں پڑھیں،، پھر تین ہزار صحابہ کے ساتھ ان پر ۲۱۔ ذوالقعدہ بدھ کے روز حملہ کیا،،

marfat.com

۹۰۶ بَابُ التَّبْكِيرِ وَالْغَلَسِ بِالصُّبْحِ وَالصَّلٰوةِ عِنْدَ الْإِغَارَةِ وَالْحَرْبِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ وَثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الصُّبْحَ بِغَلَسٍ ثُمَّ رَكِبَ فَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ

جب راستہ میں عصر کی نماز کا وقت ہوگیا تو صحابہ کرام میں اختلاف ہُوا کہ نماز کہاں پڑھیں۔ بعض نے کہا ہم حسبِ ارشاد بنی قریظہ ہی میں عصر کی نماز پڑھیں گے اور بعض نے کہا کہ آپ کے ارشاد کا مقصد یہ ہے کہ ہم بہت جلد بنو قریظہ پہنچیں اور یہ مقصد نہیں کہ ہم راستہ میں نماز ہی ترک کردیں ،، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مجتہد تھے اُنھوں نے دو راہ اختیار کئے جو ایک دوسرے کے مخالف تھے مگر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی پر ملامت نہ فرمائی ،، ۔معلوم ہُوا کہ مجتہد اگر چہ خطاء کر جائے جب بھی اس کو ثواب ہوتا ہے اور اس پر مواخذہ نہیں ہوتا ،،

ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا سب علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مطلوب سواری پر نماز پڑھ سکتا ہے مگر طالب کا سواری پر نماز پڑھنے میں علماء کا اختلاف ہے امام شافعی اور احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما نے کہا کہ سواری پر نماز نہ پڑھے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا اگر نیچے اُترنے کی صورت میں دشمن کے نکل جانے کا خطرہ ہو تو سواری پر نماز پڑھ لے۔

ولید نے بنی قُرَیظہ کے واقعہ سے استدلال کیا کہ طالب سواری پر اشارہ سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ اگر صحابہ کرام نے راستہ میں سواریوں پر اشارہ سے نماز پڑھی ہوتی تو ولید کا استدلال بالکل واضح تھا مگر کسی روائت سے یہ ثابت نہیں لہٰذا یوں ہو سکتا ہے کہ جن لوگوں نے بنی قریظہ میں جا کر نماز پڑھی ان کے لئے وقت کا ترک کرنا جائز ہے حالانکہ یہ فرض ہے کہ نماز وقت میں پڑھیں اسی طرح طالب کے لئے جائز ہے کہ وقت میں سواری پر اشارہ سے نماز پڑھ لے۔ غائث مافی الباب یہ ہے کہ سواری پر رکوع و سجود کا ترک ہوگا جو نماز میں فرض ہیں تو سواری پر رکوع، سجود ترک کرنا ایسا ہے جیسے صحابہ کرام نے عصر کا وقت ترک کر دیا تھا ،، لہٰذا ضرورت کے پیشِ نظر ترکِ فرض دونوں میں جہت جامعہ ہے۔ نتیجتاً طالب سواری پر اشارہ سے نماز پڑھ سکتا ہے ۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ــــ حملہ کرنے اور لڑائی شروع کرنے کے وقت جلدی کرنا اور صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھنا ،،

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھی پھر سوار ہُوئے اور فرمایا "اللہ اکبر" خیبر خراب ہُوا ہم کسی قوم کے میدان میں جب اُترتے ہیں تو ڈرائے ہُوئے لوگوں

۹۰۶ ــــ

marfat.com

إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ فَخَرَجُوا يَسْعَوْنَ فِي السِّكَكِ يَقُولُونَ مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيسُ قَالَ الْخَمِيسُ الْجَيْشُ فَظَهَرَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلَ الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَى الذَّرَارِيَّ فَصَارَتْ صَفِيَّةُ لِدِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ وَصَارَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ صَدَاقَهَا عِتْقَهَا فَقَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ لِثَابِتٍ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ أَنْتَ سَأَلْتَ أَنَسًا مَا أَمْهَرَهَا فَقَالَ أَمْهَرَهَا نَفْسَهَا فَتَبَسَّمَ قَالَ

کی صبح بُری ہوتی ہے،، یہودی (گھروں سے باہر) نکلے جبکہ وہ گلی کوچوں میں دوڑ رہے تھے،، اور یہ کہہ رہے تھے محمد لشکر سمیت آگئے ہیں،، انس نے کہا خمیس لشکر کو کہتے ہیں،، رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان پر غالب آئے۔ اور تمام لڑنے والوں کو قتل کر دیا ان کی اولاد کو قید کر لیا۔ صفیہ دحیہ کلبی کو ملیں پھر رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہوگئیں۔ پھر آپ نے ان سے (آزاد کرنے کے بعد) نکاح کر لیا اور ان کی آزادی ان کا مہر مقرر کی گئی۔ عبدالعزیز نے ثابت سے کہا اے ابو محمد تم نے انس سے پوچھا تھا کہ آپ نے صفیہ کو کیا مہر دیا؟ انس نے کہا صفیہ کی ذات ان کو مہر میں دی پھر حضرت انس ہنس پڑے،،

۹۰۶ ـــــ

شرح : ذراری سے مراد وہ نفوس ہیں جنہوں نے خیبر میں لڑائی نہ کی تھی لہٰذا اس میں عورتیں اور بچے وغیرہ سب داخل ہیں اسی لئے کہا کہ صفیہ دحیہ کو ملیں،، لہٰذا یہ نہ کہا جائے کہ عورتیں ذراری کے لفظ میں داخل نہیں تو صفیہ دحیہ کو کیسے ملیں،،

دوسری روایات سے واضح ہوتا ہے کہ صفیہ پہلے دحیہ کلبی کو دی گئیں پھر ان کو دحیہ سے واپس کر لیا اور وہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص ہوگئیں لہٰذا یہ نہ کہا جائے کہ بظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صفیہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور دحیہ کلبی میں مشترک ہیں اس سے متعلق تفصیل حدیث ۳۶۶ کی تفہیم میں مذکور ہے!

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سفر کی حالت میں حضر کی طرح صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھنا مسنون ہے" اس مسئلہ کی پوری تفصیل حدیث ۳۶۷ کی تفہیم میں مذکور ہے،،

marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

كتاب العيدين باب ما جاء في العيدين والتجمل فيهما حدثنا ابو اليمان قال اخبرنا شعيب ٩٠٧
عن الزهري قال اخبرني سالم بن عبد الله ان عبد الله بن عمر قال اخذ عمر جبة من استبرق تباع في السوق
فاخذها فاتى بها رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله ابتع هذه تجمل بها للعيد والوفود فقال له
رسول الله صلى الله عليه وسلم انما هذه لباس من لا خلاق له فلبث عمر ما شاء الله ان يلبث ثم ارسل اليه رسول الله
صلى الله عليه وسلم بجبة ديباج فاقبل بها عمر فاتى بها رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله انك قلت انما هذه
لباس من لا خلاق له وارسلت الي بهذه الجبة فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم تبيعها وتصيب بها حاجتك

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب العیدین

باب ـــــ دونوں عیدوں میں زیب و زینت کرنا

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ عمر فاروق نے ایک ریشمی جبہ لیا جو بازار میں فروخت ہو رہا تھا اور اس کو لے کر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کی یا رسول اللہ! آپ یہ جبہ خرید لیں اس کو عید اور (باہر سے آنے والے) قاصدوں کی آمد کے وقت زیب تن فرمایا کریں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق سے فرمایا یہ ان لوگوں کا لباس ہے جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں عمر فاروق کچھ عرصہ ٹھہرے جتنا اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ وہ ٹھہریں پھر ان کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشمی جبہ بھیجا وہ اس کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا تھا کہ یہ لباس ان لوگوں کا ہے جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور آپ نے یہ جبہ میرے پاس بھیجا ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو بیچ دو یا اس کے ساتھ اپنی کوئی حاجت پوری کر لو"

٩٠٧ ـــــ

شرح : عید کو عید اس لئے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ آتی ہے" سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے زجر و تشدید کے لئے فرمایا کہ اس کو وہ پہنتا ہے جس کا آخرت

marfat.com

٩٠٨ بَابُ الْحِرَابِ وَالدَّرَقِ يَوْمَ الْعِيدِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَسَدِيَّ حَدَّثَهُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي جَارِيَتَانِ تُغَنِّيَانِ بِغِنَاءِ بُعَاثٍ فَاضْطَجَعَ عَلَى الْفِرَاشِ وَحَوَّلَ وَجْهَهُ وَدَخَلَ أَبُو بَكْرٍ فَانْتَهَرَنِي وَقَالَ مِزْمَارَةُ الشَّيْطَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعْهُمَا فَلَمَّا غَفَلَ غَمَزْتُهُمَا فَخَرَجَتَا وَكَانَ يَوْمَ عِيدٍ يَلْعَبُ السُّودَانُ بِالدَّرَقِ وَالْحِرَابِ فَإِمَّا سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِمَّا قَالَ تَشْتَهِينَ تَنْظُرِينَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَأَقَامَنِي وَرَاءَهُ خَدِّي عَلَى خَدِّهِ وَهُوَ يَقُولُ دُونَكُمْ يَا بَنِي أَرْفِدَةَ حَتَّى إِذَا مَلِلْتُ قَالَ لِي حَسْبُكِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاذْهَبِي

میں نصیب جنت نہیں ورنہ گنہگار آخر کار جنت میں ضرور جائیں گے جمعہ اور عید میں اچھے کپڑے پہننے کا حکم واحد ہے حدیث ۸۴۸ کی تفہیم میں یہ مذکور ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ اور عید میں خوشنما کپڑے پہننا مستحب ہے،، اسی طرح خاص مواقع میں جبکہ لوگوں کا اجتماع ہو اچھے کپڑے پہننا مستحب ہے،، اسی لئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم کے سوا دوسرے اچھے کپڑے پہننے سے انکار نہ فرمایا،، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ریشم کی خرید و فروخت جائز ہے اسی طرح اس کا ہبہ کرنا بھی صحیح ہے۔

واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــ عید کے دن برچھوں اور ڈھالوں سے مشق کرنا

٩٠٨ ـــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جبکہ میرے پاس دو لڑکیاں بعاث کی جنگ کے گانے گا رہی تھیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بستر پر لیٹ گئے اور چہرۂ انور (دوسری طرف) پھیر لیا،، اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے اور مجھے زجر کی اور کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مزمارِ شیطان،، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا ان کو چھوڑیئے وہ جب دوسری طرف متوجہ ہوئے تو میں نے ان کو ہلکا سا اشارہ کیا وہ باہر چلی گئیں" عید کے دن حبشی نوجوان ڈھالوں اور برچھوں کے ساتھ جنگی مشقیں کر رہے تھے،، یا تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا پھر آپ نے فرمایا کیا حبشی نوجوانوں کی جنگی مشق دیکھنا چاہتی ہو میں نے کہا جی ہاں! آپ نے مجھے اپنے پیچھے کھڑا کیا جبکہ میرا رخسارہ آپ کے رخسارہ شریف سے مس کر رہا تھا اور آپ فرما رہے تھے اے بنی ارفدہ خوب مشق کرتے رہا کرو" حتیٰ کہ جب میں تھک گئی تو فرمایا بس اتنا ہی کافی ہے؟ میں نے کہا جی ہاں! آپ نے فرمایا پس جائیے!

٩٠٨ ـــ شرح : بُعاث ایک قلعہ ہے جہاں اوس و خزرج کے درمیان عظیم لڑائی ہوئی تھی۔ اس کے بعد ایک سو بیس برس تک وہ برسرِ پیکار رہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے

marfat.com

ان کو نعمتِ اسلام سے مشرف فرمایا اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ میں تشریف آوری کی برکت سے ان میں تالیف فرمائی ،، "بنی ارندہ" ان حبشیوں کا لقب ہے جو جنگی مظاہرہ کیا کرتے ہیں ،، (کرمانی)

بُعاث کی جنگ کے گانے انصار کی لڑائی اور ان کی بہادری کے گانے تھے جن سے کفار کے ساتھ جنگ کرنے میں جرأت بڑھتی تھی اور دینی امور میں معونت ظاہر ہوتی تھی ،، اسی لئے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی رُخصت دی" اور یہ ناممکن ہے کہ بارگاہِ رسالت میں فحش اور منکر غناء ہو ،،

عید میں ہتھیاروں کو لینا ان کی عادت کے مطابق تھا اس کا سنتِ عید میں کوئی دخل نہیں ..

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ گانا مطلقاً حرام ہے اور امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک مکروہ ہے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کا مشہور مذہب بھی یہی ہے ،، ــ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بخاری کی شرح میں کہا کہ اس حدیث سے متصوفہ نے غناء کی اباحت اور آلات وغیرہ کے ساتھ سماع پر استدلال کیا ہے لیکن یہ استدلال مکڑی کے جالے کی حیثیت نہیں رکھتا کیونکہ وہ بچیاں اوصافِ حرب وشجاعت کے گانے گاتی تھیں اور جو اشعار جنگ میں پڑھے جاتے ہیں وہ پڑھ رہی تھیں ،، اسی لئے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے رکھی تھی ،، اور وہ گانے جن میں خوبصورت لڑکوں ،عورتوں اور اوصافِ خمور کے محاسن بیان کئے جاتے ہیں جن سے ساکن قلوب میں خراب حرکت پیدا ہوتی ہے اور نفسانی خواہشات میں اضافہ اور شہوات میں اشتعال ہوتا ہے ان کی حرمت میں کوئی شک وشبہ نہیں اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ،، اور جاہل صوفیوں کی بدعات کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ اس بارے میں جب ان جاہلوں کے اقوال وافعال کا مشاہدہ کریں تو ان سے آثارِ زندقہ ظاہر ہوتے دیکھیں گے۔ قرآن کریم میں ہے" وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ ،، اس کی تفسیر میں یہ مذکور ہے کہ اس سے مراد غناء ہے ،، عینی

فردوس الاخبار میں حضرت جابر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا گانے سے بچو یہ شیطان کی ایجاد ہے اور اللہ کے نزدیک شرک ہے۔ گانا بجانا شیطان کا کام ہے ،، شادی وغیرہ میں دف وغیرہ بجانے سے مزامیر وغیرہ کی اباحت پر استدلال نہیں کرسکتے ہیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتیں اجنبی مردوں کے افعال دیکھ سکتی ہیں مگر ان کے ابدان پر نگاہ نہیں کرسکتی ہیں۔ اگر وہ بیگانے مردوں کے چہرے بنظرِ شہوت دیکھیں تو یہ بالاتفاق حرام ہے اور صحیح تر یہی ہے کہ بدونِ شہوت بھی عورتوں کا دوسرے مردوں کو دیکھنا حرام ہے۔ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض ازواج مطہرات سے فرمایا جبکہ عبداللہ بن ام مکتوم نابینا آپ کے پاس آئے کہ تم تو اس کو دیکھتی ہو اگر وہ نابینا ہے تم تو نابینا نہیں ہو ،، جبکہ انھوں نے کہا تھا وہ نابینا ہے ہم کو دیکھتا نہیں ہے ،،

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کا ان کو دیکھنا اس آیت کریمہ" وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ ،، کے نزول سے پہلے تھا ،، اور یہ کہنا کہ ام المؤمنین اس وقت بالغہ نہیں تھیں۔ صحیح نہیں کیونکہ ابن حبان نے کہا یہ واقعہ اس وقت کا ہے جبکہ حبشیوں کا وفد مدینہ منورہ آیا تھا اور وہ سات ہجری میں آئے تھے اس وقت ام المؤمنین کی عمر پندرہ برس تھی ،، نیز یہ امر مسلم الثبوت ہے کہ ام المؤمنین کا نکاح آپ کے ساتھ ہوا جبکہ وہ چھ برس کی تھیں ،، اور نو برس کی عمر میں آپ کی رخصتی ہوئی تھی اس وقت آپ بالغہ تھیں ،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عید کے ایام میں اہل واولاد اور بچوں وغیرہ کو فرح وسرور کے امور مہیا کرنا

marfat.com

باب سُنَّةِ الْعِيدَيْنِ

۹۰۹ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِیْ زُبَیْدٌ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِیَّ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ فَقَالَ اِنَّ اَوَّلَ مَا نَبْدَأُ مِنْ یَوْمِنَا ھٰذَا اَنْ نُصَلِّیَ ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ فَمَنْ فَعَلَ

۹۱۰ فَقَدْ اَصَابَ سُنَّتَنَا حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ ھِشَامٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ اَبُوْ بَکْرٍ وَعِنْدِیْ جَارِیَتَانِ مِنْ جَوَارِی الْاَنْصَارِ تُغَنِّیَانِ بِمَا تَقَاوَلَتِ الْاَنْصَارُ یَوْمَ بُعَاثَ

جائز ہے۔ بعض علماء نے اس حدیث سے استدلال کیا کہ عید کے دِنوں میں غناء، لعب اور فنی مظاہرے مسجد میں جائز ہیں مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ جنگی تعلیم کے لئے شروع اسلام میں یہ جائز تھے،، پھر اس آیت کریمہ "اِنَّمَا یَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰہِ" اور اس حدیث شریف "جَنِّبُوْا مَسَاجِدَکُمْ مَجَانِیْنَکُمْ وَصِبْیَانَکُمْ" سے یہ منسوخ ہوگیا،، (مختصراً عینی)

باب ــــ مُسلمانوں کے لئے عیدوں میں طریق کار"

۹۰۹ ــــ ترجمہ : براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے ہوئے سُنا کہ آپ فرمارہے تھے اس دن میں سب سے پہلے ہم نماز پڑھیں گے پھر واپس آکر نحر کریں گے جس نے ایسا کیا اُس نے ہماری سُنّت کو پالیا،،

۹۰۹ ــــ شرح : امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک عید کی نماز واجب ہے۔ صاحب ہدایہ نے کہا جس پر جمعہ واجب ہے اس پر عید کی نماز بھی واجب ہے! امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا عید کی نماز سنّتِ مؤکدہ ہے۔ امام مالک اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما بھی یہی کہتے ہیں دیہات میں جمعہ اور عید واجب نہیں۔ حدیث ع ۸۶۲ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔ عید کے وجوب کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "وَلِتُکَبِّرُوا اللّٰہَ عَلٰی مَا ھَدٰکُمْ،، اس سے مراد عید کی نماز ہے اور امر وجوب کے لئے ہے" اسی طرح "فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ،، میں مراد عید کی نماز ہے اور امر وجوب کے لئے ہے،، لہٰذا عید کی نماز واجب ہے،، صحیحین میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما خطبہ سے پہلے عید کی نماز پڑھتے تھے۔

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ عید کی نماز سنّت ہے اور قربانی عید کے بعد ہے اسی طرح خطبہ بھی نماز کے بعد ہے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عید کے دن ہمارے عمل کی ابتداء عید کی نماز سے ہے پھر ہم نے قربانی کرنا ہے،،

۹۱۰ ــــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے جبکہ میرے پاس چھوٹی چھوٹی انصار کی لڑکیوں سے دو لڑکیاں گارہی تھیں جو انصار نے بعاث کی جنگ میں شعر کہے تھے۔

marfat.com

قَالَتْ وَلَيْسَتَا بِمُغَنِّيَتَيْنِ فَقَالَ أَبُوبَكْرٍ أَبِمَزَامِيرِ الشَّيْطَانِ فِي بَيْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَلِكَ فِي يَوْمِ عِيدٍ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيدًا وَهٰذَا عِيدُنَا

بَابُ الْأَكْلِ يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ الْخُرُوجِ

911 حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ قَالَ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْدُو يَوْمَ الْفِطْرِ حَتَّى يَأْكُلَ تَمَرَاتٍ وَقَالَ مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَأْكُلُهُنَّ وُتْرًا

ام المؤمنین نے کہا وہ بچیاں مغنیہ نہ تھیں۔ ابوبکر صدیق نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں شیطانی سرنگیاں؟ یہ عید کے دن واقعہ ہے،، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوبکر ہر قوم کی عید ہوتی ہے یہ ہماری عید کا دن ہے!

910 — شرح: یعنی ان دونوں لڑکیوں کی عادت غناء نہ تھی اور نہ ہی وہ اس میں معروف و مشہور تھیں۔ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا وہ دونوں لڑکیاں گانے بجانے والی عورتوں جیسی نہ تھیں جو لوگوں کے سامنے فحش گانے گاتی ہیں ان کے جذبات بھڑکاتی ہیں اپنے حسن و جمال اور لچک دار حرکات سے ان کے دلوں میں حرکات پیدا کرتی ہیں جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ غناء زنا کا دم ہے اور نہ ہی ان بچیوں نے گانے بجانے کو اپنا معمول اور کسب بنا رکھا تھا۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور ایسے گانے کا وہم و گمان بھی نہیں ہو سکتا بعض جہلاء کا اس سے عورتوں کے گانے کے سماع پر استدلال کرنا انسانیت سوز استدلال ہے اور شریعت مطہرہ کے مقدس رفیع قصر کے ارکان کو منہدم کرنا ہے،، هٰذا عيدنا ،، سے مراد یہ ہے کہ عیدوں میں خوشی اور فرح و سرور کا اظہار شعائرِ دین سے ہے۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ عید کی وضع میں نفوس کی راحت اور اکل و شرب وغیرہ میں وسعت و فراخی ہے اسی لئے عید کے دن بعض غناء کو مباح کہا گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — عیدگاہ جانے سے پہلے عید الفطر میں کچھ کھا لینا

911 — ترجمہ: انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن عیدگاہ میں تشریف نہ لے جاتے حتی کہ کچھ کھجوریں تناول فرماتے مُرَجّا بن رَجَاء نے کہا مجھے عبید اللہ نے خبر دی انھوں نے کہا مجھے انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی کہ آپ (عید کے دن) طاق کھجوریں کھایا کرتے تھے۔

marfat.com

٩١٢ بَابُ الْأَكْلِ يَوْمَ النَّحْرِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ فَلْيُعِدْ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ هٰذَا يَوْمٌ يُشْتَهَى فِيهِ اللَّحْمُ وَذَكَرَ مِنْ جِيرَانِهِ فَكَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَّقَهُ فَقَالَ وَعِنْدِي جَذَعَةٌ لَحْمٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ فَرَخَّصَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا أَدْرِي أَبَلَغَتِ الرُّخْصَةُ مَنْ سِوَاهُ أَمْ لَا

شرح ٩١١ — ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ عید الفطر کے روز صبح عیدگاہ جانے سے پہلے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کرتے ہوئے کچھ کھا لینا مستحب ہے تاکہ یہ گمان نہ کیا جائے کہ عید کی نماز پڑھنے تک روزہ رکھنا لازم ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ جانے سے پہلے طاق کھجوریں کھایا کرتے تھے اس میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اشعار ہے،،

کھجوریں کھانے میں حکمت یہ ہے کہ روزہ رکھنے سے جو ضعفِ بصر ہو جاتا ہے۔ میٹھی شئی کھانے سے یہ ضعف جاتا رہتا ہے اسی لئے میٹھی شئی سے افطار کیا جاتا ہے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میٹھی شئی اور شہد کو بڑا پسند فرماتے تھے،، ابن ابی شیبہ نے روائت کی بعض تابعین کا کہنا ہے کہ میٹھی شئی شہد وغیرہ کے ساتھ افطار کرنا مستحب ہے،، اس میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ اس سے پیشاب کم آتا ہے،،

باب — نحر کے دن کھانا

ترجمہ ٩١٢ — حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے نماز سے پہلے قربانی کا جانور ذبح کیا وہ دوبارہ قربانی دے،، ایک شخص اٹھا اور عرض کیا اس دن میں گوشت کی خواہش ہوتی ہے اور اس نے اپنے ہمسایہ کی احتیاجی ذکر کی،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تصدیق فرمائی،، اس شخص نے کہا میرے پاس چھ ماہ کا بکری کا بچہ ہے جو گوشت کی دو بکریوں سے مجھے زیادہ پسند ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رخصت دے دی نامعلوم یہ رخصت اس کے سوا کسی اور کے لئے بھی ہے یا نہیں۔

شرح ٩١٢ — علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا جذعہ سے مراد بکری کا بچہ ہے جیسا کہ دوسری روائت میں ہے۔ "عناقاً جذعۃً،، بکری کا بچہ پورے سال کا ہونا ضروری ہے جو دوسرے سال میں قدم رکھتا ہو،، علامہ کرمانی نے کہا بھیڑ کا بچہ چھ ماہ کا قربانی میں جائز ہے۔ احناف نے کہا بشرطیکہ وہ اتنا ضخیم ہو کہ دیکھنے میں سال کا معلوم ہو،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عید کی نماز سے پہلے قربانی کرنا جائز نہیں۔ عید کے روز فجر طلوع ہونے سے قربانی کا وقت شروع ہو جاتا ہے اسی لئے دیہات میں طلوع فجر کے بعد عید کی نماز سے پہلے قربانی جائز ہے اور امام کا عید کی نماز پڑھ لینا شرط نہیں ہے،،

اس حدیث میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے لئے اس بات پر واضح دلیل ہے،، کہ قربانی واجب ہے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے پہلے قربانی کرنے والوں کو اعادہ کا حکم دیا اگر قربانی واجب نہ ہوتی تو اعادہ کا حکم نہ فرماتے،،

marfat.com

حدثنا

عثمان قال حدثنا جرير عن منصور عن الشعبي عن البراء بن عازب قال خطبنا النبي صلى الله عليه وسلم يوم الاضحى بعد الصلوة فقال من صلى صلاتنا ونسك نسكنا فقد اصاب النسك ومن نسك قبل الصلوة فانه قبل الصلاة ولا نسك له فقال ابو بردة بن نيار خال البراء يا رسول الله فاني نسكت شاتي قبل الصلوة وعرفت ان اليوم يوم اكل وشرب واحببت ان يكون شاتي اول شاة تذبح في بيتي فذبحت شاتي وتغديت قبل ان آتي الصلاة قال شاتك شاة لحم فقال يا رسول الله فان عندنا عناقا لنا جذعة احب الي من شاتين افتجزي عني قال نعم ولن تجزي عن احد بعدك

ترجمہ : حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اضحیٰ کے دن نماز کے بعد ہم کو خطبہ دیا اور فرمایا جس نے ہماری طرح نماز پڑھی اور ہماری طرح قربانی کی اس نے قربانی صحیح کی اور جس نے نماز سے پہلے قربانی کی وہ نماز سے پہلے ہے اس کی قربانی نہ ہوئی ،، ابو بردہ بن نیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو حضرت براء بن عازب کے ماموں ہیں نے کہا یا رسول اللہ! میں نے اپنی بکری عید کی نماز سے پہلے ذبح کر دی ہے۔ میں نے یہ خیال کیا کہ آج کا دن کھانے پینے کا دن ہے اور مجھے محبوب تھا کہ میری بکری میرے گھر میں سب سے پہلے ذبح ہو تو میں نے اسے ذبح کر دیا اور نماز میں آنے سے پہلے میں نے ناشتہ کر لیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیری بکری گوشت کی بکری ہے اس نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمارے پاس بکری کا چھ ماہ کا بچہ ہے جو مجھے دو بکریوں سے زیادہ پسند ہے کیا وہ میری طرف سے (قربانی میں) کافی ہو جائے گا آپ نے فرمایا ہاں! تمہارے بعد کسی اور کے لئے کافی نہ ہوگا!

۹۱۳ —

شرح : یعنی جو شخص شہر میں عید کی نماز سے پہلے قربانی کر دے اس کی قربانی ثواب نہیں اور نہ ہی وہ قربانی شمار ہوتی ہے ،، ابو بردہ نے کہا کہ میرے پاس چھ ماہ کا بکری کا بچہ ہے جو عمدہ گوشت اور موٹا تازہ ہونے کے ساتھ ساتھ بہت قیمتی ہے اور دو بکریوں کی نسبت گوشت اور قیمت میں زیادہ ہے ،، آپ کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ گو وہ وزنی قیمتی اور عمدہ ہے مگر بکری کا ایک سال کا ہونا ضروری ہے لیکن اس حکم میں ہم تجھے خاص کرتے ہیں کسی اور کے لئے ایسا کرنا جائز نہ ہوگا ،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بعض صحابہ کو بعض احکام میں مخصوص فرما لیا کرتے تھے جیسے خزیمہ کی شہادت دو شہادتوں کے برابر کرنا اس طرح کی مثالیں صحابہ کرام میں بہت ہیں ،، ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا عید الضحیٰ کی نماز سے پہلے کھانا مستحب نہیں اور نہ ہی اس سے منع کیا جائے جیسے ابن نیار کو آپ نے عید سے پہلے کھانے پر زجر نہ کی ،،

marfat.com

٩١٤ بَابُ الْخُرُوجِ إِلَى الْمُصَلَّى بِغَيْرِ مِنْبَرٍ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْأَضْحَى إِلَى الْمُصَلَّى فَأَوَّلُ شَيْءٍ يَبْدَأُ بِهِ الصَّلَاةُ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَقُومُ مُقَابِلَ النَّاسِ وَالنَّاسُ جُلُوسٌ عَلَى صُفُوفِهِمْ فَيَعِظُهُمْ وَيُوصِيهِمْ وَيَأْمُرُهُمْ فَإِنْ كَانَ يُرِيدُ أَنْ يَقْطَعَ بَعْثًا قَطَعَهُ أَوْ يَأْمُرَ بِشَيْءٍ أَمَرَ بِهِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ فَلَمْ يَزَلِ النَّاسُ عَلَى ذَلِكَ حَتَّى خَرَجْتُ مَعَ مَرْوَانَ وَهُوَ أَمِيرُ الْمَدِينَةِ فِي أَضْحًى أَوْ فِطْرٍ فَلَمَّا أَتَيْنَا الْمُصَلَّى إِذَا مِنْبَرٌ بَنَاهُ كَثِيرُ بْنُ الصَّلْتِ فَإِذَا مَرْوَانُ يُرِيدُ أَنْ يَرْتَقِيَهُ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ فَجَبَذْتُ بِثَوْبِهِ فَجَبَذَنِي فَارْتَفَعَ فَخَطَبَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَقُلْتُ لَهُ غَيَّرْتُمْ وَاللهِ فَقَالَ يَا أَبَا سَعِيدٍ قَدْ ذَهَبَ مَا تَعْلَمُ فَقُلْتُ مَا أَعْلَمُ وَاللهِ خَيْرٌ مِمَّا لَا أَعْلَمُ فَقَالَ إِنَّ النَّاسَ لَمْ يَكُونُوا يَجْلِسُونَ لَنَا بَعْدَ الصَّلَاةِ فَجَعَلْتُهَا قَبْلَ الصَّلَاةِ

باب — منبر کے بغیر عیدگاہ کو جانا

٩١٤ — ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فطر اور اضحیٰ کی عیدوں کے روز عیدگاہ تشریف لے جاتے سب سے پہلے جو کرتے وہ نماز تھی پھر اس سے فارغ ہو کر لوگوں کے سامنے کھڑے ہوتے جبکہ وہ اپنی صفوں میں بیٹھے رہتے تھے آپ ان کو وعظ و نصیحت فرماتے وصیت کرتے اور ان کو حکم فرماتے اگر کسی طرف لشکر بھیجنے کا ارادہ ہوتا تو لشکر بھیجتے یا جس کسی شئ کا حکم کرنا ہوتا وہ حکم فرماتے پھر واپس تشریف لے آتے ،، ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا لوگ ہمیشہ اسی طرح کرتے رہے حتیٰ کہ میں مروان بن حکم کے ساتھ عیدالضحیٰ یا فطر میں نکلا جبکہ وہ مدینہ منورہ کا حاکم تھا جب ہم عیدگاہ پہنچے اچانک دیکھتے ہیں کہ منبر پڑا ہے جس کو کثیر بن صلت نے بنایا تھا۔ مروان یہ ارادہ کر رہا تھا کہ نماز پڑھنے سے پہلے منبر پر چڑھے میں نے اس کا کپڑا کھینچا اور اس نے مجھے کھینچا (اس کھینچا تانی میں) وہ منبر پر چڑھ گیا اور نماز سے پہلے خطبہ دیا، میں نے اس سے کہا اللہ کی قسم! تم نے طریقہ بدل دیا ہے مروان نے کہا اے اباسعید! جو تو جانتا ہے وہ گزر گیا ہے میں نے کہا اللہ کی قسم جو کچھ میں جانتا ہوں وہ اس سے بہتر ہے جو میں نہیں جانتا ہوں ،، پھر مروان نے کہا نماز کے بعد لوگ ہمارا خطبہ سننے نہیں بیٹھتے۔ اس لئے میں نے یہ نماز سے پہلے کیا ہے!

٩١٤ — شرح : ابوسعید خدری نے کہا جو میں جانتا ہوں وہ بہتر ہے کیونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے کسی دوسرے کا طریقہ اس سے اچھا ہرگز ہرگز نہیں ہوسکتا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حتی الوسع انسان کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنی چاہیئے ،، خطبہ اگرچہ نماز کے بعد مسنون ہے مگر خطبہ کے بعد بھی نماز صحیح ہے لیکن یہ خلافِ سنت ہے اور جمعہ کا خطبہ بہرحال نماز سے پہلے ہے ورنہ جمعہ صحیح نہ ہوگا ،،

marfat.com

٥ بَابُ الْمَشْيِ وَالرُّكُوبِ إِلَى الْعِيدِ بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلَا إِقَامَةٍ

٩١٥ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي فِي الْأَضْحَى وَالْفِطْرِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدَ الصَّلَاةِ

صحیح یہی ہے کہ عید کی نماز سے پہلے خطبہ مروان نے امیر معاویہ کے عہد میں شروع کیا تھا۔ جس روائت میں یہ ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے شروع کیا تھا۔ علامہ عینی نے کہا اس روائت کا کوئی اصل نہیں۔ اور جس روائت میں عمر فاروق کی طرف نسبت ہے کہ اُنھوں نے خطبہ پہلے شروع کیا تھا وہ روائت شاذ ہے۔ قاضی عیاض نے ذکر کیا کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے نمازِ عید سے پہلے خطبہ پڑھا۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے روائت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم خطبہ سے پہلے عید کی نماز پڑھتے تھے حتیٰ کہ امیرِ معاویہ نے خطبہ کو نماز سے پہلے کر دیا،، اس روائت سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ سیدنا عمر فاروق اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہما کے عہد میں خطبہ عید کی نماز کے بعد تھا،، اور امیرِ معاویہ کے حکم سے ہی مروان نے مدینہ منورہ میں خطبہ پہلے دیا تھا اور ابوسعید خدری نے تقدیم خطبہ کی نسبت مروان کی طرف اس لئے کی کہ اسی نے مدینہ منورہ میں سب سے پہلے ایسا کیا تھا،، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مروان کے زمانہ میں تبدیل و تغییر ہوئی تھی،، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ عید کی نماز وسیع میدان میں پڑھنا مسنون ہے،، مگر مکہ والوں کے لئے مسجدِ حرام میں پڑھنا افضل ہے،، واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ عید کی نماز کے لئے پیدل اور سوار ہو کر جانا اور عید کی نماز اذان اور اقامت کے بغیر"

٩١٥ ـــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اَضحیٰ اور فِطر کی نماز پڑھتے پھر نماز کے بعد خطبہ دیتے تھے

٩١٥ ـــ شرح : اس حدیث میں صراحت ہے کہ نماز خطبہ سے پہلے ہے مگر عید کے لئے پیدل چلنا یا سوار ہونا اور نمازِ عید اذان و اقامت کے بغیر پڑھنے پر حدیث کو دلالت نہیں ہے،، شائد امام بخاری رضی اللہ عنہ نے اس کے بعد والی حدیث پر اکتفاء کی ہو۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

---

marfat.com

٩١٦ حدثنا ابراهيم بن موسى قال اخبرنا هشام ان ابن جريج اخبرهم قال اخبرني عطاء
عن جابر بن عبد الله قال سمعته يقول ان النبي صلى الله عليه وسلم خرج يوم الفطر فبدأ بالصلوة قبل الخطبة قال واخبرني
عطاء ان ابن عباس ارسل الى ابن الزبير في اول ما بويع له انه لم يكن يؤذن بالصلاة يوم الفطر وانما الخطبة بعد الصلوة
واخبرني عطاء عن ابن عباس وعن جابر بن عبد الله قالا لم يكن يؤذن يوم الفطر ولا يوم الاضحى وعن جابر بن عبد الله
ان النبي صلى الله عليه وسلم قام فبدأ بالصلوة ثم خطب الناس بعد فلما فرغ نبي الله صلى الله عليه وسلم نزل فاتى النساء
فذكرهن وهو يتوكأ على يد بلال وبلال باسط ثوبه تلقى فيه النساء صدقة قلت لعطاء اترى حقا على الامام الان
ان ياتي النساء فيذكرهن حين يفرغ قال ان ذلك لحق عليهم وما لهم ان لا يفعلوا **باب الخطبة بعد العيد**

ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے روز باہر تشریف لائے اور خطبہ سے پہلے نماز پڑھنا شروع کی ابن جُریج نے کہا مجھے عطاء نے خبر دی کہ ابن عباس نے عبداللہ بن زبیر کو ان کے ابتدائِ عہدِ خلافت میں پیغام بھیجا کہ عیدالفطر کے روز نماز کے لئے اذان نہیں کہی جاتی تھی،، اور عید کا خطبہ نماز کے بعد ہے،، ابن جُریج نے کہا مجھے عطاء نے ابنِ عباس اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہم سے خبر دی کہ ان دونوں نے کہا عیدالفطر اور عیدُالاضحیٰ میں اذان نہیں کہی جاتی تھی۔ عطاء نے جابر بن عبداللہ سے روایت کی کہ میں نے جابر کو یہ کہتے ہُوئے سُنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور نماز پڑھنا شروع کی پھر اس کے بعد لوگوں کو خطبہ دیا اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فارغ ہُوئے تو منبر شریف سے اُترے اور عورتوں کے پاس تشریف لے گئے ان کو نصیحت کی جبکہ آپ بلال کے ہاتھ پر تکیہ لگائے ہُوئے تھے اور حضرت بلال نے اپنے کپڑے کو کھولا ہُوا تھا عورتیں اس میں صدقات ڈال رہی تھیں،، ابن جُریج نے کہا میں نے عطاء سے کہا کیا آپ اب یہ امام پر ضروری سمجھتے ہیں کہ امام فارغ ہوکر عورتوں کے پاس جائے اور ان کو وعظ و نصیحت کرے؟ عطاء نے کہا یہ ائمہ پر ضروری ہے ان کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ یہ نہ کریں،،

٩١٦ — شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا عیدگاہ جانے کا طریقہ یہ ہے کہ لوگ پیدل جائیں کیونکہ اس میں تواضع اور انکساری ہے سواری ہونا بھی مباح ہے باب کی احادیث رکوب پر دلالت نہیں کرتیں اور خطبہ سے پہلے نماز پڑھنے میں۔ سب علماء کا اتفاق ہے البتہ بنو اُمیہ ایسا نہ کرتے تھے،، دونوں عیدوں میں مسنون یہ ہے کہ ان کے لئے اذان نہ دی جائے اور نہ ہی اقامت کہی جائے۔ ابنِ مسیّب نے کہا سب سے پہلے عید کی نماز کے لئے اذان امیر معاویہ نے جاری کی!

باب — عید کی نماز کے بعد خطبہ،،

marfat.com

حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ ۹۱۷
رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَكُلُّهُمْ كَانُوا يُصَلُّونَ قَبْلَ الْخُطْبَةِ

حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ ۹۱۸
حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يُصَلُّونَ الْعِيدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۹۱۹
صَلَّى يَوْمَ الْفِطْرِ رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُصَلِّ قَبْلَهُمَا وَلَا بَعْدَهُمَا ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ وَمَعَهُ بِلَالٌ فَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ فَجَعَلْنَ يُلْقِينَ تُلْقِي الْمَرْأَةُ خُرْصَهَا وَسِخَابَهَا حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا زُبَيْدٌ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ ۹۲۰
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ فِي يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نُصَلِّيَ ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ أَصَابَ سُنَّتَنَا وَمَنْ

---

۹۱۷ ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی معیت میں عید کی نماز میں حاضر ہوا وہ سب خطبہ سے پہلے عید کی نماز پڑھتے تھے ! (حدیث ۹۱۴ کی تفہیم میں اس کا ذکر ہو چکا ہے)

۹۱۸ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما دونوں عیدین خطبہ سے پہلے پڑھتے تھے،، (حدیث ۹۱۴ کی تفہیم میں تفصیل دیکھیں)

۹۱۹ ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عید الفطر کے دن عید کی نماز دو رکعتیں پڑھیں اور اس سے پہلے اور اس کے بعد کوئی نماز نہ پڑھی پھر آپ عورتوں کے پاس تشریف لے گئے جبکہ آپ کے ساتھ حضرت بلال تھے آپ نے عورتوں کو صدقہ دینے کا حکم فرمایا۔ انھوں نے زیورات دینے شروع کئے، عورتیں اپنی بالیاں اور ہار (بلال کی جھولی میں) ڈال رہی تھیں۔

۹۱۹ شرح : قولہ تلقی المرأۃ الخ یہ اجمال کے بعد تفصیل ہے،، عورتوں کا صدقہ دینا تمام خطبہ کے بعد تھا اس اعتبار سے حدیث عنوان کے مطابق ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عید کی نماز دو رکعتیں ہیں ساری امت کا اس پہ اتفاق ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک عید کی نماز کے بعد نوافل جائز ہیں اور اس سے پہلے جائز نہیں،، امام شافعی کے نزدیک مطلقاً جائز ہیں۔ امام مالک کے نزدیک نماز عید کے بعد مباح ہیں،، ابن ماجہ نے ابوسعید خدری سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عید کی نماز سے پہلے کوئی نماز نہ پڑھتے تھے اور عید کے بعد گھر میں دو رکعتیں نفل پڑھتے تھے۔ الحاصل عید سے پہلے گھر اور مسجد میں نوافل مکروہ ہیں اور عید کی نماز کے بعد گھر میں جائز ہیں مسجد میں مکروہ ہیں

marfat.com

نحر قبل الصلاة فانما هو لحم قدمه لاهله ليس من النسك في شئ فقال رجل من الانصار يقال له ابو بردة ابن نيار يا رسول الله ذبحت وعندي جذعة خير من مسنة قال اجعله مكانه ولن توفي او تجزي عن احد بعدك

باب ما يكره من حمل السلاح في العيد والحرم وقال الحسن هو ان يحملوا السلاح يوم العيد الا ان يخافوا عدوا ٩٢١

احدثنا زكريا بن يحيى ابو السكين قال حدثنا الحاربي قال حدثنا محمد بن سوقة عن سعيد بن جبير قال كنت مع ابن عمر

ترجمہ : حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہم اس دن میں سب سے پہلے نماز پڑھیں گے پھر واپس جاکر نحر کریں گے جس نے یہ کیا اُس نے ہماری سُنت کو پُورا کیا اور جس نے نماز سے پہلے قربانی دی وہ صرف گوشت ہے جو اُس نے اپنے گھر والوں کے لئے کیا یہ قربانی نہیں انصار سے ایک شخص نے کہا جس کو ابو بردہ بن نیار کہا جاتا ہے یا رسُول اللہ! میں نے (پہلے) ذبح کر دیا اور (اب) میرے پاس چھ ماہ کا بکری کا بچہ ہے جو ایک سال کے بکری سے اچھا ہے آپ نے فرمایا وہی اس کی جگہ قربانی کر دو اور تمہارے بعد کسی کے لئے اس طرح کرنا جائز نہ ہوگا! ٩٢٠

شرح : اس حدیث کی تفصیل حدیث ع ۹۱۲ کی تفہیم میں مذکور ہے" ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا عید کی نماز خطبہ سے پہلے ہے۔ امام نسائی نے ایک باب کا ترجمہ یہ ذکر کیا ہے " بَابُ الْخُطْبَةِ قَبْلَ الصَّلٰوةِ "، یعنی عید کا خطبہ نماز سے پہلے ہے اور " اوّل ما نبدء به ان نصلّي " سے استدلال کرتے ہوئے کہا کہ یہ نماز سے پہلے ہے کیونکہ اگر آپ نے نماز پڑھ لی ہوتی تو " اوّل ما نبدئ به ان نصلّي "، کیسے فرماتے کیونکہ نبدء فعل مستقبل ہے"، مگر یہ استدلال صحیح نہیں کیونکہ عرب ماضی کی جگہ فعل مستقبل ذکر کر دیا کرتے ہیں"، تو ارشادِ نبوی کا معنیٰ یہ ہے کہ اس دن میں ہر عمل کی ابتداء عید کی نماز سے ہے جو ہم پڑھ چکے ہیں جیسے قرآنِ کریم میں ہے " وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّا اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ " اس کا معنیٰ یہ ہے کہ کفار نے مومنوں کے ایمان کا انکار کیا اور " نقم " سے ایمان مقدم ہے"، ورنہ ان کے انکار کا کوئی محل نہ ہوگا"

باب ——— عید اور حرم میں ہتھیار اُٹھا کر چلنا مکروہ ہے"

حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا عید کے دن لوگوں کو ہتھیار اُٹھا کر چلنے سے منع کیا گیا مگر یہ کہ دشمن کا خطرہ ہو۔

ترجمہ : سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کہا میں ابن عمر کے ساتھ تھا جبکہ ان کے پاؤں کے تلوے میں نیزہ کی نوک لگی اور ان کا قدم رکاب میں اٹک گیا" ٩٢١

marfat.com

حِينَ أَصَابَهُ سِنَانُ الرُّمْحِ فِي أَخْمَصِ قَدَمِهِ فَلَزِقَتْ قَدَمُهُ بِالرِّكَابِ فَنَزَلْتُ فَنَزَعْتُهَا وَذَلِكَ بِمِنًى فَبَلَغَ الْحَجَّاجَ فَجَاءَ يَعُودُهُ فَقَالَ الْحَجَّاجُ لَوْ نَعْلَمُ مَنْ أَصَابَكَ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ أَنْتَ أَصَبْتَنِي قَالَ وَكَيْفَ قَالَ حَمَلْتَ السِّلَاحَ فِي يَوْمٍ لَمْ يَكُنْ يُحْمَلُ فِيهِ وَأَدْخَلْتَ السِّلَاحَ الْحَرَمَ وَلَمْ يَكُنِ السِّلَاحُ يُدْخَلُ فِي الْحَرَمِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ دَخَلَ الْحَجَّاجُ عَلَى ابْنِ عُمَرَ وَأَنَا عِنْدَهُ قَالَ كَيْفَ هُوَ قَالَ صَالِحٌ فَقَالَ مَنْ أَصَابَكَ قَالَ أَصَابَنِي مَنْ أَمَرَ بِحَمْلِ السِّلَاحِ فِي يَوْمٍ لَا يُحْمَلُ فِيهِ حَمْلُهُ يَعْنِي الْحَجَّاجَ

۹۲۲

میں (گھوڑے سے) اُترا اور نیزہ کو نکالا یہ واقعہ منیٰ میں ہُوا حجاج کو یہ خبر پہنچی تو حضرت عبداللہ کی عیادت کو آیا اور کہا اگر ہم یہ معلوم کر لیتے کہ آپ کو نیزہ کس نے مارا ہے (تو اس کو تعزیر لگاتے) عبداللہ بن عمر نے کہا تو نے مجھ کو نیزہ مارا ہے حجاج نے کہا یہ کیسے؟ عبداللہ نے کہا تو نے اِس دن میں ہتھیار اُٹھائے حالانکہ اس میں ہتھیار نہیں اُٹھائے جاتے تھے،، تو نے ہتھیار حرم میں داخل کئے حالانکہ حرم میں ہتھیار داخل نہ کئے جاتے تھے!

۹۲۱ —— شرح : عبدالملک بن مروان کی طرف سے حجاج بن یوسف عراق کا بیس سال حاکم رہا اس مدت میں اُس نے لاکھوں قتل کئے حرم میں الحاد اور بے دینی کی اور اسلامی اقدار کو پامال کیا جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بے دریغ قتل کیا اور ظلم و ستم کا کوئی حصہ باقی نہ چھوڑا آخر کار ۹۵ ہجری کو واسط میں مرگیا اور وہیں دفن ہُوا اس کی قبر کو مٹا کر اس پہ پانی پھیر دیا گیا،، عبدالملک نے حجاج کو لکھا تھا کہ وہ عبداللہ بن عمر کی مخالفت نہ کرے اس پر یہ حکم شاق گزرا اور حضرت عبداللہ بن عمر کو ٹھکانے لگانا چاہا اور حیلہ یہ تجویز کیا کہ ایک شخص جس کے پاس زہر آلود نیزہ تھا، سے کہا کہ منیٰ میں ہجوم بہت ہوگا وہ یہ نیزہ عبداللہ بن عمر کے پاؤں میں چبو دے اُس نے عبداللہ کے تلوے میں نیزہ مارا جس سے وہ سخت بیمار ہوگئے اور اسی بیماری میں انتقال کر گئے ان کی علالت کے دوران حجاج بن یوسف آکر کہنے لگا اگر ہمیں معلوم ہوجائے کہ آپ کو کس نے نیزہ مارا ہے ہم اس کو سزا دیں گے۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے کہا منیٰ اور حرم میں ہتھیار نہ اُٹھائے جاتے تھے تو نے ان مقامات میں ہتھیار اُٹھائے اور مجھے نیزہ لگا دراصل تو نے ہی مجھے نیزہ مارا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر کی علالت کے درمیان ایک بار پھر حجاج آیا اور کہنے لگا اگر نیزہ مارنے والے کا پتہ چل جائے تو میں اس کو قتل کر دوں گا۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے سر نیچے کر لیا اور اس سے کلام تک نہ کیا اور نہ ہی اس کی طرف التفات کی وہ غصہ سے بھرا اُٹھ کر چلا گیا،، حجاج کا جسم پتلا اور آواز باریک تھی۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ منیٰ حرم ہے اور اس میں ہتھیار اُٹھانا حرام ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حرم کو مسلمانوں کے لئے امن کی جگہ بنایا ہے،، فرمایا "مَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا،، اسی طرح دیگر مجامع اور مشاہد میں بھی ہتھیار اُٹھانا حرام ہے،، تاکہ ہجوم میں کسی کو اذیت نہ پہنچے،، ہاں اگر دشمن کا خطرہ ہو تو ہتھیار اُٹھانے میں حرج نہیں۔ اللہ تعالیٰ قادر کریم ہے جو چاہے کرتا ہے۔ حجاج جب پیدا ہُوا تھا اس کے پاخانہ کرنے کی جگہ سوراخ نہ تھا۔ شیطان نے انگلی مار کر سوراخ کھول دیا جو اس کی حیات کا سبب ہُوا۔ پھر اُس نے جو کچھ کیا سب جانتے ہیں۔ حرم شریف بھی اس کے مظالم سے محفوظ نہ رہا اس کے ظلم و ستم کی طویل داستان ہے۔

marfat.com

۹۲۲ ــــ ترجمہ : اسحاق بن سعید بن عمرو بن عاص نے اپنے باپ سعید بن عمرو سے روائت کی اُنھوں نے کہا کہ حجاج حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا جبکہ میں وہاں موجود تھا اور کہا اُن کا کیا حال ہے ؟ حضرت عبداللہ نے کہا اچھا حال ہے،، حجاج نے کہا آپ کو نیزہ کس نے مارا ہے عبداللہ نے کہا مجھے اُس نے نیزہ مارا ہے جس نے ان ایام میں ہتھیار اُٹھانے کا حکم دیا جن میں ہتھیار نہیں اُٹھائے جاتے یعنی مجھے حجاج نے مارا ہے،،

۹۲۲ ــــ شرح : یعنی اے حجاج تو نے ان مقامات میں ہتھیار اُٹھانے کا حکم دیا تیرے حکم سے ان میں ہتھیار اُٹھائے گئے،، چونکہ حجاج ہتھیاروں کے اُٹھانے کا سبب تھا اس لئے حضرت عبداللہ بن عمر نے نیزہ مارنے کی نسبت اس کی طرف کی۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا حرم شریف کو اللہ تعالیٰ نے قیامت تک حرام کیا ہے مجھ سے پہلے کسی کے لئے اس میں قتل وقتال کرنا جائز نہ تھا اور نہ ہی میرے لئے دن کی ایک گھڑی کے سوا جائز ہُوا۔ ایک اور روائت میں ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ اس میں خونریزی کرے اور نہ ہی اس کے درخت کاٹے اگر کوئی تمہیں کہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فتح مکّہ کے دن حرم میں قتل کئے تو اس کو جواب دو کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کیلئے دن کی ایک گھڑی میں اجازت دی گئی تھی تمہارے لئے اجازت نہیں میرے لئے بھی صرف دن کی ایک گھڑی میں اجازت تھی اور کسی حرمت بدستور باقی ہے میرا یہ حکم سننے والے دوسروں کو پہنچا دیں،، ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ مکرمہ میں قتل وقتال حرام ہے۔ عبدالملک نے حجاج کو ایک خط میں خبردار کیا کہ وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی کسی بات میں مخالفت نہ کرے اس پر یہ حکم گراں گزرا اور اُس نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے قتل کا منصوبہ تیار کیا اور ایک شخص کو کہا کہ زہر آلود نیزہ لے اور جب ہجوم زیادہ ہو تو عبداللہ کے قدم میں چبو دے جس سے حضرت عبداللہ بن عمر کو سخت تکلیف ہوئی اور کچھ روز علیل رہنے کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون،، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی علالت کے دوران حجاج ان کی عیادت کے لئے آیا اور بطور ہمدردی کہنے لگا کہ آپ کو نیزہ کس نے مارا ہے اور نیزہ کیسے لگا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے نیزہ تو نے مارا ہے اُس نے کہا کیسے ؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا حرم میں ہتھیار داخل نہیں کئے جاتے تھے تیرے حکم سے یہاں ہتھیار لائے گئے تو نے سنّت کی مخالفت کی ہے۔

حجاج کے اس فعل میں قرآن کریم کی بھی مخالفت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا،، کہ جو کوئی حرم میں داخل ہو جائے وہ بے خوف ہے۔ فقہاء نے کہا حرم کی خصوصیت ہے کہ وہاں جنگ کرنی حرام ہے اور اگر باغی سرکشی کریں اور علم بغاوت بلند کریں تو ان سے جنگ نہ کریں بلکہ ان پر عرصۂ حیات تنگ کیا جائے حتیٰ کہ وہ اطاعت قبول کر لیں اور اہل عدل و انصاف کے احکام میں داخل ہو جائیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ منیٰ حرم ہے اور وہاں قتل وقتال حرام ہے۔ عبدالملک نے حجاج کو عراق میں حاکم مقرر کیا تھا وہ بیس سال وہاں حاکم رہا اور اس عرصہ میں قتل و غارت، خوں ریزی، حرم میں الحاد اور دیگر مفاسد کئے جو ہر خاص و عام جانتا ہے۔ لاکھوں مسلمانوں کو اس نے قتل کیا اور آخر ۹۵ ہجری میں مر گیا اور واسط میں دفن ہُوا اس کی قبر کا نشان تک مٹا دیا گیا اور اس پر پانی بہا دیا گیا اس کا نام تاریخ کے سیاہ اوراق اور تاریک زمانہ میں شمار ہوتا ہے۔ وہ بدترین ظالم اور فاسق و فاجر تھا۔

marfat.com

بَابُ التَّبْكِيرِ لِلْعِيدِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ خَرَجْنَا

فَرَغْنَا فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ وَذٰلِكَ حِينَ التَّسْبِيحِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زُبَيْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ ۹۲۳
عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ فَقَالَ إِنَّ أَوَّلَ مَا نَبْدَأُ بِهِ فِي يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نُصَلِّيَ ثُمَّ
نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ أَصَابَ سُنَّتَنَا وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلُ أَنْ يُصَلِّيَ فَإِنَّمَا هُوَ لَحْمٌ عَجَّلَهُ لِأَهْلِهِ لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ
فِي شَيْءٍ فَقَامَ خَالِي أَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنِّي ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أُصَلِّيَ وَعِنْدِي جَذَعَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُسِنَّةٍ
فَقَالَ اجْعَلْهَا مَكَانَهَا أَوْ قَالَ اذْبَحْهَا وَلَنْ تَجْزِيَ جَذَعَةٌ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ بَابُ فَضْلِ الْعَمَلِ فِي أَيَّامِ التَّشْرِيقِ
وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِي أَيَّامٍ مَعْلُومَاتٍ أَيَّامُ الْعَشْرِ وَالْأَيَّامُ الْمَعْدُودَاتُ أَيَّامُ التَّشْرِيقِ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ
وَأَبُو هُرَيْرَةَ يَخْرُجَانِ إِلَى السُّوقِ فِي الْأَيَّامِ الْعَشْرِ يُكَبِّرَانِ وَيُكَبِّرُ النَّاسُ بِتَكْبِيرِهِمَا وَكَبَّرَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ خَلْفَ
النَّافِلَةِ

باب ــــ عید کی نماز جلدی پڑھنا ،،

حضرت عبداللہ بن بُسر نے کہا ہم اس وقت عید کی نماز سے فارغ ہو جاتے تھے اور وہ تسبیح (نفل نماز) کا وقت تھا ،،

ترجمہ : حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما نے کہا عید الضحیٰ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا ہم سب سے پہلے اس دن میں نماز پڑھتے ہیں پھر واپس جا کر قربانی کریں گے جس نے یہ کیا وہ ہمارے طریقہ کو پہنچا اور جس نے نماز پڑھنے سے پہلے ذبح کر دیا وہ صرف گوشت ہے جس کی اُس نے اپنے گھر والوں کے لئے جلدی کی اور اس کی قربانی نہیں ہوئی۔ میرا ماموں ابو بردہ بن نیار کھڑا ہو گیا اور کہا یا رسول اللہ! میں نے نماز پڑھنے سے پہلے قربانی ذبح کر دی ہے اور میرے پاس بکری کا بچہ چھ ماہ کا ہے جو ایک سال کی بکری سے بہتر ہے آپ نے فرمایا اس کی جگہ وہی کر دو یا فرمایا اس کو ذبح کر دو تمہارے سوا کسی کے لئے چھ ماہ عمر کا بکری کا بچہ کافی نہ ہوگا۔ ۹۲۳ ــــ

شرح : ابن بطال نے کہا ائمہ کرام کا اتفاق ہے کہ طلوعِ شمس سے قبل اور اس کے وقت عید کی نماز جائز نہیں۔ جب سورج بلند ہو کر سفید ہو جائے اس وقت نفل نماز جائز ہے اور یہی عید کا وقت ہے ،، چنانچہ ابن بسر کا قول اس پر واضح دلالت کرتا ہے کہ یہ نماز کا وقت تھا معلوم ہوا کہ عید کا وقت اس دن کے نفل کا وقت ہے اس سے عید کو مؤخر نہ کیا جائے۔ حضرت عبداللہ بن عمر

marfat.com

۹۲۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا الْعَمَلُ فِيْ اَيَّامٍ اَفْضَلَ مِنْهَا فِيْ هٰذِهٖ قَالُوْا وَلَا الْجِهَادُ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ اِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ يُخَاطِرُ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ فَلَمْ يَرْجِعْ بِشَيْءٍ

رضی اللہ عنہما صبح کی نماز کے بعد عید کے لئے چلے جاتے تھے اور رافع بن خدیج طلوع شمس کے بعد جایا کرتے تھے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا عید الفطر کو عید الاضحیٰ سے تھوڑا سا مؤخر کیا جائے اور عید الاضحیٰ کو بروزِ شمس کے وقت جلدی پڑھا جائے!

باب ـــــ ایام تشریق میں عمل کی فضیلت

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا" ایام معلومات میں اللہ کا ذکر کرو" اور وہ ذوالحجہ کے پہلے دس دن ہیں اور ایام معدودات ایام تشریق ہیں حضرت عبداللہ بن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم ایام تشریق میں بازار میں جاتے وہ تکبیر کہتے اور ان کی تکبیر کے ساتھ لوگ بھی تکبیر کہتے محمد بن علی نے نفل نماز کے بعد تکبیر کہی"

باب ذوالحجہ کا گیارھواں دن یوم نفر بارھواں اور تیرھواں نفر اوّل اور نفرِ ثانی کہلاتے ہیں۔ ان تینوں کو ایامِ تشریق کہا جاتا ہے" کیونکہ اِن ایام میں گوشت کاٹ کر خشک کیا جاتا ہے یا اس لئے کہ ان ایام میں ہدایا اشراقِ شمس کے وقت نحر کی جاتی ہیں" بعض کہتے ہیں تشریق عید کی نماز کو کہا جاتا ہے کیونکہ یہ ارتفاع شمس کے بعد پڑھی جاتی ہے چنانچہ حدیث میں وارد ہے لَا جُمُعَةَ وَلَا تَشْرِيْقَ اِلَّا فِيْ مِصْرٍ جَامِعٍ" یعنی جمعہ اور عید کی نمازیں جامع شہر میں ہی واجب ہیں۔ خلاصہ میں ذکر کیا ہے کہ ایامِ نحر تین ہیں اور ایام تشریق بھی تین ہیں اور چاروں میں یہ پورے ہو جاتے ہیں کیونکہ دس ذی الحجہ صرف نحر اور تیرہ ذی الحجہ صرف تشریق کے لئے ہیں اور گیارہ اور بارہ ذی الحجہ نحر اور تشریق دونوں کے لئے ہیں"

تمام فقہاء کے نزدیک فرض نماز کے بعد تکبیر تشریق واجب ہے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک فرضِ نماز باجماعت کے بعد تکبیر کہنا واجب ہے۔ امام احمد بن حنبل کا مشہور مذہب بھی یہی ہے مسافر پر تکبیر واجب نہیں اور تنہا فرض نماز پڑھنے والے پر بھی تکبیر کہنا واجب نہیں اور نہ ہی عورتوں پر واجب ہے جبکہ وہ تنہا باجماعت نماز پڑھیں۔

۹۲۴ ـــــ ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا ایامِ تشریق میں عمل سے کوئی عمل افضل نہیں لوگوں نے کہا جہاد بھی افضل نہیں؟ فرمایا جہاد بھی نہیں لیکن وہ شخص جو اپنی جان اور مال سے دشمن کا مقابلہ کرے اور اس کی کوئی شئے واپس نہ آئے۔

marfat.com

بَابُ التَّكْبِيرِ اَيَّامَ مِنًى وَاِذَا غَدَا اِلَى عَرَفَةَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُكَبِّرُ فِي قُبَّتِهِ بِمِنًى فَيَسْمَعُهُ اَهْلُ الْمَسْجِدِ فَيُكَبِّرُوْنَ وَيُكَبِّرُ اَهْلُ الْاَسْوَاقِ حَتّٰى تَرْتَجَّ مِنًى تَكْبِيْرًا وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُكَبِّرُ بِمِنًى تِلْكَ الْاَيَّامَ وَخَلْفَ الصَّلَوَاتِ وَعَلٰى فِرَاشِهِ وَفِي فُسْطَاطِهِ وَمَجْلِسِهِ وَمَمْشَاهُ وَتِلْكَ الْاَيَّامَ جَمِيْعًا وَكَانَتْ مَيْمُوْنَةُ تُكَبِّرُ يَوْمَ النَّحْرِ وَكَانَ النِّسَاءُ يُكَبِّرْنَ خَلْفَ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ وَعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ لَيَالِيَ التَّشْرِيْقِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْمَسْجِدِ

۹۲۴ ——

شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ایام تشریق میں عمل مسنون تکبیر ہے اور وہ نفل نماز سے افضل ہے کیونکہ اگر یہ کلام صلوٰۃ وصیام پر محمول کیا جائے تو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد "یہ کھانے اور پینے کے دن ہیں" اس کے معارض ہوگا حالانکہ آپ نے ان دنوں میں روزے سے منع فرمایا ہے" جس کا مدلول یہ ہے کہ یہ ایام صرف کھانے اور پینے کے ہیں اور جب عمل سے مراد تکبیر لی جائے تو اس کے معارض کوئی روایت نہیں ہے"

"یخاطر" اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اپنی جان و مال وغیرہ کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کرے اور قتل سے سلامت رہے یا نہ رہے یہ مخاطرہ ہے ان ایام میں اور دوسرے ایام میں یہ عمل افضل ہے جبکہ یہ عمل تکبیر سے منع نہیں کرتا علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ان ایام میں عمل تکبیر میں منحصر نہیں بلکہ حج کے احکام رمی وغیرہ سب اس عمل میں داخل ہیں اور اگر عمل سے مراد صرف تکبیر لی جائے تو اس سے متصل باب التکبیر ایام منیٰ" میں محض تکرار ہوگا۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاد بہت بڑا عمل ہے اور اس کے درجات متفاوت ہیں اور اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ جہاد میں اپنی جان صرف کردے اور شہید ہو جائے" اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ان ایام میں اگر جمعہ کا دن آجائے تو اس میں دو فضیلتیں جمع ہو جاتی ہیں"

باب —— ایامِ منیٰ میں تکبیر کہنا اور جب عرفات کو جائے

ترجمہ :

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ منیٰ کے میدان میں اپنے خیمہ میں تکبیر کہتے تھے اور مسجد والے اس کو سنتے پھر وہ بھی تکبیر کہنے لگتے" بازار والے لوگ تکبیر کہتے تھے حتیٰ کہ ان کی تکبیروں سے منیٰ گونج پڑتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان دنوں میں منیٰ میں تکبیر کہتے تھے فرض نمازوں کے بعد اپنے بستر اور خیمہ میں اور اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ان دنوں میں تکبیر کہتے تھے!

ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا نحر کے دن تکبیر کہتی تھیں اور عورتیں تشریق کی راتیں ابان بن عثمان اور عمر بن عبدالعزیز کے پیچھے مسجد میں لوگوں کے ساتھ تکبیریں کہتی تھیں!

باب شرح : یہ آثار ایام تشریق میں نماز کے بعد تکبیرات پر دلالت کرتے ہیں۔ احناف کے مذہب میں یہ تکبیریں واجب ہیں لیکن امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک فرض نماز کے بعد

marfat.com

۹۲۵ حَدَّثَنَا

أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَنَحْنُ غَادِيَانِ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَاتٍ عَنِ التَّلْبِيَةِ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ يُلَبِّي الْمُلَبِّي لَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ

جو باجماعت مستحبہ ادا کی جائے واجب ہیں بشرطیکہ نمازی مقیم ہو اور شہر میں ہو لہذا وتر، نمازِ عید، سنن اور نوافل کے بعد تکبیریں واجب نہیں اور نہ ہی مسافر اور تنہا نماز پڑھنے والے پر واجب ہیں اور نہ عورتوں پر واجب ہیں جبکہ وہ تنہا نماز باجماعت پڑھیں کیونکہ یہ جماعت مستحبہ نہیں ،، حضرت عبداللہ بن مسعود اور امام احمد کا مشہور مذہب یہی ہے ،، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک فرض نماز کے بعد تکبیریں واجب ہیں اگرچہ نمازی مسافر ہو یا تنہا نماز پڑھے۔ امام مالک کا مذہب بھی یہی ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کا اصح مذہب یہ ہے کہ نفل نماز اور نماز جنازہ کے بعد بھی تکبیریں واجب ہیں اور اگر عورتیں باجماعت نماز پڑھیں جبکہ ان کے ساتھ مرد نمازی نہ ہو اور مسافر لوگ جبکہ ان کے ساتھ نمازی مقیم نہ ہو امام شافعی کے نزدیک ان پر تکبیریں واجب نہیں ،،

تکبیراتِ تشریق عرفہ کے روز فجر کی نماز کے بعد شروع ہوتی ہیں اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک نحر کے روز عصر کی نماز کے بعد ختم ہو جاتی ہیں مگر اس پر احناف کا عمل نہیں امام ابو یوسف اور امام محمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک تکبیریں ایام تشریق کے آخری دن تیرہ ذی الحجہ کو عصر کے بعد ختم ہوتی ہیں اس پر احناف کا عمل ہے حضرت عمر فاروق، علی المرتضیٰ اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہے! جبکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا مذہب وہی ہے جو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے اختیار کیا ہے اور تکبیر یہ ہے اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر و للہ الحمد ،،

حضرت ابان رضی اللہ عنہ سیدنا عثمان غنی خلیفہ ثالث کے بیٹے ہیں وہ فقیہہ مجتہد تھے ایک سو پانچ ہجری کو مدینہ منورہ میں فوت ہوئے ،،

---

۹۲۵ ترجمہ : محمد بن ابوبکر ثقفی نے کہا میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے تلبیہ کے متعلق پوچھا جبکہ ہم منیٰ سے عرفات کو جا رہے تھے کہ تم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیسے کرتے تھے؟ حضرت انس نے کہا تلبیہ کہنے والا تلبیہ کہتا اور اس پر کوئی اعتراض نہ کیا جاتا تھا، تکبیر کہنے والا تکبیر کہتا اور اس پر کوئی اعتراض نہ کیا جاتا تھا۔

۹۲۵ شرح : علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا تلبیہ میں مسنون یہ ہے کہ نحر کے روز جمرہ عقبہ کی رمی کرنے کے وقت تک تلبیہ ترک نہ کرے ،، اسی پر عمل ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے قول کا معنیٰ یہ ہے کہ تکبیر ذکر ہے وہ اس کو تلبیہ میں داخل کر لیتے تھے اور تکبیر بھی کہتے تلبیہ بھی کہتے تھے کیونکہ تلبیہ تو جمرہ عقبہ کی رمی کرنے سے پہلے ترک نہیں کیا جاتا ،، واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

۹۲۶ حَدَّثَنَا

مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ عَاصِمٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ كُنَّا نُؤْمَرُ أَنْ نُخْرِجَ يَوْمَ الْعِيدِ حَتَّى نُخْرِجَ الْبِكْرَ مِنْ خِدْرِهَا حَتَّى نُخْرِجَ الْحُيَّضَ فَيَكُنَّ خَلْفَ النَّاسِ فَيُكَبِّرْنَ بِتَكْبِيرِهِمْ وَيَدْعُونَ بِدُعَائِهِمْ يَرْجُونَ بَرَكَةَ ذَلِكَ الْيَوْمِ وَطُهْرَتَهُ

۹۲۷ **بَابُ الصَّلٰوةِ إِلَى الْحَرْبَةِ يَوْمَ الْعِيدِ** حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ تُرْكَزُ لَهُ الْحَرْبَةُ فَيُصَلِّي إِلَيْهَا

بَابُ حَمْلِ الْعَنَزَةِ أَوِ الْحَرْبَةِ بَيْنَ يَدَيِ الْإِمَامِ يَوْمَ الْعِيدِ

---

۹۲۶ ——

ترجمہ : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے ہم کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ ہم عید کے دن (عید کی نماز کے لئے) باہر نکلیں حتیٰ کہ پردہ دار کنواری لڑکیوں کو بھی نکالیں اور حیض کی حالت والی عورتوں کو بھی نکالیں اور وہ لوگوں کے پیچھے رہیں اور ان کی تکبیر کے ساتھ تکبیر کہیں اور ان کی دُعاء کے ساتھ دُعاء کریں اور اس دن کی برکت اور پاکیزگی کے حصول کی اُمیدوار ہوں"

۹۲۶ ——

شرح : عید الفطر ہو یا عید الاضحیٰ ہو تکبیر دونوں کی ایک ہی ہے "ایام منیٰ عید کے دن کی طرح ہیں ان میں تکبیر کہنا اور عید کے دن میں تکبیر کہنا مساوی ہے ۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ان ایام میں تکبیر کا مقصد یہ ہے کہ جاہلیت میں لوگ بتوں کے لئے جانور ذبح کیا کرتے تھے" ان کا رد کرنے کے لئے ان ایام میں تکبیر مشروع ہوئی تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ ذبح صرف اللہ کے لئے ہے حتیٰ کہ ایامِ ذبح میں غیر اللہ کا نام تک نہ لیا جائے" امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب میں عید الفطر میں تکبیر نہیں کہی جاتی" علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ قیاس یہ ہے کہ دونوں عیدوں میں تکبیریں کہی جائیں" کہ دونوں عیدوں کی نمازوں کی تکبیرات مختلف نہیں اور دونوں نمازوں میں خطبہ بعد میں دیا جاتا ہے لہذا دونوں عیدوں میں عیدگاہ کی طرف جاتے وقت تکبیرات میں بھی برابری ہونی چاہیئے اور تکبیریں کہی جائیں ۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــ برچھے کی طرف عید کی نماز

۹۲۷ ——

ترجمہ : حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے عید الفطر اور عید الاضحیٰ میں برچھا گاڑا جاتا تھا پھر آپ نماز پڑھتے تھے!

باب ـــ عید کے دن امام کے آگے نیزہ یا برچھا اُٹھانا ـــ"

marfat.com

۹۲۸ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ

حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَمْرٍو الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْدُوْ اِلَى الْمُصَلّٰى وَالْعَنَزَةُ بَيْنَ يَدَيْهِ تُحْمَلُ وَتُنْصَبُ بِالْمُصَلّٰى بَيْنَ يَدَيْهِ فَيُصَلِّيْ اِلَيْهَا **بَابُ** خُرُوْجِ النِّسَاءِ وَالْحُيَّضِ اِلَى الْمُصَلّٰى

۹۲۹ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ اُمِرْنَا اَنْ نُخْرِجَ الْعَوَاتِقَ وَذَوَاتِ الْخُدُوْرِ وَعَنْ اَيُّوْبَ عَنْ حَفْصَةَ بِنَحْوِهٖ وَزَادَ فِيْ حَدِيْثِ حَفْصَةَ قَالَ اَوْ قَالَتِ الْعَوَاتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُوْرِ وَيَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ الْمُصَلّٰى

---

۹۲۸ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کو عیدگاہ کی طرف تشریف لے جاتے جبکہ آپ کے آگے آگے برچھا اُٹھایا جاتا تھا اور عیدگاہ میں آپ کے سامنے گاڑا جاتا تھا اس کی طرف (سترہ بناکر) آپ نماز پڑھتے تھے!

۹۲۷ — ۹۲۸ — شرح : سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کے بغیر نماز سترہ کرکے پڑھا کرتے تھے سترۃ الامام کے باب کی حدیث ۴۷۴ کی تفہیم میں اس کی تشریح ہوچکی ہے!

باب — حیض والی عورتوں کا عیدگاہ جانا

۹۲۹ — ترجمہ : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ ہم کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ نوجوان اور پردہ دار عورتوں کو عیدگاہ کی طرف لے جائیں،، ایوب نے حفصہ سے اس طرح روایت کی اور حفصہ کی حدیث میں مزید یہ ہے کہ ایوب یا حفصہ نے کہا کہ ہم نوجوان اور پردہ دار عورتوں کو باہر نکالیں اور حیض والی عورتیں عیدگاہ سے علیحدہ رہیں۔

۹۲۹ — شرح : عواتق عاتق کی جمع ہے جو لڑکی بالغہ ہوجائے اس کو عاتق کہا جاتا ہے کیونکہ وہ اپنے ماں باپ کی خدمت اور ان کے دباؤ سے آزاد ہوجاتی ہے،،

اس پُرآشوب اور فتنہ و فساد کے زمانہ میں نوجوان عورتوں کو باہر نہ نکلنے دیا جائے چنانچہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا اگر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کی بدعات کو دیکھ لیتے تو ان کو مساجد میں جانے سے روک دیتے جیسے بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کر دیا گیا تھا،، یہ تو ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے زمانہ کی بات کرتی ہیں اور آج کا دور جس میں فتنہ و فساد کی مسموم ہوائیں نیکوں کو پیغام اجل دیتی ہیں اور فساق کی ارواح کو ہر لحظہ شہوانی

marfat.com

۹۳۰ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فِطْرٍ اَوْ اَضْحٰى فَصَلّٰى ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ اَتَى النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ **بَابُ اسْتِقْبَالِ الْاِمَامِ النَّاسَ فِيْ خُطْبَةِ الْعِيْدِ** وَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقَابِلَ النَّاسِ

لذّات سے مسرور کرتی ہیں اور ہر ایک باہر جانے والی عورت کا سرتا پا مطالعہ کیا جاتا ہے شریعت مطہرہ اس دور میں عورتوں کو باہر نکلنے کی کیسے اجازت دے سکتی ہے؟ اس کی تفصیل باب شہود الحائض العیدین کی حدیث ۳۲۰ کی تفہیم میں مذکور ہے۔ ۱ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حیض والی عورت اللہ کا ذکر ترک نہ کرے اور مجلسِ وعظ میں شرکت کرے البتہ مسجد میں داخل نہ ہو۔ عورت ضرورت کے وقت کسی سے کپڑے استعارۃً لے سکتی ہے جبکہ کسی نیک اور شرعی کام کے لئے جانا ہو۔ عواتِق "عَاتِق" کی جمع ہے اس کا معنی نوجوان بالغہ عورت ہے اس کو عاتق اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ خدمت کرنے کی مشقت سے آزاد ہو جاتی ہے کہ وہ بلوغ کے باعث نکاح کرنے کے قریب ہو چکی ہے عنقریب نکاح کے بعد وہ ماں باپ کے دبدبہ سے آزاد ہو گی۔ عیدگاہ میں حائضہ کا جانا حرام ہے کیونکہ عیدگاہ کا خون سے ملوّث ہونے کا خطرہ ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ بچّوں کا عیدگاہ جانا

۹۳۰ ـــ ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ہمراہ عید الفطر یا عید الاضحیٰ کے دن باہر نکلا آپ نے عید کی نماز پڑھی پھر خطبہ۔ یا پھر عورتوں کے پاس تشریف لے گئے اور ان کو وعظ و نصیحت کی اور صدقہ کرنے کا حکم دیا!

۹۳۰ ـــ شرح : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس وقت بچے تھے کیونکہ سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کی وفات کے وقت ان کی عمر تیرہ ۱۳ برس تھی لہٰذا یہ حدیث عنوان کے مطابق ہے!

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خطبہ عید کی نماز کے بعد ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــ عید کے خطبہ میں امام کا لوگوں کی طرف منہ کرنا "

ابو سعید نے کہا نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم لوگوں کے سامنے کھڑے ہوئے!

marfat.com

۹۳۱ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ عَنْ زُبَيْدٍ عَنِ
الشَّعْبِيِّ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أَضْحًى إِلَى الْبَقِيعِ فَصَلَّى
رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ إِنَّ
أَوَّلَ نُسُكِنَا فِي يَوْمِنَا هٰذَا أَنْ نَبْدَأَ بِالصَّلٰوةِ ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ أَصَابَ سُنَّتَنَا وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلَ ذٰلِكَ
فَإِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ عَجَّلَهُ لِأَهْلِهِ لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِي شَيْءٍ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي ذَبَحْتُ وَعِنْدِي جَذَعَةٌ خَيْرٌ
۹۳۲ مِنْ مُسِنَّةٍ قَالَ اذْبَحْهَا وَلَا تَفِي عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ ۔ بَابُ الْعَلَمِ بِالْمُصَلّٰى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ
قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ قِيلَ لَهُ أَشَهِدْتَ الْعِيدَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ
وَلَوْلَا مَكَانِي مِنَ الصِّغَرِ مَا شَهِدْتُهُ حَتّٰى أَتَى الْعَلَمَ الَّذِي عِنْدَ دَارِ كَثِيرِ بْنِ الصَّلْتِ فَصَلّٰى ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ أَتَى النِّسَاءَ وَمَعَهُ
بِلَالٌ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ بِالصَّدَقَةِ فَرَأَيْتُهُنَّ يَهْوِينَ بِأَيْدِيهِنَّ يَقْذِفْنَهُ فِي ثَوْبِ بِلَالٍ ثُمَّ انْطَلَقَ هُوَ وَبِلَالٌ
إِلٰى بَيْتِهِ

ترجمہ : حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
۹۳۱ — عید الاضحیٰ میں بقیع تشریف لے گئے آپ نے دو رکعتیں پڑھیں پھر ہماری
طرف چہرہ انور کر کے متوجہ ہوئے اور فرمایا اس دن ہمارا پہلا عمل یہ ہے کہ ہم عید کی نماز پڑھیں گے پھر واپس جائیں گے اور
قربانی کریں گے جس نے یہ کیا اُس نے ہماری سنت کی موافقت کی اور جس نے اس سے پہلے ذبح کیا وہ صرف ایک شئی
ہے جس کی اُس نے اپنے گھر والوں کے لئے جلدی کی وہ قربانی نہیں ایک شخص کھڑا ہو گیا اور کہا میں نے تو (نماز سے پہلے)
ذبح کر دیا ہے اور میرے پاس چھ ماہ کی عمر کا بکری کا بچہ ہے جو ایک سال کی بکری سے بہتر ہے آپ نے فرمایا وہی
ذبح کر دو تیرے سوا اور کسی کے لئے ایسا کرنا کافی نہ ہوگا ،،

شرح ۹۳۱ — : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قربانی کرنا واجب ہے ورنہ
اس شخص کے لئے قربانی کا اعادہ کرنا ضروری نہ ہوتا اور امام
لوگوں کے سامنے خطبہ دے۔ حدیث ع ۹۱۳ اور ع ۹۲۰ کی تفہیمات میں اس کی تشریح مذکور ہے!

باب — عیدگاہ میں منار

ترجمہ : عبدالرحمٰن بن عابس نے کہا میں نے ابن عباس سے سُنا جبکہ ان سے یہ
۹۳۲ — کہا گیا کیا آپ عید کے روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے ؟ ابن عباس نے
کہا جی ہاں ! اگر میں آپ کا قریبی نہ ہوتا تو میں بچپن کے باعث حاضر نہ ہو سکتا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس علم کے پاس
تشریف لائے جو کثیر بن صلت کے گھر کے قریب تھا آپ نے نماز پڑھی پھر خطبہ دیا پھر عورتوں کے پاس تشریف لے گئے

marfat.com

بَابُ مَوْعِظَةِ الْإِمَامِ النِّسَاءَ يَوْمَ الْعِيدِ ۹۳۳

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفِطْرِ فَصَلَّى فَبَدَأَ بِالصَّلٰوةِ ثُمَّ خَطَبَ فَلَمَّا فَرَغَ نَزَلَ فَأَتَى النِّسَاءَ فَذَكَّرَهُنَّ وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى يَدِ بِلَالٍ وَبِلَالٌ بَاسِطٌ ثَوْبَهُ تُلْقِي فِيهِ النِّسَاءُ الصَّدَقَةَ قُلْتُ لِعَطَاءٍ زَكٰوةُ يَوْمِ الْفِطْرِ قَالَ لَا وَلٰكِنْ صَدَقَةٌ يَتَصَدَّقْنَ حِينَئِذٍ تُلْقِي فَتَخَهَا وَيُلْقِينَ قُلْتُ لِعَطَاءٍ أَتُرَى حَقًّا عَلَى الْإِمَامِ ذٰلِكَ وَيُذَكِّرُهُنَّ قَالَ إِنَّهُ لَحَقٌّ عَلَيْهِمْ وَمَا لَهُمْ لَا يَفْعَلُونَهُ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَأَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ شَهِدْتُ الْفِطْرَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ يُصَلُّونَهَا قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدُ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ حِينَ يُجَلِّسُ بِيَدِهِ ثُمَّ أَقْبَلَ يَشُقُّهُمْ حَتّٰى جَاءَ النِّسَاءَ مَعَهُ بِلَالٌ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ الْآيَةَ ثُمَّ قَالَ حِينَ فَرَغَ مِنْهَا أَنْتُنَّ عَلٰى ذٰلِكَ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ لَمْ يُجِبْهُ غَيْرُهَا نَعَمْ لَا يَدْرِي حَسَنٌ مَنْ هِيَ قَالَ فَتَصَدَّقْنَ فَبَسَطَ بِلَالٌ ثَوْبَهُ ثُمَّ قَالَ هَلُمَّ لَكُنَّ فِدًى أَبِي وَأُمِّي فَيُلْقِينَ الْفَتَخَ وَالْخَوَاتِيمَ فِي ثَوْبِ بِلَالٍ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ الْفَتَخُ الْخَوَاتِيمُ الْعِظَامُ كَانَتْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

اور حضرت بلال آپ کے ساتھ تھے آپ نے ان کو وعظ و نصیحت کی اور ان کو صدقہ کرنے کا حکم دیا۔ میں نے عورتوں کو دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھ (زیورات کی طرف) بڑھاتیں اور زیور اُتار کر حضرت بلال کے کپڑے میں ڈالتی تھیں پھر آپ اور بلال گھر تشریف لے گئے!

۹۳۲ —— شرح : حدیث کی مناسبت عنوان کے ساتھ بالکل واضح ہے اس حدیث کی وضاحت ع ۸۲۵ کی تفہیم میں گزری ہے!

باب — عید کے دن امام کا عورتوں کو وعظ کرنا

۹۳۳ —— ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن اُٹھے اور نماز پڑھی پہلے نماز شروع کی پھر خطبہ دیا جب اس سے فارغ ہو گئے تو منبر سے اُترے اور عورتوں کے پاس تشریف لے گئے ان کو وعظ و نصیحت کی جبکہ آپ بلال کے ہاتھ پر تکیہ لگائے ہوئے تھے اور وہ اپنی جھولی پھیلائے ہوئے تھے جس میں عورتیں صدقہ کی رقوم ڈالتی تھیں ابن جُریج نے کہا میں نے عطاء سے کہا کیا عورتیں فطرانہ دیتی تھیں؟ اُس نے کہا نہیں، لیکن وہ صدقہ کرتی تھیں - وہ انگوٹھیاں بلال کی جھولی میں ڈالتی تھیں۔ میں نے کہا کیا آپ یہ امام پر ضروری جانتے ہیں کہ وہ عورتوں کو وعظ کرے؟ عطاء نے کہا یہ ائمہ پر ضروری ہے ان کے لئے درست نہیں کہ وہ یہ نہیں کرتے ہیں، ابن جُریج نے کہا مجھے حسن بن مسلم نے

marfat.com

بَابٌ إِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ فِي الْعِيدِ.

۹۳۴ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ قَالَتْ كُنَّا نَمْنَعُ جَوَارِيَنَا أَنْ يَخْرُجْنَ يَوْمَ الْعِيدِ فَجَاءَتِ امْرَأَةٌ فَنَزَلَتْ قَصْرَ بَنِي خَلَفٍ فَأَتَيْتُهَا فَحَدَّثَتْ أَنَّ زَوْجَ أُخْتِهَا غَزَى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً فَكَانَتْ أُخْتُهَا مَعَهُ فِي سِتِّ غَزَوَاتٍ قَالَتْ فَكُنَّا نَقُومُ عَلَى الْمَرْضَى وَنُدَاوِي الْكَلْمَى

طاؤس سے اُنھوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے خبر دی اُنھوں نے کہا میں عید الفطر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے ساتھ حاضر ہُوا خطبہ سے پہلے نمازِ عید پڑھتے تھے پھر اس کے بعد خطبہ دیا جاتا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ سے باہر تشریف لائے گویا کہ میں آپ کو اب دیکھ رہا ہوں جس وقت آپ دستِ اقدس سے لوگوں کو بٹھاتے تھے پھر لوگوں کی صفیں چیرتے ہُوئے آئے حتیٰ کہ بلال کے ساتھ عورتوں کے پاس پہنچے اور فرمایا

"اے نبی جب تیرے پاس مومن عورتیں آئیں جب کہ وہ آپ کی بیعت کرنے والی ہوں الخ

پھر جب اس سے فارغ ہوگئے تو فرمایا کیا تم اس شرط پہ بیعت کرتی ہو؟ ان میں سے صرف ایک عورت نے جواب دیا اس کے سوا کسی نے جواب نہ دیا کہ ہاں ہم اس شرط پر بیعت کرتی ہیں،، حسن بن مسلم نہیں جانتے کہ وہ عورت کون تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ کرو اور بلال نے اپنا کپڑا پھیلا دیا پھر فرمایا اور صدقہ کرو میرا باپ اور ماں قربان ہوں عورتیں انگوٹھیاں بلال کے کپڑے میں ڈال رہی تھیں شیخ عبدالرزاق نے کہا خواتیم بڑی بڑی انگوٹھیاں ہیں جو زمانہ جاہلیت میں مروج تھیں!

۹۳۴ — شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عورتوں کے پاس جاکر ان کو وعظ کرنا صرف آپ کے ساتھ مخصوص تھا کیونکہ آپ ان کے باپ ہیں علماء کا اس بات پہ اتفاق ہے کہ عورتوں کے لئے دُوسرا خطبہ خطیب پہ لازم نہیں اور نہ ہی خطبہ قطع کرکے عورتوں کے پاس جاکر اس کو مکمل کرسکتا ہے (کرمانی)،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر فتنہ کا خطرہ نہ ہو تو عورتوں کو وعظ کرنا مستحسن ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مال داروں سے صدقہ لے کر فقراء کو دینا جائز ہے اور یہ بھی معلوم ہُوا کہ جماعت کی طرف سے ایک شخص کا جواب دینا کافی ہے،، اور عید کی نماز خطبہ سے پہلے پڑھی جائے۔
واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جب کسی عورت کے پاس عید کے دن چادر نہ ہو —"

۹۳۴ — **ترجمہ** : حفصہ بنت سیرین نے کہا ہم نوجوان عورتوں کو عیدگاہ جانے سے منع کیا کرتی تھیں۔ ایک عورت آئی اور بنی خلف کے محل میں ٹھہری میں اس کے پاس گئی تو اُس نے مجھ سے بیان کیا کہ اس کے بہنوئی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بارہ غزوے

marfat.com

فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِحْدٰنَا بَاْسٌ اِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا جِلْبَابٌ اَلَا تَخْرُجُ فَقَالَ لِتُلْبِسْهَا صَاحِبَتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا فَلْيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ حَفْصَةُ فَلَمَّا قَدِمَتْ اُمُّ عَطِيَّةَ اَتَيْتُهَا فَسَاَلْتُهَا اَسَمِعْتِ فِيْ كَذَا وَكَذَا فَقَالَتْ نَعَمْ بِاَبِيْ وَقَلَّمَا ذَكَرَتْ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَتْ بِاَبِيْ قَالَ لِتَخْرُجِ الْعَوَاتِقُ ذَوَاتُ الْخُدُوْرِ اَوْ قَالَ الْعَوَاتِقُ وَذَوَاتُ الْخُدُوْرِ شَكَّ اَيُّوْبُ وَالْحُيَّضُ فَتَعْتَزِلُ الْحُيَّضُ الْمُصَلّٰى وَلْيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ فَقُلْتُ لَهَا الْحُيَّضُ قَالَتْ نَعَمْ اَلَيْسَ الْحَائِضُ تَشْهَدُ عَرَفَاتٍ وَتَشْهَدُ كَذَا وَتَشْهَدُ كَذَا

لڑے ہیں اس کی بہن چھ غزوں میں اس کے ساتھ رہی ،، اس نے کہا ہم بیماروں کی نگہبانی اور زخمیوں کی مرہم پٹی کیا کرتی تھیں اُس نے کہا یا رسُول اللہ ! ہم میں سے کسی پہ حرج تو نہیں جبکہ اس کے پاس چادر نہ ہو کہ وہ عید گاہ نہ جائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی سہیلی اپنی چادروں میں سے کوئی چادر اس کو دیدے ،، وہ کارِ خیر اور مومنوں کی دعا میں شامل ہوں ،، حفصہ نے کہا جب ام عطیہ آئی تو میں اس کے پاس آئی اور اس سے پُوچھا کیا تو نے اس بارے میں کچھ سُنا ہے اس نے کہا ہاں میرا باپ قربان ہو ،، کم و بیش وہ جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتی تو یہ کہتی میرا باپ آپ پہ قربان ہو! آپ نے فرمایا نوجوان پردہ دار عورتیں عید گاہ جائیں ایوب نے اس میں شک کرتے ہوئے کہا پردہ دار عورتیں اور حیض والی عورتیں! اور حیض والی عورتیں عید گاہ سے علیحدہ رہیں ،، اور کارِ خیر اور مومنوں کی دُعاء میں حاضر ہوں ۔ حفصہ نے کہا میں نے ام عطیہ سے کہا کیا حیض والی عورتیں بھی جائیں ۔ ام عطیہ نے کہا ہاں ! کیا حیض والی عرفات میں نہیں جاتی اور مزدلفہ اور منیٰ میں نہیں جاتی ؟

۹۳۴ —

شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اِس حدیث میں عورتوں کا عید گاہ جانے کی تاکید ہے ۔ کیونکہ جن کے پاس چادر اور نقاب وغیرہ نہ ہو آپ نے ان کو عید گاہ جانے کا حکم دیا تو جن کے پاس چادریں وغیرہ ہوں ان کو بطریق اولیٰ جانا چاہیئے ،، مگر یہ ابتداءِ اسلام میں تھا جبکہ مسلمانوں کی تعداد قلیل تھی اور عورتوں کے اجتماع سے دشمن کو مرعوب کرنا مقصود تھا آج کل اس کی ضرورت نہیں ۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس دلیل کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ نسخ یقین سے ثابت ہوتا ہے اس کے لئے تاریخ کا تعیّن ضروری ہے ،، نیز عورتوں کے ساتھ دشمنوں کو مرعوب نہیں کیا جاسکتا اسی لئے عورتوں پہ جہاد ضروری نہیں ۔ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ کرمانی کا جواب صحیح نہیں کیونکہ عورتوں کی کثرت سے دشمن مرعوب ہو سکتا ہے بلکہ عورتوں میں بعض ایسی عورتیں بھی ہوتی ہیں جو بعض مردوں سے زیادہ طاقتور ہوتی ہیں اور جب دشمن حملہ آور ہو تو عورتوں پہ بھی جہاد فرض ہو جاتا ہے اور وہ اپنے شوہروں کی اجازت کے بغیر جہاد میں جاسکتی ہیں ،، سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ام عطیہ نے یہ فتویٰ دیا اور کسی صحابی نے اس پر اعتراض نہ کیا مگر یہ کلام محلِ نظر ہے کیونکہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا اگر سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کی حرکات دیکھتے جو آج کل عورتیں کرتی ہیں تو ان کو مساجد میں جانے سے روک دیتے جیسے بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کیا گیا تھا لہذا یہ کہنا کہ کسی صحابی نے اس پر اعتراض نہیں کیا بعید از فہم ہے ،، باقی مباحث شہود الحائض کے باب کی حدیث ۳۲۰ کی تفہیم میں دیکھیں ۔

marfat.com

۹۳۵ بَابُ اعْتِزَالِ الْحُيَّضِ الْمُصَلَّى حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا
ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ أُمِرْنَا أَنْ نَخْرُجَ فَنُخْرِجَ الْحُيَّضَ وَالْعَوَاتِقَ وَذَوَاتِ الْخُدُورِ
وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ أَوِ الْعَوَاتِقَ ذَوَاتِ الْخُدُورِ فَأَمَّا الْحُيَّضُ فَيَشْهَدْنَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَدَعْوَتَهُمْ وَيَعْتَزِلْنَ مُصَلَّاهُمْ بَابُ
۹۳۶ النَّحْرِ وَالذَّبْحِ يَوْمَ النَّحْرِ بِالْمُصَلَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ فَرْقَدٍ عَنْ نَافِعٍ
عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْحَرُ أَوْ يَذْبَحُ بِالْمُصَلَّى

باب — حیض والی عورتوں کا عیدگاہ سے علیحدہ رہنا

۹۳۵ — ترجمہ : محمد بن سیرین نے کہا کہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا ہم کو حکم دیا گیا کہ ہم عیدگاہ جائیں اور حیض والی اور نوجوان اور پردہ دار عورتوں کو بھی لے جائیں۔ ابنِ عون نے کہا نوجوان پردہ دار عورتیں اور حیض والی عورتیں مسلمانوں کی جماعت میں حاضر ہوں اور ان کی دُعاء میں شریک ہوں مگر عیدگاہ سے علیحدہ رہیں!

۹۳۵ — شرح : یہ اس لئے کہ نمازیوں کا غیر نمازیوں سے اختلاط نہ ہو اور عیدگاہ حیض کے خون سے متلوث نہ ہو،،

علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس حدیث سے یہ فائدہ معلوم ہوتا ہے کہ عورت اجنبی لوگوں کا علاج کر سکتی ہے،، اور اس زمانہ میں جبکہ فتنہ و فساد کی مکدر ہوائیں پُر زور ہیں اور امن و امان کی صورتیں مفقود ہیں عورتوں کو باہر جانے کا فتویٰ نہ دیا جائے جبکہ سلف صالحین کی ایک جماعت عورتوں کے باہر جانے کے سخت خلاف ہے ؛ چنانچہ حضرات عروہ، قاسم، یحییٰ، امام مالک، امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رضی اللہ عنہم عورتوں کا گھر سے باہر نکلنے کو سختی سے منع کرتے ہیں! الحاصل اس زمانہ میں عورتوں کو گھر سے باہر ہرگز نہیں جانا چاہیئے اور وہ اپنے منصب کی حفاظت کریں اور بحکم قرآن حکیم اپنے گھروں میں رہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ " : یعنی اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور بے پردہ نہ ہو جیسے اگلی جاہلیت کی بے پردگی،،

باب — دسویں ذی الحجہ کو عیدگاہ کے قریب نحر اور ذبح کرنا

۹۳۶ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نحر یا ذبح عیدگاہ کے قریب کرتے تھے!

marfat.com

بَابُ كَلَامِ الْإِمَامِ وَالنَّاسِ فِي خُطْبَةِ الْعِيدِ إِذَا سُئِلَ

الْإِمَامُ عَنْ شَيْءٍ وَهُوَ يَخْطُبُ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ۹۳۷
الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ بَعْدَ الصَّلَاةِ فَقَالَ مَنْ صَلَّى صَلَاتَنَا وَنَسَكَ نُسُكَنَا فَقَدْ أَصَابَ النُّسُكَ وَمَنْ نَسَكَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَتِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ فَقَامَ أَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَاللَّهِ لَقَدْ نَسَكْتُ قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ إِلَى الصَّلَاةِ وَعَرَفْتُ أَنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ فَتَعَجَّلْتُ وَأَكَلْتُ وَأَطْعَمْتُ أَهْلِي وَجِيرَانِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ قَالَ فَإِنَّ عِنْدِي عَنَاقًا جَذَعَةً لِي خَيْرٌ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ فَهَلْ تَجْزِي عَنِّي قَالَ نَعَمْ وَلَنْ تَجْزِيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ

شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا عید کے افعال امام کے سپرد ہیں لہٰذا
۹۳۶ — اس کا پہل کرنا ضروری ہے اسی لئے امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا امام
سے پہلے قربانی کا جانور ذبح نہ کریں۔ بایں ہمہ تمام علماء کا اس بات پہ اتفاق ہے کہ اگر امام بالکل ذبح نہ کرے اور ذبح کا وقت ہو جائے تو ذبح کر لینا جائز ہے،،

عیدگاہ کے پاس ذبح کرنے میں اس بات کا اعلان ہے کہ لوگ ذبح کرنا شروع کر دیں اور ناواقف لوگ ذبح کا طریقہ معلوم کر سکیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قربانی کا جانور خرید کر کے اپنے غلام کے ہمراہ اس کو بازار میں پھرایا کرتے تھے تاکہ لوگ اس کی کیفیت معلوم کر لیں،، واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — عید کے خطبہ میں امام اور لوگوں کا کلام کرنا اور جب امام سے سوال کیا جائے حالانکہ وہ خطبہ دے رہا ہو

ترجمہ : براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
۹۳۷ — نے عید قربان کے دن نمازِ عید کے بعد ہم کو خطبہ دیا اور فرمایا جس نے ہماری طرح نماز پڑھی اور ہماری طرح قربانی کی اُس نے قربانی صحیح کی اور جس نے نماز سے پہلے قربانی کی وہ گوشت کی بکری ہے ابوبردہ بن نیار کھڑے ہوئے اور کہا یا رسول اللہ! خدا کی قسم میں نے عید کی نماز کے لئے جانے سے پہلے بکری ذبح کر دی میرا خیال تھا کہ آج کا روز کھانے پینے کا دن ہے۔ میں نے جلدی کی میں نے خود گوشت کھایا اور اپنے اہل و اولاد و ہمسایوں کو کھلایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ گوشت کی بکری ہے براء نے کہا میرے پاس بکری کا بچہ چھ ماہ کی عمر کا ہے اور وہ گوشت کی دو بکریوں سے بہتر ہے کیا وہ مجھ سے کافی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں

marfat.com

۹۳۸ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ خَطَبَ فَاَمَرَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ اَنْ يُّعِيْدَ ذَبْحَهٗ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جِيْرَانٌ لِّيْ اَمَّا قَالَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَاَمَّا قَالَ بِهِمْ فَقْرٌ وَاِنِّيْ ذَبَحْتُ قَبْلَ الصَّلٰوةِ وَعِنْدِيْ عَنَاقٌ لِّيْ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ فَرَخَّصَ لَهٗ فِيْهَا

۹۳۹ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ خَطَبَ ثُمَّ ذَبَحَ وَقَالَ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ اُخْرٰى مَكَانَهَا وَمَنْ لَّمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ

ہاں لیکن تیرے سوا اور کسی کے لئے جائز نہیں!

۹۳۸ ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن نمازِ عید پڑھی پھر خطبہ دیا اور جس نے نمازِ عید سے پہلے جانور ذبح کر لیا اس کو دوبارہ ذبح کرنے کا حکم دیا ایک شخص قبیلہ انصار سے کھڑا ہو گیا اور اُس نے کہا یا رسول اللہ! یا اُس نے یہ کہا کہ میرے ہمسائے بھوکے تھے یا یہ کہا کہ وہ غریب تھے میں نے نمازِ عید سے پہلے بکری ذبح کر دی اور میرے پاس بکری کا بچہ چھ ماہ کی عمر کا ہے جو گوشت کی دو بکریوں سے مجھے زیادہ محبوب ہے آپ نے اس کو اس کے ذبح کی رخصت دے دی!

۹۳۷، ۹۳۸ شرح: ان دونوں حدیثوں کی تشریح حدیث ۹۱۳ کی تفہیم میں مذکور ہے!

---

۹۳۹ ترجمہ: حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نحر کے دن نمازِ عید پڑھی پھر خطبہ دیا،، پھر ذبح کیا اور فرمایا جس نے عید کی نماز سے پہلے ذبح کیا وہ اس کی جگہ اور جانور ذبح کرے اور جس نے (نمازِ عید سے پہلے) ذبح نہ کیا وہ اللہ کے نام سے ذبح کرے!

۹۳۹ شرح: قولہ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ ،، میں باء لام کے معنیٰ میں ہے یعنی وہ اللہ کے لئے ذبح کرے یہ بھی ممکن ہے کہ جار مجرور کا متعلق محذوف ہو ،، یعنی اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے اللہ کے نام سے ذبح کرے ،، اس حدیث سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ قربانی اس شخص پر واجب ہے جو شہر میں مقیم ہو اور نصاب کا مالک ہو! امام محمد، زفر اور ایک روایت میں ابو یوسف کا بھی یہی مذہب ہے مگر امام ابو یوسف سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ قربانی سنت ہے۔ یہی مذہب امام شافعی اور احمد بن حنبل کا ہے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے اُنھوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی الحجہ کا چاند دیکھا اور فرمایا جس نے تم میں سے ذی الحجہ کا چاند دیکھا اور وہ قربانی کرنا چاہے تو اپنے بال نہ کٹوائے اور نہ ہی ناخن

marfat.com

بَابُ مَنْ خَالَفَ الطَّرِيقَ إِذَا رَجَعَ يَوْمَ الْعِيدِ

۹۴۰: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ يَوْمُ عِيدٍ خَالَفَ الطَّرِيقَ تَابَعَهُ يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ فُلَيْحٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَحَدِيثُ جَابِرٍ أَصَحُّ **بَابُ** إِذَا فَاتَهُ الْعِيدُ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَكَذٰلِكَ النِّسَاءُ وَمَنْ كَانَ فِي الْبُيُوتِ وَالْقُرَى لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا عِيدُنَا يَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَأَمَرَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ مَوْلَاهُ ابْنَ أَبِي عُتْبَةَ بِالزَّاوِيَةِ فَجَمَعَ أَهْلَهُ وَبَنِيهِ وَصَلَّى كَصَلَاةِ أَهْلِ الْمِصْرِ وَتَكْبِيرِهِمْ وَقَالَ عِكْرِمَةُ أَهْلُ السَّوَادِ يَجْتَمِعُونَ فِي الْعِيدِ

ترشوائے ،، ایسے حکم کو ارادہ سے معلق کرنا اس کی سنیت کی دلیل ہے لیکن قربانی کے وجوب پر کئی احادیث دلالت کرتی ہیں۔ ابن ماجہ میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو وسعت حاصل ہو پھر وہ قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح الاسناد کہا ہے۔

واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ عید کے دن جس نے راستہ تبدیل کیا جب کہ (نمازِ عید سے) واپس ہو!

ترجمہ : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عید کے روز (نمازِ عید کے بعد) راستہ تبدیل کرتے تھے ،، ابوتمیلہ کی یونس بن محمد نے فلیح سے متابعت کی اور جابر کی حدیث صحیح تر ہے۔ ـــ ۹۴۰

شرح : جس راستہ سے عیدگاہ جائے واپسی میں دوسرے راستہ سے آنا مستحب ہے۔ جمہور آئمہ کرام یہی کہتے ہیں امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نے ائمہ کرام کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا ایسا کرنا مستحب ہے اگر راستہ تبدیل نہ بھی کرے تو کوئی حرج نہیں! ـــ ۹۴۰

راستہ تبدیل کرنے میں حکمت یہ ہے کہ دونوں راستے نمازی کے گواہ بن جاتے ہیں اور دونوں راستوں میں رہنے والے جن اور انسان اس کے لئے گواہی دیتے ہیں ،، اس میں اسلام کے شعائر کا اظہار بھی ہے اور یہود اور منافقین کو اسلامی سطوت سے غیرت دلانا ہے تاکہ وہ مرہوب و مقہور رہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

۹۴۱ يُصَلُّوْنَ رَكْعَتَيْنِ كَمَا يَصْنَعُ الْاِمَامُ وَقَالَ عَطَاءٌ اِذَا فَاتَتْهُ الْعِيْدُ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ فِيْ اَيَّامِ مِنًى تُدَفِّفَانِ وَتَضْرِبَانِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَغَشٍّ بِثَوْبِهٖ فَانْتَهَرَهُمَا اَبُوْبَكْرٍ فَكَشَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَجْهِهٖ فَقَالَ دَعْهُمَا يَا اَبَا بَكْرٍ فَاِنَّهَا اَيَّامُ عِيْدٍ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ اَيَّامُ مِنًى وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِيْ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْحَبَشَةِ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ فَزَجَرَهُمْ عُمَرُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُمْ اَمْنًا بَنِيْ اَرْفِدَةَ يَعْنِيْ مِنَ الْاَمْنِ

باب ـــــ جب نمازی سے عید کی نماز فوت ہوجائے تو وہ دو رکعتیں پڑھے اسی طرح عورتیں اور جو لوگ گھروں اور دیہات میں ہوں وہ دو رکعتیں پڑھیں"

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ اہلِ اسلام کی عید ہے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنے آزاد کردہ غلام ابن ابی عُتبہ کو زاویہ میں حکم دیا کہ وہ اپنے اہل و اولاد کو جمع کرے اور شہر والوں کی طرح نماز پڑھیں اور ان کی طرح تکبیرات کہیں،، عکرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا دیہاتی لوگ عید کے دن جمع ہوجائیں اور دو رکعت نماز پڑھیں جیسے امام پڑھتا ہے۔ عطاء نے کہا جب عید کی نماز فوت ہوجائے تو دو رکعتیں نفل پڑھ لے،،

شرح : باب کا عنوان دو حکموں پر مشتمل ہے ایک یہ کہ جب کسی کی عید کی نماز باجماعت فوت ہوجائے تو وہ اس کو قضاء کرے،، احناف کے نزدیک جب نمازِ عید باجماعت فوت ہوجائے تو اس کی قضاء نہیں اور اگر امام سمیت سب کی نماز قضا ہوجائے تو وہ دوسرے دن باجماعت نمازِ عید پڑھ لیں۔ فتاویٰ قاضی خاں میں ہے کہ جب نمازِ عید بلا عذر قضاء ہوجائے تو اس کی قضاء نہیں اور اگر عذر سے نمازِ عید رہ جائے تو دوسرے دن عید کے وقت میں نماز پڑھ لے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا جب نمازِ عید باجماعت رہ جائے تو اس کی قضاء نہیں ہے،، دُوسرا حکم یہ ہے کہ جب عید کی نماز رہ جائے تو دو رکعتیں قضاء کرے امام مالک اور شافعی رضی اللہ عنہما کا بھی یہی قول ہے مگر امام مالک کہتے ہیں یہ قضاء مستحب ہے واجب نہیں حضرت علی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اگر چاہے تو چار رکعتیں پڑھے۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ بھی یہی کہتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا اگر چاہے تو نماز پڑھے چاہے تو نہ پڑھے اگر پڑھنا چاہے تو چار رکعتیں پڑھ لے یا دو پڑھ لے جو چاہے پڑھ لے (عینی)

marfat.com

بَابُ الصَّلٰوةِ قَبْلَ الْعِيْدِ

وَبَعْدَهَا وَقَالَ اَبُوالْمُعَلّٰى سَمِعْتُ سَعِيْدًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ كَرِهَ الصَّلٰوةَ قَبْلَ الْعِيْدِ حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ قَالَ ۹۴۲
حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَدِىُّ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمَ الْفِطْرِ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُصَلِّ قَبْلَهُمَا وَلَا بَعْدَهُمَا وَمَعَهٗ بِلَالٌ

---

۹۴۱ —— ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کے گھر آئے تو ان کے پاس دو لڑکیاں تھیں جو ایامِ عید میں دف بجا رہی تھیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کپڑا اوڑھے ہوئے تھے ابوبکر نے ان کو زجر کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرۂ انور (شرفہ اللہ تعالیٰ) سے کپڑا اٹھایا اور فرمایا اے ابابکر! ان کو چھوڑیے یہ عید کے دن ہیں۔ یہ منیٰ کے دن ہیں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ مجھے پردہ میں کر رہے تھے اور میں حبشیوں کو دیکھ رہی تھی جبکہ وہ مسجد میں فنی مظاہرہ کر رہے تھے، ان کو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ڈانٹ دی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو امن کی حالت میں چھوڑو یعنی بنی ارفدہ کو امن کی حالت میں فنی مظاہرہ کرنے دو!

۹۴۱ —— شرح : قولہ یعنی مِنَ الْاَمْنِ" یہ امام بخاری کا کلام ہے اس سے ان کا مقصد یہ ہے کہ حدیث میں "لفظ امن" سے مراد خوف کی ضد ہے جو کفار کو امان دی جاتی ہے وہ مراد نہیں اس حدیث کی تشریح حدیث ۹۰۸ کی تفہیم میں گزر چکی ہے!

باب ـــ نمازِ عید سے پہلے اور اس کے بعد نماز پڑھنا

ابو معلّٰی نے کہا میں نے سعید کو ابن عباس سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ انھوں نے عید سے پہلے نماز کو مکروہ جانا ہے!"

۹۴۲ —— ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر میں باہر تشریف لے گئے اور (عیدگاہ میں) دو رکعتیں پڑھائیں اس سے پہلے اور بعد کوئی نماز نہ پڑھی حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے ہمراہ تھے!

marfat.com

۹۴۲ ـــــ شرح : یعنی سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے عید کی نماز دو رکعتیں پڑھائیں اور اِن رکعتوں سے پہلے اور بعد نفل نہ پڑھے امام مالک اور احمد رضی اللہ عنہما نے کہا کہ عید کی نماز سے پہلے اور بعد قطعًا نفل نہ پڑھے ، امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عید کی نماز سے پہلے اور بعد نفل پڑھنے جائز ہیں جیسے جمعہ کی نماز سے پہلے اور بعد نفل جائز ہیں اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ عید کی نماز کے بعد گھر میں نفل پڑھنے جائز ہیں ۔ عید کی نماز سے پہلے گھر اور عیدگاہ میں کہیں بھی جائز نہیں ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ امام کی نمازِ عید سے پہلے نماز پڑھنا مسنون نہیں ۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلیٰ ! علم !

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ماجاء فی الوتر حدثنا عبداللہ بن یوسف قال اخبرنا مالک عن نافع وعبداللہ بن دینار ۹۴۳
عن ابن عمر ان رجلا سال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن صلوۃ اللیل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
صلوۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خشی احدکم الصبح صلی رکعۃ واحدۃ توتر لہ ما قد صلی عن نافع ان عبداللہ بن عمر
کان یسلم بین الرکعۃ والرکعتین فی الوتر حتی یامر ببعض حاجتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الوتر

باب ــــ وتر کے بیان میں جو احادیث وارد ہیں

۹۴۳ ــــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی نماز سے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، رات کی نماز دو ، دو رکعتیں ہیں ،، جب تم میں سے کوئی صبح ہونے کا خوف کرے تو ایک رکعت اور پڑھ لے اُس نے جو نماز پڑھی ہے وہ اس کو وتر بنا دے گی ،، نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر وتر کی نماز میں ایک رکعت اور دو رکعتوں کے درمیان سلام پھیر دیتے تھے حتیٰ کہ اپنی کسی ضرورت سے متعلق حکم بھی کرتے تھے!

۹۴۳ ــــ شرح : مثنیٰ ، مثنیٰ کا معنیٰ یہ ہے کہ ہر دو رکعتوں کے درمیان تشہد پڑھے اور یہ ضروری ہے اس کے بعد سلام پھیرے یا نہ ، یہ اس کی مرضی پر موقوف ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس کا معنیٰ یہ کرتے ہیں کہ ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرے ،، مذکور حدیث سے امام ابویوسف، محمد، مالک، شافعی اور احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ رات کی نماز دو دو رکعتیں ہیں اور وہ یہ کہ ہر دو رکعت نماز کے بعد سلام پھیرے ،، امام ابویوسف و امام محمد کے نزدیک دن کی نماز

marfat.com

چار چار رکعتیں افضل ہیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک رات اور دن کی نماز چار چار رکعتیں افضل ہیں ہیں۔ امام شافعی کے نزدیک رات و دن کی نماز دو دو رکعت افضل ہے ،، اور وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رات اور دن کی نماز مثنیٰ مثنیٰ ہے" نیز ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " صلوٰۃُ اللَّیلِ وَ النَّہارِ مثنیٰ مثنیٰ ،، اسی طرح ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رات اور دن کی نماز مثنیٰ مثنیٰ ہے! امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا رات کی نماز چار چار رکعتیں افضل ہیں چنانچہ ابوداؤد نے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ ان سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز سے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ آپ عشاء کی نماز باجماعت پڑھتے پھر گھر جا کر چار رکعتیں پڑھ کر سو جاتے ،، ابوداؤد نے زرارہ کی روایت بطریق ہشام ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے ذکر کی اور کہا کہ میرے نزدیک یہ روایت محفوظ ہے جبکہ وہ زرارہ کا ام المؤمنین سے روایت سے متعلق کہتے ہیں کہ زرارہ کا ام المؤمنین عائشہ سے سماع ثابت نہیں۔ نیز امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب عشاء کی نماز پڑھ لیتے تو چار رکعتیں پڑھ کر ایک رکعت کے ساتھ ان کو وتر بناتے!

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا دن میں بھی چار چار رکعتیں افضل ہیں۔ امام مسلم نے معاذہ سے روایت کی کہ اس نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز کتنی رکعتیں پڑھتے تھے انھوں نے کہا آپ چاشت کی نماز چار رکعتیں پڑھتے اور جس قدر چاہتے زیادہ بھی پڑھتے! ابویعلی نے اپنی مسند میں عمرہ سے روایت کی کہ اس نے کہا میں نے ام المؤمنین عائشہ سے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز چار رکعتیں پڑھتے اور ان کے درمیان کلام وغیرہ کے ساتھ فاصلہ نہ کرتے تھے۔

اور حضرت عبداللہ بن عمر کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ امام ترمذی نے اس کی روایت کرنے کے بعد سکوت کیا اور کہا کہ اصحابِ شعبہ میں سے بعض نے اس روایت کو مرفوع اور بعض نے موقوف ذکر کیا ہے حضرت عبداللہ بن عمر سے ثقہ راویوں نے بھی روایت کی ہے لیکن اس میں دن کی نماز کا ذکر نہیں!

امام نسائی نے کہا یہ حدیث میرے نزدیک خطا ہے۔ دارقطنی نے کہا " صلوٰۃ اللیل والنہار مثنیٰ مثنیٰ ،، غیر محفوظ ہے (عینی) ــــ بخاری میں مذکور حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ وتر ایک رکعت ہے ،، نیز ابوداؤد نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو دس رکعتیں پڑھتے اور ایک رکعت کے ساتھ ان کو وتر بناتے پھر فجر کی دو سنتیں پڑھتے یہ تیرہ رکعتیں ہیں ،، مگر احناف اس حدیث کا معنیٰ یہ بیان کرتے ہیں کہ آپ ایک رکعت کے ساتھ پہلی دو رکعتوں کو وتر بناتے تھے لہذا آپ کے تین وتر ہوئے اور آٹھ رکعتیں نفل ہوئیں! امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا وتر تین رکعتیں ہیں چنانچہ امام نسائی نے سنن میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتروں کی دو رکعتوں کے بعد سلام نہ پھیرتے تھے ،، اور مستدرک میں ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعتوں کے ساتھ وتر بناتے تھے اور آخر میں سلام پھیرتے تھے ،، امام نسائی نے کہا یہ حدیث صحیح ہے اور بخاری مسلم کی شرط کے مطابق ہے! لیکن انھوں نے

marfat.com

اس کو صحیحین میں ذکر نہیں کیا،، دار قطنی اور بیہقی نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ،، رات کے وتر تین ہیں جیسے دن کے وتر مغرب کی نماز ہے،، امام نسائی نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مغرب کی نماز دن کی نماز کے وتر ہیں تم رات کی نماز کو وتر بناؤ،، اس حدیث کی سند شیخین کی شرط کے مطابق ہے ،، امام طحاوی نے اپنے اسناد سے عقبہ بن مسلم سے روائت کی کہ میں نے عبداللہ بن عمر سے وتر سے متعلق پُوچھا تو اُنھوں نے کہا کیا دن کے وتر پہچانتے ہو میں نے کہا ہاں مغرب کی نماز دن کے وتر ہیں ابن عمر نے کہا تو نے سچ کہا ،، امام طحاوی نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن عمر کی حدیث کہ ایک شخص نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی نماز کے متعلق پُوچھا الخ کا محمل یہی ہے جو اُوپر مذکور ہے ۔ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں ذکر کیا کہ تمام مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ وتر تین رکعت ہیں ان کے آخر میں سلام پھیرا جاتا ہے ،،

بخاری میں مذکور حدیث کہ جب تم صبح کا خوف کرو تو ایک رکعت کے ساتھ وتر بناؤ کا جواب یہ ہے کہ اس کا معنیٰ یہ ہے کہ ماقبل کے ساتھ ملا کر اس کو وتر بناؤ اسی لئے فرمایا ،، کہ یہ تیری پہلی نماز کو وتر بنا دے گی ،، اور اگر صرف ایک رکعت پر اقتصار کیا جائے تو یہ پہلی نماز کو کیسے وتر بنائے گی جبکہ اس کے پہلے کوئی شی ہی نہیں ،، اور جس حدیث میں یہ وارد ہے کہ آپ نے فرمایا جو چاہے ایک رکعت کے ساتھ وتر بنائے اور جو چاہے تین یا پانچ رکعتوں سے وتر بنائے اس حدیث کا محمل یہ ہے کہ اس وقت وتر کی نماز کا ابھی استقرار نہ ہُوا تھا کیونکہ مستقر نماز کی رکعتوں کے اعداد میں اختیار نہیں ہوتا ،، اور ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کا ارشاد کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دیتے اور ایک رکعت کے ساتھ وتر بناتے تھے ،، ابن ماجہ میں ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روائت کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سات اور پانچ رکعتوں کے ساتھ وتر بناتے تھے اور درمیان میں سلام و کلام نہ فرماتے تھے ۔ام المؤمنین عائشہ کی روائت کے معارض ہے لہٰذا اس کو استقرارِ وتر سے قبل پر محمول کرتے ہیں اور ابن بزّ کی تمہید میں ابوسعید سے روائت کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بُتیرا یعنی ایک رکعت سے منع فرمایا ۔ امام ابوحنیفہ کے مذہب کی تائید کرتی ہے ۔ امام نسائی نے صحیح سند کے ساتھ ابی بن کعب سے روائت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى ، قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ،، کے ساتھ وتر بناتے اور آخر میں سلام پھیرتے تھے اور امام ترمذی کی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روائت کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعتوں سے وتر بناتے تھے بھی امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب کی تائید کرتی ہیں ،،

وتر کی نماز کا وقت وہی ہے جو عشاء کی نماز کا وقت ہے جب اس کا وقت ختم ہو جائے تو اس کی قضاء واجب ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وتر کی نماز واجب ہے ،،

حدیث ع ۹۴۷ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے اور وتر کی نماز تفصیل حدیث ع ۴۶۲ میں دیکھیں واللہ تعالیٰ و رسُولہ الاعلیٰ اعلم !

marfat.com

۹۴۵ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مَخْرَمَةَ

ابْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ كُرَيْبٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ وَهِيَ خَالَتُهُ فَاضْطَجَعْتُ فِيْ عَرْضِ الْوِسَادَةِ وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلُهُ فِيْ طُوْلِهَا فَنَامَ حَتّٰى اِنْتَصَفَ اللَّيْلُ اَوْ قَرِيْبًا مِّنْهُ فَاسْتَيْقَظَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهٖ ثُمَّ قَرَأَ عَشْرَ اٰيَاتٍ مِّنْ اٰلِ عِمْرَانَ ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى شَنٍّ مُّعَلَّقَةٍ فَتَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ فَصَنَعْتُ مِثْلَهٗ وَقُمْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ فَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى رَاْسِيْ وَاَخَذَ بِاُذُنِيْ يَفْتِلُهَا ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اَوْتَرَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى جَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى فَاِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَنْصَرِفَ فَارْكَعْ رَكْعَةً تُوْتِرُ لَكَ مَا صَلَّيْتَ قَالَ الْقَاسِمُ وَرَاَيْنَا اُنَاسًا مُنْذُ اَدْرَكْنَا يُوْتِرُوْنَ بِثَلَاثٍ وَاِنَّ كُلًّا لَوَاسِعٌ وَاَرْجُوْ اَنْ لَّا يَكُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْهُ بَاْسٌ

---

۹۴۴ ترجمہ : کریب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن عباس نے ان کو خبر دی کہ وہ ایک رات ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا جو ان کی خالہ ہیں کے گھر سوئے۔ اُنھوں نے کہا میں بستر کے عرض میں لیٹ گیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی بیوی اس کے طول میں آرام فرما ہوئے آپ سو گئے حتیٰ کہ آدھی یا قریبًا آدھی رات ہوگئی پھر بیدار ہوئے جبکہ آپ چہرۂ انور سے نیند پونچھ رہے تھے،، پھر سورۂ آلِ عمران سے دس آیات پڑھیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم لٹکے ہوئے مشکیزہ کے پاس تشریف لے گئے اور وضو فرمایا اور اچھی طرح وضو فرمایا پھر آپ نماز پڑھنے کھڑے ہوئے میں نے بھی آپ کی طرح کیا۔ اور آپ کے پہلو میں کھڑا ہوگیا آپ نے دایاں ہاتھ میرے سر پر رکھا اور میرے کان کو پکڑ کر ملا پھر دو دو رکعتیں پڑھیں پھر دو رکعتیں پھر دو رکعتیں پھر دو رکعتیں اور پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر وتر پڑھے پھر لیٹ گئے حتیٰ کہ آپ کے پاس مؤذن آیا آپ اُٹھے اور دو رکعتیں پڑھیں پھر مسجد میں تشریف لائے اور صبح کی نماز پڑھی،،

۹۴۴ شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن عباس کا کان اس لئے ملا کہ وہ نماز کی حالت اختیار کریں،، اس حدیث کی تفصیل کتاب الوضوء میں حدیث ۱۳۸ کی تفہیم میں گزری ہے،،

ابن عباس رضی اللہ کو کان سے پکڑ کر دائیں طرف کیا تاکہ جماعت کی حالت اختیار کریں۔

---

۹۴۵ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رات کی نماز دو، دو رکعتیں ہیں تو جب نماز سے فارغ ہونے کا ارادہ کرے تو ایک رکعت اور پڑھ لے وہ تیری نماز کو وتر بنا دے گی جو تو نے پڑھی ہے۔ قاسم نے کہا جب سے ہم

marfat.com

۹۴۶ حَدَّثَنَا ابُو الْیَمَانِ قَالَ
اخبرنا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یُصَلِّیْ حَدَّثَهُ
رَکْعَةً کَانَتْ تِلْکَ صَلَاتُهُ تَعْنِیْ بِاللَّیْلِ فَیَسْجُدُ السَّجْدَةَ مِنْ ذٰلِکَ قَدْرَ مَا یَقْرَأُ اَحَدُکُمْ خَمْسِیْنَ اٰیَةً قَبْلَ اَنْ یَّرْفَعَ رَأْسَهُ وَیَرْکَعُ
رَکْعَتَیْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ ثُمَّ یَضْطَجِعُ عَلٰی شِقِّهِ الْاَیْمَنِ حَتّٰی یَاْتِیَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلصَّلٰوةِ **بَابُ سَاعَاتِ الْوِتْرِ** قَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ اَوْصَانِیْ
۹۴۷ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْوِتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ **حَدَّثَنَا** اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ
سِیْرِیْنَ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ اَرَاَیْتَ الرَّکْعَتَیْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ اُطِیْلُ فِیْهِمَا الْقِرَاءَةَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

بالغ العقل ہوئے ہیں لوگوں کو تین وتر پڑھتے دیکھا ہے اور ہر طرح گنجائش ہے ۔ مجھے اُمید ہے کہ کسی طرح بھی پڑھنے میں حرج نہیں ،،

۹۴۵ ——— **شرح** : قاسم حضرت محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں اُنھوں نے کہا اس میں حرج نہیں کہ ایک وتر پڑھے یا تین پڑھے دونوں طرح گنجائش ہے ان کے کلام سے واضح ہوتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تین وتر پڑھا کرتے تھے اور ایک وتر پڑھ لینے میں حرج نہیں ،، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے کلام کا مدلول یہ ہے کہ ایک رکعت علیحدہ یا پہلی رکعتوں کے ساتھ ملا کر پڑھنے میں مضائقہ نہیں ،، لیکن ان کا قول ،، تُوْتِرُ لَكَ مَا قَدْ صَلَّیْتَ ،، اس بات پہ دلالت کرتا ہے کہ ایک رکعت کو پہلی دو رکعتوں کے ساتھ ملا کر پڑھے حتی کہ اس کے وتر تین رکعتیں ہو جائیں ،، کیونکہ ،، مَا صَلَّیْتَ ،، سے مراد وہ نماز ہے جو اُس نے ایک رکعت سے پہلے پڑھی ہے اور یہ رکعت وتر جبھی ہوگی کہ اس کو پہلی دو رکعتوں کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے ورنہ یہی ایک رکعت وتر ہوگی اور یہ بُتیرا ہے جبکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے بُتیرا سے منع فرمایا ہے !

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ رکعتیں پڑھتے تھے ،، یہ آپ کی رات کی نماز تھی ،، اس نماز میں آپ اس قدر لمبا سجدہ کرتے کہ آپ کا سر اُٹھانے سے پہلے تم میں سے کوئی پچاس آیتیں پڑھ سکتا ہے اور فجر کی نماز سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے پھر دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے حتیٰ کہ آپ کے پاس مؤذن نماز کے لئے آتا

۹۴۶ ——— **شرح** : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روائت میں تیرہ (۱۳) رکعتوں کا ذکر ہے ،، ایسے ہی ابوداؤد نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے پھر جب صبح کی اذان سُنتے تو ہلکی دو رکعتیں پڑھتے ،، اس کی تاویل یہ ہے کہ ان میں دو رکعتیں عشاء کی دو سنتیں ہیں لہٰذا ابن عباس اور ام المؤمنین کی دونوں روایتوں میں تضاد نہیں یہ بھی احتمال ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر رات کو گیارہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے کبھی کبھی تیرہ بھی پڑھ لیتے تھے ،، یا وقت کی وسعت اور قلت کی وجہ سے رات کی نماز کی رکعتوں میں تفاوت ہو جاتا تھا یا کوئی اور عذر ہوتا جس کے باعث کمی بیشی ہو جاتی دائیں کروٹ پر لیٹنے میں حکمت یہ ہے کہ نیند میں استغراق نہ ہو کیونکہ دل بائیں طرف ہوتا ہے اور دائیں کروٹ پر لیٹنے

marfat.com

يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى وَيُوتِرُ بِرَكْعَةٍ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ وَكَانَ الْاَذَانُ بِاُذُنَيْهِ قَالَ حَمَّادٌ اَيْ بِسُرْعَةٍ

سے وہ ٹکا رہتا ہے بائیں کروٹ پر لیٹنے سے دل معلق نہ ہونے کے باعث آرام و استراحت کی وجہ سے نیند کا غلبہ ہو جاتا ہے جس سے نیند میں استغراق ہوتا ہے ،، سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کبھی فجر کی سنتوں سے پہلے لیٹتے اور کبھی سنتیں پڑھ کر لیٹا کرتے تھے لہٰذا اِن میں منافات نہیں جبکہ ابن عباس کی روائت میں فجر کی سنتوں سے پہلے لیٹنا مذکور ہے ۔
واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — وتر کا وقت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی وصیّت فرمائی ۔"

۹۴۷ — ترجمہ : حضرت انس بن سیرین رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے عبداللہ بن عمر سے کہا مجھے صبح کی نماز سے پہلے دو رکعتوں کے بارے میں خبر دیں کہ میں ان میں قرأت لمبی کر لیا کروں ؟ اُنھوں نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم رات کو دو دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور ایک رکعت کے ساتھ وتر بناتے ،، اور صبح کی نماز سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے جبکہ اذان آپ کے کانوں میں ہوتی ،، حمّاد نے کہا یعنی فجر کی سنّتیں تیزی سے پڑھتے !

۹۴۷ — شرح : یہ امر مسلم الثبوت ہے کہ شروع میں وتر کی رکعات کی تعداد مستقر نہ تھی ایک وتر بھی پڑھا جاتا تھا۔ تین بھی اور اس سے زیادہ بھی پڑھے جاتے تھے اور آخر میں وتر کی تین رکعتوں پر استقرار ہوا چنانچہ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم وتروں کی پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى ،، دوسری رکعت میں " قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ " اور تیسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ،، پڑھا کرتے تھے ،، اسی طرح نسائی نے بھی روائت کی ہے ۔ مذکور حدیث کا حاصل یہ ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم فجر کی سنّتوں میں قرأت مختصر کرتے تھے ،، چنانچہ پہلی رکعت میں قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور دوسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ،، پڑھا کرتے تھے اسی طرح مغرب کے فرضوں کے بعد دو سنّتوں میں یہ سورتیں پڑھتے تھے ۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وتروں کا وقت عشاء سے طلوعِ فجر تک ساری رات ہے ۔ وَاللّٰہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم !

marfat.com

حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِي مُسْلِمٌ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُلَّ اللَّيْلِ أَوْتَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْتَهَى وِتْرُهُ إِلَى السَّحَرِ **بَابُ إِيقَاظِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَهُ بِالْوِتْرِ**
حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَأَنَا رَاقِدَةٌ مُعْتَرِضَةٌ عَلَى فِرَاشِهِ فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يُوتِرَ أَيْقَظَنِي فَأَوْتَرْتُ

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ سید عالم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے سارے اوقات میں وتر پڑھ لیتے تھے آخر میں آپ نے سحر کے وقت وتر پڑھے ہیں،،

۹۴۸ ——

شرح ۹۴۸ ——

: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وتروں کا وقت عشاء کی نماز اور طلوعِ فجر کے درمیان ہے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے تمام اجزاء میں وتر کی نماز پڑھی ہے،،

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ بھی روائت ہے کہ جس کو یہ خوف ہو کہ وہ آخر رات کو بیدار نہ ہو سکے گا وہ اوّل شب میں وتر کی نماز پڑھ لے اور جسے آخر رات کو بیدار ہونے کا یقین یا ظنِ غالب ہو تو اس کا آخر رات نماز پڑھنا افضل ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق، عثمان، ابوہریرہ اور رافع بن خدیج رضی اللہ عنہم اوّل شب میں وتر پڑھا کرتے تھے اور عمر فاروق، علی المرتضیٰ، عبداللہ بن مسعود، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمرو آخر رات میں وتر پڑھتے تھے اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوہریرہ کو ارشاد فرمانا کہ سونے سے پہلے وتر پڑھ لیا کرے اس وقت میں تھا جبکہ آپ نے ابوہریرہ پر نیند کا غلبہ خیال فرمایا اسی لئے آپ نے ابوبکر صدیق سے فرمایا کہ تم نے جزم اور یقین کو ملحوظ خاطر رکھا اور عمر فاروق سے فرمایا تم نے قوت پر اعتماد کیا بہرحال فجر کے طلوع ہونے تک وتر پڑھنے جائز ہیں اور رات کے ہر حصہ میں عشاء کے بعد وتر پڑھنے جائز ہیں اور آخر رات میں پڑھنے افضل ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ——— نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا گھر والوں کو وتر کے لئے بیدار کرنا،،

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو نماز پڑھتے جبکہ میں آپ کے بستر پر پڑی سوئی رہتی تھی،، آپ

۹۴۹ ——

marfat.com

بَابُ يَجْعَلُ آخِرَ صَلٰوتِهِ وِتْرًا

۹۵۰ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْعَلُوْا آخِرَ صَلٰوتِكُمْ بِاللَّيْلِ وِتْرًا

جب وتر پڑھنے کا ارادہ کرتے تو مجھے بیدار فرما دیتے اور میں وتر پڑھ لیا کرتی تھی!

۹۴۹ — شرح : یعنی ہر ایک کے لئے یہ مستحب ہے کہ وہ اپنے گھر والوں کو وتر کی نماز کے لئے بیدار کرے اس میں وتر کے وجوب کی طرف اشارہ ہے۔ ابوداؤد نے وتر کے باب میں روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ایک نماز کا اضافہ کیا ہے اور وہ وتر ہے اے قرآن کو ماننے والو وتر پڑھا کرو،، اور عورتوں پر بھی وتر کی نماز واجب ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازی کے آگے سے عورت گزر جائے تو اس کی نماز فاسد یا مکروہ نہیں ہوتی اور جس حدیث میں نماز کو عورت، گدھا اور کتے کا قطع کرنے کا ذکر ہے وہ منسوخ ہے!

باب — آخری نماز کو وتر کرے

۹۵۰ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا رات کی نماز کا آخر وتر کرو،،

۹۵۰ — شرح : یہ حدیث وتر کے وجوب پر دلالت کرتی ہے کیونکہ امر وجوب کا مقتضی ہے،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا «اَلْوِتْرُ حَقٌّ وَمَنْ لَمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا» یعنی وتر حق ہے جس نے وتر نہ پڑھے وہ ہم سے نہیں،، حاکم نے مستدرک میں صحیح حدیث بریدہ رضی اللہ عنہ سے روائت کی،، کہ بریدہ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ وتر حق ہے جس نے وتر نہ پڑھے۔ وہ ہم سے نہیں تین بار اس طرح فرمایا،، یحییٰ ابن معین رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کی توثیق کی ہے،، اس قدر سخت وعید فرض یا واجب کے ترک پر ہوتی ہے،، پھر بار بار یہ فرمانے سے اور بھی اس کی تاکید ہوتی ہے،، نیز حاکم نے مستدرک میں جید اسناد کے ساتھ ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی سو جائے اور وتر نہ پڑھے یا وہ بھول جائے تو جب صبح ہو یا یاد آجائے تو پڑھ لے حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح ہے اور شیخین کی شرط پر ہے،، مگر انھوں نے اس کا ذکر نہیں کیا اور امام ترمذی نے اس کو ذکر کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

۹۵۱ بَابُ الْوِتْرِ عَلَى الدَّابَّةِ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ
عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّهُ قَالَ كُنْتُ أَسِيرُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِطَرِيقِ مَكَّةَ فَقَالَ سَعِيدٌ فَلَمَّا خَشِيتُ الصُّبْحَ نَزَلْتُ فَأَوْتَرْتُ ثُمَّ لَحِقْتُهُ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ أَيْنَ كُنْتَ فَقُلْتُ خَشِيتُ الصُّبْحَ فَنَزَلْتُ فَأَوْتَرْتُ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَلَيْسَ لَكَ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فَقُلْتُ بَلٰى وَاللّٰهِ قَالَ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ عَلَى الْبَعِيرِ

باب ـــــ سواری پر وتر کی نماز پڑھنا

ترجمہ : سعید بن یسار رضی اللہ عنہ سے روائت ہے اُنھوں نے کہا میں عبداللہ بن عمر کے ہمراہ مکہ کے راستہ سفر کر رہا تھا سعید نے کہا میں نے جب صبح طلوع ہونے کا خوف کیا تو سواری سے اُترا اور وتر کی نماز پڑھی حضرت عبداللہ بن عمر نے کہا تم کہاں رہے ہو میں نے کہا میں نے طلوعِ فجر کا خوف کیا اور سواری سے اُتر کر وتر پڑھے ہیں۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کیا تمہارے لئے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کافی نہیں ؟ میں نے کہا کیوں نہیں (کافی ہے) اللہ کی قسم ! جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اونٹ پر سوار وتر پڑھ لیا کرتے تھے !

۹۵۱ ـــــ

شرح : اس حدیث سے امام مالک ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ مسافر سواری پر وتر پڑھ سکتا ہے ،، لیکن امام مالک رضی اللہ عنہ صرف سفر میں جواز کے قائل ہیں۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک قلیل اور کثیر سفر میں سواری پر وتر کی نماز جائز ہے۔ امام ابوحنیفہ ، ابو یوسف اور امام محمد رضی اللہ عنہم کے نزدیک وتر کی نماز سواری پر جائز نہیں جیسے فرض نماز سواری پر صحیح نہیں ،، امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے نافع سے روائت کی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نفل نماز سواری پڑھا کرتے تھے اور وتر زمین پر پڑھتے تھے اور یہ کہا کرتے تھے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کرتے تھے ،، یہ اسناد صحیح ہے ،، نیز امام طحاوی نے حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ عبداللہ بن عمر حالتِ سفر میں سواری پر نماز پڑھ لیا کرتے تھے سواری جدھر بھی متوجہ ہوتی اس کا خیال نہ کرتے تھے اور وتر سواری سے اُتر کر زمین پر پڑھتے تھے ،، ابن ابی شیبہ نے مصنف میں مجاہد سے روائت کی کہ میں مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ تک عبداللہ کا ساتھی رہا وہ سواری پر نماز پڑھتے تھے اور فرض پڑھنے کے وقت سواری سے اُتر جاتے تھے ،، امام احمد نے مسند میں سعید بن جُبیر سے روائت کی کہ عبداللہ بن عمر نفل نماز سواری پر پڑھتے تھے اور جب وتر پڑھنے کا ارادہ ہوتا تو اُتر کر زمین پر وتر پڑھتے تھے ،، ہوسکتا ہے کہ عبداللہ بن عمر کے نزدیک وتر واجب نہ ہوں جبکہ وہ ان کو سواری پر پڑھتے تھے اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر کی نماز کے استحکام سے پہلے سواری پر پڑھے ہوں ،، جب وتر کی نماز پڑھنے کی تاکید فرمائی اور فرمایا "اَوْتِرُوْا يَا اَهْلَ الْقُرْاٰنِ" ،، تو ان کو ترک کرنے کی اجازت نہ دی تو یہ بھی دیگر واجبات کی طرح ہوگئے ،، نیز راوی جب اپنی

marfat.com

۹۵۲ باب الوتر فی السفر حدثنا موسیٰ بن اسمٰعیل قال حدثنا جویریۃ بن اسماء عن
نافع عن ابن عمر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فی السفر علی راحلتہ حیث توجہت بہ یومی ایماء صلاۃ اللیل الا الفرائض
۹۵۳ ویوتر علی راحلتہ باب القنوت قبل الرکوع وبعدہ حدثنا مسدد قال حدثنا حماد بن زید عن ایوب عن محمد بن سیرین
قال سئل انس بن مالک اقنت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الصبح قال نعم فقیل لہ وقنت قبل الرکوع قال بعد الرکوع یسیرا

روائت کے خلاف عمل کرے تو وہ روائت اس کے نزدیک منسوخ ہوتی ہے یہاں بھی کچھ ایسا ہی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل ان سے منقول روائت کے خلاف ہے جو مذکور روایات سے ظاہر ہے معلوم ہوتا ہے کہ سواری پر وتر پڑھنے عبداللہ بن عمر کے نزدیک منسوخ ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ــــ سفر میں وتر پڑھنا

۹۵۲ ــــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کی حالت میں فرائض کے سوا نماز سواری پر پڑھتے جدھر بھی سواری متوجہ ہوتی آپ اشارہ سے ادھر ہی متوجہ ہوکر رات کو نماز پڑھتے ،، اور وتر بھی سواری پر پڑھتے!

۹۵۲ ــــ شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا سفر اور حضر میں وتر سنت مؤکدہ ہیں اس میں ان لوگوں کا رد ہے جو کہتے ہیں کہ مسافر کے لئے وتر نماز نہیں" امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وتر کی نماز واجب ہے اور اس پر سنت کا اطلاق اس وجہ سے ہے کہ یہ سنت سے ثابت ہے ،،

اس حدیث سے بعض ائمہ کرام نے سفر کی حالت میں سواری پر وتر کی نماز کے جواز پر استدلال کیا ہے۔ حدیث ۹۵۱ کی تفہیم میں اس کی تشریح ہوچکی ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وتر فرض نہیں لیکن مذکور دلائل کی بناء پر یہ واجب ہیں مؤطا امام مالک میں ہے کہ عبداللہ بن عمر سے وتر کے متعلق پوچھا گیا کہ کیا وتر واجب ہیں عبداللہ بن عمر نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے وتر پڑھے یہ ان کے وجوب کی دلیل ہے کیونکہ وتر مسلمانوں کا راہ ہے جو اس کو ترک کرتا ہے۔ مؤمنین کے راہ کے غیر کی اتباع کرتا ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ــــ رکوع سے پہلے اور اس کے بعد قنوت پڑھنا

۹۵۳ ــــ ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز میں دعاء قنوت پڑھی ہے؟ انھوں نے کہا جی ہاں! پھر ان سے کہا گیا کیا رکوع سے پہلے دعاءِ قنوت پڑھی ہے؟ انھوں نے کہا رکوع کے بعد تھوڑا عرصہ پڑھی!

marfat.com

حدثنا مسدد قال حدثنا عبد الواحد قال حدثنا عاصم قال سألت أنس بن مالك عن القنوت فقال قد كان القنوت قلت قبل الركوع أو بعده قال قبله قال فإن فلانا أخبرني عنك أنك قلت بعد الركوع فقال كذب إنما قنت رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد الركوع شهرا أراه كان بعث قوما يقال لهم القراء زهاء سبعين رجلا إلى قوم من المشركين دون أولئك وكان بينهم وبين رسول الله صلى الله عليه وسلم عهد فقنت رسول الله صلى الله عليه وسلم شهرا يدعو عليهم

۹۵۳ —— شرح : یعنی رکوع کے بعد تھوڑا سا ٹھہر کر یعنی اعتدال کے بعد پڑھی جاتی علماء نے کہا اس کا معنیٰ یہ ہے کہ رکوع کے بعد تھوڑا عرصہ پڑھی ہے کیونکہ آپ نے دعاء قنوت رکوع کے بعد صرف ایک مہینہ پڑھی پھر منسوخ ہوگئی۔ صحیح مسلم میں حضرت عاصم سے روایت ہے کہ اُنھوں نے کہا میں نے انس سے قنوت کے متعلق پوچھا کہ وہ رکوع کے بعد ہے یا اس سے پہلے ؟ حضرت انس نے کہا رکوع سے پہلے ہے۔ میں نے کہا لوگ کہتے ہیں کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کے بعد قنوت پڑھی حضرت انس نے کہا وہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک مہینہ پڑھی جبکہ صحابہ کے قاتلوں کے لئے بددعاء فرمائی تھی،، اور "یسیرًا" کا معنیٰ ایک ماہ ہے،،

ابو داؤد نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ قنوت پڑھی پھر ترک کردی،، معلوم ہُوا کہ فرائض میں مطلقاً دُعاء قنوت منسوخ ہے،،

یہی مذہب امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا ہے۔ امام شافعی کا صحیح مذہب یہ ہے کہ قنوت رکوع کے بعد ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

۹۵۴ —— ترجمہ : عاصم نے کہا میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے قنوت کے متعلق پُوچھا تو اُنھوں نے کہا کہ قنوت تھا۔ میں نے کہا کیا رکوع سے پہلے یا اس کے بعد؟ اُنھوں نے کہا رکوع سے پہلے کہا فلاں شخص نے آپ کی طرف سے مجھے خبر دی ہے کہ آپ رکوع کے بعد کہتے ہیں اُس نے کہا وہ جھوٹ بولتا ہے،، جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کے بعد صرف ایک مہینہ دعاء قنوت پڑھی ہے۔ میرا خیال ہے کہ آپ نے صحابہ میں سے تقریبًا ستر قاری مشرکوں کی طرف بھیجے تھے۔ یہ لوگ ان کے علاوہ تھے جن پر آپ نے بددعا کی تھی،، ان کے اور جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان معاہدہ تھا (اُنھوں نے غدر کیا اور قاریوں کو قتل کردیا) ان پر جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ بد دعاء فرمائی،، ہم کو احمد بن یونس نے خبر دی اُنھوں نے کہا ہم کو زائدہ نے تیمی سے اُنھوں نے ابی مجلز سے اُنھوں نے انس رضی اللہ عنہ سے خبر دی کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ دعاء قنوت پڑھی جبکہ آپ رعل اور ذکوان پر بد دعا فرماتے تھے!

۹۵۴ —— شرح : اس سوال سے عاصم کا مقصد یہ ہے کہ وہ قنوت کا عمل دریافت کرے اسی لئے کہا قنوت رکوع سے پہلے ہے یا اس کے بعد؟ حضرت انس

marfat.com

حَدَّثَنَا احمد بن یونس:

۹۵۵ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَنَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلٰى رِعْلٍ وَّذَكْوَانَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ الْقُنُوْتُ فِي الْمَغْرِبِ وَالْفَجْرِ

رضی اللہ عنہ نے یہ خیال کیا کہ عاصم قنوت کی مشروعیت سے متعلق پوچھتے ہیں اسی لئے جواب میں کہا کہ قنوت تھا یعنی قنوت مشروع تھا ،،

حدیث شریف میں کلمہ اِنَّمَا حصر کے لئے ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ رکوع کے بعد قنوت صرف ایک ماہ تھا ۔ یعنی رکوع کے بعد صرف ایک ماہ تک قنوت تھا پھر اس کو ترک کر دیا گیا اور ترک نسخ کی دلیل ہے معلوم ہوا کہ دُعاء قنوت منسوخ ہے ،، یہ ستر قاری اصحاب صفہ تھے جو زاہد اور متقی تھے ان کو جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد بھیجا تھا تاکہ تبلیغ کریں مگر ان کو دھوکہ سے شہید کر دیا گیا اس لئے ان مشرکوں پر آپ نے ایک مہینہ بد دُعا فرمائی ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قنوت رکوع سے پہلے ہے جیسا کہ احناف کا مذہب ہے ،، اور جو قنوت رکوع کے بعد ہے وہ صرف ایک ماہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی پھر اس کو ترک کر دیا اور وہ منسوخ ہوگئی لہٰذا کسی فرض نماز میں قنوت نازلہ پڑھنا مشروع نہیں ہے ! اور وتر کے آخر میں قنوت مشروع ہے ۔ نسائی اور ابن ماجہ نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ " رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتروں میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے ،، محمد بن نصر مروزی نے اپنے اسناد سے روایت کی کہ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتروں کی پہلی رکعت میں " سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى ،، دوسری رکعت میں " قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ،، اور تیسری رکعت میں " قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ،، اور رکوع سے پہلے دُعاءِ قنوت پڑھا کرتے تھے ،،

معلوم ہوا فرض نمازوں میں قنوت نہیں ۔ قنوت صرف وتروں میں رکوع سے پہلے ہے ؛ اللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم

۹۵۵ ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ دُعاء قنوت مغرب اور فجر کی نمازوں میں پڑھی جاتی تھی !

۹۵۵ شرح : اس حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ فجر کی نماز میں قنوت مشروع ہے مگر یہ استدلال درست نہیں کیونکہ شافعی مغرب کی نماز میں قنوت کے قائل نہیں لہٰذا اس حدیث سے استدلال کرنے سے لازم آئے گا کہ وہ مغرب میں بھی قنوت پڑھیں اور فجر کی نماز میں دعاء قنوت پڑھنا اور مغرب کی نماز میں نہ پڑھنا محض تحکم اور سینہ زوری ہے ،، اور فرض نمازوں میں قنوت منسوخ ہے ،، اور یہ کہنا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفات تک صبح کی نماز میں دُعاء قنوت پڑھتے رہے ،، صحیح نہیں کیونکہ یہ موضوع روایت ہے کیونکہ خود حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ دعاء قنوت پڑھی پھر ترک کر دی اسی طرح شیخ عبدالرزاق نے مصنف میں جو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسُول اللہ

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَبْوَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ بَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ وَخُرُوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۹۵۶ فِی الْاِسْتِسْقَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ بَکْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِیْمٍ عَنْ عَمِّہٖ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَسْقِیْ وَحَوَّلَ رِدَاءَہٗ

صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ صبح کی نماز میں قنوت پڑھتے رہے حتی کہ دُنیا کو داغِ مفارقت دے گئے۔ قابلِ قبول نہیں۔

ابن جوزی نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے نیز اس کی سند میں ابو جعفر رازی ضعیف ہے۔ امام احمد بن حنبل نے کہا ابو جعفر حدیث میں قوی نہیں ،، اس کے علاوہ حضرت انس کی حدیث ،، اِنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا قَنَتَ شَھْرًا عَلٰی اَحْیَاءٍ مِنَ الْعَرَبِ ثُمَّ تَرَکَہٗ ،، اس کے معارض ہے ،، دار قطنی نے کہا کہ فجر کی نماز میں دُعاء قنوت پڑھنا بدعت ہے۔ الحاصل احناف کے نزدیک قنوت نازلہ منسوخ ہے جیسا کہ اُوپر روایات سے واضح ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب الاستسقاء

باب ــــ بارش طلب کرنا

نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بارش کی دُعا کے لئے باہر جنگل کی طرف تشریف لے گئے

۹۵۶ ــــ ترجمہ : عباد بن تمیم نے اپنے چچا سے روایت کی کہ اُنہوں نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بارش کی دُعا کے لئے باہر جنگل کی طرف تشریف لے گئے جبکہ آپ بارش کے لئے دعاء کا ارادہ کرتے تھے اور اپنی چادر کو اُلٹایا ،،

۹۵۶ ــــ شرح : اِستسقاء کا معنی عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے بارش کا نزول طلب کرنا ہے ،، چادر کی تحویل میں حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ موجودہ

marfat.com

۹۵۷ باب دُعَآءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ عَيَّاشَ بْنَ اَبِيْ رَبِيْعَةَ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مُضَرَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ

قحط سالی والی حالت کو تبدیل کر دے حاکم نے مستدرک میں صحیح حدیث ابن زید سے روائت کی کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بارش کے لئے دُعاء کی جبکہ آپ کے اُوپر صوف کی کالی چادر تھی آپ نے اس کا نچلا حصہ اُوپر کرنا چاہا وہ بھاری تھی آپ نے اس کی دائیں طرف کو بائیں اور بائیں طرف کو دائیں طرف کر دیا،، بخاری کی حدیث سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ استسقاء استغفار اور دعاء ہے اس میں نماز باجماعت مسنون نہیں کیونکہ اس حدیث میں نماز کا ذکر نہیں، صاحبِ ہدایہ نے کہا اگر تنہا نماز پڑھیں تو جائز ہے،،

امام ابویوسف، محمد، مالک، شافعی اور احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے کہا مسنون یہ ہے کہ امام لوگوں کو باجماعت دو رکعتیں پڑھائے سیدنا عمر فاروق اور ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہما استسقاء میں صرف دُعا اور استغفار کے قائل ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" يَا قَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ،، لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں کہ صرف امام ابوحنیفہ ہی اس کے قائل ہیں کہ استسقاء صرف استغفار اور دُعاء ہے اور نہ ہی یہ درست ہے کہ اُنھوں نے تحویلِ رداء کا انکار کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ تحویلِ رداء مسنون نہیں البتہ تحویلِ رداء حال اور نیک فال کے لئے ہے اور حاکم کی مستدرک میں ابنِ زید سے روائت امام ابوحنیفہ کے مذہب کو تقویت دیتی ہے،،

تحویلِ رداء (چادر الٹنا) میں امام شافعی رضی اللہ عنہ نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ چادر کے چاروں کونے تبدیل ہو جائیں دایاں کنارہ بائیں طرف اور اُوپر کا حصہ نچلی طرف کر دیا جائے،،

باب — نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دُعا کرنا کہ اے اللہ کفار پر ایسی قحط سالی کر جو یُوسف کے زمانہ میں تھی

۹۵۷ — ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب آخری رکعت سے سر مبارک اُٹھاتے تو یہ فرماتے،، اے اللہ! عیاش بن ربیعہ کو نجات دے۔ اے اللہ سلمہ بن ہشام کو نجات دے، اے اللہ ولید بن ولید کو نجات دے۔ اے اللہ! کمزور

marfat.com

يُوسُفَ وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ غِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ قَالَ ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ هٰذَا كُلُّهُ فِي الصُّبْحِ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ح حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ ۹۵۸
فَقَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاٰى مِنَ النَّاسِ اِدْبَارًا فَقَالَ اللّٰهُمَّ سَبْعًا كَسَبْعِ يُوْسُفَ فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى اَكَلُوا الْجُلُوْدَ وَالْمَيْتَةَ وَالْجِيَفَ وَيَنْظُرُ اَحَدُهُمْ اِلَى السَّمَآءِ فَيَرَى الدُّخَانَ مِنَ الْجُوْعِ فَاَتَاهُ اَبُوْ سُفْيٰنَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ تَاْمُرُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ وَبِصِلَةِ الرَّحِمِ وَاِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا فَادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ اِلٰى قَوْلِهِ اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى فَالْبَطْشَةُ يَوْمَ بَدْرٍ فَقَدْ مَضَتِ الدُّخَانُ وَالْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ وَاٰيَةُ الرُّوْمِ

مومنوں کو نجات دے ۔ اے اللہ! مُضر قبیلہ کو عذاب دے۔ اے اللہ! ان کے سال ایسے کر جیسے یُوسف کے سال تھے،، نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا! قبیلہ غفار کو اللہ تعالیٰ بخشے اور قبیلہ سالم کو سلامتی دے ابن ابی زناد نے اپنے باپ سے روائت کی کہ یہ تمام صبح کی نماز میں تھا!

شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا بارش رُک جانے کے وقت صحرا کی طرف بارش طلب کرنے کے لئے جانے میں سب علماء کا اتفاق ہے البتہ نماز میں اختلاف ہے ۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا صرف دعاء کے لئے مسلمان باہر نکلیں اور خطیب اگر تخویف کے لئے وعظ کرے تو اچھا ہے اس میں نماز نہیں اور دیگر فقہاء نے استسقاء کی نماز مسنون ہے اور یہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سے ثابت ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ظالم کی ہلاکت اور مومنوں کی نجات کے لئے دعاء کرنا مستحب ہے ،، ظالم اگر شرائع دین اور احکام اسلام کی بے حرمتی کرے تو اس کی ہلاکت کی دُعا کی جائے، ورنہ ان کی ہدائت کے لئے دُعاء کی جائے ،، چنانچہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے دَوس کے لئے دعاء فرمائی کہ اللہ تعالیٰ ان کو ہدائت دے سیدنا ابوبکر صدیق اور ان کی بیوی رضی اللہ عنہما بدر کی جنگ میں عبدالرحمن بن ابی بکر کی ہلاکت کی دُعاء کرتے تھے جبکہ اُس نے مسلمانوں پر حملہ کیا تھا،، اور وہ جب شکست کھا گیا تو اس کے لئے ہدائت کی دُعاء کرتے تھے ،، علامہ خطابی رحمہ اللہ نے کہا کہ آپ نے قبیلہ غفار کے لئے مغفرت کی دُعاء کی کیونکہ اُنھوں نے بہت جلد اسلام قبول کر لیا تھا اور قبیلہ سالم کے لئے سلامتی کی دُعا فرمائی کیونکہ وہ کسی خوف وہراس کے بغیر ایمان لائے تھے یہ ان کی بہت بڑی قربانی تھی ۔ اسی لئے اِن دونوں قبیلوں کو دُعاء کے ساتھ مخصوص فرمایا!

۹۵۷ ——

"ابن ابی زناد" عبدالرحمٰن بن ابی زناد عبداللہ بن ذکوان ہیں ۱۷۴ ہجری میں ان کا انتقال ہوا وہ بغداد کے مفتی تھے ،،

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا علماء کا اس میں اتفاق ہے کہ بارش رُک جانے کے وقت بارش کے لئے باہر

marfat.com

جنگل میں جاکر دُعا کرنا جائز ہے۔ لیکن نماز میں اختلاف ہے ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ دُعا کے لئے مُسلمان باہر نکلیں اور اگر واعظ پند و نصائح کرے تو مستحسن ہے لیکن نماز پڑھنا سنت نہیں۔ اور دیگر فقہاء کہتے ہیں استسقاء کی نماز دو رکعتیں ہے۔ اور یہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ اس حدیث کو استسقاء میں نماز کی مشروعیت پر محمول کرتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

---

۹۵۸ ترجمہ : حضرت مسروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس تھے اُنھوں نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لوگوں کو اسلام سے پیٹھ پھیرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا اے اللہ! ان کو سات سال قحط زدہ کر جیسے یوسف کے سات سال قحط کے تھے،، ان کو قحط سالی نے آلیا جو ان کی ہر شئ کو لے گئی،، حتیٰ کہ لوگوں نے چمڑے، مردار اور مرے ہوئے بدبودار جانور کھانے شروع کر دیئے ان میں سے کوئی آسمان کی طرف نظر کرتا تو بھوک کی وجہ سے اس کو دھواں نظر آتا تھا۔ ابوسفیان صخر بن حرب آپ کے پاس آئے اور کہنے لگے اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ اللہ کی طاعت اور صلہ رحمی کا حکم کرتے ہیں اور آپ کی قوم (بھوک سے) ہلاک ہو رہی ہے ان کے لئے اللہ سے دُعاء کیجئے،، اللہ تعالیٰ نے فرمایا،، اس دن کی انتظار کرو جبکہ آسمان کھلا دھواں لائے گا،، حتیٰ کہ فرمایا " انکم عائدون الخ یعنی ہم تھوڑا سا عذاب ہلکا کر دیں گے تم پھر کفر کی طرف لوٹ جاؤ گے،، جس دن ہم سب سے بڑی پکڑ پکڑیں گے،، یہ پکڑ بدر کی جنگ ہے اور دخان، بطشہ، لزام اور روم تمام گزر چکے ہیں،،

۹۵۸ شرح : قریش جب نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر غلبہ کر گئے اور آپ کی نافرمانی میں سخت ہو گئے تو آپ نے ان کے لئے قحط سالی کی بددعا فرمائی کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے سات سال قحط کی طرح یہ لوگ بھی سات برس قحط زدہ ہوں چنانچہ ایسا ہی ہوا،، ابن بطال نے کہا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کافروں کے لئے بھوک کی بددعا کرنی جائز ہے آپ نے ان کے لئے اس لئے یہ بددعاء فرمائی تھی کہ وہ بھوک کی وجہ سے کمزور ہو جائیں اور سرکشی نہ کریں،، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جن امور کے وقوع کی خبر دی ان میں سے چار واقعہ ہو چکے ہیں چنانچہ قرآن کریم میں ہے " یوم تاتی السماء بدخان مبین،، یہ گزر چکا ہے جبکہ وہ لوگ زمین اور آسمان کے درمیان دھواں دیکھتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا " یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ،، یہ بدر کے دن واقع ہوا جبکہ کفار مکہ کے ستر اشخاص گرفتار ہوئے اور ستر قتل ہوئے،، اللہ تعالیٰ نے فرمایا " الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ،، یہ بھی واقع ہو چکا ہے جیسا کہ حدیث شریف میں مذکور ہے،، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ،، فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ،، یہ بھی قحط سالی ہے۔

واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

---

marfat.com

بَابُ سُؤَالِ النَّاسِ الْإِمَامَ الْاِسْتِسْقَاءَ اِذَا قَحَطُوْا

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ ۹۵۹
عُمَرَ يَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ اَبِيْ طَالِبٍ وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ وَقَالَ عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا سَالِمٌ عَنْ اَبِيْهِ وَرُبَّمَا ذَكَرْتُ قَوْلَ الشَّاعِرِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلٰى وَجْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَسْقِيْ فَمَا يَنْزِلُ حَتّٰى يَجِيْشَ كُلُّ مِيْزَابٍ وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ طَالِبٍ

باب ـــــ لوگوں کا امام سے استسقاء کا سوال کرنا جبکہ وہ قحط میں مُبتلا ہُوں"

ترجمہ : عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ابنِ عمر سے سُنا کہ وہ ابو طالب کا شعر ـــ ۹۵۹

وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ

"وہ روشن سفید چہرہ والے کہ جس کے چہرۂ انور کے وسیلہ سے بارش طلب کی جاتی ہے جو یتیموں کے فریادرس اور بیواؤں کے غم خوار ہیں"

عمر بن حمزہ نے کہا ہمیں سالم نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر سے خبر دی کہ میں شاعر کا یہ شعر کبھی یاد کرتا اور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کو دیکھتا جبکہ آپ منبر شریف پر بارش کے لئے دُعا فرماتے آپ ابھی منبر سے نہ اُترتے حتیٰ کہ پرنالے زور سے بہنے لگتے (یہ ہے وہ شعر)

وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ ثِمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ

اور یہ ابو طالب کا قول ہے!

شرح : ـــ ۹۵۹ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ابو طالب کے اس کلام کا معنی دراصل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور توسّل ہے کیونکہ جب حضرت عبدالمطلب نے بارش طلب کی تھی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ تھے اس وقت ابو طالب وہاں موجود تھے، لہٰذا اس وقت لوگوں کا بارش طلب کرنا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کی برکت سے تھا اور لوگ آپ کی ذات کریمہ سے شفاعت کے طالب تھے، لہٰذا اس حدیث کی عنوان سے مطابقت ظاہر ہے۔ اس تقریر سے یہ اعتراض بھی مندفع ہو جاتا ہے کہ ابو طالب آپ کے چہرۂ انور کے وسیلہ سے کیسے بارش طلب کر سکتے ہیں جبکہ اس طرح ہونا اُنہوں نے کبھی دیکھا ہی نہ تھا۔ کیونکہ آپ کی برکت سے بارش کا نزول

marfat.com

۹۶۰ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰی عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ اِذَا قَحَطُوْا اسْتَسْقٰی بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّنَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَتَسْقِیْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ بِعَمِّ نَبِیِّنَا فَاسْقِنَا قَالَ فَیُسْقَوْنَ

تو صرف ہجرت کے بعد تھا،، اندفاع کی وجہ یہ ہے کہ ابو طالب نے اس واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے جو حضرت عبد المطلب کے زمانہ میں ہوا تھا جبکہ انھوں نے قریش کے لئے بارش طلب کی اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بچپن میں ان کے ساتھ تھے اس کو ابو طالب نے دیکھا تھا۔ ابن تین رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ ابو طالب کے اس شعر میں اس بات پر دلالت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت آپ کی بعثت سے پہلے ہی جانتے تھے جبکہ ان کو بحیرہ راہب نے اس کی خبر دی تھی،، اور اسی بناء پر انھوں نے یہ شعر کہا تھا،، مگر یہ ان کا ایمان نہ تھا کیونکہ ایمان اذعان ہے۔

علامہ بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا یا رسول اللہ! اللہ کی قسم ہم آپ کے پاس آئے ہیں ہمارا نہ کوئی اونٹ بلبلاتا ہے اور نہ ہی کوئی بچہ پانی میں نہاتا ہے یہ سن کر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جلدی سے اٹھے اور منبر شریف پر تشریف لائے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد اللہ تعالیٰ سے بارش کی دعاء کی تو فوراً بارش ہونے لگی حتیٰ کہ لوگ چلانے لگے کہ غرق ہو گئے غرق ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے حتیٰ کہ آپ کے دانت شریف ظاہر ہو گئے،، اس کے بعد آپ نے یہی شعر پڑھا۔

---

۹۶۰ ترجمہ : حضرت انس سے روائت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد میں جب لوگ قحط سالی میں مبتلا ہوتے تو آپ حضرت عباس بن عبد المطلب کے وسیلہ سے بارش طلب کرتے اور کہتے اے اللہ! ہم تیرے پاس اپنے نبی کا وسیلہ لایا کرتے تھے اور تو بارش برسا دیتا تھا اب ہم تیرے پاس اپنے نبی کے چچا کا وسیلہ لے کر آئے ہیں ہم پر بارش برسا کہا پس ان پر بارش برستی،،

۹۶۰ شرح : صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جب بارش مطلوب ہوتی تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے بارش طلب کرتے اور بارش برسنے لگتی اور آپ کی وفات کے بعد سیدنا عمر فاروق نے آپ کے چچا عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلہ سے دعاء کی جبکہ آپ کے عہد خلافت میں اٹھارہ ہجری میں قحط سالی ہوئی اور نو ماہ تک بارش نہ ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے بارش برسائی،، معلوم ہوا کہ نیک لوگوں کا وسیلہ پکڑنا جائز ہے،، کعب احبار سے روائت ہے کہ بنی اسرائیل جب قحط زدہ ہوتے تو وہ اپنے نبی کے اہل بیت کے وسیلہ سے بارش طلب کیا کرتے تھے،، بخاری کی حدیث سے یہ استدلال کرنا کہ زندوں سے توسل تو جائز ہے مگر ان کے فوت ہونے کے بعد ان سے توسل صحیح نہیں ورنہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا عباس رضی اللہ عنہ سے توسل نہ کرتے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی

marfat.com

بَابُ تَحْوِيْلِ الرِّدَآءِ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ

۹۶۱ حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَسْقٰى فَقَلَبَ رِدَآءَهٗ

توسل کرتے ،، صحیح نہیں ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بھی آپ سے توسل کرتے تھے اور ان کا مقصد پورا ہو جاتا تھا چنانچہ امام بخاری نے اپنی تاریخ میں بیہقی نے دلائل و دعوات میں صحیح حدیث ذکر کی اس کو حافظ ابونعیم نے بھی معرفت میں ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روائت کیا کہ ایک شخص حضرت عثمان کے پاس اپنی حاجت لے کر جاتا اور وہ اس کی طرف قطعاً متوجہ نہ ہوتے تھے وہ شخص عثمان بن حنیف سے ملے اور ان سے یہ شکائت کی عثمان بن حنیف نے کہا کوزے میں پانی لے کر وضوء کر کے مسجد میں آؤ اور دو رکعتیں پڑھنے کے بعد یہ دعاء کرو " اے اللہ میں تیرے نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم رحمت کے نبی کے وسیلہ سے تجھ سے سوال کرتا ہوں ،، یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم " میں آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں تاکہ میری حاجت پوری ہو اور اپنی حاجت کا نام لو پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اس شخص نے اسی طرح کیا پھر عثمان غنی کے دروازہ پر آیا تو فوراً دربان باہر آیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کو حضرت عثمان کے پاس لے گیا حضرت عثمان غنی نے اس کو باعزت بٹھایا اور اس سے کہا اپنی حاجت بیان کرو اور اس کی حاجت پوری کر دی ،، معلوم ہوا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بظاہر وفات کے بعد بھی آپ سے توسّل جائز ہے اور یہ عمل اُمّت میں جاری ہے۔

امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا "مَنْ يُسْتَمَدُّ فِيْ حَيَاتِهٖ يُسْتَمَدُّ بَعْدَ مَمَاتِهٖ" جس بزرگ سے اس کی زندگی میں استمداد کر سکتے ہیں اس کی وفات کے بعد بھی اس سے استمداد کی جا سکتی ہے" شیخ محقق عبدالحق دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے لمعات شرح مشکوٰۃ کے باب زیارۃ القبور میں ذکر کیا کہ امام شافعی نے کہا کہ موسیٰ کاظم کی قبر دعا کی قبولیت کے لئے مجرب تریاق ہے نیز وہ اسی باب میں ذکر کرتے ہیں کہ " جو لوگ صالحین کی زیارت کو جاتے ہیں وہ ان کے ادب و احترام اور رتبہ کے اعتبار سے ان کی ظاہری طور پر مدد کرتے ہیں"

ردّ محتار کے زیارۃ القبور کے باب میں ہے کہ " اولیاء کرام اللہ تعالیٰ کے قرب اور زائرین کو ان کے معارف اور اسرار کے مطابق نفع دینے میں متفاوت ہیں ،، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے لوگوں نے قحط مطر کی شکائت کی تو کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کو دیکھو اور اس سے آسمان کی طرف سوراخ کرو حتیٰ کہ قبر شریف اور آسمان کے درمیان چھت نہ رہے لوگوں نے ایسا ہی کیا تو خوب بارش ہوئی ۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ بارش کی دُعاء کے وقت چادر اُلٹنا

۹۶۱ ـــــ ترجمہ : عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بارش کے لئے دعاء کی اور چادر کو اُلٹا۔

marfat.com

۹۶۲ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَبَّادَ بْنَ تَمِيمٍ يُحَدِّثُ أَبَاهُ عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى الْمُصَلَّى فَاسْتَسْقَى فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَقَلَّبَ رِدَاءَهُ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ كَانَ ابْنُ عُيَيْنَةَ يَقُولُ هُوَ صَاحِبُ الْأَذَانِ وَلٰكِنَّهُ وَهِمَ فِيهِ لِأَنَّ هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ الْمَازِنِيُّ مَازِنُ الْأَنْصَارِ

بَابُ انْتِقَامِ الرَّبِّ تَعَالٰى عَزَّ وَجَلَّ مِنْ خَلْقِهِ بِالْقَحْطِ إِذَا انْتُهِكَ مَحَارِمُهُ

بَابُ الِاسْتِسْقَاءِ فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ

---

۹۶۲ ــــ ترجمہ : عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جنگل کی طرف تشریف لے گئے اور بارش کے لئے دُعاء کی آپ قبلہ رُو ہوئے چادر کو اُلٹا اور دو رکعت نفل پڑھے ،، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ عبداللہ بن عُیینہ نے کہا یہ عبداللہ بن زید صاحبِ اذان ہے مگر یہ محض وہم ہے کیونکہ یہ عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی مازن الانصار ہے (یہ وہ مازنی نہیں جو انصار سے نہیں)

۹۶۱ ــ ۹۶۲ ــــ شرح : استسقاء کی تین صورتیں ہیں ایک استسقاء نماز کے بغیر دعاء کرنا ہے۔ دُوسری صُورت جُمعہ کے خطبہ میں یا نماز کے بعد بارش کے لئے دُعاء کرنا تیسری صورت جنگل میں جاکر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر نماز کے بعد خطبہ دے کر دُعا کرنا اور چادر کا اُلٹنا ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب میں استسقاء میں نماز باجماعت مسنون نہیں اگر لوگ تنہا نماز پڑھ لیں تو جائز ہے استسقاء صرف دعاء اور استغفار ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ،، اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ،، اللہ تعالیٰ نے بارش کے نزول کو استغفار کے ساتھ معلق فرمایا اور نماز کا ذکر نہ کیا ،، لہٰذا استسقاء میں اصل دعاء اور عاجزی و انکساری ہے نماز اس میں اصل نہیں ،، ابن عباس کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ استسقاء کا وقت وہی ہے جو عید کا وقت ہے اور عید کی نماز میں جو سورتیں پڑھی جاتی ہیں وہی سورتیں نمازِ استسقاء میں پڑھے ،، اور قرأت میں جہر کرے۔ امام شافعی اور امام محمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک عید کی نماز کی طرح دو خطبے ہیں اور درمیان میں فاصلہ ہے۔ امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ کے نزدیک ایک خطبہ ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب ــــ جب اللہ تعالیٰ کے حدود کا خیال نہ کیا جائے تو اللہ کا اپنے بندوں سے قحط کے ذریعہ انتقام لینا

باب ــــ جامع مسجد میں بارش کے لئے دُعاء کرنا

marfat.com

حدثنا محمد قال حدثنا ابو ضمرة انس بن عياض قال حدثنا شريك بن عبد الله بن ابی نمر انه سمع انس بن مالك يذكر ان رجلا دخل يوم الجمعة من باب كان وجاه المنبر ورسول الله صلى الله عليه وسلم قائم يخطب فاستقبل رسول الله صلى الله عليه وسلم قائما فقال يا رسول الله هلكت الاموال وانقطعت السبل فادع الله ان يغيثنا قال فرفع رسول الله صلى الله عليه وسلم يديه فقال اللهم اسقنا اللهم اسقنا اللهم اسقنا قال انس فلا والله ما نرى في السماء من سحاب ولا قزعة ولا شيئا ولا بيننا وبين سلع من بيت ولا دار قال فطلعت من وراءه سحابة مثل الترس فلما توسطت السماء انتشرت ثم امطرت قال فوالله ما رأينا الشمس سبتا ثم دخل رجل من ذلك الباب في الجمعة المقبلة ورسول الله صلى الله عليه وسلم قائم يخطب فاستقبله قائما فقال يا رسول الله هلكت الاموال وانقطعت السبل فادع الله ان يمسكها قال فرفع رسول الله صلى الله عليه وسلم يديه ثم قال

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ذکر کرتے ہیں کہ ایک شخص جمعہ کے دن اس دروازے سے مسجد میں داخل ہوا جو منبر شریف کے سامنے ہے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے خطبہ دے رہے تھے وہ شخص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہو کر کہنے لگا یا رسول اللہ! مویشی ہلاک ہو گئے راستے منقطع ہو گئے، اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ ہم پر بارش برسائے،، انس نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا! اے اللہ ہم پر بارش برسا اے اللہ! ہم پر بارش برسا،، اے اللہ! ہم پر بارش برسا! انس نے کہا اللہ کی قسم! ہم آسمان پر بادل اور نہ بادل کا ٹکڑا اور نہ کوئی شئی دیکھ رہے تھے،، اور ہمارے اور سلع پہاڑ کے درمیان کوئی گھر اور حویلی نہ تھی،، سلع کے پیچھے سے ڈھال کی مانند تھوڑا سا بادل ظاہر ہوا جب وہ آسمان کے درمیان آیا تو پھیل گیا پھر برسا انس نے کہا اللہ کی قسم! ہم نے چھ روز تک سورج نہ دیکھا پھر آئندہ جمعہ ایک شخص اسی دروازے سے آیا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف پر کھڑے خطبہ دے رہے تھے وہ سامنے آکر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! مال ہلاک ہو گیا راستے منقطع ہو گئے۔ اللہ سے دعا کیجئے کہ بارش کو روک دے انس نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا اے اللہ! ہمارے ارد گرد ہو ہم پر نہ ہو اے اللہ! ٹیلوں، پہاڑوں، چھوٹے چھوٹے ٹیلوں، ندیوں اور درختوں کے اگنے کے مقامات پر بارش ہو انس نے کہا بارش منقطع ہو گئی اور ہم (مسجد سے) باہر نکلے جبکہ ہم دھوپ میں چل رہے تھے شریک نے کہا میں نے حضرت انس سے پوچھا کہ وہ شخص پہلا ہی شخص تھا (یا کوئی اور تھا) انھوں نے کہا مجھے معلوم نہیں!

۹۶۳

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت کے تحت اثناء خطبہ میں امام سے گفتگو کرنا جائز ہے اور اس سے خطبہ منقطع نہیں ہوتا اور نہ ہی بارش کی دعا سے منقطع ہوتا ہے،، اہل خیر اور صالحین سے دعا کرانا جائز ہے اور تین بار دعا کرنا مستحب ہے نیز اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کے خطبہ میں منبر پہ بارش کے لئے دعا کرنا جائز ہے اور چادر الٹنا اور قبلہ رو ہونا ضروری نہیں،، جمعہ کی نماز ہی استسقاء کے لئے کافی ہے علیحدہ دو رکعتیں پڑھنی ضروری نہیں۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء کا ادب سکھایا اور مطلقاً رفع مطر کی دعاء نہ فرمائی کیونکہ مستقبل میں دعا کی ضرورت ہمیشہ رہتی

marfat.com

اللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْجِبَالِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ قَالَ فَانْقَطَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِیْ فِی الشَّمْسِ قَالَ شَرِیْکٌ فَسَاَلْتُ اَنَسًا اَھُوَ الرَّجُلُ الْاَوَّلُ قَالَ لَا اَدْرِیْ بَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ فِیْ خُطْبَۃِ الْجُمُعَۃِ غَیْرَ مُسْتَقْبِلِ الْقِبْلَۃِ

۹۶۴ حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شَرِیْکٍ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مِنْ بَابٍ کَانَ نَحْوَ دَارِ الْقَضَاءِ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ یَخْطُبُ فَاسْتَقْبَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَائِمًا ثُمَّ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ھَلَکَتِ الْاَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰہَ یُغِیْثُنَا فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَیْہِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا قَالَ اَنَسٌ وَلَا وَاللّٰہِ مَا نَرٰی فِی السَّمَآءِ مِنْ سَحَابٍ وَلَا قَزَعَۃً وَمَا بَیْنَنَا وَبَیْنَ سَلْعٍ مِنْ بَیْتٍ وَلَا دَارٍ قَالَ فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَآئِہٖ سَحَابَۃٌ مِثْلُ التُّرْسِ فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ انْتَشَرَتْ ثُمَّ اَمْطَرَتْ فَلَا وَاللّٰہِ مَا رَاَیْنَا الشَّمْسَ سِتًّا ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ ذٰلِکَ الْبَابِ فِی الْجُمُعَۃِ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ یَخْطُبُ فَاسْتَقْبَلَہٗ قَائِمًا فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ھَلَکَتِ الْاَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰہَ یُمْسِکْھَا عَنَّا قَالَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَیْہِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ قَالَ فَاَقْلَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِیْ فِی الشَّمْسِ قَالَ شَرِیْکٌ فَسَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ اَھُوَ الرَّجُلُ الْاَوَّلُ فَقَالَ مَا اَدْرِیْ۔

ہے تو آپ نے اس قدر رفع مطر کی دُعا فرمائی جس سے ضرر زائل ہو جائے اور نفع باقی رہے۔ یہ توکل کے منافی نہیں اگرچہ افضل یہی ہے کہ تمام امور اللہ تعالیٰ کے سپرد کئے جائیں۔ قرآن کریم میں ہے — عَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ "

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک بارش کے لئے دُعاء میں نماز غیر مشروع نہیں اور نہ ہی بدعت ہے بلکہ ان کے نزدیک یہ مسنون نہیں اور جن احادیث میں نماز کا ذکر ہے وہ بیان جواز پر محمول ہیں لہٰذا باہر جا کر نمازِ استسقاء بدعت نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جمعہ کے خطبہ میں بارش کے لئے دُعا کرنا جبکہ قبلہ رُو نہ ہو —"

۹۶۴ — ترجمہ : انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں اس دروازے سے داخل ہُوا جو دارِ قضاء کی طرف تھا جبکہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے خطبہ دے رہے تھے وہ شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوگیا پھر کہا یا رسُول اللہ! مال ہلاک ہوگئے اور راہ منقطع ہوگئے اللہ تعالیٰ سے دُعا کیجئے وہ ہم پر بارش برسائے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور فرمایا اے اللہ! ہم پر بارش برسا اے اللہ ہم پر بارش برسا اے اللہ!

marfat.com

۹۶۵ بَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ عَلَى الْمِنْبَرِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ

حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ جُمُعَةٍ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَحَطَ الْمَطَرُ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَسْقِيَنَا فَدَعَا فَمُطِرْنَا فَمَا كِدْنَا اَنْ نَصِلَ اِلٰى مَنَازِلِنَا فَمَا زِلْنَا نُمْطَرُ اِلَى الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ قَالَ فَقَامَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ اَوْ غَيْرُهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَصْرِفَهُ عَنَّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا قَالَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ السَّحَابَ يَتَقَطَّعُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا يُمْطَرُوْنَ وَلَا يُمْطَرُ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

ہم پر بارش برسا انس نے کہا اللہ کی قسم ہم آسمان پر نہ بادل اور نہ ہی بادل کا ٹکڑا دیکھتے تھے اور ہمارے اور سلع پہاڑ کے درمیان کوئی گھر اور محل نہ تھا (جو آڑ بن سکے) اس کے پیچھے سے بادل ظاہر ہوا جو ڈھال کی مثل تھا جب وہ آسمان کے درمیان آیا تو پھیل گیا پھر برسا اللہ کی قسم! ہم نے چھ روز تک سورج نہ دیکھا پھر ایک شخص اسی دروازہ سے دوسرے جمعہ کو داخل ہوا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے خطبہ دے رہے تھے وہ شخص آپ کے سامنے کھڑا ہوگیا اور کہا یا رسول اللہ! مال ہلاک ہوگئے اور راستے منقطع ہوگئے۔ اللہ سے دعا کیجئے کہ وہ ہم سے بارش روک دے انس نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا اے اللہ! ٹیلوں، اونچی جگہوں، وادیوں اور درختوں کے اگنے کی جگہوں پر بارش برسا۔ انس نے کہا بادل رک گیا اور ہم دھوپ میں چلنے لگے شریک نے کہا میں نے انس بن مالک سے پوچھا کیا وہ پہلا ہی شخص تھا؟ انھوں نے کہا مجھے معلوم نہیں۔

شرح ۹۶۴ : امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے مذکور عنوان کے اثبات اور سند میں اختلاف کی وجہ سے حضرت انس کی حدیث کا اعادہ کیا ہے یعنی پہلی روائت سے اس کی سند مختلف ہے جبکہ پہلے محمد بن سلام کی سند سے روائت کی اور یہاں قتیبہ کے اسناد سے روائت کی یہ حدیث رباعی ہے!

باب — منبر پر بارش کے لئے دُعاء کرنا

ترجمہ ۹۶۵ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا ایک دفعہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے روز خطبہ دے رہے تھے کہ ایک شخص آیا اور کہا یا رسول اللہ! بارش رک گئی ہے آپ اللہ سے دعا کریں کہ ہم پر بارش برسائے۔ آپ نے دعاء فرمائی ہم پر بارش ہونے لگی اور یہ قریب نہ تھا کہ ہم اپنے گھروں تک جاسکیں چنانچہ آئندہ جمعہ تک ہم پر بارش ہوتی رہی،، انس نے کہا وہ ہی شخص یا کوئی اور کھڑا ہوا

marfat.com

٩٦٦ بَابُ مَنِ اكْتَفَى بِصَلٰوةِ الْجُمُعَةِ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ فَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ فَدَعَا فَمُطِرْنَا مِنَ الْجُمُعَةِ اِلَى الْجُمُعَةِ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ وَهَلَكَتِ الْمَوَاشِيْ فَقَامَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ فَانْجَابَتْ عَنِ الْمَدِيْنَةِ اِنْجِيَابَ الثَّوْبِ

اور کہنے لگا یا رسُول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دُعا کیجئے کہ ہم سے بارش ہٹا دے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! ہمارے اردگرد بارش ہو ہم پر نہ ہو ،، انس نے کہا میں نے بادل کو دائیں بائیں پھٹتے ہوئے دیکھا اور لوگوں پر بارش ہو رہی تھی اور مدینہ منورہ کے لوگوں پر بارش نہ ہوتی تھی!

٩٦٥ — شرح: قولہ فَمَا كِدْنَا اَنْ نَصِلَ الخ اس سے مُراد یہ ہے کہ ہمارا گھروں کو پہنچنا قریب نہ تھا یعنی گھروں کو جانا مشکل ہو گیا۔
اس حدیث کے اعادہ کی وہی وجہ ہے جو حدیث ع ٩٦٤ کے تحت مذکور ہے ،،

باب — جس نے بارش کے لئے دُعاء میں جمعہ کی نماز پر اکتفاء کی!

٩٦٦ — ترجمہ: انس رضی اللہ عنہ نے کہا ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا مال مویشی ہلاک ہونے لگے اور راستے بند ہو گئے ہیں۔ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے دُعا فرمائی تو اس جمعہ سے لے کر دُوسرے جمعہ تک ہم پر بارش ہوتی رہی ،، پھر کوئی شخص آیا اور کہنے لگا مکانات گر گئے راستے منقطع ہو گئے اور مال مویشی ہلاک ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے آپ دُعا فرمائیں کہ بارش کو روک دے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھے اور کہا اے اللہ بڑے اور چھوٹے ٹیلوں، ندیوں اور درخت اُگنے کی جگہوں پر بارش برسا۔ پس بادل مدینہ منورہ سے کپڑا کھلنے کی طرح کھل گیا ،،

٩٦٦ — شرح: مدینہ منورہ سے بادل کے انقطاع کو اِنْجِيَابِ الثَّوْبِ سے تشبیہ دی یعنی ہم سے منقطع ہو کر بادل اردگرد چلا گیا ،، اس حدیث میں اس امر کی تصریح نہیں کہ یہ وہی شخص تھا جو پہلے آیا تھا مگر یہ تمام احادیث ایک دوسرے کی تفسیر کرتی ہیں ،، اس حدیث کے اعادہ کی وہی وجہ ہے جو حدیث ع ٩٦٤ کے تحت مذکور ہے!

marfat.com

۹۶۷ بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا انْقَطَعَتِ السُّبُلُ مِنْ كَثْرَةِ الْمَطَرِ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلَكَتِ الْمَوَاشِي وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰهَ فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمُطِرُوا مِنْ جُمُعَةٍ إِلَى الْجُمُعَةِ فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ تَهَدَّمَتِ الْبُيُوتُ وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ وَهَلَكَتِ الْمَوَاشِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ عَلَى رُؤُسِ الْجِبَالِ وَالْآكَامِ وَبُطُونِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ فَانْجَابَتْ عَنِ الْمَدِينَةِ انْجِيَابَ الثَّوْبِ

۹۶۸ بَابُ مَا قِيلَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُحَوِّلْ رِدَاءَهُ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا شَكَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَاكَ الْمَالِ وَجَهْدَ الْعِيَالِ فَدَعَا اللّٰهَ يَسْتَسْقِي وَلَمْ يَذْكُرْ أَنَّهُ حَوَّلَ رِدَاءَهُ وَلَا اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ

باب ـــ دُعاء کرنا جبکہ بارش کی کثرت سے راستے بند ہو جائیں"

۹۶۷ ـــ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ایک شخص رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا یا رسُول اللہ! مویشی ہلاک ہو گئے اور راستے بند ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا فرمائیں (کہ بارش ہو) جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُعا فرمائی تو اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک لوگوں پہ بارش ہوتی رہی۔ پھر ایک شخص رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا یا رسُول اللہ! مکانات گر گئے، راستے بند ہو گئے اور مویشی ہلاک ہو گئے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! پہاڑوں کی چوٹیوں، ٹیلوں، ندیوں اور درخت اُگنے کی جگہوں پہ بارش ہو بادل مدینہ منورہ سے کپڑے کی طرح کھل گیا۔

۹۶۷ ـــ شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بارش بند کرانے کی دُعاء کی درخواست کرنے والا کوئی دُوسرا شخص تھا، مگر احادیث ایک دوسری کی تفسیر کرتی رہتی ہیں لہٰذا غالباً یہ وہی شخص تھا جس نے بارش ہونے کی درخواست کی تھی۔ اس حدیث سے یہ معلوم ہُوا کہ استسقاء دُعا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " استغفروا ربکم انہ کان غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا"، یعنی اپنے رب سے گناہوں کی معافی چاہو وہ بخشنے والا ہے تم پر برسنے والا بادل بھیجے گا۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب یہی ہے اور یہ بھی معلوم ہُوا کہ خطبہ میں دُعا کرنا جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

۹۶۹ بَابُ اِذَا اسْتَشْفَعُوْا اِلَى الْاِمَامِ لِيَسْتَسْقِيَ لَهُمْ لَمْ يَرُدَّهُمْ حَدَّثَنَا

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

باب — جو کہا گیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن بارش کے لئے دُعا میں اپنی چادر کو نہیں اُلٹا،،

۹۶۸ — ترجمہ : انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مویشیوں کے ہلاک ہونے اور بال بچوں کے تکلیف اُٹھانے کی شکائت کی،، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے بارش برسانے کی دُعا کی اور یہ ذکر نہ کیا کہ آپ نے اپنی چادر کو اُلٹا اور نہ ہی یہ ذکر کیا کہ آپ قبلہ رُو ہوئے،،

۹۶۸ — شرح : یعنی اس شخص نے پانی کی قلت کی وجہ سے مویشی ہلاک ہونے اور قحط سالی کی وجہ سے بال بچوں کا مشقت میں پڑ جانے کی شکائت کی" علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جب بارش کے لئے دعاء صحراء میں نہ کی جائے تو سب کا اتفاق ہے کہ تحویلِ رداء اور استقبالِ قبلہ ضروری نہیں،، اختلاف اس وقت ہے جبکہ صحراء میں بارش کے لئے دُعا کی جائے،، اس حدیث میں اگرچہ جمعہ کے دن کا ذکر نہیں لیکن یہ حدیث مختصر ہے اور باقی حصہ جمعہ کے دن دُعا پر دلالت کرتا ہے علامہ عینی رحمہ اللہ نے کہا تحویلِ رداء میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا اختلاف ہے اور وہ اسی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ مطلقاً تحویلِ رداء سُنّت نہیں ہے،، لہذا عدمِ تحویل پر اتفاق نہیں ہے،، واللہ تعالیٰ ورسُولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جب لوگ امام سے بارش برسنے کے لئے سفارش کریں تو وہ ان کی درخواست مسترد نہ کرے"

۹۶۹ — ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ایک شخص جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسُول اللہ! مویشی ہلاک ہو گئے اور راستے بند ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا فرمائیں (بارش ہو) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے دُعا فرمائی تو ہم پر اس جمعہ سے لے کر آئندہ جمعہ تک بارش ہوتی رہی۔ پھر ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض

marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ ھلکت المواشی وتقطعت السبل فادع اللہ فدعا اللہ فمطرنا من الجمعۃ الی الجمعۃ فجاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ تھدمت البیوت وتقطعت السبل وھلکت المواشی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم علی ظھور الجبال والاکام وبطون الاودیۃ ومنابت الشجر فلنجابت عن المدینۃ انجیاب الثوب باب اذا استشفع المشرکون بالمسلمین عند القحط حدثنا محمد بن کثیر عن سفین قال حدثنا منصور والاعمش عن ابی الضحی عن ۹۷۰
مسروق قال اتیت ابن مسعود فقال ان قریشا ابطؤا عن الاسلام فدعی علیھم النبی صلی اللہ علیہ وسلم

کیا یا رسول اللہ! مکانات تباہ ہوگئے، راستے بند ہوگئے اور مویشی ہلاک ہوگئے۔ جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! پہاڑوں، ٹیلوں، ندیوں اور درخت اُگنے کی جگہوں پہ بارش برسا تو بادل مدینہ منورہ سے چادر کی طرح کھل گیا"

۹۶۹ — شرح : یعنی امام لوگوں کی سفارش پہ اللہ تعالیٰ سے بارش برسنے کی دُعاء کرے اور ان کی درخواست مسترد نہ کرے "کیونکہ عوام کا امام پر حق ہے کہ جب وہ بارش برسنے کی ان سے سفارش کریں تو ان کے لئے بارش برسنے کی دُعاء کرے" کرمانی۔ ابنِ بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اسی طرح ہر وہ کام جس میں رعیت کا فائدہ ہو اس کی تکمیل کرے کیونکہ امام پر رعایا کی حفاظت ضروری ہے اور قیامت میں، اس کے متعلق اس سے پوچھا جائے گا۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جب مُشرک مُسلمانوں سے قحط کے وقت دُعاء کی درخواست کریں!

۹۷۰ — ترجمہ : مسروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُنھوں نے کہا میں ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اُنھوں نے کہا قریش نے اسلام قبول کرنے میں تاخیر کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے بدعاء کی تو ان کو قحط سالی نے پکڑ لیا حتیٰ کہ وہ اس میں ہلاک ہونے لگے اور اُنھوں نے مردار اور ہڈیاں کھانی شروع کیں۔ ابوسفیان آپ کے پاس آیا اور کہا یا محمد! آپ صلۂ رحمی کا حکم کرتے ہیں اور آپ کی قوم ہلاک ہو رہی ہے۔ اللہ سے دُعاء فرمائیں تو سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا" اس دن کی انتظار کرو جبکہ آسمان کھلا دھواں لائے گا پھر وہ کفر کی طرف لوٹ گئے" چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" جس روز ہم ان کو سخت پکڑیں گے" یعنی بدر کے روز" کہا اور اسباط نے منصور سے روایت کرتے ہوئے کہا" کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُعا فرمائی تو ان پہ بارش ہوئی اور سات روز بارش ہوتی رہی پھر لوگوں نے بارش کی کثرت کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا" اے اللہ! ہمارے اردگرد ہو ہم پہ نہ ہو پس بادل آپ کے سر مبارک سے علیحدہ ہوگیا اور ان کے اردگرد کے لوگوں پہ خوب بارش ہوئی"

marfat.com

فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتّٰى هَلَكُوْا فِيْهَا وَاَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْعِظَامَ فَجَاءَهُ اَبُوْ سُفْيٰنُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ جِئْتَ تَاْمُرُ بِصِلَةِ
الرَّحِمِ وَاِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا فَادْعُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فَقَرَاَ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ الْاٰيَةَ ثُمَّ عَادُوْا
اِلٰى كُفْرِهِمْ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى يَوْمَ بَدْرٍ وَزَادَ اَسْبَاطٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَسُقُوا الْغَيْثَ فَاُطْبِقَتْ عَلَيْهِمْ سَبْعًا وَشَكَا النَّاسُ كَثْرَةَ الْمَطَرِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَانْحَدَرَتِ السَّحَابَةُ
عَنْ رَاْسِهِ فَسُقُوا النَّاسُ حَوْلَهُمْ بَابُ الدُّعَآءِ اِذَا كَثُرَ الْمَطَرُ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا ۹۷۱
مُعْتَمِرٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَامَ النَّاسُ فَصَاحُوْا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

---

۹۷۰ — شرح : سوال یہ ہوتا ہے کہ قریش کا یہ واقعہ اور ابوسفیان کا آپ سے دُعا کی درخواست کرنا ہجرت سے قبل مکہ مکرمہ میں تھا مدینہ منورہ میں نہ تھا اور مذکورہ واقعہ مدینہ منورہ میں ہُوا ہے ۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ واقعہ مکہ مکرمہ میں ہُوا مگر جو حصہ اسباط نے زیادہ ذکر کیا ہے وہ مدینہ منورہ میں ہُوا تھا ۔ دُوسری روایات اس پر واضح دلالت کرتی ہیں ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مشرکوں کا مسلمانوں سے بارش کی دعاء کرانا جائز ہے جبکہ ان کا حق کی طرف لوٹنے کی اُمید ہو ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دارِ حرب میں امام کو جب یہ طمع ہو کہ وہ مسلمان ہو جائیں گے تو وہ ان سے نرمی کرے اور ان کی کھیتیاں اور پھل وغیرہ تباہ و برباد نہ کرے اور اگر ان کے ایمان کی اُمید نہ ہو تو ان کے لئے بد دُعا کرے اور ان کے املاک تباہ و برباد کر دے ،، نیز یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مشرک سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اور اللہ تعالیٰ کے حضور آپ کے عالی مقام کے معترف تھے ،، ورنہ وہ مجبور ہو کر آپ کی خدمت میں دُعاء کی درخواست نہ کرتے ،، معلوم ہوتا ہے کہ قریش سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت و رسالت کو جانتے تھے مگر حسد و بغض کی وجہ سے اس کو قبول نہ کرتے تھے اور ان کا کفر عنادی تھا ،، نبی کی نبوّت و رسالت کو پہچان لینا ایمان نہیں اہلِ کتاب کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " وہ آپ کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنی اولاد کو پہچانتے ہیں " یعنی جس طرح اہل کتاب کو اپنی اولاد ہونے کا یقین تھا اسی طرح سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت و رسالت کا ان کو یقین تھا مگر وہ اس کا اذعان نہیں کرتے تھے اور نہ دل سے قبول کرتے تھے اس لئے ان کا کفر محض عناد اور حسد و بغض کے سبب تھا ۔
واللہ تعالیٰ و رسُولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — جب بارش زیادہ ہونے لگے تو یہ دُعا "کرنا ہمارے اردگرد ہم پر بارش نہ ہو"

۹۷۱ — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے ۔ اچانک لوگ کھڑے ہو گئے اور چیخنے لگے اور کہنے لگے یا رسُول اللہ ! بارش رُک گئی ،

marfat.com

قُحِطَ الْمَطَرُ وَاحْمَرَّتِ الشَّجَرُ وَهَلَكَتِ الْبَهَائِمُ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَسْقِيَنَا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا مَرَّتَيْنِ وَايْمُ اللّٰهِ مَا نَرٰى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً مِنْ سَحَابٍ فَنَشَأَتْ سَحَابَةٌ وَاَمْطَرَتْ وَنَزَلَ عَنِ الْمِنْبَرِ فَصَلّٰى فَلَمَّا انْصَرَفَ لَمْ تَزَلْ تُمْطِرُ اِلَى الْجُمُعَةِ الَّتِي تَلِيهَا فَلَمَّا قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ صَاحُوا اِلَيْهِ تَهَدَّمَتِ الْبُيُوتُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰهَ يَحْبِسْهَا عَنَّا فَتَبَسَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا وَتَكَشَّطَتِ الْمَدِينَةُ فَجَعَلَتْ تُمْطِرُ حَوْلَهَا وَمَا تُمْطِرُ بِالْمَدِينَةِ قَطْرَةً فَنَظَرْتُ اِلَى الْمَدِينَةِ وَاَنَّهَا لَفِي مِثْلِ الْاِكْلِيلِ **بَابُ** الدُّعَاءِ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ قَائِمًا وَقَالَ لَنَا اَبُو نُعَيْمٍ عَنْ زُهَيْرٍ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيُّ وَخَرَجَ مَعَهُ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ وَزَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ فَاسْتَسْقَى فَقَامَ بِنَا عَلٰى رِجْلَيْهِ عَلٰى غَيْرِ مِنْبَرٍ فَاسْتَسْقَى ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَةِ وَلَمْ يُؤَذِّنْ وَلَمْ يُقِمْ قَالَ اَبُو اِسْحَاقَ وَرَاٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

درخت سُرخ ہو گئے اور جانور ہلاک ہو گئے اللہ تعالیٰ سے دُعاء فرمائیں کہ ہم پہ پانی برسائے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! ہم پہ پانی برسا یہ دو مرتبہ فرمایا ،، اللہ کی قسم ہم آسمان میں بادل کا ٹکڑا نہ دیکھتے تھے۔ اچانک تھوڑا سا بادل ظاہر ہُوا اور برسنے لگا اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف سے اُترے اور نمازِ جمعہ پڑھائی جب فارغ ہُوئے تو بارش بدستور اس جمعہ کے بعد آنے والے جمعہ تک برستی رہی ،، (دوسرے جمعہ کو) جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کھڑے ہُوئے تو لوگ آپ کے پاس چیخنے لگے کہ مکانات گر گئے اور راستے بند ہو گئے۔ اللہ سے دعاء فرمائیں کہ اس کو ہم سے روک دے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مُسکرائے اور فرمایا اے اللہ! ہمارے اردگرد بارش ہو ہم پہ نہ ہو پس مدینہ منوّرہ کُھل گیا اور اس کے اردگرد بارش ہوتی رہی اور مدینہ منوّرہ میں ایک قطرہ بھی نہ برستا تھا۔ میں نے مدینہ منوّرہ کو دیکھا کہ تاج کی طرح اس کے اردگرد بادل تھا اور وہ اس کے بیچ میں تھا!

شرح : امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا جب بارشیں زیادہ ہو جائیں اور ان سے لوگوں کا نقصان ہوتا ہو تو سُنّت یہ ہے کہ اس کے بند ہونے کی دُعا کریں اور یوں کہیں اے اللہ! بارش ہمارے اردگرد ہو ہم پہ نہ ہو ،، اور اس کے لئے نماز مشروع نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے نماز نہیں پڑھی!

باب — بارش طلب کرنے کے لئے کھڑے ہو کر دُعاء کرنا"

ابو اسحاق نے کہا کہ عبد اللہ بن یزید انصاری باہر نکلے اور ان کے ساتھ براء بن عازب اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہم بھی باہر نکلے اُنھوں نے بارش کے لئے دُعاء کی اور ان کے ساتھ منبر کے بغیر اپنے پاؤں پر کھڑے ہُوئے اور استغفار کی پھر دو رکعتیں پڑھیں جبکہ قرأت بُلند آواز سے کی اور اذان و اقامت نہ کہی ،، ابو اسحاق نے کہا عبد اللہ بن یزید نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے۔۔

marfat.com

۹۷۲ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبَّادُ بْنُ تَمِيْمٍ اَنَّ عَمَّهٗ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم خَرَجَ بِالنَّاسِ يَسْتَسْقِيْ لَهُمْ فَقَامَ فَدَعَا اللّٰهَ قَائِمًا ثُمَّ تَوَجَّهَ قِبَلَ الْقِبْلَةِ

۹۷۳ وَحَوَّلَ رِدَآءَهٗ فَاسْقَوْا **بَابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَةِ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ** حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهٖ خَرَجَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَسْتَسْقِيْ فَتَوَجَّهَ اِلَى الْقِبْلَةِ يَدْعُوْ وَحَوَّلَ رِدَاءَهٗ ثُمَّ صَلّٰى لَنَا رَكْعَتَيْنِ جَهَرَ فِيْهِمَا بِالْقِرَاءَةِ

بَابُ كَيْفَ حَوَّلَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم ظَهْرَهٗ اِلَى النَّاسِ

---

۹۷۲ — ترجمہ : زہری سے روایت ہے اُنہوں نے کہا مجھے عباد بن تمیم نے خبر دی کہ ان کا چچا اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے ہیں نے ان کو خبر دی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بارش کے لئے دعا کرنے کے لئے لوگوں کے ساتھ باہر نکلے،، آپ اُٹھے اور اللہ تعالیٰ سے کھڑے ہو کر دُعا فرمائی پھر قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے اور اپنی چادر کو اُلٹا پس لوگوں پر خوب بارش ہوئی،،

۹۷۲ — شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس بات پر اتفاق ہے کہ استسقاء کے لئے اذان و اقامت نہیں،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا کہ نمازِ استسقاء میں قرأت کا جہر مسنون ہے،، اور کھڑے ہو کر دُعاء کرنے میں حکمت یہ ہے،، کہ اس میں خشوع و خضوع زیادہ ہوتا ہے،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اِستسقاء میں نمازِ باجماعت مسنون نہیں مشروع ہے۔

باب — استسقاء کی نماز میں جہر سے قرأت کرنا

۹۷۳ — ترجمہ : عباد بن تمیم نے اپنے چچا سے روایت کی اُنھوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بارش کے لئے دُعا کرنے باہر نکلے آپ قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے جبکہ دُعاء فرما رہے تھے اور اپنی چادر کو اُلٹا پھر دو رکعتیں پڑھیں اور اِن میں جہر سے قرأت فرمائی،،

۹۷۳ — شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ استسقاء کی نماز میں جہر سے قرأت کرنے میں سارے علماء کا اتفاق ہے حدیث ۹۶۱ کی تفہیم میں اس حدیث کی تفصیل مذکور ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پشت شریف لوگوں کی طرف کیسے موڑی —؟

marfat.com

حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ ۹۷۴
عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَمِّهِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَرَجَ يَسْتَسْقِي قَالَ فَحَوَّلَ إِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ يَدْعُو ثُمَّ حَوَّلَ رِدَاءَهُ ثُمَّ صَلَّى لَنَا رَكْعَتَيْنِ جَهَرَ فِيهِمَا بِالْقِرَاءَةِ **بَابُ** صَلٰوةِ الْاِسْتِسْقَاءِ رَكْعَتَيْنِ حَدَّثَنِي قُتَيْبَةُ ۹۷۵
ابْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَمِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَسْقَى فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَقَلَبَ رِدَاءَهُ **بَابُ** الْاِسْتِسْقَاءِ فِي الْمُصَلّٰى

---

۹۷۴ — ترجمہ : عباد بن تمیم نے اپنے چچا سے روائت کی اُنہوں نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس روز دیکھا جبکہ آپ بارش کی دُعا کرنے باہر نکلے تھے،، اُنھوں نے کہا آپ نے لوگوں کی طرف پشت مبارک موڑی اور قبلہ رو ہوکر دُعاء فرمائی پھر اپنی چادر کو اُلٹا پھر ہمیں دو رکعت نماز پڑھائی اور ان میں جہر سے قرأت کی،،

۹۷۴ — شرح : مذکور بالا عنوان کے لئے اس حدیث کا اعادہ کیا اس کے علاوہ اس حدیث میں بخاری رحمہ اللہ کے شیوخ میں بھی مغایرت ہے اور کچھ متنِ حدیث بھی مختلف ہے،،

ظاہر ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر دائیں طرف اُلٹی ہوگی کیونکہ آپ ہر کام کو دائیں جانب سے شروع کیا کرتے تھے،، اور چادر اُلٹنے کا محل خطبہ سے فارغ ہونے کے بعد دُعاء کے وقت ہے،،

باب ـــ استسقاء کی نماز دو رکعتیں ہیں

۹۷۵ — ترجمہ : عباد بن تمیم نے اپنے چچا سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بارش برسنے کے لئے دُعا فرمائی اور دو رکعتیں پڑھیں اور اپنی چادر کو اُلٹا،،

۹۷۵ — شرح : عباد بن تمیم کی تمام روایات میں بخاری کے اساتذہ اور شیوخ مختلف ہیں بایں ہمہ ان سے مسائل کا استنباط بھی مختلف ہے اس لئے اس حدیث میں محض تکرار نہیں جو بے فائدہ ہو،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز اور چادر کا اُلٹنا اکٹھے تھے،، لیکن ہوسکتا ہے کہ قلبِ ردا نماز سے پہلے ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ نماز کے بعد ہو کیونکہ واؤ مطلقاً جمع کے لئے ہے اور وہ ترتیب کو نہیں چاہتی ۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــ عیدگاہ میں بارش کے لئے دُعاء کرنا

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ سَمِعَ عَبَّادَ بْنَ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهٖ
۹۷۶ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُصَلّٰى يَسْتَسْقِیْ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ
وَقَلَبَ رِدَآءَهٗ قَالَ سُفْيٰنُ وَاَخْبَرَنِی الْمَسْعُوْدِیُّ عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ قَالَ جَعَلَ الْيَمِيْنَ عَلَى الشِّمَالِ

بَابُ اِسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ فِی الْاِسْتِسْقَآءِ

۹۷۷ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا
يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَنَّ عَبَّادَ بْنَ تَمِيْمٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدٍ الْاَنْصَارِیَّ
اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الْمُصَلّٰى يُصَلِّیْ وَاَنَّهٗ لَمَّا دَعَا اَوْ اَرَادَ اَنْ يَّدْعُوَ اسْتَقْبَلَ
الْقِبْلَةَ وَحَوَّلَ رِدَآءَهٗ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ هٰذَا مَازِنِیٌّ وَالْاَوَّلُ كُوْفِیٌّ هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ

ترجمہ : عباد بن تمیم کے چچا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ تشریف لے گئے جبکہ آپ بارش کے لئے دُعاء کا ارادہ رکھتے تھے،، آپ نے قبلہ کی طرف منہ کیا اور دو رکعتیں پڑھیں،، اور اپنی چادر کو الٹا سفیان نے کہا مجھے مسعودی نے ابوبکر سے خبر دی اُنھوں نے کہا کہ آپ نے دایاں کنارہ بائیں کنارہ پر کیا۔

۹۷۶ ـــــ شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازِ استسقاء کے لئے عیدگاہ کی طرف جانا مستحب ہے،، کیونکہ اس میں تواضع و انکساری زیادہ ہے۔ نیز وسیع میدان میں لوگ بکثرت سما سکتے ہیں جبکہ ایسے موقعہ پر لوگ بکثرت جمع ہو جاتے ہیں،، یہ حدیث اگرچہ خطبہ پر نماز کی تقدیم پر دلالت کرتی ہے مگر یہ مسئلہ متنازع فیہ نہیں بلکہ دونوں طرح جائز ہے۔ نزاع صرف افضلیت میں ہے اور یہ حدیث بیانِ جواز پر محمول ہے!

باب ـــــ استسقاء کی نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا

۹۷۷ ـــــ ترجمہ : عباد بن تمیم نے خبر دی کہ ان کو عبداللہ بن زید انصاری نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ کی طرف نماز پڑھنے گئے اور جب دعاء فرمائی یا دُعاء کرنے کا ارادہ فرمایا تو قبلہ کی طرف چہرۂ انور کیا اور اپنی چادر کو اُلٹا۔ امام بخاریؒ ابوعبداللہ نے کہا یہ عبداللہ بن زید مازنی ہے اور پہلا کوفی تھا اور وہ ابن یزید ہے!

۹۷۷ ـــــ شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ خطیب کے لئے مسنون طریقہ یہ ہے کہ وہ لوگوں کی طرف متوجہ ہو لیکن استسقاء کی دُعاء کے وقت قبلہ کی طرف مُنہ کرے کیونکہ یہ افضل ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ نے کہا دُعاء کی طرح وضوء، غسل اور دیگر اذکار وغیرہ میں قبلہ رُو ہونا مسنون ہے،، لیکن خطبہ ان سے مخصص کر لیا گیا ہے۔ کما مرّ،،

marfat.com

رَفَعَ النَّاسُ اَيْدِيَهُمْ مَعَ الْاِمَامِ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ وَقَالَ اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ بِلَالٍ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ اَتَى رَجُلٌ اَعْرَابِيٌّ مِنْ اَهْلِ الْبَدْوِ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَتِ الْمَاشِيَةُ هَلَكَ الْعِيَالُ هَلَكَ النَّاسُ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ يَدْعُوْ وَرَفَعَ النَّاسُ اَيْدِيَهُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنَ قَالَ فَمَا خَرَجْنَا مِنَ الْمَسْجِدِ حَتّٰى مُطِرْنَا فَمَا زِلْنَا نُمْطَرُ حَتّٰى كَانَتِ الْجُمُعَةُ الْاُخْرٰى فَاَتَى الرَّجُلُ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَشِقَ الْمُسَافِرُوْنَ مُنِعَ الطَّرِيْقُ بَشِقَ اَيْ مَلَّ وَقَالَ الْاُوَيْسِيُّ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ وَشَرِيْكٍ قَالَا سَمِعْنَا اَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رَاَيْتُ بَيَاضَ اِبْطَيْهِ

باب ـــــ لوگوں کا استسقاء کی نماز میں امام کے ساتھ ہاتھ اُٹھانے

ترجمہ : ایوب بن سلیمان نے کہا مجھے ابوبکر بن ابی اویس نے سلیمان بن بلال سے خبر دی کہ یحییٰ بن سعید نے کہا میں نے انس بن مالک کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ ایک اعرابی شخص جو دیہات کا رہنے والا تھا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جمعہ کے دن آیا اور عرض کیا یا رسُول اللہ! مویشی ہلاک ہوگئے بال بچے ہلاک ہوگئے اور لوگ ہلاک ہوگئے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ مبارک دُعا کے لئے اُٹھائے اور لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ دُعا کے لئے ہاتھ اُٹھائے، حضرت انس نے کہا ہم مسجد سے نہ نکلے تھے حتیٰ کہ بہت بارش ہوئی اور ہم پر بارش ہوتی رہی حتیٰ کہ دُوسرا جمعہ آگیا تو وہی شخص نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر عرض کرنے لگا یا رسُول اللہ! مسافر تنگ ہوگئے اور راستے بند ہوگئے۔

شرح : استسقاء میں ہاتھ اُٹھا کر دُعا کرنا مسنون ہے کیونکہ اس طرح اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری کا اظہار ہوتا ہے۔ ایک روائت میں ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ بہت ہی حیاء والا ہے۔ جب کوئی شخص ہاتھ اُٹھا کر دُعا کرے تو اسے حیاء آتی ہے کہ اس کے ہاتھ خالی واپس کر دے،، امام مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ استسقاء میں ہاتھ اُٹھائے اور ہتھیلیاں زمین کی طرف کرلے کیونکہ خوف و ہراس اور نہایت ہی خشوع کے وقت اس طرح کیا جاتا ہے۔ البتہ رغبت و سوال کے وقت راغب ہاتھوں کو سیدھا اُٹھاتے ہیں؛ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "یَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًا"، شرح مسلم میں امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کسی مصیبت، قحط وغیرہ کے دفع کے لئے ہاتھ اُٹھا کر دُعا کریں تو ہاتھوں کی پشتیں آسمان کی طرف ہوں اور اگر کسی شئ کے سوال اور اس کے حصول کے لئے دُعا کریں تو ہتھیلیاں آسمان کی طرف کریں۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

بَابُ رَفْعِ الْاِمَامِ يَدَهٗ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ

٩٧٨ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى وَابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ دُعَائِهٖ اِلَّا فِي الْاِسْتِسْقَاءِ وَاِنَّهٗ يَرْفَعُ حَتّٰى يُرٰى بَيَاضُ اِبْطَيْهِ

بَابُ مَا يُقَالُ اِذَا مُطِرَتْ

٩٧٩ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَصَيِّبٍ اَلْمَطَرُ وَقَالَ غَيْرُهٗ صَابَ وَاَصَابَ يَصُوْبُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ

باب ـــــ استسقاء میں امام کا اپنے ہاتھ اُٹھانا

ترجمہ ـــ ٩٧٨ : انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم استسقاء کے سوا کسی دُعاء میں ہاتھ نہ اُٹھاتے تھے اور استسقاء میں ہاتھ اُٹھاتے حتیٰ کہ آپ کی بغلوں کی سپیدی دیکھی جاتی تھی۔

شرح ـــ ٩٧٨ : بظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم صرف استسقاء میں ہی ہاتھ اُٹھا کر دُعا فرماتے تھے۔ حالانکہ واقعات اس کے خلاف ہیں جبکہ بکثرت یہ دیکھا گیا ہے کہ استسقاء کے سوا بے شمار مقامات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اُٹھا کر دُعاء فرمائی ،، لہٰذا اس حدیث کی تاویل کے بغیر کوئی دوسری صُورت نہیں اور یہ کہا جائے کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم استسقاء کے سوا کسی اور دُعاء میں اس قدر مبالغہ سے ہاتھ نہ اُٹھاتے حتیٰ کہ آپ کی بغلوں کی سپیدی دیکھی جائے،، یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ حدیث کے راوی نے آپ کو ہاتھ اُٹھاتے نہ دیکھا ہو جبکہ اور لوگوں نے دیکھا ہو،، واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ جب بارش ہو تو کیا کہا جائے

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا "کَصَيِّبٍ" بارش ہے ،، ابن عباس کے غیر نے کہا صاب اور اصاب یصوب برابر ہیں۔

ترجمہ ـــ ٩٧٩ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ وسلم جب بارش دیکھتے تو فرماتے اے اللہ سودمند بارش برسا،، اس کی قاسم بن یحییٰ نے عبید اللہ سے متابعت کی اور اوزاعی اور عُقیل نے نافع سے اس کی روایت کی۔

شرح ـــ ٩٧٩ : یعنی ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا قرآن مجید میں مذکور "اَوْ كَصَيِّبٍ

marfat.com

محمد عن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا رأى المطر قال اللهم صيبا نافعا تابعه القاسم بن يحيى عن عبيد الله ورواه الاوزاعي وعقيل عن نافع

باب من تمطر في المطر حتى يتحادر على لحيته

٩٨٠ حدثنا محمد بن مقاتل قال اخبرنا عبد الله قال اخبرنا الاوزاعي قال حدثنا اسحاق بن عبد الله بن ابي طلحة الانصاري قال حدثني انس بن مالك قال اصابت الناس سنة على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم

من السماء" سے مراد بارش ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو حدیث میں مذکور "صیبا نافعا" کی مناسبت سے ذکر کیا ہے ،، اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے غیر نے کہا کہ یہ اجوف واوی ہے لیکن "اصاب یصوب" نہیں کہا جاتا ،، صاب یصوب اور اصاب یصیب ،، کہا جاتا ہے ،، اور مجرد اور مزید ہم معنیٰ ہیں اور ابن عباس کے غیر کے کلام میں اس طرف اشارہ ہے کہ اس کا اشتقاق اجوف واوی سے ہے ! قولہ ،، صیبا نافعا ،، اصل میں "اللھم اجعل صیبا نافعا" ہے ۔ ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب آسمان کے افق میں بادل رونما ہونا دیکھتے تو سب کام ترک کر دیتے اگرچہ نماز پڑھتے ہوتے تو اس سے فارغ ہو کر فرماتے اے اللہ! میں تیرے ذریعہ اس کی شر سے پناہ چاہتا ہوں اور اگر بارش شروع ہو جاتی تو فرماتے اے اللہ ! نفع دینے والی بارش برسا!

باب ـــــ جو کوئی بارش میں کھڑا رہا حتیٰ کہ اس کی داڑھی سے قطرے ٹپکنے لگے ،،

٩٨٠ ـــــ ترجمہ : انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں سخت قحط پڑا ایک دفعہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن منبر پہ خطبہ دے رہے تھے اور ایک اعرابی کھڑا ہو گیا اور عرض کیا یا رسول اللہ! مال ہلاک ہو گئے اور بال بچے بھوکے مرنے لگے ۔ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ ہم پہ بارش برسائے ۔ انس نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ مبارک اٹھائے جبکہ آسمان میں بادل کا ٹکڑا بھی نہ تھا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا بادل پہاڑوں جیسا اٹھا ابھی آپ منبر شریف سے نہ اترے کہ میں نے بارش کو دیکھا کہ وہ آپ کی داڑھی مبارکہ سے ٹپک رہی تھی دن بھر بارش ہوتی رہی اور کل پرسوں اور اس کے بعد دوسرے جمعہ تک بارش ہوتی رہی پھر وہی اعرابی یا کوئی دوسرا شخص کھڑا ہوا ۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ! مکانات گر گئے مویشی ڈوبنے لگے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ سے ہمارے لئے دعا فرمائیں ۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ مبارک اٹھائے اور فرمایا ! اے اللہ! ہمارے گرداگرد

marfat.com

فَبَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَامَ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَ الْمَالُ وَجَاعَ الْعِيَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا اَنْ يَسْقِيَنَا قَالَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ وَمَا فِي السَّمَاءِ قَزَعَةٌ قَالَ فَثَارَ سَحَابٌ اَمْثَالُ الْجِبَالِ ثُمَّ لَمْ يَنْزِلْ عَنْ مِنْبَرِهِ حَتّٰى رَاَيْتُ الْمَطَرَ يَتَحَادَرُ عَلَى لِحْيَتِهِ قَالَ فَمُطِرْنَا يَوْمَنَا ذٰلِكَ وَمِنَ الْغَدِ وَمِنْ بَعْدِ الْغَدِ وَالَّذِي يَلِيْهِ اِلَى الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى فَقَامَ ذٰلِكَ الْاَعْرَابِيُّ اَوْ رَجُلٌ غَيْرُهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ وَغَرِقَ الْمَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا قَالَ فَمَا جَعَلَ يُشِيْرُ بِيَدَيْهِ اِلٰى نَاحِيَةٍ مِنَ السَّمَاءِ اِلَّا تَفَرَّجَتْ حَتّٰى صَارَتِ الْمَدِيْنَةُ فِي مِثْلِ الْجَوْبَةِ حَتّٰى سَالَ الْوَادِيْ وَادِيْ قَنَاةَ شَهْرًا قَالَ فَلَمْ يَجِئْ اَحَدٌ مِنْ نَاحِيَةٍ اِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ ۹۸۱ بَابُ اِذَا هَبَّتِ الرِّيْحُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَتِ الرِّيْحُ الشَّدِيْدَةُ اِذَا هَبَّتْ عُرِفَ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بارش برسا ہم پر نہ برسا،، حضرت انس نے کہا کہ آپ آسمان کی کسی طرف اپنے دستِ اقدس سے اشارہ نہ فرماتے مگر بادل پھٹ جاتا حتیٰ کہ مدینہ منورہ ڈھال کی طرح ہوگیا اور وادی قنات مہینہ بھر بہتی رہی،، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کسی طرف سے کوئی شخص نہ آتا مگر وہ کثرتِ بارش کی خبر دیتا،،

۹۸۰ ــــ شرح : حدیث ۸۹۲ کی تفہیم میں اس کی تفصیل گزری ہے "تَمَطَّرَ" کا معنیٰ یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بارش میں قصداً کھڑے رہے ورنہ منبر سے اُتر آتے جبکہ مسجد کی چھت سے پانی بہنا شروع ہوا لیکن آپ خطبہ دینے میں مشغول رہے حتیٰ کہ بارش زیادہ ہوگئی اور آپ کی داڑھی مبارک سے پانی بہنے لگا۔

باب ــــ جب ہوا چلے

۹۸۱ ــــ ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب سخت ہوا چلتی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پہ اس کا اثر پہچانا جاتا تھا!

۹۸۱ ــــ شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے گناہوں کے باعث ان کو عقوبت اور عذاب پہنچنے کا خوف کرتے تھے جیسے ان لوگوں کو عذاب پہنچا جنہوں نے یہ کہا تھا کہ یہ بادل ہم پہ بارش برسائے گا اور بارش کی جگہ ان پر آگ برسی،، اس لئے جب تیز ہوا چلتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پہ خوف کے آثار ظاہر ہوتے اور آپ کا چہرۂ انور متغیر ہو جاتا،، ابو یعلی نے صحیح اسناد کے ساتھ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سخت تیز ہوا چلنے کے وقت فرماتے،، اے اللہ جس کا اس ہوا کو حکم دیا گیا ہے میں اس کی خیر کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے پناہ چاہتا

marfat.com

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُصِرْتُ بِالصَّبَا

حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ **۹۸۲**
نُصِرْتُ بِالصَّبَا وَأُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُورِ

ہوں،، بخاری میں حمید کی روائت میں یہ زیادتی نہیں مگر یہ زیادتی قابلِ قبول ہے جبکہ اس کے راوی ثقہ ہیں،، یہ امر مسلّم الثبوت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے وعدہ کیا ہے کہ وہ آپ کی امّت کو پہلی امتوں کی طرح ہلاک نہیں کرے گا بایں ہمہ سیّدِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے چہرۂ انور پر خوف کے آثار ظاہر ہونا امّت کی تعلیم کے لئے ہے کہ وہ خالق کائنات کے قہر و غضب سے مامون نہ ہوں اور ڈرتے رہیں جو انسانی فطرت کا مقتضیٰ ہے۔

واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ نبئ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد بادِ صبا سے میری مدد کی گئی،،

ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبئ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا بادِ صباء سے میری مدد کی گئی اور پچھم کی ہوا سے قومِ عاد کو ہلاک کیا گیا،،

۹۸۲ ـــــ

شرح : مشرق کی طرف سے چلنے والی ہوا کو صباء اور مغرب کی طرف سے چلنے والی ہوا کو دبور کہا جاتا ہے اور وہ صباء کے مقابل ہوتی ہے،، عاد ایک قبیلہ ہے اور وہ ہود علیہ السّلام کی قوم ہے۔ ایک روائت میں ہے جب احزاب نے مدینہ منوّرہ کا محاصرہ کیا اور صحابہ کرام کے مشورہ سے آپ نے مدینہ منورہ کے گرد خندق کھدوا دی،، تو مشرق کی طرف سے سخت ٹھنڈی زوردار ہوا چلی جس نے مشرکوں کے خیمے اکھیڑ کر رکھ دیئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا اور وہ مرعوب ہو کر بھاگ گئے اسی ہوا نے سیّدنا یوسف علیہ السّلام کی خوشبو بشیر کے کنعان میں جانے سے پہلے پہنچا دی تھی،، اس سے ہر غمگین کو راحت ہوتی ہے۔ ابو عبیدہ نے کہا صباء سے لذّت و سرور حاصل ہوتا ہے اور دبور مصائب و بلایا کو اُٹھا کر لاتی ہے۔ یہ کم از کم تیز غبار اور آندھی ہے جو آنکھوں کو مٹّی سے بھر دیتی ہے،، اللہ تعالیٰ نے جب قوم عاد پر غضب و قہر کا ارادہ کیا تو ان کے پُر رونق شہروں کو ویران کر دیا اور ان پر دبور کو بھیجا جس نے ان کو ہلاک کر دیا اور آٹھ روز اور سات راتیں برابر چلتی رہی اور بُدھ کے روز شروع ہو کر آٹھویں روز شام کو رُکی،، اور ہود علیہ السلام مومنوں کو ساتھ لے کر پست زمین میں چلے گئے تھے ان کو صرف اس قدر ہوا پہنچی تھی جس سے ارواح کو آرام پہنچے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تحدیثِ نعمت کے طور پر اپنے فضائل بیان کرنے جائز ہیں جبکہ اس میں افتخار و اکبار مقصود نہ ہو اور پہلی امتوں کے اخبار اور ان کی ہلاکتوں کا ذکر کرنا جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

۹۸۳ باب مَا قِيلَ فِي الزَّلَازِلِ وَالْآيَاتِ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُقْبَضَ الْعِلْمُ وَتَكْثُرَ الزَّلَازِلُ

۹۸۴ وَيَتَقَارَبَ الزَّمَانُ وَتَظْهَرَ الْفِتَنُ وَيَكْثُرَ الْهَرْجُ وَهُوَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ حَتّٰى يَكْثُرَ فِيكُمُ الْمَالُ فَيَفِيضَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا وَفِي يَمَنِنَا

باب ــــ زلزلوں اور علاماتِ قیامت میں جو ارشاد کیا گیا ،،

۹۸۳ ــــ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی۔ حتیٰ کہ علم اُٹھا یا جائے گا ،، زلزلے بکثرت ہوں گے، زمانہ قریب ہوجائے گا، فتنوں کا ظہور ہوگا اور قتل عام ہوجائے گا۔ (ہرج قتل ہے) اور مال بہت زیادہ ہوجائے گا اور عام ہوجائے گا۔

۹۸۳ ــــ شرح : اس باب کو استسقاء میں اس مناسبت سے ذکر کیا کہ عموماً زلزلے وغیرہ بارش کے وقت رُونما ہوتے ہیں اور "آیات" سے مراد قیامت کے علامات یا اللہ تعالیٰ کی قدرت کے علامات ہیں ،، قبضِ علم علماء کی موت اور جہلاء کی کثرت سے ہوتا ہے۔ لوگوں کے گناہوں کے باعث تخویف و انذار کے لئے اللہ تعالیٰ علامات کا اظہار فرماتا ہے۔ قرآن کریم میں ہے" ہم آیات نہیں بھیجتے مگر تخویف کے لئے ،، چنانچہ مدینہ منورہ میں جب زلزلہ آیا تو سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اے طَیْبَہ کے رہنے والو! تم نے کیا گناہ کئے ہیں اللہ کی قسم اگر زلزلہ دو بارہ آیا تو میں تم میں سے باہر نکل جاؤں گا ،، کیونکہ ان کو یہ ڈر تھا کہ ان کے ساتھ وہ بھی عقوبت اور عذاب کی لپیٹ میں آجائیں ،،

"یتقارب الزمان" کا معنیٰ یہ ہے کہ قیامت قریب آجائے گی اور قتل و غارت اس کی علامت ہے ،، یا اوقات کی مدت عادت سے کم ہوجائے گی جیسا کہ مروی ہے کہ سال مہینہ کی طرح مہینہ ہفتہ کی طرح اور ہفتہ دن کی طرح اور دن گھڑی کی طرح گزریں گے یا برکت نہ ہونے سے عمریں چھوٹی ہوجائیں گی یا فتنہ فساد کے غالب ہوجانے سے لوگوں کے احوال کے اور صفات بُرے کاموں میں ایک دوسرے کے قریب ہوجائیں گی "فَاعْتَبِرُوْا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ"

---

۹۸۴ ــــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم) فرمایا! اے اللہ! ہمارے شام میں برکت فرما اور ہمارے یمن میں برکت فرما عبداللہ نے کہا لوگوں نے کہا اور ہمارے نجد میں بھی ، حضرت عبداللہ بن عمر نے کہا آپ نے فرمایا اے اللہ ہمارے شام اور یمن میں برکت فرما لوگوں نے کہا" ہمارے نجد میں بھی ،، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا آپ نے فرمایا نجد میں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہیں سے شیطان کا سینگ رونما ہوگا (جو لوگوں کو گمراہ کرے گا)

marfat.com

قال قالوا وفی نجدنا قال قال اللّٰھم بارک لنا فی شامنا وفی یمننا قالوا وفی نجدنا قال ھنالک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطان **باب** قول اللہ عزوجل وتجعلون رزقکم انکم تکذبون قال ابن عباس شکرکم **حدثنا** ۹۸۵
اسمٰعیل قال حدثنی مالک عن صالح بن کیسان عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ بن مسعود عن زید بن خالد الجھنی انہ قال صلی لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلاۃ الصبح بالحدیبیۃ علی اثر سماء کانت من اللیلۃ فلما انصرف النبی صلی اللہ علیہ وسلم اقبل علی الناس فقال ھل تدرون ماذا قال ربکم قالوا اللہ ورسولہ اعلم قال اصبح من عبادی مؤمن بی وکافر فاما من قال مطرنا بفضل اللہ ورحمتہ فذلک مؤمن بی وکافر بالکوکب واما من قال بنوء کذا وکذا فذلک کافر بی مؤمن بالکوکب

---

۹۸۴ ــــ

شرح : یمن اور شام دو ملک ہیں اور نجد ،، تہامہ سے عراق کی طرف اونچی جگہ ہے ،، ان کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء اس لئے نہیں فرمائی کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی عاقبت کا علم تھا اور آپ جانتے تھے کہ اس علاقہ کا مقدر فتنہ و فساد ہو چکا ہے ،، اور اس خطہ کی تقدیر میں عقوبات شامل ہو چکی ہیں اس لئے ان حالات کا علم ہوتے ہوئے فطرت کا مقتضیٰ یہ ہے کہ ان کو دعاء سے محروم کیا جائے ،، قسطانی ،،

نیز علامہ قسطلانی نے کہا کہ زلزلہ کے وقت مستحب یہ ہے کہ لوگ خشوع و خضوع سے دعاء کریں اسی طرح بجلی کڑکنے سخت آندھی آنے کے وقت بھی دعاء کریں اور علیحدہ علیحدہ نوافل پڑھیں تاکہ وہ غفلت سے دور رہیں اور زلزلہ میں نماز باجماعت مشروع نہیں اور جس حدیث میں زلزلہ کے وقت نماز باجماعت کا ذکر ہے۔ علامہ نووی رحمہ اللہ نے کہا کہ وہ حدیث صحیح نہیں ہے اور زلزلہ کے وقت جنگل کی طرف نکلنا مسنون ہے ،،

واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب ــــ تم اپنا حصہ یہ کرتے ہو کہ تم میری تکذیب کرتے ہو ابن عباس نے کہا رزق سے مراد شکر ہے"

ترجمہ : زید بن خالد جہنی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ ۹۸۵
میں رات بارش ہونے کے بعد ہم کو صبح کی نماز پڑھائی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے کیا کہا ہے؟ لوگوں نے کہا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں ،، فرمایا میرے بندوں نے صبح کی ان میں سے بعض میرے ساتھ ایمان لاتے ہیں اور بعض کفر کرتے ہیں جن لوگوں نے یہ کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت سے بارش ہوئی وہ میرے ساتھ ایمان رکھتے ہیں اور ستارے کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور جنہوں نے یہ کہا کہ فلاں ستارہ کے باعث بارش

marfat.com

۹۸۶ خمس لا یعلمهن الا اللہ ثم قرأ ان اللہ عندہ علم الساعۃ الآیۃ۔ باب لا یدری متی یجیء المطر الا اللہ عز وجل وقال ابوھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا محمد بن یوسف قال حدثنا سفین عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم مفاتح الغیب خمس لا یعلمها الا اللہ لا یعلم احد ما یکون فی غد ولا یعلم احد ما یکون فی الارحام ولا تعلم نفس ماذا تکسب غدا وما تدری نفس بای ارض تموت وما یدری احد متی یجیء المطر

ہوئی وہ میرے ساتھ کفر اور ستارے پر ایمان رکھتے ہیں۔

۹۸۵ — شرح : اس حدیث کی باب کے ساتھ مناسبت یوں ہے کہ جاہلیت میں لوگ غیر اللہ کی طرف افعال کی نسبت کیا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ستارے ان پر بارش برساتے ہیں اور یہی ان کو رزق دیتے ہیں اس عقیدہ میں صراحتاً الوہیت کی تکذیب ہے اور یہ کفر ہے" اسی لئے اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو بارش جو لوگوں کی زندگی کا سہارا ہے کی نسبت ستاروں کی طرف کرنے سے منع کر دیا اور ان کو حکم دیا کہ وہ اس کی نسبت اللہ کی طرف کریں کیونکہ یہ ان پر اللہ کی نعمت ہے وہ اس کا شکر ادا کریں

الحاصل ستارہ کو بارش کرنے میں مؤثر ماننا کفر ہے اور اگر اس کو محض علامت قرار دیا جائے جیسے ٹھنڈی ہوا چلنے اور بادلوں کے اُمنڈ آنے کو بارش کی علامت کہا جاتا ہے تو یہ کفر نہیں ہے۔

باب — اللہ کے سوا بذاتِ خود کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب ہوگی "

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ پانچ امور کو اللہ کے سوا (بذات خود) کوئی نہیں جانتا "

۹۸۶ — ترجمہ : حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غیب کی مفتاح پانچ ہیں جن کو صرف خدا ہی جانتا ہے (بذات خود) کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا اور کوئی نہیں جانتا کہ عورتوں کے ارحام میں کیا ہے اور کوئی نفس نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کرے گا اور وہ نہیں جانتا کہ کس زمین میں مرے گا اور کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب آئے گی"

۹۸۶ — شرح : مغیبات جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا وہ کثیر ہیں چنانچہ قرآن کریم میں ہے" ومایعلم جنود ربك الا هو "، اور ان پانچ امور کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ اس وقت لوگوں کا عقیدہ تھا کہ وہ ان پانچ غیوب کو جانتے ہیں یا وہ اپنے کاہنوں سے

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَبْوَابُ الْكُسُوْفِ

۹۸۶ بَابُ الصَّلٰوةِ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجُرُّ رِدَآءَهٗ حَتّٰى دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَدَخَلْنَا فَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى انْجَلَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا وَادْعُوْا حَتّٰى يُكْشَفَ مَا بِكُمْ

ان پانچوں سے متعلق سوال پوچھتے تھے اور کاہن ان کے علم کا دعویٰ کرتے تھے اس لئے ان کی تردید کرتے ہوئے یہ فرمایا مگر یہ خیال رہے کہ ان امورِ خمسہ کو بذاتِ خود کوئی نہیں جانتا اور اگر اللہ تعالیٰ اپنے مقرب بندے کو ان کا علم عنایت کرے تو یہ اس کے منافی نہیں چنانچہ تفسیراتِ احمدیہ میں ملا جیون رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے تحت ذکر کیا کہ ان پانچ کے علم میں اگرچہ کسی کو دخل نہیں لیکن جائز ہے کہ اپنے محبت کرنے والوں اور اولیاء کو ان کا علم بتادے۔ کتاب الایمان میں حدیث ۴۷ کی تفہیم میں اس کی تشریح مذکور ہے "

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس آیت کریمہ میں نجومیوں کی خرافات کہ ان کو غیب کا علم ہے کا ردِ بلیغ ہے لہٰذا جس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی بیان کی ہوئی اخبار میں یہ دعویٰ کیا کہ ان کے علم میں اللہ تعالیٰ متفرد ہے اُس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی تکذیب کی اور یہ کفر ہے اور اس کا قائل کافر ہے!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ الْكُسُوْفِ

باب ـــــ سورج گرہن میں نماز پڑھنا

۹۸۷ ـــــ ترجمہ : ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے اچانک سورج کو گرہن لگ گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چادر شریف کو کھینچتے ہوئے اُٹھے اور مسجد شریف میں تشریف لے گئے ہم بھی مسجد میں چلے گئے آپ نے ہم کو دو رکعتیں پڑھائیں حتیٰ کہ سورج کھل گیا "، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند کسی کی موت کی وجہ سے بے نور نہیں ہوتے جب تم ان کو دیکھو تو نماز پڑھو اور سورج کھل جانے تک اللہ تعالیٰ سے دعاء کرتے رہو۔

marfat.com

۹۸۸ شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ وَلٰكِنَّهُمَا اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ فَاِذَا

۹۸۹ رَاَيْتُمُوْهَا فَقُوْمُوْا فَصَلُّوْا حَدَّثَنَا اَصْبَغُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُخْبِرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهٖ وَلٰكِنَّهُمَا اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا فَصَلُّوْا

مشرح : سُورج گرہن میں نماز مشروع ہے اور کتاب وسنت اور اجماع سے ثابت ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ،، گرہن خوف دلانے والی آئت ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے کہ وہ اس کی طاعت کریں جس میں ان کی کامیابی ہے اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " جب تم اس قسم کی گھبراہٹ میں ڈالنے والی کوئی شئ دیکھو تو نماز پڑھو" اور ساری اُمت کا اس پر اتفاق ہے کہ گرہن کے وقت نماز پڑھنے میں کسی کا اختلاف نہیں۔ کسوف کی نماز مسنون ہے واجب نہیں اوقاتِ مکروہہ کے سوا ہر وقت پڑھی جاسکتی ہے ،، امام مالک کا مذہب بھی یہی ہے۔ امام شافعی کے نزدیک مکروہ اوقات میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔ امام ابو حنیفہ، ابو یُوسف اور محمد رضی اللہ عنہم کے نزدیک کسوف کی نماز دوسری نمازوں کی طرح ہے۔ اس کی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے ہیں ،، اس کی دلیل نعمان بن بشیر کی حدیث ہے کہ سُورج، چاند کو اگر گرہن لگ جائے تو تم نماز پڑھو جیسے تم نے ابھی ابھی نماز پڑھی ہے یعنی صبح کی نماز کی طرح نماز پڑھو ،، مذکور حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صلوٰۃِ کسوف دو رکعتیں ہیں ،، صحابہ کی جماعت نے اس کی نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی ہے اور ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے ہیں ،،

---

۹۸۸ — **ترجمہ** : ابو مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شمس و قمر لوگوں میں سے کسی شخص کی موت کے سبب بے نور نہیں ہوتے لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے دو علامتیں ہیں تم جب ان کو دیکھو تو کھڑے ہو کر نماز پڑھو!

۹۸۹ — **ترجمہ** : حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے وہ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دیتے ہیں کہ سُورج اور چاند کسی شخص کی موت اور حیات کی وجہ سے بے نور نہیں ہوتے لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے دو علامتیں ہیں جب ان کو دیکھو تو نماز پڑھو!

۹۸۸ — ۹۸۹ — **شرح** : ان دونوں حدیثوں میں اہلِ جاہلیت کے باطل عقیدہ کا رد ہے کہ کسی عظیم شخص کی موت کے باعث سُورج کو گرہن لگتا ہے ،، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا رد کرتے ہُوئے فرمایا کہ خالق کائنات کی آیات سے یہ علامتیں ہیں اور وہ ان کے ساتھ اپنے بندوں کو خوف دلاتا ہے اس لئے جب گرہن لگے تو لوگ نماز میں مشغول ہو جائیں۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے کہا نماز متعین نہیں ہے بلکہ لوگ نماز پڑھیں یا دُعاء کریں کیونکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " فَصَلُّوْا وَادْعُوْا " ، واللہ تعالیٰ ورسُولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

۹۹۰ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ فَقَالَ النَّاسُ كَسَفَتِ الشَّمْسُ لِمَوْتِ اِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ

۹۹۱ فَاِذَا رَاَيْتُمْ فَصَلُّوْا وَادْعُوا اللّٰهَ

بَابُ الصَّدَقَةِ فِي الْكُسُوْفِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

---

۹۹۰ ترجمہ : مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں جس روز آپ کا شاہزادہ ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال تو سورج کو گرہن لگا لوگوں نے کہا حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی وفات کے باعث گرہن لگا ہے،، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند کسی شخص کی موت اور نہ ہی کسی کے پیدا ہونے سے بے نور ہوتے ہیں،، جب تم یہ دیکھو تو نماز پڑھو اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرو،،

۹۹۰ شرح : شاہزادہ ابراہیم علیہ السلام آٹھ ہجری ذوالحجہ کے مہینہ میں ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے بطن شریف سے مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور دس ہجری کو ذوالحجہ میں انتقال فرما گئے اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔ یہ خیال رہے کہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں موجود تھے جبکہ اسی مہینہ میں آپ مکہ مکرمہ میں تھے اور آخر ماہ میں مدینہ منورہ تشریف لے آئے تھے۔ غالباً شاہزادہ کی وفات بھی آخر ماہ میں تھی۔ رضی اللہ عنہ۔

باب ـــ سورج گرہن کے وقت صدقہ وخیرات کرنا

۹۹۱ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ عہدِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سورج کو گرہن لگا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی آپ نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور لمبا قیام کیا پھر رکوع فرمایا اور لمبا رکوع کیا پھر کھڑے ہوئے اور لمبا قومہ کیا جو پہلے قیام سے کچھ کم تھا پھر رکوع فرمایا اور لمبا رکوع کیا جو پہلے رکوع سے قدرے کم تھا پھر سجدہ کیا اور لمبا سجدہ کیا پھر پہلی رکعت کی طرح دوسری رکعت میں کیا پھر نماز سے پھر گئے (فارغ ہو گئے) حالانکہ سورج روشن ہو چکا تھا آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء فرمائی پھر فرمایا سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی آیات سے دو علامتیں ہیں جو کسی کی موت اور پیدائش کے باعث بے نور نہیں ہوتے تم جب ان کو دیکھو تو اللہ تعالیٰ سے دعاء کرو تکبیر کہو، نماز پڑھو اور خیرات کرو پھر فرمایا اے اُمتِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کی قسم کوئی بھی اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیور نہیں کہ اس کا بندہ یا بندی زناء کرے اے امتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم اگر تم وہ جان لو

marfat.com

بِالنَّاسِ فَقَامَ فَأَطَالَ الْقِيَامَ ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوعَ ثُمَّ قَامَ فَأَطَالَ الْقِيَامَ وَهُوَ دُونَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الرُّكُوعَ وَهُوَ دُونَ الرُّكُوعِ الْأَوَّلِ ثُمَّ سَجَدَ فَأَطَالَ السُّجُودَ ثُمَّ فَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُخْرَى مِثْلَ مَا فَعَلَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذٰلِكَ فَادْعُوا اللّٰهَ وَكَبِّرُوا وَصَلُّوا وَتَصَدَّقُوا ثُمَّ قَالَ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ أَنْ يَزْنِيَ عَبْدُهُ أَوْ تَزْنِيَ أَمَتُهُ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا أَبَابُ النِّدَاءِ بِالصَّلٰوةِ جَامِعَةٌ فِي الْكُسُوفِ

۹۹۲ حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ قَالَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامِ بْنِ أَبِي سَلَّامٍ الْحَبَشِيُّ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ الزُّهْرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَقَالَ لَمَّا كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُودِيَ إِنَّ الصَّلٰوةَ جَامِعَةٌ

جو میں جانتا ہوں تو تھوڑا ہنسو اور زیادہ روؤ ،،

۹۹۱ — **شرح** : اللہ تعالیٰ کی غیرت کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ زانی پر سخت غضب کا اظہار کرتا ہے، جیسے مالک کو اپنے مملوک پر غصہ آتا ہے جبکہ وہ قبیح حرکت کرے ،، اس عبارت کا پہلے کلام سے تعلق یہ ہے ،، کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو جب گرہن سے ڈرایا اور ان کو اللہ تعالیٰ کے حضور خیرات کرنے کی ترغیب دلائی تو یہ ارادہ فرمایا کہ ان کو گناہوں سے روکیں اور ان میں سے زنا کو اس لئے خصوصیت سے ذکر کیا کہ نفس دوسرے گناہوں کی نسبت زنا کی طرف زیادہ مائل ہوتا ہے۔ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ گرہن کے وقت خیرات کرنا مستحب امر ہے۔ باقی تقریر حدیث ۹۸۷ کی تفہیم میں دیکھیں ،،

باب — سورج گرہن میں یہ اعلان کرنا کہ نماز کے لئے جمع ہو جاؤ ،،

۹۹۲ — **ترجمہ** : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سورج کو گرہن لگا تو لوگوں میں اعلان کیا گیا کہ نماز جامع ہے (حاضر ہے)

۹۹۲ — **شرح** : سورج گرہن کی نماز کے لئے اذان و اقامت نہیں صرف اس جملہ کے ساتھ ،، اَلصَّلٰوةُ جَامِعَةٌ ،، لوگوں میں اعلان کیا جاتا ہے یعنی نماز کے لئے حاضر ہو جاؤ درآنحالیکہ یہ جماعت کی جامعہ ہے۔

marfat.com

بَابُ خُطْبَةِ الْإِمَامِ فِي الْكُسُوفِ وَقَالَتْ عَائِشَةُ وَأَسْمَاءُ خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۹۹۳ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فِي حَيَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ قَالَ فَصَفَّ النَّاسُ وَرَاءَهُ فَكَبَّرَ فَاقْتَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِرَاءَةً طَوِيلَةً ثُمَّ كَبَّرَ فَرَكَعَ رُكُوعًا طَوِيلًا ثُمَّ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقَامَ وَلَمْ يَسْجُدْ وَقَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيلَةً هِيَ أَدْنَى مِنَ الْقِرَاءَةِ الْأُولَى ثُمَّ كَبَّرَ وَرَكَعَ رُكُوعًا طَوِيلًا وَهُوَ أَدْنَى مِنَ الرُّكُوعِ الْأَوَّلِ ثُمَّ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ قَالَ فِي الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ فَاسْتَكْمَلَ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فِي أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ وَانْجَلَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ أَنْ يَنْصَرِفَ ثُمَّ قَامَ فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ هُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهَا فَافْزَعُوا إِلَى الصَّلَاةِ وَكَانَ يُحَدِّثُ كَثِيرُ بْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَدِّثُ يَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ بِمِثْلِ حَدِيثِ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ فَقُلْتُ لِعُرْوَةَ أَنَّى أَخَالَكَ وَيَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ بِالْمَدِينَةِ لَمْ يَزِدْ عَلَى رَكْعَتَيْنِ مِثْلَ الصُّبْحِ فَأَجَلْ إِنَّهُ أَخْطَأَ السُّنَّةَ

باب سُورج گرہن کی نماز میں امام کا خطبہ دینا

ام المؤمنین عائشہ اور اسماء رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ زوجہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں سُورج کو گرہن لگا تو آپ مسجد میں تشریف لائے اور لوگوں نے آپ کے پیچھے صفیں باندھیں جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لمبی قرأت فرمائی پھر تکبیر کہی اور لمبا رکوع فرمایا پھر "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" فرمایا اور کھڑے رہے اور سجدہ نہ کیا اور لمبی قرأت فرمائی جو پہلی قرآءت سے قدرے کم تھی پھر تکبیر کہی اور لمبا رکوع کیا جبکہ وہ پہلے رکوع سے قدرے کم لمبا تھا پھر "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" اور "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" فرمایا پھر سجدہ کیا پھر دوسری رکعت میں بھی اسی طرح کیا اور (دونوں رکعتوں میں) چار رکوع اور چار سجدے کئے، اور آپ کے فارغ ہونے سے پہلے سُورج روشن ہوگیا پھر آپ کھڑے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد فرمائی جس کے وہ لائق ہے پھر فرمایا اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے یہ دو علامتیں ہیں کسی کی موت اور حیات کی وجہ سے یہ بے نور نہیں ہوتے۔ تم جب ان کو دیکھو تو التجاء کرتے ہوئے نماز پڑھو، کثیر بن عباس بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سُورج کے گرہن کے دن کی خبر ام المؤمنین عائشہ سے عروہ کی حدیث جیسی خبر دے رہے تھے۔ میں نے عروہ سے کہا کہ جس روز مدینہ منورہ میں سُورج کو گرہن لگا تھا کیا تیرے بھائی نے صبح کی نماز کی طرح دو رکعتوں سے زیادہ نماز نہ پڑھی تھی؟ اُس نے کہا جی ہاں کیونکہ اُنھوں نے سنت میں غلطی کی ہے۔

۹۹۳

marfat.com

بَابٌ هَلْ يُقَوْلُ كَسَفَتِ الشَّمْسُ اَوْ خَسَفَتْ وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَخَسَفَ الْقَمَرُ

۹۹۴ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ ثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى يَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ فَكَبَّرَ فَقَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقَامَ كَمَا هُوَ ثُمَّ قَرَأَ قِرَاءَةً طَوِيْلَةً وَهِیَ اَدْنٰى مِنَ الْقِرَاءَةِ الْاُوْلٰى ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهِیَ اَدْنٰى مِنَ الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى ثُمَّ سَجَدَ سُجُوْدًا طَوِيْلًا ثُمَّ فَعَلَ فِی الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ سَلَّمَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَخَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ فِیْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ اِنَّهُمَا اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا فَافْزَعُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ

۹۹۳ — **شرح** : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صلوٰۃِ کسوف مسجد میں بھی پڑھ سکتے ہیں" ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا علماء کرام کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ سورج گرہن کی نماز میں خطبہ ہے یا نہیں۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عید اور استسقاء کی نمازوں کی طرح کسوف میں بھی خطبہ ہے۔ امام مالک اور اہل کوفہ رحمہم اللہ تعالیٰ نے کہا صلوٰۃِ کسوف میں خطبہ نہیں۔ اُنھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ اس لئے دیا تھا کہ اُنھوں نے یہ خیال کیا تھا کہ شاہزادہ ابراہیم علیہ السلام کی وفات کے باعث سورج کو گرہن لگا ہے اس لئے آپ نے ان کو بتایا کہ سورج اور چاند کو گرہن کسی کی موت یا حیات کے باعث نہیں لگتا اور ان کو نماز پڑھنے کا حکم فرمایا گویا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ خطبہ وقت کی ضرورت کا متقاضی تھا۔

قدوری نے کہا کہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مسجد میں صلوٰۃِ کسوف جائز ہے اور افضل یہ ہے جامع مسجد میں نماز پڑھی جائے،، شرحِ طحاوی میں ہے صلوٰۃِ کسوف جامع مسجد اور عیدگاہ میں جائز ہے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مساجد میں صلوٰۃِ کسوف پڑھی جائے صحراء میں نہ پڑھی جائے۔

ابن حبیب کہتے ہیں کہ جامع مسجد یا عیدگاہ یا صحراء میں نماز پڑھنے میں اختیار ہے، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ گناہ مصائب اور بلیات کے وقوع کا سبب ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

بَاب — كَيْفَ يُقَالُ كَسَفَتْ اَوْ خَسَفَتْ سُوْءًا

اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" وَخَسَفَ الْقَمَرُ "

۹۹۴ — **ترجمہ** : حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ ام المؤمنین زوجہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بتایا کہ جس روز سورج کو گرہن لگا

marfat.com

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ عِبَادَهُ بِالْكُسُوفِ

قَالَهُ أَبُو مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ۹۹۵
الْحَسَنِ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَكِنَّ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهُ لَمْ يَذْكُرْ عَبْدُ الْوَارِثِ وَشُعْبَةُ وَخَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يُونُسَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهُ وَتَابَعَهُ مُوسَى عَنْ مُبَارَكٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهُ وَتَابَعَهُ أَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور تکبیر کہی اور لمبی قرآءت فرمائی پھر لمبا رکوع کیا پھر سر مبارک اُٹھایا اور فرمایا "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" اور اسی حال میں کھڑے رہے اور لمبی قرآءت فرمائی جبکہ وہ پہلی قرآءت سے کم تھی پھر طویل رکوع کیا درآں حالیکہ وہ پہلے رکوع سے کم تھا، پھر لمبا سجدہ فرمایا پھر اسی طرح دوسری رکعت میں کیا، پھر سلام پھیرا، جبکہ سورج روشن ہوچکا تھا اور لوگوں کو خطبہ دیا اور سورج اور چاند کے گرہن سے متعلق فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے یہ دو علامتیں ہیں جو کسی کی موت اور حیات کے باعث بے نور نہیں ہوتے تم جب ان کو دیکھو تو التجاء کرتے ہوئے نماز پڑھو!

شرح : اس باب سے امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد اس شخص کے قول کی تردید کرنا ہے جو یہ گمان کرتا ہے کہ "کسوف" سورج کے ساتھ اور "خسوف" چاند کے ساتھ مختص ہے، یعنی سورج گرہن پر کسوف و خسوف دونوں کا اطلاق جائز ہے۔ ۹۹۴

باب — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کسوف کے ذریعہ خوف دلاتا ہے

اور ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی روائت کی ہے"

ترجمہ : ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی آیات سے دو علامتیں ہیں جو کسی کی موت کے باعث بے نور نہیں ہوتے لیکن اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے"، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا عبدالوارث، شعبہ، خالد بن عبداللہ اور حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہم نے یونس سے یہ ذکر نہیں کیا کہ ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ موسیٰ نے مبارک سے اُنھوں نے حسن سے روائت کر کے یونس کی متابعت ۹۹۵

marfat.com

٩٩٦ بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فِي الْكُسُوفِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ يَهُوْدِيَّةً جَاءَتْ تَسْاَلُهَا فَقَالَتْ لَهَا اَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَسَاَلَتْ عَائِشَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُعَذَّبُ النَّاسُ فِي قُبُوْرِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ مَرْكَبًا فَخَسَفَتِ الشَّمْسُ فَرَجَعَ ضُحًى فَمَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ ظَهْرَانَيِ الْحُجَرِ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي وَقَامَ النَّاسُ وَرَاءَهُ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ فَسَجَدَ ثُمَّ قَامَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ فَسَجَدَ وَانْصَرَفَ فَقَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُوْلَ ثُمَّ اَمَرَهُمْ اَنْ يَتَعَوَّذُوْا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

کی اور کہا مجھے ابوبکرہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے اپنے بندوں کو ڈراتا ہے اشعث نے حسن سے روایت کر کے مبارک بن فضالہ کی متابعت کی ہے۔

شرح ٩٩٥ ــــ : یعنی سورج اور چاند کو گرہن کا لگنا کسی کی موت وحیات کے باعث نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے اپنے بندوں کو ڈراتا ہے" اس وقت لوگوں کو چاہیئے کہ وہ اخلاص اور التجاء کرتے ہوئے نماز پڑھیں دعا کریں،، اور گناہوں سے تائب ہوں،، اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بے خوف ہرگز نہ ہوں"

باب ــــ سورج کو گرہن کے وقت عذاب قبر سے پناہ مانگنا"

ترجمہ ٩٩٦ ــــ : ام المؤمنین عائشہ زوجہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ ایک یہودی عورت ان کے پاس آئی اور ان سے کچھ طلب کرنے لگی اس نے کہا اللہ تعالیٰ آپ کو قبر کے عذاب سے پناہ دے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کیا لوگوں کو قبروں میں عذاب دیا جاتا ہے؟ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں،، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح سواری پر سوار ہوئے تو سورج کو گرہن لگ گیا۔ آپ چاشت کے وقت لوٹے اور حجروں کے درمیان سے گزرے پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنا شروع کی لوگ بھی آپ کے پیچھے کھڑے ہوئے آپ نے طویل قیام فرمایا پھر طویل رکوع کیا پھر رکوع سے اٹھ کر طویل قیام فرمایا جو پہلے قیام سے کم تھا پھر طویل رکوع فرمایا جو پہلے رکوع سے کم تھا پھر رکوع سے سر مبارک اٹھایا اور سجدہ کیا

marfat.com

بَابُ طُوْلِ السُّجُوْدِ فِي الْكُسُوْفِ

۹۹۷ حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهٗ قَالَ لَمَّا كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُوْدِيَ اَنِ الصَّلٰوةُ جَامِعَةٌ فَرَكَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ فِيْ سَجْدَةٍ ثُمَّ قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ فِيْ سَجْدَةٍ ثُمَّ جُلِّيَ عَنِ الشَّمْسِ قَالَ وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مَا سَجَدْتُ سُجُوْدًا قَطُّ كَانَ اَطْوَلَ مِنْهَا

پھر طویل قیام فرمایا جو پہلے قیام سے کم تھا پھر طویل رکوع کیا جو پہلے رکوع سے کم تھا۔ پھر طویل قیام فرمایا جو پہلے قیام سے کم تھا پھر طویل رکوع فرمایا جو پہلے رکوع سے کم تھا پھر رکوع سے سر مبارک اُٹھایا اور سجدہ کیا اور نماز سے فارغ ہو کر جو کچھ اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ فرمایا پھر لوگوں کو حکم دیا کہ وہ عذابِ قبر سے پناہ مانگیں "

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودی عورت عذابِ قبر کو جانتی تھی ۹۹۶ — کیونکہ اُس نے تورات میں یہ سُنا ہُوا تھا یا وہ پہلی آسمانی کتابوں میں سے کسی کتاب سے جانتی تھی اور ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا اس سے پہلے عذابِ قبر نہ جانتی تھیں کیونکہ وہ صرف یہ جانتی تھیں کہ مر کر اُٹھنے کے بعد عذاب و ثواب ہوتا ہے! اسی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عذابِ قبر حق ہے اور تمام اہل سنت وجماعت کا اس پر ایمان رکھنے میں اتفاق ہے۔ اس کا منکر بدعتی اور جاہل ہی ہو سکتا ہے "، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا عذابِ قبر سے پناہ چاہنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس کا حال بہت سخت ہے "، یہ بھی معلوم ہُوا کہ صلوٰۃِ کسوف کا وقت چاشت کا وقت ہے "، امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ صلوٰۃِ کسوف چاشت کے وقت تک پڑھی جائے اور زوال کے بعد نہ پڑھی جائے۔ اُنھوں نے اس نماز کو عیدین کی نماز جیسی کہا ہے "، اہلِ کوفہ نے کہا کہ مکروہ اوقات میں یہ نماز نہ پڑھی جائے۔ ان کے علاوہ باقی اوقات میں پڑھنا جائز ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک کسی وقت کی تخصیص نہیں ہر وقت پڑھ سکتے ہیں اگرچہ نصفِ نہار ہو یا صبح اور عصر کے بعد کا وقت ہو "، احناف کے نزدیک اس نماز کا مستحب وقت وہی ہے جو دوسری نمازوں کے مستحب اوقات ہیں مکروہ اوقات میں نہ پڑھیں "، اگر غروبِ شمس کے وقت گرہن لگے تو تمام ائمہ کرام کا اتفاق اور اجماع ہے کہ نماز نہ پڑھیں اور اگر طلوعِ شمس کے وقت گرہن ہو تو طلوع کے بعد نماز کا مستحب وقت ہونے کے وقت پڑھیں " یہی مذہب امام مالک اور امام احمد رضی اللہ عنہما کا ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ اس کے خلاف ہیں جیسا کہ اُوپر تحریر ہو چکا ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسُولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — کسوف کی نماز میں سجدہ لمبا کرنا

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ ۹۹۷ — صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں جب سُورج کو گرہن لگا تو اعلان کیا گیا کہ

marfat.com

بَابُ صَلٰوةِ الْكُسُوْفِ جَمَاعَة

وَصَلّٰى لَهُمُ ابْنُ عَبَّاسٍ فِي صُفَّةِ زَمْزَمَ وَجَمَّعَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَصَلّٰى ابْنُ عُمَرَ

نماز حاضر ہے ،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکعت میں دو رکوع کئے پھر قیام کیا اور ایک رکعت میں دو رکوع کئے پھر بیٹھ گئے پھر سورج روشن ہو گیا۔ عبداللہ بن عمرو نے کہا ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا اس نماز میں سجدہ سے لمبا سجدہ میں نے کبھی نہیں کیا ،،

۹۹۷ — شرح : اس حدیث سے بعض ائمہ کرام نے استدلال کیا کہ کسوف کی نماز کی ایک رکعت میں متعدد رکوع ہیں ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کسوف کی نماز اسی طرح پڑھی جاتی ہے جس طرح دوسری فرض نمازیں پڑھی جاتی ہیں اور وہ یہ کہ ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے ہیں اور کسوف کی دو رکعتوں میں دو رکوع اور چار سجدے ہوتے ہیں ،، امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اسناد کے ساتھ نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسوفِ شمس میں اسی طرح نماز پڑھتے تھے جیسے تم (ہر رکعت میں) ایک رکوع اور دو سجدے کرتے ہو ،، ابن عبدالبر نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ ابوداؤد اور نسائی نے بھی اس حدیث کو ذکر کیا ہے ،، ابوداؤد نے اپنے اسناد کے ساتھ قبیصہ ہلالی سے روایت کی کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں ان کے ساتھ وہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے جبکہ ان کو دیکھو تو ابھی فرض نماز (صبح کی نماز) کی طرح جو تم نے پڑھی ہے نماز پڑھو ،، اس حدیث کا واضح مدلول یہ ہے کہ صلوٰۃِ کسوف فرض نماز جیسی ہے جس کی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے ہیں۔ قبیصہ ہلالی کی روایت امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی ذکر کی ہے اور اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اس نماز کا وقت معلوم ہے ،، اور اس کی تعدادِ رکعات بھی معلوم ہے لہٰذا یہ مسئلہ واضح ہو گیا کہ صلوٰۃِ کسوف دو رکعتیں ہیں اور نمازی چاہے تو ان کو لمبا کرے چاہے تو مختصر کرے جبکہ اس کے ساتھ دعائیں کرنے کا ارادہ ہو حتیٰ کہ سورج روشن ہو جائے۔ امام ابو یوسف اور امام محمد رضی اللہ عنہما کا مذہب بھی یہی ہے۔ سورج گرہن میں حکمت یہ ہے کہ سورج اور چاند میں اللہ تعالیٰ کا تصرف ظاہر ہوتا ہے اور جو لوگ ان کی عبادت کرتے ہیں ان کے حال کی قباحت واضح ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ لوگوں کو قیامت کا نمونہ دکھاتا ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں ہے " وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ " واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — کسوف کی نماز باجماعت پڑھنا ،،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے زمزم کے چبوترے پر لوگوں کے ساتھ نماز پڑھی اور حضرت علی بن عبداللہ بن عباس نے لوگوں کو نماز پڑھائی اور عبداللہ بن عمر نے بھی نماز پڑھی ! ،،

marfat.com

۹۹۸ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنْخَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا نَحْوًا مِّنْ قِرَاءَةِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ قَامَ قِيَامًا

ترجمہ : عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں سورج کو گرہن لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور سورۂ بقرہ کی قرأت کے برابر قیام کیا پھر طویل رکوع کیا پھر رکوع سے سر مبارک اٹھایا اور لمبا قیام کیا جو پہلے قیام سے کم لمبا تھا پھر لمبا رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے کم لمبا تھا ،، پھر سجدہ کیا پھر لمبا قیام کیا اور وہ پہلے قیام سے کم لمبا تھا ،، پھر لمبا رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے کم لمبا تھا ، پھر سر مبارک اٹھایا اور لمبا قیام کیا جو پہلے قیام سے کم لمبا تھا ،، پھر لمبا رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے کم لمبا تھا پھر سجدہ کیا اور نماز سے فارغ ہو گئے ،، جبکہ سورج روشن ہو چکا تھا ۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی آیات سے دو نشانیاں ہیں جو کسی کی موت اور حیات کی وجہ سے بے نور نہیں ہوتے ۔ جب تم یہ دیکھو تو اللہ کا ذکر کرو ، انھوں نے کہا یا رسول اللہ ! ہم نے آپ کو اپنے مقام میں کسی شئ کو پکڑتے دیکھا تھا ،، پھر ہم نے آپ کو دیکھا کہ پیچھے ہٹ گئے ہیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ! میں نے جنت کو دیکھا اور اس میں سے ایک خوشہ پکڑا اگر میں اس کو لے آتا تو تم اس کو کھاتے رہتے جب تک دنیا باقی رہتی اور مجھے دوزخ دکھائی گئی تو میں نے اس سے زیادہ خوفناک منظر نہیں دیکھا میں نے دیکھا کہ اس میں رہنے والوں کی کثرت عورتوں کی تھی ،، لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ! یہ کیونکر ؟ آپ نے فرمایا یہ ان کے کفر کی وجہ سے ہے کہا گیا وہ اللہ تعالیٰ سے کفر کرتی ہیں ؟ فرمایا اپنے شوہروں کی ناشکری کرتی ہیں ،، وہ احسان کا انکار کرتی ہیں اگر تو ان میں سے کسی ایک سے زمانہ بھر احسان کرتا رہے پھر وہ تجھ سے کوئی ناخوشگوار شئ دیکھے تو کہے گی میں نے تجھ سے خیر کبھی نہیں دیکھی ،،

شرح ۹۹۸ : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا صلوٰۃِ کسوف کی وصف میں علماء کا اختلاف ہے ۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ صلوٰۃِ کسوف دوسری نوافل کی طرح دو رکعت نماز ہے ،، اور ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں صلوٰۃِ کسوف دو رکعتیں ہیں اور ہر ایک رکعت میں دو دو رکوع ہیں" راوی کا صلوٰۃِ کسوف کے قیام کو نَحْوًا مِّنْ قِيَامِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ ،، سے تعبیر کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ قراءت میں اخفاء تھا ورنہ اندازہ کرنے کا کوئی معنی نہیں ،، چنانچہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے آپ کی قراءت کا اندازہ کیا میں نے دیکھا کہ آپ نے سورۂ بقرہ پڑھی ہوگی ،،

اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں" میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک طرف کو

marfat.com

طَوِيلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْاَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْاَوَّلِ ثُمَّ سَجَدَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَقَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهٖ فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْنَاكَ تَنَاوَلْتَ شَيْئًا فِيْ مَقَامِكَ ثُمَّ رَاَيْنَاكَ تَكَعْكَعْتَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ الْجَنَّةَ وَتَنَاوَلْتُ عُنْقُوْدًا وَلَوْ اَصَبْتُهٗ لَاَكَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا وَاُرِيْتُ النَّارَ فَلَمْ اَرَ مَنْظَرًا كَالْيَوْمِ قَطُّ اَفْظَعَ وَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَآءَ قَالُوْا بِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِكُفْرِهِنَّ قِيْلَ اَيَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ قَالَ يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ وَيَكْفُرْنَ الْاِحْسَانَ لَوْ اَحْسَنْتَ اِلٰى اَحَدِهِنَّ الدَّهْرَ كُلَّهٗ ثُمَّ رَاَتْ مِنْكَ شَيْئًا قَالَتْ مَا رَاَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا قَطُّ

تھا لیکن میں نے آپ سے ایک حرف بھی نہیں سنا،،

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ میں نے جنت کو دیکھا ہے۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے جنت کو سر مبارک کی آنکھ سے دیکھا اور اللہ نے آپ کے اور جنت کے درمیان تمام حجابات اٹھا دیئے،، اور درمیان والی ساری مسافت کو لپیٹ دیا حتیٰ کہ اس کا خوشہ لینے کا امکان پیدا ہوگیا۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی حدیث اس معنی کی تائید کرتی ہے جو اوّل صفۃِ صلوٰۃ میں گزری ہے،، کہ جنت میرے قریب آگئی اگر میں اس پر جرأت کرتا تو تمہارے پاس اس کا خوشہ لے آتا،، علامہ قرطبی نے کہا ان واقعات کو اپنے ظاہر پر رکھنے میں کوئی استحالہ نہیں جبکہ اہلِ سنت وجماعت کا مذہب ہے کہ جنت و دوزخ مخلوق ہیں اور اب موجود ہیں لہٰذا یہ عین ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب محترم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ادراک عنایت فرمایا ہو جس کے باعث آپ جنت اور دوزخ کا حقیقۃً ادراک فرمائیں" اسی لئے جنگ موتہ میں شہید ہونے والے سپہ سالاروں کی خبر مدینہ منورہ میں ذکر فرماتے تھے اور آنکھوں سے جاری تھے اور اسی منبر شریف پر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اثناء خطبہ میں نہاوند میں لڑنے والے مسلمانوں کی راہنمائی کی،، امام نسائی نے کسوف کے باب میں ذکر کیا کہ" جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اس مقام میں ہر شئ کو دیکھا جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے" اس حدیث کی تشریح میں علامہ سندھی نے ذکر کیا کہ کرمانی نے کہا اس حدیث کی اس بات پر دلالت ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مقام میں اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ کو بھی دیکھا کیونکہ عمومِ شئ اللہ تعالیٰ کی ذات کو بھی شامل ہے؛ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً مِنَ اللّٰهِ" اور اللہ تعالیٰ کی ذات کی رؤیت کا بھی لوگوں سے وعدہ کیا گیا ہے۔ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جیسے بدر کی رات میں چاند کو دیکھتے ہو،، لہٰذا حدیث میں مذکور شئ موعود میں اللہ تعالیٰ بھی داخل ہے اور ہر شئ موعود کو سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رؤیت شامل ہے لہٰذا ثابت ہوا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مقام میں اللہ تعالیٰ کو بھی دیکھا ہے۔ پھر دوسری کوئی شئ آپ کی رؤیت سے کیسے باہر رہ سکتی ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی شئ کے خوف کے وقت اللہ تعالیٰ کی طاعت میں جلدی کرنا چاہیئے اور اللہ کے ذکر سے مصائب کی مدافعت طلب کرنی چاہیئے، کسی کے احسان کی ناشکری حرام ہے اور منعم کا شکر ضروری ہے اور نعمت

marfat.com

۹۹۹ بَابُ صَلَاةِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الْكُسُوفِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اِمْرَاَتِهٖ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّهَا قَالَتْ اَتَيْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فَاِذَا النَّاسُ قِيَامٌ يُصَلُّوْنَ فَاِذَا هِيَ قَائِمَةٌ تُصَلِّيْ فَقُلْتُ مَا لِلنَّاسِ فَاَشَارَتْ بِيَدِهَا اِلَى السَّمَاءِ وَقَالَتْ سُبْحَانَ اللّٰهِ فَقُلْتُ اٰيَةٌ فَاَشَارَتْ اَيْ نَعَمْ قَالَتْ فَقُمْتُ حَتّٰى تَجَلَّانِيَ الْغَشْيُ فَجَعَلْتُ اَصُبُّ فَوْقَ رَاْسِيَ الْمَاءَ فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ مَا مِنْ شَيْءٍ كُنْتُ لَمْ اَرَهُ اِلَّا وَقَدْ رَاَيْتُهُ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا حَتَّى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِي الْقُبُوْرِ مِثْلَ اَوْ قَرِيْبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ لَا اَدْرِيْ اَيَّتَهُمَا قَالَتْ اَسْمَاءُ يُؤْتٰى اَحَدُكُمْ فَيُقَالُ لَهٗ مَا عِلْمُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ فَاَمَّا الْمُؤْمِنُ اَوْ قَالَ الْمُوْقِنُ لَا اَدْرِيْ اَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ اَسْمَاءُ فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَالْهُدٰى فَاَجَبْنَا وَاٰمَنَّا وَاتَّبَعْنَا فَيُقَالُ لَهٗ نَمْ صَالِحًا فَقَدْ عَلِمْنَا اِنْ كُنْتَ لَمُوْقِنًا وَاَمَّا الْمُنَافِقُ اَوِ الْمُرْتَابُ لَا اَدْرِيْ اَيَّتَهُمَا قَالَتْ اَسْمَاءُ فَيَقُوْلُ لَا اَدْرِيْ سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَقُلْتُهٗ

کے انکار پر کفر کا اطلاق جائز ہے اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو گناہوں کے باعث دوزخ میں عذاب دیا جائے گا اور نماز میں عمل قلیل جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ــــ عورتوں کا مَردوں کے ساتھ کسوف کی نماز پڑھنا

ترجمہ :

۹۹۹ ــــ

اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اُنھوں نے کہا ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا زوجۂ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی جبکہ سُورج کو گرہن لگ چکا تھا اور لوگ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے اور ام المؤمنین عائشہ کھڑی نماز پڑھ رہی تھیں،، میں نے کہا لوگوں کا کیا حال ہے؟ اُنھوں نے اپنے ہاتھ سے آسمان کی طرف اشارہ کرتے ہُوئے کہا،، سُبْحَانَ اللّٰہ،، میں نے کہا کوئی نشانی ہے؟ ام المؤمنین نے اشارہ کیا کہ ہاں (نشانی ہے) اسماء نے کہا میں بھی نماز کے لئے کھڑی ہوگئی حتیٰ کہ مجھے غشی آگئی اور میں نے اپنے سر پر پانی ڈالنا شروع کیا، جب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے پھرے تو اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی پھر فرمایا،، کوئی ایسی شئی نہیں جو میں نے نہ دیکھی ہو مگر اسے میں نے اپنے اس مقام میں دیکھا ہے،، حتیٰ کہ میں نے جنّت اور دوزخ کو دیکھا،، مجھے وحی کی گئی ہے کہ تمہارا قبروں میں امتحان لیا جائے گا جو دجال کے فتنہ کے قریب یا اس کی مثل ہوگا میں نہیں جانتی کہ اسماء نے دونوں میں سے کیا کہا (قریب یا مثل) تم میں سے کسی ایک کو لایا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا،، اس شخص سے متعلق تیرا کیا علم ہے،، مومن یا موقن کہے گا میں نہیں جانتی کہ دونوں میں سے اسماء نے کیا کہا (مومن یا موقن) وہ کہے گا یہ محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم ہیں،، جو ہمارے پاس دلائل اور ہدایتیں لے کر تشریف لائے اور ہم نے قبول کیا اور ایمان لائے اور آپ کی متابعت کی،، پھر اسے کہا جائے گا تو آرام

marfat.com

بَابُ مَنْ اَحَبَّ الْعِتَاقَةَ فِي كُسُوْفِ الشَّمْسِ حَدَّثَنَا رَبِيْعُ بْنُ يَحْيٰى
قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ فَاطِمَةَ عَنْ اَسْمَآءَ قَالَتْ لَقَدْ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَتَاقَةِ فِي كُسُوْفِ الشَّمْسِ ۱۰۰۰ بَابُ
صَلٰوةِ الْكُسُوْفِ فِي الْمَسْجِدِ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ ۱۰۰۱

سے سو جا ہم جانتے تھے کہ تو یقین رکھتا ہے ۔ بہر حال منافق یا شک کرنے والے سے کہا جائے گا میں نہیں جانتی اسماء نے کیا کہا (منافق یا مرتاب) وہ کہے گا میں نہیں جانتا میں نے لوگوں سے سُنا وہ کچھ کہتے تھے میں نے بھی وہی کہا ،،

شرح : باب من اجاب الفتیا کی حدیث ۸۵ کی ۹۹۹ ــــ
تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے ۔

باب ــــ جس نے سُورج گرہن میں غلام آزاد کرنا پسند کیا ،،

ترجمہ : فاطمہ نے اسماء رضی اللہ عنہا سے روائت کی کہ اُنھوں نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سُورج گرہن میں غلام آزاد کرنے کا حکم ۱۰۰۰ ــــ
دیا ہے !

شرح : اللہ تعالیٰ کی آیات اور نشانیوں کے وقت نیک اعمال کرنے مستحب ہیں کیونکہ ان کی برکت سے اللہ تعالیٰ مصائب دُور ۱۰۰۰ ــــ
کرتا ہے خصوصًا غلام آزاد کرنا بہت اہم ہے ! "فاطمہ" یہ فاطمہ بنت منذر بن زبیر ہے اور اسماء رضی اللہ عنہا ان کی دادی ہے اور ہشام بن عروہ ان کے شوہر ہیں ،،

باب ــــ مسجد میں کسوف کی نماز پڑھنا

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ ایک یہودی عورت ان سے کچھ مانگنے آئی اور کہا اللہ تعالیٰ آپ کو عذابِ قبر سے پناہ دے ۱۰۰۱ ــــ
ام المؤمنین نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا لوگوں کو ان کی قبروں میں عذاب ہوگا ؟ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں عذابِ قبر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں ۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کو سواری پر سوار ہُوئے اور سُورج کو گرہن لگ گیا ،، آپ چاشت کے وقت واپس تشریف لے آئے اور حجروں کے درمیان سے گزرے پھر نماز پڑھنی شروع کی (مسجد میں) اور لوگ آپ کے پیچھے نماز پڑھنے لگے آپ نے لمبا قیام کیا پھر لمبا رکوع

marfat.com

اَنَّ يَهُوْدِيَّةً جَاءَتْ تَسْأَلُهَا فَقَالَتْ أَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُعَذَّبُ النَّاسُ فِيْ قُبُوْرِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ مَرْكَبًا فَكَسَفَتِ الشَّمْسُ فَرَجَعَ ضُحًى فَمَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ ظَهْرَانَيِ الْحُجَرِ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى وَقَامَ النَّاسُ وَرَاءَهُ فَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا ثُمَّ رَفَعَ وَقَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ ثُمَّ رَفَعَ ثُمَّ سَجَدَ سُجُوْدًا طَوِيْلًا ثُمَّ قَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ ثُمَّ قَامَ قِيَامًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الْقِيَامِ الْأَوَّلِ ثُمَّ رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلًا وَهُوَ دُوْنَ الرُّكُوْعِ الْأَوَّلِ ثُمَّ سَجَدَ وَهُوَ دُوْنَ السُّجُوْدِ الْأَوَّلِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ ثُمَّ أَمَرَهُمْ أَنْ يَتَعَوَّذُوْا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ بَابٌ لَا تَنْكَسِفُ الشَّمْسُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ رَوَاهُ أَبُوْ بَكْرَةَ وَالْمُغِيْرَةُ وَأَبُوْ مُوْسٰى وَابْنُ عَبَّاسٍ وَابْنُ عُمَرَ

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ إِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلٰكِنَّهُمَا آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمَا فَصَلُّوْا ۱۰۰۲

کیا پھر رکوع سے سر مبارک اُٹھایا اور لمبا قیام کیا جو پہلے قیام سے کم لمبا تھا پھر لمبا رکوع کیا جو پہلے رکوع سے کم لمبا تھا،، پھر سر مبارک اُٹھایا اور لمبا سجدہ کیا پھر لمبا قیام کیا اور وہ پہلے قیام سے کم لمبا تھا پھر لمبا رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے کم لمبا تھا پھر لمبا قیام کیا اور وہ پہلے قیام سے کم لمبا تھا، پھر لمبا رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے کم لمبا تھا" پھر سجدہ کیا اور وہ پہلے سجدہ سے کم لمبا تھا پھر نماز سے فارغ ہو گئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ اللہ تعالیٰ نے چاہا فرمایا،، پھر لوگوں کو حکم دیا کہ وہ عذابِ قبر سے پناہ مانگیں،،

۱۰۰۱ ——— شرح : حدیث ۹۹۶ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے،، مسلم نے تصریح کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز مسجد میں پڑھی تھی،، لہٰذا اس جملہ میں حدیث کی عنوانِ باب سے مطابقت ہے!

باب ——— کسی کی موت اور حیات کے باعث سُورج کو گرہن نہیں لگتا،،

اس حدیث کی ابوبکرہ، مغیرہ، ابو موسیٰ، ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم نے روایت کی!

۱۰۰۲ ——— ترجمہ : ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شمس و قمر کسی شخص کی موت اور حیات کے باعث بے نور نہیں ہوتے لیکن اللہ تعالیٰ کی آیات سے یہ دو نشانیاں ہیں۔ جب تم ان کو دیکھو تو نماز پڑھو!

marfat.com

حدثنا عبد الله بن محمد قال حدثنا هشام قال اخبرنا معمر عن الزهري وهشام بن عروة عن عروة عن عائشة قالت كسفت الشمس على
۱۰۰۳ عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام النبي صلى الله عليه وسلم فصلى بالناس فاطال القراءة ثم ركع فاطال الركوع ثم رفع راسه فاطال
القراءة وهي دون قراءته الاولى ثم ركع فاطال الركوع وهو دون ركوعه الاول ثم رفع راسه فسجد سجدتين ثم قام فصنع في الركعة الثانية
مثل ذلك ثم قام فقال ان الشمس والقمر لا يخسفان لموت احد ولا لحياته ولكنهما ايتان من ايات الله يريكم عباده فاذا رايتم ذلك
۱۰۰۴ فافزعوا الى الصلوة باب الذكر في الكسوف رواه ابن عباس حدثنا محمد بن العلاء حدثنا ابو اسامة عن بريد بن عبد الله عن
ابي بردة عن ابي موسى قال خسفت الشمس فقام النبي صلى الله عليه وسلم فزعا يخشى ان تكون الساعة فاتى المسجد فصلى باطول قيام وركوع
وسجود رايته قط يفعله وقال هذه الايات التي يرسل الله عز وجل لا تكون لموت احد ولا لحياته ولكن يخوف الله بها عباده فاذا رايتم
منها شيئا من ذلك فافزعوا الى ذكر الله ودعائه واستغفاره

۱۰۰۲ ـــــ شرح : حدیث ۹۸۷ ابوبکرہ نے، حدیث ۹۹۰ مغیرہ بن شعبہ نے حدیث ۹۹۸ ابن عباس نے اور حدیث ۹۸۹ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم نے روائت کی ہیں ان کی تفہیمات میں ان کی تفاصیل مذکور ہیں،، اور حدیث ۱۰۰۴ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے روائت کی ہے اس کی تفصیل وہاں مذکور ہے،،

۱۰۰۳ ـــــ ترجمہ : ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں سورج کو گرہن لگا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور لوگوں کو نماز پڑھائی اور لمبی قرأت کی پھر لمبا رکوع کیا پھر سر مبارک اٹھایا اور لمبی قرأت کی اور وہ پہلی قراءت سے کم لمبی تھی پھر رکوع کیا اور لمبا رکوع کیا جو پہلے رکوع سے کم لمبا تھا،، پھر سر مبارک اٹھایا اور دو سجدے کئے پھر کھڑے ہوئے اور اسی طرح دوسری رکعت میں کیا پھر کھڑے ہو کر فرمایا سورج اور چاند کسی کی موت اور حیات کے باعث بے نور نہیں ہوتے لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دکھاتا ہے جب تم یہ دیکھو تو التجاء کرتے ہوئے نماز پڑھو،،

ـــــ شرح : بارہا دفعہ اس کی تفصیل گزری ہے اور باب کے عنوان سے حدیث کی مناسبت ظاہر ہے!

باب ـــــ کسوف کی نماز میں ذکر کرنا،،

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی روائت کی ہے،،

۱۰۰۴ ـــــ ترجمہ : ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سورج کو گرہن لگا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گھبرا کر کھڑے ہوئے دراں حال کہ آپ کو خوف ہوا کہ یہ قیامت ہے۔ آپ مسجد میں تشریف لائے اور طویل قیام و رکوع اور سجود سے نماز پڑھی،، میں نے آپ کو ایسا کرتے کبھی نہیں دیکھا اور فرمایا یہ آیات جن کو اللہ تعالیٰ بھیجتا ہے کسی کی موت اور حیات کے باعث نہیں ہوتیں، لیکن ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ اپنے

marfat.com

۱۰۰۵ بَابُ الدُّعَاءِ فِي الْكُسُوفِ قَالَهُ أَبُو مُوسَى وَعَائِشَةُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ قَالَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عَلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يَقُولُ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ يَوْمَ مَاتَ إِبْرَاهِيمُ فَقَالَ النَّاسُ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ لِمَوْتِ إِبْرَاهِيمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهَا فَادْعُوا اللّٰهَ وَصَلُّوا حَتَّى يُنْجَلِيَ

بندوں کو ڈراتا ہے جب تم ان میں سے کوئی شئ دیکھو تو گھبرا کر اللہ کا ذکر کرو دعا کرو اور استغفار کرو،،

شرح : باب کے عنوان کے ساتھ حدیث کی مناسبت ظاہر ہے کہ کسوفِ شمس کے وقت اللہ کا ذکر، دُعا اور استغفار میں مشغول ہونا

۱۰۰۴ ——— چاہیئے ،، قَوْلُهُ خَشِيَ أَنْ تَكُونَ السَّاعَةُ ،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ راوی کا اپنا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ڈرنے والے کی طرح گھبرائے کہ شائد قیامت آگئی ہے ،، مگر حقیقت یہ نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جانتے تھے کہ جب تک آپ اُمت میں موجود ہیں قیامت قائم نہیں ہوگی جبکہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے وعدہ کیا کہ سارے ادیان پر آپ کے دین کو بلند کرے گا اور ابھی تک اس کی تکمیل نہیں ہوئی ،، لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں کہ اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت کا علم ہوتا تو کیوں گھبراتے ،، علامہ نووی رحمہ اللہ نے کہا کہ راوی کا یہ گمان خود ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت قائم ہونے کا خوف کیا اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم حقیقتہً گھبرائے تھے بلکہ آپ نے اُمت پر کسی قسم کے عذاب کا خطرہ محسوس فرمایا تو اس سے راوی نے مذکور گمان کر لیا ،، نیز سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ تو علم تھا کہ قیامت کے مقدمات ہیں مغرب سے سورج طلوع کرے گا۔ سیدنا عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام آسمان سے نزول فرمائیں گے۔ سیدنا مہدی علیہ السلام تشریف لائیں گے۔ یاجوج ماجوج نکلیں گے اور سیدنا عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے پھر کیسے ممکن ہے کہ آپ قیامت کا خوف کیا تھا ،، الحاصل سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمت کو تعلیم فرمائی کہ اس قسم کا کوئی خطرناک حادثہ واقع ہو تو وہ بے خوف نہ ہوں اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرتے رہیں قَوْلُهُ رَأَيْتُهُ قَطُّ يَفْعَلُهُ ،، کلمہ قطّ ہمیشہ ماضی منفی کے بعد آتا ہے اور حدیث میں "رَئَيْتُ" سے پہلے حرف نفی مقدّر ہے جیسے "تفتؤ تذکر یوسف" میں حرفِ نفی مقدّر ہے۔ دراصل عبارت اس طرح ہے "لَا تَفْتَؤُ تَذْكُرُ يُوسُفَ" یعنی آپ ہمیشہ یُوسف کو یاد کرتے رہیں گے۔ واللہ تعالیٰ و رسُولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ——— گرہن میں دُعاء کرنا ،،

ابو موسیٰ اشعری اور ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہما نے یہ کہا ،،

۱۰۰۵ ——— ترجمہ : زیاد بن علاقہ نے کہا میں نے مغیرہ بن شعبہ کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ جس روز شاہزادہ ابراہیم علیہ السلام کی وفات ہوئی سورج کو گرہن لگ گیا لوگوں نے کہا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وفات کے باعث سورج بے نور ہوا ہے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

بَابُ قَوْلِ الْإِمَامِ فِي خُطْبَةِ الْكُسُوفِ أَمَّا بَعْدُ وَقَالَ أَبُو أُسَامَةَ

حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ أَخْبَرَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ عَنْ أَسْمَاءَ قَالَتْ فَانْصَرَفَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ تَجَلَّتِ
١٠٠٦ الشَّمْسُ فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللهَ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ بَابُ الصَّلٰوةِ فِي كُسُوفِ الْقَمَرِ حَدَّثَنَا مَحْمُودٌ قَالَ حَدَّثَنَا

نے فرمایا سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے دو نشانیاں ہیں کسی کی موت اور حیات کے باعث یہ بے نور نہیں ہوتے جب تم ان کو دیکھو تو اللہ تعالیٰ سے دُعا کرو اور نماز پڑھو حتیٰ کہ یہ روشن ہو جائیں!

شرح : اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ گرہن کے وقت اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہیئے اور نماز پڑھنی چاہیے "اللہ تعالیٰ گرہن سے

١٠٠٥ ــــ لوگوں کو ڈراتا ہے!

باب ــــ گرہن کے خطبہ میں امام کا اَمَّا بَعْدُ کہنا

ترجمہ : فاطمہ بنت منذر بن زبیر رضی اللہ عنہم نے اسماء رضی اللہ عنہا سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے جبکہ سورج روشن ہو چکا تھا اور خطبہ دیا اور اللہ تعالیٰ کی حمد کی جس کے وہ لائق ہے پھر فرمایا اَمَّا بَعْدُ!

باب ــــ چاند گرہن کے وقت نماز پڑھنا "

ترجمہ : ابو بکرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
١٠٠٦ ــــ عہد مبارک میں سورج کو گرہن لگا تو آپ نے دو رکعتیں پڑھیں!

ترجمہ : ابو بکرہ رضی اللہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک
١٠٠٧ ــــ میں سورج کو گرہن لگا آپ چادر شریف کھینچتے ہوئے باہر تشریف لائے حتیٰ کہ مسجد میں جلوہ افروز ہوئے لوگ آپ کے پاس جمع ہو گئے آپ نے ان کو دو رکعتیں پڑھائیں تو سورج روشن ہو گیا پھر فرمایا سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی آیات سے دو نشانیاں ہیں یہ کسی کے مرنے سے بے نور نہیں ہوتے جب ایسا ہو تو نماز پڑھو اور اللہ سے دُعا کرو حتیٰ کہ گرہن ختم ہو جائے یہ اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شاہزادہ سیدنا ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو لوگوں نے ان کے بارے میں یہ کہا!

١٠٠٦ ــــ ١٠٠٧ ــــ شرح : امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہما کے مذہب میں چاند گرہن میں نماز سورج گرہن میں نماز جیسی ہے اور دلیل یہ بیان کرتے ہیں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فَاِذَا كَانَ ذَالِكَ فَصَلُّوْا " امام مالک اور علماءِ کوفہ رضی اللہ عنہم نے کہا کہ خسوفِ قمر میں نماز باجماعت نہیں دیگر نوافل کی طرح ہر شخص علیحدہ علیحدہ نماز پڑھے "

marfat.com

سعید بن عامر عن شعبۃ عن یونس عن الحسن عن ابی بکرۃ قال انکسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فصلی رکعتین حدثنا ابو معمر قال حدثنا عبد الوارث قال حدثنا یونس عن الحسن عن ابی بکرۃ ۱۰۰۷
قال خسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخرج یجر رداءہ حتی انتہی الی المسجد وثاب
الیہ الناس فصلی بہم رکعتین فانجلت الشمس فقال ان الشمس والقمر ایتان من ایات اللہ وانہما لا یخسفان
لموت احد فاذا کان ذلک فصلوا وادعوا حتی یکشف ما بکم وذلک ان ابنا للنبی صلی اللہ علیہ وسلم یقال لہ
ابراہیم مات فقال الناس فی ذلک باب صب المرأۃ علی راسہا الماء اذا طال الامام القیام فی الرکعۃ الاولی باب
الرکعۃ الاولی فی الکسوف اطول حدثنا محمود بن غیلان قال حدثنا ابو احمد قال حدثنا سفین عن یحیی عن عمرۃ عن عائشۃ ۱۰۰۸
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی بہم فی کسوف الشمس اربع رکعات فی سجدتین الاولی اطول باب الجہر بالقراءۃ فی الکسوف
حدثنا محمد بن مہران قال حدثنا الولید قال حدثنا ابن نمر سمع ابن شہاب عن عروۃ عن عائشۃ قالت جہر النبی صلی اللہ ۱۰۰۹
علیہ وسلم فی صلوۃ الخسوف بقراءتہ فاذا فرغ من قراءتہ کبر فرکع واذا رفع من الرکعۃ قال سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد ثم یعاود
القراءۃ فی صلوۃ الکسوف اربع رکعات فی رکعتین واربع سجدات وقال الاوزاعی وغیرہ سمعت الزہری عن عروۃ عن عائشۃ ان الشمس
خسفت علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبعث منادیا الصلوۃ جامعۃ فتقدم فصلی اربع رکعات فی رکعتین واربع سجدات
قال واخبرنی عبد الرحمن بن نمر سمع ابن شہاب مثلہ قال الزہری فقلت ما صنع اخوک ذلک عبد اللہ بن الزبیر ما صلی
الا رکعتین مثل الصبح اذا صلی بالمدینۃ وقال اجل انہ لخطأ السنۃ تابعہ سلیمان بن کثیر وسفین بن حسین عن الزہری فی الجہر

باب ـــــ کسوف کی نماز میں پہلی رکعت دراز ہے

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سورج گرہن میں نماز پڑھائی جو دو رکعتوں میں چار رکوع تھے اور ہر پہلا رکوع اطول تھا ،،

۱۰۰۸ ـــــ

شرح : یعنی پہلا رکوع دوسرے سے دوسرا تیسرے سے اور تیسرا چوتھے سے لمبا تھا بعض نسخوں میں لفظ "اولیٰ" ہے یعنی پہلی رکعت لمبی تھی ،، حدیث شریف میں "سجدتین" سے مراد دو رکعت نماز ہے !

۱۰۰۸ ـــــ

باب ـــــ کسوف کی نماز میں بلند آواز سے قراءت کرنا

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گرہن کی نماز میں بلند آواز سے قرأت کی اور جب قراءت سے فارغ

۱۰۰۹ ـــــ

marfat.com

ہوئے ـــــ تو تکبیر کہی پھر رکوع کیا جب رکوع سے سر مبارک اٹھایا تو" سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ "، رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ "، فرمایا پھر گرہن کی نماز میں قراءت دوبارہ کی جو دو رکعتوں میں چار رکوع اور چار سجدے تھے امام اوزاعی اور ان کے سوا کسی دوسرے نے کہا میں نے زہری کو عروہ سے روایت کرتے ہوئے سنا انھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں سورج کو گرہن لگا تو آپ نے منادی کو بھیجا کہ وہ اعلان کرے کہ نماز باجماعت حاضر ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور دو رکعتوں میں چار رکوع اور چار سجدے کئے "، اور مجھے عبدالرحمٰن بن نمر نے خبر دی کہ انھوں نے زہری سے اس طرح سنا "، زہری نے کہا میں نے (عروہ بن زبیر) سے کہا کہ تیرے بھائی عبداللہ بن زبیر نے ایسا نہیں کیا انھوں نے صرف دو رکعتیں صبح کی نماز کی طرح پڑھیں جبکہ انھوں نے مدینہ منورہ "گرہن کی نماز" پڑھی "، (عروہ نے) کہا جی ہاں انھوں نے سنت میں خطا کی اس کی سفیان بن حسین اور سلیمان بن کثیر نے زہری سے قرآءت بالجہر میں موافقت کی۔

۱۰۰۹ ـــــ مشرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ گرہن کی نماز میں بلند آواز سے قرأت میں ائمہ کرام کا اختلاف ہے۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس نماز میں قراءت بالجہر ہے۔ انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا جبکہ دوسرے تینوں امام قراءت بالاسرار کے قائل ہیں ان کی دلیل حدیث ع ۹۹۸ صلوٰۃ الکسوف جماعۃً کے باب میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مذکور ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ بقر کی قرآءت کے برابر قیام کیا۔ اگر آپ اس میں جہر فرماتے تو یوں نہ کہتے کہ سورۂ بقرہ کی قرأت کے برابر قیام کیا نیز سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سورج گرہن کی نماز پڑھائی ہم آپ کی آواز نہ سنتے تھے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس روایت کی تصحیح کی ہے "، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے جہر کی روایت کا جواب یہ ہے کہ مرد امام کے قریب ہوتے ہیں ان پر قراءت کی کیفیت کا حال زیادہ واضح ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں دن کی نماز عجماء ہوتی ہے "، قَوْلُہٗ مَا صَنَعَ اَخُوْکَ ذَالِکَ" یعنی زہری نے عروہ بن زبیر سے کہا کہ آپ کے بھائی عبداللہ بن زبیر نے کسوف کی نماز صبح کی نماز جیسی پڑھی اور بار بار رکوع نہ کیا۔ عروہ نے جواب دیا کہ انھوں نے خلافِ سنت کیا ہے مگر اس کا جواب یہ ہے کہ عروہ تابعی ہے اور حضرت عبداللہ بن زبیر صحابی ہیں اور صحابی کے فعل سے استدلال زیادہ اچھا ہے "، بلکہ حضرت عبداللہ بن زبیر کی نسبت عروہ خطاء کے زیادہ لائق ہیں جبکہ صحابی وہ فعل کرتے ہیں جو ان کا مشاہدہ ہو یا ان کو معلوم ہو۔

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَبْوَابُ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ

بَابُ مَا جَاءَ فِي سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ وَسُنَّتِهَا

۱۰۱۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْاَسْوَدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَرَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّجْمَ بِمَكَّةَ فَسَجَدَ فِيْهَا وَسَجَدَ مَنْ مَعَهُ غَيْرَ شَيْخٍ اَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصًى اَوْ تُرَابٍ فَرَفَعَهُ اِلٰى جَبْهَتِهِ وَقَالَ يَكْفِيْنِيْ هٰذَا فَرَاَيْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا

باب ـــ جو سجودِ قرآن اور سجدہ تلاوت کے سُنّت ہونے میں آیا ہے ـــ"

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

۱۰۱۰ ـــ مکہ مکرمہ میں سورۂ نجم پڑھی اور اس میں سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ سب لوگوں نے سجدہ کیا مگر ایک بوڑھے (امیہ بن خلف) نے سجدہ نہ کیا اُس نے کنکریوں یا مٹی کی مٹھی لے کر اسے اپنی پیشانی تک اُٹھایا اور کہا مجھے یہ ہی کافی ہے میں نے اس کو بعد میں دیکھا کہ وہ (بدر کی جنگ میں) کافر قتل ہُوا۔

شرح : امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا سجدۂ تلاوت واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ

۱۰۱۰ ـــ فرماتا ہے" وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ " اور مطلق امر وجوب کے لئے ہوتا ہے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کے مذہب میں یہ مستحب ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک سنّت مؤکدہ ہے۔ ابوداؤد نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس قرآن کریم پڑھتے اور جب سجدہ کی آیت سے گزرتے تو سجدہ فرماتے اور ہم بھی آپ کے ساتھ سجدہ کرتے۔ نیز حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سورۂ نجم پڑھی تو آپ نے سجدہ نہ فرمایا" اس کا جواب یہ ہے کہ سردرِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت سجدہ نہ فرمایا تھا اور سجدۂ تلاوت علی الفور واجب نہیں" مگر اس کو یہ لازم نہیں کہ نجم میں سجدہ ہی نہیں نیز وجوب کی نفی پر کوئی دلیل نہیں" اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت موقوف ہے اور وہ شافعیہ کے نزدیک حجت اور دلیل نہیں بن سکتی"

marfat.com

۱۰۱۱ بَابُ سَجْدَةِ تَنْزِيلِ السَّجْدَةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ
اَبْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْجُمُعَةِ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ الٓمٓ تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ
۱۰۱۲ وَهَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ بَابُ سَجْدَةٍ صٓ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَاَبُو النُّعْمَانِ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صٓ لَيْسَ مِنْ عَزَائِمِ السُّجُودِ وَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِيهَا

باب ـــ تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ میں سجدہ ”

۱۰۱۱ ـــ ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں ”الٓمٓ تنزیل السجدۃ“ اور ”ھَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ“ پڑھتے تھے“

۱۰۱۱ ـــ شرح : اس حدیث میں سجدہ کا ذکر نہیں گویا کہ امام بخاری رضی اللہ عنہ نے ”سورۂ تنزیل السجدہ“ کے نام سے استفادہ کیا ہے یا باب کا عنوان حدیث کی شرح کرتا ہے“ علامہ قسطلانی نے کہا طبرانی نے ضعیف اسناد کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز میں تنزیل السجدہ پڑھی اور اس میں سجدہ فرمایا“

باب ـــ سورۂ صٓ میں سجدہ

۱۰۱۲ ـــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ”صٓ“ عزائم سجود سے نہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں سجدہ فرماتے دیکھا ہے“

۱۰۱۲ ـــ شرح : احناف اور شوافع کا اتفاق ہے کہ سورۂ ”ص“ میں سجدہ کیا جاتا ہے البتہ اختلاف اس میں ہے کہ یہ سجدۂ عزائم سے ہے یا نہیں امام شافعی رضی اللہ عنہ اس کو عزائم میں سے شمار نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ یہ صرف سجدۂ شکر ہے جو نماز میں حرام ہے اور نماز سے باہر مستحب ہے“ شوافع کا مذہب یہی ہے“ احناف کے نزدیک یہ عزائم میں سے ہے“ بخاری میں مذکور حدیث سے شوافع استدلال کرتے ہیں۔ نیز نسائی میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ ص میں سجدہ کیا اور فرمایا کہ داؤد علیہ السلام نے یہ سجدہ توبہ کرتے ہوئے کیا تھا ہم شکر کے طور پر یہ سجدہ کرتے ہیں“ احناف کہتے ہیں کہ دراصل یہ حدیث ہماری دلیل ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل کے مطابق عمل کرنا ابن عباس کے فعل کے مطابق عمل کرنے سے بہتر ہے“ اور یہ سجدہ توبہ کے طور پر کرنا عزائم میں سے ہونے کے منافی نہیں۔ سیدنا داؤد علیہ السلام نے بطور توبہ کیا تھا ہم شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا داؤد علیہ السلام پر مغفرت، وعدہ حسن مآب جیسے انعامات فرمائے“ اسی لئے حسن مآب کے بعد سجدہ کیا جاتا ہے“ ابوداؤد نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر شریف پر سورۂ صٓ“ کی تلاوت فرمائی جب سجدہ کی آیت تلاوت کی تو منبر سے اتر کر سجدہ فرمایا۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

marfat.com

باب سجدة النجم قاله ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم

حدثنا حفص بن عمر قال حدثنا شعبة عن أبي إسحاق عن الأسود عن عبد الله ان النبي صلى الله عليه وسلم قرأ سورة النجم فسجد بها فما بقي أحد من القوم الا سجد فأخذ رجل من القوم كفا من حصى أو تراب فرفعه الى وجهه وقال يكفيني هذا قال عبد الله فلقد رأيته بعد قتل كافرا باب سجود المسلمين مع المشركين والمشرك نجس ليس له وضوء وكان ابن عمر يسجد على غير وضوء

باب — سورۂ نجم میں سجدہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی

ترجمہ : عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
۱۰۱۳ — نے سورۂ نجم پڑھی اور اس میں سجدہ کیا لوگوں میں سے کوئی شخص باقی نہ رہا
مگر سب نے سجدہ کیا ان میں سے ایک شخص کنکریوں یا مٹی کی مٹھی لی اور اس کو اپنی پیشانی تک اٹھایا اور کہا مجھے یہی کافی
ہے اس کے بعد میں نے اسے دیکھا کہ وہ کافر قتل ہوا،،

شرح : امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سجدۂ تلاوت پڑھنے اور سننے والے دونوں
۱۰۱۳ — پر واجب ہے اگرچہ سننے والا تلاوتِ قرآن کی سماعت کا قصد نہ کرے؛
کیونکہ حدیث میں قصد کی قید مذکور نہیں،، شوافع کے نزدیک قصد کے بغیر سننے سے سجدہ کرنا مستحب ہے سنت مؤکدہ نہیں"
اس حدیث میں مکہ مکرمہ کا ذکر نہیں جبکہ ۱۰۱۰ میں مکہ مکرمہ کا ذکر ہے نیز اس روایت میں" فما بقی من القوم الا سجد،، کا ذکر ہے۔ پہلی روایت میں اس کا ذکر نہیں یعنی سب حاضرین نے سجدہ کیا جبکہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں سورۂ نجم کی تلاوت فرمائی،، طبرانی نے معجم کبیر میں روایت کی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اسلام کا اظہار فرمایا تو مکہ مکرمہ والے سارے مسلمان ہوگئے۔ نماز فرض ہونے سے پہلے کا یہ واقعہ ہے۔ آپ جب سجدہ کی آیت تلاوت فرماتے تو سب سجدہ کرتے حتیٰ کہ ہجوم کی کثرت کے باعث بعض لوگ سجدہ کرنے پر قادر نہ ہوتے،، یہ سن کر ولید بن مغیرہ اور ابوجہل وغیرہ رؤساء قریش مکہ مکرمہ میں آئے جبکہ وہ طائف میں اپنی زمین میں تھے اور انھوں نے لوگوں کو منع کر دیا تھا مگر شیخ زین الدین نے کہا یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ اس کے اسناد میں عبداللہ بن لھیعہ ہے (عینی)

باب — مسلمانوں کا مشرکوں کے ساتھ سجدہ کرنا،،

مشرک ناپاک ہے اس کا وضوء صحیح نہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما
وضوء کے بغیر سجدہ کر لیا کرتے تھے! ،،

marfat.com

۱۰۱۴ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ
ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ بِالنَّجْمِ وَسَجَدَ مَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ رَوَاهُ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ اَيُّوْبَ

۱۰۱۴ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ نجم میں سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ مسلمانوں، مشرکوں، جنوں اور انسانوں نے سجدہ کیا اس کی ابن طہمان نے ایوب سے روایت کی۔

۱۰۱۴ — شرح : حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابن عمر اپنی سواری سے اُترتے اور پیشاب وغیرہ کرتے پھر سوار ہوکر سجدہ کی آیت تلاوت کرتے تو وضو کئے بغیر سجدہ کر لیتے،، اس پر امام بخاری نے اعتراض کیا کہ مشرک تو پلید ہے اس کا وضو ہی درست نہیں لہٰذا ان پر قیاس کر کے بغیر وضو سجدہ کرنا درست نہیں۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے خبر دینے سے راوی نے سمجھا کہ جنوں نے سجدہ کیا ہے یا اللہ تعالیٰ نے ان سے حجاب اُٹھا دیا ہوگا،، اگر یہ سوال ہو کہ مشرکوں نے سجدہ کیوں کیا جبکہ وہ قرآن پر ایمان نہیں رکھتے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ آیت پڑھی — " اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ،، تو مشرکوں نے اپنے بتوں کے نام سُن کر سجدہ کیا اور مؤرخین کا یہ کہنا کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف پر بتوں کی تعریف جاری ہوگئی تھی جبکہ آپ سے یہ سُنا گیا " تِلْكَ الْغَرَانِيْقُ الْعُلٰى اِنَّ شَفَاعَتَهُنَّ لَتُرْتَجٰى ،، یا ابلیس لعین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز شریف کے مشابہ آواز بنا کر یہ کہا تو مشرکوں نے سجدہ کیا قطعاً باطل ہے۔ عقلاً اور نقلاً صحیح نہیں کیونکہ غیر اللہ کی مدح کرنا کفر ہے اور اس کی نسبت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کرنا غلط ہے اور نہ ہی شیطان لعین آپ کی زبان شریف پر تصرف کر کے ایسا کر سکتا ہے،، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس نے مجھے خواب میں دیکھا اُس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میرے مشابہ نہیں ہو سکتا اور نہ ہی میری صورت اختیار کر سکتا ہے،، جب خواب میں دیکھنے والے کے لئے شیطان آپ کی صورت اختیار کرنے پر قادر نہیں حالانکہ نائم مکلّف نہیں ہوتا تو اس کی بیداری کی حالت میں جبکہ وہ مکلّف ہوتا ہے اس کے لئے شیطان کیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ ہو سکتا ہے یا آپ کی آواز جیسی آواز اختیار کر سکتا ہے۔ یہ یقیناً محال ہے اس کو مومن کا دل ہرگز قبول نہیں کر سکتا ہے اور مورخین نے جو روایت ذکر کی ہے اس کے اکثر طرق منقطع اور معلول ہیں ان کا اسناد نہ تو صحیح ہے اور نہ ہی متصل ہے اور باقی طرق ضعیف اور ناقابلِ استدلال ہیں اور نصوص قرآنیہ کے خلاف ہے،،

اس حدیث سے امام ابوحنیفہ، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ سورۂ نجم میں سجدہ ہے،، البتہ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا اس میں سجدہ نہیں،، کیونکہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ نجم کی تلاوت فرمائی اور سجدہ نہ کیا،،

علامہ طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ ممکن ہے کہ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو نہ ہوگا اس لئے سجدہ نہ کیا ہو،، یا اس وقت سجدہ کرنا جائز نہ ہوگا۔

marfat.com

بَابُ مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ وَلَمْ يَسْجُدْ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَبُو الرَّبِيعِ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَأَلَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَزَعَمَ أَنَّهُ قَرَأَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّجْمِ فَلَمْ يَسْجُدْ فِيهَا ۱۰۱۵

حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّجْمِ فَلَمْ يَسْجُدْ فِيهَا ۱۰۱۶

بَابُ سَجْدَةِ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

نیز سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً سجدہ نہ فرمایا اس کو یہ لازم نہیں کہ اس میں سجدہ ہی نہیں اور نہ ہی اس میں وجوب کی نفی ہوتی ہے ،، الحاصل مذکورہ احتمالات ہوتے ہوئے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث میں سورۂ نجم میں سجدہ نہ ہونے کی قطعاً دلیل نہیں۔

باب ـــ جس نے سجدہ کی آیت پڑھی اور سجدہ نہ کیا

ترجمہ : عطاء بن یسار نے بیان کیا کہ اُنھوں نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو کہا کہ اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے "والنجم" سورت پڑھی آپ نے اس میں سجدہ نہ کیا ،، ـــ ۱۰۱۵

شرح : یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ نجم میں سجدہ نہ کیا۔ ابن بطال نے کہا یہ حدیث اس شخص کے لئے دلیل ہے جس نے سجدۂ تلاوت کو سنت کہا ہے کیونکہ اگر یہ واجب ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو ترک نہ کرتے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے کہا ممکن ہے کہ یہ ایسے وقت میں پڑھا ہو جس میں سجدہ کرنا جائز نہیں یا اس وقت آپ بے وضوء ہوں پھر کسی اور وقت کر لیا ہو کیونکہ سجدۂ تلاوت علی الفور تو واجب نہیں ہے ،،

حدیث ۱۰۱۴ کے یہ حدیث متضاد نہیں کیونکہ اس حدیث سے صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت آپ نے سجدہ نہیں فرمایا اس کو یہ لازم نہیں کہ اس میں سجدہ ہی نہیں حدیث ۱۰۱۴ میں اس کی وضاحت مذکور ہے ،،

ترجمہ : زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سورۂ نجم پڑھی تو آپ نے سجدہ نہ کیا۔ ـــ ۱۰۱۶

(اس حدیث کی شرح حدیث ۱۰۱۵ کے تحت دیکھیں)

باب ـــ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ میں سجدہ ،،

marfat.com

حدثنا مسلم بن ابراهيم ومعاذ بن فضالة قالا حدثنا هشام عن يحيى عن ابي سلمة قال رايت ابا هريرة قرأ اذا السماء انشقت فسجد بها فقلت يا ابا هريرة الم اراك تسجد قال لو لم ار النبي صلى الله عليه وسلم يسجد لم اسجد ۱۰۱۷

باب من سجد لسجودِ القارئ

۱۰۱۸ وقال ابن مسعود لتميم بن حذلم وهو غلام فقرء عليه سجدة فقال اسجد فانك امامنا فيها حدثنا مسدد قال حدثني يحيى قال حدثنا عبيد الله قال حدثني نافع عن ابن عمر قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يقرأ علينا السورة فيها السجدة فيسجد ونسجد حتى ما يجد احدنا موضع جبهته

ترجمہ : ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انھوں نے اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ ،، کی تلاوت کی اور اس میں سجدہ کیا میں نے کہا اے ابا ہریرہ کیا میں نے تجھے دیکھا نہیں کہ تم سجدہ کرتے ہو ؟ ابوہریرہ نے کہا اگر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کرتے نہ دیکھتا تو سجدہ نہ کرتا ،،

۱۰۱۷ — شرح : امام ابوحنیفہ، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہ نے اس حدیث سے استدلال کیا کہ سورہ اذا السماء انشقت میں سجدۂ تلاوت ہے ،، اگر یہ سوال ہو کہ ابوداؤد نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو کسی مفصل میں سجدۂ تلاوت نہیں کیا ،، مجاہد ، امام حسن بصری اور بعض شافعیہ نے یہی اختیار کیا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں تھے تو مفصل میں سجدہ تلاوت فرماتے تھے جب مدینہ منورہ تشریف لے گئے تو اس کو چھوڑ دیا اس کا جواب یہ ہے کہ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے اگر بالفرض ثابت بھی ہو تو فاسد ہے کیونکہ ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کا اسلام اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات مدینہ منورہ میں آپ کی وفات سے تین برس پہلے ہوئی وہ کہتے ہیں ہم نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ،، اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ اور ،، اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ ،، میں سجدۂ تلاوت کیا ،، نیز ابن عبدالبر نے کہا ابن عباس کی حدیث منکر ہے اور یحییٰ بن معین نے اس کو ضعیف کہا ہے ۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — جس نے قاری کا سجدہ کرنے کی وجہ سے سجدہ کیا ،،

ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے تمیم بن حذلم سے کہا حالانکہ وہ بچہ تھا ،، اور اس نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے سامنے سجدہ کی آئت پڑھی کہ تو سجدہ کر کیونکہ اس میں تو ہمارا امام ہے

۱۰۱۸ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے سامنے وہ سورت تلاوت فرماتے جس میں سجدہ ہوتا اور آپ

marfat.com

باب اِزْدِحَامِ النَّاسِ اِذَا قَرَأَ الْاِمَامُ السَّجْدَةَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ اٰدَمَ ۱۰۱۹

قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ السَّجْدَةَ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ مَعَهٗ فَنَزْدَحِمُ حَتّٰى مَا يَجِدُ اَحَدُنَا لِجَبْهَتِهٖ مَوْضِعًا يَسْجُدُ عَلَيْهِ

سجدہ فرماتے تو ہم بھی سجدہ کرتے حتیٰ کہ ہم میں سے بعض لوگ اپنا ماتھا رکھنے کی جگہ نہ پاتے ،،

شرح : باب کے عنوان کا مطلب یہ ہے کہ جب سجدہ کی آئت پڑھنے والا سجدہ کرے تو سُننے والا بھی سجدہ کرے ،،

۱۰۱۸ ——

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا علماء اس بات پر متفق ہیں کہ قاری جب سجدہ کرے تو سُننے والے پر سجدہ کرنا لازم ہے مگر اختلاف اس امر میں ہے جبکہ سامع نے سُننے کا قصد نہ کیا۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا اس کے لیے سجدہ کرنا سنت مؤکدہ نہیں اگر وہ سجدہ کرے تو بہتر ہے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ قاری اور سامع دونوں پر سجدہ واجب ہے سامع قرأت کی سماعت کا قصد کرے یا نہ کرے ،، بعض علماء نے باب کے ترجمہ سے یہ اشارہ سمجھا ہے کہ قاری جب سجدہ نہ کرے تو سامع بھی سجدہ نہ کرے مگر یہ درست نہیں کیونکہ سجدہ واجب ہو یا سنت ہو اس کا تعلق سامع کے ساتھ ہے قاری کے ساتھ نہیں ،، یعنی سامع جب سجدہ کی آئت سُنے تو اس پہ سجدہ واجب یا سنت ہے قاری سجدہ کرے یا نہ کرے ،،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا مطلب یہ ہے کہ تو ہمارا سجدہ کرنے میں امام اور متبوع ہے تمہاری وجہ سے ہم نے سجدہ کرنا ہے سجدہ کرو ہم بھی سجدہ کریں ،، اس کا یہ معنیٰ نہیں اگر تو سجدہ نہ کرے گا تو ہم بھی سجدہ نہ کریں گے ،، کیونکہ سجدہ کا تعلق تالی اور سامع دونوں کے ساتھ ہے۔ اگر تالی سجدہ نہ کرے تو سامع سے ساقط نہیں ہوتا۔ یہ احناف کا مسلک ہے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سماعت کا قصد کرنے والا سجدہ کرے اور غیر قاصد سجدہ نہ کرے۔ حنابلہ کہتے ہیں جب قاری سجدہ کرے تو سماعت کا قاصد سجدہ کرے ورنہ نہ کرے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سجدہ کی آئت کی تلاوت کے وقت قاری اور سامع پر سجدہ واجب ہے نماز میں ہو یا نماز سے باہر ہو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کی متابعت ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — جب امام سجدہ کی آئت پڑھے تو لوگوں کا ہجوم ہو جانا ،،

۱۰۱۹ ——

ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کی آئت کی تلاوت فرماتے جبکہ ہم آپ کے پاس ہوتے تھے آپ سجدہ فرماتے اور ہم بھی آپ کے ساتھ سجدہ کرتے اور ہمارا ہجوم ہو جانا حتیٰ کہ ہم میں سے بعض لوگ اپنے ماتھے کے لئے سجدہ کرنے کی جگہ نہ پاتے۔

marfat.com

بَابُ مَنْ رَأَى أَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَمْ يُوْجِبِ السُّجُوْدَ

وَقِيْلَ لِعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ الرَّجُلُ يَسْمَعُ السَّجْدَةَ وَلَمْ يَجْلِسْ لَهَا قَالَ أَرَأَيْتَ لَوْ قَعَدَ لَهَا كَأَنَّهُ لَا يُوْجِبُ عَلَيْهِ وَقَالَ سَلْمَانُ مَا لِهٰذَا غَدَوْنَا وَقَالَ عُثْمَانُ إِنَّمَا السَّجْدَةُ عَلٰى مَنِ اسْتَمَعَهَا وَقَالَ الزُّهْرِيُّ لَا يَسْجُدُ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ طَاهِرًا فَإِذَا سَجَدَتْ وَأَنْتَ فِي حَضَرٍ فَاسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ فَإِنْ كُنْتَ رَاكِبًا فَلَا عَلَيْكَ حَيْثُ كَانَ وَجْهُكَ وَكَانَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ لَا يَسْجُدُ لِسُجُوْدِ الْقَاصِّ

۱۰۲۰ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ فرض نماز میں جو شخص ہجوم کی وجہ سے زمین پر سجدہ نہ کر سکے وہ اپنے ساتھی کی پشت پر سجدہ کر لے، احناف کا بھی یہی مذہب ہے۔ امام احمد رضی اللہ عنہ نے کہا اشارہ سے سجدہ کرے،، امام مالک رضی اللہ عنہ اور آپ کے اصحاب یہ کہتے ہیں کہ سجدہ نہ کرے جب لوگ سجدہ سے سر اٹھا لیں تو سجدہ کرے اگر کسی کی پشت پر سجدہ کیا تو نماز کا اعادہ کرے،، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا سجدہ کرو اگرچہ اپنے بھائی کی پشت پر کرنا پڑے،، جب ہجوم کے وقت فرض نماز میں دوسرے کی پشت پر سجدہ کرنا جائز ہے تو نماز کے سوا بطریقِ اولیٰ جائز ہے،، واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب — جس نے یہ اعتقاد کیا کہ اللہ تعالیٰ نے سجدۂ تلاوت واجب نہیں فرمایا،،

ترجمہ : حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے کہا گیا جو کوئی سجدہ کی آئت سنے اور اس کا قصد نہ کرے (کیا اس پر سجدۂ تلاوت واجب ؟) عمران نے کہا تم یہ بتاؤ کہ اگر وہ سجدہ کی آئت سننے کے لئے بیٹھ جائے (قصد کرے کیا اس پر سجدہ واجب ہوگا ؟) امام بخاری نے کہا۔ گویا کہ عمران بن حصین قصداً آئت سننے والے پر سجدہ واجب نہیں جانتے ہیں،، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کہا ہم اس لئے (سجدہ کرنے) باہر نہیں آئے سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کہا سجدہ صرف اس شخص پر ہے جو قصداً سجدہ کی آئت کی تلاوت سنے،، امام زہری رحمہ اللہ نے کہا کہ سجدہ مت کرو مگر جبکہ باوضو ہو،، اگر تو سجدہ کرنا چاہے جبکہ تو مقیم ہو تو قبلہ رُو ہو کر سجدہ کر اور اگر مسافر ہے تو تجھ پر کچھ گناہ نہیں جدھر بھی تیرا منہ ہو (سجدہ کر لے) سائب بن یزید واعظ کا آئتِ سجدہ تلاوت کرنے پر سجدہ نہ کرتے تھے،،

شرح : یعنی عمران بن حصین کا یہ مسلک ہے کہ اگر کوئی آئت سجدہ کی تلاوت قصداً بھی سنے تو اس پر سجدہ واجب نہیں، تو جو کوئی قصداً نہ سنے اس پر بطریقِ اولیٰ سجدہ واجب نہ ہوگا،،

marfat.com

لُتَيْمِيِّ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهُدَيْرِ التَّيْمِيِّ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ وَكَانَ رَبِيْعَةُ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ عَمَّا حَضَرَ رَبِيْعَةَ مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَرَأَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ عَلَى الْمِنْبَرِ بِسُوْرَةِ النَّحْلِ حَتّٰى اِذَا جَاءَ السَّجْدَةَ نَزَلَ فَسَجَدَ وَسَجَدَ النَّاسُ حَتّٰى اِذَا كَانَتِ الْجُمُعَةُ الْقَابِلَةُ قَرَأَ بِهَا حَتّٰى اِذَا جَاءَتِ السَّجْدَةُ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا نَمُرُّ بِالسُّجُوْدِ فَمَنْ سَجَدَ فَقَدْ اَصَابَ وَمَنْ لَمْ يَسْجُدْ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَلَمْ يَسْجُدْ عُمَرُ وَزَادَ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَفْرِضِ السُّجُوْدَ اِلَّا اَنْ نَشَاءَ

بَابُ مَنْ قَرَأَ السَّجْدَةَ فِي الصَّلٰوةِ فَسَجَدَ بِهَا

سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نے اس لئے سجدہ نہیں کیا کہ ہم نے سماع کا قصد نہ کیا تھا اور سجدہ مستمع پر واجب ہے سامع پر واجب نہیں ،، مستمع وہ ہے جو سماع کا قصد کرے اور جو سماع کا قصد نہ کرے وہ سامع ہے ،، واعظ کی تلاوت پر سجدہ اس لئے واجب نہیں کہ وہ قرآن کریم کی قرأت کا قاصد نہیں ہوتا ،، واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

ترجمہ : سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن منبر شریف پر سورۂ نحل پڑھی حتیٰ کہ جب سجدہ کی آئت کو پہنچے تو منبر سے اُتر کر سجدہ کیا اور لوگوں نے بھی سجدہ کیا حتیٰ کہ جب آئندہ جمعہ تھا تو اسی سورت کی تلاوت کی حتیٰ کہ جب سجدہ کی آئت آئی تو کہا اے لوگو! ہم سجدہ کی آئت پر گزرتے ہیں تو جس نے سجدہ کر لیا اچھا کیا اور جس نے سجدہ نہ کیا اس پر کوئی گناہ نہیں اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سجدہ نہ کیا۔ نافع نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ اللہ تعالیٰ نے سجدہ فرض نہیں کیا مگر یہ کہ ہم چاہیں ،،

شرح : اگر یہ کہا جائے کہ ،، فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ ،، سے معلوم ہوتا ہے کہ سجدہ تلاوت واجب نہیں اس کا جواب یہ ہے کہ سجدہ تلاوت علی الفور واجب نہیں لہذا تاخیر سے سجدہ کرنے سے گناہ نہیں اور اس کو عدمِ وجوب لازم نہیں ،، اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس لئے سجدہ نہ کیا ہوگا کہ یہ علی الفور واجب نہیں ،، اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر سے ثابت ہے کہ آپ قرآن کریم میں سجود کے مواضع میں سجدہ فرمایا کرتے تھے لہذا یہ ثابت ہوا کہ سجدہ سنت مؤکدہ ہے اس میں اور واجب میں فرق نہیں لہذا یہ حدیث احناف کے مذہب کے خلاف نہیں ،، کیونکہ تلاوت کے وقت سے تاخیر سے سجدہ کرنے میں گناہ نہیں ،، نافع کی روائت میں فرض کی نفی سے واجب کی نفی نہیں ہوتی۔ اہلِ لغت نے فرض اور واجب میں فرق کیا ہے اس کا انکار مکابرہ ہے ،، کیونکہ شرعی احکام الفاظ لغویہ سے لئے جاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ جس نے نماز میں سجدہ کی آئت پڑھی اور نماز میں سجدہ کیا

marfat.com

۱۰۲۱ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرٌ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ اَبِیْ هُرَيْرَةَ الْعَتَمَةَ فَقَرَاَ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ فَسَجَدَ فَقُلْتُ مَا هٰذِهِ قَالَ سَجَدْتُ بِهَا خَلْفَ اَبِی الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا اَزَالُ اَسْجُدُ فِيْهَا حَتَّى اَلْقَاهُ

بَابُ مَنْ لَمْ يَجِدْ مَوْضِعًا لِلسُّجُوْدِ مِنَ الزِّحَامِ

۱۰۲۲ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ السُّوْرَةَ الَّتِیْ فِيْهَا السَّجْدَةُ فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ حَتّٰى مَا يَجِدُ اَحَدُنَا مَكَانًا لِمَوْضِعِ جَبْهَتِهٖ

ترجمہ : ابو رافع رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ابوہریرہ کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھی تو اُنھوں نے اِذَا انْشَقَّتْ ،، سُورت پڑھی اور سجدہ کیا میں نے کہا یہ سجدہ کیسا ہے ،، ابوہریرہ نے کہا میں نے سیّدنا ابوالقاسم محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے پیچھے یہ سجدہ کیا میں ہمیشہ اس میں سجدہ کرتا رہوں گا حتیٰ کہ آپ سے جاملوں گا ،،

۱۰۲۱ — شرح : یعنی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ نماز پڑھاتے وقت آپ نے یہ سجدہ کیسا کیا ہے۔ اُنھوں نے کہا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کی اقتداء میں سجدہ کیا لہٰذا فوت ہونے تک میں یہ سجدہ کرتا رہوں گا کیونکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کی ملاقات موت کے بغیر نہیں ہوسکتی، ابن بطال نے کہا اس حدیث میں امام شافعی رضی اللہ عنہ کے لئے حجت اور دلیل ہے کہ فرض نماز میں سجدۂ تلاوت کرنا جائز ہے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا فرض نماز میں سجدہ کی آئت پڑھنا مکروہ ہے۔ نماز جہری ہو یا سِرّی ہو۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے ایک روائت ہے کہ سِرّی نماز میں سجدہ کی آئت نہ پڑھے جہری میں پڑھنا جائز ہے ،، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا جس سورت کے آخر میں سجدہ کی آئت ہو اگر وہ پڑھ کر رکوع میں چلا جائے تو سجدۂ تلاوت ادا ہوجاتا ہے ،، اگر امام سجدۂ تلاوت کرے تو مقتدی بھی کرے گا اور اگر مقتدی نے سجدہ کی آئت تلاوت کی تو کسی پر سجدہ کرنا لازم نہیں اور نہ ہی نماز سے فارغ ہونے کے بعد لازم ہے ،، امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رضی اللہ عنہما یہی کہتے ہیں۔ امام محمد کے نزدیک نماز سے فارغ ہوکر کرسکتے ہیں جو شخص امامت کے لائق نہیں جیسے عورت، بچہ اور خنثیٰ نے اگر آئتِ سجدہ کی تلاوت کی تو سُننے والے پر امام ابوحنیفہ کے نزدیک سجدہ واجب ہے۔ شافعیہ کا مسلک بھی یہی ہے کہ سجدہ کرنا مسنون ہے اور یہی اصح ہے۔ نووی نے اس کی تصریح کی ہے!

باب — ہجوم کے سبب جو شخص سجدہ کے لئے جگہ نہ پائے

۱۰۲۲ — ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کوئی سُورت پڑھتے جس میں سجدہ ہوتا تو سجدہ فرماتے اور ہم بھی سجدہ کرتے حتیٰ کہ ہم میں سے

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَبْوَابُ تَقْصِيْرِ الصَّلٰوةِ

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّقْصِيْرِ وَكَمْ يُقِيْمُ حَتّٰى يُقْصِرَ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَاصِمٍ وَحُصَيْنٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَةَ عَشَرَ يُقْصِرُ فَنَحْنُ اِذَا سَافَرْنَا تِسْعَةَ عَشَرَ قَصَّرْنَا وَاِنْ زِدْنَا اَتْمَمْنَا

بعض لوگ اپنا ماتھا رکھنے کی جگہ نہ پاتے "

شرح : حدیث ۱۰۱۹ کی تفہیم میں اس کی تقریر مذکور ہے۔ امام احمد رضی اللہ عنہ اہل کوفہ کے نزدیک ہجوم کی وجہ سے اگر زمین پر ماتھا

۱۰۲۲ ——

رکھنے کی جگہ میسّر نہ ہو تو دوسرے لوگوں کی پشت پر سجدہ کر لینا جائز ہے "، امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا سجدہ کرنے سے رُکے لوگ جب سجدہ سے سر اُٹھائیں تو سجدہ کر لے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

باب ــــ تقصیر الصلوٰۃ میں جو احادیث وارد ہیں اور کتنے دن اقامت تک قصر کرے "

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انیس ۱۹ روز

۱۰۲۳ —— اقامت کی اور قصر کرتے رہے۔ ہم بھی سفر میں انیس روز اقامت کریں تو قصر کریں گے اگر اس سے زیادہ اقامت کریں تو پوری نماز پڑھیں گے۔

شرح : امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ سفر میں قصر اور اتمام صلوٰۃ

۱۰۲۳ —— دونوں جائز ہیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک سفر میں صرف قصر ہی ہے پوری نماز یعنی اتمام صلوٰۃ سے گنہگار ہوگا چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ اولاً جب نماز فرض ہوئی تو دو رکعتیں ہی فرض ہوئی تھی پھر سفر کی نماز اسی حال پر رہی اور حضر کی نماز زیادہ کی گئی "، اس حدیث سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ مسافر پر صرف دو رکعتیں ہی فرض ہیں اس پر زیادتی جائز نہیں۔ امام نسائی نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جمعہ کی نماز دو رکعتیں، فطر کی نماز دو رکعتیں

marfat.com

۱۰۲۴ حَدَّثَنَا اَبُو مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنِیْ یَحْیٰی بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ سَمِعْتُ اَنَسًا یَقُوْلُ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ اِلٰی مَکَّۃَ فَکَانَ یُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ رَکْعَتَیْنِ حَتّٰی رَجَعْنَا اِلَی الْمَدِیْنَۃِ قُلْتُ اَقَمْتُمْ بِمَکَّۃَ شَیْئًا قَالَ اَقَمْنَا بِھَا عَشْرًا

نخر کی نماز دو رکعتیں ہیں اور سفر کی نماز دو رکعتیں ہی پوری نماز ہے اس میں قصر نہیں۔ علامہ ابن حزم رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے صحیح روائت ذکر کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفر کی نماز کی دو رکعتیں ہیں جس نے سنت کا ترک کیا اس نے کفر کیا۔

اگر یہ سوال ہو کہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ سفر میں نماز پوری پڑھتے تھے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان کے نزدیک قصر اور اتمام دونوں جائز ہیں کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز میں قصر کی تو انھوں نے یہ اعتقاد کر لیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب دو امروں میں اختیار دیا گیا تو آپ نے ہمیشہ آسان کو اختیار کیا اسی لئے جب آپ کو قصر اور اتمام میں اختیار دیا گیا تو آپ نے اپنی امت کے لئے آسان کو اختیار کیا اس لئے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ قصر اور اتمام دونوں کو جائز کہتے تھے۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی یہی تاویل اختیار کی ہے اور وہ بھی سفر میں نماز پوری پڑھتی تھیں، اس کی تائید حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا سیدنا عثمان پر اعتراض کرنا اور پھر ان کی اقتداء میں پوری نماز پڑھنا ہے،، یعنی سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ سفر میں پوری نماز پڑھتے تھے۔ اس پر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اعتراض کیا پھر ان کے پیچھے پوری نماز پڑھی جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ نے عثمان پر اعتراض کیا پھر ان کی اقتداء میں پوری نماز پڑھی تو انھوں نے کہا خلاف اچھا نہیں،، — پھر قصر صرف چار رکعت والی نماز میں ہے مغرب اور صبح میں قصر نہیں،، امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک اگر پندرہ دن کی اقامت کی نیت ہو تو پوری نماز پڑھنی فرض ہے اگر اس سے کم مدت کی اقامت کی نیت ہو تو قصر واجب ہے کیونکہ پندرہ روز کی مدت طہر کی مدت جیسی ہے چنانچہ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے روائت کی انھوں نے کہا جب تو مسافر ہو اور کسی شہر میں پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ ہو تو پوری نماز پڑھو اور اگر تمہیں معلوم نہیں کہ کب سفر میں شروع ہو جائے تو قصر کرو" ابن ابی شیبہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ انھوں نے کہا جب مسافر پندرہ دن ٹھہرنے کا قصد کرے تو پوری نماز پڑھے ورنہ قصر کرے اور بخاری میں مذکور حدیث ۱۰۲۳ کا مطلب یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں انیس روز کی اقامت کی نیت نہ کی تھی اس لئے آپ قصر کرتے رہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مسافر جب کسی شہر میں چار دن اقامت کی نیت کرے تو پوری نماز پڑھے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں صرف چار روز اقامت فرمائی تھی،، امام مالک اور احمد رضی اللہ عنہما بھی یہی کہتے ہیں،،

واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

ترجمہ: یحییٰ بن ابی اسحاق نے کہا میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینہ منورہ سے

۱۰۲۴ —

marfat.com

بَابُ الصَّلٰوةِ بِمِنًى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ۱۰۲۵
نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَمَعَ عُثْمَانَ صَدْرًا مِّنْ اِمَارَتِهٖ ثُمَّ اَتَمَّهَا

مکہ مکرمہ کی طرف گئے آپ (اثنائے سفر میں) دو دو رکعتیں پڑھتے رہے حتیٰ کہ ہم مدینہ منورہ واپس آگئے۔ میں (یحییٰ بن اسحاق) نے حضرت انس سے کہا کہ تم مکہ مکرمہ میں کچھ ٹھہرے تھے اُنھوں نے کہا ہم وہاں دس دن ٹھہرے تھے!

شرح : اس حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ مسافر جب کسی شہر میں چار دن اقامت کا ارادہ کرے تو قصر پڑھے کیونکہ ۱۰۲۴ ——

مکہ مکرمہ میں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار دن اقامت فرمائی تھی۔ امام مالک اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما بھی یہی کہتے ہیں۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کا ایک قول یہ بھی ہے کہ مسافر جب چار روز سے زیادہ اقامت کرے تو وہ مقیم ہو جاتا ہے اگرچہ وہ اقامت کی نیت نہ کرے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا امام شافعی کا یہ قول اجماع کے خلاف ہے کیونکہ چار دن کی نیتِ اقامت سے مقیم ہو جانا کسی سے منقول نہیں،، احناف کے نزدیک پندرہ روز سے کم اقامت کی نیت کرے تو قصر پڑھے گا؛ چنانچہ عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ اُنھوں نے کہا جب تو کسی شہر میں جائے جبکہ تو مسافر ہو اور تیری نیت یہ ہو کہ وہاں پندرہ روز ٹھہرے گا تو نماز پوری پڑھ اور اگر تجھے معلوم نہیں کہ کب سفر شروع ہوگا تو قصر پڑھتے رہو،، اس حدیث کی امام طحاوی اور ابن ابی شیبہ نے مجاہد سے روایت کی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جب پندرہ روز اقامت کی نیت کرتے تو پوری نماز پڑھتے تھے!

واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب —— منیٰ میں نماز پڑھنا

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے نبیٔ کریم صلی ۱۰۲۵ ——

اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں اور ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے ساتھ بھی اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کی خلافت کے ابتدائی دَور میں دو رکعتیں پڑھیں پھر اُنھوں نے (سفر میں) نماز پوری پڑھی۔

شرح : سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے ابتداء خلافت میں چھ برس قصر پڑھی پھر اس کے بعد وہ سفر میں پوری نماز پڑھتے تھے،، کیونکہ ان کے نزدیک ۱۰۲۵ ——

قصر و اتمام دونوں جائز ہیں اور اُنھوں نے اتمام کو قصر پر ترجیح دی تھی جیسا کہ حدیث ۱۰۲۳ میں گزرا ہے۔"

امام ابوحنیفہ اور آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم نے کہا جس مسافت میں قصر کی جاتی ہے وہ تین شب و روز کا سفر ہے اور وہ اٹھارہ فرسخ ہیں اسی پر فتویٰ ہے،،

marfat.com

حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَنْبَأَنَا أَبُو إِسْحَاقَ سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ قَالَ صَلَّى ۱۰۲۶
بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْنَ مَا كَانَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ حَدَّثَنِي قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ حَدَّثَنَا ۱۰۲۷
إِبْرَاهِيمُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيدَ يَقُولُ صَلَّى بِنَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِمِنًى أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فَقِيلَ فِي ذٰلِكَ لِعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُودٍ فَاسْتَرْجَعَ ثُمَّ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّيْتُ مَعَ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ وَصَلَّيْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ فَلَيْتَ حَظِّي مِنْ أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ رَكْعَتَانِ مُتَقَبَّلَتَانِ

۱۰۲۶ —— ترجمہ : ابو اسحاق نے کہا میں نے حارثہ بن وہب سے سُنا وہ کہتے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے امن کی حالت میں ہم کو منیٰ میں دو رکعتیں پڑھائیں"

۱۰۲۶ —— شرح : جمہور کا مذہب یہ ہے کہ خوف کے بغیر بھی نماز قصر پڑھنا جائز ہے لہٰذا ان لوگوں کا قول ناقابلِ قبول ہے جو کہتے ہیں کہ قصر نماز بحالت خوف مختص ہے۔ صحیح مسلم میں یعلی بن اُمیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُنھوں نے کہا کہ میں نے سیدی عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اگر تمہیں کفار کے فتنہ کا ڈر ہو تو نماز قصر پڑھنے میں کوئی حرج نہیں" مگر اب تو لوگ امن کی میں ہیں (لہٰذا قصر کیونکر پڑھیں) عمر فاروق نے کہا جس سے تم نے تعجب کیا ہے میں نے بھی اسی طرح تعجب کیا تھا اور جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا یہ صدقہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے تم پر صدقہ کیا ہے اس کا صدقہ قبول کرو" علماءِ اصول نے کہا جو صدقہ تملیک کا محتمل نہ ہو وہ محض اسقاط ہوتا ہے۔ لہٰذا سفر کی حالت میں دو رکعتیں مسافر سے ساقط ہیں۔ حافظ ابو نعیم رحمہ اللہ تعالیٰ نے تاریخ اصبہان میں ابو الکنود سے روایت کی اُنھوں نے کہا میں نے ابن عمر سے سفر کی حالت میں نماز سے متعلق پُوچھا تو اُنھوں نے کہا دو رکعتیں نماز آسمان سے نازل ہُوئی ہے اگر تم چاہتے ہو تو اس کو مسترد کر دو" حضرت حارثہ بن وہب کی حدیث میں اس کی واضح تائید ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسُولہ الاعلیٰ اعلم!

۱۰۲۷ —— ترجمہ : ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے عبدالرحمٰن بن یزید کو یہ کہتے ہُوئے سُنا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ہم کو منیٰ میں چار رکعتیں پڑھائیں" حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کا ذکر کیا گیا تو اُنھوں نے کہا "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ" پھر کہا میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں اور ابو بکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ منیٰ میں دو رکعتیں پڑھیں کاش کہ چار رکعتوں سے میرا حصہ دو رکعتیں مقبول ہوں۔

۱۰۲۷ —— شرح : ان الفاظ میں سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر تعریض کی گئی یعنی عبداللہ بن مسعود چار کی جگہ دو رکعتیں پڑھتے تھے کیونکہ جناب رسول اللہ صلی

marfat.com

بَابُ كَمْ اَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهٖ

۱۰۲۸ حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ الْبَرَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ لِصُبْحِ رَابِعَةٍ يُلَبُّوْنَ بِالْحَجِّ فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً اِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهٗ هَدْيٌ تَابَعَهٗ عَطَاءٌ عَنْ جَابِرٍ

اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب بحالت سفر دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے ،، اور انھوں نے کراہت کا اظہار کیا جبکہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا عمل آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کے عمل کے خلاف دیکھا ،، صاحب توضیح نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بحالت سفر نماز قصر پڑھنا فرض کہتے تھے ،، حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے کہا بحالت سفر نماز صرف دو رکعتیں فرض ہیں۔ امام اوزاعی رحمہ اللہ نے کہا اگر بھول کر تیسری رکعت میں کھڑا ہوگیا تو اسے ترک کر دے اور سجدۂ سہو کرے۔ ابوداؤد شریف میں روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بحالت سفر چار رکعتیں پڑھیں جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ عثمان غنی پر اس بارے میں عیب لگاتے ہیں اور خود چار پڑھتے ہو ،، تو انھوں نے جواب دیا کہ خلاف کرنا اچھا نہیں شرارت ہے ،، مگر اس سے یہ نہ سمجھ لینا چاہیئے کہ عبداللہ بن مسعود بھی بحالت سفر چار یا دو رکعتوں کا پڑھنا جائز سمجھتے تھے کیونکہ ان کے نزدیک اگر قصر واجب نہ ہوتی تو وہ استرجاع نہ کہتے ،، اور یہ نہ کہتے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ دو رکعتیں پڑھی ہیں۔

واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج میں کتنے روز اقامت فرمائی ۔ ،،

ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حج کا تلبیہ کہتے ہوئے چار ذوالحجہ کی صبح کو مکہ مکرمہ تشریف لائے پھر آپ نے صحابہ کو فرمایا کہ حج کو عمرہ کرلیں مگر وہ شخص جس کے پاس ہدیٰ ہے (وہ حج کو فسخ نہ کرے) ابوعالیہ کی عطاء بن ابی رباح نے جابر سے روایت کرنے میں متابعت کی!

۱۰۲۸ ـــ

شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم چار ذوالحجہ کو مکہ مکرمہ تشریف لائے تھے اور یہ بات مسلم ہے کہ یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے اور اس حج میں آپ کے مکہ مکرمہ میں صرف دس روز ٹھہرے تھے جیسا کہ حدیث ۱۰۲۴ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے ،، لہٰذا حدیث باب کے عنوان کے مطابق ہے ،،

۱۰۲۸ ـــ

مشرکین یہ کہا کرتے تھے کہ حج کے ایام میں عمرہ کرنا سخت گناہ ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تردید

marfat.com

بابٌ فِی کَمْ تُقْصَرُ الصَّلٰوۃُ وَسَمَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ السَّفَرَ یَوْمًا وَّلَیْلَۃً

۱۰۲۹ وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ یَقْصُرَانِ وَیُفْطِرَانِ فِی اَرْبَعَۃِ بُرُدٍ وَھُوَ سِتَّۃَ عَشَرَ فَرْسَخًا حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ اُسَامَۃَ حَدَّثَکُمْ عُبَیْدُ اللّٰہِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُسَافِرُ الْمَرْاَۃُ ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ اِلَّا مَعَ

۱۰۳۰ ذِیْ مَحْرَمٍ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُسَافِرُ الْمَرْاَۃُ ثَلَاثًا اِلَّا مَعَھَا زَوْجٌ وَّمَحْرَمٌ تَابَعَہٗ اَحْمَدُ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَکِ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۱۰۳۱ حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ الْمَقْبُرِیُّ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

کرتے ہوئے صحابہ کرام سے فرمایا کہ جنہوں نے حرم میں ہدی (قربانی) نہیں بھیجی وہ حج کا احرام فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھ لے اور جنہوں نے ہدی بھیج دی ہے وہ ایسا نہ کریں چنانچہ صحابہ کرام نے حسبِ ارشاد حج کا احرام فسخ کردیا اور عمرہ کا احرام باندھ لیا اور پھر آٹھ ذوالحجہ کو حج کے لئے احرام باندھا۔ یہ صرف صحابہ رضی اللہ عنہم کی خصوصیت ہے چنانچہ ابوداؤد نے حارث بن بلال بن الحارث سے روایت کی کہ ان کے والد نے کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ حج کو فسخ کرنا ہمارے لئے خاص کیا گیا ہے یا بعد میں آنے والے لوگ بھی ایسا کرسکتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ صرف تمہارے لئے مخصوص ہے،، اور یہ حدیث صحیح ہے!

باب — کتنی مسافت کے سفر میں قصر کرے

سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن رات کی مسافت کو سفر کہا۔ حضرت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم چار برید اور وہ سولہ (۱۶) فرسخ ہوتے ہیں کے سفر میں قصر اور افطار کیا کرتے تھے،،

۱۰۲۹ — ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی عورت محرم کے سوا تین دن سفر نہ کرے!

۱۰۳۰ — ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی عورت مَحْرَم کے بغیر تین دن سفر نہ کرے احمد بن محمد مروزی نے ابن مبارک سے اُنھوں نے عبیداللہ سے اُنھوں نے نافع سے اُنہوں نے ابن عمر سے اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرنے میں عبیداللہ کی مطابعت کی!

۱۰۳۱ — ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عورت اللہ تعالیٰ اور قیامت کے روز پر ایمان رکھتی

marfat.com

لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُسَافِرَ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ لَيْسَ مَعَهَا حُرْمَةٌ تَابَعَهُ يَحْيٰى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ وَسُهَيْلٌ وَمَالِكٌ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ **بَابٌ** يَقْصُرُ اِذَا خَرَجَ مِنْ مَوْضِعِهٖ وَخَرَجَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَقَصَرَ وَهُوَ يَرَى الْبُيُوْتَ فَلَمَّا رَجَعَ قِيْلَ لَهٗ هٰذِهِ الْكُوْفَةُ قَالَ لَا حَتّٰى نَدْخُلَهَا **حَدَّثَنَا** اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ اَنَسٍ ۱۰۳۲
ابْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّيْتُ الظُّهْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ اَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

ہے اس کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ ایک دن رات کا سفر کرے جبکہ اس کے ساتھ کوئی محرم نہ ہو،، یحییٰ بن ابی کثیر، سہیل اور مالک نے مقبری سے روائت کرنے میں ابن ابی ذئب کی متابعت کی ہے!

شرح : اگر یہ کہا جائے کہ پہلی حدیث میں" مع ذی محرم ،، اور دوسری میں" معہا ذو محرم " فرمایا ان میں فرق کیا ہے، اس کا جواب یہ ہے پہلی حدیث میں عورت کے تابعہ ہونے اور دوسری میں متبوعہ ہونے کی طرف اشارہ فرمایا ہے،، سوال یہ ہوتا ہے کہ پہلی حدیث کا مدلول یہ ہے کہ عورت کا تنہا تین دن سے زیادہ روز سفر کرنا جائز نہیں، دوسری حدیث میں تین دن سفر کرنا جائز نہیں اور تیسری حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ وہ دو دن تنہا سفر نہیں کر سکتی۔ پہلی حدیث کا مفہوم دوسری حدیث کے منافی ہے اور دوسری حدیث کا مفہوم تیسری حدیث کے مفہوم کے منافی ہے،، اس کا جواب یہ ہے کہ مفہوم عدد کا کوئی اعتبار نہیں اور ایک عدد دوسرے عدد کے منافی نہیں ہوتا،، اور احادیث کا اختلاف سائلین کے اختلاف کے جواب کے اعتبار سے ہے،، ایک سائل نے یہ پوچھا کیا محرم کے بغیر عورت ایک دن اور ایک رات سفر کر سکتی ہے؟ فرمایا نہیں،، پھر دوسرے نے سوال کیا کہ وہ دو دن سفر کر سکتی ہے؟ فرمایا نہیں پھر تیسرے نے عرض کیا کیا وہ تین دن سفر کر سکتی ہے فرمایا نہیں" ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جس مسافت میں نماز قصر پڑھنا مباح ہے اس کی مقدار میں مختلف مذاہب ہیں۔ امام مالک، شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ کے مذہب میں سولہ فرسخ۔ امام اوزاعی کے نزدیک ایک دن کا سفر، اہل کوفہ کے نزدیک تین دن کا سفر اور اہل ظاہر کے نزدیک جب آبادی گزر جائے تو قصر کرے اگرچہ اپنے باغ میں جانے کا ارادہ ہو ان کے نزدیک قلیل وکثیر سفر برابر ہے،،

باب ـــــ جب اپنے موضع سے باہر نکلے تو نماز میں قصر کرے

سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کوفہ سے باہر نکلے اور نماز میں قصر کی جبکہ وہ کوفہ کے مکانات دیکھ رہے تھے،، جب واپس آئے تو ان سے کہا گیا یہ کوفہ ہے اُنھوں نے کہا نہیں (ہم پوری نماز نہیں پڑھیں گے) حتیٰ کہ کوفہ میں داخل ہو جائیں"

marfat.com

۱۰۲۹، ۱۰۳۰، ۱۰۳۱ ـــــ

حدثنا عبداللہ بن محمد قال حدثنا سفین عن الزہری عن عروۃ عن عائشۃ قالت الصلوٰۃ اول ما فرضت رکعتان فاقرت صلاۃ السفر واتمت صلوٰۃ الحضر قال الزہری فقلت لعروۃ فما بال عائشۃ تتم قال تاولت ما تاول عثمان

۱۰۳۳

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز چار رکعتیں پڑھیں اور ذوالحلیفہ میں

۱۰۳۲ —— دو رکعتیں پڑھیں !

شرح : یعنی جب اپنے شہر یا بستی سے سفر کے ارادہ کی غرض سے باہر نکلے تو آبادی گزر جانے کے بعد قصر کرتا رہے گا۔ ذوالحلیفہ مدینہ منورہ والوں کا میقات ہے جہاں سے وہ احرام باندھتے ہیں اور مدینہ منورہ سے چھ (۶) میل دور ہے ،، اس حدیث سے اہل ظاہر استدلال کرتے ہیں کہ قلیل سفر میں بھی قصر جائز ہے مگر یہ استدلال صحیح نہیں کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ تشریف لے جا رہے تھے۔ ذوالحلیفہ آپ کے سفر کی انتہاء نہ تھی "

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا سب سے پہلے نماز دو رکعت فرض ہوئی پھر سفر کی نماز ثابت رہی اور حضر کی نماز بڑھائی گئی ،، زہری نے کہا میں نے عروہ سے کہا ام المؤمنین عائشہ کا پوری نماز پڑھنے کا سبب کیا ہے ؟ انھوں نے کہا ام المؤمنین نے وہی تاویل کی ہے جو عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے تاویل کی ہے۔

۱۰۳۳ ——

شرح : اس حدیث سے احناف نے استدلال کیا کہ بحالتِ سفر نماز پوری پڑھنا جائز نہیں کیونکہ سفر میں نماز دو رکعت ہی فرض ہے" سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا " سفر کی نماز دو رکعتیں ہی پوری نماز ہے قصر نہیں تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف سے یہ ارشاد ہوا ہے ،، امام نسائی نے صحیح سند کے ساتھ اس کی روایت کی ،، ابن حزم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے صحیح روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " سفر کی نماز دو رکعتیں ہیں جس نے سنت کا ترک کیا اُس نے کفرانِ نعمت کیا ،، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا جس نے سفر میں چار رکعتیں پڑھیں اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے حضر میں دو رکعتیں پڑھیں ،،

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی تاویل حدیث ۱۰۳۳ کے تحت مذکور ہے ،، دراصل سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا اعتقاد یہ تھا کہ نماز میں قصر صرف اس شخص کے لئے ہے جو بالفعل سفر کر رہا ہو اور جو مسافر اثناءِ سفر میں کچھ اقامت کر لے اگرچہ وہ پندرہ دن سے کم ہو وہ قصر نہ کرے وہ مقیم کے حکم میں ہے اس لئے وہ پوری نماز پڑھے گا یہی تاویل ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کی ہے۔

marfat.com

بَابُ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ ثَلَاثًا فِي السَّفَرِ

حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ۱۰۳۴
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ فِي السَّفَرِ يُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَاءِ قَالَ سَالِمٌ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ وَزَادَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ سَالِمٌ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ قَالَ سَالِمٌ وَأَخَّرَ ابْنُ عُمَرَ الْمَغْرِبَ وَكَانَ اسْتُصْرِخَ عَلَى امْرَأَتِهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ فَقُلْتُ لَهُ الصَّلَاةُ فَقَالَ سِرْ فَقُلْتُ لَهُ الصَّلَاةُ فَقَالَ سِرْ حَتّٰى سَارَ مِيلَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَعْجَلَهُ السَّيْرُ يُقِيمُ الْمَغْرِبَ فَيُصَلِّيهَا ثَلَاثًا ثُمَّ يُسَلِّمُ ثُمَّ قَلَّمَا يَلْبَثُ حَتّٰى يُقِيمُ الْعِشَاءَ فَيُصَلِّيهَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يُسَلِّمُ وَلَا يُسَبِّحُ بَعْدَ الْعِشَاءِ حَتّٰى يَقُومَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ

باب — سفر میں مغرب کی نماز تین رکعتیں پڑھے!

۱۰۳۴ — ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ کو سفر میں جلدی ہوتی تو مغرب کی نماز کو مؤخر فرماتے حتیٰ کہ اس کو اور عشاء کی نماز کو جمع کر کے پڑھتے، سالم نے کہا عبداللہ بن عمر بھی اسی طرح کرتے تھے جبکہ ان کو سفر میں جلدی ہوتی تھی، لیث رضی اللہ عنہ نے اس پر مزید کہا کہ مجھے یونس نے ابن شہاب سے خبر دی کہ سالم نے کہا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مغرب اور عشاء کی نماز مزدلفہ میں جمع کر کے پڑھتے تھے، حضرت عبداللہ بن عمر نے مغرب کی نماز کو مؤخر کیا جبکہ ان کو ان کی بیوی صفیہ بنت ابی عبید کی موت کی خبر دی گئی میں نے ان سے کہا نماز حاضر ہو گئی ہے۔ اُنھوں نے کہا چلو پھر میں نے کہا نماز! اُنھوں نے کہا چلو حتیٰ کہ دو یا تین میل چلے پھر اُتر کر نماز پڑھی اور کہا ایسے ہی میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ کو سفر کی جلدی ہوتی تو اس طرح نماز پڑھتے تھے عبداللہ بن عمر نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ کو سفر کی جلدی ہوتی تو مغرب کی نماز کو مؤخر فرماتے اور تین رکعتیں پڑھ کر سلام پھیرتے پھر تھوڑا سا ٹھہرتے حتیٰ کہ نمازِ عشا کی اقامت کہہ کر دو رکعتیں پڑھتے پھر سلام پھیرتے اور عشاء کی نماز کے بعد نوافل نہ پڑھتے حتیٰ کہ آدمی رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتے!

۱۰۳۴ — شرح: سیاقِ حدیث سے ظاہر ہے کہ دونوں نمازوں کے درمیان تھوڑا سا فرق کرتے تھے اس حدیث میں دو نمازوں کے جمع اور قصر کا بیان ہے، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سفر میں مغرب کی نماز میں قصر نہیں کی گئی کیونکہ یہ دن کے وتر ہیں۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ رات کی نماز کا اہتمام کرنا چاہیئے اگرچہ سفر کی حالت ہو، اس حدیث سے اس کی بھی وضاحت ہوتی ہے کہ دونوں نمازوں کو ایک نماز کے وقت میں جمع نہیں کیا جاتا بلکہ ایک نماز کو اس کے آخر وقت تک

marfat.com

۱۰۳۵ بَابُ صَلَاةِ التَّطَوُّعِ عَلَى الدَّوَابِّ حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ
قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ
۱۰۳۶ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ
۱۰۳۷ اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي التَّطَوُّعَ وَهُوَ رَاكِبٌ فِيْ غَيْرِ الْقِبْلَةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا
وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَيُوْتِرُ عَلَيْهَا وَيُخْبِرُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهٗ

مؤخر کیا جاتا ہے اور دوسری نماز کو اس کے اوّل وقت میں مقدم کر کے پڑھا جاتا ہے اور ہر ایک نماز اپنے اپنے وقت میں ادا ہوتی ہے اگرچہ بظاہر دیکھنے میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کو ایک وقت میں جمع کر کے پڑھا جا رہا ہے،، البتہ مزدلفہ میں مغرب کی نماز کو عشاء کے وقت میں دونوں کو ایک ساتھ پڑھا جاتا ہے یا عرفات میں عصر کی نماز کو ظہر کے وقت میں پڑھا جاتا ہے۔ یہ صرف ان دونوں نمازوں کی خصوصیت ہے،، ان کے علاوہ ہر نماز کا اس کے مقرر وقت میں پڑھنا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا،، یعنی مومنوں کے لئے نماز کا وقت مقرر ہے اور صحیح حدیث میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی نماز اس کے وقت کے بغیر ادا نہیں فرمائی،،

اس حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ مغرب کو عشاء کے وقت میں مؤخر کر کے جمع کرنا جائز ہے۔ احناف کہتے ہیں کہ حدیث سے مراد یہ نہیں کہ ان دونوں کو عشاء کے وقت میں پڑھتے تھے بلکہ مراد یہ ہے کہ مغرب کی نماز اس کے آخر وقت تک مؤخر کر کے پڑھتے۔ پھر جب عشاء کا وقت داخل ہو جاتا تو اس کو اوّل وقت میں مقدم کر کے پڑھتے لہٰذا یہ جمع صوری ہے ایک وقت دونوں کو جمع نہیں کیا گیا،، اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مغرب کی نماز میں قصر نہیں ہے۔

باب ـــــ سواری پر نفل نماز پڑھنا وہ جدھر بھی متوجّہ ہو

۱۰۳۵ ـــــ ترجمہ : عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے روایت کی اُنھوں نے کہا میں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ اپنی سواری پر جدھر بھی وہ متوجّہ ہوتی نماز پڑھتے تھے۔

۱۰۳۶ ـــــ ترجمہ : جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نفل نماز غیر قبلہ کی طرف متوجہ نماز پڑھ لیتے جبکہ آپ سوار ہوتے تھے۔

۱۰۳۷ ـــــ ترجمہ : نافع نے کہا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سواری پر نماز پڑھتے اور وتر بھی سواری پر پڑھتے اور بیان کرتے تھے کہ نبیٔ کریم

marfat.com

بَابُ الْاِيْمَاءِ عَلَى الدَّابَّةِ

۱۰۳۸ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ فِي السَّفَرِ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ اَيْنَمَا تَوَجَّهَتْ بِهٖ يُوْمِيْ وَذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهٗ

صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح کرتے تھے!

۱۰۳۵ ، ۱۰۳۶ ، ۱۰۳۷ ——

شرح : یعنی سواری جدھر بھی متوجہ ہو اس پر نفلی نماز پڑھنا جائز ہے

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس پر اُمّت کا اتفاق ذکر کیا ہے کہ نفل نماز سواری پر پڑھنا جائز ہے۔ اگرچہ سواری غیر قبلہ کی طرف متوجہ ہو،، اور قبلہ کی طرف منہ کرنا شرط نہیں بلکہ جس سمت سواری جارہی ہو ادھر ہی منہ کرلے ورنہ نماز جائز نہیں،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ اتفاق سفر کی حالت میں ہے، حضر میں ائمہ کا اختلاف ہے۔ امام ابو یوسف رحمہ اللہ اس کو جائز کہتے ہیں اُنھوں نے عمومِ حدیث سے استدلال کیا ہے۔ امام ابو حنیفہ اور محمد رضی اللہ عنہما اسے حضر میں منع کرتے ہیں اور اُنھوں نے حدیث ۱۰۳۸ سے استدلال کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سفر کی حالت میں سواری پر نماز پڑھتے،، مسلم کی ایک روائت میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف تشریف لے جارہے تھے اور اپنی سواری پر نماز پڑھتے جدھر بھی آپ کا چہرہ انور ہوتا،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سواری پر نماز پڑھ سکتے ہیں پیدل چلتے ہوئے نہیں پڑھ سکتے،، کیونکہ سواری پر نماز پڑھنا رخصت ہے اور رخصت مقیس علیہا نہیں بن سکتی ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ——— سواری پر اشارہ سے نماز پڑھنا،،

ترجمہ : عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سفر کی حالت میں سواری پر نماز اشارہ سے پڑھتے سواری جدھر بھی متوجہ ہوتی،، اس کی وہ پرواہ نہ کرتے تھے،، حضرت عبداللہ بن عمر نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کرتے تھے!

۱۰۳۸ ———

شرح : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بحالتِ سفر نفل سواری پر پڑھتے تھے اور فرض نماز سواری سے اُتر کر زمین پر پڑھتے تھے۔ وہ شروع اسلام میں وتر سواری پر پڑھتے تھے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی نماز سواری پر پڑھتے تھے مگر جب وتر کی نماز کی تاکید زیادہ ہوگئی اور اس کا امر مستحکم ہوگیا تو وتر زمین پر اُتر کر پڑھتے تھے چنانچہ امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روائت کی ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بحالتِ سفر اپنے اونٹ پر نفل نماز پڑھتے تھے اور وہ اس کی پرواہ نہ کرتے تھے کہ سواری غیر قبلہ کو جارہی ہے اور جب صبح صادق قریب آجاتی تو سواری

marfat.com

۱۰۳۹ بَابُ يَنْزِلُ لِلْمَكْتُوبَةِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ اَخْبَرَهُ قَالَ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الرَّاحِلَةِ يُسَبِّحُ يُومِي بِرَأْسِهِ قِبَلَ اَيِّ وَجْهٍ تَوَجَّهَ وَلَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ فِي الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوبَةِ وَقَالَ اللَّيْثُ

سے اُتر کر زمین پر وتر پڑھتے تھے، اس حدیث کا اسناد صحیح ہے اور امام احمد بن حنبل نے اس کو اپنی مسند میں ذکر کیا ہے اور یہ مسلم اصول ہے کہ راوی جب اپنی روائت کے خلاف فعل کرے تو وہ روائت اس کے نزدیک منسوخ قرار پاتی ہے،، معلوم ہُوا کہ وتر کی نماز سواری پر جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسُولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ فرض نماز پڑھنے کے لئے سواری سے اُتر جائے،،

۱۰۳۹ ـــــ ترجمہ : عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جبکہ آپ سواری پر تشریف فرما ہوتے سر مبارک کے اشارہ سے نماز پڑھتے تھے جس طرف بھی متوجہ ہوتے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز میں اس طرح نہ کرتے تھے،، لَیث نے کہا مجھے یونس نے ابن شہاب سے خبر دی کہ سالم نے کہا حضرت عبد اللہ بن عمر سواری پر رات کی نماز پڑھتے جبکہ وہ مسافر ہوتے جس طرف بھی آپ متوجہ ہوتے اس کی پرواہ نہ کرتے تھے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر نفل نماز پڑھتے تھے وہ جدھر بھی متوجہ ہوتی اور وتر نماز بھی اس پر پڑھتے تھے مگر فرض نماز سواری پر نہ پڑھتے تھے!

۱۰۳۹ ـــــ شرح : امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مجاہد سے روائت کی ہے کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سفر میں اونٹ جدھر بھی متوجہ ہوتا اس پر نماز پڑھتے جب صبح قریب آجاتی تو سواری سے اُتر کر زمین پر وتر پڑھتے تھے۔ امام احمد رضی اللہ عنہ نے اپنے مسند میں سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سواری پر نفل نماز پڑھتے تھے جب وتر پڑھنے کا ارادہ ہوتا تو اُتر کر زمین پر پڑھتے اس روائت سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن عمر کا وتر سواری پر پڑھنا اس وقت تھا جبکہ وتر کا امر مستحکم نہ ہُوا تھا اور اس کا حکم دیگر نوافل سا تھا،، اور اس کے بعد اس کی تاکید کی گئی تو مذکور حکم منسوخ ہوگیا،، لہٰذا وتر کی نماز سواری پر پڑھنا منسوخ ہے۔

واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

---

marfat.com

حدثني يونس عن ابن شهاب قال قال سالم كان عبد الله يصلي على دابته من الليل وهو مسافر فما يبالي الى حيث ما توجهه قال ابن عمر وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يسبح على الراحلة قبل اي وجه توجه ويوتر عليها غير انه لا يصلي عليها المكتوبة حدثنا معاذ بن فضالة قال حدثنا هشام عن يحيى عن محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان قال حدثني جابر بن عبد الله ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يسبح على راحلته نحو المشرق فاذا اراد ان يصلي المكتوبة نزل فاستقبل القبلة

۱۰۴۰

باب صلوة التطوع على الحمار

حدثنا احمد بن سعيد قال حدثنا حبان قال حدثنا همام قال اخبرنا انس بن سيرين قال استقبلنا انس بن مالك حين قدم من الشام فلقيناه بعين التمر فرايته يصلي على حمار ووجهه من ذا الجانب يعني عن يسار القبلة فقلت رايتك تصلي لغير القبلة فقال لولا اني رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعله لم افعله رواه ابراهيم بن طهمان عن حجاج عن انس بن سيرين عن انس بن مالك عن النبي صلى الله عليه وسلم

۱۰۴۱

۱۰۴۰ ــــ ترجمہ : حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر مشرق کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے اور جب فرض نماز پڑھنے ارادہ فرماتے تو اس سے اتر کر قبلہ کی طرف متوجہ ہوتے !

۱۰۴۰ ــــ شرح : جمہور علماء کرام رحمہ اللہ تعالیٰ کا مسلک یہ ہے کہ نفل نماز سواری پر پڑھنے جائز ہیں - اگرچہ سواری غیر قبلہ کو جاری ہو اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "کہ تم جہاں بھی ہو قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو" نوافل کے غیر کے ساتھ مختص ہے اور یہ ارشاد : " اَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ " نفل نماز پر محمول ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف و کرم سے نوافل میں وسعت فرمائی ہے "
واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم !

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پانچواں پارہ

باب ــــ گدھے پر سوار کا نفل نماز پڑھنا

۱۰۴۱ ــــ ترجمہ : حضرت انس بن سیرین رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نے حضرت انس کا استقبال کیا جبکہ وہ شام سے واپس

marfat.com

بَابُ من لم يتطوّع فى السفر قبل الصلوٰت وبعدها

۱۰۴۲ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِى ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِى عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَنَّ حَفْصَ بْنَ عَاصِمٍ حَدَّثَهُ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ صَحِبْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَرَهُ يُسَبِّحُ فِى السَّفَرِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِى رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

آئے ہم ان کو "عین تمر" کے مقام پر ملے میں نے ان کو دیکھا وہ گدھے پر سوار نماز پڑھ رہے تھے اور ان کا منہ اس طرف یعنی قبلہ کی بائیں جانب تھا میں نے ان سے کہا کہ میں نے آپ کو غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھتے دیکھا ہے اُنھوں نے کہا اگر میں نے جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو یہ کرتے نہ دیکھا ہوتا تو میں ایسا کبھی نہ کرتا،، ابن طہمان نے حجاج سے اُنھوں نے انس بن سیرین سے اُنھوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اُنہوں نے نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے اس کی روائت کی !

شرح : امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس باب کو اس لئے ذکر کیا کہ جس سواری پر نماز پڑھی جائے اس کے لئے یہ شرط نہیں کہ اس کا پیشاب وغیرہ طاہر ہو بلکہ شرط یہ ہے کہ سواری کی ناپاک شئ سے سوار مس نہ کرے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گدھے کا پسینہ پاک ہے دراصل پسینہ گوشت سے پیدا ہوتا ہے اور گدھے کا گوشت مشکوک ہے لہٰذا اس کا پسینہ بھی مشکوک ہونا چاہیئے،، مگر سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے برہنہ گدھے پر سواری فرمائی ہے اور عموماً گرم علاقے میں سواری کو پسینہ آجاتا ہے خصوصاً جبکہ سواری پر نبوّت کا بوجھ ہو اس لئے گدھے کے پسینہ کو پاک کہا جاتا ہے،، یہ باب "صلوٰۃ التطوع علی الدابہ اور" الایماء علی الدابہ" کے باب میں شامل ہے صرف مذکور بالا وجہ کے باعث یہاں یہ باب ذکر کیا ہے،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سواری پر نوافل پڑھ سکتے ہیں اگرچہ اس کا منہ غیر قبلہ کو ہے اس صورت میں استقبالِ قبلہ شرط نہیں حتیٰ کہ تکبیر تحریمہ کے وقت بھی استقبالِ قبلہ شرط نہیں البتہ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے وقت استقبالِ قبلہ شرط ہے اور اگر چلتا ہُوا نفل نماز پڑھے تو رکوع وسجود کے وقت بھی استقبالِ قبلہ شرط ہے اور رکوع وسجود دونوں کا زمین پر ہونا شرط ہے اور اصحابِ شافعی کے نزدیک سلام کے وقت استقبالِ قبلہ شرط نہیں اس کی مزید تفصیل حدیث ۱۰۳۵ء اور حدیث ۱۰۳۸ء کی تفہیم میں مذکور ہے۔

باب — جس شخص نے سفر کی حالت میں نماز کے بعد اور پہلے نفل نہ پڑھے !

۱۰۴۲ — **ترجمہ** : عمر بن محمّد نے کہا کہ ان کو حفص بن عاصم نے خبر دی کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سفر کیا اُنھوں نے کہا

marfat.com

حدثنا مسدد قال حدثنا يحيى عن عيسى بن حفص بن عاصم قال حدثني أبي أنه سمع ابن عمر يقول صحبت ۱۰۴۳
رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان لا يزيد في السفر على ركعتين وأبا بكر وعمر وعثمان كذلك

میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا ہوں، میں نے آپ کو سفر کی حالت میں نفل پڑھتے نہیں دیکھا اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہترین نمونہ ہیں۔

ترجمہ : عیسیٰ بن حفص بن عاصم نے کہا مجھے میرے باپ نے خبر دی کہ اُنھوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مصاحبت کی آپ سفر کی حالت میں (مغرب کے سوا) دو رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے اسی طرح حضرت ابوبکر، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم بھی دو رکعتوں سے زیادہ نہ پڑھتے تھے!

۱۰۴۳ ——

شرح : امام ترمذی رحمہ اللہ نے کہا کہ اکثر اہل علم سفر کی حالت میں نفل پڑھنے پسند کرتے ہیں"

۱۰۴۲ ، ۱۰۴۳ ——

سنن مؤکدہ میں قصر نہیں البتہ سفر کی حالت میں جبکہ قرار نہ ہو ان کو ترک کرنا جائز ہے اور جب قرار ہو فرار کی حالت نہ ہو تو ان کو ضرور پڑھے،، ہشام رحمہ اللہ نے کہا میں نے امام محمد رحمہ اللہ کو دیکھا کہ وہ سفر کی حالت میں اکثر ظہر اور اس کے بعد نوافل نہ پڑھتے تھے اور فجر اور مغرب کی سنتیں کبھی ترک نہ کرتے تھے میں نے ان کو عصر اور عشاء کے نفل پڑھتے نہیں دیکھا وہ سفر کی حالت میں عشاء کے فرض اور وتر پڑھتے تھے۔

حدیث ۱۰۴۳ میں سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی ابتداء خلافت کے وقت بحالتِ سفر نماز کا ذکر کیا ہے کہ وہ نماز قصر کیا کرتے تھے،، پھر اُنھوں نے تاویل کی کہ جو شخص سفر کر رہا ہو وہ قصر کرے اور جتنا عرصہ اقامت کرے پُوری نماز پڑھے یہی تاویل ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کی ہے،، اس حدیث سے امام بخاری کا مقصد یہی معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین بحالتِ سفر فرض میں قصر فرمایا کرتے تھے اور یہ مقصد نہیں کہ سنن مؤکدہ نہیں پڑھتے تھے جبکہ امام ترمذی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ "میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بحالتِ سفر ظہر کی دو رکعتیں پڑھیں اور اس کے بعد دو رکعتیں، نفل پڑھے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم بحالتِ سفر بعض اوقات سنن رواتب ترک فرما دیتے تھے بہرحال سفر کی حالت میں سنن مؤکدہ کا پڑھنا افضل ہے اور ترک کرنا جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

بَابُ مَنْ تَطَوَّعَ فِي السَّفَرِ فِي غَيْرِ دُبُرِ الصَّلَوٰتِ وَقَبْلَهَا

۱۰۴۴ وَرَكَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ مَا اَخْبَرَنَا اَحَدٌ اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الضُّحٰى غَيْرُ اُمِّ هَانِئٍ ذَكَرَتْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اغْتَسَلَ فِيْ بَيْتِهَا فَصَلّٰى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ فَمَا رَاَيْتُهُ صَلّٰى صَلٰوةً اَخَفَّ مِنْهَا غَيْرَ اَنَّهُ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ رَاَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى السُّبْحَةَ بِاللَّيْلِ فِي السَّفَرِ عَلٰى ظَهْرِ رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ

باب — جس نے سفر کی حالت میں فرض نمازوں کے بعد اور ان سے پہلے نفل نہ پڑھے اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کی حالت میں فجر کی سُنّتیں پڑھیں! —

ترجمہ : ابن ابی لیلی رضی اللہ عنہ نے کہا ام ہانی کے سوا کسی شخص نے یہ خبر نہیں دی کہ اُس نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ۱۰۴۴ — چاشت کی نماز پڑھتے دیکھا ہو۔ ام ہانی نے ذکر کیا ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے روز ان کے گھر میں غسل فرمایا اور آٹھ رکعتیں پڑھیں میں نے آپ کو اس سے خفیف تر نماز پڑھتے نہیں دیکھا سوا اس کے کہ آپ رکوع و سجود پُورا کرتے تھے لَیث نے کہا مجھے یونس نے ابن شہاب سے خبر دی کہا مجھے عبداللہ بن عامر نے خبر دی کہ ان کے باپ نے ان کو خبر دی کہ اُنھوں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ سفر کی حالت میں رات کی نفل نماز سواری پر پڑھتے تھے جدھر بھی وہ متوجہ ہوتی تھی!

اشرح : اس حدیث کی باب کے ساتھ مناسبت اس طرح ہے کہ سفر کی حالت میں سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی چاشت ۱۰۴۴ — کی نماز نفل تھی اور آپ نے یہ نماز زمین پر پڑھی۔ فرض نمازوں کے بعد والی یہ نماز نہ تھی ،، یہی باب کا ترجمہ ہے،، اکثر روایات سے ثابت ہے کہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز پڑھتے تھے اور آپ نے لوگوں کو یہ نماز پڑھنے کا حکم فرمایا ،، چنانچہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین اشیاء کی وصیت فرمائی جن کو میں مرتے دم تک نہ چھوڑوں وہ یہ کہ ہر ماہ میں تین روزے رکھنا، چاشت کی نماز پڑھنا اور وتر پڑھ کر سونا ،، ترمذی میں حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھیں اس کے لئے اللہ تعالیٰ جنت میں سونے کا محل بناتا ہے،، لہٰذا ابن ابی لیلیٰ کا قول کوئی

marfat.com

۱۰۴۵ صلی اللہ علیہ وسلم کان یسبح علی حدثنا ابو الیمان قال اخبرنا شعیب عن الزہری قال اخبرنی سالم بن عبد اللہ عن ابن عمر ان رسول اللہ ظہر راحلتہ حیث کان وجہہ یومی برأسہ وکان ابن عمر یفعلہ

ایسی دلیل نہیں جس سے چاشت کی نماز ساقط ہو جائے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جو فعل ایک دفعہ کریں امت کے لئے وہی حجت اور دلیل کافی ہے اور ابوہریرہ اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہما نے روائت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کی نماز پڑھی اور ان کو اس کی وصیت فرمائی ،، اگر یہ کہا جائے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سفر کی حالت میں نفل پڑھتے نہیں دیکھا تو اس کا جواب یہ ہے کہ انھوں نے آپ کو سفر کی حالت میں زمین پر نفل پڑھتے نہیں دیکھا۔ ابن بطال نے کہا حضرت عبداللہ بن عمر کا یہ قول اس شخص پر حجت قائم نہیں ہو سکتا جس نے آپ کو نفل پڑھتے دیکھا ہے کیونکہ جو کوئی کسی شئ کی نفی کرے وہ شاہد اور گواہ نہیں ہو سکتا ہے ،، یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ آپ نے سفر میں نفل نہ پڑھے تاکہ امت کے لئے سفر کی حالت میں نفل پڑھنے اور نہ پڑھنے میں اختیار ثابت ہو جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

۱۰۴۵ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر نوافل پڑھا کرتے تھے جدھر بھی اس کا منہ ہوتا اور سر مبارک سے اشارہ کرتے ابن عمر بھی اس طرح کرتے تھے۔

باب — سفر میں مغرب اور عشاء کی نمازوں کو جمع کرنا

۱۰۴۶ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب سفر کے لئے جلدی ہوتی تو مغرب اور عشاء کو جمع کر لیتے ،، ابراہیم بن طہمان نے حسین معلم سے انھوں نے یحییٰ بن ابی کثیر سے انھوں نے عکرمہ سے انھوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر میں ہوتے تو ظہر، عصر اور مغرب، عشاء کی نمازوں کو جمع کر کے پڑھتے اور حسین معلم نے یحیی بن ابی کثیر سے انھوں نے حفص بن عبید اللہ بن انس سے انھوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں مغرب اور عشاء کی نمازوں کو جمع کر کے پڑھتے تھے علی بن مبارک اور حرب نے یحییٰ سے انھوں نے حفص سے انھوں نے انس سے روائت کرنے میں حسین معلم کی متابعت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازوں کو جمع کر کے پڑھا۔

۱۰۴۵ — شرح : اس حدیث سے علامہ کرمانی نے استدلال کیا کہ زمین پر نفل پڑھنا جائز ہے کیونکہ جب سواری پر نفل پڑھنے جائز ہیں تو زمین

marfat.com

پر بطریق اولی جائز ہیں ،، علامہ عینی نے تعاقب کرتے ہوئے کہا کہ یہ عجیب استدلال ہے کیونکہ اس میں قیاس کی کیا ضرورت ہے جبکہ ساری زمین کا مسجد ہونا نص سے ثابت ہے ،،

۱۰۴۶ ـــــ

شرح : علامہ ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا کہ جمہور کا مسلک یہ ہے کہ مسافر کے لئے ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کی نمازوں کو جمع کرنا جائز ہے اور امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا مسلک یہ ہے کہ ظہر و عصر کو صرف عرفات میں اور مغرب و عشاء کو صرف مزدلفہ میں ہی جمع کر سکتے ہیں کیونکہ نمازوں کے اوقات معین ہیں۔ اخبار احاد کے باعث ان کو ترک نہیں کیا جا سکتا ،، حضرت عبداللہ بن مسعود، سعد بن ابی وقاص اور دیگر علماء کا یہی مذہب ہے ،، چنانچہ بخاری اور مسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائت کی انھوں نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی نماز غیر وقت میں پڑھتے نہیں دیکھا البتہ مزدلفہ میں مغرب و عشاء کو جمع کیا اور اگلے روز صبح کی نماز مختار وقت سے پہلے پڑھی (اندھیرے میں پڑھی) امام مسلم نے حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " نیند میں تفریط نہیں تفریط صرف بیداری میں ہے کہ نماز کو اتنا مؤخر کرے کہ دوسری نماز کا وقت داخل ہو جائے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ جن احادیث میں دو نمازیں جمع کرنا مذکور ہے وہ اس بات پر محمول ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی نماز کو اس کے آخر وقت میں پڑھا اور دوسری کو اس کے اول وقت میں پڑھا ایک نماز کے وقت میں دو نمازیں نہیں پڑھیں۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ دونوں کو ایک وقت میں پڑھا ہوگا مگر دراصل ہر نماز اپنے اپنے وقت میں پڑھی تھی۔ پہلی نماز کو اس کے آخر وقت تک مؤخر کرنا اور دوسری نماز کو اس کے پہلے وقت میں مقدم کر کے پڑھنے کو جمع صوری کہا جاتا ہے مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث سے اس تاویل کی تائید ہوتی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی خوف اور بارش کے عذر کے بغیر ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کی نمازوں کو جمع کیا۔ جب ابن عباس سے پوچھا گیا کہ آپ نے اس طرح کیوں کیا تو انھوں نے کہا تاکہ امت پر آسانی ہو ،، حالانکہ علماء احناف اور دیگر ائمہ میں سے حضر میں دو نمازوں کو جمع کرنا کسی کا مذہب نہیں ،، معلوم ہوا کہ اس جمع سے مراد جمع صوری ہے جیسا کہ کتاب الحیض میں گزرا ہے اور مسلم میں مذکور حدیث کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو جب سفر میں جلدی ہوتی تو مغرب و عشاء کو غروب شفق کے بعد جمع کر کے پڑھتے اور کہتے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب سفر میں جلدی ہوتی تو مغرب و عشاء کو جمع فرماتے تھے ،، کا جواب یہ ہے کہ شفق کا اطلاق غروب شمس کے بعد سرخی اور اس کے بعد سفیدی پر ہوتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ نے سرخی غائب ہونے کے بعد مغرب و عشاء کو جمع فرمایا ہو تو جو علماء یہ کہتے ہیں کہ شفق سفیدی کو کہا جاتا ہے ان کے نزدیک مغرب اپنے وقت میں پڑھی اور ایسے ہی عشاء کی نماز اس کے وقت میں پڑھی جبکہ بعض دوسرے علماء شفق سرخی کو کہتے ہیں اور دونوں صورتوں میں یہ کہنا ممکن ہے کہ مغرب و عشاء کو شفق کے غائب ہونے کے بعد پڑھا ،، احناف کہتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ،، کہ مومنوں پر نمازوں کے اوقات مقرر ہیں ،، یعنی ان کو ان کے اوقات میں ادا کرو ،، اگر ان اخبار احاد کی وجہ سے ایک نماز کو دوسری نماز کے وقت میں پڑھیں تو آئت کریمہ پر عمل متروک ہوگا اور یہ جائز نہیں ہے ،، لہذا احناف کے مسلک میں کتاب و سنت دونوں پر عمل واضح ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

بَابُ الْجَمْعِ فِي السَّفَرِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

۱۰۴۶ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنِ الْحُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ صَلٰوةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ اِذَا كَانَ عَلٰى ظَهْرِ سَيْرٍ وَيَجْمَعُ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ وَعَنْ حُسَيْنٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فِي السَّفَرِ وَتَابَعَهُ عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ وَعَنْ يَحْيٰى عَنْ حَفْصٍ عَنْ اَنَسٍ جَمَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب — جب مغرب و عشاء کی نمازوں کو جمع کرے کیا اذان یا اقامت کہے ؟؟

۱۰۴۷ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ کو سفر میں جلدی ہوتی تو آپ مغرب کی نماز کو موخر فرماتے حتیٰ کہ مغرب و عشاء جمع کرتے سالم نے کہا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو جب سفر میں جلدی ہوتی تو وہ ایسا ہی کرتے مغرب کے لئے اقامت کہتے اور اس کی تین رکعتیں پڑھتے پھر سلام پھیرتے پھر تھوڑا سا ٹھہرتے حتیٰ کہ عشاء کی اقامت کہتے اور اس کی دو رکعتیں پڑھتے پھر سلام پھیرتے اور دونوں نمازوں کے درمیان کوئی رکعت نماز نہ پڑھتے اور نہ ہی عشا کے بعد کوئی رکعت پڑھتے حتیٰ کہ آدمی رات کو اٹھ کر نماز پڑھتے ۔

۱۰۴۸ — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان دو نمازوں یعنی مغرب و عشاء کو سفر میں جمع کرتے تھے

۱۰۴۷ ، ۱۰۴۸ — شرح : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں تاخیر کی انتہاء کا ذکر نہیں لیکن مسلم شریف میں نافع کی عبداللہ بن عمر سے روایت میں یہ مذکور ہے کہ شفق کے غائب ہونے تک تاخیر فرماتے حدیث ۱۰۴۶ میں شفق کے معانی اور مسئلہ کی تفصیل مذکور ہو چکی ہے ،، مقصد یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سفر کی حالت میں نماز سے پہلے اور اس کے بعد نوافل نہ پڑھتے تھے اور آدھی رات کو اٹھ کر نفل پڑھتے تھے ،، ترمذی میں مرفوع حدیث ہے کہ عبداللہ بن عمر نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں نماز سے پہلے اور اس کے بعد نفل نہ پڑھتے تھے انہی سے ایک دوسری روایت میں ہے کہ سفر میں آپ نوافل پڑھتے تھے اس مسئلہ کی تفصیل حدیث ۱۰۴۴ کے تحت مذکور ہے ،،

اس حدیث کی ترجمۃ الباب پر صراحۃً دلالت نہیں ہے البتہ علامہ کرمانی نے وجہ یہ بیان کی ہے کہ صلوات کے لفظ کے اطلاق سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مراد یہ ہے کہ نمازوں کو ان کے ارکان ، شروط اور سنن وغیرہا سمیت

marfat.com

۱۰۴۷ بَابُ هَلْ يُؤَذِّنُ اَوْ يُقِيْمُ اِذَا جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَآءِ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَعْجَلَهُ السَّيْرُ فِي السَّفَرِ يُؤَخِّرُ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَآءِ قَالَ سَالِمٌ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ اِذَا اَعْجَلَهُ السَّيْرُ يُقِيْمُ الْمَغْرِبَ فَيُصَلِّيْهَا ثَلَاثًا ثُمَّ يُسَلِّمُ ثُمَّ قَلَّمَا يَلْبَثُ حَتّٰى يُقِيْمُ الْعِشَآءَ فَيُصَلِّيْهَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يُسَلِّمُ وَلَا يُسَبِّحُ بَيْنَهُمَا بِرَكْعَةٍ وَلَا بَعْدَ الْعِشَآءِ بِسَجْدَةٍ حَتّٰى يَقُوْمَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ

۱۰۴۸ حَدَّثَنِيْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَ حَدَّثَنِيْ حَرْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ هَاتَيْنِ الصَّلٰوتَيْنِ فِي السَّفَرِ يَعْنِي الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ **بَابُ**

۱۰۴۹ يُؤَخِّرُ الظُّهْرَ اِلَى الْعَصْرِ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيْغَ الشَّمْسُ فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا حَسَّانُ الْوَاسِطِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيْغَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الظُّهْرَ اِلٰى وَقْتِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَجْمَعُ بَيْنَهُمَا فَاِنْ زَاغَتْ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ

پڑھتے تھے اور اذان و اقامت نماز کے لئے مسنون ہیں جبکہ مطلق شی سے مراد اس کا فرد کامل ہوتا ہے واللہ تعالیٰ اعلم

باب ـــــ جو شخص سورج ڈھلنے سے پہلے سفر شروع کرے وہ ظہر کو عصر تک مؤخر کرے!

اس بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی ہے ،،

۱۰۴۹ ـــــ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب سورج ڈھلنے سے پہلے کوچ (سفر) کرتے تو ظہر کی نماز عصر کے وقت تک مؤخر فرماتے پھر دونوں کو جمع کرتے اور اگر سورج ڈھل جاتا تو ظہر پڑھ کر سوار ہو جاتے!

باب ـــــ جب سورج ڈھلنے کے بعد سفر کرے تو ظہر کی نماز پڑھ کر سوار ہو ،،

۱۰۵۰ ـــــ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سورج ڈھلنے سے پہلے سفر کرتے تو

marfat.com

باب اِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَمَا زَاغَتِ الشَّمْسُ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ
۱۰۵۰ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيْغَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الظُّهْرَ اِلٰى وَقْتِ الْعَصْرِ ثُمَّ نَزَلَ فَجَمَعَ بَيْنَهُمَا فَاِنْ زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَحِلَ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ رَكِبَ بَابُ
۱۰۵۱ صَلٰوةِ الْقَاعِدِ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ
صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِهٖ وَهُوَ شَاكٍ فَصَلّٰى جَالِسًا وَصَلّٰى وَرَآءَهٗ قَوْمٌ قِيَامًا فَاَشَارَ اِلَيْهِمْ اَنِ
۱۰۵۲ اجْلِسُوْا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَاِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ
قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَقَطَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَرَسٍ فَجُحِشَ

ظہر کی نماز کو عصر کے وقت تک مؤخر فرماتے پھر سواری سے اُتر کر دونوں کو جمع کرتے اور اگر سفر کرنے سے پہلے سورج ڈھل جاتا تو ظہر کی نماز پڑھ کر سوار ہو جاتے!

۱۰۴۹، ۱۰۵۰ ——

شرح : یعنی سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم جب سورج ڈھلنے سے پہلے سفر کرتے تو ظہر کی نماز کو اتنا مؤخر فرماتے کہ عصر کا وقت قریب ترین ہو جاتا آپ ظہر کو اس کے آخر وقت میں پڑھ کر فارغ ہوتے تو عصر کا وقت داخل ہو جاتا پھر اس کو عصر کے وقت میں پڑھتے اور دیکھنے والا یہی سمجھتا کہ دونوں نمازوں کو جمع کر کے پڑھا ہے دراصل یہ تقدیم و تاخیر کے اعتبار سے جمع صوری ہے،، اور جب سورج ڈھلنے کے بعد سفر فرماتے تو صرف ظہر کی نماز پڑھتے اور سفر کرتے پھر جب عصر کا وقت داخل ہو جاتا تو عصر کی نماز پڑھتے،، اور ظہر کے بعد متصل ظہر کے وقت میں عصر کی نماز نہ پڑھتے اسی لئے ابوداؤد نے ذکر کیا کہ تقدیم وقت میں کوئی حدیث ثابت نہیں اور جس حدیث میں زوال کے بعد ظہر و عصر کو جمع کرنا مذکور ہے۔ ابوداؤد نے اس کو ہدفِ تنقید بناتے ہوئے اس کے اسناد میں اسحاق پر انکار کیا ہے،، بہرحال اس طرح کی دیگر احادیث ضعف سے خالی نہیں،، واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — بیٹھنے والے کی نماز

۱۰۵۱ ——

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر نماز پڑھی جبکہ آپ علیل تھے۔ آپ نے بیٹھ کر نماز پڑھی اور آپ کے پیچھے لوگوں نے کھڑے ہو کر نماز پڑھی۔ آپ نے ان کی طرف اشارہ کر کے فرمایا بیٹھ جاؤ،، اور نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے جب وہ رکوع کرے تم بھی رکوع کرو۔ جب وہ رکوع سے سر اُٹھائے تم بھی اپنے سر اُٹھاؤ،،

۱۰۵۲ ——

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے زمین پر آرہے تو آپ کی دائیں کروٹ پر چھیل آگئے ہم آپ کی بیمار پرسی کو گئے اور نماز کا وقت آگیا تو آپ نے بیٹھ کر ہم کو نماز پڑھائی اور ہم نے بھی بیٹھ کر نماز

marfat.com

أَوْ بِفَخِذِهِ شِقَّةُ الْأَيْمَنِ فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ نَعُودُهُ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّى قَاعِدًا فَصَلَّيْنَا قُعُودًا وَقَالَ إِنَّمَا جُعِلَ
الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوا وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا وَإِذَا قَالَ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا
١٠٥٣ اللَّهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا حُسَيْنٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ
ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَ

پڑھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " امام اسی لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے جب وہ تکبیر کہے تم بھی تکبیر کہو جب وہ رکوع کرے تم بھی رکوع کرو جب وہ رکوع سے سر اُٹھائے اور سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ " کہے تو تم رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ " کہو "

۱۰۵۳ ـــــ ترجمہ : عمران بن حُصَین رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پُوچھا ح ابن بُریدہ نے کہا مجھے عمران بن حُصَین نے خبر دی جبکہ وہ بواسیر میں مبتلاء تھے کہ میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیٹھ کر نماز پڑھنے سے متعلق پُوچھا تو آپ نے فرمایا اگر کھڑے ہوکر نماز پڑھے تو افضل ہے اور جو کوئی بیٹھ کر نماز پڑھے اس کو کھڑے ہوکر نماز پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے " اور جو کوئی لیٹ کر نماز پڑھے اس کو بیٹھ کر نماز پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے۔

۱۰۵۱ ، ۱۰۵۲ ، ۱۰۵۳ ـــــ شرح : پہلی دونوں حدیثیں منسوخ ہیں کیونکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم آخری مرض جس میں آپ نے خالق کائنات جل وعلیٰ سے دائمی ملاقات فرمائی ہیں آپ نے بیٹھ کر نماز پڑھائی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے پیچھے کھڑے تھے " اور یہ مسلّم ہے کہ آپ کا آخری فعل معمول بہ ہوتا ہے " حدیث ع ۶۵۷ ، ع ۶۵۸ اور حدیث ع ۶۵۹ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے "

حدیث ع ۱۰۵۳ نفل نماز پر محمول ہے جیسا کہ احناف کا مذہب ہے اُنھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا کہ قیام پر قدرت کے باوجود نوافل بیٹھ کر پڑھنے جائز ہیں۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " صَلٰوۃُ الْقَاعِدِ عَلَی النِّصْفِ مِنْ صَلٰوۃِ الْقَائِمِ " امام ترمذی نے کہا کہ سفیان ثوری نے کہا یہ تندرست اور اس شخص کے لئے جو معذور نہ ہو اگر وہ بیمار ہے تو اس کو بیٹھ کر نماز پڑھنے سے بھی پُورا ثواب ملے گا جیسے کھڑے ہوکر نماز پڑھنے کا ثواب ہے " اور اگر نماز فرض ہے تو اگر وہ قیام پر قادر ہے تو بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز نہیں ثواب تو درکنار اس کی نماز ہی صحیح نہیں " اور اگر بیٹھنے پر قادر نہیں تو لیٹ کر نماز پڑھنے کی صورت میں اس کو پُورا ثواب ملے گا اور اگر قیام پر قدرت ہوتے ہُوئے بیٹھ کر فرض نماز پڑھنے کو جائز سمجھے تو احناف کے نزدیک کافر ہوجاتا ہے جیسے زنا اور سُودی کاروبار کو جائز قرار دینے سے کافر ہوجاتا " واللہ تعالیٰ ورسُولہ اعلم !

marfat.com

سَمِعْتُ اِبْنِیْ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَۃَ قَالَ حَدَّثَنِیْ عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ وَکَانَ مَبْسُوْرًا قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلٰوۃِ الرَّجُلِ قَاعِدًا فَقَالَ اِنْ صَلّٰی قَائِمًا فَھُوَ اَفْضَلُ وَمَنْ صَلّٰی قَاعِدًا فَلَہٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَائِمِ وَمَنْ صَلّٰی نَائِمًا فَلَہٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَاعِدِ

بَابُ صَلٰوۃِ الْقَاعِدِ بِالْاِیْمَاءِ

۱۰۵۴ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَیْنُ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُرَیْدَۃَ اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَیْنٍ وَکَانَ رَجُلًا مَبْسُوْرًا وَقَالَ اَبُوْ مَعْمَرٍ مَرَّۃً عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلٰوۃِ الرَّجُلِ وَھُوَ قَاعِدٌ فَقَالَ مَنْ صَلّٰی قَائِمًا فَھُوَ اَفْضَلُ وَمَنْ صَلّٰی قَاعِدًا فَلَہٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَائِمِ وَمَنْ صَلّٰی نَائِمًا فَلَہٗ نِصْفُ اَجْرِ الْقَاعِدِ

باب ـــــ بیٹھ کر اشارہ سے نماز پڑھنا

ترجمہ : عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ اور وہ بواسیر کے مریض تھے ،، ایک دفعہ ابو معمر نے کہا کہ

۱۰۵۴ ـــــ

عمران نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیٹھ کر نماز پڑھنے والے شخص سے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا جو کوئی کھڑا ہو کر نماز پڑھے وہ افضل ہے اور جو بیٹھ کر نماز پڑھے اس کو کھڑے ہو کر پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے اور جو لیٹ کر نماز پڑھے اس کو بیٹھ کر نماز پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا میرے نزدیک یہاں نائم سے مراد مضطجع ہے (لیٹ کر نماز پڑھنے والا)

شرح : علامہ کرمانی نے کہا کہ مفترض اگر قیام پر قادر ہو تو اس کے لئے نماز بیٹھ کر پڑھنا جائز نہیں اور اگر بیٹھنے پر قادر ہے تو

۱۰۵۴ ـــــ

اس کے لئے لیٹ کر نماز پڑھنا جائز نہیں ،، اور اگر وہ معذور ہے اور کھڑا ہونے یا بیٹھنے پر قادر نہیں تو بیٹھ کر اور لیٹ کر نماز پڑھنے سے اس کو قائم سا ثواب ملتا ہے ،، یہ تمہارے رب کی طرف سے تخفیف ہے ،، اور حدیث میں مذکور حکم متنفل قادر کے لئے ہے۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس سے مراد مریض مفترض ہے کہ اگر اس کو کھڑا کیا جائے تو وہ مشکل سے کھڑا ہو سکتا ہے اور کھڑا ہونے میں اس کو سخت تکلیف ہوتی ہے اس کا کھڑا ہو کر نماز پڑھنا افضل ہے اور اگر بیٹھ کر نماز پڑھے تو اس کو آدھا ثواب ملتا ہے اور اس کا فرض ادا ہو جاتا ہے دراصل یہ کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کی ترغیب ہے ،، یہی حال لیٹ کر نماز پڑھنے والے کا ہے۔ احناف کے مذہب میں اگر لیٹ کر نماز نہ پڑھ

marfat.com

بَابٌ اِذَا لَمْ يُطِقْ قَاعِدًا صَلّٰى عَلٰى جَنْبٍ وَّقَالَ عَطَاءٌ اِذَا لَمْ يَقْدِرْ عَلٰى اَنْ يَتَحَوَّلَ اِلَى الْقِبْلَةِ صَلّٰى حَيْثُ كَانَ وَجْهُهٗ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ
۱۰۵۵ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ الْمُكْتِبُ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَتْ بِيْ بَوَاسِيْرُ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ صَلِّ قَائِمًا فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَقَاعِدًا فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَعَلٰى جَنْبٍ

سکے تو اشارہ سے پڑھ لے مگر اختلاف اس صورت میں ہے کہ اشارہ سے فرض پڑھنے پر بھی اگر قدرت نہ ہو تو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب میں تندرست ہونے کے بعد اس کی قضاء ہے۔

امام مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس کی قضاء نہیں،، شوافع کا مسلک یہ ہے کہ اگر مریض سر کے ساتھ اشارے سے عاجز ہو جائے تو آنکھ کے اشارہ سے نماز پڑھ لے اور اگر تحریکِ اجفان کی بھی قدرت نہ ہو تو وہ اپنی زبان پر نماز کے افعال کا اجراء کرے اور اگر اس کی زبان بھی بند ہو جائے تو دل پر قرآن و اذکار کا اجراء کرے بہرحال جب تک اسے ہوش ہو اس سے نماز معاف نہیں ہوتی،، واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ـــ جب بیٹھ کر نماز پڑھنے کی طاقت نہ ہو تو لیٹ کر پڑھ لے ـــــ،،

۱۰۵۵ ـــــ ترجمہ : عطاء نے کہا اگر قبلہ کی طرف منہ کرنے کی قدرت نہ ہو تو جدھر اس کا منہ ہو ادھر ہی نماز پڑھ لے۔ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے بواسیر کی بیماری تھی میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا کھڑے ہو کر پڑھو اور اگر کھڑا ہونے کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر پڑھ لو اور اگر بیٹھنے کی بھی طاقت نہ ہو تو پہلو پر لیٹ کر پڑھ لو،،

۱۰۵۵ ـــــ شرح : باب کا عنوان یہ ہے کہ نمازی جب بیٹھ کر نماز پڑھنے سے عاجز ہو جائے تو پہلو پر لیٹ کر نماز پڑھ لے،، اور عطاء کے اثر کا مدلول یہ ہے کہ جب قبلہ کی طرف منہ نہ کر سکے تو جدھر منہ ہو ادھر ہی نماز پڑھ لے لہٰذا عنوان اور اثر میں قدرِ مشترک یہ ہے کہ جب نمازی فرض ادا کرنے سے عاجز ہو جائے تو دوسرے فرض کی طرف منتقل ہو جائے جو وہ کر سکتا ہو! امام غزالی رحمہ اللہ نے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے کہا کہ یہ اثر ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مسلک کے خلاف دلیل ہے،، کہ بیٹھ کر نماز نہ پڑھ سکے تو اس سے نماز معاف ہو جاتی ہے مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے کہیں منقول نہیں کہ ایسے مریض سے نماز ساقط ہو جاتی ہے،،

سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمران بن حصین کو مخاطب کر کے فرمایا اوّل تو کھڑے ہو کر نماز پڑھو اگر اس کی طاقت نہ ہو تو بیٹھ کر ورنہ ایک پہلو پر لیٹ کر نماز پڑھ لو،، لیکن حدیث میں اس کی وضاحت نہیں کہ کس پہلو پر لیٹے،، دارقطنی نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر بیٹھ کر نماز

marfat.com

بَابُ اِذَا صَلّٰی قَاعِدًا

ثُمَّ صَحَّ اَوْ وَجَدَ خِفَّةً ثُمَّ مَا بَقِیَ وَقَالَ الْحَسَنُ اِنْ شَاءَ الْمَرِیْضُ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ قَاعِدًا وَرَکْعَتَیْنِ قَائِمًا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ ۱۰۵۶
یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَۃَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنَّھَا اَخْبَرَتْہُ اَنَّھَا لَمْ تَرَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ صَلٰوۃَ اللَّیْلِ قَاعِدًا قَطُّ حَتّٰی اَسَنَّ فَکَانَ یَقْرَأُ قَاعِدًا حَتّٰی اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّرْکَعَ قَامَ فَقَرَأَ نَحْوًا مِّنْ

نہ پڑھ سکے تو دائیں پہلو پر لیٹ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے۔ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ دائیں پہلو پر لیٹ کر نماز پڑھنا مسنون ہے اور بائیں پر لیٹ کر پڑھنا خلافِ سنت ہے،، ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ قبلہ کی طرف پاؤں کر کے چت لیٹ جائے اور گھٹنے اُٹھائے رکھے اور رکوع وسجود اشارہ سے کرے،، یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے،،

امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی جو شخص بیمار ہو اور کھڑا ہو کر نماز نہ پڑھ سکے تو وہ بیٹھ کر جب نماز شروع کرے تو جیسے چاہے بیٹھے کیونکہ بیماری کی وجہ سے جب دیگر ارکان ساقط ہو جاتے ہیں تو بیٹھنے کی مسنون ہیئت بطریق اولیٰ ساقط ہو جاتی ہے،،

عمران بن حصین ،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ عمران نے کہا مجھے فرشتے سلام کہا کرتے تھے اور جب میں بیمار ہو گیا اور زخم داغا تو اُنھوں نے سلام کہنا چھوڑ دیا میں نے داغنا ترک کر دیا تو اُنھوں نے مجھے سلام کہنا شروع کر دیا،، عمران بن حصین فرشتوں کو علانیہ دیکھا کرتے تھے،، رضی اللہ عنہ!

باب ـــ جب بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو پھر تندرست ہو جائے یا مرض میں خفّت محسوس کرے تو باقی نماز پُوری کرے"

حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مریض اگر چاہے تو دو رکعتیں کھڑے ہو کر پڑھے اور دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھے،،

۱۰۵۶ ـــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ اُنھوں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کو رات کی نماز بیٹھ کر پڑھتے کبھی نہیں دیکھا حتیٰ کہ آپ معمّر ہو گئے اس وقت آپ بیٹھ کر قرأت فرماتے حتیٰ کہ جب رکوع کا ارادہ فرماتے تو کھڑے ہو جاتے اور تقریباً تیس ۳۰ یا چالیس ۴۰ آیات پڑھتے پھر رکوع فرماتے۔

marfat.com

۱۰۵۷ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ وَاَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ جَالِسًا فَيَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ فَاِذَا بَقِيَ مِنْ قِرَاءَتِهٖ نَحْوٌ مِنْ ثَلَاثِيْنَ اَوْ اَرْبَعِيْنَ اٰيَةً قَامَ فَقَرَأَهَا وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ رَكَعَ ثُمَّ سَجَدَ يَفْعَلُ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ فَاِذَا قَضٰى صَلَاتَهٗ نَظَرَ فَاِنْ كُنْتُ يَقْظٰى تَحَدَّثَ مَعِيْ وَاِنْ كُنْتُ نَائِمَةً اِضْطَجَعَ

۱۰۵۶ ——

شرح : اس باب میں اس شئ کا تذکرہ ہے کہ جب کوئی شخص مرض وغیرہ کے باعث بیٹھ کر نماز پڑھ رہا ہو پھر دورانِ نماز وہ صحت یاب ہو جائے یا مرض میں تخفیف پائے اور قیام پر قادر ہو جائے تو دونوں صورتوں میں بقیہ نماز پوری کرے اور دوبارہ نہ پڑھے۔ ترجمۃ الباب کی دونوں صورتیں فرائض اور نوافل میں مساوی ہیں اور ترجمۃ الباب اپنے عموم کے باعث نرض نماز اور نفل نماز کو شامل ہے اگرچہ باب کی حدیث نفل میں ہے کیونکہ ترجمۃ الباب اور حدیث کے درمیان ادنی مناسبت ہی کافی ہوتی ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ نوافل میں قیام ضروری نہیں تندرست شخص بھی نفل بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے اور کسی عذر کے بغیر قیام نہ کرنا جائز ہے جیسا کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا کہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم لمبی رات کھڑے ہو کر نماز پڑھتے اور لمبی رات بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے،، اور جو مریض قیام پر قادر نہ ہو اس کے لئے قیام ضروری نہیں کیونکہ قیام پر قدرت نہ ہونے کے باعث اس کی تحریمہ قیام کے لئے نہ تھی لہٰذا اس میں متنفل اور مفترض عاجز دونوں مساوی ہیں اس اعتبار سے ترجمۃ الباب فرض و نفل کو شامل ہے ہاں اگر فرض نماز کے دوران مرض کی تخفیف کی وجہ سے قیام پر قادر ہو گیا تو اس پر کھڑے ہو کر نماز پڑھنا فرض ہے —— بخلاف نفل نماز کے اس میں قیام فرض نہیں جیسا کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کی حدیث سے واضح ہوتا ہے لہٰذا اگر نفل نماز پڑھنے کے دوران قیام پر قادر ہو گیا تو چاہے تو کھڑا ہو جائے چاہے تو بیٹھا رہے،، حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ کے اثر کا مقصد یہ ہے کہ مریض جب قیام کی طاقت نہ رکھتا ہو اور وہ دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھے پھر وہ قیام پر قادر ہو جائے تو بقیہ دو رکعتیں کھڑے ہو کر پڑھے اور نماز کو از سرِ نو نہ پڑھے،، اس اعتبار سے یہ اثر باب کے عنوان کے مطابق ہے،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک رکعت کا کچھ حصہ بیٹھ کر اور کچھ کھڑے ہو کر پڑھنا جائز ہے،، امام ابوحنیفہ امام مالک، امام شافعی اور دیگر ائمہ کرام کا یہی مذہب ہے،، اور اگر قیام کی نیت کر کے پھر بیٹھ کر نماز پڑھ لے تو جائز ہے،، اور قیام پر قدرت ہونے کے باوجود نفل نماز بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے اس پر تمام علماء کا اتفاق اور اجماع ہے۔ واللہ اعلم!

۱۰۵۷ ——

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر نماز پڑھتے اور بیٹھنے کی

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب التہجد

باب التہجد باللیل وقول اللہ عزوجل من اللیل فتہجد بہ نافلۃ لک

۱۰۵۸ حدثنا علی بن عبداللہ قال حدثنا سفین قال حدثنا سلیمان بن ابی مسلم عن طاؤس سمع ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل یتہجد قال اللھم لک الحمد انت قیم السموات والارض ومن فیھن ولک الحمد انت نور السموات والارض ومن فیھن ولک الحمد انت ملک

حالت میں قرأت فرماتے اور جب تقریباً تیس (۳۰) یا چالیس (۴۰) آیات باقی رہ جاتیں تو کھڑے ہو جاتے اور کھڑے ہونے کی حالت میں ان کو پڑھتے پھر رکوع کرتے پھر سجدہ کرتے اور دوسری رکعت میں بھی اسی طرح کرتے اور جب نماز پوری فرما لیتے تو دیکھتے اگر میں بیدار ہوتی تو میرے ساتھ گفتگو فرماتے اور اگر میں سو رہی ہوتی تو لیٹ جاتے"

شرح : پہلی حدیث کی طرح یہ حدیث بھی نفل نماز کے بارے میں ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رات کی نماز میں

۱۰۵۷ —— قرارت کی تطویل مستحب ہے۔ شافعیہ کے نزدیک رکوع وسجود زیادہ کرنے سے قیام کی تطویل افضل ہے" احناف کا مسلک بھی یہی ہے البتہ امام محمد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رکوع وسجود کی کثرت افضل ہے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "علیک بکثرۃ السجود" یعنی سجدے زیادہ کیا کرو" امام ابو یوسف کے نزدیک بھی تطویلِ قیام افضل ہے مگر وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر کسی شخص کا وظیفہ ہو کہ وہ رات کو اس قدر رکعتیں پڑھتا ہو تو اس کے لئے افضل یہ ہے کہ رکعتوں کی تعداد زیادہ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب —— رات میں سونے کے بعد والی نماز (تہجد) اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور رات کے کچھ حصہ تہجد کرو یہ خاص تمہارے لئے ہے"

تہجد کا معنیٰ رات کو نیند سے بیدار ہونا ہے ہجود نیند کو کہا جاتا ہے اور تہجد کا معنی یہ ہے رات کی نماز کے لئے بیدار ہونا۔

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو جب تہجد کے لئے اٹھتے

۱۰۵۸ ——

marfat.com

السمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَوْ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ قَالَ سُفْيٰنُ وَزَادَ عَبْدُ الْكَرِيْمِ اَبُوْ اُمَيَّةَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ سُفْيٰنُ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ

تو یہ دعا فرماتے ،، اے اللہ کریم حمد و ثناء تیرے ہی لئے ہے زمین و آسمان اور جو کچھ ان میں ہے تو ہی ان کا قائم رکھنے والا ہے ،، تیرے لئے ہی حمد ہے ۔ آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے تیری ہی ملک ہے (تو ان کا بادشاہ ہے) تیرے ہی لئے حمد ہے تو ہی زمین و آسمان کو منور کرنے والا ہے تیرے ہی لئے حمد ہے تو حق ہے تیرا وعدہ حق ہے تیری ملاقات حق ہے تیرا قول حق ہے جنت حق ہے دوزخ حق ہے انبیاء علیہم السلام حق ہیں ، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم حق ہیں اور قیامت حق ہے ،، اے اللہ تیرے ہی لئے میں مسلمان ہوا اور تجھ پر ایمان لایا تجھی پر توکل کیا ، تیری ہی طرف میں نے رجوع کیا اور تیری ہی مدد سے میں نے مخاصمت کی اور تیری ہی طرف میں محاکمہ لایا ، مجھے بخش جو میں نے پہلے گناہ کئے اور جو پیچھے کئے ،، اور جو خفیہ کئے اور جو علانیہ کئے تو ہی آگے کرنے والا اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے تیرے سوا کوئی حق معبود نہیں یا فرمایا تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں ،، سفیان بن عینیہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابو امیہ عبدالکریم نے مزید ذکر کیا (کہ آپ نے فرمایا) لاحول ولا قوۃ الا باللہ ،، نیز سفیان بن عُیَینہ نے کہا کہ سلیمان بن مسلم نے کہا کہ اسے اُنھوں نے طاؤس سے اور اُنہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اور اُنھوں نے جناب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ،،

۱۰۵۸ —— **شرح** : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا مغفور ہونا محقق و مسلم ہے ۔ اس کے باوجود اللہ سے مغفرت کا سوال کرنا تواضع اور انکساری کے لئے ہے اور اس میں خداوند قدوس کا اجلال اور اس کی تعظیم متصور ہے ۔ علاوہ ازیں آپ نے یہ امتِ مرحومہ کی تعلیم کے لئے فرمایا ہے تاکہ وہ آپ کی اقتداء کریں ،، یہ حدیث جوامعِ کلم سے ہے ،، چنانچہ لفظ "قیوم" سے یہ اشارہ کیا کہ تمام جواہر کا وجود و قیام صرف اللہ تعالیٰ ہی سے ہے اور لفظ "نور" سے یہ اشارہ کیا ہے کہ اعراض کی تکوین صرف اللہ تعالیٰ سے ہے لفظ "ملک" سے اس طرف اشارہ کیا کہ جواہر و اعراض کے ایجاد و اعدام میں وہی حاکم ہے وہ جو چاہے کرتا ہے یہ اللہ تعالیٰ کے اس کے بندوں پر انعامات ہیں اس لئے ان مواقع میں حمد کا ذکر فرمایا ، پھر حق سے مبدء کی طرف ، قول وغیرہ سے معاش کی طرف "قیامت وغیرہ" سے معاد کی طرف اشارہ فرمایا اور اس میں نبوت اور جزاء کی طرف بھی اشارہ ہے ۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان واجب ہے اور اسی پر توکل کریں اور اسی کے حضور عاجزی اور انکساری کرتے ہیں "تہجد" تہجد شروع اسلام میں فرض تھی پھر اس کی فرضیت منسوخ ہوگئی اور یہ نفل ہوگئی ۔ نماز تہجد کی کم از کم دو رکعتیں ہیں اور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کی آٹھ رکعتیں پڑھا کرتے تھے واللہ اعلم !

marfat.com

بَابُ فَضْلِ قِيَامِ اللَّيْلِ

۱۰۵۹ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح وَحَدَّثَنِیْ مَحْمُوْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ فِیْ حَیَاةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاٰی رُؤْیَا قَصَّهَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَتَمَنَّیْتُ اَنْ اَرٰی رُؤْیَا فَاَقُصَّهَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ غُلَامًا شَابًّا وَكُنْتُ اَنَامُ فِی الْمَسْجِدِ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَیْتُ فِی النَّوْمِ كَاَنَّ مَلَكَیْنِ اَخَذَانِیْ فَذَهَبَا بِیْ اِلَی النَّارِ فَاِذَا هِیَ مَطْوِیَّةٌ كَطَیِّ الْبِئْرِ وَاِذَا لَهَا قَرْنَانِ وَاِذَا فِیْهَا اُنَاسٌ قَدْ عَرَفْتُهُمْ فَجَعَلْتُ اَقُوْلُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ قَالَ فَلَقِیَنَا مَلَكٌ اٰخَرُ فَقَالَ لِیْ لَمْ تُرَعْ فَقَصَصْتُهَا عَلٰی حَفْصَةَ فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ كَانَ یُصَلِّیْ مِنَ اللَّیْلِ فَكَانَ بَعْدُ لَا یَنَامُ مِنَ اللَّیْلِ اِلَّا قَلِیْلًا

باب ـــ قیامِ لیل کی فضیلت

۱۰۵۹ ـــ ترجمہ : سالم نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ اُنھوں نے کہا سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں جب کوئی شخص خواب دیکھتا تو اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتا اس لئے میری خواہش تھی کہ میں بھی خواب دیکھوں اور اسے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کروں (اس وقت) میں نوعمر تھا اور جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں مسجد میں سویا کرتا تھا چنانچہ میں نے خواب دیکھا گویا کہ دو فرشتے مجھے پکڑ کر دوزخ کی طرف لے گئے اور وہ کنوئیں کی طرح لپٹی ہوئی تھی اس کے دو سینگ تھے کیا دیکھتا ہوں کچھ لوگ ہیں جن کو میں پہچانتا ہوں میں نے "اعوذ باللہ من النار" کہنا شروع کیا۔ حضرت عبداللہ نے کہا ہم سے ایک اور فرشتہ نے ملاقات کی اور اُس نے کہا مت گھبراؤ میں اسے (اپنی ہمشیرہ) حفصہ سے بیان کیا اور اُنھوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تب آپ نے فرمایا عبداللہ اچھا مرد ہے کاش کہ وہ تہجد کی نماز پڑھتے، اس کے بعد حضرت عبداللہ رات کو تھوڑی دیر سویا کرتے تھے!

۱۰۵۹ ـــ شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نیک خواب کی خواہش کرنا اچھا ہے تاکہ صاحبِ خواب اللہ کے نزدیک اپنے مقام کو پہچانے، اور خواب میں فرشتوں کو دیکھنا ممکن ہے، اور مسلمانوں کے عیب پر پردہ ڈالنا چاہیئے اور ان کی غیبت نہیں کرنی چاہیئے جیسا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دوزخ میں جانے پہچانے لوگوں کی اجمالاً خبر دی تاکہ وہ گناہوں سے رُک جائیں اور ان کے نام بیان کرنے سے اعراض کیا، اس حدیث سے یہ معلوم ہُوا کہ قیامِ لیل (شب بیداری) دوزخ سے نجات دلاتی ہے، اور نوجوانی میں عبادت کرنی افضل ہے، اور زیادہ سونا مکروہ ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوع روائت ہے کہ ام سلیمان نے کہا اے میرے پیارے بیٹے رات کو زیادہ مت سو کیونکہ رات کو زیادہ سونے والا شخص قیامت میں فقیر ہوگا! واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

بَابُ طُوْلِ السُّجُوْدِ فِيْ قِيَامِ اللَّيْلِ

۱۰۶۰ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً كَانَتْ تِلْكَ صَلٰوتُهُ يَسْجُدُ السَّجْدَةَ مِنْ ذٰلِكَ قَدْرَ مَا يَقْرَأُ اَحَدُكُمْ خَمْسِيْنَ اٰيَةً قَبْلَ اَنْ يَرْفَعَ رَاْسَهُ وَيَرْكَعُ

۱۰۶۱ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ ثُمَّ يَضْطَجِعُ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمُنَادِيْ لِلصَّلٰوةِ **بَابُ تَرْكِ الْقِيَامِ لِلْمَرِيْضِ** حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبًا يَقُوْلُ اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَةً اَوْ لَيْلَتَيْنِ

۱۰۶۲ ح حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ احْتُبِسَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ امْرَاَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ اَبْطَاَ عَلَيْهِ شَيْطَانُهُ فَنَزَلَتْ وَالضُّحٰى وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى

باب — رات کی نماز میں سجدہ لمبا کرنا

۱۰۶۰ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے عروہ کو خبر دی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو گیارہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ یہ آپ کی رات کی نماز تھی اس میں سجدہ سے سر مبارک اُٹھانے سے پہلے اس قدر سجدہ لمبا کرتے تھے جتنی دیر میں تم میں سے کوئی پچاس آئتیں پڑھ لے اور فجر کی نماز سے پہلے دو سنتیں پڑھتے پھر دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے حتیٰ کہ مؤذن نماز کے لئے عرض کرتا۔

باب — بیمار کا رات کی نماز ترک کرنا

۱۰۶۱ — ترجمہ : اسود نے کہا میں نے جندب کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے اور ایک یا دو راتیں تہجد نہ پڑھی،،

۱۰۶۲ — ترجمہ : جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے سے رُک گئے تو قریش کی ایک عورت نے کہا ان کے شیطان نے آنے سے دیر کی تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی "چاشت کی قسم اور رات کی قسم جب وہ پردہ ڈالے تیرے رب نے تجھے نہیں چھوڑا اور نہ بغض کیا،،

۱۰۶۰ — شرح : اس حدیث کی ترجمۃ الباب سے مناسبت اس طرح ہے کہ سجدہ میں اتنی قدر ٹھہرنا کہ کوئی شخص آپ کے سر مبارک اُٹھانے سے پہلے پچاس آئتیں پڑھ لے سجدہ کی تطویل کی دلیل ہے اور سجدہ کو معرف باللام ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ رات کی نماز میں ہر سجدہ اس قدر لمبا فرماتے تھے کیونکہ یہ الف، لام جنسی،، اور "سجدہ" میں تا وحدت کے منافی نہیں،، سرورِ کائنات

marfat.com

بَابُ تَحْرِيضِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قِيَامِ اللَّيْلِ وَالنَّوَافِلِ مِنْ غَيْرِ إِيجَابٍ وَطَرْقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ وَعَلِيًّا لَيْلَةً لِلصَّلٰوةِ

۱۰۶۳ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَيْقَظَ لَيْلَةً فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الْخَزَائِنِ مَنْ يُوقِظُ صَوَاحِبَ الْحُجَرَاتِ يَا رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ فِي الْآخِرَةِ

۱۰۶۴ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ

صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ اس لئے لمبا کرتے تھے کہ اس میں دعائیں فرماتے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تواضع اور انکساری فرماتے تھے تاکہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کریں جو اللہ تعالیٰ نے آپ پر انعام فرمائی ہیں اور یہ نفل نماز میں جائز ہے البتہ فرض نماز میں "سبحان ربی الاعلیٰ" ہی پڑھا جاتا ہے۔

۱۰۶۱ ـــــ شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عذر کی وجہ سے اگر تہجد نہ پڑھے تو حرج نہیں کیونکہ یہ نماز واجب نہیں،، مگر بلا عذر اسے ترک کرنا مکروہ ہے کیونکہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمل پر ہمیشگی کرو اگرچہ وہ قلیل ہو نیز آپ نے فرمایا اے عبداللہ بن عمر تم فلاں شخص کی طرح نہ ہونا جو رات کو اٹھ کر نماز پڑھا کرتا تھا پھر چھوڑ گیا،،

۱۰۶۲ ـــــ شرح : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قسم کی گفتگو کرنے والی عورت ابولہب لعین کی بیوی تھی جس کا نام ام جمیل عوراء بنت حرب تھا۔ یہ حضرت ابوسفیان کی بہن تھی،، وحی کے رکنے کی مدت چالیس روز تھی۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا دراصل یہ عورت شیطانہ تھی جس نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فرشتہ نہیں شیطان آتا ہے،، اس حدیث کی باب سے مناسبت اس طرح ہے کہ یہ حدیث پہلی حدیث کا تتمہ ہے جس میں ایک یا دو راتیں تہجد نہ پڑھنا مذکور ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ـــــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کی نماز اور نوافل کی ایجاب کے بغیر ترغیب دلانا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سادا تنا علی المرتضیٰ اور فاطمہ رضی اللہ عنہما وکرم وجوھما کے پاس ایک رات نماز کے لئے بیدار کرنے کو رات تشریف لے گئے!

۱۰۶۳ ـــــ ترجمہ : ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو فرمایا "سبحان اللہ"

marfat.com

لِّي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرَقَهُ وَفَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً فَقَالَ اَلَا تُصَلِّيَانِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْفُسُنَا بِيَدِ اللّٰهِ فَاِذَا شَاءَ اَنْ يَبْعَثَنَا بَعَثَنَا فَانْصَرَفَ حِيْنَ قُلْتُ ذٰلِكَ وَلَمْ يَرْجِعْ اِلَيَّ شَيْئًا ثُمَّ سَمِعْتُهُ وَهُوَ مُوَلٍّ يَضْرِبُ فَخِذَهُ وَهُوَ يَقُوْلُ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا

کس قدر فتنے نازل کئے گئے، کس قدر خزانے نازل ہوئے کون ہے جو حجروں والیوں کو جگائے،، اے لوگو! بہت ہیں جو دنیا میں لباس پہننے والی ہیں اور آخرت میں برہنہ ہیں ننگی ہیں،،

ترجمہ : حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو ان کے اور فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا تم نماز کیوں نہیں پڑھتے ہو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہماری جانیں اللہ تعالیٰ کے دستِ قدرت میں ہیں جب وہ ہم کو اٹھانا چاہے ہم اٹھ جاتے ہیں،، جب ہم نے یہ کہا تو آپ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا پھر میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا جبکہ آپ واپس تشریف لے جا رہے تھے اور اپنی ران شریف پر ہاتھ مار رہے تھے،، انسان بہت جھگڑا کرتا ہے!

۱۰۶۴ ——

شرح : حجروں والی عورتیں حضرات ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن ہیں اس حدیث شریف میں اگرچہ

۱۰۶۳ ، ۱۰۶۴ ——

ازواج مطہرات کا ذکر ہے مگر مراد امت کی تمام عورتیں ہیں کیونکہ عمومِ لفظ کا اعتبار ہوتا ہے خصوص سبب معتبر نہیں ہوتا،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی کہ وہ آپ کی امت پر خزانے مفتوح کرے گا اور ان کے ساتھ فتنے ملے جلے ہوں گے اسی لئے سلف صالحین رحمہم اللہ نے مال کے فتنہ کے باعث دولت پر غربت کو پسند کیا اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ثروت کے فتنہ سے ایسے ہی پناہ چاہی جیسے فقر کے فتنہ سے پناہ چاہی،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد یہ ہے کہ عورتوں کو رات کی نماز کے لئے کون جگائے! اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رات کی نماز فتنوں کی شر سے نجات دلاتی ہے اور اس کے باعث مصائب سے بچاؤ ہوتا ہے!

حدیث ۱۰۶۴ کے متعلق ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا کہ امام کو رات کی نماز پڑھانے میں سختی نہیں کرنی چاہیئے جبکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس قول "اَنْفُسُنَا بِيَدِ اللّٰهِ" پر اکتفا فرمائی اور واپس تشریف لے گئے! حالانکہ فرض نماز میں اس طرح اکتفاء نہیں کی جاتی ہے،، اور رانوں پر ہاتھ مارنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیال فرمایا کہ آپ نے ان کو جگانے کی تکلیف دی ہے حالانکہ رات کی نماز واجب و فرض نہیں ہے،، امام نووی رحمہ اللہ نے مسلم کی شرح میں ذکر کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کا جلدی سے جواب دینے پر تعجب فرمایا بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ ان کے عذر کو تسلیم کرتے ہوئے ایسا فرمایا جبکہ یہ ان کے حق میں عیب نہ تھا،، معلوم ہوا کہ افسوس کے وقت ران پر ہاتھ مارنا جائز ہے،، اور سونے والے کی روح اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہوتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
١٠٦٥ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَدَعُ الْعَمَلَ وَهُوَ يُحِبُّ اَنْ يَعْمَلَ بِهٖ خَشْيَةَ اَنْ يَعْمَلَ بِهِ النَّاسُ فَيُفْرَضَ عَلَيْهِمْ وَمَا سَبَّحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
١٠٦٦ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَةَ الضُّحٰى قَطُّ وَاِنِّيْ لَاُسَبِّحُهَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ
شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى ذَاتَ لَيْلَةٍ فِي الْمَسْجِدِ
فَصَلّٰى بِصَلَاتِهٖ نَاسٌ ثُمَّ صَلّٰى مِنَ الْقَابِلَةِ فَكَثُرَ النَّاسُ ثُمَّ اجْتَمَعُوْا مِنَ اللَّيْلَةِ الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ فَلَمْ يَخْرُجْ اِلَيْهِمْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَصْبَحَ قَالَ قَدْ رَاَيْتُ الَّذِيْ صَنَعْتُمْ وَلَمْ يَمْنَعْنِيْ مِنَ الْخُرُوْجِ اِلَيْكُمْ اِلَّا اَنِّيْ خَشِيْتُ
اَنْ يُفْرَضَ عَلَيْكُمْ وَذٰلِكَ فِيْ رَمَضَانَ

١٠٦٥ —— ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی عمل چھوڑ دیتے تھے حالانکہ اس کا کرنا آپ کو پسند ہوتا تھا کیونکہ آپ کو یہ خوف ہوتا تھا کہ لوگ اس پر عمل کرنا شروع کر دیں گے تو ان پر یہ عمل فرض ہو جائے گا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کے نفل کبھی نہیں پڑھے اور میں وہ پڑھتی ہوں۔

١٠٦٦ —— ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رات مسجد میں نفل نماز پڑھی تو لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ نفل نماز پڑھی پھر دوسری رات آپ نے نفل پڑھے اور لوگ زیادہ جمع ہو گئے پھر تیسری یا چوتھی رات لوگ بہت زیادہ جمع ہو گئے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے پاس تشریف نہ لائے جب صبح ہوئی تو فرمایا جو کچھ تم نے کیا ہے میں نے دیکھا ہے اور تمہارے پاس آنے سے مجھے کسی نے منع نہیں کیا مگر اس بات نے کہ تم پر رات کی نماز فرض ہو جائے گی اور یہ رمضان مبارک کا واقعہ ہے!

١٠٦٥ ، ١٠٦٦ —— شرح : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے علم کے اعتبار سے یہ خبر دی ہے ،، اس کا یہ مفہوم ہرگز نہیں کہ نفس الامر میں بھی آپ نے چاشت کی نماز نہیں پڑھی جبکہ یہ بات مسلم ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ میں چاشت کی نماز پڑھی اور حضرت ابوذر اور ابوہریرہ کو چاشت پڑھنے کی وصیت فرمائی اس حدیث کی ترجمۃ الباب سے مطابقت اس طرح ہے کہ حدیث شریف سے یہ سمجھ آتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز سے محبت کرتے تھے اور کسی شئی سے محبت کرنا اس کی ترغیب دلانا ہے ،، حدیث ع ١٠٦٦ کے تحت علامہ ابن بطال نے کہا کہ قیامِ رمضان باجماعت سنت ہے اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ یہ عمر میں ایک بار سنت ہے کیونکہ ساری امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مساجد کو قیامِ رمضان سے خالی نہیں رکھنا چاہیئے لہذا یہ واجب کفائی ہے ،، اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نفل باجماعت جائز ہیں لیکن افضل یہ ہے کہ علیحدہ علیحدہ پڑھیں البتہ تراویح کی نماز میں مختلف اقوال ہیں۔ احناف اور شوافع کہتے ہیں کہ تراویح باجماعت افضل ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّيْلَ حَتّٰى تَرِمَ قَدَمَاهُ وَقَالَتْ عَائِشَةُ حَتّٰى تَفَطَّرَ قَدَمَاهُ وَالْفُطُوْرُ الشُّقُوْقُ اِنْفَطَرَتْ اِنْشَقَّتْ

۱۰۶۷ **حَدَّثَنَا** اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ يَقُوْلُ اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَقُوْمُ اَوْ لِيُصَلِّيَ حَتّٰى تَرِمَ قَدَمَاهُ اَوْ سَاقَاهُ فَيُقَالُ لَهُ فَيَقُوْلُ اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا

بَابُ مَنْ نَامَ عِنْدَ السَّحَرِ

۱۰۶۸ **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ

نے فرمایا: جو امام کے ساتھ نماز پڑھے حتی کہ نماز سے فارغ ہو جائے اس کے لئے ساری رات کا قیام لکھا جاتا ہے امام ابو حنیفہ، شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کہتے ہیں کہ تراویح کی نماز بیس (۲۰) رکعتیں ہیں جمہور آئمہ کا یہی مذہب ہے۔ بیہقی نے صحیح اسناد کے ساتھ سائب بن یزید صحابی سے روایت کی کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں صحابہ کرام بیس رکعتیں پڑھتے تھے اسی طرح عثمان غنی اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کی خلافت کے زمانہ میں بیس رکعتیں پڑھتے تھے،، مُغنی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنھوں نے ایک شخص کو فرمایا کہ وہ لوگوں کو بیس رکعتیں پڑھائے امت کا اس پر اجماع ہے،، ہر ترویحہ کے بعد دو رکعتیں طواف کے بعد پڑھتے تھے اس لئے مدینہ منورہ والے ہر ترویحہ کے بعد چار رکعتیں پڑھتے تھے تاکہ نماز اہل مکہ کے مساوی ہو اسی لئے امام مالک رضی اللہ عنہ چھتیس رکعتیں پڑھتے تھے ان کے مذہب میں بھی تراویح کی نماز بیس رکعتیں ہی ہیں بہرحال تراویح کی آٹھ رکعتیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اجماع کے خلاف ہے۔

باب — نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا لمبا قیام کرنا حتیٰ کہ آپ کے قدم شریف سُوج گئے ،،

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا حتی کہ "تَفَطَّرَ قَدَمَاهُ" یعنی آپ کے قدم شریف پھٹ گئے فطور کا معنیٰ پھٹنا ہے۔ اَنْفَطَرَتْ پھٹ گیا،،

۱۰۶۷ — ترجمہ: مغیرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کا قیام فرماتے تاکہ نماز پڑھیں حتی کہ آپ کے قدم یا پنڈلیاں سُوج جاتیں آپ سے یہ عرض کیا گیا تو فرمایا "کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ ،،

باب — جو کوئی سَحر کے وقت سو گیا ،،

۱۰۶۸ — ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

marfat.com

دِينَارٍ اَنَّ عَمْرَو بْنَ اَوْسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ اَحَبُّ الصَّلٰوةِ اِلَى اللّٰهِ صَلٰوةُ دَاوٗدَ وَاَحَبُّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوٗدَ وَكَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُوْمُ ثُلُثَهُ وَيَنَامُ سُدُسَهُ وَيَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا ۱۰۶۹ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَشْعَثَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ مَسْرُوْقًا قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ اَيُّ الْعَمَلِ كَانَ اَحَبَّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتِ الدَّائِمُ قُلْتُ مَتٰى كَانَ يَقُوْمُ قَالَتْ يَقُوْمُ اِذَا سَمِعَ الصَّارِخَ ۱۰۷۰ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَشْعَثِ قَالَ اِذَا سَمِعَ الصَّارِخَ قَامَ فَصَلّٰى

اللہ تعالیٰ کو محبوب نماز داؤد علیہ السلام کی نماز اور محبوب روزے داؤد علیہ السلام کے روزے تھے وہ آدھی رات سوتے اور تیسرا حصہ رات قیام فرماتے اور آخری چھٹا حصہ سوتے وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کیا کرتے تھے۔

شرح : حدیث ۱۰۶۷ کے تحت ابن بطال رحمۃ اللہ نے کہا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عبادت کی سختی سے پابندی کرنی چاہیئے اگرچہ وہ اس کے بدن کو تکلیف دے اور یہ بھی جائز ہے کہ رخصت پر عمل کرے اور آسانی اختیار کرے مگر سختی سے پابندی کرنا افضل ہے،،

ترجمہ : مسروق رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کونسا عمل زیادہ محبوب تھا اُنھوں نے کہا ہمیشگی والا،، میں نے کہا آپ کب اُٹھتے تھے کہا آپ رات کو اس وقت اُٹھتے تھے جب مرغ کی آواز سُنتے،،

ترجمہ : اشعث نے کہا جب مرغ کی آواز سُنتے تھے تو اُٹھ کر نماز پڑھتے تھے،،

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میرے پاس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سحر نے نہ پایا مگر سونے والے،،

شرح : دوام سے مراد عرفی مواظبت ہے اور وہ ہمیشگی ہے ہر ساعت اور ہر لحظہ مراد نہیں کیونکہ یہ متعذر ہے اور تکلیف مالایطاق ہے،، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر شب کو مرغ کی آواز کے وقت اُٹھنا دوام ہے جو حدیث کا مقصد ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عمل پر ہمیشگی کرنی چاہیئے اگرچہ وہ تھوڑا ہو کیونکہ تھوڑا عمل جو ہمیشہ کیا جائے کثیر عمل سے بہتر ہے جس کو چھوڑ دیا جائے اور یہ بھی معلوم ہُوا کہ عبادت میں میانہ روی کرنی چاہیئے اور اس کی گہرائی اور انتہاء کو پہنچنا ممنوع ہے،، رات کو نوافل پڑھنے کے بعد سحر تک سونا جائز ہے،، اس

marfat.com

حدثنا موسى بن اسمعيل قال حدثنا ابراهيم بن سعد ۱۰۷۱
قال ذكر ابى عن ابى سلمة عن عائشة قالت ما الفاه السحر عندى الا نائما تعنى النبى صلى الله عليه وسلم **باب من تسحر**
فلم ينم حتى صلى الصبح **حدثنا** يعقوب بن ابراهيم قال حدثنا روح قال حدثنا سعيد بن ابى عروبة عن قتادة ۱۰۷۲
عن انس بن مالك ان نبى الله صلى الله عليه وسلم وزيد بن ثابت تسحرا فلما فرغا من سحورهما قام نبى الله صلى الله عليه وسلم الى الصلوة
فصليا فقلنا لانس بن مالك كم كان بين فراغهما من سحورهما ودخولهما فى الصلوة قال كقدر ما يقرأ الرجل خمسين اية **باب**
طول الصلوة فى قيام الليل **حدثنا** سليمان بن حرب قال حدثنا شعبة عن الاعمش عن ابى وائل عن عبد الله قال صليت مع النبى صلى الله عليه وسلم ۱۰۷۳
ليلة فلم يزل قائما حتى هممت بامر سوء قلنا وما هممت قال هممت ان اقعد واذر النبى صلى الله عليه وسلم **حدثنا** ۱۰۷۴
حفص بن عمر قال حدثنا خالد بن عبد الله عن حصين عن ابى وائل عن حذيفة ان النبى صلى الله عليه وسلم كان اذا قام
التهجد من الليل يشوص فاه بالسواك

حدیث سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم آخری تہائی رات میں نفل پڑھا کرتے تھے کیونکہ یہ نزولِ رحمت، سکون اور شور و غوغا سے خالی وقت ہے اور پھر سحر تک آرام فرماتے تھے۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ع۱۰۷۱ کا یہ مطلب بھی لیا جا سکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی سنتیں پڑھ کر سو جاتے تھے" چنانچہ امام مسلم نے باب کا عنوان ہی یہ رکھا ہے" یعنی باب الاضطجاعِ بعد رکعتی الفجر"، اور اس کے بعد مذکور حدیث نقل کی"،

باب ــــ جس نے سحری کھائی اور صبح کی نماز پڑھنے تک نہ سویا "

۱۰۷۲ ــــ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے سحری کھائی اور جب اس سے فارغ ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے اٹھے اور نماز پڑھی ہم نے انس سے کہا آپ کا سحری کھانا اور نماز میں شروع ہونے تک کتنا وقت ہوتا تھا انھوں نے کہا اندازہ اس کا کہ کوئی شخص پچاس آیتیں پڑھ لے"،

باب ــــ رات کی نماز میں قیام لمبا کرنا "

۱۰۷۳ ــــ ترجمہ : حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ایک رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی"، آپ بہت دیر کھڑے رہے حتیٰ کہ میں نے ایک بُرے کام کا ارادہ کر لیا ہم نے کہا آپ نے کیا ارادہ کیا تھا عبد اللہ بن مسعود نے کہا

marfat.com

بَابُ كَيْفَ صَلٰوةُ اللَّيْلِ وَكَيْفَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِاللَّيْلِ ۱۰۷۵

حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

میں نے یہ ارادہ کیا تھا کہ میں (بحالت نماز) بیٹھ جاؤں اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ہی چھوڑ دوں!

ترجمہ : حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو جب تہجّد کے لئے اُٹھتے تو اپنے منہ مبارک کو مسواک سے صاف کیا کرتے تھے ،،

۱۰۷۴ ——

شرح : اس حدیث کی تفصیل "باب وقت الفجر" کی حدیث ۵۵۴ کے تحت مذکور ہے۔

۱۰۷۲ ——

شرح : اگر یہ کہا جائے کہ نفل نماز بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے اگرچہ قیام پر قدرت ہو تو اس کو بُرا کام کیوں کہا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ظاہری صورت کے اعتبار سے مخالفت اور ترکِ ادب کے لحاظ سے اس کی "امرِ سوء" سے تعبیر کی ہے ،، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ طاقتور تھے اور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء پوری طرح کر سکتے تھے اگر آپ نے نماز کو لمبا نہ کیا ہوتا تو وہ نماز میں بیٹھنے کا ارادہ کیوں کرتے ،، معلوم ہُوا کہ رات کی نماز کو لمبا کرنا مستحسن ہے ،، علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ نفل نماز میں زیادہ رکوع و سجود افضل ہیں یا قیام لمبا کرنا افضل ہے جو علماء کثرتِ رکوع و سجود کے قائل ہیں ان کی دلیل مسلم شریف میں مذکور ثوبان کی روائت ہے ،، " افضل نماز طولِ قنوت ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بزرگوں کا ادب ملحوظ خاطر رہنا چاہئے اور امام کی مخالفت بُرا کام ہے ،،

۱۰۷۳ ——

شرح : سوال یہ ہوتا ہے کہ اس حدیث کی باب کے عنوان سے کیا مناسبت ہے اس کا جواب یہ ہے کہ باب کا عنوان ہے " طول القیام فی صلوٰۃ اللیل ،، اور حضرت حذیفہ کی حدیث میں قیام تہجّد کے لئے ہے اور رات کو تہجّد میں غالباً قیام لمبا ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ——— رات کی نماز کیسی ہے اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو نماز کیسے پڑھتے تھے!

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ ایک شخص نے کہا یا رسُول اللہ! رات کی نماز کس طرح پڑھوں آپ .

۱۰۷۵ ——

marfat.com

۱۰۷۶ كَيْفَ صَلٰوةُ اللَّيْلِ قَالَ مَثْنٰى مَثْنٰى فَاِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَاَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ الْحَذَّاءُ

۱۰۷۷ اَبُوْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ صَلٰوةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً يَعْنِيْ بِاللَّيْلِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ قَالَ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ وَثَّابٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ

۱۰۷۸ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَقَالَتْ سَبْعٌ وَتِسْعٌ وَاِحْدٰى عَشْرَةَ سِوٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى قَالَ اَخْبَرَنَا حَنْظَلَةُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنْهَا الْوِتْرُ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ ـــــــ

16/ا۱ ا۱/16

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ وَنَوْمِهِ وَمَا نُسِخَ مِنْ قِيَامِ اللَّيْلِ وَقَوْلِهِ يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا نِصْفَهُ إِلَى قَوْلِهِ سَبْحًا طَوِيلًا وَقَوْلِهِ عَلِمَ أَنْ لَنْ تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ إِلَى قَوْلِهِ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَشَأَ قَامَ بِالْحَبَشِيَّةِ وَطَأٌ مُوَاطَاةً لِلْقُرْآنِ أَشَدُّ مُوَافَقَةً لِسَمْعِهِ وَبَصَرِهِ وَقَلْبِهِ لِيُوَاطِئُوا لِيُوَافِقُوا

باب

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کا قیام (تہجد) اور آپ کا سونا اور جو قیام سے منسوخ ہو چکا ہے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اے جھرمٹ مارنے والے رات میں قیام فرما سوا کچھ رات کے آدھی رات یا اس سے کچھ کم کر دو یا اس پر کچھ بڑھاؤ" اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو، بے شک عنقریب ہم تم پر ایک بھاری بات ڈالیں گے بے شک رات کا اُٹھنا وہ زیادہ دباؤ ڈالتا ہے اور بات خوب سیدھی نکلتی ہے بے شک دن میں تو تم کو بہت سے کام ہیں" اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور معلوم ہے کہ اے مسلمانو! تم سے رات کا شمار نہ ہو سکے گا تو اس نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمائی" اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو اسے معلوم ہے کہ عنقریب کچھ تم میں سے بیمار ہوں گے اور کچھ زمین میں سفر کریں گے اور اللہ کا فضل تلاش کرنے اور کچھ اللہ کی راہ میں لڑتے ہوں گے" تو جتنا قرآن میسر ہو پڑھو" اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو اچھا قرض دو" اور اپنے لئے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس بہتر اور بڑے ثواب کی پاؤ گے اور اللہ سے بخشش مانگو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے" حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا حبشی زبان میں "نشاء" کا معنیٰ "اُٹھنا ہے اور کہا، وَطْاءً" کا معنیٰ قرآن یاد کرنا ہے اور یہ کان اور آنکھ اور دل کے بہت موافق ہے لِيُوَاطِئُوا کا معنی لیوافقوا ہے۔

شرح

قرآن کریم میں اگرچہ بعض الفاظ عربی نہیں مگر اس سے قرآن کریم عربی سے نہیں نکلتا کیونکہ یہ الفاظ بہت تھوڑے اور مُعَرَّب ہونے سے وہ لُغتِ عرب میں داخل ہیں مطوّل کے مقدمہ میں اس کی پُوری تفصیل مذکور ہے"

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا "نَاشِئَةٌ" نیند کے بعد اُٹھنا ہے" یا نَاشِئَةٌ" اسم فاعل ہے ای النفس الناشئة باللیل" رات میں بیدار ہونے والا نفس" یعنی وہ نفس جو رات کو اپنے بستر سے اُٹھ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت میں لگ جائے"

نسائی نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ اس سورت کی ابتداء میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر تہجد سال بھر فرض کی گئی حتیٰ کہ ان کے قدم سُوج گئے اور اللہ تعالیٰ نے اس سورت کا آخری حصہ بارہ ماہ تک روکے رکھا پھر اس کے آخر میں تخفیف نازل فرمائی اور قیامِ لیل منسوخ ہو گیا جبکہ یہ پانچ نمازوں کے فرض ہونے سے پہلے فرض تھا جب نمازیں فرض ہوئیں تو قیامِ لیل منسوخ ہو گیا جیسے زکوٰۃ سے دیگر صدقات کی فرضیت اور صوم رمضان سے دیگر صیام کی فرضیت منسوخ ہوئی" اسی طرح "عَلِمَ اَنْ لَنْ تُحْصُوْهُ" نے قیامِ لیل کو منسوخ کر دیا اور حسن بصری اور ابن سیرین کا یہ کہنا کہ ہر مسلمان پر تہجد فرض ہے اگرچہ بکری دوہنے کی مقدار پڑھے شاذ ہے متروک ہے کیونکہ ائمہ کرام کا اس کے نسخ پر اجماع ہے۔ واللہ اعلم!

marfat.com

۱۰۷۸ حدثنا عبد العزیز بن عبد اللہ قال حدثنی محمد بن جعفر عن حمید انہ سمع انسا یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفطر من الشہر حتی نظن ان لا یصوم منہ ویصوم حتی نظن ان لا یفطر منہ شیئا وکان لا تشاء ان تراہ من اللیل مصلیا الا رایتہ ولا نائما الا رایتہ تابعہ سلیمان وابو خالد الاحمر عن حمید

باب عقد الشیطان علی قافیۃ الراس اذا لم یصل باللیل

۱۰۷۹ حدثنا عبد اللہ بن یوسف قال اخبرنا مالک عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ : حمید سے روایت ہے انھوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مہینہ میں روزے نہ رکھتے حتی کہ ہم یہ گمان کرتے کہ آپ اس ماہ میں روزے نہیں رکھیں گے اور روزے رکھتے حتی کہ ہم گمان کرتے کہ آپ ایک روزہ بھی نہ چھوڑیں گے تو یہ نہ چاہے گا کہ آپ کو رات میں نماز پڑھتے دیکھے مگر آپ کو (نماز پڑھتے) دیکھے گا اور نہ ہی تو یہ چاہے گا کہ آپ کو سوئے ہوئے دیکھے مگر آپ کو سوئے ہوئے دیکھے گا سلیمان بن بلال اور ابو خالد احمر سلیمان بن حیان نے محمد بن جعفر کی حمید سے روایت کرنے میں متابعت کی۔

۱۰۷۹ —— شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا رات میں نماز پڑھنا اور سونا رات کے مختلف اوقات میں تھا اور اس کے لئے کوئی وقت معین نہ تھا بلکہ جس وقت بھی قیام کی آسانی ہوتی آپ نماز پڑھتے تھے اور ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کہ آپ جب مرغ کی آواز سنتے تو اٹھ کر نماز پڑھتے تھے اس کے معارض نہیں کیونکہ مائی صاحبہ رضی اللہ عنہا نے جس وقت آپ کو نماز پڑھتے دیکھا اس وقت کی خبر دی ہے کیونکہ آپ رات کی نماز عموماً گھر میں پڑھتے تھے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث اس کے ماسوا پر محمول ہے۔

باب —— جب کوئی رات کو نماز نہ پڑھے تو شیطان کا اس کے سر کی گدی پر گرہ لگا دینا"

۱۰۸۰ —— ترجمہ : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جب کوئی سوئے تو شیطان اس کی سر کی گدی پر تین گرہیں لگا دیتا ہے ہر گرہ پر ہاتھ مار کر کہتا ہے رات لمبی ہے سو جا اب اگر وہ بیدار ہو اور اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اور اگر وضو کرے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے اور اگر نماز پڑھے تو تیسری گرہ بھی کھل جاتی ہے اور وہ صبح خوش پاکیزہ نفس ہوتا ہے ورنہ صبح خبیث نفس سست ہوتا ہے"

marfat.com

قَالَ يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلٰى قَافِيَةِ رَأْسِ اَحَدِكُمْ اِذَا هُوَ نَامَ ثَلَاثَ عُقَدٍ يَضْرِبُ عِنْدَ كُلِّ عُقْدَةٍ عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ فَارْقُدْ فَاِنِ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ تَوَضَّاَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ صَلّٰى انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاَصْبَحَ نَشِيْطًا طَيِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّا اَصْبَحَ خَبِيْثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ حَدَّثَنَا مُؤَمِّلُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ رَجَاءٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّؤْيَا قَالَ اَمَّا الَّذِيْ يُثْلَغُ رَأْسُهٗ بِالْحَجَرِ فَاِنَّهٗ يَاْخُذُ الْقُرْاٰنَ فَيَرْفُضُهٗ وَيَنَامُ عَنِ الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ بَابُ اِذَا نَامَ وَلَمْ يُصَلِّ بَالَ الشَّيْطَانُ فِيْ اُذُنِهٖ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

۱۰۸۰ —— شرح : امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس گرہ میں کئی قول ہیں ایک یہ کہ یہ حقیقی گرہ ہے اور وہ انسان کو مسحور کرنے والی گرہ ہے کہ وہ رات کی نماز نہ پڑھ سکے۔ دوسرا قول یہ کہ گرہوں میں پھونکنے والا فعل کرتا ہے تیسرا یہ کہ دل پر گرہ لگا کر اس کو غافل کر دیتا ہے گویا کہ اسے وسوسہ دیتا ہے کہ ابھی رات بہت باقی ہے سویا رہو اور وہ رات کی نماز سے محروم رہ جاتا ہے،، بعض علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد شیطان کا قیامِ لیل سے روکنا ہے،، اور یہ معنی مجازی ہے۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے عقدہ کی تفسیر "عَلَيْكَ لَيْلٌ طَوِيْلٌ" سے فرمائی ہے گویا جب سونے والا اُٹھنے کا ارادہ کرے تو شیطان کہتا ہے ابھی رات کافی لمبی ہے سویا رہ،، اور سر کی گدی کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ یہ شیطان کے تصرف کا محل ہے،، اور شیطان کے تصرّف کو یہ جگہ جلد قبول کرتی ہے۔ مازنی رحمہ اللہ نے کہا باب کا عنوان یہ ہے کہ شیطان اس شخص کی گدی پر گرہ لگاتا ہے جس نے نماز نہ پڑھی ہو اور حدیث کا مدلول عام ہے وہ ہر مکلّف کی گدی پر گرہ کو شامل ہے اور وہ صرف اِن تین امور ذکر اور وضو اور نماز پڑھنے سے کھلتی ہے اس لئے یہ ضروری بات ہے کہ عنوان کی تاویل کی جائے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ گرہ کا دوام و استمرار اس کے لئے ہے جو نماز نہ پڑھے اور جو نماز پڑھے اور اس کی گرہ کھل جائے تو گویا اس کی گدی پر گرہ لگی ہی نہیں جبکہ اس کا اثر جاتا رہا ہے،،

۱۰۸۱ —— ترجمہ : سُمُرہ بن جُندُب رضی اللہ عنہ نے خواب کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا وہ شخص جس کا سر پتھر سے توڑا جا رہا تھا وہ یہ ہے جو قرآن پڑھتا تھا اور اس کو یاد نہ رکھتا تھا اور فرضِ نماز کے وقت سویا رہتا تھا،،

باب —— جب سو جائے اور نماز نہ پڑھے تو شیطان اس کے کانوں میں پیشاب کر دیتا ہے،،

۱۰۸۲ —— ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص کا ذکر کیا گیا تو حاضرین

marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقِيلَ مَا زَالَ نَائِمًا حَتَّى أَصْبَحَ مَا قَامَ إِلَى الصَّلٰوةِ فَقَالَ بَالَ الشَّيْطَانُ فِي أُذُنِهِ بَابُ الدُّعَاءِ وَالصَّلٰوةِ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ وَقَالَ كَانُوا قَلِيلًا مِنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ يَنَامُونَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ۱۰۸۲

میں سے کسی نے کہا وہ رات بھر سویا رہتا ہے حتیٰ کہ صبح ہو جاتی ہے اور وہ نماز کے لئے نہیں اُٹھتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان اس کے کانوں میں پیشاب کر جاتا ہے،،

۱۰۸۱ —— شرح : اندر سے خالی شئی کے توڑنے کو شدخ اور ثلغ کہا جاتا ہے،، یہ حدیث ایک لمبی حدیث کا کچھ حصہ ہے جس میں متعدد امور مذکور ہیں ان میں سے یہ ایک ہے حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص عشاء یا صبح کی نماز کے وقت سویا رہے حتیٰ کہ اس کا وقت گزر جائے تو شیطان اس کے کانوں میں پیشاب کر جاتا ہے،، اور مذکور شخص کا سر پتھر سے اس لئے توڑا جاتا ہے کہ وہ قرآن کریم یاد کر کے چھوڑ دیتا ہے اور اس پر عمل نہیں کرتا اور جو شخص اس کا حفظ چھوڑ دے مگر اس کے معانی پر عمل کرتا رہے وہ قرآن کو چھوڑنے والا نہیں اور جو دونوں کو چھوڑ دے، وہ شیطان کی گرہ کے سبب ہے اس لئے معصیت کے محل کو عقوبت دی جاتی ہے اور اس کا سر توڑا جاتا ہے،،

۱۰۸۲ —— شرح : علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا نیند کا غلبہ اور اس کا نماز سے غافل کر دینے کو اس شخص کے حال سے تشبیہ دی ہے جس کے کانوں میں پیشاب کیا جائے اور اس کے ثقل سے اس کی سماعت باقی نہ رہے،، اور اگر حقیقۃً شیطان کا بول مراد ہو تو حرج نہیں بعض علماء کہتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ وہ بے نماز کی توہین کرتا ہے کیونکہ ایسے شخص کا یہی حال ہوتا ہے،، امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا شیطان اس پر غلبہ کر لیتا ہے اور وہ اس کے تابع ہو جاتا ہے،، ہو سکتا ہے کہ مراد یہ ہو کہ شیطان اس کے کانوں کو باطل اشیاء سے بھر دیتا ہے اور حق بات کے سننے سے روک دیتا ہے اور کان کو اس لئے خاص کیا کہ یہ سننے کی جگہ ہے جب یہ مشغول ہوں گے تو جلدی بیدار نہ ہو سکے گا اور پیشاب کو اس لئے خاص کیا کہ یہ سوراخوں میں جلدی داخل ہو جاتا ہے اور جلدی عروق میں داخل ہو کر سستی پیدا کرتا ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

باب —— ”آخر رات میں دُعا کرنا اور نماز پڑھنا،، ”وہ رات میں تھوڑا سوتے ہیں اور صبح کو استغفار کرتے ہیں“

۱۰۸۳ —— ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،، ہمارا رب تبارک وتعالیٰ ہر رات میں پہلے آسمان کی طرف نزول فرماتا ہے جبکہ رات کی آخری تہائی باقی رہ جاتی ہے

marfat.com

عن ابی سلمۃ وابی عبداللہ الاغر عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال ینزل ربنا تبارک وتعالیٰ کل لیلۃ الی السماء الدنیا حین یبقی ثلث اللیل
الاخر یقول من یدعونی فاستجیب لہ
من یسالنی فاعطیہ من یستغفرنی

فرماتا ہے کون ہے جو مجھے پکارے میں اس کی پکار قبول کروں کون ہے جو مجھ سے مانگے میں اس کو عطاء کروں کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے میں اس کو بخشوں ،،

۱۰۸۳ ——— شرح : اگر کوئی سوال کرے کہ نزول کا معنی کسی جسم کا اُوپر سے نیچے کی طرف انتقال کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے تو اس پر نزول کا اطلاق کیسے ہوسکتا ہے ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ جملہ متشابہات سے ہے ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کی تاویل اللہ تعالیٰ کے حوالہ کرتے ہیں جبکہ ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ صفاتِ نقص سے پاک ہے یا اس کی تاویل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق نزول ہوتا ہے جس کی کیفیت سے ہم ناآشنا ہیں ،، اور اس حدیث کی تاویل یہ ہے کہ نزول کا معنیٰ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا امر یا اس کے فرشتے نازل ہوتے ہیں یا اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پہلے آسمان پر تجلّی فرماتا ہے یا یہ استعارہ ہے جبکہ اس کا معنی دعاء کرنے والوں کے ساتھ مہربانی اور ان کی دُعاء کو قبول کرنا ہے ،، علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ حدیث احادیثِ صفات سے ہے اس میں سلف کا مذہب یہ ہے کہ ان پر ایمان لایا جائے اور ان کو اپنے ظاہر پر رکھا جائے اور اس کی کیفیت کی نفی کی جائے ،، لیس کمثلہ شئ وھو السمیع البصیر ،،

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ نے کہا جبکہ ان سے کسی نے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ پہلے آسمان پر کیسے نازل ہوتا ہے ،، اور فارسی زبان میں جواب دیا ،، تو کد خدای کار خویش کن ینزل کما یشاء ،، علامہ بیضاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جب حسّی دلائل سے یہ ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ جسمیت اور تحیّز سے پاک ہے تو ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف اس کا انتقال کرنا محال ہے ۔ لہٰذا نزول سے مراد یہ ہے کہ اس کی رحمت قریب آتی ہے ،، رات کے آخری تہائی حصّہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتیں نازل ہوتی ہیں کیونکہ یہ اہلِ اخلاص کی عبادت کا زمانہ ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آخر رات میں دُعاء اور استغفار کرنا افضل ہے ،، دعاء اور سوال ایک ہی چیز ہیں صرف الفاظ مختلف ہیں اور ان میں فرق یہ بھی کیا جاتا ہے کہ دعاء میں طلب نہیں جیسے یا اللہ یا رحمٰن اور سوال میں طلب ہوتی ہے ۔

---

marfat.com

بَابُ مَنْ نَامَ أَوَّلَ اللَّيْلِ وَأَحْيَى آخِرَهُ وَقَالَ سَلْمَانُ لِأَبِي الدَّرْدَاءِ نَمْ فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ قَالَ قُمِ الْآنَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ سَلْمَانُ

۱۰۸۴ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْأَسْوَدِ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ كَيْفَ كَانَ صَلَاةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ قَالَتْ كَانَ يَنَامُ أَوَّلَهُ وَيَقُومُ آخِرَهُ فَيُصَلِّي ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى فِرَاشِهِ فَإِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ وَثَبَ فَإِنْ كَانَتْ بِهِ حَاجَةٌ اغْتَسَلَ وَإِلَّا تَوَضَّأَ وَخَرَجَ

باب ــــ جو کوئی اول رات میں سوئے اور آخر رات میں عبادت کرے ”

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے ابو درداء سے کہا سو جاؤ جب آخر رات ہوئی تو کہا اٹھو نماز پڑھو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلمان نے سچ کہا ہے ”

۱۰۸۴ ــــ ترجمہ : اسود رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کیسی تھی ؟ مائی صاحبہ نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اوّل رات میں سو جاتے اور آخر رات میں اٹھتے اور نماز پڑھتے پھر اپنے بستر پر تشریف لاتے اور جب مؤذن اذان دیتا تو جلدی سے اٹھتے اگر آپ کو بیوی سے حاجت ہوتی تو (قضاءِ حاجت کے بعد) غسل فرماتے ورنہ وضو کر کے مسجد میں تشریف لے جاتے ”

۱۰۸۴ ــــ تشریح : اس حدیث میں سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی بہت بڑی منقبت ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تصدیق فرمائی اور تصدیق مطلق فرمائی کسی شئ سے معلّق نہ فرمائی ” اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سرورِ کونین علیہ الصلوٰۃ والسلام عموماً رات کی عبادت کے بعد بیویوں سے قضاء حاجت فرمایا کرتے تھے اور آپ کی شان مقدس کے لائق بھی یہی ہے جبکہ عبادت اس سے مقدم ہے ”

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کی عبادت میں اہتمام ہونا چاہیئے اور دیگر شواغل سے علیحدہ ہو کر متوجہ ہو کر عبادت کرنی چاہیئے حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ صائم قائم تھے رات بھر نماز پڑھتے رہتے تھے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ جو ان کے اسلامی بھائی تھے ان کی زیارت کو ان کے گھر گئے اور وہ اوّل رات نفل پڑھنے لگے تو سلمان رضی اللہ عنہ نے ان کو کہا سو جاؤ جب آخر رات ہوئی تو کہا اب اٹھو اور نماز پڑھو !

marfat.com

بَابُ قِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فِي رَمَضَانَ وَغَيْرِهِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ۱۰۸۵
اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَاَلَ عَائِشَةَ كَيْفَ كَانَتْ صَلٰوةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَمَضَانَ فَقَالَتْ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزِيْدُ فِيْ رَمَضَانَ وَلَا فِيْ غَيْرِهٖ عَلٰى اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً يُصَلِّيْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ ثَلَاثًا قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَنَامُ قَبْلَ اَنْ تُوْتِرَ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ عَيْنَيَّ تَنَامَانِ وَلَا يَنَامُ قَلْبِيْ

باب ـــــ رمضان اور غیر رمضان میں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کو قیام کرنا ـــــ ''

ترجمہ : ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے خبر دی کہ انھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے ۱۰۸۵ ـــــ
پوچھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رمضان میں نماز کیسی تھی ،، ام المؤمنین نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہ پڑھتے تھے ،، آپ چار رکعتیں پڑھتے تو ان کے حسن اور طول سے نہ پوچھ پھر چار رکعتیں پڑھتے پس تو ان کے حسن اور طول سے نہ پوچھ پھر تین رکعتیں پڑھتے۔ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ وتر پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں ؟ آپ نے فرمایا ! اے عائشہ میری آنکھیں سو جاتی ہیں اور میرا دل بیدار رہتا ہے ،،

شرح : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ ! آپ وتر پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں ؟ اس جملہ سے ۱۰۸۵ ـــــ
معلوم ہوتا ہے کہ آپ وتر سونے کے بعد آٹھ رکعتوں کے ساتھ پڑھتے تھے لہذا بخاری کی یہ روایت تہجد کی نماز پر محمول ہے کیونکہ تہجد ہی سونے کے بعد پڑھی جاتی ہے اور یہ نماز رمضان اور غیر رمضان میں یکساں تھی۔ یہ آٹھ رکعتیں تراویح کی نماز نہیں ہو سکتیں کیونکہ تراویح کی نماز سونے سے پہلے ہوتی ہے لہذا اس حدیث سے آٹھ تراویح کا ثبوت مہیا کرنا سعی لاحاصل ہے ،

یہ حدیث امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے لئے دلیل ہے کہ رات میں نفل چار چار رکعتیں پڑھنے افضل ہیں نیز اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وتر کی نماز تین رکعتیں ہیں اور جس روایت میں ایک رکعت مذکور ہے وہ اس وقت پر محمول ہے جبکہ وتر کی نماز مستحکم و مستقر نہ ہوئی تھی ایک ، تین ، پانچ اور سات وتر بھی پڑھے جاتے تھے آخر میں وتر کا استقرار تین رکعتوں پر ہوا عنقریب اس کی تفصیل مذکور ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ ،،

---

marfat.com

۱۰۸۶ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ
عَنْ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ صَلٰوةِ اللَّيْلِ جَالِسًا
حَتّٰى اِذَا كَبِرَ قَرَاَ جَالِسًا فَاِذَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنَ السُّوْرَةِ ثَلٰثُوْنَ اَوْ اَرْبَعُوْنَ اٰيَةً قَامَ فَقَرَاَهُنَّ ثُمَّ رَكَعَ **بَابُ** فَضْلِ الطُّهُوْرِ
۱۰۸۷ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَفَضْلِ الصَّلَاةِ بَعْدَ [illegible] بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ
عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبِلَالٍ عِنْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ يَا بِلَالُ حَدِّثْنِيْ بِاَرْجٰى
عَمَلٍ عَمِلْتَهُ فِي الْاِسْلَامِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَيْكَ بَيْنَ يَدَيَّ فِي الْجَنَّةِ قَالَ مَا عَمِلْتُ عَمَلًا اَرْجٰى عِنْدِيْ اَنِّيْ لَمْ اَتَطَهَّرْ طُهُوْرًا
فِيْ سَاعَةِ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ اِلَّا صَلَّيْتُ بِذٰلِكَ الطُّهُوْرِ مَا كُتِبَ لِيْ اَنْ اُصَلِّيَ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ دَفَّ نَعْلَيْكَ يَعْنِيْ تَحْرِيْكَ

۱۰۸۶ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ رات کو بیٹھ کر نماز پڑھتے ہوں حتیٰ کہ جب آپ کی عمر شریف زیادہ ہوگئی تو بیٹھ کر قرأت فرماتے اور جب سورت کی تیس یا چالیس آیتیں باقی رہ جاتیں تو کھڑے ہوجاتے اور ان کو پڑھ کر رکوع فرماتے "

باب — رات اور دن میں باوضو رہنے کی فضیلت اور رات اور دن میں وضوء کے بعد نماز پڑھنے کی فضیلت "

۱۰۸۷ — ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز کے وقت حضرت بلال سے فرمایا اے بلال مجھے پُراز امید عمل جو تم نے اسلام میں کیا ہے کی خبر دو "، کیونکہ میں نے جنت میں اپنے آگے آگے تیری جوتیوں کی کھڑکھڑاہٹ سُنی ہے "، بلال رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے کوئی عمل جو میرے نزدیک پراز اُمید ہو نہیں کیا ؛ البتہ میں رات یا دن کے وقت وضوء نہیں کرتا مگر اس وضوء سے جو میرے لئے نماز پڑھنی مقدر ہو پڑھتا ہوں "، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا دَفَّ نَعْلَيْكَ " کا معنیٰ تیری جوتیوں کی کھڑکھڑاہٹ ہے "

۱۰۸۶ — شرح : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف وتخصیص کے لئے آپ کا قعود قیام جیسا ہے اگرچہ قیام پر قدرت ہو "، اس لئے آپ اگر بیٹھ کر نفل پڑھیں تو آپ کو پُورا ثواب حاصل ہے بخلاف آپ کی امت کے ان کو نصف ثواب حاصل ہوتا ہے جبکہ وہ بیٹھ کر نفل پڑھیں بہرکیف نفل بیٹھ کر پڑھنے جائز ہیں ۔

marfat.com

باب ما یکرہ من التشدید فی العبادۃ ۱۰۸۸

ابو معمر قال حدثنا عبد الوارث قال حدثنا عبد العزیز بن صہیب عن انس بن مالک قال دخل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاذا حبل ممدود بین الساریتین فقال ما ھذا الحبل قالوا ھذا حبل لزینب فاذا فترت تعلقت فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا حلوہ لیصل احدکم نشاطہ فاذا فتر فلیقعد وقال حدثنا عبد اللہ بن مسلمۃ عن مالک عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت کانت عندی امرأۃ من بنی اسد فدخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال من ھذہ قلت فلانۃ لا تنام باللیل فذکر من صلاتھا فقال مہ علیکم بما تطیقون من الاعمال فان اللہ لا یمل حتی تملوا

شرح : علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا تحقیق یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں جنت میں داخل ہوئے تھے اور یہ کہنا ۱۰۸۷ کہ موت سے پہلے جنت میں کوئی داخل نہیں ہو سکتا عام نہیں ہے اگر اس کو عموم پر بھی محمول کر لیا جائے تو مراد یہ ہے کہ عالم کون و فساد میں کوئی بھی موت سے پہلے جنت میں داخل نہیں ہو سکتا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب ساتوں آسمان عبور کر کے سدرۃ المنتہیٰ پہنچے تو آپ اس جہان سے باہر چلے گئے تھے لہٰذا آپ کا جنت میں داخل ہونا ممتنع نہیں ہے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ مجھ سے پہلے کوئی بھی جنت میں داخل نہیں ہو سکتا لہٰذا حضرت بلال آپ سے پہلے جنت میں کیسے داخل ہو گئے ،،

اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت بلال کا جنت میں داخل ہونا بطور تمثیل ہے کیونکہ بیداری میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے آگے آگے چلا کرتے تھے اس لئے نیند کی حالت میں وہ آپ کے سامنے اسی طرح متمثل ہوئے اس کو یہ لازم نہیں کہ حضرت بلال حقیقۃً سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جنت میں داخل ہوئے تھے ،، اگر یہ کہا جائے کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہر حدث کے وقت طہارت کرنے اور اس کے بعد نفل پڑھنے کے سبب جنت میں داخل ہوئے جیسا کہ بریدہ کی حدیث میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بس اسی وجہ سے تم نے یہ انعام حاصل کیا ہے حالانکہ آپ نے فرمایا ہے تم میں سے کوئی بھی عمل کے سبب جنت میں داخل نہ ہوگا اس کا جواب یہ ہے کہ جنت میں لوگوں کا داخل ہونا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہے مگر جنت میں داخل ہونے کے بعد درجات میں ارتفاع پھر ان میں تفاوت اعمال کے باعث ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ـــــ عبادت میں نفس پر سختی کرنا مکروہ ہے

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے (آپ کیا دیکھتے ہیں) کہ دو ۱۰۸۸ ستونوں کے درمیان ایک رسی لٹکی ہوئی ہے ،، فرمایا یہ رسی کیسی ہے لوگوں نے کہا یہ ام المؤمنین زینب رضی اللہ

marfat.com

۱۰۸۹ بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنْ تَرْكِ قِيَامِ اللَّيْلِ لِمَنْ كَانَ يَقُومُهُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَعِيلَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ أَبُو الْحَسَنِ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ قَالَ أَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللَّهِ لَا تَكُنْ مِثْلَ فُلَانٍ كَانَ يَقُومُ مِنَ اللَّيْلِ فَتَرَكَ قِيَامَ اللَّيْلِ وَقَالَ هِشَامٌ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الْعَشْرِينَ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بِهَذَا مِثْلَهُ وَتَابَعَهُ عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ

عنہا کی رسّی ہے جب وہ رات کی نماز پڑھتی پڑھتی تھک جاتی ہیں تو اس کو تھام لیتی ہیں"، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسا مت کریں رسّی کو کھول دو تم میں سے کوئی بھی اپنی طبیعت کی خوشی تک نماز پڑھے جب سست ہو جائے تو بیٹھ جائے کہا عبد اللہ بن مسلمہ نے اپنے اسناد سے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت کی انھوں نے کہا میرے پاس قبیلہ بنی اسد کی ایک عورت تھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو فرمایا یہ عورت کون ہے میں نے عرض کیا یہ فلانیہ عورت ہے رات بھر سوتی نہیں اور اس کی نماز کا ذکر کیا جاتا ہے"، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" (ایسا کرنے سے) رُک جاؤ اپنے پر وہ عمل لازم کرو جن کی تمہیں طاقت ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارا ثواب ترک نہیں کرتا حتیٰ کہ تم خود ہی تنگ ہو کر عمل کرنا چھوڑ دیتے ہو"

۱۰۸۸ — شرح : اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عبادت میں میانہ روی اختیار کرنی چاہیئے اور اس کی گہرائی میں جانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے"، اور جب تک طبیعت ساتھ دے اور خوش ہو عبادت کرے ورنہ آرام کرے"، اور عورت مسجد میں نفل پڑھ سکتی ہے"، کیونکہ ام المؤمنین زینب رضی اللہ عنہا مسجد میں رات کی نماز پڑھتی تھیں اور اس پر کسی نے اعتراض نہ کیا اور مسجد میں رسّی باندھنا کہ جب تھک جائے تو اس کو پکڑ کر نماز پڑھتا رہے مکروہ ہے اور ساری رات نماز پڑھنا بھی مکروہ ہے البتہ امام مالک رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ اگر فجر کی نماز قضاء ہونے کا ڈر نہ ہو تو ساری رات نماز پڑھنا مکروہ نہیں"

باب — قیامِ لیل اس شخص کے لئے ترک کرنا مکروہ ہے جو رات کو نماز پڑھتا ہو"

۱۰۸۹ — ترجمہ : حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما نے کہا کہ مجھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عبد اللہ فلاں شخص جیسے نہ ہو جانا جو رات بھر نماز پڑھتا رہتا تھا پھر اس نے قیام لیل کو ترک کر دیا"، ہشام نے کہا مجھے ابن عشرین نے اپنے اسناد سے اس طرح خبر دی اور عمرو بن ابی سلمہ نے اوزاعی سے روائت کرنے میں ابن ابی عشرین کی متابعت کی"

marfat.com

باب حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو قَالَ قَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۹۰ اَلَمْ اُخْبَرْ اَنَّكَ تَقُوْمُ اللَّيْلَ وَتَصُوْمُ النَّهَارَ قُلْتُ اِنِّيْ اَفْعَلُ ذٰلِكَ قَالَ فَاِنَّكَ اِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ هَجَمَتْ عَيْنُكَ وَنَفِهَتْ نَفْسُكَ وَاِنَّ لِنَفْسِكَ حَقًّا وَلِاَهْلِكَ حَقًّا فَصُمْ وَاَفْطِرْ وَقُمْ وَنَمْ

باب فَضْلِ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَصَلّٰى حَدَّثَنَا

۱۰۹۱ صَدَقَةُ قَالَ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ هُوَ ابْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ جُنَادَةُ بْنُ اَبِيْ اُمَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُبَادَةُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ اَوْ دَعَا اُسْتُجِيْبَ لَهٗ فَاِنْ تَوَضَّاَ قُبِلَتْ صَلَاتُهٗ

۱۰۹۰ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے کہا مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا مجھے یہ خبر نہیں دی گئی کہ تم رات بھر نماز پڑھتے ہو اور دن کو روزہ رکھتے ہو؟ میں نے کہا میں یہ کرتا ہوں فرمایا اگر تو ایسا کرتا رہا تو بینائی کمزور ہو جائے گی اور نفس تھک جائے گا تیرے نفس کا تیرے اوپر حق ہے اور تیرے اوپر تیری بیوی کا بھی حق ہے روزے رکھو اور افطار بھی کرو رات کو نماز پڑھو اور سو بھی لو۔

۱۰۸۹ ، ۱۰۹۰ — شرح : اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تہجد واجب نہیں البتہ جس شخص کی عادت ہو کہ وہ رات کے کچھ حصہ میں نماز پڑھتا ہے وہ اسے ترک نہ کرے،، اور نیک عمل پر دوام و استمرار کرنا چاہیئے مگر اس میں افراط و تفریط نہ کرے،، اور عبادت کو ترک نہیں کرنا چاہیئے،،

اس حدیث سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ سربراہ مملکت اور امام کی رعیت کے تمام امور پر نگاہ داشت ہو،، اور اصلاح کن امور میں ان کی رہنمائی کرتا رہے اور واجبات کو مستحبات سے پہلے ادا کرنا چاہیئے،، اور ایسی عبادت کی پابندی کرے جس کو وہ آسانی سے کر سکتا ہو اور تنگ ہونے کی وجہ سے اس کے ترک کی نوبت نہ آجائے اور صاحبِ حق کے حق کا لحاظ کرنا چاہیئے۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب — اس شخص کی فضیلت جو رات کو جاگے اور نماز پڑھے،،

۱۰۹۱ — ترجمہ : حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا جو کوئی رات کو

marfat.com

۱۰۹۲ حدثنا یحیی بن بکیر قال حدثنا اللیث عن یونس عن ابن شہاب
قال اخبرنی الہیثم بن ابی سنان انہ سمع ابا ہریرۃ وہو یقص فی قصصہ وہو یذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اخا لکم لا یقول الرفث یعنی بذلک عبد اللہ بن رواحۃ وفینا رسول اللہ یتلو کتابہ اذا انشق معروف من الفجر ساطع ارانا الہدی بعد العمی فقلوبنا بہ موقنات ان ما قال واقع یبیت یجافی جنبہ عن فراشہ اذا استثقلت بالمشرکین المضاجع تابعہ عقیل وقال الزبیدی اخبرنی الزہری عن سعید والاعرج عن ابی ہریرۃ

جاگے اور کہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے ملک اور اسی کی حمد ہے اور وہ ہر چاہے پر قادر ہے سب حمدیں اللہ کی ہیں وہ پاک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگ تر ہے۔ صرف اس کی مدد سے گناہوں سے بچنے اور نیکی کی طاقت حاصل ہوتی ہے پھر کہے اے اللہ! مجھے بخش یا کوئی بھی دُعا کرے تو قبول ہوگی اور وضو کرے (اور نماز پڑھے) تو اس کی نماز قبول ہوگی ،،

۱۰۹۲ — ترجمہ : ہیثم بن ابی سنان نے خبر دی کہ اُنھوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سُنا جبکہ وہ وعظ کر رہے تھے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کر رہے تھے کہ تمہارا بھائی عبداللہ بن رواحہ بیہودہ بات نہیں کہتا ،، اور ہم میں اللہ کے رسُول ہیں جو اس کی کتاب پڑھتے ہیں جبکہ فجر پھٹ کر اُوپر آتی ہے ہم کو گمراہی کے بعد ہدائت کی راہنمائی کی اور ہمارے دل آپ کے ساتھ یقین رکھتے ہیں کہ جو بھی آپ فرمائیں وہ یقیناً واقع ہوگا آپ رات اس حال میں بسر کرتے ہیں کہ آپ کا پہلو بستر سے دُور رہتا ہے جبکہ مشرکوں کے ساتھ بستر بھارے رہتے ہیں ،، یونس کی عقیل نے متابعت کی اور زُبیدی نے کہا مجھے زہری نے سعید اور اعرج سے خبر دی کہ اُنھوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے خبر دی ہے۔

۱۰۹۱ — شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف کے ذریعہ وعدہ کیا ہے کہ جو کوئی نیند سے بیدار ہو اور وہ کلمۂ شہادت پڑھے اور اس کی مالکیت کا اقرار و اذعان کرے اور اس کی نعمتوں کا تہ دل سے اعتراف کرے ان پر اس کی حمد کرے اور جو اس کی شان کے لائق نہیں اس سے اس کو پاک جانے اور تکبیر و تسلیم کے ساتھ اس کے حضور میں تواضع و انکساری کرے تو اگر وہ دُعا کرے گا تو قبول ہوگی اور اس کی نماز قبول ہوگی جسے یہ حدیث پہنچے وہ اس پر عمل کرنے کو غنیمت جانے اور اللہ کے لئے نیت خالص کرے۔

۱۰۹۲ — شرح : یعنی سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم فجر کے طلوع کے وقت قرآن پاک کی تلاوت فرماتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ عنوان کی مناسبت حدیث کے ان الفاظ میں ،، کہ آپ کا پہلو بستر سے دُور رہتا ہے ،، کیونکہ یہ شب بیداری سے ہی ہو سکتا ہے ،، اور آپ کا رات کو جاگنا نماز کے لئے یا ذکر اور قرأتِ قرآن کے لئے تھا ،،

marfat.com

۱۰۹۳ حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّ بِيَدِيْ قِطْعَةَ اِسْتَبْرَقٍ فَكَانَتْ لَا اُرِيْدُ مَكَانًا مِنَ الْجَنَّةِ اِلَّا طَارَتْ اِلَيْهِ وَرَاَيْتُ كَاَنَّ اثْنَيْنِ اَتَيَانِيْ اَرَادَا اَنْ يَذْهَبَا بِيْ اِلَى النَّارِ فَتَلَقَّاهُمَا مَلَكٌ فَقَالَ لَمْ تُرَعْ خَلِّيَا عَنْهُ فَقَصَصْتُ حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰى رُؤْيَايَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ وَكَانُوْا لَا يَزَالُوْنَ يَقُصُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا اَنَّهَا فِي اللَّيْلَةِ السَّابِعَةِ مِنَ الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرٰى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَاَتْ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ كَانَ مُتَحَرِّيْهَا فَلْيَتَحَرَّهَا

۱۰۹۴ مِنَ الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ **بَابُ الْمُدَاوَمَةِ عَلٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ هُوَ ابْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَآءَ ثُمَّ صَلّٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ وَرَكْعَتَيْنِ جَالِسًا وَرَكْعَتَيْنِ بَيْنَ النِّدَآئَيْنِ وَلَمْ يَكُنْ يَدَعُهُمَا اَبَدًا

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں خواب دیکھا کہ میرے ہاتھ

۱۰۹۳ میں موٹے ریشم کا ٹکڑا ہے میں جنت میں کسی جگہ کا ارادہ نہیں کرتا مگر وہ مجھے اس طرف لے اُڑتا ہے میں نے دیکھا کہ دو شخص میرے پاس آئے اور اُنھوں نے مجھے دوزخ کی طرف لے جانے کا ارادہ کیا ان کو ایک فرشتہ ملا اور اُس نے مجھے کہا گھبراؤ نہیں اور ان سے کہا اس کو چھوڑ دو ،، حفصہ نے میرا خواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا عبداللہ اچھا مرد ہے کاش کہ وہ رات کو نماز پڑھتا (اس کے بعد) عبداللہ رضی اللہ عنہ رات کو نماز پڑھا کرتے تھے صحابہ کرام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے خواب بیان کیا کرتے تھے ،، یقیناً آخری عشرہ کی ساتویں رات لیلۃ القدر ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہارے خواب دیکھتا ہوں جبکہ وہ آخری عشرہ میں تمہارے خواب کے موافق ہیں جو کوئی شبِ قدر کو تلاش کرنا چاہے وہ آخری عشرۂ رمضان میں تلاش کرے ۔

شرح : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی نماز غالباً رات کو بیدار ہونے

۱۰۹۳ کے بعد تھی یہ بعینہٖ باب کا عنوان ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تہجد کی نماز پڑھنے سے انسان عذابِ نار سے نجات پاتا ہے ،، اِستبرق موٹے ریشم کو کہتے ہیں ،، قولہٗ فکان عبداللہ ،، یہ نافع کا قول ہے ۔

باب — فجر کی سُنتوں پر ہمیشگی کرنا ،،

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

۱۰۹۴ نے عشاء کی نماز پڑھی پھر (آخر رات میں) آٹھ رکعتیں پڑھیں

marfat.com

بَابُ الضَّجْعَةِ عَلَى الشِّقِّ الْاَيْمَنِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

۱۰۹۵ حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْاَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ اِضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ

اور دو رکعتیں (صبح کی سنتیں) اذان و اقامت کے درمیان پڑھیں آپ ان کو کبھی نہ چھوڑتے تھے۔

شرح : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی سنتیں ہمیشہ پڑھتے تھے یہی باب کا عنوان ہے،، اس حدیث سے فجر کی سنتوں کی فضیلت واضح ہوتی ہے،، مسلم نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فجر کی دو سنتیں دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے سے بہتر ہیں صبح صادق کے طلوع کے بعد فجر کی سنتوں کے سوا کوئی نفل جائز نہیں۔ امام ترمذی نے ابن عمر سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طلوعِ فجر کے بعد صبح کی دو سنتوں کے سوا کوئی نفل نماز جائز نہیں اگر صبح کی سنتیں نہ پڑھی ہوں اور جماعت کھڑی ہو جائے تو امام کا سلام پھیرنے سے پہلے پہلے مسجد سے باہر سنتیں پڑھ کر جماعت میں شامل ہو جائے اور ان کو ترک نہ کرے اور اگر جماعت کے فوت ہو جانے کا خطرہ ہو تو نہ پڑھے اور طلوع شمس کے بیس منٹ بعد پڑھ لے جبکہ سورج روشن ہو جائے،، چنانچہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی فجر کی سنتیں رہ جائیں وہ طلوعِ شمس کے بعد پڑھے (ترمذی) معلوم ہوا کہ صبح کے فرضوں کے بعد متصل فجر کی سنتیں پڑھنی مکروہ ہیں۔ امام ترمذی نے جو قیس سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور جماعت کھڑی ہو گئی تو میں نے فرض آپ کے ساتھ پڑھے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو مجھے نماز پڑھتا پایا اور فرمایا اے قیس ٹھہرو کیا دو نمازیں ایک ساتھ پڑھتے ہو میں نے کہا یا رسول اللہ! میں نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں آپ نے فرمایا اس وقت کوئی حرج نہیں،، اس کا اسناد متصل نہیں کیونکہ محمد بن ابراہیم نے اپنے دادے قیس سے سماعت نہیں کی امام ترمذی نے اس کی صراحت کی ہے،، امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث کی سعد بن سعید نے محمد بن ابراہیم سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور قیس کو دیکھا الخ مگر یہ حدیث مرسل ہے جبکہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کی فجر کی سنتیں رہ جائیں وہ طلوعِ شمس کے بعد پڑھے الحاصل سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی سنتوں کی بہت تاکید فرمائی ہے ابو داؤد میں ہے کہ فجر کی سنتیں مت چھوڑو اگرچہ گھوڑے تم کو روند ڈالیں۔

بیہقی کی روایت میں ہے" اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا صَلٰوةَ اِلَّا الْمَكْتُوْبَةُ اِلَّا سُنَّةَ الْفَجْرِ،، واللہ و رسولہ اعلم!

باب — صبح کی سنتوں کے بعد دائیں کروٹ پر لیٹنا

۱۰۹۵ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی دو رکعتیں پڑھتے تو دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے،،

marfat.com

بَابُ مَنْ تَحَدَّثَ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ وَلَمْ يَضْطَجِعْ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمٌ أَبُو النَّضْرِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا صَلَّى فَإِنْ كُنْتُ مُسْتَيْقِظَةً حَدَّثَنِي وَإِلَّا اضْطَجَعَ حَتَّى يُؤَذَّنَ بِالصَّلٰوةِ ۱۰۹۶

۱۰۹۵ — شرح : امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک صبح کی سنتیں پڑھ کر دائیں کروٹ پر لیٹنا سنت ہے تاکہ سنتوں اور فرضوں کے درمیان فصل ہو جائے اور یہ فرق کلام وغیرہ سے بھی جائز ہے حضرت عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم نے کہا یہ بدعت ہے۔ ابراہیم نخعی نے کہا کہ عبداللہ بن مسعود نے کہا وہ شخص کیسا ہے جو صبح کی سنتیں پڑھ کر گدھے کی طرح لیٹ جاتا ہے،، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ فجر کی سنتیں پڑھ کر لیٹ گیا تو کہا اس کو پتھر مارو،، حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے ایک روائت یہ بھی ہے کہ شیطان تمہارے ساتھ کھیلتا ہے نیز عبداللہ بن عمر نے لوگوں کو دیکھا کہ فجر کی سنتوں کے بعد لیٹ گئے ہیں تو ان کی طرف پیغام بھیجا اور اس سے منع کیا انھوں نے جواب دیا کہ ہم بطور سنت لیٹے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا واپس جاؤ اور ان سے کہو یہ بدعت ہے" ابراہیم نخعی رضی اللہ نے کہا یہ شیطانی ضجعہ ہے۔ امام مالک اور جمہور علماء رضی اللہ عنہم کا مذہب بھی یہی ہے کہ صبح کی سنتوں کے بعد لیٹنا بدعت ہے،،

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا۔ قیام لیل سے جو طبیعت میں تھکاوٹ آجاتی ہے اور نفس بوجھ محسوس کرنے لگتا ہے اگر یہ اس کی مدافعت کے لئے ہے تاکہ جسم کو تھوڑی سی راحت ہو تو یہ حسن ہے بہتر ہے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا لیٹنا اسی لئے تھا۔

باب — جس نے صبح کی سنتوں کے بعد گفتگو کی اور لیٹا نہیں"

۱۰۹۶ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی سنتیں پڑھتے تو اگر میں جاگتی ہوتی تو میرے ساتھ گفتگو فرماتے ورنہ لیٹ جاتے حتیٰ کہ نمازِ فجر کی اقامت ہوتی،،

۱۰۹۶ — شرح : سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی سنتیں پڑھتے اور مائی صاحبہ جاگتی ہوتیں تو ان کے ساتھ گفتگو فرماتے لیٹ جاتے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ لیٹنا ہی معین نہیں سنتوں اور فرضوں کے درمیان گفتگو سے بھی فرق ہو سکتا ہے لہذا وجوبِ اضطجاع ضروری نہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ گفتگو اور ضجعہ دونوں سے فرق کیا جائے۔ واللہ اعلم!

marfat.com

بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّطَوُّعِ مَثْنٰى مَثْنٰى قَالَ مُحَمَّدٌ وَيُذْكَرُ ذٰلِكَ عَنْ عَمَّارٍ وَأَبِي ذَرٍّ وَأَنَسٍ وَجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ وَعِكْرِمَةَ وَالزُّهْرِيِّ وَقَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيُّ مَا أَدْرَكْتُ فُقَهَاءَ أَرْضِنَا إِلَّا يُسَلِّمُوْنَ فِي كُلِّ اثْنَتَيْنِ

۱۰۹۷ مِنَ النَّهَارِ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الْمَوَالِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْإِسْتِخَارَةَ فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ يَقُوْلُ

باب — نفل نماز دو دو رکعت پڑھنے میں جو

روایات ہیں ،، امام بخاری نے کہا کہ حماد ، ابوذر ، انس ، جابر بن زید ، عکرمہ اور زُہری رضی اللہ عنہم سے یہی منقول ہے ،، یحییٰ بن سعید انصاری نے کہا میں نے مدینہ منوّرہ کے فقہاء کو نہ پایا مگر وہ دن میں نوافل کی ہر دو رکعتوں پر سلام پھیرتے ہیں ،،

اس سے امام ابو یوسف ، محمد ، مالک ، امام شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ رات کی نماز میں ہر دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرنا افضل ہے ،، اور دن کے نوافل بھی امام ابو یوسف اور محمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک اسی طرح ہیں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا دن اور رات میں نوافل چار چار رکعتیں پڑھنی افضل ہیں۔ چنانچہ مسند ابو یعلی موصلی میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور دو رکعتوں کے بعد سلام نہ پھیرتے تھے نیز مسلم نے معاذہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ اُنھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کتنی رکعتیں پڑھتے تھے ؟ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا چار رکعتیں پڑھتے تھے اور بخاری و مسلم میں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ اُنھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رمضان مبارک میں رات کی نماز کیسی تھی ؟ ام المؤمنین نے جواب دیا کہ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہ پڑھتے تھے جیسا کہ حدیث ۱۰۸۵ میں مذکور ہے ،، امام شافعی رضی اللہ عنہ نے ترمذی کی حدیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے استدلال کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رات کی نماز دو دو رکعتیں ہیں جب صبح ہونے کا ڈر ہو تو ایک رکعت اور ملا کر اس کو وتر بنا لو ،، بہرحال دونوں طرح احادیث مذکور ہیں اس لئے جواز میں کلام نہیں صرف افضلیت میں علماء کا اختلاف ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

۱۰۹۷ — ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو تمام امور کے لئے نمازِ استخارہ سکھلایا کرتے تھے جیسے ہم کو قرآن کریم کی سورت کی تعلیم دیا کرتے تھے ،، آپ فرماتے تم میں سے کوئی جب کسی کام کا ارادہ کرے تو

marfat.com

إِذَا هَمَّ أَحَدُكُمْ بِالْأَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ ثُمَّ لِيَقُلْ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ قَالَ عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاقْدُرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي ثُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ قَالَ فِي عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاصْرِفْهُ عَنِّي وَاصْرِفْنِي عَنْهُ وَاقْدُرْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِي بِهِ قَالَ وَيُسَمِّي حَاجَتَهُ

فرض نماز کے علاوہ دو رکعتیں نفل پڑھے پھر کہے " اے اللہ تیرے علم سے خیر طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت سے قدرت چاہتا ہوں ،، اور تجھ سے تیرے عظیم فضل میں سے مانگتا ہوں بے شک تو قادر ہے میں قادر نہیں ہوں تو جانتا ہے میں نہیں جانتا تو پوشیدہ امور کو جانتا ہے ،، اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لئے دین ، میری معیشت اور میرے کام کے انجام میں بہتر ہے یا یوں فرمایا میرے دنیا کے کام میں یا آخرت کے کام میں ،، تو اس کو میرے لئے آسان کر دے پھر اس میں میرے لئے برکت فرما اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین ، معیشت اور میرے کام کے انجام میں اچھا نہیں یا یوں فرمایا میری دنیا و آخرت میں ،، تو اس کو مجھ سے پھیر دے اور مجھ کو اس سے پھیر دے اور میرے لئے خیر آسان فرما جہاں بھی وہ ہو ،، پھر اس کے ساتھ مجھے راضی کر دے اور اپنی حاجت کا ذکر کرے ،،

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی شخص کسی کام کا قصد کرے اور اس کی صلاحیت کو نہ جانتا ہو تو نماز استخارہ

1097 ——

اور اس کے بعد دعا کرنا مستحب ہے ،، اور جن امور کی صلاحیت کو جانتا ہو جیسے عبادات اور مشہور و معروف دستکاری وغیرہ ان میں استخارہ کی حاجت نہیں البتہ اگر یہ معلوم کرنا چاہے کہ اس سال میرے لئے حج کرنا کیسا ہوگا تو استخارہ کر لینا اچھا ہے مکروہ اوقات میں استخارہ درست نہیں اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ انسان اپنے فعل پر اس سے پہلے قادر نہیں ہوتا ، البتہ فعل کرتے وقت اس کی قدرت ہوتی ہے ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ قوت و قدرت صفاتِ ذات سے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ ازلاً و ابداً قادر و قوی ہے نیز اس حدیث میں اہلسنت و جماعت کے عقیدہ کی صراحت ملتی ہے کہ علم و قدرت صرف اللہ کے لئے ہے اور اللہ تعالیٰ کی عطاء سے انسان عالم و قادر ہے ،، بالذات وہ نہ عالم ہے اور نہ ہی قادر ہے اسی لئے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے ذاتی علم کی تصریح کرتے ہوئے فرمایا " قُلْ لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ " ،، اور نبی و رسول کے حق میں فرمایا عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ " لہٰذا یہ بات واضح ہوگئی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو علمِ غیب عطائی حاصل ہے بالذات عالم الغیب صرف اللہ تعالیٰ ہے " امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا استخارہ کی نماز کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھنا مستحب ہے ۔ امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے احیاء العلوم میں اسی طرح ذکر کیا ہے ۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم !

marfat.com

حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ سَمِعَ اَبَا قَتَادَةَ بْنَ
۱۰۹۸ رِبْعِيٍّ الْاَنْصَارِيَّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا يَجْلِسْ حَتّٰى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ
۱۰۹۹ اِبْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
۱۱۰۰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ
اِبْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ وَرَكْعَتَيْنِ
۱۱۰۱ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ
عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ اَوْ قَدْ خَرَجَ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ
حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَكِّيُّ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُوْلُ اُتِيَ ابْنَ عُمَرَ فِيْ مَنْزِلِهٖ فَقِيْلَ لَهٗ هٰذَا
۱۱۰۲ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَخَلَ الْكَعْبَةَ قَالَ فَاَقْبَلْتُ فَاَجِدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَرَجَ وَاَجِدُ بِلَالًا عِنْدَ الْبَابِ
قَائِمًا فَقُلْتُ يَا بِلَالُ اَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَاَيْنَ قَالَ بَيْنَ هَاتَيْنِ الْاُسْطُوَانَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ
فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فِيْ وَجْهِ الْكَعْبَةِ وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَوْ صَلّٰى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَكْعَتَيِ الضُّحٰى وَقَالَ عُتْبَانُ بْنُ مَالِكٍ صَلَّى النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ بَعْدَهٗ فَامْتَدَّ النَّهَارُ وَصَفَفْنَا وَرَاءَهٗ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ

۱۰۹۸ — ترجمہ : ابو قتادہ بن ربعی انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص جب مسجد میں داخل ہو تو وہ دو رکعتیں پڑھنے کے بغیر نہ بیٹھے "

۱۰۹۹ — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں پھر سلام پھیرا۔

۱۱۰۰ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نے کہا کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر سے پہلے دو رکعتیں اس کے بعد دو رکعتیں جمعہ کے بعد دو رکعتیں مغرب کے بعد دو رکعتیں اور عشاء کے بعد دو رکعتیں پڑھیں "

۱۱۰۱ — ترجمہ : جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ جمعہ کا خطبہ فرما رہے تھے تم میں سے جب کوئی آدمی آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو یا خطبہ کے لئے گھر سے باہر آرہا ہو تو وہ دو رکعتیں پڑھ لے۔

marfat.com

بَابُ الْحَدِيْثِ بَعْدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

حَدَّثَنَا ۱۱۰۳ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ اَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ فَاِنْ كُنْتُ مُسْتَيْقِظَةً حَدَّثَنِيْ وَاِلَّا اضْطَجَعَ قُلْتُ لِسُفْيٰنَ فَاِنَّ بَعْضَهُمْ يَرْوِيْهِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ قَالَ سُفْيٰنُ هُوَ ذَاكَ

ترجمہ : حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے گھر مکہ میں آئے تو ان سے کہا گیا

۱۱۰۲ —— ابھی ابھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے ہیں ،، میں آیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کعبہ سے نکلتے پایا اور بلال رضی اللہ عنہ کو کعبہ کے دروازہ پہ پایا ،، میں نے کہا اے بلال کیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ میں نماز پڑھی ہے ؟ انھوں نے کہا جی ہاں ،، میں نے کہا کہاں ؟ انھوں نے کہا دونوں ستونوں کے درمیان ،، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کی دو رکعتیں پڑھنے کی وصیت فرمائی ،، عتبان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ صبح سورج کچھ بلند ہونے کے بعد میرے گھر تشریف لائے اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بنائی تو آپ نے دو رکعتیں پڑھیں ،،

شرح : ان تمام روایات ذکر کر کے امام بخاری رضی اللہ عنہ نے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ دن میں دو دو

۱۰۹۸ تا ۱۱۰۲ —— رکعتیں پڑھنی افضل ہیں اگر بغور دیکھا جائے تو یہ افضلیت کی دلیل نہیں ہے کیونکہ اگر ظہر سے پہلے یا اس کے بعد دو دو رکعتیں پڑھی ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر سے پہلے چار رکعت بھی پڑھی ہیں اسی طرح جمعہ کے پہلے اور اس کے بعد چار رکعتیں پڑھنا ثابت ہے ایسے ہی عشاء سے پہلے چار سنتیں مستحبہ ایک سلام سے پڑھنی ثابت ہیں اسی طرح عصر سے پہلے بھی چار رکعتیں بیک سلام ثابت ہیں ۔ واللہ تعالیٰ اعلم !

باب ـــ فجر کی سنتوں کے بعد گفتگو کرنا

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم

۱۱۰۳ —— صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں پڑھتے اور اگر میں جاگتی ہوتی تو میرے ساتھ گفتگو فرماتے ورنہ لیٹ جاتے علی بن عبداللہ نے کہا میں نے سفیان سے کہا بعض تو فجر کی دو رکعتیں روایت کرتے ہیں سفیان نے کہا اسی طرح ہے ۔

---

marfat.com

۱۱۰۴ بَابُ تَعَاهُدِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ وَمَنْ سَمَّاهُمَا تَطَوُّعًا حَدَّثَنَا بَيَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شَيْءٍ مِنَ النَّوَافِلِ

۱۱۰۵ اَشَدَّ تَعَاهُدًا مِنْهُ عَلَى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِاللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً ثُمَّ يُصَلِّي اِذَا سَمِعَ النِّدَاءَ بِالصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

باب ـــ فجر کی دو سنتوں کی حفاظت کرنا اور جس نے ان کو نفل کہا ہے ،،

۱۱۰۴ ـــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نوافل میں سے کسی کا اس قدر اہتمام نہ فرماتے جو فجر کی دو رکعتوں کا اہتمام فرماتے تھے (دوسرے نوافل سے صبح کی سنتوں کی زیادہ حفاظت فرماتے تھے)

باب ـــ فجر کی دو رکعتوں میں کیا پڑھا جاتا ہے

۱۱۰۵ ـــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات میں تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے پھر جب صبح کی آذان سنتے تو ہلکی سی دو رکعتیں پڑھتے ،،

۱۱۰۳ ـــ شرح : حدیث ۱۰۹۵ میں اس حدیث کی وضاحت ہو چکی ہے ،،

۱۱۰۴ ـــ شرح : معلوم ہوا کہ سنتوں پر نوافل کا اطلاق جائز ہے ،،

۱۱۰۵ ـــ شرح : باب مایقرء ،، میں لفظ ،، مَا ،، استفہامیہ ہے اس سے شئ کی ماہیت اور حقیقت دریافت کی جاتی ہے جیسے مَاالانسان ،، اس کا جواب حیوان ناطق آتا ہے اور کبھی اس سے شئ کی وصف معلوم کی جاتی ہے جیسے وما تلك بيمينك يا مُوسىٰ یعنی اس کا رنگ کیا ہے اور یہاں بھی لفظ مَا فجر کی سنتوں میں قرأت کی وصف معلوم کرنے کے لئے ذکر کیا گیا ہے ،، کہ کیا ان میں قرأت تھوڑی ہے یا زیادہ ہے" اور لفظ خفیفتین ،، اس پر دلالت کرتا ہے کہ ان میں قرأت ہلکی سی ہے کیونکہ اگر لمبی ہوتی تو ام المومنین رضی اللہ عنہا خفیفتین

۱۱۰۶ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمَّتِهٖ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّفُ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ حَتّٰى اِنِّیْ لَاَقُوْلُ هَلْ قَرَأَ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ

بَابُ التَّطَوُّعِ بَعْدَ الْمَكْتُوْبَةِ

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَبْوَابُ التَّطَوُّعِ

ذکر نہ کریں،، اس طرح حدیث عنوان کے مطابق ہوجاتی ہے،، ان میں قرأت کی تعیین دوسری حدیثوں سے معلوم ہوتی ہے چنانچہ ترمذی نے مجاہد سے روائت کی کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک مہینہ بھر دیکھتا رہا کہ آپ فجر کی سنتوں میں قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ،، پڑھا کرتے تھے،، ابوداؤد، نسائی ابن ماجہ اور بزار نے اس طرح روائت کی ہے واللہ تعالیٰ اعلم!

۱۱۰۶ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز سے پہلے والی دو رکعتیں ہلکی سی پڑھتے تھے حتیٰ کہ میں کہتی کہ کیا آپ نے سورۂ فاتحہ پڑھی ہے؟

۱۱۰۶ — شرح : اس روائت کا معنی یہ نہیں کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے سورۂ فاتحہ پڑھنے میں شک کیا ہے،، بلکہ مراد یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے سوا دوسرے نوافل میں قرأت لمبی فرماتے تھے اور فجر کی سنتوں میں تخفیف فرماتے تھے،، حتیٰ کہ ان میں قرأت کی نسبت دوسرے نوافل میں قرأت کی طرف کی جائے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے قرأت کی ہی نہیں،، صحیح حدیث ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی تنہا نماز پڑھے تو جس قدر چاہے اس کو لمبا کرے مگر وہ نمازیں جن میں شریعت مطہرہ نے تخفیف کی ہے جیسے فجر کی سنتیں وغیرہ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب فرض کے بعد نماز پڑھنا

۱۱۰۷ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے اُنھوں نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر سے پہلے دو رکعتیں اور اس کے بعد دو رکعتیں، مغرب کے بعد دو رکعتیں عشاء کے بعد دو رکعتیں اور جمعہ کے بعد دو رکعتیں پڑھیں،، جبکہ

marfat.com

یحیی بن سعید عن عبید اللہ قال اخبرنی نافع عن ابن عمر قال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم سجدتین قبل الظہر وسجدتین بعد الظہر وسجدتین بعد المغرب وسجدتین بعد العشاء وسجدتین بعد الجمعۃ فاما المغرب والعشاء ففی بیتہ وحدثتنی اختی حفصۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی رکعتین خفیفتین بعد ما یطلع الفجر وکانت ساعۃ لا ادخل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیہا تابعہ کثیر بن فرقد وایوب عن نافع وقال ابن ابی الزناد عن موسی بن عقبۃ عن نافع بعد العشاء فی اہلہ

باب من لم یتطوع بعد المکتوبۃ

۱۱۰۸ حدثنا علی بن عبد اللہ قال حدثنا سفین عن عمرو قال سمعت ابا الشعثاء جابرا قال سمعت ابن عباس

مغرب اور عشاء کی سنتیں گھر میں پڑھیں،، ابن ابی زناد نے موسیٰ بن عقبہ سے انہوں نے نافع سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ عشاء کے بعد اپنے گھر میں دو رکعتیں پڑھیں کثیر بن فرقد، ایوب نے نافع سے روایت کرنے میں عبید اللہ کی متابعت کی،، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میری ہمشیر حفصہ نے مجھے خبر دی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم طلوعِ فجر کے بعد خفیف سی دو رکعتیں پڑھتے تھے۔ میں اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں نہ جاتی تھی،، کثیر بن فرقد، ایوب اور نافع نے عبید اللہ کی متابعت کی اور ابن ابی زناد نے موسیٰ بن عقبہ سے انہوں نے نافع سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ عشاء کے بعد اپنے گھر میں سنتیں پڑھتے تھے،،

شرح ۱۱۰۷ — : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مسجد میں نوافل اس لئے مکروہ ہیں کہ کوئی جاہل دیکھ کر ان کو فرض نہ سمجھ لے یا اس لئے کہ گھر نماز سے خالی نہ ہو یا ریاکاری سے بچنے کے لئے مسجد میں نوافل پڑھنے مکروہ ہیں اگر اس طرح کے خدشات سے بالاتر ہو تو مسجد میں نماز پڑھنی اچھی ہے،، طلوعِ فجر کے بعد سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق سے مشغول نہ ہوتے تھے اور یہ مخصوص وقت تھا اس لئے کوئی شخص اس وقت حضور کی خدمت میں حاضر نہ ہو سکتا تھا،، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مذکور نمازیں تنہا پڑھی تھیں اور مذکور معیت سے مراد محض تعداد میں متابعت ہے اور یہ مراد نہیں کہ انھوں نے ان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدار کی تھی۔ اس حدیث میں اگرچہ ظہر سے پہلے دو رکعتیں پڑھنا مذکور ہے مگر بخاری، ابوداؤد اور نسائی نے ام المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر سے پہلے چار رکعتیں کبھی نہیں چھوڑی تھیں مسلم ابوداؤد اور نسائی اور ترمذی نے عبداللہ بن شقیق سے روایت کی کہ انہوں نے کہا میں نے ام المومنین رضی اللہ عنہا سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نفل نماز کے بارے میں دریافت کیا تو انھوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے پہلے چار اور ظہر کے بعد دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے اس حدیث میں عصر سے پہلے نوافل پڑھنے کا ذکر نہیں مگر ابوداؤد نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو عصر سے پہلے چار نفل پڑھتا ہے۔ رحم کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ عصر سے پہلے چار رکعتیں مستحب ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — جس نے فرض نماز کے بعد نفل نہ پڑھے

۱۱۰۸ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آٹھ رکعتیں (ظہر و عصر) اکٹھی اور سات

marfat.com

قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيًا جَمِيْعًا وَسَبْعًا جَمِيْعًا قُلْتُ يَا اَبَا الشَّعْثَاءِ اَظُنُّهُ اَخَّرَ الظُّهْرَ وَعَجَّلَ الْعَصْرَ وَعَجَّلَ الْعِشَاءَ وَاَخَّرَ الْمَغْرِبَ قَالَ وَاَنَا اَظُنُّهُ

بَابُ صَلٰوةِ الضُّحٰى فِي السَّفَرِ

1101 حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ تَوْبَةَ عَنْ مُوَرِّقٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ اَتُصَلِّي الضُّحٰى قَالَ لَا قُلْتُ فَعُمَرُ قَالَ لَا قُلْتُ فَاَبُوْ بَكْرٍ قَالَ لَا قُلْتُ فَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اِخَالُهُ

(مغرب وعشاء) اکٹھی پڑھیں عمرو نے کہا میں نے ابو الشعثاء سے کہا اے ابا شعثاء میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کو مؤخر اور عصر کو مقدم کیا ہوگا اور عشاء میں جلدی اور مغرب میں تاخیر کی ہوگی ابو شعثاء نے کہا میں بھی یہی خیال کرتا ہوں "

شرح : سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر کے فرض ایک ساتھ پڑھے اور دونوں فرضوں کے درمیان سنتیں نہ پڑھیں کیونکہ اگر ظہر کے بعد آپ نے سنتیں پڑھی ہوتیں تو دونوں فرضوں کا جمع کرنا متصور نہیں ہوتا اسی طرح مغرب و عشاء کے درمیان سنتیں نہیں پڑھیں اس سے سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد شریف یہ تھا کہ امت مرحومہ پر اس کی وضاحت فرمادیں کہ سنتیں اور دیگر نوافل فرض نہیں اور نہ ہی واجب ہیں اس مسئلہ کی تفصیل مواقیتِ صلوٰۃ میں "باب تاخیر الظہر الی العصر" میں مذکور ہے۔

باب — سفر میں چاشت کی نماز پڑھنا

ترجمہ : مورق سے روایت ہے اُنھوں نے کہا میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کیا آپ چاشت کی نماز پڑھتے ہیں؟ اُنھوں نے جواب دیا کہ نہیں! میں نے کہا تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ؟ جواب دیا کہ نہیں"، میں نے کہا تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ؟ ابن عمر نے کہا کہ نہیں"، میں نے کہا کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ نماز پڑھتے تھے یا نہیں؟ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی نہیں پڑھتے تھے !!!

شرح : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت اور اس کے بعد ام ہانی رضی اللہ عنہا کی روایت کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ میں ان کے گھر آٹھ رکعتیں چاشت کی نماز پڑھی میں مطابقت اسی طرح ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور شیخین کو چاشت کی نماز پڑھتے نہ دیکھنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ نفس الامر اور واقع میں بھی نہ پڑھتے تھے کیونکہ عدمِ رُؤیت عدمِ وقوع پر دلالت نہیں کرتی"، یا یوں کہا جائے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا چاشت کی نماز کی مداومت کی نفی کرنے سے اصل نماز پڑھنے کی نفی نہیں ہوتی اس کی نظیر یہ ہے کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو چاشت کی نماز پڑھتے نہیں دیکھا اور میں پڑھتی ہوں (بخاری مسلم) حالانکہ صحیح مسلم میں ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز چار رکعتیں پڑھتے تھے"، تو ام المؤمنین نے اس کی مداومت کی نفی کی ہے اصل نماز کی نفی نہیں کی۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے خلاصہ میں ذکر کیا کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ

marfat.com

۱۱۱۰ حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِیْ لَیْلٰی یَقُوْلُ مَا حَدَّثَنَا اَحَدٌ اَنَّهٗ رَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی الضُّحٰی غَیْرُ اُمِّ هَانِئٍ فَاِنَّهَا قَالَتْ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ بَیْتَهَا یَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ فَاغْتَسَلَ وَصَلّٰی ثَمَانِ رَكَعَاتٍ فَلَمْ اَرَ صَلٰوةً قَطُّ اَخَفَّ مِنْهَا غَیْرَ اَنَّهٗ یُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ

بَابُ مَنْ لَمْ یُصَلِّ الضُّحٰی وَرَاٰهُ وَاسِعًا

۱۱۱۱ حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَبَّحَ سُبْحَةَ الضُّحٰی وَاِنِّیْ لَاُسَبِّحُهَا

عنہا کا چاشت کی نماز کی نفی کرنے سے مراد یہ ہے کہ آپ یہ ہمیشہ نہ پڑھتے تھے اور بعض اوقات میں پڑھتے تھے،، تاکہ امت پر یہ نماز فرض نہ ہو جائے،، لہٰذا ان دونوں حدیثوں میں تضاد نہیں ہے،،

۱۱۱۰ — ترجمہ : عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں کہ ام ہانی کے سوا کسی نے ہمیں خبر نہیں دی کہ اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو چاشت کی نماز پڑھتے دیکھا ہے،، البتہ ام ہانی نے کہا کہ فتح مکہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے گھر تشریف لائے اور غسل فرمایا اور آٹھ رکعتیں پڑھیں میں نے اس سے خفیف اور ہلکی کوئی نماز نہیں دیکھی سوا اس کے کہ آپ رکوع و سجود پورے پورے فرماتے تھے"

۱۱۱۰ — شرح : مؤطا میں امام مالک رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ ام ہانی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئیں اور آپ کو غسل کرتے ہوئے پایا،، مگر یہ بخاری کی مذکور روایت کے معارض نہیں کیونکہ یہ واقعہ متعدد بار ہوا ہے،، چاشت کی نماز کی کم از کم دو رکعتیں ہیں اور زیادہ سے بارہ رکعتیں مذکور ہیں۔ یہ نماز مستحب ہے افضل یہ ہے کہ یہ ہمیشہ پڑھی جائے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند وہ عمل ہے جس کو ہمیشہ کیا جائے اگرچہ وہ قلیل ہو،، نیز اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ چاشت کی نماز میں تخفیف مستحب ہے۔ حاکم نے عقبہ بن عامر سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا کہ ہم چاشت کی نماز میں" والشمس وضحاھا،، اور والضحیٰ واللیل اذا سجیٰ" پڑھیں اس نماز کا وقت طلوعِ شمس کے بعد ہے مگر ارتفاعِ شمس تک اس کی تاخیر مستحب ہے،، اشراق کے وقت بھی چاشت کی نماز پڑھنا جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — جس نے چاشت کی نماز نہ پڑھی اور نہ ہی اس کو ضروری جانا،،

۱۱۱۱ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو چاشت کے نفل پڑھتے نہیں دیکھا البتہ میں یہ نماز پڑھتی ہوں"

marfat.com

بَابُ صَلٰوةِ الضُّحٰى فِي الْحَضَرِ قَالَهُ عِتْبَانُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا ۱۱۱۲
مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ هُوَ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ
اَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ لَا اَدَعُهُنَّ حَتّٰى اَمُوْتَ صَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَصَلٰوةِ الضُّحٰى
وَنَوْمٍ عَلٰى وِتْرٍ

۱۱۱۱ — شرح : ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس نماز کی نفی کرنے کا سبب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز کے وقت ام المؤمنین کے پاس شاذ ہی تشریف رکھتے تھے کیونکہ آپ اکثر اوقات مسجد یا کسی اور مقام میں جلوہ افروز ہوتے تھے اور ام المؤمنین کے پاس تو نو یا آٹھ روز میں سے ایک یا دو روز ہی تشریف لے جاتے تھے باقی تقریر حدیث ۱۱۰۹ کے تحت مذکور ہے۔

باب ۱ — حضر (اپنے شہر یا گاؤں) میں چاشت کی نماز پڑھنا ،،

عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی روائت کی"

۱۱۱۲ — ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین اشیاء کی وصیت فرمائی جن کو میں فوت ہونے تک نہیں چھوڑوں گا۔ ہر مہینہ میں تین روزے رکھنا ، چاشت کی نماز پڑھنا اور وتر پڑھ کر سونا ،،

۱۱۱۲ — شرح : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر کو خلیل بناتا ہے ،، بخاری میں مذکور حدیث اس کے مخالف نہیں کیونکہ ممتنع یہ بات ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے غیر کو خلیل بنائیں اور اس کا عکس ممتنع نہیں ہے اور وہ یہ کہ کوئی شخص آپ کو خلیل بنائے کیونکہ خلت کا معنی کلیتہً انقطاع ہے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کلی انقطاع دراصل اللہ تعالیٰ کی طرف ہی کلی انقطاع ہے ،، حدیث میں مذکور تین ایام سے مراد ایام بیض ۱۳ ، ۱۴ ، ۱۵ تولدیخ ہیں ،، جس شخص کو پچھلی رات اٹھنے کا یقین نہ ہو اس کے لئے مستحب یہی ہے کہ وہ وتر سونے سے پہلے پڑھ لے ،، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو اس وصیت کے ساتھ اس لئے مختص فرمایا کہ وہ فقراء میں سے تھے مال دار نہ تھے اور نماز اور روزہ بہترین عبادت ہے جو ان کے لائق تھی اس لئے ان کو یہ وصیت فرمائی واللہ اعلم!

marfat.com

۱۱۱۳ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ وَكَانَ ضَخْمًا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَا أَسْتَطِيعُ الصَّلَاةَ مَعَكَ فَصَنَعَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فَدَعَاهُ إِلَى بَيْتِهِ وَنَضَحَ لَهُ طَرَفَ حَصِيرٍ بِمَاءٍ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَكْعَتَيْنِ وَقَالَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بْنِ الْجَارُودِ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى فَقَالَ مَا رَأَيْتُهُ صَلَّى غَيْرَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

بَابُ الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ

۱۱۱۴ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَفِظْتُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ رَكَعَاتٍ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فِي بَيْتِهِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ فِي بَيْتِهِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ وَكَانَتْ سَاعَةً لَا يُدْخَلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ أَنَّهُ كَانَ إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ وَطَلَعَ الْفَجْرُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ

ترجمہ : حضرت انس بن مالک انصاری نے کہا کہ ایک انصاری شخص جو بہت موٹا تھا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی مجھ میں آپ کے ساتھ نماز پڑھنے کی طاقت نہیں اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا تیار کیا اور آپ کو اپنے گھر تشریف لانے کی دعوت دی اور چٹائی کو پانی کے ساتھ دھویا ،، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر دو رکعتیں پڑھیں فلاں بن فلاں بن جارود نے انس سے کہا کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز پڑھتے تھے ؟ انھوں نے کہا اس دن کے سوا میں نے آپ کو چاشت کی نماز پڑھتے نہیں دیکھا ،،

۱۱۱۳ — شرح : فلاں بن فلاں عبدالحمید بن منذر بن جارود ہیں ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پر بعض لوگوں نے عمل کیا اور چاشت کی نماز کا اعتراف نہ کیا اور کہا کہ فتح مکہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ رکعتیں بطور فتح پڑھی تھیں مگر یہ تاویل چاشت کی نماز کی نفی نہیں کرتی جبکہ متواتر روایات سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ نماز پڑھنا ثابت ہے ،، پھر ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایات میں اس نماز کی نفی ہوتی بھی نہیں کیونکہ وہ تو کہتی ہیں میں نے نہیں دیکھا انھوں نے یہ نہیں کہا کہ آپ نے یہ نماز نہیں پڑھی یعنی مائی صاحبہ نے آپ کو علانیہ نماز پڑھتے نہیں دیکھا واللہ تعالیٰ اعلم !

باب — ظہر سے پہلے دو رکعتیں

۱۱۱۴ — ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دس رکعتیں محفوظ کی ہیں دو رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو اس کے بعد دو رکعتیں مغرب سے پہلے گھر میں ، دو رکعتیں عشاء کے بعد گھر میں اور دو رکعتیں صبح کے فرضوں سے پہلے پڑھتے تھے اور یہ وہ وقت تھا کہ اس میں کوئی شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں جا سکتا تھا مجھے تو میری ہمشیرہ حفصہ نے خبر دی کہ جب مؤذن اذان دیتا اور فجر طلوع ہو جاتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں پڑھتے تھے ۔

marfat.com

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا

۱۱۱۵ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَدَعُ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ تَابَعَهُ ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ وَعَمْرٌو عَنْ شُعْبَةَ **بَابُ الصَّلٰوةِ قَبْلَ الْمَغْرِبِ** حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنِ الْحُسَيْنِ وَهُوَ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ

۱۱۱۶ عَبْدُ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلُّوْا قَبْلَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ لِمَنْ شَاءَ كَرَاهِيَةَ اَنْ يَتَّخِذَهَا النَّاسُ سُنَّةً حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ

۱۱۱۷

ترجمہ : ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر سے پہلے چار سنتیں اور صبح کی نماز سے پہلے دو سنتیں نہیں چھوڑتے تھے ابن ابی عدی اور عمرو نے شعبہ سے ۔ روایت کرنے میں یحییٰ بن سعید کی متابعت کی۔

۱۱۱۵ —

ظاہر یہی ہے کہ پہلی حدیث میں دو رکعتیں ان چار میں داخل ہیں۔

باب — مغرب سے پہلے نماز پڑھنا

ترجمہ : عبداللہ مُزَنِیؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا مغرب کی نماز سے پہلے نماز پڑھو تیسری بار فرمایا جو کوئی چاہے پڑھے یہ اچھا نہ جانتے ہوئے کہ لوگ اس کو واجب یا سنت سمجھ لیں ،،

۱۱۱۶ —

ترجمہ : مرثد بن عبداللہ یزنی نے کہا میں عقبہ بن عامر جہنی کے پاس آیا اور کہا کیا میں تجھ کو ابو تمیم کی عجیب بات نہ بتاؤں ؟ وہ مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے ہیں ،، عقبہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں ہم یہ پڑھتے تھے میں نے کہا اب آپ کو پڑھنے سے کس نے منع کیا ہے ؟ عقبہ نے کہا کہ دنیاوی شغل نے ،،

۱۱۱۷ —

۱۱۱۶ ، ۱۱۱۷ —

شرح : ان حدیثوں سے بعض لوگوں نے استدلال کیا کہ مغرب کی نماز سے پہلے دو نفل پڑھنے جائز ہیں ،، ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مغرب سے پہلے دو رکعتیں پڑھنے میں صحابہ کا اختلاف ہے صحابہ کے بعد یہ کسی نے نہیں پڑھیں ،، سعید بن مسیب نے کہا سعد بن ابی وقاص کے سوا میں نے کسی فقیہہ کو یہ پڑھتے نہیں دیکھا ، امام بیہقی نے زہری سے روایت کی کہ مہاجرین یہ نہیں پڑھتے تھے ،، انصار نے ان کو ترک کر دیا تھا ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سادا تنا ابوبکر ، عمر فاروق اور عثمان رضی اللہ عنہم یہ نہیں پڑھتے تھے اور کہا یہ بدعت ہیں کوفہ کے بڑے بڑے صحابہ کرام حضرت علی ، ابن مسعود ، حذیفہ ، عمار بن یاسر ، ابومسعود رضی اللہ عنہم کو جس نے دیکھا اس نے یہی خبر دی کہ یہ حضرات مغرب سے پہلے نماز نہیں پڑھتے تھے ،، امام مالک ، ابوحنیفہ اور شافعی رضی اللہ

marfat.com

قَالَ سَمِعْتُ مَرْثَدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيَّ قَالَ اَتَيْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ فَقُلْتُ اَلَا اُعْجِبُكَ مِنْ اَبِي تَمِيْمٍ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَقَالَ عُقْبَةُ اِنَّا كُنَّا نَفْعَلُهٗ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ فَمَا يَمْنَعُكَ الْاٰنَ قَالَ الشُّغْلُ بَابُ صَلٰوةِ النَّوَافِلِ جَمَاعَةً ذَكَرَ اَنَسٌ وَّعَائِشَةُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ قَالَ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْاَنْصَارِيُّ اَنَّهٗ عَقَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَقَلَ مَجَّةً مَجَّهَا فِيْ وَجْهِهٖ مِنْ بِئْرٍ كَانَتْ فِيْ دَارِهِمْ فَزَعَمَ مَحْمُوْدٌ اَنَّهٗ سَمِعَ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيَّ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُنْتُ اُصَلِّيْ لِقَوْمِيْ بَنِيْ سَالِمٍ وَكَانَ يَحُوْلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ وَادٍ اِذَا جَاءَتِ الْاَمْطَارُ فَيَشُقُّ عَلَيَّ اجْتِيَازُهٗ قِبَلَ مَسْجِدِهِمْ فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهٗ اِنِّيْ اَنْكَرْتُ بَصَرِيْ وَاِنَّ الْوَادِيَ الَّذِيْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ قَوْمِيْ يَسِيْلُ اِذَا جَاءَتِ الْاَمْطَارُ فَيَشُقُّ عَلَيَّ اجْتِيَازُهٗ فَوَدِدْتُ اَنَّكَ تَاْتِيْ فَتُصَلِّيْ مِنْ بَيْتِيْ مَكَانًا اَتَّخِذُهٗ مُصَلًّى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَفْعَلُ فَغَدَا عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ مَا اشْتَدَّ النَّهَارُ فَاسْتَاْذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذِنْتُ لَهٗ فَلَمْ يَجْلِسْ حَتّٰى قَالَ اَيْنَ تُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ مِنْ بَيْتِكَ فَاَشَرْتُ لَهٗ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ اُحِبُّ اَنْ يُّصَلِّيَ فِيْهِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبَّرَ وَصَفَفْنَا وَرَاءَهٗ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ فَسَلَّمْنَا حِيْنَ سَلَّمَ وَحَبَسْتُهٗ عَلٰى خَزِيْرَةٍ تُصْنَعُ لَهٗ فَسَمِعَ اَهْلُ الدَّارِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِيْ فَثَابَ رِجَالٌ مِّنْهُمْ حَتّٰى كَثُرَ الرِّجَالُ فِي الْبَيْتِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ مَا فَعَلَ مَالِكٌ لَا اَرَاهُ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ

عنہم کا یہی مسلک ہے ،، حضرت عبداللہ یزنی کی حدیث اوّلِ اسلام پر محمول ہے پھر منسوخ ہوگئی ،، چنانچہ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا مغرب کی نماز کے سوا ہر آذان و اقامت کے درمیان نماز ہے ابوداؤد میں طاؤس سے روائت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو مغرب سے پہلے دو رکعتوں سے متعلق پوچھا گیا تو اُنھوں نے کہا میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے زمانہ میں کسی کو یہ پڑھتے نہیں دیکھا ،، واللہ اعلم!

باب — نوافل کی نماز باجماعت پڑھنا ،،

حضرت انس بن مالک اور ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سے اس کی روائت کی ،،

١١١٨ — ترجمہ : محمود بن ربیع انصاری رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ اُنھوں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کو جانا اور اس کلی کو جانا جو آپ نے ان کے گھر والے کنوئیں کے پانی سے ربیع کے منہ پر ڈالی تھی ،، محمود نے کہا کہ اُنھوں نے عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ سے سُنا اور وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ بدر میں حاضر تھے

marfat.com

ذٰلِكَ مُنَافِقٌ لَا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُلْ ذٰلِكَ اَلَا تَرَاهُ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ فَقَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ اَمَّا نَحْنُ فَوَاللّٰهِ لَا نَرٰى وُدَّهٗ وَلَا حَدِيْثَهٗ اِلَّا لِلْمُنَافِقِيْنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ عَلَى النَّارِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ قَالَ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ فَحَدَّثَهَا قَوْمًا فِيْهِمْ اَبُوْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيُّ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَتِهِ الَّتِيْ تُوُفِّيَ فِيْهَا وَيَزِيْدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَلَيْهِمْ بِاَرْضِ الرُّوْمِ فَاَنْكَرَهَا عَلَيَّ اَبُوْ اَيُّوْبَ وَقَالَ وَاللّٰهِ مَا اَظُنُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا قُلْتَ قَطُّ فَكَبُرَ ذٰلِكَ عَلَيَّ فَجَعَلْتُ لِلّٰهِ عَلَيَّ اِنْ سَلَّمَنِيَ حَتّٰى اَقْفُلَ مِنْ غَزْوَتِيْ اَنْ اَسْاَلَ عَنْهَا عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ اِنْ وَجَدْتُهٗ حَيًّا فِيْ مَسْجِدِ قَوْمِهٖ فَقَفَلْتُ فَاَهْلَلْتُ بِحَجَّةٍ اَوْ بِعُمْرَةٍ ثُمَّ سِرْتُ حَتّٰى قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَاَتَيْتُ بَنِيْ سَالِمٍ فَاِذَا عِتْبَانُ شَيْخٌ اَعْمٰى يُصَلِّيْ لِقَوْمِهٖ فَلَمَّا سَلَّمَ مِنَ الصَّلٰوةِ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَاَخْبَرْتُهٗ مَنْ اَنَا ثُمَّ سَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ فَحَدَّثَنِيْهِ كَمَا حَدَّثَنِيْهِ اَوَّلَ مَرَّةٍ

کہ میں قبیلہ بنی سالم میں اپنی قوم کو نماز پڑھایا کرتا تھا اور میرے اور ان کے درمیان ایک وادی تھی جب بارشیں ہوتیں تو میرے لئے ان کی مسجد کی طرف جانے کے لئے اس کا عبور کرنا مشکل ہوتا میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے عرض کی کہ میری نظر کمزور ہے اور وادی جو میرے اور میری قوم کے درمیان بہتی ہے جب بارشیں ہوں تو اس کا عبور کرنا میرے لئے مشکل ہو جاتا ہے۔ میری خواہش ہے کہ آپ تشریف لائیں اور میرے گھر ایک جگہ نماز پڑھیں پھر میں اس کو نماز کے لئے معین کر لوں گا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب ہم آئیں گے ،، صبح کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر رضی اللہ عنہ سورج بلند ہونے کے بعد تشریف لائے آپ نے اجازت طلب فرمائی میں نے آپ کو (اندر تشریف لانے کی) اجازت دی آپ (داخل ہونے کے بعد) نہیں بیٹھے حتی کہ فرمایا تمہارے گھر میں میرا نماز پڑھنا کہاں پسند کرتے ہو میں نے اس جگہ کی طرف اشارہ کیا جہاں میں پسند کرتا تھا کہ آپ وہاں نماز ادا فرمائیں ،، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے اور تکبیر فرمائی ہم نے آپ کے پیچھے صفیں باندھیں آپ نے دو رکعتیں پڑھیں پھر سلام پھیر دیا ہم نے بھی سلام پھیر دیا جبکہ آپ نے سلام پھیرا میں نے موٹے آٹے اور گوشت سے تیار کیا ہوا کھانا پیش کیا جو آپ ہی کے لئے تیار کیا گیا تھا محلہ والے لوگوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا میرے گھر میں تشریف لانے کی خبر سنی تو وہ گھر میں سب جمع ہو گئے ان میں سے ایک شخص نے کہا مالک بن دُخَیْشن کا کیا حال ہے مجھے وہ نظر نہیں آ رہا ہے اُن میں سے دُوسرے شخص نے کہا وہ منافق ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ محبت نہیں رکھتا ہے ،، جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسا مت کہو کیا تم اسے دیکھتے نہیں ہو کہ وہ " لا الہ الا اللہ محمد رسُول اللہ " کہتا ہے جبکہ یہ کہنے سے اس کا مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی رضا ہے اس شخص نے کہا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں بہرحال ہم تو خُدا کی قسم اس کی محبت اور گفتگو صرف منافقوں کے ساتھ دیکھتے ہیں جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے دوزخ پر اس شخص کو حرام کر دیا ہے جو لا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ،، کہتا ہے اور اس سے اس کا مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی رضا ہے"

marfat.com

۱۱۱۹ بَابُ التَّكْبِيرِ فِي الْبَيْتِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلُوا فِي بُيُوتِكُمْ مِنْ صَلٰوتِكُمْ وَلَا تَتَّخِذُوهَا قُبُورًا تَابَعَهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ أَيُّوبَ

محمود نے کہا میں نے چند لوگوں سے یہ حدیث بیان کی جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ابو ایوب بھی تھے اور اس غزوہ میں بیان کی جس میں وہ فوت ہوئے تھے اور یزید بن معاویہ قسطنطنیہ میں ان کا امیر تھا،، ابو ایوب نے اُس واقعہ کا انکار کیا اور کہا اللہ کی قسم میرا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ہرگز یہ خیال نہیں کہ جو تو نے کہا ہے وہ آپ نے فرمایا ہے،، مجھ پر یہ بات گراں گزری اور میں نے اپنے اُوپر یہ لازم کر لیا کہ اگر اس غزوہ سے واپسی تک اللہ تعالیٰ نے مجھ کو صحیح سلامت رکھا تو اس کے متعلق میں عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ سے دریافت کروں گا بشرطیکہ میں اس کی قوم کی مسجد میں اس کو زندہ پاؤں پس میں غزوہ سے واپس آیا اور حج یا عمرہ کا احرام باندھا پھر میں چلا حتیٰ کہ مدینہ منورہ آیا قبیلہ بنی سالم کے پاس ٹھہرا،، کیا دیکھتا ہوں کہ عتبان بوڑھا شخص نابینا ہے اپنی قوم کو نماز پڑھا رہا ہے جب اُس نے سلام پھیرا تو میں نے سلام کہا اور اس کو بتایا کہ میں کون ہوں،، پھر میں نے اس سے اس حدیث کے متعلق دریافت کیا تو اس نے اسی طرح حدیث بیان کی جس طرح پہلی مرتبہ بیان کی تھی۔

مشرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کیچڑ اور آندھی میں نماز باجماعت واجب نہیں،، نیک لوگوں کے آثار سے تبرک حاصل

۱۱۱۸ ــــ کرنا مستحب امر ہے،، گھر میں نفل نماز باجماعت جائز ہے، جہاں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ہے وہ جگہ باقی زمین سے افضل ہے وہاں نماز پڑھیں تو اس کی برکت سے نماز باجماعت کی مثل ہے،، گھروں میں نماز کے لئے کوئی جگہ معین کر لینا جائز ہے البتہ مساجد میں ریاء کے خوف کے باعث مکروہ ہے،، چاشت کی نماز مستحب ہے،، بزرگوں کی تشریف آوری پر ان کی دعوتِ طعام مستحسن ہے،، نفل نماز اخفاء میں پڑھنی مستحب ہے۔

باب ــــ گھر میں نفل نماز پڑھنا

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ

۱۱۱۹ ــــ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے گھروں میں کچھ نماز پڑھ لیا کرو اور ان کو قبریں نہ بناؤ،، عبدالوہاب نے ایوب سختیانی سے روایت کرنے میں وُہیب کی متابعت کی،،

شرح : اس حدیث کی تفصیل کراہیۃ الصلوٰۃ فی المقابر کے باب میں حدیث

۱۱۱۹ ــــ ۴۳۲ کے تحت گزری ہے علامہ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جس گھر میں نماز نہ پڑھی جاتی ہو اس گھر کو قبر سے تشبیہ دی ہے جس میں عبادت نہیں کی جاتی اور سونے والے کو میت سے تشبیہ دی جس سے نیک کام نہیں ہو سکتے ہیں بعض علماء نے کہا کہ یہ حدیث نفل نماز کے بارے میں وارد ہے کیونکہ گھر میں نماز پڑھنے میں ریاکاری کا شائبہ نہیں ہوتا اس تقدیر پر "مِنْ صَلَاتِكُمْ،، میں من کا لفظ زائد ہوگا گویا کہ حدیث کا معنی یہ ہوگا کہ تم نفل نماز گھروں میں پڑھو۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب فضل الصلوٰۃ فی مسجدی مکۃ والمدینۃ حدثنا حفص بن عمر قال حدثنا شعبۃ قال اخبرنی عبد الملک عن قزعۃ قال سمعت ابا سعید اربعا قال سمعت من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان غزا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثنتی عشرۃ غزوۃ ح وحدثنا علی قال حدثنا سفین عن الزہری عن سعید عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تشد الرحال الا الی ثلثۃ مساجد المسجد الحرام و مسجدی الرسول و

۱۱۲۰

باب ـــــ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ شرفہما اللہ تعالیٰ کی مسجد میں نماز کی فضیلت

۱۱۲۰ ـــــ ترجمہ : قزعہ بن یحییٰ نے کہا میں نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے چار حدیثیں سنیں انھوں نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا اور انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بارہ غزوے لڑے ہیں ،، تحویل ،، ابو ہریرہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا تین مساجد کے سوا کسی مسجد کی طرف کجاوے نہ کسے جائیں ۔ مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ ،،

۱۱۲۰ ـــــ شرح : شدِ رحال ،، سے سفر کی طرف اشارہ ہے یعنی سفر نہ کیا جائے اور مستثنیٰ متصل ہے لہٰذا حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ ان تین مساجد کے سوا کسی اور مسجد کی طرف بغرض فضیلتِ ثواب سفر نہ کیا جائے کیونکہ ان مساجد کے سوا دنیا کی تمام مسجدیں ان میں نماز کے ثواب میں برابر ہیں البتہ جوامع مساجد میں نمازیوں کی کثرت کے باعث زیادہ ثواب ہے اور دُور سے چل کر مسجد میں نماز پڑھنے کا زیادہ ثواب کثرتِ اقدام کے باعث ہے نفسِ مسجد کے اعتبار سے ثواب میں کوئی تفاوت نہیں ،،

اور اگر مستثنیٰ مفرغ ہو جس میں مستثنیٰ منہ عام ہوتا ہے تو حدیث کا معنیٰ یہ ہوگا کہ ان تین مساجد کے سوا کسی مکان کی طرف سفر نہ کرو حتیٰ کہ یہ لازم آئے گا کہ سیدنا ابراہیم خلیل اللہ صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ اور دیگر انبیاء کرام کے ضرائح (قبور) کی زیارت کے لئے سفر کرنا جائز نہ ہو بلکہ پورے عموم کے اعتبار سے معنیٰ یہ ہوگا کہ کسی طرف ہی سفر کرنا جائز نہ ہو سوا ان تین مساجد کے ،، مگر حقیقت یہ ہے کہ پورے عموم سے مراد وہ عام ہے جو نوع اور وصف کے اعتبار سے مستثنیٰ کے مناسب ہو جیسے کوئی کہے کہ میں نے زید کے سوا کسی کو نہیں دیکھا اس کا معنیٰ ہے کہ میں نے زید کے سوا کسی شخص کو نہیں دیکھا اور یہ مراد لینا غلط ہے کہ میں نے کسی شئی کو نہیں دیکھا ،، امام نووی نے کہا اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ ان تین مساجد کے سوا کسی اور مسجد کی طرف سفر کرنے میں فضیلت نہیں ،، اس حدیث سے دوسری مساجد پر ان مساجد کی فضیلت واضح ہوتی ہے کیونکہ ان کو انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے بنایا ہے مسجد حرام

marfat.com

۱۱۲۱ مَسْجِدِ الْاَقْصٰی حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنْ زَیْدِ بْنِ رَبَاحٍ وَعُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوۃٌ فِیْ مَسْجِدِیْ ھٰذَا

تمام لوگوں کا قبلہ ہے، مسجد نبوی تقویٰ پر مبنی ہے اور مسجد اقصیٰ پہلی امتوں کا قبلہ رہا ہے،، امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس حدیث کا محمل یہ ہے کہ جس نے کسی مسجد میں نماز پڑھنے کی نذر مانی اور وہ اس مسجد تک سفر کے اہتمام کے بغیر نہیں جا سکتا تو وہ اپنے شہر کی مسجد میں نذر پوری کرے ہاں اگر اس نے ان تین مساجد میں سے کسی ایک مسجد میں نماز پڑھنے کی نذر مانی ہو تو ضرور سفر کر کے وہاں پہنچ کر نذر پوری کرے۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جو کوئی نیک لوگوں کی مساجد میں نماز پڑھنے کا ارادہ کرے اور وہاں نفل نماز سے متبرک ہونا چاہے تو اس قصد سے اس کا یہ سفر کرنا مباح ہے اور وہ مذکور حدیث کی زد میں نہیں آتا،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ شیخ زین الدین نے کہا کہ اس حدیث کا بہترین محمل یہ ہے کہ ان تین مساجد کے سوا کسی مسجد کی طرف شدِ رحال نہ کیا جائے اور اگر کسی مسجد کی طرف سفر کرنے کا مقصد یہ ہو کہ وہاں علم حاصل کرے گا یا صالحین کی قبور کی زیارت اور تجارت کے لئے سفر کرے تو وہ اس نہی میں داخل نہیں،، لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثَلَاثَۃِ مَسَاجِدَ،، میں استثناء متصل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ مسند امام احمد میں شہر بن حوشب کے طریق سے روایت کی کہ انھوں نے کہا میں نے ابوسعید رضی اللہ عنہ سے سنا جبکہ ان کے پاس طور میں نماز کا ذکر کیا گیا انھوں نے کہا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان تین مساجد کے سوا کسی مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے اس کی طرف اہتمام سے سفر نہ کرے،، شہر بن حوشب کو ائمہ کرام کی ایک جماعت نے ثقہ کہا ہے،،

لہٰذا مذکور حدیث کا معنی اب مزید وضاحت کا محتاج نہیں اور بزرگان دین کے قبور کی زیارت کے لئے سفر ممنوع نہیں اور یہ کہنا درست نہیں کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر کی زیارت کا قصد ممنوع ہے جو بعض قاصرین گمان کرتے ہیں سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی تو گویا اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی یہ روایت بیہقی میں ہے اور دار قطنی کی روایت میں ہے جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو گئی ان روایات کے ہوتے ہوئے قاصرین کا موہوم بے بنیاد اور کَبَیْتِ الْعَنْکَبُوْتِ ہو کر رہ جاتا ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم

۱۱۲۱ ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اس مسجد میں ایک نماز پڑھنا مسجد حرام کے سوا دوسری مسجدوں میں ہزار نمازیں پڑھنے سے بہتر ہے،،

۱۱۲۱ شرح : اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ،، اس استثناء میں تین امور کا احتمال ہے اور وہ یہ کہ مسجد حرام مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مساوی ہے یا اس سے افضل ہے یا اس سے کم ہے یعنی مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کا ثواب ہزار نماز کے ثواب سے کم ہے،، جمہور علماء کا یہ مذہب ہے کہ مکہ مکرمہ مدینہ منورہ سے افضل ہے اسی طرح مکہ مکرمہ کی مسجد مدینہ منورہ کی مسجد سے افضل ہے مگر امام مالک رضی اللہ عنہ مسجد نبوی کو مسجد حرام سے افضل کہتے ہیں اور مذکور حدیث کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ میری

marfat.com

خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَابُ مَسْجِدِ قُبَاءٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ أَخْبَرَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ لَا يُصَلِّي مِنَ الضُّحَى إِلَّا فِي يَوْمَيْنِ يَوْمٍ يَقْدَمُ مَكَّةَ فَإِنَّهُ كَانَ يَقْدَمُهَا ضُحًى فَيَطُوفُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ خَلْفَ الْمَقَامِ وَيَوْمٍ يَأْتِي مَسْجِدَ قُبَاءٍ فَإِنَّهُ كَانَ يَأْتِيهِ كُلَّ سَبْتٍ فَإِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ كَرِهَ أَنْ يَخْرُجَ مِنْهُ حَتَّى يُصَلِّيَ فِيهِ قَالَ وَكَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَزُورُهُ رَاكِبًا وَمَاشِيًا قَالَ وَكَانَ يَقُولُ إِنَّمَا أَصْنَعُ كَمَا رَأَيْتُ أَصْحَابِي يَصْنَعُونَ وَلَا أَمْنَعُ أَحَدًا أَنْ صَلَّى فِي أَيِّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ غَيْرَ أَنْ لَا يَتَحَرَّوْا طُلُوعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا ۱۱۲۲

مسجد میں نماز پڑھنا مسجد حرام میں نماز پڑھنے سے ہزار نمازوں کے بغیر افضل ہے،، امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس میں فرض و نفل برابر ہیں؛ البتہ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس فضیلت کو فرض نماز کے ساتھ مخصوص کہا ہے،، قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ زمین کا جو حصہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے اعضاء مقدسہ کے ساتھ ملصق ہے وہ ساری دنیا کی زمین سے افضل ہے بعض علماء نے کہا یہ حصہ عرش معلیٰ سے افضل ہے،،

باب ــــ مسجد قبا

۱۱۲۲ ــــ ترجمہ : حضرت نافع سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما چاشت کی نماز صرف اس روز پڑھتے تھے جب وہ مکہ مکرمہ میں آتے تھے کیونکہ وہ مکہ مکرمہ میں چاشت کے وقت ہی آتے تھے وہ بیت اللہ کا طواف کرتے پھر مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھتے اور جب وہ مسجد قباء جاتے تو چاشت کی نماز پڑھتے تھے کیونکہ وہ ہر ہفتہ کو مسجد قباء آتے تھے جب وہ مسجد میں داخل ہوتے تو نماز پڑھے بغیر اس سے نکلنا مکروہ جانتے تھے۔ نافع نے کہا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما یہ حدیث بیان کرتے تھے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیدل اور سوار مسجد قباء کی زیارت کرتے تھے نافع نے کہا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے تھے میں اسی طرح کرتا ہوں جس طرح میں نے اپنے ساتھیوں کو کرتے دیکھا ہے میں کسی کو اس سے منع نہیں کرتا کہ وہ رات یا دن میں جس وقت چاہے نماز پڑھے مگر طلوع شمس اور اس کے غروب کے وقت نماز نہ پڑھو،،

شرح ــــ ۱۱۲۲ : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا قباء اگر موضع کا نام ہے تو منصرف اگر اس کو "بُقْعَةٌ" کا نام دیا جائے تو غیر منصرف ہے" بعض علماء نے کہا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مسجد قباء میں تشریف لے جانا اس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ ان مساجد سے ہے جن کی طرف پیدل اور سوار سفر کرنے میں حرج نہیں اور یہ "لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ" کی نہی میں داخل نہیں۔ ہفتہ کے روز مسجد قباء کی زیارت کی خصوصیت یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد سب سے پہلے مسجد قباء کی بنیاد رکھی اس کے بعد مسجد نبوی کی تعمیر فرمائی اسی میں جمعہ پڑھا جاتا تھا اور اہل قباء اور عوالی مدینہ والے لوگ جمعہ کی نماز

marfat.com

بَابُ مَنْ اَتٰى مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ

۱۱۲۳ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ مَسْجِدَ قُبَاءٍ كُلَّ سَبْتٍ مَاشِيًا وَّرَاكِبًا وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهٗ

بَابُ اِتْيَانِ مَسْجِدِ قُبَاءٍ رَاكِبًا وَّمَاشِيًا

۱۱۲۴ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ مَسْجِدَ قُبَاءٍ رَاكِبًا وَّمَاشِيًا زَادَ ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ فَيُصَلِّيْ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ

کے لئے مسجد نبوی میں آتے تھے اور جمعہ کے وقت مسجدِ قباء نمازیوں سے خالی رہتی تھی تو اس کی مکافات کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے بعد ہفتہ کے روز مسجدِ قباء میں تشریف لے جاتے تھے کیونکہ آپ اپنے صحابہ کی مکافات کو پسند فرمایا کرتے تھے حتیٰ کہ خود ان کی خدمت فرماتے تھے اور فرماتے تھے یہ لوگ میرے اصحاب کا احترام کرتے تھے میں ان کی مکافات کرتا ہوں ،، یہ بھی احتمال ہے کہ ہفتہ کا روز فرصت کا دن تھا جبکہ جمعہ کے روز بہت مشاغل تھے ،، واللہ ورسولہ اعلم !

باب — جو ہر ہفتہ کو مسجد قباء آیا

۱۱۲۳ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے اُنھوں نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر ہفتہ کو مسجد قباء پیدل اور سوار ہوکر تشریف لے جاتے تھے اور عبداللہ بن عمر بھی اس طرح کرتے تھے ۔

باب — مسجد قباء پیدل اور سوار ہوکر آنا

۱۱۲۴ — ترجمہ : نافع نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ اُنھوں نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم قبا سوار ہوکر اور پیدل آتے تھے ابن نمیر نے اس پر زیادہ ذکر کیا اُنھوں نے کہا ہم کو عبیداللہ نے نافع سے خبر دی کہ آپ اس میں دو رکعتیں پڑھتے تھے۔

۱۱۲۳ ، ۱۱۲۴ — شرح : حدیث ۱۱۲۲ موقوف اور مرفوع پر مشتمل ہے موقوف یوم سبت کے ساتھ مقید ہے اور مرفوع مطلق ہے جبکہ اس کا مدلول یہ ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد قباء کی زیارت پیدل اور سوار ہوکر کرتے تھے اور اس میں دن کا ذکر نہیں کہ کس روز تشریف لے جاتے تھے اس لئے اس حدیث میں اس کی وضاحت کردی کہ ہر روز ہفتہ تشریف لے جاتے تھے ۔ اس حدیث میں مسجد قباء کی فضیلت واضح ہوتی ہے ۔ سہل بن حنیف نے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ جو کوئی مسجد قباء جاکر نماز پڑھے اس کو غلام آزاد کرنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے عمرو بن

marfat.com

بَابُ فَضْلِ مَا بَيْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ۱۱۲۵
ابْنِ اَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْمَازِنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَيْنَ بَيْتِي وَمِنْبَرِي
رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ ۱۱۲۶
عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَيْنَ بَيْتِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَمِنْبَرِي عَلٰى حَوْضِي

شیبہ نے اخبارِ مدینہ میں صحیح اسناد سے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے ذکر کیا کہ مسجد قباء میں دو رکعتیں نماز پڑھنا مجھے بیت المقدس دو دفعہ جانے سے زیادہ محبوب ہے اگر لوگ مسجد قباء کی فضیلت پر مطلع ہو جائیں تو دُور دراز سے چل کر وہاں جائیں،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا "مَاشِيًا وَّ رَاكِبًا" میں واو اَوْ کے معنی میں ہے حدیث ۱۱۲۴ کو اس لئے ذکر کیا کہ اس حدیث کے متعدد اسناد ہیں،، امام طحاوی رحمہ اللہ نے کہا کہ ابن نمیر کی زیادتی مدرج ہے اور یہ راوی نے اپنی طرف سے ذکر کی ہے کیونکہ انھیں اس بات کا علم تھا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ یہ تھی کہ آپ مسجد میں نماز پڑھ کر بیٹھا کرتے تھے،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اور منبر کے درمیانی جگہ کی فضیلت

ترجمہ : عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغات سے ایک باغ ہے۔ ـــــ ۱۱۲۵

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر حوض پر ہے۔ ـــــ ۱۱۲۶

شرح : حدیث شریف میں بیت سے مراد قبر یا آپ کا مسکن شریف ہے اور اس میں تخالف نہیں کیونکہ ۱۱۲۵ ، ۱۱۲۶ ـــــ

آپ کی قبر شریف حجرہ مطہرہ میں ہے جو آپ کا مسکن اور گھر ہے،، قبر شریف اور منبر کی درمیانی جگہ بعینہٖ جنت میں منتقل کی جائے گی۔ اس اعتبار سے لفظ "روضہ" کا اطلاق حقیقی ہے یا اس جگہ عبادت کرنا جنت میں پہنچنے کا سبب ہے اس تقدیر پر اس کا اطلاق مجازی ہے جیسے ارشاد فرمایا "جنت تلواروں کے سایہ تلے ہے یعنی

marfat.com

بَابُ مَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

۱۱۲۷ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ سَمِعْتُ قَزَعَةَ مَوْلَى زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ بِاَرْبَعٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْجَبْنَنِيْ وَاٰنَقْنَنِيْ قَالَ لَا تُسَافِرُ الْمَرْاَةُ يَوْمَيْنِ اِلَّا وَمَعَهَا زَوْجُهَا اَوْ ذُوْ مَحْرَمٍ وَلَا صَوْمَ فِيْ يَوْمَيْنِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى وَلَا صَلٰوةَ بَعْدَ صَلَاتَيْنِ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَبَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَلَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَسْجِدِ الْاَقْصٰى وَمَسْجِدِيْ

جہاد کا مآل جنت ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد نبوی کے بعض حصے بعض سے افضل ہیں اور منبری علی الحوض کا معنیٰ یہ ہے کہ آپ کا منبر شریف بعینہٖ جنت میں حوض کوثر پر رکھا جائے گا واللہ علی مایشاء قدیر،، واللہ اعلم!

باب — بیت المقدس کی مسجد ،،

ترجمہ : عبدالملک سے روایت ہے کہا میں نے زیاد کا آزاد کردہ غلام قزعہ سے سُنا اُنھوں نے کہا میں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے سُنا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے چار حدیثیں بیان کرتے تھے اور اُنھوں نے مجھے بہت خوش کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی عورت دو دن سفر نہ کرے مگر اس کا شوہر یا اس کا محرم اس کے ہمراہ ہو دو دن روزہ نہیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے روز ،، دو نمازوں کے بعد کوئی نماز نہیں صبح کے بعد حتیٰ کہ سورج نکل آئے عصر کے بعد حتیٰ کہ سورج غروب ہو جائے اور سفر کا قصد نہ کیا جائے مگر صرف تین مساجد کی طرف مسجد حرام ، مسجد اقصیٰ اور میری مسجد ،،

۱۱۲۷ — شرح : اس حدیث شریف میں چار احکام ہیں پہلا حکم یہ ہے کہ عورت دو دن تنہا سفر نہ کرے اس مسئلہ میں پانچ مذہب ہیں۔ **اوّل** حسن بصری ، زہری اور قتادہ کا مذہب ہے کہ کوئی عورت شوہر اور محرم کے بغیر دو دن سفر نہ کرنے اس سے کم جائز ہے اُنھوں نے بخاری میں مذکور حدیث سے استدلال کیا ہے **دوم** : ابراہیم نخعی ، شعبی ، طاؤس اور ظاہریہ کا مذہب ہے کہ عورت مطلقاً سفر نہ کرے اگرچہ قلیل سفر ہو جبکہ اس کے ساتھ اس کا شوہر یا محرم نہ ہو ان کی دلیل یہ ہے کہ امام طحاوی رحمہ اللہ نے اپنے اسناد سے روایت کی کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیا اور فرمایا کہ عورت محرم کے بغیر سفر نہ کرے اور جب تک اس کا محرم اس کے ساتھ نہ ہو کوئی شخص اس کے پاس نہ جائے ۔ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! فلاں غزوہ میں میرا نام لکھا گیا ہے حالانکہ میرا ارادہ اپنی بیوی کے ساتھ حج کرنا تھا ۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنی بیوی کے ساتھ حج کر لو ،، یہ حدیث اپنے عموم کے باعث مطلقاً سفر کی ممانعت کرتی ہے۔ **سوم** : مذہب عطاء ، سعید بن کیسان اور بعض ظاہریہ کا ہے کہ ایک برید (چھ میل) سے کم سفر کر سکتی ہے اور ایک برید (چھ میل) سے کم سفر کر سکتی ہے اور ایک برید یا اس سے زائد سفر شوہر یا محرم کے بغیر نہیں کر سکتی ،، ان کی دلیل یہ ہے کہ طحاوی نے

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَابُ الْاِسْتِعَانَةِ الْيَدِ

فِي الصَّلٰوةِ اِذَا كَانَ مِنْ اَمْرِ الصَّلٰوةِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَسْتَعِيْنُ الرَّجُلُ فِيْ صَلٰوتِهٖ مِنْ جَسَدِهٖ بِمَا شَاءَ وَوَضَعَ اَبُوْ اِسْحَاقَ قَلَنْسُوَتَهٗ فِي الصَّلٰوةِ وَرَفَعَهَا وَوَضَعَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَفَّهُ عَلٰى نِصْفِ اِلَيْتِهٖ اِلَّا اَنْ يُحَكَّ جِلْدًا اَوْ يُصْلِحَ ثَوْبًا حَدَّثَنَا ۷۲۸
عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَهِيَ خَالَتُهٗ قَالَ فَاضْطَجَعْتُ عَلٰى عَرْضِ الْوِسَادَةِ وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اپنے اسناد سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی عورت اپنے شوہر یا محرم کے بغیر ایک برید سفر نہ کرے۔

چہارم : مذہب اوزاعی، لیث، امام مالک اور امام شافعی کا ہے کہ عورت شوہر و محرم کے بغیر ایک دن سے کم سفر کر سکتی ہے اس سے زائد سفر شوہر یا محرم کے بغیر نہیں کر سکتی،، امام مالک اور شافعی رضی اللہ عنہما یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ شوہر یا محرم کے بغیر فرض حج کر سکتی ہے اگرچہ سفر بعید ہو وہ مذکورہ ممنوع سفر کو غیر واجب سفروں پر محمول کرتے ہیں ان کی دلیل مسلم کی حدیث ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان لانے والی عورت محرم کے بغیر ایک دن سفر نہ کرے،،

پنجم : مذہب ثوری، اعمش امام اعظم ابوحنیفہ، ابو یوسف اور محمد کا ہے کہ عورت اپنے شوہر یا محرم کے بغیر تین دن یا اس سے زیادہ دن سفر نہ کرے اس سے کم سفر محرم کے بغیر کر سکتی ہے۔

ان کی دلیل ابوداؤد کی حدیث ہے جو اس نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ذکر کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی عورت محرم کے بغیر تین دن سفر نہ کرے،، اس حدیث میں تین دن کی قید سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے کم سفر جائز اور مباح ہے ورنہ تقیید بالثلاث کا فائدہ نہ ہوگا لہذا یہ حدیث دوسری روایات کی ناسخ ہے جو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف مقامات میں ارشاد فرمائی ہیں۔ دوسرا حکم دونوں عیدوں کے روز روزہ کی ممانعت ہے کیونکہ عید الفطر مسلمانوں کی عید کا دن ہے اور عید الاضحیٰ میں لوگ اللہ تعالیٰ کے مہمان ہوتے ہیں لہذا ان دنوں میں روزہ رکھنا حرام ہے۔ تیسرا حکم فجر اور عصر کی نمازوں کے بعد نماز پڑھنا ممنوع ہے۔ چوتھا حکم شد رحال ہے۔ حدیث ع ۱۱۲۰ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ نماز میں ہاتھ سے استعانت کرنا جبکہ وہ کام نماز سے ہو ،،

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا آدمی نماز میں اپنے جسم سے جو چاہے استعانت کرے،، ابو اسحاق نے اپنی

۱۱۲۸ ـــــ

marfat.com

علیہ وسلم واھلہ فی طولھا فنام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی انتصف اللیل او قبلہ بقلیل او بعدہ بقلیل ثم استیقظ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجلس فمسح النوم عن وجھہ بیدیہ ثم قرأ العشر الآیات الخواتم سورۃ آل عمران ثم قام الی شن معلقۃ فتوضأ منھا فاحسن وضوءہ ثم قام یصلی قال عبداللہ بن عباس فقمت فصنعت مثل ما صنع ثم ذھبت فقمت الی جنبہ فوضع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدہ الیمنی علی راسی فاخذ بأذنی الیمنی یفتلھا بیدہ فصلی رکعتین ثم رکعتین ثم رکعتین ثم رکعتین ثم رکعتین ثم رکعتین ثم اوتر ثم اضطجع حتی جاءہ المؤذن فقام فصلی رکعتین خفیفتین ثم خرج فصلی الصبح

باب ما ینھی من الکلام فی الصلوۃ

۱۱۲۹ حدثنا ابن نمیر قال حدثنا ابن فضیل قال حدثنا الاعمش

تو پی نماز میں زمین پہ رکھی اور اٹھائی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی ہتھیلی بائیں پہنچے پر رکھی مگر یہ کہ بدن کھجلائیں یا کپڑا درست کریں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام کریب سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عباس نے ان کو خبر دی کہ وہ ایک رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی میمونہ جو ان کی خالہ ہیں کے گھر سوئے انہوں نے کہا میں بستر کے عرض کی طرف لیٹ گیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی بیوی میمونہ رضی اللہ عنہا اس کے طول میں آرام فرما ہوئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے حتی کہ آدھی رات ہوئی یا اس سے تھوڑا سا پہلے یا تھوڑا سا بعد آپ بیدار ہوئے اور بیٹھ گئے اور چہرہ انور کو اپنے دونوں ہاتھوں سے ملتے رہے پھر آلِ عمران سورت سے آخری دس آیات کی تلاوت فرمائی پھر آپ لٹکے ہوئے مشکیزہ کے پاس اٹھ کر گئے اور اس سے اچھی طرح وضو کیا پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے۔ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں بھی اٹھا اور جس طرح آپ نے کیا تھا اسی طرح کیا پھر میں آپ کے پہلو کی طرف کھڑا ہو گیا آپ نے اپنا دایاں ہاتھ میرے سر پہ رکھا اور میرے کان کو پکڑ کر مروڑا آپ نے دو رکعتیں پڑھیں پھر دو پھر دو پھر دو اور پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر آپ نے وتر پڑھے اور لیٹ گئے حتی کہ مؤذن آپ کے پاس آیا آپ اٹھے اور ہلکی دو رکعت سنتیں پڑھیں پھر نماز کے لئے تشریف لے گئے اور صبح کی نماز پڑھی۔

مشرح : حدیث ۱۳۸ اور حدیث ۱۸۲ کے تحت اس کی تشریح و توضیح مذکور ہے،، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن عباس کو بائیں جانب سے دائیں طرف کیا اس میں نماز کی مصلحت ہے چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو اپنے ہاتھ شریف سے اپنی دائیں طرف کیا تھا اور ان کو دائیں طرف کرنا اعمالِ صلوٰۃ سے ہے اس لئے حدیث باب کے عنوان کے مطابق ہے،،

۱۱۲۸ — باب نماز میں کلام کرنے کی ممانعت

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہتے حالانکہ آپ نماز میں ہوتے تھے اور آپ ہم کو جواب دیتے جب ہم نجاشی کے پاس سے آئے ہم نے آپ کو سلام کہا تو آپ نے ہم کو جواب نہ دیا اور فرمایا نماز میں مشغولیت ہوتی ہے،،

marfat.com

عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ سَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا وَقَالَ اِنَّ فِي الصَّلٰوةِ شُغْلًا ۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السُّلُوْلِيُّ ۱۱۳۰ قَالَ حَدَّثَنَا مُرَيْمُ بْنُ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ

۱۱۳۰ —— علقمہ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس جیسی روائت کی ہے ،،

۱۱۲۹ ، ۱۱۳۰ —— مشرکین مکہ کی اذیت مسلمانوں پر جب سخت ہوگئی تو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم حبشہ چلے جاؤ وہ اچھی مملکت ہے اس کا فرمانروا کسی پر ظلم وستم نہیں کرتا تو فتنہ کے خوف سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مکہ مکرمہ سے ہجرت کرکے حبشہ چلے گئے یہ اسلام میں سب سے پہلی ہجرت ہے جو اظہارِ نبوت کے پانچ سال بعد ماہِ رجب میں ہوئی ان مہاجرین میں گیارہ مرد اور چار خواتین تھیں وہ پیدل اور سوار سمندر تک پہنچے اور کرایہ کی کشتی پر سوار ہوکر حبشہ پہنچے ،، ان میں حضرت عثمان بن عفان اور ان کی بیوی سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، ابوحذیفہ بن عتبہ اور ان کی بیوی سہلہ بنت سہیل، زبیر بن عوام ، مصعب بن عمیر، عبدالرحمٰن بن عوف ، ابوسلمہ بن عبدالاسد اور ان کی بیوی ام سلمہ بنت ابی امیہ ، عثمان بن مظعون عامر بن ربیعہ العنزی اور ان کی بیوی لیلیٰ بنت ابی حثمہ ، ابوسبرہ بن ابی رُہم ، حاطب بن عمرو ، سہیل بن بیضا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم شامل ہیں ،، بعض حضرات نے بیاسی صحابہ مہاجرین ذکر کئے ہیں ان میں ان کی بیویاں اور بچے داخل نہیں اور اگر ان کو ساتھ شمار کریں تو تین سو اسی افراد بن جاتے ہیں جو ہجرت کرکے حبشہ تشریف لے گئے تھے ان کو خبر ملی کہ مشرکین مکہ نے اسلام قبول کر لیا ہے تو واپس مکہ لوٹ آئے مگر وہاں کے حالات جوں کے توں تھے اور مسلمان کفار کی اذیتوں کا شکار ہونے لگے تو دوبارہ حبشہ چلے گئے اس مرتبہ ان کی تعداد پہلے سے دوگنا تھی پھر جب ان کو خبر ملی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ شرفہا اللہ تعالیٰ ہجرت فرما گئے ہیں تو ان میں سے ۳۲ صحابہ مکہ مکرمہ لوٹ گئے اور ان میں سے دو تو مکہ میں ہی فوت ہوگئے اور سات وہاں ہی ٹھہرے رہے اور چوبیس (۲۴) اشخاص مدینہ منورہ چلے گئے اور جنگِ بدر میں شریک ہوئے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ انہی سے تھے اور مدینہ منورہ میں وہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام عرض کیا تھا جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے بعض علماء نے یہاں کچھ اور تفصیل بھی ذکر کی ہے واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم الحاصل پہلے نماز میں کلام کرنا مباح تھا پھر حرام ہوگیا بعض علماء کہتے ہیں کہ مکہ مکرمہ نماز میں کلام کی تحریم نازل ہوئی تھی ۔ حضرت زید بن ارقم کی حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ مدینہ منورہ میں تحریم ہوئی کیونکہ زید بن ارقم انصاری ہیں اور وہ مدینہ منورہ میں مسلمان ہوئے تھے اور سورہ بقرہ جس میں تحریم کا ذکر ہے مدنی ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

احناف کے نزدیک نماز میں کلام مفسدِ صلوٰۃ ہے اگرچہ سہواً کلام کرے ،،

---

marfat.com

۱۱۳۱ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ اَخْبَرَنَا عِيْسٰى هُوَ ابْنُ يُوْنُسَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ شُبَيْلٍ عَنْ اَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ قَالَ قَالَ لِيْ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ اِنْ كُنَّا لَنَتَكَلَّمُ فِي الصَّلٰوةِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَلِّمُ اَحَدُنَا صَاحِبَهٗ بِحَاجَتِهٖ حَتّٰى نَزَلَتْ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ اِلٰى قَانِتِيْنَ فَاُمِرْنَا بِالسُّكُوْتِ **بَابُ مَا يُجُوْزُ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالْحَمْدِ فِي الصَّلٰوةِ لِلرِّجَالِ** ۱۱۳۲ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْلِحُ بَيْنَ

ترجمہ : ابو عمرو شیبانی رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ

۱۱۳۱ ——

نے کہا ہم عہد نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں نماز پڑھنے کی حالت میں کلام کرلیا کرتے تھے ہم میں سے کوئی ایک اپنے ساتھی سے اپنی ضرورت کی بات کر لیتا تھا حتی کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی "نمازوں کی حفاظت کرو خصوصاً عصر کی نماز کی اور اللہ کے سامنے خاموشی سے کھڑے رہو اور ہم کو خاموش رہنے کا حکم دیا گیا"

تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز میں ہر قسم کی عمداً گفتگو کرنی ممنوع ہے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا لوگ نماز میں کلام کر لیا کرتے تھے پھر ان کو اس سے روک دیا گیا۔ ذوالیدین کی حدیث حضرت عبد اللہ بن مسعود اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہما کی حدیث سے منسوخ ہے کیونکہ ذوالیدین جنگِ بدر میں شہید ہو گئے تھے اور ان کا نماز میں کلام کرنا بدر سے پہلے تھا اور نماز میں کلام کی تحریم مدینہ منورہ میں نازل ہوئی کیونکہ سورہ بقرہ مدنی ہے جس میں تحریم مذکور ہے۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ ہجرت کے تھوڑا بعد نماز میں کلام کرنا منسوخ ہو گیا۔ صلوٰۃِ وسطی عصر کی نماز ہے مسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کے روز فرمایا "شَغَلُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى صَلٰوةِ الْعَصْرِ" ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے آزاد کردہ غلام سے کہا کہ قرآن کریم لکھو اور جب اس آیت تک پہنچو تو مجھے بتانا ہوگا حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى۔ جب وہ اس آیت تک پہنچے تو ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا اس طرح لکھو حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى صَلٰوةِ الْعَصْرِ" صحیح تر یہی ہے کہ صلوۃ وسطی عصر کی نماز ہے گو اس میں علماء کے اور اقوال بھی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — مردوں کے لئے نماز میں الحمد اور سبحان کہنا جائز ہے"

ترجمہ : حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ

۱۱۳۲ ——

وسلم بنی عمرو بن عوف میں صلح کرانے تشریف لے گئے اور نماز کا وقت آگیا تو حضرت بلال ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رک گئے ہیں پس آپ لوگوں کی امامت کریں انہوں نے کہا ہاں اگر تم چاہتے ہو (تو میں امامت کرتا ہوں) حضرت بلال نے نماز کے لئے اقامت

marfat.com

بَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَحَانَتِ الصَّلٰوۃُ فَجَاءَ بِلَالٌ اَبَا بَکْرٍ فَقَالَ حَبَسَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَؤُمُّ النَّاسَ قَالَ نَعَمْ اِنْ شِئْتَ فَاَقَامَ بِلَالٌ الصَّلٰوۃَ فَتَقَدَّمَ اَبُوْبَکْرٍ فَصَلّٰی فَجَاءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَمْشِیْ فِی الصُّفُوْفِ یَشُقُّھَا شَقًّا حَتّٰی قَامَ فِی الصَّفِّ الْاَوَّلِ وَاَخَذَ النَّاسُ بِالتَّصْفِیْحِ فَقَالَ سَھْلٌ ھَلْ تَدْرُوْنَ مَا التَّصْفِیْحُ ھُوَ التَّصْفِیْقُ وَکَانَ اَبُوْبَکْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لَا یَلْتَفِتُ فِی الصَّلٰوۃِ فَلَمَّا اَکْثَرُوا الْتَفَتَ فَاِذَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الصَّفِّ فَاَشَارَ اِلَیْہِ مَکَانَکَ فَرَفَعَ اَبُوْبَکْرٍ یَدَیْہِ فَحَمِدَ اللّٰہَ ثُمَّ رَجَعَ الْقَھْقَرٰی وَرَاءَہٗ فَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰی

بَابُ مَنْ سَمّٰی قَوْمًا اَوْ سَلَّمَ فِی الصَّلٰوۃِ عَلٰی غَیْرِ حَدٍّ مُوَاجَھَۃٍ وَھُوَ لَا یَعْلَمُ

۱۱۳۳ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عِیْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّیُّ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ حَدَّثَنَا

کہی۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے اور نماز پڑھانا شروع کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اس حال میں آپ صفوں میں چلے کہ ان کو چیر رہے تھے،، حتیٰ کہ پہلی صف میں کھڑے ہو گئے اور لوگوں نے تصفیح کرنی شروع کی حضرت سہل نے کہا کیا تم جانتے ہو کہ تصفیح کیا ہے؟ وہ تالی بجانا ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوا کرتے تھے جب لوگوں نے زیادہ تصفیق کرنا شروع کی تو وہ متوجہ ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صف میں تشریف فرما ہیں آپ نے ابوبکر کو اشارہ فرمایا کہ اپنی جگہ پر رہو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور اللہ تعالیٰ کی حمد کی پھر پچھلے قدم لوٹ گئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور نماز پڑھائی،،

شرح : قولہ فَاَشَارَ ،، یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اشارہ سے فرمایا کہ تم امام رہو اور اپنی حالت پر برقرار ——— ۱۱۳۲

اور انہوں نے دونوں ہاتھ اس لئے اٹھائے کہ وہ دعا کر رہے تھے اور دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا مسنون ہے انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر کرتے ہوئے حمد کی کیونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو منصبِ امامت سونپتے ہوئے اُن کو عالی مقام پر برقرار رہنے کے لئے فرمایا تھا یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے۔ اگرچہ باب کے عنوان میں تسبیح مذکور ہے اور حدیث شریف میں اس کا ذکر نہیں مگر دوسرے مواضع میں پوری حدیث مذکور ہے وہاں سے تسبیح کی وضاحت ہوتی ہے،، یا حمد پر قیاس کرنے سے تسبیح معلوم ہو جاتی ہے،، اس حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ امام کی انتظار کرنے سے کسی کو خلیفہ بنانا بہتر ہے اور یہ جائز نہیں کہ لوگوں کی رضاء کے بغیر ان کی امامت کرائے کیونکہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ساری مخلوق سے افضل ہونے کے باوجود یہ فرمایا کہ اگر تم چاہتے ہو تو میں تمہاری امامت کرتا ہوں،، اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مؤذن تکبیر کہنے کا زیادہ مستحق ہے۔

باب ——— جس نے کسی قوم کا نام لیا یا نماز میں مشافہۃً کسی غیر کو سلام کیا حالانکہ وہ نہیں جانتا ،،

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نماز میں التحیات پڑھتے تھے اور نام ذکر کرتے تھے اور ہم میں سے ——— ۱۱۳۳

marfat.com

حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا نَقُوْلُ التَّحِيَّةَ فِي الصَّلٰوةِ وَنُسَمِّي وَيُسَلِّمُ بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَسَمِعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُوْلُوا التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ فَاِنَّكُمْ اِذَا فَعَلْتُمْ ذٰلِكَ فَقَدْ سَلَّمْتُمْ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ لِلّٰهِ صَالِحٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ **بَابُ التَّصْفِيْقِ لِلنِّسَآءِ**

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التَّصْفِيْقُ لِلنِّسَآءِ وَالتَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ۔ ۱۱۲۴

بعض بعض کو سلام کرتے تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سُنا تو فرمایا یوں کہا کرو ،، التحیات للہ الخ کیونکہ جب تم نے ایسا کیا تو زمین و آسمان میں اللہ کے ہر نیک بندے کو تم نے سلام کیا۔

۱۱۲۳ — **شرح** : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا " مَنْ سَمّٰى قَوْمًا ،، سے مراد یہ ہے کہ لوگ شروع اسلام میں ایک دوسرے کو نماز میں سلام کیا کرتے تھے جبکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تشہّد کا حکم ابھی تک نہ فرمایا تھا ،، تو آپ نے ان کو نماز کا اعادہ کرنے کا حکم نہ فرمایا معلوم ہُوا کہ جو شخص ناواقفی کی وجہ سے ایسا کرے اس کی نماز باطل نہیں ہوتی ،، یہ مالکیہ کا مذہب ہے کیونکہ وہ نماز کے اسباب میں قصداً کلام کرنے کو جائز قرار دیتے ہیں ،،

احناف کہتے ہیں کہ التحیات ،، کی مشروعیت سے سلام کا جواز ختم ہوگیا ہے اور نماز میں نام لے کر سلام کہنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے ،، اور مالکیہ کا مذکور قول صحیح نہیں کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے نزدیک مذکور فعل ثابت اور مشروع تھا پھر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس سے منع فرما دیا اور التحیات پڑھنے کا حکم فرمایا تو اُس نے مذکور فعل منسوخ کر دیا لہٰذا مالکیہ کا یہ کہنا کہ جو ناواقفی کی وجہ سے ایسا کرنے سے اس کی نماز باطل نہیں ہوتی ۔ حدیث کے مفہوم کے خلاف ہے اور باب کے عنوان میں جواز و بطلان کی تصریح نہیں اور اس بارے میں امر کے مشتبہ ہونے کی وجہ سے اس کو ترک کر دیا ہے ،، قولہٗ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ ،، یعنی جس کو سلام کیا جائے وہ سلام نہیں سنتا ،، "السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ ،، سے معلوم ہوتا ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں مخاطب کر کے صلوٰۃ و سلام کہنا جائز ہے اور اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی معلوم ہُوا کہ نماز سے باہر بھی آپ کو مخاطب کر کے الصلوٰۃ والسلام علیک کہنا جائز ہے ،،

باب — تصفیق عورتوں کے لئے ہے

۱۱۲۴ — **ترجمہ** : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا مردوں کے لئے تسبیح اور عورتوں کے لئے تصفیق (تالی بجانا) ہے ،،

marfat.com

حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ ۱۱۳۵
عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ بَابُ مَنْ رَجَعَ الْقَهْقَرِيَّ فِي صَلَاتِهِ أَوْ تَقَدَّمَ بِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ رَوَاهُ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ ۱۱۳۶
قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ الْمُسْلِمِينَ بَيْنَا هُمْ فِي الصُّبْحِ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَأَبُو بَكْرٍ يُصَلِّي بِهِمْ فَفَاجَأَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَشَفَ سِتْرَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ فَنَظَرَ إِلَيْهِمْ وَهُمْ صُفُوفٌ فَتَبَسَّمَ يَضْحَكُ فَنَكَصَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى عَقِبَيْهِ وَظَنَّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ أَنْ يَخْرُجَ إِلَى الصَّلَاةِ وَهَمَّ الْمُسْلِمُونَ أَنْ يَفْتَتِنُوا فِي صَلَاتِهِمْ فَرَحًا بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ رَأَوْهُ فَأَشَارَ بِيَدِهِ أَنْ أَتِمُّوا وَدَخَلَ الْحُجْرَةَ وَأَرْخَى السِّتْرَ وَتُوُفِّيَ ذَلِكَ الْيَوْمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ : حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردوں کے لئے تسبیح اور عورتوں کے لئے تصفیق (تالی بجانا) ہے"

۱۱۳۵ ——

شرح : فقہاء کے نزدیک تصفیق یہ ہے کہ عورت اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر مارے اور "تسبیح" کا معنی "سبحان اللہ" کہنا ہے" یعنی اگر نماز باجماعت میں کوئی حادثہ پیش آجائے یا امام بھول جائے تو اگر مردوں نے اصلاحِ حال کرنا ہو اور امام کو یاد دلانا ہو تو وہ سبحان اللہ کہیں اور عورتیں دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر ماریں اور زبان سے سبحان اللہ نہ کہیں کیونکہ عورت کی آواز فتنہ سے خالی نہیں اسی لئے اس کو اذان و اقامت اور نماز میں قرأت کا جہر کرنے سے روکا گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

۱۱۳۴ ، ۱۱۳۵ ——

باب —— جو کوئی اپنی نماز میں اُلٹے پاؤں سے پھرا یا کسی حادثہ پیش آنے کی وجہ سے آگے بڑھا"

حضرت سہل بن سعد نے اس کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی"

ترجمہ : زہری نے کہا مجھے انس بن مالک نے خبر دی کہ ایک وقت پیر کے روز لوگ فجر کی نماز میں مشغول تھے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ

۱۱۳۶ ——

marfat.com

بَابٌ إِذَا دَعَتِ الْأُمُّ وَلَدَهَا فِي الصَّلَاةِ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي

جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادَتِ امْرَأَةٌ ابْنَهَا وَهُوَ فِي صَوْمَعَتِهِ قَالَتْ يَا جُرَيْجُ قَالَ اللّٰهُمَّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ قَالَ اللّٰهُمَّ أُمِّي وَصَلَاتِي قَالَتْ يَا جُرَيْجُ قَالَ اللّٰهُمَّ أُمِّي وَصَلَاتِي قَالَتْ اللّٰهُمَّ لَا يَمُوتُ جُرَيْجٌ حَتَّى يَنْظُرَ فِي وُجُوهِ الْمُومِسَاتِ وَكَانَتْ تَأْوِي إِلَى صَوْمَعَتِهِ رَاعِيَةٌ تَرْعَى الْغَنَمَ فَوَلَدَتْ فَقِيلَ لَهَا مِمَّنْ هٰذَا الْوَلَدُ قَالَتْ مِنْ جُرَيْجٍ نَزَلَ مِنْ صَوْمَعَتِهِ قَالَ جُرَيْجٌ أَيْنَ هٰذِهِ الَّتِي تَزْعُمُ أَنَّ وَلَدَهَا لِي قَالَ يَا بُؤْسَ مَنْ أَبُوكَ قَالَ رَاعِي الْغَنَمِ

عنہ ان کو نماز پڑھا رہے تھے اچانک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ شریفہ کا پردہ اٹھایا اور ان کی طرف دیکھا جبکہ وہ صفیں باندھے ہوئے تھے آپ مسکراتے ہوئے ہنسے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی ایڑیوں پر پیچھے کو مڑے اور یہ گمان کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے تشریف لانے کا ارادہ فرما رہے ہیں اور مسلمانوں نے جب آپ کو دیکھا تو خوشی کی وجہ سے نماز میں فتنہ میں پڑنے کا قصد کیا (نماز توڑنے کا قصد کیا) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ اقدس سے اشارہ فرمایا کہ نماز پوری کرو پھر حجرہ میں تشریف لے گئے اور پردہ لٹکا دیا اور اسی روز وصال فرما گئے (انا للہ وانا الیہ راجعون)

شرح : ۱۱۳۶ — اس حدیث سے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بہت بڑی فضیلت ظاہر ہوتی ہے جبکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیاتِ طیبہ کے آخری ایام میں ان کو لوگوں کی امامت کے لئے مقرر فرمایا نیز اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز میں سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہمہ تن صرف کرنا نماز کے منافی نہیں بلکہ باعثِ برکت ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ کی تشریف آوری کی خوشی میں نماز توڑنے کا قصد کر لیا تھا لیکن آپ کے اشارے سے وہ نماز میں رہے واللہ اعلم!

— جب ماں اپنے بچّے کو نماز میں بُلائے

حضرت لیث نے کہا مجھے جعفر نے عبدالرحمٰن بن ہُرمز سے خبر دی اُنھوں نے کہا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک عورت نے اپنے بیٹے کو آواز دی جبکہ وہ اپنے عبادت خانہ میں تھا کہا اے جُریج اُس نے کہا یا اللہ میری ماں اور میری نماز، اس کی ماں نے کہا اے جُریج کہا اے اللہ میری ماں اور میری نماز پھر اس کی ماں نے اے جُریج کہا اے اللہ میری ماں اور میری نماز اس کی ماں نے کہا اے اللہ جُریج کو موت نہ آئے ۔ جب تک بدمعاش عورت کا چہرہ نہ دیکھ لے ایک چرواہن اس کے عبادت خانہ کے پاس آتی تھی جو بکریاں چرایا کرتی تھی، اُس نے بچہ جنا تو اس سے کہا گیا یہ بچہ کس شخص کا ہے اس نے کہا یہ بچہ جریج سے ہے ،، وہ اپنے عبادت خانہ سے اُتر کر آیا تھا جُریج نے کہا وہ عورت جو یہ گمان کرتی ہے کہ اس کا بچہ مجھ سے ہے کہاں ہے ؟ (بچہ لایا گیا) ۔ جُریج نے کہا اے شیر خوار بچے تیرا باپ کون ہے اس نے کہا (میرا باپ) بکریوں کا چرواہا ہے ۔

marfat.com

۱۱۳۷ باب مَسْحِ الْحَصَى فِي الصَّلٰوةِ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ

قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُعَيْقِيبٌ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الرَّجُلِ يُسَوِّي التُّرَابَ حَيْثُ يَسْجُدُ قَالَ إِنْ كُنْتَ فَاعِلًا فَوَاحِدَةً **بَابُ** بَسْطِ الثَّوْبِ فِي الصَّلٰوةِ لِلسُّجُودِ

باب ——— اس حدیث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ان کی شریعت کے مطابق نماز میں کلام کرنا ممنوع نہ تھا اس لئے جب جریج نے اپنی ماں کی آواز پر لبیک نہ کہا تو اس کی والدہ کی دعاء مؤثر ثابت ہوئی اور وہ شدید حال سے دوچار ہوئے ابتداءِ اسلام میں ہماری شریعت میں بھی نماز میں کلام مباح تھا اور پھر منسوخ ہوگیا لہذا اب کسی نمازی کے لئے جائز نہیں کہ جب اس کی ماں یا کوئی اور بلائے تو نماز قطع کرے کیونکہ حدیث شریف میں ہے "لاطاعة لمخلوق فی معصیة الله" کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں مخلوق کی طاعت نہ کرے اور عمل کا باطل کرنا حرام اور ممنوع ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" لَا تُبْطِلُوْا اَعْمَالَكُمْ" اس لئے ماں کے بلانے پر نماز نہ توڑے البتہ مستحب امر یہ ہے کہ نماز میں تخفیف کرکے والدین کی اجابت کرے صاحبِ توضیح نے کہا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ خصوصیت ہے کہ اگر آپ کسی کو بلائیں جبکہ وہ نماز میں ہو تو اس پر آپ کی اجابت واجب ہے اور اس کی نماز باطل نہیں۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جریج نے اپنی ماں کی اجابت پر نفل نماز کو پسند کیا حالانکہ اس کے لئے یہ ممکن تھا کہ نماز میں تخفیف کرکے ماں کی اجابت کرتا کیونکہ نفل نماز پر استمرار ایک زائد امر ہے اور ماں باپ کی اجابت اور ان سے نیکی کرنا واجب ہے اس لئے درست یہی تھا کہ نماز میں تخفیف کرکے اجابت کرتا، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ والدین سے نیکی کرنا واجب ہے اور انکی دعاء قبول ہوتی ہے جب کئی امور متعارض ہوجائیں تو سب سے اہم اور ضروری امر کو اختیار کرے، نیز اولیاء اللہ کی کرامت ثابت ہیں ابنِ بطال نے کہا ممکن ہے کہ جریج نبی ہوں اور یہ ان کا معجزہ ہو" بابوس" شیر خوار بچہ ہے"

باب ——— نماز میں کنکریوں کا ہٹانا

۱۱۳۷ ——— ترجمہ : ابو سلمہ نے کہا مجھے معیقیب نے خبر دی کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو سجدہ کرنے کی جگہ مٹی برابر کرے آپ نے فرمایا اگر تو نے ضرور کرنا ہے تو ایک بار کرلے۔

باب ——— نماز میں سجدہ کے لئے کپڑا بچھانا

marfat.com

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا غَالِبٌ الْقَطَّانُ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ ۱۱۳۸
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شِدَّةِ الْحَرِّ فَاِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ اَحَدُنَا اَنْ يُمَكِّنَ وَجْهَهُ مِنَ الْاَرْضِ بَسَطَ ثَوْبَهُ فَسَجَدَ عَلَيْهِ

بَابُ مَا يَجُوْزُ مِنَ الْعَمَلِ فِي الصَّلٰوةِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي النَّضْرِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ ۱۱۳۹
قَالَتْ كُنْتُ اَمُدُّ رِجْلَيَّ فِيْ قِبْلَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَاِذَا سَجَدَ غَمَزَنِيْ فَرَفَعْتُهُمَا فَاِذَا قَامَ مَدَدْتُهُمَا

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ ۱۱۴۰

۱۱۳۸ —— ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا ہم سخت گرمی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے جب ہم میں سے کوئی اپنا چہرہ زمین پر رکھنے کی طاقت نہ رکھ سکتا ہوتا تو زمین پر کپڑا بچھا لیتا اور اس پر سجدہ کرتا ،،

۱۱۳۷ ، ۱۱۳۸ —— شرح : ان حدیثوں سے واضح ہوتا ہے کہ سردی یا گرمی کی وجہ سے نماز میں ایک بار کنکریوں کو ہٹانا اور کپڑا بچھا کر اس پر سجدہ کرنا جائز ہے ،، قاضی عیاض رحمہ اللہ نے کہا سلف صالحین مسجد میں سے پیشانی پر جو مٹی وغیرہ لگی ہو نماز سے فارغ ہونے سے قبل اس کو پونچھنا مکروہ جانتے تھے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا چار اشیاء سے دل میں سخت ہو جاتا ہے سترہ کے بغیر نماز پڑھنا، نماز سے فارغ ہونے سے پہلے پیشانی پونچھنا، کھڑے ہو کر پیشاب کرنا اور مؤذن کی اذان سن کر اس کی اجابت نہ کرنا ،، حدیث ۳۸۰ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے ،،

"معیقیب" دوسی مدنی قدیم الاسلام ہیں اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی کے محافظ تھے ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے ان کو بیت المال کا حاکم بنایا تھا ،، انھوں نے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے سات احادیث روایت کی ہیں ان میں سے بخاری میں صرف یہ ایک حدیث ہے چالیس ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

باب — نماز میں جو عمل جائز ہے ،،

۱۱۳۹ —— ترجمہ : ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قبلہ میں اپنے پاؤں پھیلا دیتی تھی جبکہ آپ (رات کو) نماز پڑھتے تھے اور جب آپ سجدہ کا ارادہ فرماتے تو میرا پاؤں دبا دیتے میں اس کو اٹھا لیتی ،، اور جب آپ کھڑے ہو جاتے تو میں پھر پاؤں پھیلا دیتی تھی ،،

۱۱۴۰ —— ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے ایک نماز پڑھی تو فرمایا شیطان میرے سامنے آیا اور اس نے میرے اوپر حملہ کیا تاکہ میری نماز قطع کر دے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قادر کیا تو میں نے اس کو دفع کر دیا میں نے یہ قصد کیا کہ اس کو ایک ستون سے مضبوط باندھ دوں تاکہ صبح کو تم اسے دیکھو پھر میں نے سلیمان علیہ السلام

marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ صَلّٰى صَلٰوةً فَقَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ عَرَضَ لِيْ فَشَدَّ عَلَيَّ لِيَقْطَعَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ فَاَمْكَنَنِيَ اللّٰهُ مِنْهُ فَذَعَتُّهٗ وَلَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اُوْثِقَهٗ اِلٰى سَارِيَةٍ حَتّٰى تُصْبِحُوْا فَتَنْظُرُوْا اِلَيْهِ فَذَكَرْتُ قَوْلَ سُلَيْمَانَ رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِيْ فَرَدَّهُ اللّٰهُ خَاسِئًا **بَابٌ** اِذَا انْفَلَتَتِ الدَّابَّةُ فِي الصَّلٰوةِ وَقَالَ قَتَادَةُ اِنْ اَخَذَ ثَوْبَهٗ يَتْبَعُ السَّارِقَ وَيَدَعُ الصَّلٰوةَ **حَدَّثَنَا** اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَزْرَقُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ كُنَّا ۱۱۴۱

کا یہ قول یاد کیا۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِيْ۔ اے اللہ مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے بعد کسی کے لئے نہ ہو،، پھر نضر بن شمیل نے کہا" فَذَعَتُّهٗ،، ذال کے ساتھ ہے یعنی میں نے اس کا گلا گھونٹا اور فَدَعَتُّهٗ،، اللہ تعالیٰ کا قول" يَوْمَ يُدَعُّوْنَ،، سے اخذ کیا گیا ہے یعنی وہ دفع کئے جائیں گے اور صحیح فَدَعَّتُّهٗ،، ہے مگر یہ کہ عین اور تاء کی تشدید کے ساتھ،، اسی طرح کہا۔

شرح : ان حدیثوں کی باب سے مناسبت اس طرح ہے کہ ان کا مدلول یہ ہے کہ نماز میں عمل یسیر نماز کو فاسد نہیں کرتا،، اس ۱۱۳۹ ، ۱۱۴۰ ——

لئے علماء نے کہا کہ برغوث اور جوں کو نماز میں پکڑ لینا، نمازی کے آگے سے گزرنے والے کو روکنا، ہلکی سی التفات کرنا اور ہلکا سا چلنا،، سانپ اور بچھو وغیرہ کا قتل کرنا جائز ہے جبکہ ان افعال سے نمازی کا مقصد فضول امر نہ ہو،، امام مالک اور امام شافعی رضی اللہ عنہما نے فرض نماز میں عملِ یسیر سے بچہ کا اُٹھا لینے کو جائز کہا ہے احناف کے نزدیک یہ مکروہ ہے مگر عذر کی وجہ سے جائز ہے،،

قولہ" فَذَعَتُّهٗ،، میں فاء عاطفہ ہے اور ذَعَتُّهٗ،، ماضی متکلم کا صیغہ ہے اس کا معنیٰ یہ ہے کہ میں نے شیطان کا گلا گھونٹا اور اگر یہ لفظ" فَدَعَتُّهٗ،، دال کے ساتھ ہو تو اس کا معنیٰ دفع کرنا اور دُور کرنا ہے یعنی میں نے اس کو دفع کر دیا،، بہرحال جو بھی ہو یہ عمل یسیر ہے جو نماز میں جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

باب ــــ جب بحالتِ نماز جانور چھوٹ جائے،،

اور قتادہ رضی اللہ عنہ نے کہا اگر کسی کا کپڑا چوری ہو جائے تو وہ چور کا پیچھا کرے اور نماز چھوڑ دے،،

ترجمہ : ازرق بن قیس رضی اللہ عنہ نے کہا ہم اہواز میں خارجیوں سے لڑائی کر رہے تھے اس اثنا میں نہر کے کنارے پر تھا اچانک ایک ۱۱۴۱ ——

ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا اور اس کے جانور کا لگام اس کے ہاتھ میں تھا جانور نے اس سے جھگڑنا شروع کیا (بدکتا تھا) اور اس نے اس کا پیچھا کرنا شروع کر دیا شعبہ نے کہا وہ شخص ابو برزہ اسلمی تھے خارجیوں میں سے ایک شخص کہنے لگا اے اللہ اس بوڑھے کا ستیاناس کر جب وہ بوڑھا نماز سے فارغ ہوا تو کہا میں نے تمہاری بات سُنی ہے میں نے

marfat.com

بِالْاَهْوَازِ نُقَاتِلُ الْحَرُوْرِيَّةَ فَبَيْنَا اَنَا عَلٰى جُرُفٍ نَهْرٍ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ يُصَلِّيْ فَاِذَا الْجَامُ دَابَّتِهٖ بِيَدِهٖ فَجَعَلَتِ الدَّآبَّةُ تُنَازِعُهٗ وَجَعَلَ يَتْبَعُهَا قَالَ شُعْبَةُ هُوَ اَبُوْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيُّ فَجَعَلَ رَجُلٌ مِنَ الْخَوَارِجِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ افْعَلْ بِهٰذَا الشَّيْخِ فَلَمَّا انْصَرَفَ الشَّيْخُ قَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ قَوْلَكُمْ رَاَيْتُنِيْ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّ غَزَوَاتٍ اَوْ سَبْعَ غَزَوَاتٍ اَوْ ثَمَانِيَ وَشَهِدْتُ تَيْسِيْرَهٗ وَاِنِّيْ اِنْ كُنْتُ اَنْ اَرْجِعَ مَعَ دَابَّتِيْ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَدَعَهَا تَرْجِعُ اِلٰى مَاْلَفِهَا فَيَشُقُّ عَلَيَّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ۱۱۴۲ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَ سُوْرَةً طَوِيْلَةً ثُمَّ رَكَعَ فَاَطَالَ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ سُوْرَةً اُخْرٰى ثُمَّ رَكَعَ حَتّٰى قَضٰى مَا اَرَادَ ثُمَّ فَعَلَ ذٰلِكَ الثَّانِيَةَ ثُمَّ قَالَ اِنَّهُمَا اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَصَلُّوْا حَتّٰى يُفْرَجَ عَنْكُمْ لَقَدْ رَاَيْتُ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا كُلَّ شَيْءٍ وُعِدْتُهٗ حَتّٰى لَقَدْ رَاَيْتُ اَنْ اٰخُذَ قِطْفًا مِنَ الْجَنَّةِ حِيْنَ رَاَيْتُمُوْنِيْ جَعَلْتُ اَتَقَدَّمُ وَلَقَدْ رَاَيْتُ جَهَنَّمَ يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا حِيْنَ رَاَيْتُمُوْنِيْ تَاَخَّرْتُ وَرَاَيْتُ فِيْهَا عَمْرَو بْنَ لُحَيٍّ وَهُوَ الَّذِيْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چھ یا سات یا آٹھ جنگوں میں شرکت کی ہے میں نے لوگوں پر آپ کی تسہیل دیکھی ہے۔ میں اپنے جانور کے ساتھ لوٹوں تو یہ مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ اس کو چھوڑ دوں وہ اپنے کھانے پینے کے لئے چلا جائے اور میرے لئے (گھر جانا) مشکل ہو جائے،،

۱۱۴۱ —— ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس مسئلہ میں کسی فقیہہ کا اختلاف نہیں کہ جس شخص کا جانور دوڑ جائے جبکہ وہ نماز میں ہو تو وہ نماز توڑ دے اور جانور کا پیچھا کرے۔ اسی طرح جس نے اپنے جانور کی ہلاکت کا خطرہ محسوس کیا یا بچہ کو دیکھا کہ وہ کنوئیں میں گر جائے گا یا اندھے کو دیکھا کہ وہ کنوئیں میں گر جائے گا یا اندھے کو دیکھا کہ وہ کنوئیں میں گر جائے گا اور وہ ان امور کی مدافعت کرنے پر قادر ہے تو اس پر واجب ہے کہ نماز قطع کر دے اور ان کی حفاظت کرے،، اور یہ ناممکن ہے کہ حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ ایسا کریں اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ نہ دیکھا ہو،، ابن تین رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اگر کوئی قدر و قیمت والی شئ کے ضیاع کا خطرہ محسوس کرے تو اس کے لئے جائز ہے کہ تو اس کی صیانت کے لئے نماز توڑ دے اگر معمولی شئ کے ضائع ہونے کا ڈر ہو تو نماز میں مصروف رہنا بہتر ہے۔

۱۱۴۲ —— ترجمہ : حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے اُنھوں نے کہا ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا سورج کو گرہن لگا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور لمبی سورت پڑھی پھر رکوع کیا اور لمبا کیا پھر سر مبارک اُٹھایا پھر دوسری سورت پڑھنی شروع کی پھر رکوع کیا حتیٰ کہ اس کو پورا کیا اور سجدہ کیا پھر اسی طرح دوسری رکعت میں کیا پھر فرمایا یہ دونوں (سورج و چاند) اللہ تعالیٰ

marfat.com

بَابُ مَا يَجُوزُ مِنَ الْبُصَاقِ وَالنَّفْخِ فِي الصَّلٰوةِ وَيُذْكَرُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

۱۱۴۳ ابْنِ عُمَرَ وَنَفَخَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سُجُودِهِ فِي كُسُوفٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى نُخَامَةً فِي قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَتَغَيَّظَ عَلٰى أَهْلِ الْمَسْجِدِ وَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ قِبَلَ أَحَدِكُمْ فَإِذَا كَانَ فِي صَلٰوتِهِ فَلْيَبْزُقْ أَوْ قَالَ لَا يَتَنَخَّعَنَّ ثُمَّ نَزَلَ فَحَتَّهَا بِيَدِهِ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا بَزَقَ أَحَدُكُمْ

فَلْيَبْزُقْ عَنْ يَسَارِهِ

کی نشانیوں میں سے نشانیاں ہیں جب تم یہ دیکھو تو نماز پڑھو حتیٰ کہ سورج گرہن تم سے دُور ہو جائے یقیناً میں نے اس مقام میں ہر شئی کو دیکھا ہے جس کا مجھ سے وعدہ کیا گیا ہے حتیٰ کہ میں نے دیکھا کہ جنت سے ایک خوشہ لینے کا ارادہ کر رہا ہوں جبکہ تم نے مجھے دیکھا تھا کہ میں آگے بڑھ رہا ہوں میں نے دوزخ کو دیکھا اس کا بعض دوسرے بعض کو کھا رہا ہے جبکہ تم نے مجھے دیکھا تھا کہ میں پیچھے ہٹ رہا ہوں میں نے دوزخ میں عمرو بن لحی کو دیکھا اور یہی وہ شخص ہے جس نے بتوں کے نام پر جانور چھوڑنے کا طریقہ نکالا،،

شرح : اس حدیث شریف سے واضح ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مقام میں ہر شئی کو دیکھا جس کی رؤیت کا اللہ تعالیٰ نے امتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ فرمایا ہے (محدثین نے کہا) حتیٰ کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کو بھی دیکھا کیونکہ اللہ تعالیٰ بھی شئی ہے قرآن کریم ہے "قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اَکْبَرُ شَهَادَةً قُلِ اللّٰهُ" اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جیسے چودھویں رات کا چاند دیکھتے ہو جبکہ اس کے آگے بادل نہ ہو اور سرِ مبارک کی آنکھوں سے دُنیا میں اللہ تعالیٰ کو دیکھنا سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے لہٰذا اس بات کا یقین کر لینا چاہیئے کہ جس ذات ستودہ صفات سے خالق کائنات مخفی نہ رہا ان سے دنیا و آخرت کی کونسی شئی مخفی رہ سکتی ہے اسی لئے فرمایا میں نے اس مقام میں ہر شئی کو دیکھا اس حدیث کی عنوان سے مناسبت اس طرح ہے کہ اس میں مطلقاً جانوروں کو فضول چھوڑنے کی مذمت ہے نماز میں ہو یا نماز سے باہر، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جس کا جانور دوڑ جائے اور وہ نماز میں ہو تو نماز توڑ دے اور جانور کو قابو کرے اور تیسیر سے مراد نماز یا غیر نماز میں آسانی کرنی ہے اور یہ نہیں ہو سکتا کہ حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ اپنی رائے سے ایسا کیا ہو اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سُنا اور دیکھا نہ ہو معلوم ہُوا کہ جب نمازی نقصان ہوتا دیکھے تو نماز توڑ کر اس کی حفاظت کر سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

باب — "جو نماز میں پھونکنے اور تھوکنے سے جائز ہے"

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوٰۃِ کسوف میں اپنے سجدہ میں پھونک ماری۔

۱۱۴۳ — "حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کے قبلہ میں بلغم پھینکا ہُوا دیکھا تو مسجد والوں پر سخت غصہ ہُوئے اور فرمایا اللہ تعالیٰ تمہارے سامنے ہے۔ جب کوئی نماز میں ہو

marfat.com

۱۱۴۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا كَانَ فِي الصَّلٰوةِ فَاِنَّهُ يُنَاجِي رَبَّهُ فَلَا يَبْزُقَنَّ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلَا عَنْ يَمِيْنِهِ وَلٰكِنْ عَنْ شِمَالِهِ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى **بَابُ** مَنْ صَفَقَ جَاهِلًا مِنَ الرِّجَالِ فِي صَلَاتِهِ لَمْ تَفْسُدْ صَلَاتُهُ فِيْهِ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تو رسامنے. نہ تھوکے یا فرمایا اور نہ بلغم پھینکے۔ پھر آپ منبر شریف سے اُترے اور اُس کو دست اقدس سے کھرچ دیا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا جب تم میں سے کوئی تھوکے تو اپنی بائیں جانب تھوکے۔"

۱۱۴۳ شرح: بظاہر عنوان سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ نماز میں تھوکنا اور پھونک مارنا جائز ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث کا یہی مدلول ہے اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے تھوکنے کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے "یَبْزُقَنَّ" تزیین کا صیغہ ذکر کیا ہے، کیونکہ یہ روایت عطاء بن سائب سے ہے اور اس کے تھا استدلال میں اختلاف ہے جبکہ وہ آخر عمر میں خلط کرنے لگے تھے۔ ان کی حدیث میں نفخ کی تفسیر اُف سے کی گئی ہے اور اُف کلام نہیں اور پھونک مارنے والا فاء کو مشدد نہیں نکالتا۔ لہٰذا یہ کلام نہیں اسی لئے امام ابویوسف رحمہ اللہ نے کہا کہ نمازی اپنی نماز میں آف یا آہ یا اُح کہے تو اس کی نماز فاسد نہ ہوگی۔ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام محمد رضی اللہ عنہما نے کہا یہ لوگوں کا کلام ہے؛ لہٰذا اس سے نماز فاسد ہوجائے گی اور جو امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے وہ پہلے تھا پھر منسوخ ہوگیا۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا نماز میں پھونکنے میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام احمد رضی اللہ عنہ اسے مکروہ کہتے ہیں۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا یہ بمنزلہ کلام ہے۔ لہٰذا اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کھنکارنا اور تھوکنا نماز میں جائز ہے اور پھونکنے میں تھوک سے زیادہ نطق نہیں ہوتا جب نماز میں تھوکنا بالاتفاق جائز ہے تو پھونکنا بھی جائز ہونا چاہیئے۔ اسی لئے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس باب میں تھوک کی حدیث ذکر کی ہے تاکہ اس سے پھونکنے کے جواز پر استدلال کیا جائے۔ قبل تھوک جب نمازی کے بائیں طرف یا قدم کے نیچے ہو تو نماز اس کی محتمل ہے جبکہ نطق کے بغیر ہو اور تھوکتے وقت لوگ سنتا یا فاء کرتے ہیں اور اس سے تھوکنے کی آواز سمجھی جاتی ہے وہ خشوع کے خلاف ہے۔ اس بارے میں حدیث ۴۰۹ کے تحت بسط سے تحریر کیا گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

۱۱۴۴ ترجمہ "حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا: جو شخص نماز میں ہو وہ اپنے رب سے مناجات کرتا ہے وہ اپنے آگے نہ تھوکے اور نہ ہی دائیں طرف تھوکے، لیکن اپنی بائیں جانب بائیں قدم کے نیچے تھوکے۔"

۱۱۴۴ شرح: اس حدیث سے متعلق تفصیل ۴۰۹ کے تحت مذکور ہے۔

باب — "جو شخص جہالت کے باعث نماز میں تالی بجائے اس کی نماز فاسد نہیں ہوتی"

اس بارے میں حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے

marfat.com

باب اذا قيل للمصلي تقدم او انتظر فانتظر فلا باس حدثنا مسدد بن كثير قال ۱۱۴۵
اخبرنا سفين عن ابي حازم عن سهل بن سعد قال كان الناس يصلون مع النبي صلى الله عليه وسلم عاقدي
ازرهم من الصغر على رقابهم فقيل للنساء لا ترفعن رؤسكن حتى يستوي الرجال جلوسا باب لا يرد السلام
في الصلوة حدثنا عبد الله بن لمسلمة قال حدثنا ابن فضيل عن الاعمش عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله ۱۱۴۶

باب ــــ "جب نمازی سے کہا جائے آگے بڑھو یا انتظار کرو اور اُس نے انتظار کیا تو اس میں کوئی حرج نہیں"

قولہ من صفق الخ۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جو شخص نماز میں کسی حادثہ کے وقوع کے وقت ناواقفی کی نماز میں تالی بجائے اور اس کو یہ معلوم نہیں کہ تالی بجانا عورتوں کے لئے ہے تو اس کی نماز فاسد نہ ہوگی کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کو نماز کا اعادہ کرنے کا حکم نہیں فرمایا، جیسا کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث سے واضح ہوتا ہے۔

قولہ اذا قيل الخ۔ اس باب میں مذکور حدیث کی مناسبت یوں ہے کہ حدیث شریف میں عورتوں سے یہ خطاب کہ اپنے سر نہ اٹھاؤ الخ۔ نماز میں کہا گیا تھا یا نماز سے پہلے کہا گیا تھا۔ اگر نماز میں کہا گیا تھا تو اس سے دو مسئلے حاصل ہوئے۔ یعنی نماز کو خطاب کرنا اور اس کا انتظار کرنا مضر نہیں اور اگر نماز سے پہلے کہا گیا تھا تو اس سے معلوم ہوا کہ نماز میں انتظار کرنا جائز ہے عقلاً اس کی چار صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ مستفتح اور فاتح دونوں نماز میں نہ ہوں۔ اس میں ہمارا کلام نہیں۔ دوسری یہ کہ دونوں نماز میں ہوں پھر دیکھا جائے گا دونوں کی نماز متحد ہے یعنی مستفتح امام ہے اور فاتح مقتدی ہے یا نہیں۔ اس سے پہلی حالت میں کسی کی نماز فاسد نہیں ہوتی یہ تیسری صورت ہے۔ اور دوسری حالت میں ہر ایک کی نماز فاسد ہو جاتی ہے، کیونکہ اس میں تعلیم و تعلم پایا جاتا ہے یہ چوتھی صورت ہے"۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام کا رکوع میں کسی کا انتظار کرنا جائز ہے تاکہ وہ رکعت پالے اور تشہد میں بھی انتظار کرنا جائز ہے تاکہ وہ نماز پالے؛ مگر احناف کے مذہب میں اس میں تفصیل ہے وہ یہ کہ امام اگر جانتا ہے کہ فلاں شخص آ رہا ہے تو اس کا انتظار نہ کرے جبکہ اس کی شتر کا خطرہ نہ ہو اور اگر وہ آنے والے کو نہیں جانتا تو اس کا انتظار کرنا جائز ہے تاکہ وہ رکعت یا نماز پالے (عینی)

۱۱۴۵ ــــ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا لوگ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے جبکہ وہ اپنی چادریں ان کے چھوٹا ہونے کے باعث اپنی گردنوں پر باندھتے تھے اور عورتوں سے کہا جاتا کہ تم آپ سر (سجدہ سے) مت اٹھاؤ حتیٰ کہ مرد سیدھے بیٹھ جائیں۔

باب ــــ نماز میں سلام کا جواب نہ دے

۱۱۴۶ ــــ علقمہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ انھوں نے کہا: نبی کریم

marfat.com

قَالَ كُنْتُ أُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَيَرُدُّ عَلَيَّ فَلَمَّا رَجَعْنَا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ إِنَّ فِي الصَّلٰوةِ لَشُغْلًا ۔ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا كُثَيْرُ بْنُ شِنْظِيرٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ ۱۱۴۷
جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ لَهُ فَانْطَلَقْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ وَقَدْ قَضَيْتُهَا فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ فَوَقَعَ فِي قَلْبِي مَا اللّٰهُ بِهِ أَعْلَمُ فَقُلْتُ فِي نَفْسِي لَعَلَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ عَلَيَّ إِنِّي أَبْطَأْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ فَوَقَعَ فِي قَلْبِي أَشَدُّ مِنَ الْمَرَّةِ الْأُولٰى ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ وَقَالَ إِنَّمَا مَنَعَنِي أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ أَنِّي كُنْتُ أُصَلِّي وَكَانَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ مُتَوَجِّهًا إِلٰى غَيْرِ الْقِبْلَةِ **بَابُ** رَفْعِ الْأَيْدِي فِي الصَّلٰوةِ لِأَمْرٍ يَنْزِلُ بِهِ ۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ بَلَغَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ بَنِي ۱۱۴۸

صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرتا جبکہ آپ نماز میں ہوتے تھے اور آپ سلام کا جواب دیتے تھے اور جب ہم (حبشہ سے) واپس لوٹے تو آپ کو سلام کیا تو آپ نے مجھے جواب نہ دیا اور فرمایا نماز میں مشغولیت ہوتی ہے۔"

۱۱۴۷ ـــــ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے کسی کام کے لئے بھیجا میں گیا پھر واپس آیا جبکہ میں نے کام پورا کر لیا تھا۔ پھر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اور آپ کو سلام کہا۔ آپ نے میرے سلام کا جواب نہ دیا تو میرے دل میں وہ شئی واقع ہوئی جو خدا ہی جانتا ہے۔ میں نے اپنے جی میں کہا شاید جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے ناراض ہو گئے ہیں کہ میں دیر سے آیا ہوں۔ میں نے پھر سلام عرض کیا اور آپ نے جواب نہ دیا۔ اب میرے دل میں پہلی دفعہ سے زیادہ خطرات آئے میں نے پھر سلام عرض کیا تو آپ نے جواب دیا اور فرمایا مجھے سلام کا جواب دینے سے صرف اس امر نے روکا تھا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا (اس وقت) آپ اپنی سواری پر غیر قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے تھے۔"

۱۱۴۶ ، ۱۱۴۷ ـــــ حدیث ۱۱۲۹ ، ۱۱۳۰ اور حدیث ۱۱۳۱ کے تحت اس مسئلہ کی تفصیل مذکور ہے۔ حدیث ۱۱۴۷ سے معلوم ہوتا ہے کہ نفسانی کلام جائز ہے اور بزرگ لوگ جب یہ دیکھیں کہ ان سے کوئی ایسی شی واقع ہوئی ہے جو حزن و غم کا باعث ہو تو اس کے ازالہ کے لئے حقیقتِ حال کا اظہار کر دے اور نفل نماز سواری پر غیر قبلہ کی طرف جائز ہے۔ نمازی کو سلام کرنا مکروہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ـــ "کسی حادثہ کے پیش آنے کی وجہ سے نماز میں ہاتھ اُٹھانا"

۱۱۴۸ ـــــ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ملی کہ قباء میں بنی عمرو بن عوف میں کچھ جھگڑا ہو گیا ہے۔ آپ اپنے چند اصحاب کو ساتھ لے کر ان کے درمیان صلح کرانے تشریف لے گئے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ رکنا پڑا اور نماز کا وقت آ گیا۔ حضرت بلال حضرت ابوبکر رضی اللہ

marfat.com

عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ بِقُبَاءٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَيْءٌ فَخَرَجَ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ فِي أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فَحُبِسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَانَتِ الصَّلٰوةُ فَجَاءَ بِلَالٌ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ حُبِسَ وَقَدْ حَانَتِ الصَّلٰوةُ فَهَلْ لَكَ أَنْ تَؤُمَّ النَّاسَ قَالَ نَعَمْ إِنْ شِئْتَ فَأَقَامَ بِلَالٌ الصَّلٰوةَ وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ فَكَبَّرَ لِلنَّاسِ وَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فِي الصُّفُوفِ يَشُقُّهَا شَقًّا حَتّٰى قَامَ مِنَ الصَّفِّ فَأَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيحِ قَالَ سَهْلٌ التَّصْفِيحُ هُوَ التَّصْفِيقُ قَالَ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ الْتَفَتَ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَشَارَ إِلَيْهِ بِأَمْرِهِ أَنْ يُصَلِّيَ فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ يَدَيْهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ رَجَعَ الْقَهْقَرٰى وَرَاءَهُ حَتّٰى قَامَ فِي الصَّفِّ وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَا لَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ شَيْءٌ فِي الصَّلٰوةِ أَخَذْتُمْ بِالتَّصْفِيحِ إِنَّمَا التَّصْفِيحُ لِلنِّسَاءِ مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تُصَلِّيَ حِينَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ مَا كَانَ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بَابُ الْخَصْرِ فِي الصَّلٰوةِ

حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ ۱۱۴۹

عنہما کے پاس آئے اور کہا اے ابا بکر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روک لئے گئے ہیں اور نماز کا وقت آگیا ہے کیا آپ لوگوں کی امامت کریں گے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں اگر آپ چاہتے ہیں حضرت بلال نے اقامت کہی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور تکبیر تحریمہ کہی" (اتنے میں) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور صفوں کو چیر کر ان میں چلتے ہوئے آئے حتیٰ کہ (پہلی) صف میں کھڑے ہوگئے اور لوگ تصفیح کرنے لگے۔ سہل رضی اللہ عنہ نے کہا تصفیح تصفیق ہی ہے کہا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے اور جب لوگوں نے بکثرت تصفیح کرنا شروع کی تو متوجہ ہوئے کیا دیکھتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ آپ نے ان کو اشارہ کرکے فرمایا کہ نماز پڑھائیں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ اُٹھایا اور اللہ تعالیٰ کی حمد کی۔ پھر پچھلے قدم واپس ہوئے حتیٰ کہ صفِ اوّل میں کھڑے ہوگئے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور لوگوں کو نماز پڑھائی جب فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے لوگو! تمہیں کیا ہوگیا جب تم کو نماز میں کوئی واقعہ پیش آئے تو تصفیح (تالی بجانا) شروع کردیتے ہو تصفیح تو صرف عورتوں کے لئے ہے جس کو نماز میں کوئی واقعہ پیش آئے تو وہ سُبْحَانَ اللّٰہِ کہے پھر آپ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے ابابکر! آپ کو نماز پڑھانے سے کس نے منع کیا جبکہ میں نے آپ کو اشارہ کیا تھا" ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابوقحافہ کے بیٹے کو مناسب نہیں کہ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے کھڑا ہوکر نماز پڑھائے!

۱۱۴۸ ـــــ حدیث ۶۵۴ اور حدیث ۱۱۳۲ کی تفہیمات میں اس کی تفصیل دیکھیں۔"

باب ـــــ نماز میں کمر پر ہاتھ رکھنا

۱۱۴۹ ـــــ "ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا نماز میں کمر پر ہاتھ رکھنے سے منع کیا گیا ہے ہشام اور ابوہلال نے ابن سیرین سے اُنہوں نے ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے اُنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی۔"

marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ نُهِیَ عَنِ الْخَصْرِ فِی الصَّلٰوةِ وَقَالَ هِشَامٌ وَاَبُوْ هِلَالٍ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مَهْدِیٌّ عَنْ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ نُهِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّصَلِّیَ الرَّجُلُ مُخْتَصِرًا **بَابٌ** یُفَکِّرُ الرَّجُلُ الشَّیْءَ فِی الصَّلٰوةِ وَقَالَ عُمَرُ اِنِّیْ لَاُجَهِّزُ جَیْشِیْ وَاَنَا فِی الصَّلٰوةِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ هُوَ ابْنُ سَعِیْدٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ صَلَّیْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ سَرِیْعًا دَخَلَ عَلٰی بَعْضِ نِسَآئِهٖ ثُمَّ خَرَجَ وَرَاٰی مَا فِیْ وُجُوْهِ الْقَوْمِ مِنْ تَعَجُّبِهِمْ لِسُرْعَتِهٖ فَقَالَ ذَکَرْتُ وَاَنَا فِی الصَّلٰوةِ تِبْرًا عِنْدَنَا فَکَرِهْتُ اَنْ یُّمْسِیَ اَوْ یَبِیْتَ عِنْدَنَا فَاَمَرْتُ بِقِسْمَتِهٖ

۱۱۵۰ ــــ ”محمد بن سیرین نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہا کہ مرد کو کمر پہ ہاتھ رکھ کر نماز پڑھنے سے روکا گیا ہے۔“

۱۱۴۹، ۱۱۵۰ ــــ یہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پر موقوف ہے۔ درحقیقت منع کرنے والے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں عرف اس پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ جو شخص امیر کی اطاعت کرے اس کی بات امیر کا حکم متصور ہوتا ہے۔ کمر پہ ہاتھ رکھ کر نماز پڑھنے سے اس لئے منع کیا گیا ہے کہ یہ فعل یہودیوں کا ہے یا شیطان کا ہے یا اس لئے کہ جب شیطان جنت سے نکالا گیا تھا تو وہ اسی طرح زمین پر آیا تھا یا متکبر اس طرح کھڑے ہوتے ہیں۔ بعض روایات میں ہے کہ یہ دوزخیوں کے آرام کرنے کا طریقہ ہے۔“ امام بیہقی نے اپنے اسناد سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نماز میں کمر پر ہاتھ رکھنا دوزخیوں کے آرام کا طریقہ ہے،، امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام شافعی رضی اللہ عنہم نے کہا کہ نماز میں کمر پہ ہاتھ رکھنا مکروہ ہے“۔ بعض علماء اختصار کا معنی یہ کرتے ہیں کہ جو شخص اپنے ہاتھ میں عصا پکڑ کر اس پر اعتماد کرے یہ علامہ ہروی رحمہ اللہ کا قول ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ سورت میں اختصار کرنا ہے اور وہ یہ کہ اس کے اول سے ایک آیت یا دو آیتیں پڑھے بعض نے کہا اختصار یہ ہے کہ نماز مختصر کر کے پڑھے اور اس کا قیام، رکوع اور سجود وغیرہ لمبا نہ کرے۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا صحیح یہ ہے کہ نمازی کمر پہ ہاتھ رکھ کر نماز پڑھے۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا صحیح بھی یہی معنیٰ ہے۔“

باب ــــ مرد نماز میں کچھ سوچے

اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا میں اپنا لشکر تیار کرتا ہوں حالانکہ میں نماز میں ہوتا ہوں!

۱۱۵۱ ــــ عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عصر کی نماز پڑھی۔ جب آپ نے سلام پھیرا تو جلدی سے کھڑے ہوئے اور اپنی کسی بیوی کے گھر تشریف لے گئے پھر باہر تشریف لائے اور جلدی کرنے کی وجہ سے لوگوں کے چہروں پہ تعجب کے اثرات دیکھے تو فرمایا میں نے یاد کیا

marfat.com

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ جَعْفَرٍ عَنِ الْأَعْرَجِ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُذِّنَ بِالصَّلٰوةِ
۱۱۵۲ أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ لَهُ ضُرَاطٌ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ التَّأْذِينَ فَإِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ أَقْبَلَ فَإِذَا ثُوِّبَ أَدْبَرَ فَإِذَا سَكَتَ أَقْبَلَ
فَلَا يَزَالُ بِالْمَرْءِ يَقُولُ لَهُ اذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ حَتّٰى لَا يَدْرِيَ كَمْ صَلّٰى قَالَ أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِذَا فَعَلَ أَحَدُكُمْ ذٰلِكَ
۱۱۵۳ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ قَاعِدٌ وَسَمِعَهُ أَبُو سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ

حالانکہ میں نماز میں تھا کہ ہمارے پاس سونے کا ٹکڑا ہے اور میں نے مکروہ جانا کہ وہ ہمارے گھر شام یا رات رہے۔ اس لئے میں نے اس کی تقسیم کا حکم دیا ہے "

۱۱۵۱ شرح: نمازی کو بحالتِ نماز کوئی خیال آجائے حتی کہ اس میں مستغرق ہوجائے اور ارکانِ نماز ادا کرتا رہے تو نماز فاسد نہ ہوگی۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے عبداللہ بن حنظلہ راہب رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مغرب کی نماز پڑھائی اور پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جب دوسری رکعت میں کھڑے ہوئے تو سورۂ فاتحہ دو مرتبہ پڑھی جب نماز سے فارغ ہوئے تو سجدے سہو کئے "، کیونکہ سورۂ فاتحہ کے ترک کرنے اور ایک رکعت میں فاتحہ دو بار پڑھنے سے سجدہ سہو واجب ہوجاتا ہے۔ معلوم ہوا کہ سیدنا عمر فاروق نے استغراق کی حالت میں فاتحہ ترک کی یا اس کا تکرار کیا اور سجدہ سہو کیا نماز کا اعادہ نہ کیا اور عیاض اشعری رضی اللہ عنہ کے طریق سے مروی ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ نے مغرب کی نماز پڑھائی اور قرأت نہ کی۔ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا آپ نے قرأت نہیں کی عمر فاروق عبدالرحمٰن بن عوف کی طرف متوجہ ہوئے تو انھوں نے کہا ابوموسیٰ نے ٹھیک کہا ہے تب عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نماز کا اعادہ کیا جب فارغ ہوئے تو کہا جس نماز میں قرأت نہ کی جائے وہ نماز صحیح نہیں ہوتی "، مجھے ایک لشکر نے مشغول کیا جسے میں نے تیار کرکے شام بھیجا ہے میں نماز میں اس سے متعلق سوچ رہا تھا۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ترکِ قرأت کے باعث نماز کا اعادہ کیا تھا استغراقِ تام کے باعث اعادہ نہ کیا تھا؛ ورنہ اس کی تصریح کرتے جیسے ترکِ قرأت کی تصریح کی ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نیک کاموں میں جلدی کرنی چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

ترجمہ

۱۱۵۲ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نماز کے لئے اذان دی جاتی ہے تو شیطان گوز مارتا ہوا بھاگتا ہے حتیٰ کہ اس کو اذان کی آواز سنائی نہیں دیتی اور جب مؤذن خاموش ہوجاتا ہے تو آجاتا ہے اور جب اقامت کہی جائے تو پھر بھاگتا ہے اور جب مؤذن خاموش ہوجائے تو آجاتا ہے اور آدمی کو یہ کہتا رہتا ہے کہ فلاں فلاں شئی یاد کر جو وہ یاد نہ کرتا تھا حتیٰ کہ وہ نہیں جانتا کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا جب تم میں سے کوئی ایسا کرے تو وہ دو سجدے کرے جبکہ وہ بیٹھا ہوا ہو اس کو ابوسلمہ نے ابوہریرہ سے سنا ہے۔

۱۱۵۳ سعید مقبری نے کہا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا لوگ کہتے ہیں ابوہریرہ بکثرت روایات بیان کرتے ہیں۔ میں ایک شخص سے ملا اور کہا گزشتہ رات عشاء کی نماز میں جناب رسول اللہ

marfat.com

قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ قَالَ قَالَ اَبُوْهُرَیْرَةَ یَقُوْلُ النَّاسُ اَکْثَرَ اَبُوْهُرَیْرَةَ فَلَقِیْتُ رَجُلًا فَقُلْتُ بِمْ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْبَارِحَةَ فِی الْعَتَمَةِ فَقَالَ لَا اَدْرِیْ فَقُلْتُ اَلَمْ تَشْهَدْهَا قَالَ بَلٰی قُلْتُ لٰکِنِّیْ اَنَا اَدْرِیْ قَرَاَ سُوْرَةَ کَذَا وَکَذَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۱۵۴ بَابُ مَا جَاءَ فِی السَّهْوِ اِذَا قَامَ مِنْ رَکْعَتَیِ الْفَرِیْضَةِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَیْنَةَ اَنَّهٗ قَالَ صَلّٰی لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَکْعَتَیْنِ مِنْ بَعْضِ الصَّلَوَاتِ ثُمَّ قَامَ فَلَمْ یَجْلِسْ فَقَامَ النَّاسُ مَعَهٗ فَلَمَّا قَضٰی صَلٰوتَهٗ وَنَظَرْنَا تَسْلِیْمَهٗ کَبَّرَ قَبْلَ التَّسْلِیْمِ فَسَجَدَ سَجْدَتَیْنِ وَهُوَ جَالِسٌ ثُمَّ سَلَّمَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پڑھا تھا اس نے کہا مجھے معلوم نہیں (کہ آپ نے کیا پڑھا تھا) میں نے کہا کیا تم نماز میں حاضر نہ تھے؟ اس نے کہا کیوں نہیں (حاضر تھا) میں نے کہا لیکن میں جانتا ہوں آپ نے فلاں فلاں سورت پڑھی تھی!

۱۱۵۲، ۱۱۵۳ ـــــ صراط کا حقیقی معنی گو مراد ہے یا مجازی معنی مراد ہے اور وہ یہ کہ وہ اپنے آپ کو ایسی آواز میں مشغول کرتا ہے جس کے باعث اذان کی آواز نہ سنی جائے" اس کی تعبیر صراط سے اس کی تذلیل کے لئے کی ہے" اس حدیث کی عنوان سے مناسبت "فَلَا یَزَالُ بِالْمَرْءِ یَقُوْلُ لَهٗ اُذْکُرْ کَذَا الخ" سے ظاہر ہے" جب تک نماز کا کوئی رکن ترک نہ ہو اس قسم کے خیالات سے نماز میں نقص واقع نہیں ہوتا" باب فضل التاذین کی حدیث ۵۸۶ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔ حدیث ۱۱۵۳ کی عنوان سے مناسبت اس طرح ہے کہ مذکور شخص نماز میں دنیاوی سوچ میں مشغول ہونے کے باعث سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءت ضبط نہ کر سکا تھا" اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نماز کے حال میں متفکر تھے حتیٰ کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سورت نماز میں پڑھی اس کو ضبط کر لیا"

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہر وقت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل میں رہا کرتے تھے اور صرف شبع بطن پر اکتفاء کرتے تھے۔ اس لئے انہوں نے بکثرت احادیث کی روائت کی ہے" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا احادیث میں ضبط و اتقان بہت زیادہ تھا"

باب ـــــ جو کچھ سہو کے بارے میں آیا جبکہ فرض کی دو رکعتوں سے کھڑا ہو جائے۔ (اور تشہد نہ پڑھے)

۱۱۵۴ ـــــ عبداللہ بن بُحَیْنَہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے اُنھوں نے کہا ہم کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازوں میں سے ایک نماز دو رکعت پڑھائی پھر کھڑے ہو گئے اور نہ بیٹھے آپ کے ساتھ لوگ بھی کھڑے ہو گئے جب آپ نے نماز پوری کر لی اور ہم آپ کے سلام پھیرنے کے منتظر تھے تو آپ نے دو سجدے کئے حالانکہ آپ بیٹھے ہوئے تھے پھر سلام پھیرا"

marfat.com

۱۱۵۵ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ بُحَيْنَةَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ مِنْ اِثْنَتَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ لَمْ يَجْلِسْ بَيْنَهُمَا فَلَمَّا قَضٰى صَلٰوتَهٗ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ **بَابُ** اِذَا صَلّٰى خَمْسًا

۱۱۵۵ — عبداللہ بن بُحَینہ رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ظہر کی نماز دو رکعت پڑھ کر کھڑے ہو گئے اور ان کے درمیان نہ بیٹھے جب آپ نے نماز پُوری کر لی تو دو سجدے کئے پھر اس کے بعد سلام پھیرا "

۱۱۵۴، ۱۱۵۵ —— بظاہر اس حدیث سے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے استدلال کیا کہ سہو کا سجدہ مطلقاً سلام سے پہلے ہے نماز میں زیادتی ہو جائے یا کمی واقع ہو" ترمذی، ابن ماجہ، مسلم، نسائی، ابوداؤد اور دارقطنی کی روایات سے اس کی تائید ملتی ہے" امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اور آپ کے اصحاب کا مذہب یہ ہے کہ نماز میں زیادتی ہو یا کمی واقع ہو سجدۂ سہو سلام کے بعد ہے" وہ ذوالیدین کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں جو بخاری، مسلم میں بایں الفاظ مروی ہے "

" فَاَتَمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ مِنَ الصَّلٰوةِ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَ السَّلَامِ" یعنی جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے باقی ماندہ نماز کو پُورا کیا پھر بیٹھے بیٹھے سلام کے بعد دو سجدے سہو کے کئے" امام ترمذی نے شعبی سے، مسلم نے عمران بن حصین سے، طبرانی نے محمد بن صالح سے، ابن سعد نے طبقات میں عطاء بن ابی رباح سے، ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں، عبداللہ بن جعفر سے ابوداؤد، ابن ماجہ، امام احمد نے اپنی مسند میں، عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں ثوبان سے امام طحاوی نے قتادہ سے روایات کیں جن میں سلام کے بعد سجدہ کرنا مذکور ہے" بیہقی کا معرفت میں زہری سے روائت کرنا کہ سلام کے بعد سجدہ سہو منسوخ ہو گیا ہے۔ زہری کا یہ قول منقطع ہے اور وہ علماء کے نزدیک حجت نہیں"

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سلام نماز میں داخل نہیں حتیٰ کہ اگر نمازی قعدہ کے بعد بے وضو ہو جائے اور ابھی سلام نہ پھیرا ہو تو اس کی نماز پُوری ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب ہے، کیونکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سید عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اعرابی کو تشہد کی تعلیم کے بعد فرمایا: اِذَا قُلْتَ هٰذَا اَوْ قَضَيْتَ هٰذَا فَقَدْ قَضَيْتَ صَلٰوتَكَ اِنْ شِئْتَ اَنْ تَقُوْمَ وَاِنْ شِئْتَ اَنْ تَقْعُدَ فَاقْعُدْ" اور تَحْلِيْلُهَا التَّسْلِيْمُ" کی روائت سے سلام کی فرضیت ثابت نہیں ہوتی، کیونکہ یہ خبر واحد ہے اور خبر واحد سے فرضیت ثابت نہیں ہو سکتی" علاوہ ازیں اس حدیث کا دارومدار عبداللہ بن محمد بن عقیل اور ابوسفیان پر بطریق ابن شہاب ہے اور یہ دونوں ضعیف ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب جب پانچ رکعتیں پڑھیں

marfat.com

۱۱۵۶ حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ
عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا فَقِيْلَ لَهٗ اَزِيْدَ فِى الصَّلٰوةِ فَقَالَ وَمَا ذَاكَ قَالَ صَلَّيْتَ خَمْسًا فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ

۱۱۵۶ ـــــ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز کی پانچ رکعتیں پڑھیں آپ سے عرض کیا گیا کیا نماز میں اضافہ ہو گیا ہے۔ فرمایا کیا بات ہے؟ عرض کیا آپ نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں۔ پھر آپ نے سلام پھیرنے کے بعد سہو کے دو سجدے کئے۔"

ـــــ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر تو سوال کرے کہ پہلی دو حدیثیں اس

۱۱۵۶ ـــــ بات پر دلالت کرتی ہیں کہ سجدہ سہو سلام سے پہلے ہے اور یہ حدیث سلام کے بعد سجدہ سہو پر دلالت کرتی ہے تو میں کہتا ہوں دونوں امر جائز ہیں نزاع صرف افضلیت میں ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سلام سے پہلے سجدہ سہو افضل جانتے ہیں اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اس کے برعکس کے قائل ہیں امام مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ اگر سہو نقصان کی وجہ سے ہو تو سلام سے پہلے افضل ہے جیسے مذکور دو حدیثوں میں ہے اور اگر نماز میں زیادتی کے باعث ہو تو سلام کے بعد سہو کا سجدہ افضل ہے جیسا کہ اس حدیث میں ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "وَاِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِىْ صَلٰوتِهٖ فَلْيَتَحَرَّ الصَّوَابَ ثُمَّ لْيُسَلِّمْ ثُمَّ لْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ" یعنی جب تم میں سے کوئی نماز میں شک کرے تو صواب کا قصد کرے پھر سلام پھیرے پھر سہو کے دو سجدے کرے اسی طرح مسلم اور ابوداؤد میں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اہلِ کوفہ کہتے ہیں کہ اگر نمازی چوتھی رکعت کے بعد تشہد کی مقدار قعدہ نہ کرے اور پانچویں رکعت کے بعد قعدہ کرے تو اس کی نماز فاسد ہو جاتی ہے وہ اسے دوبارہ پڑھے۔ اگر چوتھی رکعت کے بعد بقدرِ تشہد قعدہ کیا اور پانچویں رکعت پڑھنے کھڑا ہو گیا تو اس کی ظہر پوری ہو گئی اور پانچویں رکعت تطوع ہے وہ اس کے ساتھ ایک اور رکعت ملائے پھر تشہد پڑھے اور سلام پھیرے اور سجدہ سہو کرے، علامہ خطابی رحمہ اللہ نے کہا اہلِ کوفہ کو یہ حدیث نہیں پہنچی ہے۔ بظاہر علامہ خطابی رحمہ اللہ نے یہ سمجھا کہ چار رکعت کے بعد قعدہ کا ذکر حدیث میں نہیں لہٰذا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ چار رکعت کے بعد قعدہ نہ کرنے سے بھی نماز ہو جاتی ہے اور اہلِ کوفہ کو یہ حدیث نہیں پہنچی۔ اس لئے وہ نماز کو فاسد قرار دیتے ہیں مگر یہ استدلال صحیح نہیں؛ کیونکہ اس حدیث میں چار رکعت کے بعد قعدہ کے ذکر سے سکوت ہے اور قائل کا یہ کہنا کہ کیا نماز میں اضافہ ہو گیا ہے؟ بظاہر ان الفاظ سے یہی پتہ چلتا ہے کہ چار رکعت کے قعدہ کے بعد ایک رکعت کا اضافہ ہوا ہے؛ لہٰذا احناف اور اہلِ کوفہ کو اس حدیث سے غافل کہنا بہت بڑی جرأت ہے۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ بہت بڑے محدث قابلِ احترام ہیں۔

marfat.com

بَابٌ إِذَا سَلَّمَ فِي رَكْعَتَيْنِ

أَوْ فِي ثَلَاثٍ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ مِثْلَ سُجُودِ الصَّلٰوةِ أَوْ أَطْوَلَ حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ ۱۱۵۷
عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ فَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ ذُو الْيَدَيْنِ الصَّلٰوةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنُقِصَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ أَحَقٌّ مَا يَقُولُ قَالُوا نَعَمْ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ أُخْرَيَيْنِ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ قَالَ سَعْدٌ وَرَأَيْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ صَلّٰى مِنَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ فَسَلَّمَ وَتَكَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰى مَا بَقِيَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَقَالَ هٰكَذَا فَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب ـــــ جب دو رکعتوں یا تین رکعتوں میں سلام پھیر دیا تو دو سجدے نماز کے سجدوں کی طرح یا اس سے لمبے سجدے کرے

۱۱۵۷ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی اور سلام پھیر دیا تو آپ سے ذوالیدین نے عرض کیا یارسول اللہ! نماز چھوٹی ہوگئی ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا" ذوالیدین جو کہتا ہے کیا یہ درست ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں" آپ نے اور دو رکعتیں پڑھیں پھر دو سجدے کئے۔ سعد نے کہا میں نے عروہ بن زبیر کو دیکھا انھوں نے مغرب کی دو رکعتیں پڑھیں اور سلام پھیرا اور بات چیت کی پھر باقی ماندہ نماز پڑھی اور دو سجدے کئے اور کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا تھا۔

۱۱۵۷ ـــــ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذوالیدین کے واقعہ کے وقت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ مگر ایسا نہیں؛ کیونکہ زہری نے کہا جنگ بدر میں ذوالیدین شہید ہوگئے تھے اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ واقعہ جنگِ بدر سے پہلے ہوا ہے اور جنگِ بدر حضرت ابوہریرہ کے مسلمان ہونے سے پانچ برس پہلے ہوئی تھی تو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے کلام کا مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کو سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی اور ایسا کہنا جائز ہے۔ امام مالک، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم کے نزدیک لوگوں کا امام کے ساتھ نماز کی اصلاح کے لئے نماز میں کلام کرنا جائز ہے ایسے ہی سہو کی وجہ سے امام کا کلام کرنا نماز کو فاسد نہیں کرتا۔ البتہ امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک نماز کی اصلاح کے لئے تعمدِ کلام مفسدِ صلوٰۃ نہیں اور امام شافعی اور احمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک مفسد ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب میں سہواً یا عمداً کلام نماز کو فاسد کرتا ہے اور نماز میں کلام ابتداء اسلام میں مشروع تھا پھر منسوخ ہوگیا۔ آج اگر کوئی نماز میں بھول کر کلام کرے تو نماز باطل ہوجاتی ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کی کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ ذوالیدین کے واقعہ کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے۔ پھر اس قسم کا واقعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوا تو سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس واقعہ کے خلاف عمل کیا جس پر سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل کیا تھا اور کسی صحابی نے اس پر اعتراض نہ کیا

marfat.com

بَابٌ لَمْ يَتَشَهَّدْ فِي سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَسَلَّمَ أَنَسٌ وَالْحَسَنُ

۱۱۵۸ وَلَمْ يَتَشَهَّدْ وَقَالَ قَتَادَةُ لَا يَتَشَهَّدُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ بْنُ أَنَسٍ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ أَبِي تَمِيمَةَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ انْصَرَفَ مِنَ اثْنَتَيْنِ فَقَالَ لَهُ ذُو الْيَدَيْنِ أَقُصِرَتِ الصَّلَاةُ أَمْ نَسِيتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ أَصَدَقَ ذُو الْيَدَيْنِ فَقَالَ لِلنَّاسِ

۱۱۵۹ نَعَمْ فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَصَلَّى اثْنَتَيْنِ أُخْرَيَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ كَبَّرَ فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُودِهِ أَوْ أَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ قَالَ قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ فِي سَجْدَتَيِ السَّهْوِ تَشَهُّدٌ فَقَالَ لَيْسَ فِي حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ

معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کو مذکور عمل کے منسوخ ہونے کا علم تھا (عینی) حدیث ۷۰۴ کے تحت اس کی تفہیم سیر بحث مذکور ہے۔"

باب ـــــ جس نے سہو کے سجدوں میں تشہّد نہ پڑھا

حضرت انس بن مالک اور حسن بصری رضی اللہ عنہما نے سہو کے دو سجدوں کے بعد سلام پھیرا اور تشہد نہ پڑھا اور قتادہ نے کہا تشہد نہ پڑھے۔

۱۱۵۸ ـــــ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دیا تو آپ سے ذوالیدین نے کہا یا رسول اللہ! کیا نماز کم ہو گئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا ذوالیدین نے صحیح کہا ہے تو لوگوں نے کہا جی ہاں! جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دو رکعتیں پڑھیں پھر سلام پھیرا پھر تکبیر کہی اور پہلے سجدوں کی مثل یا اس سے طویل سجدہ کیا پھر سر مبارک اٹھایا"

۱۱۵۹ ـــــ سلمہ بن علقمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُنھوں نے کہا میں نے محمد بن سیرین سے کہا کیا سہو کے دو سجدوں میں تشہّد ہے؟ اُنھوں نے کہا ابوہریرہ کی حدیث میں اس کا ذکر نہیں!

۱۱۵۸، ۱۱۵۹ ـــــ باب کے عنوان سے مراد یہ ہے کہ جو شخص سہو کے دو سجدوں میں تشہد نہیں پڑھتا۔ اس کا بیان کیا جائے کہ جو شخص بھول جائے وہ سجدہ کرے سلام پھیرے اور تشہد پڑھے محمد بن

marfat.com

۱۱۶۰ بَابٌ يُكَبِّرُ فِي سَجْدَتَيِ السَّهْوِ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ قَالَ مُحَمَّدٌ وَأَكْثَرُ ظَنِّي أَنَّهَا الْعَصْرُ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ قَامَ إِلَى خَشَبَةٍ فِي مُقَدَّمِ الْمَسْجِدِ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا وَفِيهِمْ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَهَابَاهُ أَنْ يُكَلِّمَاهُ وَخَرَجَ سَرَعَانُ النَّاسِ فَقَالُوا قُصِرَتِ الصَّلَاةُ وَرَجُلٌ يَدْعُوهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذُو الْيَدَيْنِ فَقَالَ أَنَسِيتَ أَمْ قُصِرَتْ فَقَالَ لَمْ أَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ قَالَ بَلَى قَدْ نَسِيتَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ ثُمَّ كَبَّرَ فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُودِهِ أَوْ أَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَكَبَّرَ ثُمَّ

۱۱۶۱ وَضَعَ رَأْسَهُ فَكَبَّرَ فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُودِهِ أَوْ أَطْوَلَ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَكَبَّرَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُحَيْنَةَ الْأَسَدِيِّ حَلِيفِ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ

سیرین کا یہی مذہب ہے، انس بن مالک اور حسن بصری نے کہا کہ سہو کے سجدوں میں تشہد نہیں اور حضرات ائمہ کرام ابوحنیفہ، مالک شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے کہ تشہد پڑھے اور سلام پھیرے،، قتادہ نے اپنے شیخ انس بن مالک اور حسن بصری سے روایت کی کہ انہوں نے تشہد نہ پڑھا اور قتادہ کا طریقہ اختیار کیا،، حدیث ۶۸۴، ۶۸۵ کے تحت اس کی تفصیل مذکور ہے۔ اس حدیث کی عنوان سے مناسبت واضح ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صورتوں میں تشہد نہیں پڑھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ـــــ جو کوئی سہو کے سجدوں میں تکبیر کہے

۱۱۶۰ ـــ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شام کی دو نمازوں میں سے ایک نماز پڑھی (ظہر یا عصر) محمد بن سیرین نے کہا میرا غالب گمان یہ ہے کہ آپ نے عصر کی دو رکعتیں پڑھیں پھر سلام پھیرا پھر مسجد کے قبلہ کی طرف پڑی ہوئی لکڑی کے پاس کھڑے ہوئے اور اس پر اپنا دستِ اقدس رکھا اور لوگوں میں ابوبکر اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما موجود تھے۔ وہ دونوں آپ سے کلام کرنے سے ڈرے، لوگوں میں سے جلد باز لوگ مسجد سے باہر گئے اور کہنے لگے کیا نماز چھوٹی ہوگئی؟ ایک شخص جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ذوالیدین کر کے بلایا کرتے تھے نے کہا یا رسول اللہ! کیا آپ بھول گئے یا نماز چھوٹی ہوگئی،، آپ نے فرمایا! میں بھولا نہیں اور نہ ہی نماز چھوٹی ہوئی ہے۔ اس نے کہا کیوں نہیں آپ بھول گئے ہیں۔ پھر آپ نے دو رکعتیں پڑھیں اور سلام پھیرا پھر تکبیر کہی اور اپنے سجود کی طرح یا اس سے طویل سجدہ کیا پھر اپنا سر مبارک اٹھایا اور تکبیر کہی پھر سر مبارک زمین پر رکھا اور تکبیر کہی اپنے سجود کی مثل یا اس سے طویل سجدہ کیا پھر سرِ اقدس اٹھایا اور تکبیر کہی،،....

۱۱۶۱ ـــ عبداللہ بن بحینہ اسدی بنی عبدالمطلب کے حلیف سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں کھڑے ہوگئے حالانکہ آپ پر قعدہ ابھی باقی تھا۔ جب آپ نے نماز پوری کرلی تو دو سجدے کئے اور ہر سجدہ میں سلام پھیرنے سے پہلے بیٹھے بیٹھے تکبیر کہی لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ یہ دونوں سجدے کئے۔ اس قعدہ کی جگہ جسے بھول گئے تھے۔

marfat.com

فِي صَلٰوةِ الظُّهْرِ وَعَلَيْهِ جُلُوْسٌ فَلَمَّا اَتَمَّ صَلٰوتَهٗ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ يُكَبِّرُ فِيْ كُلِّ سَجْدَةٍ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ وَسَجَدَهُمَا النَّاسُ مَعَهٗ مَكَانَ مَا نَسِيَ مِنَ الْجُلُوْسِ تَابَعَهٗ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي التَّكْبِيْرِ **بَابُ** اِذَا لَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى ثَلٰثًا اَوْ اَرْبَعًا سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

١١٦٢ وَهُوَ جَالِسٌ **حَدَّثَنَا** مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلٰوةِ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهٗ ضُرَاطٌ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ الْاَذَانَ الْمُؤَذِّنَ فَاِذَا قُضِيَ الْاَذَانُ اَقْبَلَ فَاِذَا ثُوِّبَ بِهَا اَدْبَرَ فَاِذَا قُضِيَ التَّثْوِيْبُ اَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطُرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهٖ يَقُوْلُ اذْكُرْ كَذَا وَكَذَا مَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ حَتّٰى يَظَلَّ الرَّجُلُ اِنْ يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى فَاِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ ذٰلِكَ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

تکبیر کا لفظ لانے میں محمد بن مسلم ابن شہاب زہری سے روایت کرنے میں عبدالعزیز بن عبدالملک بن جریج نے لیث کی متابعت کی ہے۔

ان دونوں حدیثوں میں سجدہ سہو میں اللہ اکبر کہنے کی اہمیت بیان کی ہے۔

١١٦٠، ١١٦١ —— واللہ اعلم!

باب —— جب یہ معلوم نہ ہو کہ اُس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تین یا چار تو بیٹھے بیٹھے سہو کے دو سجدے کرے۔

١١٦٢ —— ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نماز کے لئے اذان دی جاتی ہے تو شیطان گوز مارتا ہوا بھاگتا ہے حتیٰ کہ اس کو اذان کی آواز سنائی نہیں دیتی اور جب اذان ختم ہو جاتی ہے تو واپس آجاتا ہے اور جب تکبیر کہی جائے تو پھر بھاگتا ہے جب تکبیر ختم ہو جائے تو واپس آجاتا ہے حتیٰ کہ نمازی مرد اور اس کے دل میں وسوسہ پیدا کرتا ہے جبکہ وہ کہتا ہے کہ فلاں فلاں شئی یاد کر جو وہ یاد نہ کرتا تھا حتیٰ کہ نمازی مرد ایسا ہو جاتا ہے کہ وہ نہیں جانتا کہ اس نے کتنی نماز پڑھی ہے جب تم میں سے کوئی معلوم نہ کر سکے کہ اس نے کتنی نماز پڑھی ہے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو وہ بیٹھے بیٹھے دو سجدے کرے۔"

١١٦٢ —— حدیث ١١٥٢ اور باب فضل التاذین کی حدیث ٥٨٦ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے" اس حدیث میں محلِ سجود کی تعیین کا ذکر نہیں بعض روایات میں قبل السلام سجدوں کا ذکر ہے مگر احناف کہتے ہیں کہ فعل کی روایات متعارض ہیں بعض روایات میں سلام کے بعد سجدہ سہو کرنے کا ذکر ہے اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث سے سلام کے بعد سجدہ سہو کی تقویت ملتی ہے کہ ہر سہو کے لئے

marfat.com

بَابُ السَّهْوِ فِي الْفَرْضِ وَالتَّطَوُّعِ وَسَجَدَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ وِتْرِهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ ۱۱۶۳
قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ يُصَلِّي جَاءَ الشَّيْطَانُ فَلَبَسَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا يَدْرِيَ كَمْ صَلّٰى فَاِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

سلام کے بعد دو سجدے کرے" اور یہ روائت قولی ہے اس کا معارض کوئی قولی روائت نہیں اس میں زیادتی اور نقصان کا قطعًا ذکر نہیں کہ نماز میں زیادتی کرے تو سلام کے بعد دو سجدے کرے اور اگر نقصان کرے تو سلام سے پہلے دو سجدے کرے، لہٰذا اس حدیث سے مطلقًا سجدہ سہو کا محل متعین ہو جاتا ہے کہ سلام کے بعد سہو کے سجدے ہیں "

حضرات ائمہ کرام مالک، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم نے کہا جو کوئی نماز میں شک کرے کہ اُس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو وہ یقین پر بناء کرے اور چوتھی رکعت پڑھ کر سجدہ سہو کرے۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی نماز میں شک کرے کہ اُس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو وہ شک کو ترک کرے اور یقین پر بناء کرے اور سلام سے پہلے سہو کے دو سجدے کرے (ابو داؤد) شافعیہ کہتے ہیں یہ حدیث ابو ہریرہ کی حدیث کی تفسیر کرتی ہے۔ لہٰذا ابو ہریرہ کی حدیث کو ابو سعید خدری کی حدیث پر محمول کیا جائے گا، کہ سلام سے پہلے سجدہ سہو کیا۔ احناف کہتے ہیں اگر نمازی کو شک پہلی دفعہ لاحق ہوا ہے تو وہ از سرِ نو نماز پڑھے اور اگر اس کو بکثرت شک لاحق ہوتا رہتا ہے تو وہ تحری کرے اور مستحکم رائے پر بناء کرے۔ صحیحین میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی نماز میں شک کرے تو صحیح رائے کی تلاش کرے اور اس پر نماز کی تکمیل کرے۔ اگر اس کے پاس صحیح رائے نہ ہو تو یقین پر بناء کرے۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی نماز میں بھول جائے اور اس کو یہ پتہ نہ چلے کہ اُس نے ایک رکعت پڑھی ہے یا دو تو ایک پر بناء کرے اور اگر اسے یہ معلوم نہ ہو کہ دو پڑھی ہیں یا تین تو دو پر بناء کرے اور اگر یہ نہ جانے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو تین پر بناء کرے اور سلام سے پہلے دو سجدے سہو کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ـــــ فرض اور نفل میں سجدہ سہو کے بارے میں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے وتر کے بعد دو سجدے کئے

۱۱۶۳ ـــــ **ترجمہ** : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی جب نماز پڑھنی شروع کرے تو شیطان آتا ہے اور اس پر نماز خلط ملط کرتا ہے حتیٰ کہ وہ نہیں جانتا کہ اُس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں جب تم میں سے کوئی یہ پائے تو بیٹھے بیٹھے دو سجدے کرے!

marfat.com

۱۱۶۴ باب اذا کلم وھو یصلی فاشار بیدہ واستمع حدثنا یحیی بن سلیمان قال حدثنی ابن وھب قال اخبرنی عمرو عن بکیر عن کریب ان ابن عباس والمسور بن مخرمۃ وعبد الرحمن بن ازھر ارسلوہ الی عائشۃ رضی اللہ عنہا فقالوا اقرأ علیہا السلام منا جمیعا وسلہا عن الرکعتین بعد صلوۃ العصر وقل لہا انا اخبرنا انک تصلیہما وقد بلغنا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی عنہما وقال ابن عباس وکنت اضرب الناس مع عمر بن الخطاب عنہما قال کریب فدخلت علی عائشۃ رضی اللہ عنہا فبلغتہا ما ارسلونی فقالت سل ام سلمۃ فخرجت الیہم فاخبرتہم بقولہا فردونی الی ام سلمۃ بمثل ما ارسلونی بہ الی عائشۃ فقالت ام سلمۃ سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ینہی عنہما

۲۱۷

۱۱۶۳ — شرح : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا اثر اور حدیث دونوں کا مدلول یہ ہے کہ فرض و نفل میں سہو کا حکم مساوی ہے ؛ کیونکہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک وتر واجب نہیں اس کے باوجود اُنھوں نے وتر میں سجدہ سہو کیا" اور حدیث میں لفظِ صلوٰۃ فرض اور نفل دونوں کو شامل ہے . جمہور علماء کے نزدیک لفظِ صلوٰۃ مطلقاً فرض و نفل میں مشترک معنوی ہے" اس حدیث کی تفصیل حدیث ۱۱۶۲ کی تفہیم میں دیکھیں ۔

باب ۔ جب کسی سے کلام کیا جائے حالانکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو تو اپنے ہاتھ کے اشارہ سے جواب دے اور سُنے ۔

۱۱۶۴ — ترجمہ : کریب سے روایت ہے کہ ابن عباس ، مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہم نے اس کو ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اور کہا کہ ام المؤمنین کو ہم سب کی طرف سے سلام کہو اور ان سے عصر کی نماز کے بعد دو رکعتوں کے بارے میں دریافت کرو اور کہو ہمیں خبر ملی ہے کہ آپ عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھتی ہیں ؛ حالانکہ ہمیں یہ بھی خبر پہنچی ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منع فرمایا ہے" ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں عمر فاروق کے ساتھ یہ دو رکعتیں پڑھنے والے کو مارتا تھا" کریب نے کہا میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا اور ان کو وہ خبر پہنچا دی جس کے لئے اُنھوں نے مجھے بھیجا تھا" ام المؤمنین نے کہا ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھو (کریب نے کہا) میں ان حضرات کے پاس گیا اور ان کو ام المؤمنین کے کلام سے خبردار کیا پھر اُنھوں نے مجھے ام سلمہ کی طرف اس جیسا پیغام دے کر بھیجا جو ام المؤمنین کی طرف بھیجا تھا" ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ آپ ان سے منع فرماتے تھے پھر میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ عصر کی نماز کے بعد یہ پڑھتے ہیں جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جبکہ انصار کے قبیلہ بنی حرام کی چند عورتیں میرے پاس بیٹھی ہوئی تھیں" میں نے آپ کے پاس ایک لونڈی بھیجی اور اس سے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں کھڑی ہو کر کہو کہ ام سلمہ کہتی ہے یا رسُول اللہ ! میں نے آپ سے

marfat.com

ثُمَّ رَاَيْتُهُ يُصَلِّيهِمَا حِيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ عَلَيَّ وَعِنْدِيْ نِسْوَةٌ مِنْ بَنِيْ حَرَامٍ مِنَ الْاَنْصَارِ فَاَرْسَلْتُ اِلَيْهِ الْجَارِيَةَ
فَقُلْتُ قُوْمِيْ بِجَنْبِهِ قُوْلِيْ لَهُ تَقُوْلُ لَكَ اُمُّ سَلَمَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِعْتُكَ تَنْهٰى عَنْ هَاتَيْنِ وَاَرَاكَ تُصَلِّيْهِمَا فَاِنْ اَشَارَ بِيَدِهٖ
فَاسْتَاْخِرِيْ عَنْهُ فَفَعَلَتِ الْجَارِيَةُ فَاَشَارَ بِيَدِهٖ فَاسْتَاْخَرَتْ عَنْهُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ يَا بِنْتَ اَبِيْ اُمَيَّةَ سَاَلْتِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ
بَعْدَ الْعَصْرِ وَاِنَّهُ اَتَانِيْ نَاسٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ فَشَغَلُوْنِيْ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ فَهُمَا هَاتَانِ

سُنا ہے کہ آپ (عصر کی نماز کے بعد) دو رکعتوں سے منع فرماتے ہیں اور آپ کو دیکھی ہوں کہ آپ یہ پڑھتے ہیں اگر آپ دستِ اقدس سے اشارہ فرمائیں تو پیچھے ہٹ جانا۔ لونڈی نے ایسا ہی کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دستِ اقدس سے اشارہ فرمایا تو میں آپ سے پیچھے ہٹ گئی جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا! اے ابو امیہ کی بیٹی" تو نے عصر کی نماز کے بعد دو رکعتوں کے بارے میں پوچھا ہے قبیلہ عبدالقیس کے چند لوگ میرے پاس آئے انھوں نے مجھے دو رکعتیں پڑھنے سے روکے رکھا جو ظہر کے بعد والی ہیں۔ یہی وہ دو رکعتیں ہیں" (جو میں عصر کے بعد پڑھتا ہوں)

1164 — **شرح** : لونڈی نے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے وہی کلام کیا جو ام سلمہ نے اس سے کہا تھا (حالانکہ آپ نماز پڑھتے تھے) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ اقدس سے اشارہ فرمایا، باب کا عنوان بھی بعینہٖ یہی ہے "

عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھنا سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب ظہر کی دو سنتیں قضاء ہو جائیں تو ہم ان کو قضاء کریں؟ آپ نے فرمایا نہیں" نیز سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دو رکعتیں ہمیشہ پڑھتے تھے؛ حالانکہ قضا صرف ایک بار پڑھی جاتی ہے۔ معلوم ہوا کہ ان میں آپ کی خصوصیت ہے اور بعض شافعیہ کا یہ کہنا صحیح نہیں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء اصل ہے اور تخصیص کا اعتبار نہیں کیا جاتا جب تک خصوص کی کوئی دلیل نہ ہو۔ عدمِ صحت کی وجہ یہ ہے کہ ام سلمہ کی حدیث قوی تر دلیل ہے۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا یہ دو رکعتیں اس لئے پڑھتی تھیں کہ انھوں نے صرف آپ کا فعل دیکھا اور اس کی کیفیت کا ان کو علم نہ تھا اسی لئے ام سلمہ سے اس کی تبیین و وضاحت کے لئے استفسار کیا۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازی غیر کی آواز سُن سکتا ہے اور اس کا کلام سمجھ سکتا ہے اور یہ نماز کے منافی نہیں"۔ اور ہاتھ کا اشارہ خفیف عمل ہے اس سے نماز باطل نہیں ہوتی نیز یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ قاصد کے آداب سے یہ ہے کہ جس شئی کا اس کو قاصد نہیں بنایا گیا اس میں تصرف نہ کرے اسی لئے کریب سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس نہیں چلے گئے تھے بلکہ واپس لوٹے اور پھر ان کے کہنے پر ام سلمہ کے پاس گئے۔ نیز گھر میں نفل پڑھنے جائز ہیں" اور نمازی سے جب کچھ پوچھنا ہو تو اس کے پہلو میں کھڑا ہوتا کہ وہ آسانی سے اشارہ کر سکے" اور مہمان عورتوں کا اکرام کرنا چاہیئے اسی لئے ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے لونڈی کو سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور نمازیوں یعنی ہوئی مہمان عورتوں میں سے کسی کو نہ بھیجا۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

باب الاشارة فی الصلوٰة قال کریب عن ام سلمة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

١١٦٥ حدثنا قتیبة بن سعید قال حدثنا یعقوب بن عبد الرحمن عن ابی حازم عن سهل بن سعد الساعدی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلغه ان بنی عمرو بن عوف کان بینهم شئ فخرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلح بینهم فی اناس معه فحبس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحانت الصلوٰة فجاء بلال الی ابی بکر رضی اللہ عنه فقال یا ابا بکر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد حبس وقد حانت الصلوٰة فهل لک ان تؤم الناس فقال نعم ان شئت فاقام بلال وتقدم ابو بکر فکبر للناس وجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمشی فی الصفوف حتی قام فی الصف فاخذ الناس فی التصفیق وکان ابو بکر لا یلتفت فی صلاته فلما اکثر الناس التفت فاذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاشار الیه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامره ان یصلی فرفع ابو بکر یدیه فحمد اللہ وعرف القهقری وراءه حتی قام فی الصف فتقدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی للناس فلما فرغ اقبل علی الناس فقال یا ایها الناس مالکم حین نابکم شئ فی الصلوٰة اخذتم فی التصفیق انما التصفیق للنساء من نابه شئ فی صلاته فلیقل سبحان اللہ فانه لا یسمعه احد حین یقول سبحان اللہ الا التفت یا ابا بکر ما منعک ان تصلی للناس حین اشرت الیک فقال ابو بکر ما کان ینبغی لابن ابی قحافة ان یصلی بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

باب — نماز میں اشارہ کرنا

یہ کریب نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا"

ترجمہ : **١١٦٥** — سہل بن ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر ملی کہ بنی عمرو بن عوف میں جھگڑا ہو گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چند صحابہ کو ساتھ لے کر ان میں صلح کرانے تشریف لے گئے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہاں رکنا پڑا اور نماز کا وقت آگیا تو حضرت بلال نے حضرت ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہما) کے پاس آکر کہا اے ابوبکر! جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رکنا پڑ گیا ہے اور نماز کا وقت قریب آگیا ہے کیا آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں گے؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں اگر تم چاہتے ہو! حضرت بلال نے تکبیر کہی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور لوگوں کو نماز پڑھانے کے لئے اللہ اکبر کہا (اتنے میں) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور صفوں میں چلتے ہوئے پہلی صف میں کھڑے ہو گئے اور لوگ تصفیق میں شروع ہو گئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز میں کسی طرف متوجہ نہ ہوا کرتے تھے جب لوگوں نے بکثرت تصفیق کہنی شروع کی تو متوجہ ہوئے اور کیا دیکھتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر کو اشارہ فرمایا جبکہ

marfat.com

حدثنا یحیی بن سلیمان

۱۱۶۵ قال حدثنی ابن وھب قال حدثنی الثوری عن ھشام عن فاطمۃ عن اسماء قالت دخلت علی عائشۃ وھی تصلی قیاما والناس قیام فقلت ما شان الناس فاشارت برأسھا الی السماء فقلت ایۃ فاشارت برأسھا ای نعم۔

ان کو نماز پڑھاتے رہنے کا حکم فرماتے تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور اللہ کی حمد و ثنا کہی اور اُلٹے قدم پیچھے ہوئے حتیٰ کہ صف میں کھڑے ہوگئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور لوگوں کو نماز پڑھائی جب فارغ ہوئے تو فرمایا اے لوگو تمہیں کیا ہوگیا جب نماز میں کوئی بات پیش آئی تو تم نے تالی بجانی شروع کردی یہ تصفیق تو صرف عورتوں کے لیئے ہے جسے نماز میں کوئی بات پیش آئے تو سبحان اللہ کہنا چاہیئے، کیونکہ جب کوئی سبحان اللہ کہے تو اس کو کوئی نہ سُنے گا مگر اس طرف متوجہ ہوگا اے ابابکر تمہیں لوگوں کو نماز پڑھانے سے کس نے منع کیا تھا جبکہ میں نے تمہیں اشارہ کیا تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا ابوقحافہ کے بیٹے کے لئے مناسب نہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نماز پڑھائے۔"

شرح : علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا۔ اس حدیث سے بعض نماز ایک امام کے ساتھ اور بعض دوسرے امام کے ساتھ پڑھنے کا جواز ثابت ہوتا ہے اور ایک شخص بعض نماز میں امام اور بعض میں مقتدی ہوسکتا ہے" اور نماز میں عمل یسیر جائز ہے" جب نماز میں کوئی حادثہ پیش آئے تو مرد سبحان اللہ کہیں اور عورتیں تالی بجائیں۔ حدوثِ نعمت کے وقت اُس کا شکر ادا کرنے کے لئے نماز میں دعا کرنا اور اس کے لئے ہاتھ اُٹھانا جائز ہے، رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز امت کی اقتداء میں جائز ہے۔

۱۱۶۵ —

۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں صبح کی نماز پڑھی جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر رضی اللہ عنہ کی امامت سے راضی تھے۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اشارہ ہونے کے باوجود حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مصلیٰ سے تواضع اور انکساری کی وجہ سے ہٹ گئے اور اُنھوں نے یہ خیال کیا کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم صفوں کو چیرتے ہوئے پہلی صف میں تشریف لائے ہیں۔ اس سے آپ کا ارادہ امامت کا ہے ورنہ آگے تشریف نہ لاتے اور پیچھے ہی ان کی اقتداء میں نماز پڑھتے جیسے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پیچھے صبح کی نماز پڑھی تھی" اور آپ کا امر ایجاب کے لئے نہیں تھا، ورنہ وہ کبھی حکم کی مخالفت نہ کرتے اس میں سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بہت بڑی فضیلت ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم!

ترجمہ : اسماء رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی اور وہ کھڑی نماز پڑھ رہی تھیں اور لوگ بھی کھڑے نماز پڑھتے تھے۔ میں نے کہا لوگوں کا کیا حال ہے اُنھوں نے اپنے سر سے آسمان کی طرف اشارہ کیا میں نے کہا کوئی علامت ہے؟ اُنھوں نے سر کے اشارہ سے کہا ہاں!

۱۱۶۶ —

marfat.com

۱۱۶۷ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِهِ وَهُوَ شَاكٍّ جَالِسًا وَصَلَّى وَرَاءَهُ قَوْمٌ قِيَامًا فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ أَنِ اجْلِسُوا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ إِنَّمَا جُعِلَ الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا

۱۱۶۷ — ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا زوجۂ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر بیٹھ کر نماز پڑھی جبکہ آپ بیمار تھے اور آپ کی اقتداء میں لوگوں نے کھڑے ہو کر نماز شروع کی آپ نے ان کو اشارہ کیا کہ بیٹھ جاؤ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا امام اس لئے بنایا جاتا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے وہ جب رکوع کرے تو تم رکوع کرو وہ جب سر اٹھائے تو تم سر اٹھاؤ "۔

۱۱۶۶ ، ۱۱۶۷ — **شرح** : جمہور علماء نے کہا یہ (۱۱۶۷) حدیث منسوخ ہے ؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس مرض میں انتقال فرمایا۔ اس میں آپ نے بیٹھ کر نماز پڑھی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے پیچھے کھڑے تھے۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا نماز میں مُفہِم اشارہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام شافعی کے نزدیک اس سے نماز باطل نہیں ہوتی ؛ کیونکہ اشارہ بھی عضو کی حرکت ہے جب باقی اعضاء کی حرکت مفسد نہیں تو اس سے بھی نماز باطل نہیں ہوتی۔ امام (ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا یہ اشارہ نماز کو ختم کر دیتا ہے ؛ کیونکہ یہ کلام کے حکم میں ہے (کرمانی) واللہ تعالیٰ اعلم بفضلہ تعالیٰ کتاب الصلوٰۃ ختم ہوئی۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْكَائِنَاتِ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ الطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبَاتِ أَجْمَعِينَ !

marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

كِتَابُ الْجَنَائِزِ

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْجَنَائِزِ وَمَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَقِيلَ لِوَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ أَلَيْسَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِفْتَاحَ الْجَنَّةِ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لَيْسَ مِفْتَاحٌ إِلَّا وَلَهُ أَسْنَانٌ فَإِنْ جِئْتَ بِمِفْتَاحٍ لَهُ أَسْنَانٌ فُتِحَ لَكَ وَإِلَّا لَمْ يُفْتَحْ لَكَ حَدَّثَنَا

١١٦٨ مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَاصِلٌ الْأَحْدَبُ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَانِي آتٍ مِنْ رَبِّي فَأَخْبَرَنِي أَوْ قَالَ بَشَّرَنِي أَنَّهُ مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِي لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقُلْتُ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قَالَ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب الجنائز

یہ باب جنائز کے بارے میں ہے اور جس کا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہو

وہب بن منبہ سے کہا گیا کیا لا الہ الا اللہ جنت کی کنجی نہیں ؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں لیکن کوئی کنجی نہیں مگر اس کے دندانے ہوتے ہیں اگر تو ایسی کنجی لائے جس کے دندانے ہوں تو تالا کھل جائیگا ورنہ نہیں کھلے گا،

ترجمہ : ابو ذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

١١٦٨ — نے فرمایا میرے پاس میرے رب کی طرف سے کوئی آنے والا آیا " اور مجھے خبر دی یا فرمایا مجھے خوشخبری دی کہ جو کوئی میری امت سے مرجائے جبکہ اس نے اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک نہ بنایا ہو وہ جنت میں داخل ہوگا ۔ میں نے کہا اگرچہ زنا کرے اگرچہ چوری کرے کہا اگرچہ وہ زنا اور چوری کرے !

شرح : جنائز جنازہ کی جمع ہے ۔ جنازہ کی جیم مفتوح و مکسور پڑھی جاتی

١١٦٨ — ہے ، لیکن جیم مفتوح ہونے کی صورت میں اس کا معنیٰ میت ہے اور مکسور ہونے کی تقدیر پر اس کا معنیٰ نعش اور تخت ہے جس پر میت اٹھائی جاتی ہے ۔ اس کے برعکس بھی کہا جاتا ہے " یہ جَنز سے مشتق ہے " کتاب الجنائز کو صلوٰۃ و زکوٰۃ کے درمیان اس لئے ذکر کیا کہ میت کی تجہیز و تکفین وغیرہ

marfat.com

اس پر نماز پڑھنے کے لئے کی جاتی ہے ؛ کیونکہ اس کو دعاء سے فائدہ ہوتا ہے اور وہ عذابِ قبر وغیرہ سے خلاصی پاتا ہے۔ نیز انسان کی دو حالتیں ہیں حیات کی حالت اور موت کی حالت اور ہر ایک کے احکام ہیں جو عبادات و معاملات سے تعلق رکھتے ہیں۔ عبادات سے نماز جو زندوں سے متعلق ہے سے فارغ ہونے کے بعد مُردوں سے متعلق نماز کے احکام ذکر کرتے ہیں۔ قولہ "من کان آخر کلامہ لا الہ الا اللہ" کا جواب حدیث میں مذکور ہے یعنی جس کا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہو وہ جنت میں داخل ہوگا "۔ ابوداؤد میں ہے "مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ" علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا "لا الہ الا اللہ" سے مراد شہادتین ہیں یعنی مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ" باب کے عنوان سے بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہے کہ جو مشرک لا الہ الا اللہ کہے اور اسی پر مرجائے اور کسی کو اللہ کا شریک نہ بنائے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اس تقدیر پر حدیث کا محمل مشرکین ہیں ؛ کیونکہ جب وہ لا الہ الا اللہ" کہیں تو ان کو مسلمان کہا جائے گا اور اسی پر مریں تو جنت میں داخل ہوں گے اور جو لوگ لا الہ الا اللہ" تو پڑھتے ہیں مگر نبوت کے منکر ہیں یا صرف عربوں کے لئے ہی بعثت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے قائل ہیں ان کے لئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہنا ضروری ہے اور دینِ اسلام کے سوا ہر دین سے بیزاری کا اظہار لازم ہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کی مراد یہ ہو کہ جو کوئی موت کے وقت اخلاص سے لا الہ الا اللہ کہے اس کے پہلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور وہ جنت میں داخل ہوگا ؛ کیونکہ اخلاص توبہ اور ندامت کو مستلزم ہے بشرطیکہ موت تک اس پر قائم رہے ؛ اگرچہ موت کے وقت لا الہ الا اللہ نہ کہا ہو ؛ کیونکہ اسلام نطقی اور حکمی میں کوئی فرق نہیں" علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ظاہر یہ ہے کہ حدیث میں مفتاح کے ساتھ انسان کی قید مدرج ہے اور مفتاح سے اشارہ اس طرف ہے کہ جو کوئی یہ قول کرے وہ جنت میں داخل ہونے پر قادر ہو جاتا ہے" اس سے حقیقی مفتاح مراد نہیں جس کے دندانے ہوتے ہیں اور اگر انسان سے مراد عمل ہوں تو لازم آئے گا کہ جو کوئی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اخلاص سے پڑھے اور اسی پر مرجائے اور کوئی نیک عمل نہ کیا ہو وہ جنت میں داخل نہ ہوگا جیسے رافضی اور اکثر خارجی کہتے ہیں کہ جو مسلمان کبائر کے مرتکب ہوں وہ اپنے گناہوں کے سبب ہمیشہ کے لئے دوزخ میں رہیں گے ؛ حالانکہ قرآن کریم صراحۃً اس عقیدہ والوں کی تردید کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ" اور باب میں مذکور حدیث بھی ان کی تردید کرتی ہے۔ صحیح مسلم میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جو شخص مرجائے اور وہ یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ جنت میں داخل ہوگا" اس حدیث ع ۱۱۶۸ میں اہل سنت و جماعت کے مذہب کی دلیل ہے کہ بڑے بڑے گنہگار ہمیشہ دوزخ میں نہ رہیں گے اور اگر دوزخ میں داخل ہوں تو پھر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے باہر آجائیں گے" ظاہر حدیث سے بعض جاہل یہ سمجھتے ہیں کہ چوری زنا کرنے میں کوئی حرج نہیں سب جنت میں داخل ہوں گے۔ یہ مفہوم درست نہیں ؛ کیونکہ صرف ایمان پر مرنے سے حقوق العباد ساقط نہیں ہوتے اور ان کے عدمِ سقوط کو یہ بھی لازم نہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کو جنت میں داخل کرنا چاہے اس کو بخش نہیں سکتا۔ اسی لئے سرورِ کائنات صلی اللہ

marfat.com

حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنَا ۱۱۶۹
شَقِيقٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ دَخَلَ النَّارَ وَقُلْتُ أَنَا مَنْ مَاتَ
لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ **بَابُ الْأَمْرِ بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ** حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ۱۱۷۰
عَنِ الْأَشْعَثِ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ أَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ وَنَهَانَا
عَنْ سَبْعٍ أَمَرَنَا بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَعِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَإِجَابَةِ الدَّاعِي وَنَصْرِ الْمَظْلُومِ وَإِبْرَارِ الْقَسَمِ وَرَدِّ السَّلَامِ وَتَشْمِيتِ
الْعَاطِسِ وَنَهَانَا عَنْ آنِيَةِ الْفِضَّةِ وَخَاتَمِ الذَّهَبِ وَالْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ وَالْقَسِّيِّ وَالْإِسْتَبْرَقِ

علیہ وسلم نے ابو ذر رضی اللہ عنہ کے استبعاد کی علی رغم انف ابی ذر کے الفاظ سے تردید فرمائی" اور "دخل الجنۃ" سے یہ بھی مراد لینا ممکن ہے کہ اخلاص کے ساتھ لا الہ الا اللہ پڑھنے والا اولاً جنت میں داخل ہوگا یا اپنے گناہوں کی سزا بھگت کر جنت میں داخل ہوگا وہ ہمیشہ کے لئے دوزخ میں نہ رہے گا" واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

۱۱۶۹ — حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مرجائے حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک بناتا ہے وہ دوزخ میں داخل ہوگا اور میں کہتا ہوں کہ جو کوئی مرجائے اور وہ اللہ کا کسی کو شریک نہیں بناتا وہ جنت میں داخل ہوگا"

۱۱۶۹ — **شرح** : اس حدیث کی مناسبت عنوان کے ساتھ ظاہر ہے : کیونکہ جو مشرک مرے وہ دوزخ میں داخل ہوگا اس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ جو کوئی مرے اور اللہ کا شریک نہ بناتا ہو وہ جنت میں داخل ہوگا"

کیونکہ شرک کے انتفاء سے دخولِ نار کا انتفاء ہوتا ہے اور جب دخولِ نار کا انتفاء ہوا تو دخولِ جنت ضروری ہے جبکہ یہاں تیسری کوئی شئی نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذالک لمن یشاء" واللہ اعلم!

باب — جنازوں کے پیچھے پیچھے چلنے کا حکم

۱۱۷۰ **ترجمہ** حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو سات چیزوں کا حکم دیا اور سات سے منع کیا۔ آپ نے ہم کو جنازوں کے پیچھے چلنے، بیمار کی عیادت، دعوت قبول کرنے مظلوم کی مدد کرنے، قسم کو پورا کرنے، سلام کا جواب دینے اور چھینک لینے والے کی چھینک کا جواب دینے کا حکم فرمایا اور چاندی کے برتنوں، سونے کی انگوٹھی، حریر، دیباج، قسی اور استبرق پہننے سے ہم کو منع فرمایا"

marfat.com

۱۱۷۰ — شرح : اتباع الجنائز کا معنی یہ ہے کہ جنازے کے پیچھے چلنا اور اس پر نماز پڑھنے کے بعد دفن تک اس کے ساتھ چلنا ، جمہور علماء کے نزدیک نمازِ جنازہ فرض کفایہ ہے اور جنازے کے ساتھ چلنے اور نماز پڑھنے سے صرف ایک قیراط ثواب حاصل ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے دفن کرنے میں شرکت کرنے میں دو قیراط ثواب حاصل ہوتا ہے اور ہمارے نزدیک دفن کرنے کے بعد قبر پر میت کو تلقین کرنے میں تین قیراط ثواب حاصل ہوتا ہے" احناف کے مذہب میں جنازے کے پیچھے چلنا افضل ہے۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کے نزدیک جنازے کے قریب قریب اس کے آگے چلنا افضل ہے اور مالکیہ کا مشہور مذہب وہی ہے جو احناف کا مذہب ہے۔ شافعیہ کے نزدیک جنازے کے آگے چلنا افضل ہے" ابوداؤد میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے ۔ اُنہوں نے کہا میں نے ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو جنازے کے آگے آگے چلتے دیکھا" امام ترمذی نے زہری سے بھی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مذکور روایت ذکر کی کہ عبداللہ بن عمر نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ، ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ وہ جنازے کے آگے آگے چلتے تھے اور نسائی اور ابن ماجہ نے بھی اس طرح کی روائت کی ہے" امام ابوحنیفہ، ابو یوسف اور محمد رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے کہ جنازے کے پیچھے چلنا افضل ہے ابوداؤد نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنازہ کے ساتھ نوحہ کی آواز اور آگ نہ لے جاؤ ہارون بن عبداللہ نے اس میں یہ اضافہ ذکر کیا کہ جنازے کے آگے نہ چلو" ابن عدی ۔ کامل نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جنازے کے پیچھے چلا کرتے تھے" شیخ عبدالرزاق نے مصنف میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جنازے کے پیچھے چلنے کی اس کے آگے چلنے پر وہ فضیلت ہے جو فرض نماز کو نفل نماز پر فضیلت حاصل ہے۔ اُنھوں نے اسے مرفوع کیا" نیز شیخ عبدالرزاق نے طاؤس سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنازے کے پیچھے چلتے تھے حتیٰ کہ وفات فرما گئے ، دارقطنی نے عبیداللہ بن کعب بن مالک کی حدیث ذکر کی کہ ثابت بن قیس نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میری والدہ فوت ہوگئی ہے اور وہ نصرانیہ تھی اس کو یہ پسند تھا کہ میں اس کے جنازے کے ساتھ ہوں ۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سواری پر سوار ہو کر اس کے آگے آگے چلو اس وقت تم اس کے ساتھ شمار نہ ہوگے"

ابن ابی شیبہ نے عبداللہ بن عمرو بن عاص سے روائت کی کہ عمرو بن عاص نے عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ جنازے کے پیچھے چلا کرو ؛ کیونکہ اس کے آگے فرشتے ہوتے ہیں ۔

مریض کی بیمار پُرسی سُنّت ہے بعض علماء اسے واجب کہتے ہیں وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث (۱۱۷۱) سے استدلال کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں ان میں مریض کی عیادت کو ذکر فرمایا" دعوت قبول کرنا ہمارے مذہب میں مستحب ہے بعض علماء اس کو واجب کہتے ہیں ؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جو کوئی دعوت قبول نہ کرے وہ ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کا نافرمان ہے" افضل یہ ہے کہ جب ولیمہ میں غنی اور فقیر سب کو بلایا جائے تو دعوت قبول کرے وہ اگر روزہ سے ہو تو افطار کر دے اور پھر اس کی قضاء کرے جبکہ عدمِ افطار سے صاحب دعوت کو صدمہ پہنچتا ہو" مظلوم کی مدد کرنا فرض ہے

marfat.com

۱۱۷۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ خَمْسٌ رَدُّ السَّلَامِ وَعِیَادَةُ الْمَرِیْضِ وَاِتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ وَاِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَتَشْمِیْتُ الْعَاطِسِ تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَرَوَاهُ سَلَامَةُ عَنْ عُقَیْلٍ

جبکہ اس کی قدرت ہو اور اس کی بات مانی جاتی ہو" بخاری اور ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے بھائی ظالم اور مظلوم کی مدد کرو،، ظالم کو ظلم سے روکنا اس کی امداد ہے" قسم کا پورا کرنا مکارمِ اخلاق سے ہے جبکہ قسم جائز امر میں ہو،، سلام کا جواب دینا فرض کفایہ ہے ہر سننے والے پر سلام کا جواب فرض ہے۔ اگر بعض نے جواب دے دیا تو دوسروں سے جواب ساقط ہو جاتا ہے۔ سلام کرنا سنت ہے اور اس کا جواب فرض ہے" اگر بچہ نے سلام کا جواب دیا تو صحیح نہیں جبکہ وہ عاقل نہ ہو اگر عاقل ہو تو اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ عورت کو مرد کے سلام کا جواب دینا واجب ہے وہ آواز بلند نہ کرے اگر عورت سلام کرے تو اگر وہ بوڑھی ہو تو جواب دیا جائے۔ اگر نوجوان ہو تو آہستہ جواب دے جسے وہ نہ سنے" چھینک کے جواب میں بھی یہی تفصیل ہے" سونے چاندی کے برتنوں کا استعمال مرد و زن کے لئے حرام ہے اس میں سب کا اتفاق ہے" سونے کی انگوٹھی مردوں کے لئے حرام ہے اور چاندی کی جائز ہے اور وہ مثقال کے وزن کے برابر یا اس سے کم وزنی ہو۔ بادشاہ، قاضی اور مفتی حضرات کو اس کی ضرورت عام ہوتی ہے۔ جن کو اس کی ضرورت نہ ہو ان کو انگوٹھی نہ پہننا بہتر ہے۔ ریشم مردوں کے لئے حرام اور عورتوں کے لئے جائز ہے۔ "حریر" ریشم ہے دیباج، قسی اور استبرق کو شامل ہے۔ حریر کے بعد ان کا ذکر "ذکر الخاص بعد العام" کے قبیلہ سے ہے اور ان کے نام مختلف ہونے سے وہ حریر سے خارج نہیں ہوتے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں سلام کا جواب دینا، مریض کی عیادت کرنا، جنازے کے پیچھے چلنا، دعوت کا قبول کرنا، چھینک لینے والے کا جواب دینا" عمر بن ابی سلمہ کی عبدالرزاق نے متابعت کی اور کہا ہمیں معمر نے خبر دی اور اس حدیث کی سلامہ بن خالد بن عُقیل نے عقیل سے روائت کی۔"

۱۱۷۱ — شرح : علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ تمام اسلام کے حقوق ہیں، ان میں تمام مسلمان مساوی ہیں۔ اگرچہ وہ نیک و بہوں البتہ نیک مسلمانوں سے خوشی کا اظہار کرنا چاہیے اور ان سے مصافحہ وغیرہ مستحسن ہے اور فاسق و فاجر سے ایسا نہیں کرنا چاہیئے" حق سے مراد یہ ہے کہ مسلمانوں کا احترام ہو اور ان سے میل جول اچھا ہو۔ حق کا معنی واجب نہیں اس کی نظیر "حق علی المسلم

marfat.com

بَابُ الدُّخُوْلِ عَلَى الْمَيِّتِ بَعْدَ الْمَوْتِ إِذَا أُدْرِجَ فِي أَكْفَانِهِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا
١١٧٢ مَعْمَرٌ وَيُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُوْ سَلَمَةَ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ قَالَتْ أَقْبَلَ
أَبُوْ بَكْرٍ عَلَى فَرَسِهِ مِنْ مَسْكَنِهِ بِالسُّنْحِ حَتَّى نَزَلَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمْ يُكَلِّمِ النَّاسَ حَتَّى دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ فَتَيَمَّمَ النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسَجًّى بِبُرْدِ حِبَرَةٍ فَكَشَفَ عَنْ وَجْهِهِ ثُمَّ أَكَبَّ عَلَيْهِ فَقَبَّلَهُ ثُمَّ بَكَى فَقَالَ بِأَبِي أَنْتَ
يَا نَبِيَّ اللّٰهِ لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ أَمَّا الْمَوْتَةُ الَّتِي كُتِبَتْ اللّٰهُ عَلَيْكَ فَقَدْ مُتَّهَا قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ فَأَخْبَرَنِي
ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ يُكَلِّمُ النَّاسَ فَقَالَ اجْلِسْ فَأَبَى فَقَالَ اجْلِسْ فَأَبَى فَتَشَهَّدَ أَبُوْ بَكْرٍ فَمَالَ إِلَيْهِ النَّاسُ
وَتَرَكُوْا عُمَرَ فَقَالَ أَمَّا بَعْدُ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّ اللّٰهَ
حَيٌّ لَا يَمُوْتُ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ إِلَى الشَّاكِرِيْنَ وَاللّٰهِ لَكَأَنَّ النَّاسَ
لَمْ يَكُوْنُوْا يَعْلَمُوْنَ أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ حَتَّى تَلَاهَا أَبُوْ بَكْرٍ فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ فَمَا يُسْمَعُ بَشَرٌ إِلَّا يَتْلُوْهَا

ان یغتسل کل جمعة" ہے یعنی مسلمان کے لئے مستحسن امر یہ ہے کہ وہ ہر جمعہ کو غسل کرے"
امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سلامہ کا عُقیل سے سماع ثابت ہے۔ ابوزرعہ سے سلامہ کے متعلق دریافت کیا گیا تو اُنھوں نے کہا وہ ضعیف اور منکر الحدیث ہے"

باب ـــــ میّت کے پاس اس کی موت کے بعد جانا جبکہ اس کو کفن میں رکھ دیا گیا ہو"

١١٧٢ ـــــ ترجمہ : ابوسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبیٔ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے گھوڑے پر سوار اپنے گھر سے جو سنح میں تھا تشریف لائے اور سواری سے اُتر کر مسجد میں داخل ہوئے اور لوگوں سے کوئی بات نہ کی حتیٰ کہ اُم المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قصد کیا آپ کو یمنی لکیر دار چادر سے ڈھانپا گیا تھا اُنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ انور سے کپڑا اُٹھایا پھر آپ پر جھکے اور آپ کے چہرۂ انور کو بوسہ دیا پھر رو پڑے" اور کہا یا نبی اللہ! میرا باپ آپ پر قربان ہو اللہ تعالیٰ آپ پر دو موتیں جمع نہیں کرے گا"، بہرحال ایک دفعہ موت جو آپ کے مقدر تھی وہ تو ہو چکی۔ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے مجھے خبر دی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ باہر نکلے جبکہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ لوگوں سے گفتگو کر رہے تھے اور کہا راے عمر بیٹھ جاؤ حضرت عمر فاروق نے بیٹھنے سے انکار کر دیا پھر کہا بیٹھ جاؤ اُنھوں نے بیٹھنے سے انکار کیا" ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خطبہ دینا شروع کیا تو سارے

marfat.com

حدثنا یحیی بن بکیر قال حدثنا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب قال اخبرنی خارجۃ بن زید بن ثابت ان ام العلاء امرأۃ
۱۱۷۳ من الانصار بایعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخبرتہ انہ اقتسم المہاجرون قرعۃ فطار لنا عثمان بن مظعون
فانزلناہ فی ابیاتنا فوجع وجعہ الذی توفی فیہ فلما توفی وغسل وکفن فی اثوابہ دخل رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فقلت رحمۃ اللہ علیک ابا السائب فشہادتی علیک لقد اکرمک اللہ فقال النبی صلی اللہ علیہ
وسلم وما یدریک ان اللہ اکرمہ فقلت بابی انت یا رسول اللہ فمن یکرمہ اللہ فقال اما ہو فقد جاءہ
الیقین واللہ انی لارجو لہ الخیر واللہ ما ادری وانا رسول اللہ ما یفعل بی قالت فواللہ لا ازکی احدا بعدہ

ابدا

لوگ ان کی طرف متوجہ ہوگئے اور عمر فاروق کو چھوڑ دیا" ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا "اَمَّا بَعْدُ" تم میں سے جو کوئی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا تھا تو جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصال فرما گئے ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا بے شک اللہ تعالیٰ زندہ ہے اس کو موت نہیں" اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" محمد نہیں مگر اللہ کا رسول ہے شاکرین تک پڑھا" اللہ کی قسم گویا کہ لوگ پہلے جانتے ہی نہ تھے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ہے حتیٰ کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو پڑھا ان سے لوگوں نے یہ آیت سیکھی اور کسی شخص کو نہ سنا گیا مگر وہ یہ آیت پڑھتا تھا"

۱۱۷۲ — شرح: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سنح میں رہتے تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر سے ایک میل دور تھا" انھوں نے آتے ہی سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا" نسائی نے اس کی تصریح کی ہے" ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ابوبکر رضی اللہ نے (لا یجمع اللہ علیک موتتین) اس لئے کہا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ عنقریب اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اٹھائے گا اور آپ لوگوں کے ہاتھ پاؤں قطع کریں گے" تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ کہا یعنی دنیا میں آپ کو صرف ایک موت آنی تھی جو آگئی ہے"

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ میت کو بوسہ دینا جائز ہے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر فاروق سے زیادہ عالم تھے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نزدیک وہ بڑے معظم و معزز تھے اسی لئے وہ تمام ان کی طرف متوجہ ہوگئے" میت کو کپڑے سے ڈھانپنا مستحب ہے اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ افضل کی موجودگی میں مفضول کی تقلید ترک کر دینی چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

۱۱۷۳ — ترجمہ: خارجہ بن زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ قبیلہ انصار کی ایک عورت اُمّ العلاء جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی تھی نے خبر دی کہ مہاجروں کو قرعہ اندازی کے ساتھ تقسیم کیا گیا تو ہمارے حصہ میں عثمان بن مظعون آئے۔ ہم نے ان کو اپنے گھروں میں اُتارا اور وہ بیماری میں مبتلاء ہوگئے جس میں وہ فوت ہوگئے وہ جب فوت ہوئے اور ان

marfat.com

کو غسل دیا گیا اور کفن پہنایا گیا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ میں نے کہا اے ابا سائب تجھ پر اللہ کی رحمت ہو تیرے لئے میری شہادت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے عزت بخشی ہے (یہ سن کر) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھے کس نے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو عزت بخشی ہے۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ! میرا باپ آپ پر فدا ہو پھر اللہ تعالیٰ کس کو عزت دے گا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہرحال عثمان بن مظعون پر موت آئی ہے اللہ کی قسم میں اس کے لئے خیر کی اُمید رکھتا ہوں اللہ کی قسم میں نہیں جانتا ہوں حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ ام العلاء رضی اللہ عنہا نے کہا اللہ کی قسم اس کے بعد میں کبھی کسی کا تزکیہ نہ کروں گی۔

۱۱۷۳ــــ شرح : حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ تیرہ (۱۳) صحابہ کرام کے بعد مسلمان ہوئے اُنھوں نے دو ہجرتیں کیں اور جنگِ بدر میں حاضر ہوئے مہاجرین میں سے سب سے پہلے وہ فوت ہوئے ان کی وفات مدینہ منورہ میں ہوئی وہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی تھے" مدینہ منورہ میں جب مہاجرین کو انصار میں قرعہ اندازی کے ساتھ تقسیم کیا گیا تو وہ ام العلاء انصاریہ کے حصہ میں آئے جب وہ فوت ہوئے تو ان کے اچھے اخلاق پاکدامنی نیک سیرت اور زہد و تقویٰ کے پیش نظر اُس نے اپنے اندازے اور قیاس و عقل کے ساتھ کہا کہ عثمان جنتی ہے حالانکہ قیاس و عقل اور دیگر امور کی وجہ سے کسی کو قطعی طور پر جنتی کہنا صحیح نہیں کیونکہ اس کا فیصلہ صرف بطریق وحی ہو سکتا ہے اسی لئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام العلاء کے قیاس کی تردید کی اور فرمایا میں اللہ کا رسول ہونے کے باوجود محض عقل اور قیاس سے یہ حکم نہیں کر سکتا جبکہ اس کا طریقہ صرف وحی ہے" اسی لئے فرمایا کہ بحسابِ عقل و قیاس میں بھی اپنے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتا ہوں" حالانکہ یہ مسلم الثبوت ہے کہ ساری کائنات آپ کے نور سے پیدا ہوئی اور تخلیقِ آدم سے پہلے آپ نبی تھے۔ خداوند قدوس آپ کی رضا چاہتا ہے" عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا" آپ کی شان میں نازل ہوئی وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى" آپ کی شان ہے اس کلام سے پہلے آپ نے آسمانوں کی سیر بھی فرمالی تھی اور مولیٰ کریم سے غیر متناہی انعامات بھی حاصل کر لئے تھے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ" کے مقدس خطاب سے سرفراز ہو چکے تھے" ان حالات کے باوجود آپ کا یہ ارشاد فرمانا صرف عقلی قیاسات کی نفی کے لئے ہے اور لاادری اس کی واضح دلیل ہے" اس کے علاوہ انبیاء کرام علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے حضور بے خوف ہوتے ہیں۔ قرآن کریم میں ہے" یا موسیٰ لا تخف انی لا یخاف لدی المرسلون" آخر یہ بھی تو ایک معاملہ ہے جو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں معلوم ہوا کہ لاادری سے صرف حسابِ عقل کی نفی مطلوب ہے۔ اسی طرح حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ مہاجر اور بدری ہیں۔ مہاجرین کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ ان سے راضی ہے اور اہلِ بدر کے حق میں فرمایا: اے بدر والو جو چاہو کرو اللہ تعالیٰ نے تمہیں بخش دیا ہے یہ ایسے امور ہیں جو بطریقِ وحی ہی معلوم ہو سکتے ہیں عقل و قیاس کو ان میں کوئی دخل نہیں" الحاصل سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اس ذات ستودہ صفات کی خبر ہے جو وحی کے بغیر اپنی خواہش سے کلام نہیں کرتے اور ام العلاء کا کلام الساسنہ لہٰذا ان دونوں میں عظیم ترفرق ہے

marfat.com

حدثنا سعید بن عفیر قال حدثنا اللیث مثلہ وقال نافع بن یزید عن عقیل ما یفعل بہ وتابعہ ۱۱۷۴
شعیب وعمرو بن دینار ومعمر حدثنی محمد بن بشار قال حدثنا غندر قال حدثنا شعبۃ قال سمعت ۱۱۷۵
محمد بن المنکدر قال سمعت جابر بن عبد اللہ قال لما قتل ابی جعلت اکشف الثوب عن وجھہ ابکی
وینھونی والنبی صلی اللہ علیہ وسلم لا ینھانی فجعلت عمتی فاطمۃ تبکی فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم تبکین
او لا تبکین فما زالت الملائکۃ تظلہ باجنحتھا حتی رفعتموہ وتابعہ ابن جریج قال اخبرنی محمد بن المنکدر
سمع جابرا باب الرجل ینعی الی اھل المیت بنفسہ حدثنا اسمٰعیل قال حدثنی مالک عن ۱۱۷۶

۱۱۷۴ — ترجمہ: سعید بن عفیر نے کہا مجھ سے لیث نے اس جیسی روایت کی اور نافع بن زید نے عقیل سے "ما یفعل بہ" روایت کی (عثمان کے ساتھ کیا جائے گا) شعیب، عمرو بن دینار اور معمر نے اس کی متابعت کی"

۱۱۷۵ — حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جب میرا باپ شہید ہو گیا میں روتے ہوئے اس کے چہرے سے کپڑا ہٹانے لگا اور لوگ مجھ کو اس سے منع کرنے لگے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے منع نہ کرتے تھے میری پھوپھی فاطمہ رونے لگی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اے فاطمہ) تو روئے یا نہ روئے فرشتے اپنے پروں سے اس پر سایہ کئے رہے — حتیٰ کہ تم نے اسے اٹھا لیا، عبد الملک بن عبد العزیز بن جریج نے شعبہ کی متابعت کی .. انھوں نے کہا مجھے محمد بن منکدر نے خبر دی کہ انھوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا ہے!

۱۱۷۴، ۱۱۷۵ — مشرح: قولہ قال نافع الخ اس تعلیق سے اس طرف اشارہ کیا کہ لیث کی روایت میں "ما یفعل بہ" محفوظ ہے اور یہی درست ہے ما یفعل بی درست نہیں واللہ تعالیٰ اعلم! حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کے والد عبد اللہ جنگِ اُحد میں شہید ہو گئے تھے اور مشرکوں نے ان کی ناک، کان وغیرہ سب کاٹ کر مثلہ بنا دیا تھا جنگِ احد تین ہجری کو شوال کے مہینہ میں ہوئی تھی .. قولہ تبکین او لا تبکین" راوی کا شک نہیں بلکہ یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام شریف ہے" جس میں رونے اور نہ رونے کو برابر فرمایا ہے یعنی تو روئے یا نہ روئے فرشتے تو اس پر سایہ کئے رہے ہیں .. اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے محض رونا جس میں نوحہ نہ ہو ممنوع نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم ..

باب — خود مرد میت کے گھر والوں کو اس کی موت کی خبر دے"

۱۱۷۶ — ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کے مرنے کی خبر اسی روز دی جس۔

marfat.com

ابن شہاب عن سعید بن المسیب عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعی النجاشی فی الیوم الذی توفی فیہ خرج الی المصلی فصف بہم وکبر اربعا

وہ فوت ہوا آپ عیدگاہ کی طرف تشریف لے گئے اور لوگوں کی صف بندی کی اور چار تکبیریں کہیں۔

شرح ۱۱۰۷۶ — نجاشی حبشہ کے بادشاہ کو کہا جاتا ہے اس نجاشی کا نام اصحمہ بن ابجری تھا" طبقات ابن سعد میں ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم "چھ" ہجری میں حدیبیہ سے واپسی کے بعد سات ہجری کو ماہِ محرم میں عمرو بن امیہ ضمری کو خط دے کر نجاشی کے پاس بھیجا نجاشی نے خط پکڑ کر اپنی آنکھوں پہ لگایا اور تختِ شاہی سے اُتر کر زمین پر بیٹھ گیا پھر حضرت جعفر بن ابی طالب کے ہاتھ پر مشرف باسلام ہوا جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نو ہجری کو تبوک سے واپس ہوئے تو نجاشی کا انتقال ہوگیا اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو اس کی وفات کی خبر دی اور بقیع میں اس کی نمازِ جنازہ پڑھی اور چار تکبیریں کہیں" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی شخص کی وفات کا اعلان کرنا جائز ہے اور متاخرین نے اس کو مستحسن کہا ہے تاکہ نمازی زیادہ ہوجائیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا اس میں کوئی حرج نہیں" سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ، عبداللہ بن رواحہ اور جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہم کی وفات کا اعلان فرمایا جبکہ وہ موتہ میں شہید ہوگئے تھے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا تو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا "وا ابتاہ من دبہ ماادناہ وا ابتاہ الی جبرائیل ننعاہ" اور مرثیہ پڑھا جو مشہور ہے۔ نیز صحیح بخاری میں ہے کہ رات کو ایک شخص فوت ہوگیا اور صحابہ کرام نے اس کو جنازہ پڑھ کر رات ہی دفن کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم نے مجھے خبردار کیوں نہیں کیا" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان کی موت کا اعلان کرنا جائز ہے اور جس حدیث میں اس کی نہی مذکور ہے۔ وہ جاہلیت کے طریقہ پر اعلان پر محمول ہے" وہ قبائل میں آہ و پکار سے اعلان کیا کرتے تھے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے محاسن ذکر کرتے تھے۔ میت کے اہل واقارب اور احباب کو صرف اطلاع کرنے میں کوئی حرج نہیں" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد میں نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے؛ کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں نجاشی کی موت کا اعلان کرکے باہر جاکر نماز جنازہ پڑھی تھی۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ بھی یہی کہتے ہیں کہ مسجد میں نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کا بھی یہی مذہب ہے البتہ امام شافعی اور احمد رضی اللہ عنہما کے مذہب میں مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں جبکہ مسجد کے خراب ہونے کا خطرہ نہ ہو؛ کیونکہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا جنازہ مسجد میں داخل کرنے کا حکم دیا اور تمام ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن نے ان کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھی حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے اس پر تعجب کا اظہار کیا تو ام المؤمنین نے فرمایا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل بن بیضا کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھی تھی" مگر ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے

marfat.com

حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ اَنَسٍ ۱۱۷۷
ابْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَاُصِيْبَ وَاِنَّ عَيْنَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتَذْرِفَانِ ثُمَّ اَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ مِنْ غَيْرِ اِمْرَةٍ فَفُتِحَ لَهٗ

روایت ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی مسجد میں نماز جنازہ پڑھے اس کو کچھ ثواب حاصل نہیں ہوتا،، خطیب نے کہا محفوظ روائت یہ ہے " من صلی علی میت فی المسجد فلا شئ لہ،، ابن عبدالبر نے کہا یہ صحیح ہے" ابن ابی شیبہ نے کہا " فلا صلوٰۃ لہ" ابوداؤد نے اس حدیث پر سکوت کیا ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ابوداؤد کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے منسوخ ہے؛ کیونکہ ام المؤمنین کی حدیث اباحت پر دلالت کرتی ہے جو نہی سے مقدم ہے" اور محرم مبیح کا ناسخ ہوتا ہے" اگر یہ کہا جائے کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کو مسلم نے ذکر کیا ہے اور ابوہریرہ کی حدیث مسلم نے ذکر نہیں کی تو اس کا جواب یہ ہے کہ مسلم کا ابوہریرہ کی حدیث کا ذکر نہ کرنا اس کے عدمِ صحت کی دلیل نہیں جبکہ مسلم نے خود کہا ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ اس نے تمام صحیح احادیث ذکر کر دی ہیں،، مسلم نے صرف وہ صحیح احادیث ذکر کی ہیں جو اس کی شرط پر ہیں"

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا غائبانہ نماز جنازہ جائز نہیں اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نماز جنازہ مدینہ منورہ میں پڑھی؛ حالانکہ وہ حبشہ میں تھا؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نجاشی کی میت کو دیکھ رہے تھے" چنانچہ ابنِ حبان نے اپنی صحیح میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا بھائی نجاشی فوت ہوگیا ہے اس کی نماز جنازہ پڑھو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ کے پیچھے صف بندی کی اور آپ نے چار تکبیریں کہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کہتے تھے کہ اس کی میت آپ کے سامنے تھی" یہ بھی جواب دیا جاسکتا ہے کہ نجاشی نے ایمان چھپا رکھا تھا جبکہ وہ کفار کی مملکت کا سربراہ تھا اور کوئی بھی اس کی نماز جنازہ پڑھنے والا نہ تھا اس لئے ضرورت کے تحت آپ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی اس کی دلیل یہ ہے کہ نجاشی کے سوا سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کی نمازِ جنازہ غائبانہ نہیں پڑھی حالانکہ کثیر صحابہ کرام جو آپ سے غائب تھے فوت ہوئے اور آپ نے صرف معاویہ بن معاویہ مزنی کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تبوک میں تھے اور وہ مدینہ منورہ میں فوت ہوگئے تھے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پَر مار کر اس کی میت آپ کے سامنے کر دی تو آپ نے اس کی نماز جنازہ پڑھی۔ طبرانی نے معجم اوسط میں اس کی روائت کی ہے" حدیث میں چار تکبیریں مذکور ہیں اسی پر سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا آخر تک عمل رہا۔ مزید تفصیل حدیث ۱۲۵۱ کی تفہیم میں دیکھیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زید بن حارثہ نے جھنڈا پکڑا اور وہ شہید ہوگئے پھر اس کو

marfat.com

بَابُ الْاِذْنِ بِالْجَنَازَةِ

۱۱۷۸ وَقَالَ اَبُوْ رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اٰذَنْتُمُوْنِیْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیِّ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ اِنْسَانًا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُهٗ فَمَاتَ بِاللَّیْلِ

جعفر بن ابی طالب نے پکڑا اور وہ بھی شہید ہو گئے پھر اسے عبد اللہ بن رواحہ نے پکڑا وہ بھی شہید ہو گئے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے پھر خالد بن ولید نے امیر بنائے بغیر جھنڈا پکڑ لیا اور ان کے ہاتھوں فتح ہوئی "

شرح : اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان حضرات کی وفات کا اعلان فرمایا اور جس حدیث میں اس کی نہی مذکور ہے وہ جاہلیت کے اعلان پر محمول ہے ۔ حدیث ۱۱۷۶ میں اس کی تفصیل مذکور ہے" یہ حدیث نبوت کی دلیل ہے ؛ کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی وفات کی خبر دی جبکہ آپ مدینہ منورہ میں تشریف فرما تھے" خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جب دیکھا کہ یہ حضرات شہید ہو گئے ہیں اور وہ سرحد پر دشمن کا سخت مقابلہ کر رہے تھے تو انھوں نے خیال کیا کہ اگر مسلمان اسی حال میں رہے تو ہلاک ہو جائیں گے اور اسلام کی قوت کو زبردست دھچکا لگے گا تو انھوں نے خود بخود جھنڈا اپنے ہاتھ میں لے لیا اور زبردست حملہ کیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح دی اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اس فعل سے راضی ہو گئے حالانکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو امیر نہ بنایا تھا اور نہ ہی لشکر میں سے کسی نے ان کی بیعت کی تھی اور نہ ان کو امیر بنایا تھا لہٰذا اس فعل نے ایک قانونی حیثیت اختیار کر لی کہ ضرورت کے وقت شریعت مطہرہ کے احکام کی شرائط میں رعائت نہ کرنے کی اجازت ہے ۔ اسی طرح حقوق العباد میں ہے کہ اگر کوئی شخص جنگل میں فوت ہو جائے اور ترکہ چھوڑ جائے تو موجود شخص اس کے ترکہ کی حفاظت کرے اور اسے وارثوں کو پہنچا دے ،، اگرچہ مرنے والے نے اس کو وصیت نہ کی ہو کیونکہ مسلمانوں کے حقوق کی رعائت کرنا ضروری ہے ۔ (کرمانی)

باب ـــــ جنازہ کی اطلاع کرنا

اور ابو رافع نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے مجھے کیوں نہ خبر دی

۱۱۷۸ **ترجمہ** حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ایک شخص جس کی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پرسی کیا کرتے تھے رات کو فوت ہو گیا لوگوں نے رات ہی کو اسے دفن کر دیا جب صبح ہوئی تو انھوں نے آپ کو خبر دی ۔ آپ نے فرمایا مجھ کو رات کو خبر دینے سے تم کو کس نے روکا انھوں نے کہا رات

marfat.com

فدفنوه ليلا فلما أصبح أخبره فقال ما منعكم أن تعلموني قالوا كان الليل فكرهنا وكانت ظلمة أن نشق عليك فأتى قبره فصلى عليه باب فضل من مات له ولد فاحتسب قول الله وبشر الصابرين حدثنا أبو معمر قال حدثنا عبد الوارث قال حدثنا عبد العزيز عن أنس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من الناس من مسلم يتوفى له ثلاثة لم يبلغوا الحنث إلا أدخله الله الجنة بفضل رحمتهم إياهم

1179

کا وقت تھا ہم نے آپ کو خبر دینا اچھا نہ سمجھا جبکہ رات اندھیری تھی کہ آپ کو تکلیف دیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی قبر پر تشریف لے گئے اور اس پر نماز پڑھی!

1178 — شرح : اس باب کے عنوان اور اس سے پہلے باب کے عنوان میں فرق یہ ہے کہ پہلے باب میں میت کے فوت ہونے کا اعلان تھا اور اس باب میں جنازہ تیار ہونے کی لوگوں کو اطلاع ہے یہ مریض طلحہ بن براء بن عمیر انصاری تھے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں فوت ہونے والی عورت ام محجن تھی امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا جب میت کو نماز جنازہ پڑھے بغیر دفن کر دیا جائے تو اس کی قبر پر نماز پڑھی جائے جب تک وہ پھٹی نہ ہو اور جب اسکے پھٹنے میں شک ہو تو اس پر نماز نہ پڑھی جائے۔ امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہما یہی کہتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ اس کو غسل کر کے دفن کیا ہو" اور اگر غیر ولی نے اس کی نماز جنازہ پڑھی اور دفن کر دیا تو اس کے پھٹنے سے پہلے اس کی قبر پر نماز پڑھی جائے اور اس میں ظنِ غالب کا اعتبار ہے امام ابو یوسف نے کہا تین روز تک اس پر نماز پڑھی جا سکتی ہے! سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداءِ احد پر آٹھ برس کے بعد نماز جنازہ پڑھی تھی کیونکہ ان کے جسم بوسیدہ نہ ہوئے تھے! چونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک میں آپ کا نماز پڑھنے کے بغیر فرضِ جنازہ ساقط نہ ہوتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ قبریں ظلمت سے بھری ہوتی ہیں میرے نماز جنازہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ان کو اصحابِ قبور کے لئے روشن کر دیتا ہے۔ اس نے آپ نے خادمِ مسجد کی قبر پر نماز پڑھی تھی۔ یہ آپ کی خصوصیت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — اس شخص کی فضیلت جس کا بچہ فوت ہو جائے اور وہ صبر کرے "اور اللہ عزوجل نے فرمایا" صبر کرنے والوں کو خوش خبری سنائیں"

1179 — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں سے کوئی مسلمان نہیں جس کے تین بچے نابالغ فوت ہو جائیں مگر اللہ تعالیٰ پر اپنے فضل اور رحمت سے اس کو جنت میں داخل کرے گا"

marfat.com

۱۱۷۹ — **مشرح** : احتساب کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت کا امیدوار ہو کر اس کی قضاء سے راضی ہو کر صبر کرنا ،، یعنی جس شخص کے نابالغ تین بچے فوت ہو جائیں اور وہ اللہ کی رحمت اور مغفرت کی امید کرتا ہوا اس کی قضاء سے راضی ہو کر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا ،، "قولہ رحمتہ" ضمیر کا مرجع اللہ ہے ، کیونکہ اس حدیث کے دوسرے طریق میں اس کی صراحت موجود ہے چنانچہ ابن ماجہ کی روائت میں " بِفَضْلِ رَحْمَةِ اللّٰهِ اِيَّاهُمْ " ہے اور " اِيَّاهُمْ " میں ضمیر کا مرجع اولاد ہے یعنی اللہ تعالیٰ اس کی اولاد پر اپنی رحمت و فضل کے باعث اس کو جنت میں داخل کریگا اور نسائی کی روائت " اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُمَا " اس کی تائید کرتی ہے لہذا " بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ " میں ضمیر کا مرجع باپ اور " اِيَّاهُمْ " ضمیر سے مسلمان مراد لینا غیر ظاہر ہے جبکہ حدیثیں ایک دوسری کی تفسیر کیا کرتی ہیں ،، نابالغ اولاد کو اس لئے خاص کیا ہے کہ ماں باپ کی شفقت ان پر زیادہ ہوتی ہے اور وہ بڑی اولاد کی نسبت ان سے محبت زیادہ کرتے ہیں۔ اس لئے ان کے فوت ہو جانے سے ان کو صدمہ زیادہ ہوتا ہے اور اس پر ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے اگرچہ مطلقاً اولاد کے فوت ہونے پر ماں باپ کو ثواب ملتا ہے اور اولاد کی اولاد اس حکم میں داخل نہیں کیونکہ نسائی کی روائت میں صلبی اولاد کی صراحت ہے اور کفر کی حالت میں کسی کا نابالغ بچہ فوت ہو جائے پھر وہ مسلمان ہو جائے تو وہ اس حکم میں داخل نہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے بچے جنتی ہیں اور کفار و مشرکین کے بچوں میں اختلاف ہے علماء کی ایک جماعت اس بارے میں توقف کرتی ہے کہ وہ جنتی ہیں یا دوزخی ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ انھوں نے بڑے ہو کر کیا عمل کرنے تھے " اگر اللہ تعالیٰ کے علم میں یہ ہے کہ اس نے بڑے ہو کر ایمان قبول کر لینا ہے تو جنتی ہے ورنہ دوزخی سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے اطفالِ مشرکین کے بارے میں فرمایا " اگر چاہتی ہو تو میں اللہ تعالیٰ سے دعاء کرتا ہوں کہ دوزخ میں ان کی آوازیں تمہیں سنا دے اس روائت کو طبرانی نے معجم اوسط میں ذکر کیا ہے اور سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکین کی اولاد جنتیوں کی خادم ہوگی۔ ان روایات سے صحیح ترجیح یہی ہوتا ہے کہ کفار و مشرکین کی اولاد میں توقف کیا جائے " دراصل اولادِ مشرکین کے بارے میں مذکور احادیث کے تین احوال ہیں۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اولادِ مشرکین کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا وہ اپنے آباء کے ساتھ دوزخ میں ہیں۔ اس کے بعد پھر پوچھا تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ انھوں نے کیا عمل کرنے تھے جب اسلام مستحکم ہوا تو پھر استفسار کیا تو آپ نے فرمایا " کوئی بھی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا وہ فطرت پر ہیں یعنی وہ مسلمان جنتی ہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے رب تعالیٰ سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں سوال کیا کہ ان کو عذاب نہ دے تو اللہ تعالیٰ نے میری دعاء کو قبول کر لیا اسی لئے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوع روائت ہے کہ مشرکین کی اولاد جنتیوں کی خادم ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ عَنْ ذَكْوَانَ عَنْ أَبِي ۱۱۸۰
سَعِيْدٍ أَنَّ النِّسَاءَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلْ لَنَا يَوْمًا فَوَعَظَهُنَّ فَقَالَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ مَاتَ لَهَا ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ كُنَّ لَهَا حِجَابًا مِنَ
النَّارِ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ وَاثْنَانِ قَالَ وَاثْنَانِ قَالَ شَرِيْكٌ عَنِ ابْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ حَدَّثَنِي أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ ۱۱۸۱
عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَمُوْتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَيَلِجَ النَّارَ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ
لِلْمَرْأَةِ عِنْدَ الْقَبْرِ اصْبِرِيْ حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۱۱۸۲

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ عورتوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ
۱۱۸۰ — وسلم سے عرض کیا ہمارے لئے کوئی دن مقرر فرما دیں آپ نے ان کو وعظ کیا اور فرمایا
کہ جس کسی عورت کے تین بچے مرجائیں وہ دوزخ کی آگ سے اس کے لئے حجاب ہوں گے ایک عورت نے کہا اور
دو آپ نے فرمایا اور دو شریک نے اصبہانی سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ ابو صالح نے ابوسعید اور ابوہریرہ
رضی اللہ عنہما سے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ وہ بلوغ کو نہ پہنچے ہوں"

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے
۱۱۸۱ — فرمایا، کسی مسلمان کے تین بچے فوت نہیں ہوتے مگر وہ قسم حلال کرنے دوزخ میں
داخل ہوتا ہے۔ امام بخاری نے کہا" اور تم میں سے کوئی نہیں مگر اس میں وارد ہونے والا ہے"

تشریح: سوال کرنے والی عورت حضرت انس بن مالک کی والدہ ام سلیم
۱۱۸۰، ۱۱۸۱ — انصاریہ ہیں۔ دو اور ایک بچے کے فوت ہونے پر والدین کے حال کو آپ جانتے
تھے مگر بیان اس لئے نہ فرمایا کہ لوگ توکل نہ کرلیں جبکہ ایک دو کا مرنا کثیر الوقوع ہے اور جب آپ سے دو
سے متعلق سوال کیا گیا تو جواب دینا ضروری تھا اس لئے فرمایا جس کے دو بچے فوت ہو جائیں وہ بھی دوزخ کی
آگ سے حجاب بن جاتے ہیں" حدیث ۱۱۸۱ میں مسلمان کی قید کا یہ فائدہ ہے کہ کافر کو اس کے بچے مرنے سے
نجات نہ ہوگی" جمہور علماء نے کہا کہ "اِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا" سے مراد یہ ہے کہ تم دوزخ کو عبور کرو گے
اس کا یہ معنی ہرگز نہیں کہ تم دوزخ میں عذاب کے لئے داخل ہوگے" بلکہ صرف قسم پوری کرنے کے لئے تم دوزخ سے
گزرو گے" آیت میں قسم مضمر ہے گویا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا" وَاِنْ مِّنْكُمْ وَاللّٰهِ اِلَّا وَارِدُهَا"

باب — "قبر کے پاس عورت کو مرد کا کہنا کہ صبر کر"

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت
۱۱۸۲ — کے پاس سے گزرے جو قبر کے پاس رو رہی تھی۔ آپ نے فرمایا اللہ سے ڈر اور صبر کر"

marfat.com

بامرأة عند قبر وهي تبكي فقال اتقي الله واصبري باب غسل الميت ووضوءه بالماء والسدر وحنط ابن عمر ابنا لسعيد ابن زيد فحمله وصلى ولم يتوضأ وقال ابن عباس المسلم لا ينجس حيا ولا ميتا وقال سعد لو كان نجسا ما مسسته وقال النبي صلى الله عليه وسلم المؤمن لا ينجس حدثنا اسمعيل بن عبد الله قال حدثني مالك عن ايوب السختياني عن محمد بن سيرين عن ام عطية الانصارية قالت دخل علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم حين توفيت ابنته فقال اغسلنها ثلاثا او خمسا او اكثر من ذلك ان رايتن ذلك بماء وسدر واجعلن في الاخرة كافورا او شيئا من كافور فاذا فرغتن فاذنني فلما فرغنا اذنا ه فاعطانا حقوه فقال اشعرنها اياه تعني ازاره

شرح : یعنی بے صبری کا اظہار نہ کر اس سے تو اب جاتا رہتا ہے اور صبر کر صبر سے اجر ملتا ہے ،، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ،، انما یوفی الصابرون اجرھم بغیر حساب ،، صبر کرنے والوں کو بے حساب ثواب پورا کیا جائے گا (کرمانی) ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ تھی کہ اس پر دو مصیبتیں جمع نہ ہوں ایک اس کا بچہ فوت ہوگیا اور دوسری مصیبت یہ کہ بے صبری کرنے سے اس کا ثواب جاتا ہے جو صبر کرنے کی صورت میں حاصل ہوتا ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر کی زیارت کرنا جائز ہے اور بری باتوں سے منع کرنا چاہیئے اور نیک امور کی ترغیب دلانا چاہیئے ۔ اور اموات کے پاس رونے والوں کو صبر کی تلقین کرنی چاہیئے ۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم !

باب ـــ میّت کو پانی اور بیری کے پتّوں سے غسل دینا اور وضوء کرنا ،،

۱۱۸۳ ـــ ترجمہ :

اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سعید بن زید کے بیٹے کو خوشبو لگائی اور اس کو اُٹھایا اور نماز پڑھائی اور وضوء نہ کیا اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا مسلمان نہ تو زندگی میں ناپاک ہوتا ہے اور نہ ہی مرنے کے بعد ناپاک ہوتا ہے اور سعید نے کہا اگر میّت نجس ہوتی تو میں اس کو مس نہ کرتا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن ناپاک نہیں ہوتا ،،

۱۱۸۳ ـــ شرح : اُمّ عطیّہ انصاریہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ آپ کی صاحبزادی نے انتقال کیا اور فرمایا تم ان کو تین بار یا پانچ بار اور اگر ضرورت سمجھو تو اس سے زیادہ بار پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور آخر میں کافور پانی میں ملا دو یا کچھ کافور مل دو جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع دو ہم جب

marfat.com

بَابُ مَا يُتَيَمَّمُ أَنْ يُغَسَّلَ وِتْرًا

غسل دے کر فارغ ہوئیں تو آپ کو اطلاع دی آپ نے ہمیں اپنا تہبند دیا اور فرمایا کہ ان کو یہ پہنا دو۔ حقو سے تہبند مراد ہے"۔

احناف کے نزدیک میت کو غسل دینا واجب ہے اور یہ سنت اور اجماعِ امت سے ثابت ہے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان پر مسلمان کے چھ حقوق ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ جب وہ مرجائے تو اس کو غسل دے" جمہور کا مذہب یہی ہے کہ میت کو غسل دینا واجب ہے۔ سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام جب فوت ہوئے تو ان کو فرشتوں نے غسل دیا پھر کفن پہنایا اور خوشبو لگائی اور ان کے لئے قبر کھودی اس میں لحد بنائی پھر ان کی نمازِ جنازہ پڑھی اور ان کو قبر میں رکھ کر کچی اینٹیں لگائیں پھر قبر سے باہر آکر اس کو مٹی سے بھر دیا اور لوگوں سے کہا دفن کرنے کا یہ طریقہ ہے"

میت کو غسل دینے کا سبب یہ ہے کہ موت سے اعضاء ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور وہ حدث کا موجب ہیں عراق کے بعض مشائخ نے کہا کہ موت سے آدمی ناپاک ہو جاتا ہے؛ کیونکہ اس میں دم مسفوح ہوتا ہے۔ اسی لئے اگر وہ کنوئیں میں گر کر مر جائے تو کنواں ناپاک ہو جاتا ہے۔ میت کو وضوء کرانا مسنون ہے مگر اس کے منہ اور ناک میں پانی نہ کیا جائے" اور غسل دینے والے پر غسل واجب نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم نے کہا میت کے غاسل پر غسل واجب نہیں"۔ یہ فوت ہونے والی صاحبزادی سیدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو ابوالعاص کی بیوی اور اُمامہ کی والدہ ہیں رضی اللہ عنہا مسلم نے اس کی تصریح کی ہے" ان کا انتقال آٹھ ہجری میں ہوا۔ ابوداؤد نے کہا کہ وہ سیدہ ام کلثوم تھیں جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہا کی بیوی تھیں مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا جب فوت ہوئیں اس وقت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے باہر بدر کے میدان میں تھے" تین بار یا پانچ! کے ذکر سے معلوم ہوتا ہے کہ مستحب یہ ہے کہ غسل طاق ہو۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ غسلِ میت میں مبالغہ مطلوب ہو تو سات بار سے زیادہ بار بھی غسل دینا جائز ہے۔ بیری کے پتے پہلی بار استعمال کئے جائیں ہر بار کوئی ضروری نہیں۔ آخری بار میں کافور ملنے میں حکمت یہ ہے کہ اس سے جسم سخت ہو جاتا ہے اور اس کی خوشبو سے ہوام دُور ہو جاتے ہیں۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ میت کے غسل میں بیری کے پتے اور کافور کا استعمال مستحب ہے" اور اسے خوشبو لگانا مستحسن ہے، اور عورت کو غسل دینے کے لئے شوہر کی نسبت عورتیں زیادہ مناسب ہیں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب ہے"۔

باب ــــ طاق غسل دینا مستحب ہے

marfat.com

۱۱۸۴ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَغْسِلُ ابْنَتَهُ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ فَاَلْقٰى اِلَيْنَا حِقْوَهُ فَقَالَ اَشْعِرْنَهَا اِيَّاهُ فَقَالَ اَيُّوبُ وَحَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ بِمِثْلِ حَدِيْثِ مُحَمَّدٍ وَكَانَ فِي حَدِيْثِ حَفْصَةَ اغْسِلْنَهَا وِتْرًا وَكَانَ فِيْهِ ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا وَكَانَ فِيْهِ اَنَّهُ قَالَ اِبْدَاْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا وَكَانَ فِيْهِ اَنَّ اُمَّ عَطِيَّةَ قَالَتْ وَمَشَطْنَاهَا ثَلَاثَةَ قُرُوْنٍ

بَابُ يُبْدَاُ بِمَيَامِنِ الْمَيِّتِ

۱۱۸۵ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غُسْلِ ابْنَتِهِ اِبْدَاْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا

بَابُ مَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنَ الْمَيِّتِ

۱۱۸۶ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ لَمَّا غَسَّلْنَا بِنْتَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا وَنَحْنُ نَغْسِلُهَا اِبْدَاْنَ مِنْهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ مِنْهَا

ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ ہم آپ کی صاحبزادی کو غسل دے رہی تھیں فرمایا ان کو تین بار یا پانچ بار یا اس سے زیادہ بار پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور آخر بار میں کافور ملاؤ۔ جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے خبر کرو ہم جب فارغ ہو گئیں تو آپ کو اطلاع دی آپ نے ہمیں تہبند دیا اور فرمایا اسے اس میں لپیٹ دو ایوب نے کہا اور مجھے حفصہ نے محمد کی حدیث جیسی خبر دی حفصہ کی حدیث میں ہے کہ اسے طاق غسل دو" اور اس میں یہ بھی ہے کہ تین بار یا پانچ بار یا سات بار غسل دو اور یہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" کہ ان کے داہنے اعضاء اور وضوء کے مواضع سے غسل دینا شروع کرو اور اس میں یہ بھی تھا کہ ام عطیہ نے کہا ہم نے اُن کو کنگھی کر کے تین چوٹیاں کر دیں۔"

باب — میّت کی داہنی طرفوں سے غسل دینا شروع کیا جائے

۱۱۸۵ ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کے غسل کے بارے میں فرمایا کہ ان کی داہنی جانبوں اور وضوء کے مقامات سے غسل شروع کرو"

باب — میّت کے وضوء کے اعضاء

۱۱۸۶ ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا جب ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کو غسل دیا تو آپ نے ہمیں فرمایا جبکہ ہم غسل دے رہی تھیں ان کی دائیں جانبوں اور وضوء کے اعضاء سے غسل دینا شروع کرو"

marfat.com

بَابُ هَلْ تُكَفَّنُ الْمَرْأَةُ فِي إِزَارِ الرَّجُلِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ ۱۱۸۷
تُوُفِّيَتْ ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَنَا اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ فَإِذَا فَرَغْتُنَّ
فَآذِنَّنِي فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ فَنَزَعَ مِنْ حِقْوِهِ إِزَارَهُ وَقَالَ أَشْعِرْنَهَا إِيَّاهُ **بَابُ يُجْعَلُ الْكَافُورُ فِي الْآخِرَةِ** حَدَّثَنَا ۱۱۸۸
حَامِدُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ تُوُفِّيَتْ إِحْدٰى بَنَاتِ

۱۱۸۴، ۱۱۸۵، ۱۱۸۶ — شرح : غسل سے مراد صفائی ہے وہ اگر ایک بار غسل سے اچھی ہو جائے تو واجب پورا ہو جاتا ہے جیسے استنجاء اگر ایک ڈھیلے سے ہو جائے تو کافی ہے ورنہ زیادہ استعمال کرے،، احناف کے مذہب میں عورت کے بالوں کے دو حصے کر کے قمیص کے اوپر سینے پر کئے جائیں اور ان کو پیچھے نہ رکھا جائے جیسے امام شافعی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں " اور ام عطیہ کا تین چوٹیاں بنانا مستحکم دلیل نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح کرنے کا حکم نہیں فرمایا اور یہ کہنا کہ ام عطیہ نے آپ کے حکم سے کیا ہوگا محض احتمال ہے اس سے حکم ثابت نہیں ہو سکتا نیز تین گیسو بنا کر ان کو پیچھے کرنے میں زینت ہے اور میت اس سے مستغنی ہے اور ابن حبان کی حدیث کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے تین گیسو بناؤ احناف کے خلاف نہیں کیونکہ وہ گیسو بنانے کے خلاف نہیں وہ تو یہ کہتے ہیں کہ ان کو پیچھے نہ کیا جائے، کیونکہ ایسا کرنے میں زینت ہے اسی لئے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ تم میت کی ناصیہ کے بال کیوں بڑھاتے ہو یعنی میت بال کنگھی کرنے کی محتاج نہیں وہ تو قبر میں مٹی کے حوالہ ہوں گے،، لہٰذا عورت کے بالوں کے دو حصے کر کے ان کو اس کے سینے پر رکھا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب — کیا عورت کو مرد کے تہبند میں کفن دیا جائے؟

۱۱۸۷ — ترجمہ : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی فوت ہو گئیں تو آپ نے ہمیں فرمایا اسے تین بار یا پانچ بار اور اگر مناسب سمجھو تو زیادہ بار غسل دو اور جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے خبر دو ہم جب فارغ ہو گئیں تو آپ کو اطلاع دی آپ نے کمر سے تہبند کھولا اور فرمایا اس میں اسے لپیٹ دو "

باب — آخری بار پانی میں کافور ملایا جائے

۱۱۸۸ — ترجمہ: ام عطیہ رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں میں سے ایک صاحبزادی فوت ہو گئیں تو آپ، باہر تشریف لائے اور فرمایا انھیں تین بار یا پانچ بار اور اگر ضروری سمجھو تو اس سے زیادہ بار پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور آخری بار پانی میں کافور ملا دیا

marfat.com

النبي صلى الله عليه وسلم فخرج النبي صلى الله عليه وسلم فقال اغسلنها ثلاثا او خمسا او اكثر من ذلك
ان رايتن بماء وسدر واجعلن في الاخرة كافورا او شيئا من كافور فاذا فرغتن فاذنني قالت فلما
فرغنا اذناه فالقى الينا حقوه وقال اشعرنها اياه وعن ايوب عن حفصة عن ام عطية بنحوه وقالت
انه قال اغسلنها ثلاثا او خمسا او سبعا او اكثر من ذلك ان رايتن قالت حفصة قالت ام عطية
وجعلنا راسها ثلاثة قرون باب نقض شعر المراة وقال ابن سيرين لا باس ان ينقض شعر المراة
حدثنا احمد قال حدثنا عبد الله بن وهب قال اخبرنا ابن جريج قال ايوب سمعت حفصة بنت
سيرين قالت حدثتنا ام عطية انهن جعلن راس بنت النبي صلى الله عليه وسلم ثلثة قرون
نقضنه ثم غسلنه ثم جعلنه ثلثة قرون

کچھ کافور ملا دو اور جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع دو ام عطیہ نے کہا ہم جب فارغ ہوگئیں اور آپ کو اطلاع کی تو آپ نے ہماری طرف اپنا تہ بند پھینکا اور فرمایا اسے اس میں لپیٹ دو ایوب نے حفصہ سے انھوں نے ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے اس جیسی روایت کی اور کہا کہ آپ نے فرمایا اسے تین بار یا پانچ بار یا سات بار یا اگر مناسب سمجھو تو اس سے زیادہ بار غسل دو حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ ام عطیہ نے کہا ہم نے اس کے سر کی تین چوٹیاں کیں "۔

۱۱۸۷، ۱۱۸۸ — **شرح** : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت کو مرد کے تہ بند میں کفن دینا جائز ہے اور صالحین کے آثار سے تبرک حاصل کرنا مستحب ہے "۔ اگر کوئی سوال کرے کہ حدیث ۱۱۸۳ میں گزرا ہے کہ "حقو" ازار یعنی تہبند ہے جبکہ کہا " فَاَعْطَانَا حِقْوَهٗ " اور کتاب العلم میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حقو سے آزار اُتارا اس سے معلوم ہوتا ہے حقو ازار (تہبند) نہیں اس کا جواب یہ ہے کہ جوہری نے ذکر کیا ہے کہ حقو کا اطلاق ازار باندھنے کی جگہ پر بھی ہوتا ہے" یہاں حقو سے مراد ازار ہے اور کتاب العلم میں اس سے کمر مراد ہے۔ واللہ اعلم!

باب — عورت کے بال کھولنا

اور ابن سیرین نے کہا میت کے بال کھولنے میں کوئی حرج نہیں ہے"

۱۱۸۹ — ترجمہ : ایوب نے کہا اور میں نے حفصہ بنت سیرین سے سنا اس نے کہا ہمیں ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ عورتوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی (زینب) کے سر کے بالوں کے تین حصے کئے " انھوں نے بال کھولے پھر ان کو دھویا پھر ان کی تین چوٹیاں بنائیں "۔

marfat.com

بَابُ كَيْفَ الْاِشْعَارُ لِلْمَيِّتِ وَقَالَ الْحَسَنُ الْخِرْقَةُ الْخَامِسَةُ تُشَدُّ بِهَا الْفَخِذَيْنِ وَالْوَرِكَيْنِ تَحْتَ الدِّرْعِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ۱۱۹۰
ابْنُ جُرَيْجٍ اَنَّ اَيُّوْبَ اَخْبَرَهٗ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ سِيْرِيْنَ يَقُوْلُ جَاءَتْ اُمَّ عَطِيَّةَ امْرَاَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ مِمَّنْ بَايَعَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَتِ الْبَصْرَةَ تُبَادِرُ ابْنًا لَهَا فَلَمْ تُدْرِكْهُ فَحَدَّثَتْنَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَغْسِلُ ابْنَتَهٗ فَقَالَ اغْسِلْنَهَا ثَلَاثًا اَوْ خَمْسًا اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ ذٰلِكَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَاجْعَلْنَ فِی الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِیْ قَالَتْ فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ فَاَلْقٰى اِلَيْنَا حِقْوَهٗ فَقَالَ اَشْعِرْنَهَا اِيَّاهُ وَلَمْ يَزِدْ عَلٰى ذٰلِكَ وَلَا اَدْرِیْ اَیُّ بَنَاتِهٖ وَزَعَمَ اَنَّ الْاِشْعَارَ الْفِقْهُ اِيَّاهُ وَكَذٰلِكَ كَانَ ابْنُ سِيْرِيْنَ يَاْمُرُ بِالْمَرْاَةِ اَنْ تُشْعَرَ وَلَا تُؤْزَرَ

۱۱۸۹ شرح قولہ "وَسَمِعْتُ" میں واو عاطفہ ہے اس کا معطوف علیہ مقدر ہے دراصل عبارت یوں ہے۔ قال ایوب سَمِعْتُ عَنْ كَذَا وَكَذَا وَسَمِعْتُ حَفْصَةَ كَذَا" اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایوب نے کچھ اور بھی سُنا ہے" قولہ "نَقَضْنَهٗ" سوال کا جواب ہے کہ عورتوں نے کس طرح کیا جواب دیا کہ اُنھوں نے سر کے بال کھولے پھر ان کو دھویا پھر ان کے تین حصے کئے" بال کھولنے کا فائدہ یہ ہے کہ پانی چمڑے تک پہنچ جائے"

ام عطیہ رضی اللہ عنہا غاسلہ تھیں جو عورتوں کو غسل دیا کرتی تھیں اور جس صاحبزادی کو اُنھوں نے غسل دیا وہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا تھیں ام کلثوم نہ تھیں کیونکہ ام کلثوم کو بھی اگرچہ ام عطیہ نے غسل دیا تھا مگر اس وقت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم وہاں موجود نہ تھے جبکہ اس وقت آپ بدر میں تھے کما مرّ"

باب — میت کو کپڑے میں کس طرح لپیٹا جائے"

اور حسن بصری نے کہا پانچویں کپڑے کے ساتھ قمیص کے نیچے دونوں ران اور دونوں سُرین باندھے جائیں۔

۱۱۹۰ — ترجمہ : ایوب نے بیان کیا کہ میں نے ابن سیرین کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ ام عطیہ جو انصار کی عورتوں میں سے ایک عورت ہے جنہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی تھی" بصرہ آئیں کہ اپنے بیٹے کو دیکھے اور اسے نہ پایا اس نے ہم سے بیان کیا کہ ہمارے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے جبکہ ہم آپ کی صاحبزادی (زینب) کو غسل دے رہی تھیں

marfat.com

باب هل يجعل شعر المرأة في ثلاثة قرون

۱۱۹۱ حدثنا بندار قال حدثنا سفين عن هشام عن أم الهذيل عن أم عطية قالت ضفرنا شعر بنت النبي صلى الله عليه وسلم ثلثة قرون وقال وكيع عن سفين ناصيتها وقرنيها باب يلقى شعر المرأة خلفها ثلثة قرون

۱۱۹۲ حدثنا مسدد قال حدثنا يحيى بن سعيد عن هشام بن حسان قال حدثتنا حفصة عن أم عطية قالت توفيت احدى بنات النبي صلى الله عليه وسلم فاتانا النبي صلى الله عليه وسلم فقال اغسلنها بالسدر وترا ثلاثا او خمسا او اكثر

آپ نے فرمایا ان کو تین بار یا پانچ بار یا اگر ضرورت سمجھو تو اس سے زیادہ بار پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور آخری بار میں کافور ملاؤ اور جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع کرو ام عطیہ نے کہا ہم جب فارغ ہوگئیں تو آپ نے ہماری طرف اپنا تہبند پھینکا اور فرمایا انھیں اس میں لپیٹ دو اور اس سے زیادہ نہ کہا" مجھے معلوم نہیں کہ یہ آپ کی کونسی صاحبزادی تھیں۔ ایوب نے کہا اشعار یہ ہے کہ اسے اندر لپیٹ دو اسی طرح ابن سیرین عورت کو حکم دیتے تھے کہ کپڑے میں لپیٹ دی جائے اور تہبند نہ باندھا جائے"

شرح : اس حدیث میں اشعار کی کیفیت کا بیان ہے کہ میت کپڑے میں لپیٹ

۱۱۹۰ — دی جائے تہبند نہ باندھا جائے" ایوب نے کہا مجھے معلوم نہیں کہ یہ کونسی صاحبزادی تھیں جن کو غسل دیا گیا تھا۔ یہ اس روائت کے خلاف نہیں جس میں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کی تصریح کی گئی ہے کیونکہ ان کو اس کا علم نہ ہونا یہ دوسروں کے علم کے منافی نہیں" مسلم کی روائت میں ہے کہ ام عطیہ نے کہا جب زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوئیں تو ہمیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو طاق غسل دو" یاد رہے کہ ابن سیرین رضی اللہ عنہ تابعین میں سے اموات کے غسل کو سب سے زیادہ جانتے تھے ان کے بعد ایوب کا درجہ ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نیک لوگوں کے کپڑوں سے تبرک حاصل کرنا مستحب ہے (کرمانی) — واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — کیا عورت کے بالوں کے تین حصے کئے جائیں؟

۱۱۹۱ — **ترجمہ** : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے سر کے بالوں کو گوندھا یعنی تین چوٹیاں بنائیں اور وکیع نے کہا کہ سفیان نے کہا ایک پیشانی کے بال اور دو کناروں کے بال"

باب — عورت کے بال اس کی پیٹھ پر ڈالے جائیں

۱۱۹۲ — **ترجمہ** : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں میں سے ایک صاحبزادی کا انتقال ہوگیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف

marfat.com

مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ ذٰلِكَ وَاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا اَوْ شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِيْ فَلَمَّا فَرَغْنَا اٰذَنَّاهُ فَاَلْقٰى اِلَيْنَا حِقْوَهٗ فَضَفَرْنَا شَعَرَهَا ثَلَاثَةَ قُرُوْنٍ وَاَلْقَيْنَاهَا خَلْفَهَا

لائے اور فرمایا اسے بیری کے پتوں سے تین بار یا پانچ بار اور اگر ضرورت سمجھو تو اس سے زیادہ بار غسل دو اور آخری بار میں کافور ملاؤ یا کچھ کافور مل دو اور جب فارغ ہو جاؤ تو مجھے اطلاع کرو ہم جب فارغ ہوئیں تو آپ کو اطلاع دی آپ نے ہماری طرف اپنا تہبند پھینکا ہم نے ان کے بال گوندھ کر تین چوٹیاں بنائیں اور ان کو پیٹھ پر ڈال دیا۔

شرح "ناصیتها و قرنیها" کا معنی یہ ہے کہ پیشانی اور سر کے دو کناروں
1191 ، 1192 — کی علیحدہ علیحدہ چوٹیاں بنائیں۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عورت کے بالوں کو کنگھی کر کے ان کو تین چوٹیاں بنا کر اس کی پیٹھ پر ڈال دی جائیں۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کا مسلک بھی یہی ہے۔ علامہ قسطلانی نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کے بالوں کے تین حصے کرنے کی تصریح نہیں فرمائی اور نہ ہی آپ نے اس طرف اشارہ فرمایا۔ حدیث میں صرف یہ مذکور ہے کہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے تین چوٹیاں بنائیں یہ ان کا اپنا فعل ہے اسے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریر حاصل نہیں اور یہ کہنا کہ ام عطیہ نے آپ کے حکم سے کیا ہوگا محض ایک احتمال ہے جس سے حکم ثابت نہیں ہو سکتا نیز بالوں کو کنگھی کر کے پیٹھ پر ڈالنے میں زینت ہے اور میت اس سے مستغنی ہے اور جس حدیث میں یہ ہے کہ سر کے بالوں کے تین حصے کرو" اس میں تین حصے کرنے کا حکم ہے پیٹھ پر ڈالنے کا حکم نہیں لہٰذا مذکور حدیث احناف کے مذہب کے خلاف نہیں ..... اس حدیث سے بعض علماء نے استدلال کیا ہے کہ میت کے غاسل پر غسل کرنا واجب نہیں کیونکہ یہ مقامِ تعلیم ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا حکم نہیں فرمایا اگر غسل کرنا واجب ہوتا تو آپ ضرور فرماتے کہ غاسلِ میت غسل کرے مگر یہ استدلال تام نہیں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آپ نے اس واقعہ کے بعد حکم فرمایا ہو" بہرحال اس مسئلہ میں اختلاف ہے حضرت علی اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما نے کہا "جو کوئی میت کو غسل دے وہ غسل کرے" امام احمد اور اسحاق رحمہما اللہ تعالیٰ نے کہا غاسلِ میت وضوء کرے" امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا غسل کرنا اچھا ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا مستحب ہے" اکثر علماء کہتے ہیں غاسلِ میت پر غسل واجب نہیں اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میت کو غسل دے وہ غسل کرے اور جو اسے اٹھائے وہ وضوء کرے" سے وجوب غسل پر استدلال کرنا درست نہیں کیونکہ ابوداؤد نے کہا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے" محدثین کی ایک جماعت نے کہا یہ حدیث ضعیف ہے دارقطنی نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے صحیح حدیث روایت کی کہ ہم سے بعض لوگ غسل کرتے اور بعض نہ کرتے تھے حاکم نے محمد بن یحیی ذہلی سے روایت کی کہ مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَلْيَغْتَسِلْ" ثابت نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

۱۱۹۳ باب الثياب البيض للكفن حدثنا محمد بن مقاتل
قال اخبرنا عبد الله اخبرنا هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كفن في ثلاثة اثواب
۱۱۹۴ يمانية بيض سحولية من كرسف ليس فيها قميص ولا عمامة **باب** الكفن في ثوبين **حدثنا** ابو النعمان قال حدثنا
حماد عن ايوب عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال بينما رجل واقف بعرفة اذ وقع عن راحلته فوقصته او قال
فاوقصته قال النبي صلى الله عليه وسلم اغسلوه بماء وسدر وكفنوه في ثوبين ولا تحنطوه ولا تخمروا راسه فانه يبعث
يوم القيمة ملبيا

باب — کفن کے لئے سفید کپڑے

۱۱۹۳ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین یمنی سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا جو سہول کے بنے ہوئے سوتی کپڑے تھے ، ان میں نہ تو قمیص تھی اور نہ ہی عمامہ تھا "

۱۱۹۳ — شرح سہول یمن میں ایک گاؤں ہے جس میں سوتی کپڑے بُنے جاتے ہیں" اس کی طرف منسوب کپڑوں کو سلحولیہ کہا جاتا ہے کرسف رُوئی کو کہتے ہیں اور "بیض" میں باب کے عنوان سے مناسبت ہے ،، مسلم میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یمنی چادر اوڑھی گئی جو عبد اللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کی تھی پھر اسے آپ سے اُتار لیا گیا اور تین یمنی سہولی کپڑوں میں آپ کو کفن دیا گیا جن میں قمیص اور عمامہ نہ تھا۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن شریف میں مختلف روایات ہیں اور ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت سب سے اصح اور اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس پر عمل تھا" اس حدیث سے احناف استدلال کرتے ہیں کہ مسنون کفن مرد کے لئے تین کپڑے ہیں اور حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے اس کی تکمیل ہوتی ہے اُنھوں نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا اور وہ قمیص ، ازار اور لفافہ ہیں۔ اس حدیث کو ابن عدی نے کامل میں روایت کیا ہے اس میں صرف عمامہ کو ترک کیا ہے " امام شافعی رضی اللہ عنہ نے ظاہر حدیث سے استدلال کیا کہ میت کو تین لفافوں میں کفن دیا جائے امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ بھی یہی کہتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — دو کپڑوں میں کفن دینا

۱۱۹۴ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ ایک شخص عرفہ میں ٹھہرا ہُوا تھا اچانک وہ اپنی سواری سے گر گیا اور اُس نے اس کی گردن

marfat.com

۱۱۹۵ بَابُ الْحَنُوطِ لِلْمَيِّتِ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ وَاقِفٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ إِذْ وَقَعَ مِنْ رَاحِلَتِهِ فَأَقْصَعَتْهُ أَوْ قَالَ

توڑ دی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور دو کپڑوں میں غسل دو اس کو خوشبو نہ لگاؤ اور نہ ہی اس کا سر ڈھانپو کیونکہ یہ شخص قیامت کے دن تلبیہ کہتا ہوا اٹھے گا"

شرح : اس حدیث سے امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہما نے استدلال کیا کہ محرم کا احرام اس کی موت کے بعد باقی رہتا ہے اسی لئے اس کا سر نہ ڈھانپا گیا اور نہ ہی اس کو خوشبو لگائی گئی۔ امام ابو حنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما نے کہا کہ موت سے احرام ختم ہو جاتا ہے کیونکہ یہ نماز اور روزے کی طرح عبادت ہے جو موت سے باطل ہو جاتی ہے" حدیث شریف میں ہے" جب آدمی مر جائے تو اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے اس کے صرف تین عمل باقی رہتے ہیں لہٰذا احرام بھی باطل ہو جاتا ہے کیونکہ یہ بھی عمل ہے" اور مذکور حدیث کا جواب یہ ہے کہ اس کے لفظ عام نہیں کیونکہ یہ ایک معین شخص کا واقعہ ہے اگر یہ حکم ہر محرم کا ہوتا تو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح فرماتے کہ محرم قیامت کے دن تلبیہ کہتا ہوا اٹھے گا" قاعدہ ہے کہ جب مشتق پر حکم کیا جائے گا تو اس کا ماخذ حکم کی علت ہوا کرتا ہے مگر حدیث شریف میں اس طرح نہیں ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا" فَإِنَّهُ" میں ضمیر غائب اسی محرم کی تخصیص کرتی ہے" لہٰذا دلیل کے بغیر دوسرے محرم اس حکم میں داخل نہیں۔ نیز سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے بیری کے پتوں سے غسل دو حالانکہ محرم کے لئے بیری کے پتوں سے غسل کرنا جائز نہیں" مؤطا میں ہے کہ جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا صاحبزادہ واقد فوت ہوئے جبکہ وہ محرم تھے تو ان کو کفن دیا اور سر اور چہرہ کو ڈھانپ دیا" اور کہا اگر ہم محرم نہ ہوتے تو اے واقد تجھے خوشبو لگاتے حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جب محرم فوت ہو جائے تو وہ حلال ہو جاتا ہے"

..... اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مرد کے لئے کفنِ کفائت دو کپڑے ہیں اور کفنِ ضرورت ایک کپڑا ہے" واللہ اعلم!

باب — میت کو خوشبو لگانا

۱۱۹۵ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ایک وقت ایک شخص جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عرفہ میں ٹھہرا ہوا تھا اچانک

marfat.com

فَاقْعَصَتْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوهُ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُلَبِّيًا **بَابُ** كَيْفَ يُكَفَّنُ الْمُحْرِمُ **حَدَّثَنَا** أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ ۱۱۹۶
ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا وَقَصَتْهُ بَعِيرُهُ وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُمِسُّوهُ طِيبًا وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُلَبِّيًا
حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو وَأَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَجُلٌ وَاقِفٌ
مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ فَوَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهِ قَالَ أَيُّوبُ فَوَقَصَتْهُ قَالَ عَمْرٌو فَاقْعَصَتْهُ فَمَاتَ فَقَالَ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ
وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوهُ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ أَيُّوبُ يُلَبِّي وَقَالَ عَمْرٌو مُلَبِّيًا

وہ اپنی سواری سے گر گیا اُس نے اس کی گردن توڑ دی تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور دو کپڑوں میں کفن دو اور اسے خوشبو نہ لگاؤ اور نہ ہی اس کا سر ڈھانپو کیونکہ اسے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تلبیہ پکارتا ہوا اُٹھائے گا۔

باب ــــ محرم کو کس طرح کفن دیا جائے

۱۱۹۶ ــــ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ ایک شخص کے اونٹ نے اس کی گردن توڑ دی جبکہ ہم سب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور وہ شخص محرم تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور دو کپڑوں میں اس کو کفن دو اور اس کو خوشبو نہ لگاؤ اور نہ ہی اس کا سر ڈھانپو، کیونکہ اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُٹھائے گا حالانکہ یہ تلبیہ کہتا ہوگا"۔

۱۱۹۷ ــــ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عرفہ میں ٹھہرا ہوا تھا وہ اپنی سواری سے گر گیا ایوب نے کہا "فَوَقَصَتْهُ" اور عمرو نے کہا "فَاقْعَصَتْهُ" یعنی سواری نے اس کی گردن توڑ دی اور وہ مر گیا آپ نے فرمایا اسے پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور دو کپڑوں میں کفن دو اور اسے خوشبو نہ لگاؤ اور نہ ہی اس کا سر ڈھانپو کیونکہ یہ قیامت کے دن اُٹھے گا ایوب نے کہا یُلَبِّي اور عمرو نے کہا "مُلَبِّيًا" یعنی تلبیہ پکارتا ہوگا"۔

..... یُلَبِّي اور مُلَبِّيًا" میں فرق یہ ہے کہ یُلَبِّي تلبیہ کے استمرار پر اور ملبیا اس کے ثبوت پر دلالت کرتا ہے" ان احادیث سے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے استدلال کیا کہ جب میت

marfat.com

باب الكفن في القميص الذي يكفن أو لا يكفن ومن كفن بغير قميص

حدثنا مسدد قال حدثنا يحيى بن سعيد عن عبيد الله قال حدثني نافع عن عبد الله بن عمر أن عبد الله بن أبي لما توفي جاء ابنه إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال أعطني قميصك أكفنه فيه وصل عليه واستغفر له فأعطاه قميصه فقال آذني أصل عليه فآذنه فلما أراد أن يصلي عليه جذبه عمر فقال أليس الله نهاك أن تصلي على المنافقين فقال أنا بين خيرتين قال استغفر لهم أو لا تستغفر لهم إن تستغفر لهم سبعين مرة فلن يغفر الله لهم فصلى عليه فنزلت ولا تصل على أحد منهم مات أبدا ولا تقم على قبره حدثنا مالك بن إسمعيل قال حدثنا ابن عيينة عن عمرو سمع جابرا قال أتى النبي صلى الله عليه وسلم عبد الله بن أبي بعد ما دفن فأخرجه فنفث فيه من ريقه وألبسه قميصه

۱۱۹۸

۱۱۹۹

محرم نہ ہو اس کو خوشبو لگائی جائے،، امام ابوحنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما نے کہا محرم کا معاملہ حلال سا ہے لہٰذا اس کا سر ڈھانپا جائے اور خوشبو لگائی جائے اور مذکور حدیث اسی اعرابی کے ساتھ خاص ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب کُرتے میں کفن دینا جو سِلا ہُوا ہو یا بے سِلا ہو اور جس کو قمیص کے بغیر کفن دیا گیا "

۱۱۹۸ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ عبداللہ بن اُبی (منافق) جب مرگیا تو اس کا بیٹا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا یا رسُول اللہ! مجھے اپنا کرتہ دیں، کہ اس میں کفن دوں" اور آپ اس پر نماز پڑھیں اور اس کے لئے مغفرت کی دُعا کریں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا کرتہ اسے دیا اور فرمایا مجھے اطلاع کرنا میں اس پر نماز پڑھوں گا۔ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اس پر نماز پڑھنے کا ارادہ فرمایا تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے آپ کو کھینچا اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقوں پر نماز پڑھنے سے منع نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا مجھے دو باتوں کا اختیار دیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا "ان کے لئے مغفرت کی دُعا کریں یا نہ کریں اگر ان کے لئے ستّر بار مغفرت کی دعا کریں اللہ ان کو ہرگز نہ بخشے گا اور آپ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی تو یہ آیت کریمہ نازل ہُوئی اور ان میں (منافقوں) سے جو مرجائے اس کی ہرگز نماز جنازہ نہ پڑھیں"

۱۱۹۹ — ترجمہ : سفیان بن عیینہ نے عمرو سے روایت کی اُنھوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہُوئے سُنا کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ

marfat.com

بن اُبَیّ کے دفن ہونے کے بعد اس کی قبر کے پاس آئے اور اسے باہر نکالا اور اس کے منہ میں لعاب مبارک ڈالی اور اس کو اپنا کرتہ پہنایا"

ترجمہ: عبداللہ بن ابی بن سلول رئیس المنافقین تھا سلول عبداللہ کی ماں ہے اس کے بیٹے کا پہلا نام حباب تھا۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام عبداللہ رکھا وہ جلیل القدر صحابی ہیں کئی جنگوں میں شریک ہوئے

۱۱۹۸ ، ۱۱۹۹ —

اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں یمامہ کی جنگ میں شہید ہوگئے" وہ اپنے والد کے بارے میں سخت خیال رکھتے تھے۔ اگر سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اجازت دیتے تو وہ اپنے باپ کی گردن اڑا دیتے" یہ منافق بیس (۲۰) روز بیمار رہنے کے بعد نو ہجری میں مر گیا جس روز وہ مرنے والا تھا سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے تو وہ کہنے لگا یا رسُول اللہ میں جب مر جاؤں تو مجھے اپنی قمیص میں کفن دینا اور میری تکفین و تدفین میں شرکت فرمانا اور میری نماز جنازہ پڑھنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وعدہ فرمالیا جبکہ اس وقت تک آپ کو منع نہ کیا گیا تھا بخاری کی روائت میں ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی قبر پر تشریف لے گئے جبکہ اسے اس میں رکھا گیا تھا تو آپنے حسب وعدہ اس کو باہر نکلوایا اور اس کے منہ میں لعاب شریف ڈالا اور اپنی قمیص اس کو پہنائی۔ ایک روائت میں ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" اِنَّ قَمِیصِیْ لَنْ یُّغْنِیَ عَنْہُ شَیْئًا (عینی) یعنی ارشاد فرمایا میری قمیص اس کو کوئی فائدہ نہ دے گی اور مجھے اُمید ہے کہ اس وجہ سے اس کا قبیلہ مسلمان ہو جائے گا چنانچہ آپ کے اس خلُق کریم کے باعث اس کے قبیلہ خزرج سے ایک ہزار اشخاص مشرف باسلام ہوگئے" بعض حضرات کا کہنا ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ جب اسارٰی بدر میں اسیر ہو کر آئے تو ان کے گلے میں قمیص نہ تھی اور وہ طویل القامت تھے تو عبداللہ بن ابی نے انکو اپنی قمیص پہنائی جبکہ وہ بھی طویل القامت تھا" صرف اس کی قمیص حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو پُوری آسکتی تھی اس کی مکافات کے لئے آپ نے اس کو اپنی قمیص پہنائی تھی" بعض حضرات ایک یہ وجہ بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بیٹے کے اکرام کے لئے اس کو قمیص پہنائی تھی"

سیاقِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اِسْتَغْفِرْ لَہُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَہُمْ" سے استدلال کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقوں کی نمازِ جنازہ سے منع فرمایا ہے اسلئے اُنھوں نے کہا "کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقوں پر نمازِ جنازہ پڑھنے سے منع نہیں کیا؟" "لَا تُصَلِّ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْہُمْ مَاتَ اَبَدًا" اس کے بعد نازل ہُوئی تھی" اس سے وہ اشکال مندفع ہو جاتا ہے جو سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے کلام سے پیدا ہوتا ہے" کیونکہ اِسْتَغْفِرْ لَہُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَہُمْ" میں صراحتًا ممانعت نہیں بلکہ نماز جنازہ پڑھنے اور نہ پڑھنے میں اختیار ہے اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" مجھے دو باتوں کا اختیار دیا گیا ہے"

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قمیص میں کفن دینا جائز ہے وہ سلی ہُوئی ہو یا سلی ہُوئی نہ ہو باپ کے

marfat.com

بَابُ الْكَفَنِ بِغَيْرِ قَمِيْصٍ حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ ۱۲۰۰
عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُفِّنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ سَحُوْلِيَّةٍ لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلَا عِمَامَةٌ

عنوان سے امام بخاری رضی اللہ عنہ کا یہی مقصد ہے نیز یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کافر مرجائے تو اس پر نمازِ جنازہ پڑھنا جائز نہیں البتہ اس کو غسل دینا اور اس کی تکفین و تدفین میں علماء کا اختلاف ہے۔ صاحبِ ہدایہ نے کہا اگر کافر مرجائے اور اس کا بیٹا مسلمان ہو تو وہ اُس کو غسل دے اور تکفین و تدفین کرے۔ سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا جبکہ ان کے والد ابوطالب فوت ہوگئے کہ ان کو غسل دو اور کفن دے کر قبر میں دفن کرو جیسا کہ طبقاتِ ابنِ سعد میں ہے" صاحب ہدایہ نے تصریح کی ہے کہ کافر کو ایسے غسل دیا جائے جیسے ناپاک کپڑا دھویا جاتا ہے اور سنّت تکفین کا لحاظ کئے بغیر اس کو کپڑے میں لپیٹا جائے امام شافعی رضی اللہ عنہ بھی یہی کہتے ہیں" مگر امام مالک اور امام احمد رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ کافر میت کا ولی اس کو غسل و کفن نہ دے لیکن امام مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس کو زمین میں چھپا دے" مذکورہ بالا تقریر سے یہ واضح ہوتا ہے کہ بزرگوں کے آثار سے مسلمان ہی مستفید ہو سکتے ہیں۔ ایمان نہ ہو تو تبرکات سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا ہے"۔

حدیث ۱۱۹۸ سے معلوم ہوتا ہے کہ سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے عبداللہ بن ابی کے بیٹے کو قمیص دی اور حدیث ۱۱۹۸ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے عبداللہ بن ابی کو قبر سے باہر نکلوا کر قمیص پہنائی مگر ان دونوں روایات میں مخالفت نہیں کیونکہ حدیث ۱۱۹۸ کا مطلب یہ ہے کہ سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے عبداللہ بن ابی کے بیٹے سے وعدہ فرمایا تھا کہ آپ اس کو قمیص دیں گے اور وعدہ پر اعطاء کا مجازاً اطلاق فرمایا کیونکہ آپ کا اسے قمیص عطا کرنا حتمی امر تھا جس میں تخلف کی گنجائش نہیں اور تحقّق وقوع کے اعتبار سے "اَعْطَاهُ" فرمایا" حدیث ۱۱۹۹ سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت اور مصلحت کی وجہ سے میّت کو قبر سے نکالا جا سکتا ہے" مگر یہ اس حد تک جائز ہے کہ قبر کو بند نہ کیا گیا ہو اگر اسے بند کر دیا گیا ہو اور مٹی سے بھر دیا گیا ہو تو اس کے بعد اخراجِ میّت جائز نہیں۔
واللہ و رسولہ اعلم!

باب بغیر قمیص کے کفن دینا

۱۲۰۰— ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا جو سحول کے بُنے ہوئے سوتی کپڑے تھے" ان میں نہ تو قمیص تھی اور نہ ہی عمامہ تھا"

marfat.com

حدثنا مسدد قال حدثنا يحيى عن هشام قال حدثني أبي عن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كفن في ثلاثة أثواب ليس فيها قميص ولا عمامة قال أبو عبد الله أبو نعيم لا يقول ثلاثة وعبد الله بن الوليد عن سفين يقول ثلاثة ١٢٠١

باب الكفن بلا عمامة

حدثنا إسمعيل قال حدثني مالك عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كفن في ثلاثة أثواب بيض سحولية ليس فيها قميص ولا عمامة ١٢٠٢

باب الكفن من جميع المال

وبه قال عطاء والزهري وعمرو بن دينار وقتادة وقال عمرو بن دينار الحنوط من جميع المال وقال إبراهيم يبدأ بالكفن ثم بالدين ثم بالوصية وقال سفين أجر القبر والغسل هو من الكفن

حدثنا أحمد بن محمد المكي قال حدثنا إبراهيم بن سعد عن سعد عن أبيه قال أتي عبد الرحمن بن عوف بطعام فقال قتل مصعب بن عمير وكان خيرا مني فلم يوجد له ما يكفن فيه إلا بردة وقتل ١٢٠٣

ترجمہ ۱۲۰۱: ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا ان میں نہ تو قمیص تھی اور نہ ہی عمامہ تھا۔"

باب — بغیر عمامہ کے کفن دینا

ترجمہ ۱۲۰۲: ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا جو سحول کے بنے ہوئے تھے،، ان میں نہ تو قمیص تھی اور نہ ہی عمامہ تھا۔

تشریح ۱۲۰۰، ۱۲۰۱، ۱۲۰۲ — ان تینوں احادیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ میت کو تین لفافوں میں کفن دیا جائے۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ بھی یہی کہتے ہیں۔ احناف نے حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا اور وہ قمیص، ازار اور لفافہ تھے،، اس روایت کو ابن عدی نے کامل میں ذکر کیا ہے" حدیث ۱۱۹۳ کی تفہیم میں دیکھیں،،

باب — میت کے سارے مال سے کفن دینا

عطاء، زہری، عمرو بن دینار اور قتادہ رضی اللہ عنہم نے یہی کہا ہے" عمرو بن دینار نے کہا خوشبو سارے مال سے لی جائے۔ ابراہیم نخعی نے کہا کفن سے ابتدا کی جائے پھر قرض ادا کیا جائے پھر وصیت پوری کی جائے سفیان ثوری نے کہا قبر کی اور غسل کی اجرت کفن میں شامل ہے"

marfat.com

حَمْزَةُ اَوْ رَجُلٌ اٰخَرُ خَيْرٌ مِّنِّيْ فَلَمْ يُوْجَدْ لَهٗ مَا يُكَفَّنُ فِيْهِ اِلَّا بُرْدَةٌ لَقَدْ خَشِيْتُ اَنْ يَّكُوْنَ قَدْ عُجِّلَتْ لَنَا طَيِّبَاتُنَا فِيْ حَيَاتِنَا الدُّنْيَا ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِيْ

۱۲۰۳ ۔ ترجمہ : ابراہیم بن سعد نے اپنے باپ سعد سے اُنھوں نے اپنے والد بن عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم سے روائت کی کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس ایک دن کھانا رکھا گیا تو اُنھوں نے کہا مُصعب بن عمیر شہید کر دیئے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے ان کے لئے ایک چادر کے سوا کفن نہ مل سکا اور حمزہ یا کوئی شخص شہید کر دیئے گئے ان کے لئے ایک چادر کے سوا کفن میسّر نہ آسکا مجھے ڈر ہے کہ کہیں ہماری نیکیوں کا بدلہ ہماری دنیاوی زندگی میں نہ دے دیا گیا ہو پھر اُنھوں نے رونا شروع کر دیا "

۱۲۰۳ — شرح : یعنی کفن، خوشبو اور غسل وغیرہ تجہیز و تکفین میں شامل ہیں اور یہ سارے مال میں سے پُورے ہوں گے۔ تجہیز و تکفین کے بعد میّت کا قرض اُتارا جائے گا اور باقی مال سے اس کی وصیّت پُوری کی جائے گی " اور وہ باقی ترکہ کے تہائی حصّہ میں نافذ العمل ہوگی" ضرورت کے وقت جبکہ کفن میسّر نہ آسکے تو ایک کپڑے میں کفن دینا جائز ہے مقصد تو سترِ عورت ہے" حضرت مصعب بن عمیر اور امیر حمزہ رضی اللہ عنہما دونوں شہید کر دیئے گئے تھے اس لئے ان کو انہی کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عالمِ دین صالحین کی سیرت یاد کرے اور ان کی دنیاوی سادہ زندگی اور قلتِ مال پیشِ نظر رکھے تاکہ اس کی رغبت دنیا میں کم ہو اور نیک لوگوں سے پیچھے رہ جانے پر روئے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کر کے ان کے شکر ادا کرنے میں تقصیر کا اعتراف کرے اور دُنیاوی نعمتوں کے عوض اخروی مقاصات سے ڈرے "

مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان کو مدینہ منورہ بھیجا تھا تاکہ اہلِ مدینہ کو قرآن کی تعلیم دیں اور ان کو دینی مسائل بتائیں اُنھوں نے ہجرت سے پہلے مدینہ منورہ میں جمعہ پڑھا تھا وہ جاہلیت میں بڑے مالدار تھے اور بہترین قیمتی لباس پہنا کرتے تھے جبکہ وہ نہایت ہی خوبصورت تھے مسلمان ہونے کے بعد دنیا کی رغبت ترک کر دی اور اُحُد کی جنگ میں شہید کر دیئے گئے رضی اللہ تعالیٰ عنہ"

امیر حمزہ بن عباس رضی اللہ عنہما جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حقیقی چچا اور رضاعی بھائی ہیں ان کو اللہ کا شیر کہا جاتا ہے۔ ان کے اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام کو بہت غلبہ حاصل ہُوا اور وہ اُحُد کی جنگ میں شہید کر دیئے گئے ان کو سیّد الشہداء کہا جاتا ہے"

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر مسلمان ہُوئے دو ہجرتیں کیں اکثر جنگوں میں شرکت کی اُحُد کی جنگ میں ثابت قدم رہے اور ان کے جسم پر بیس سے زیادہ زخم آئے جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے تبوک کے روز ان کے پیچھے نماز پڑھی۔ و ۳۲ ہجری میں فوت ہُوئے اور جنت البقیع میں دفن ہُوئے رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

بَابٌ إِذَا لَمْ يُوجَدْ إِلَّا ثَوْبٌ وَاحِدٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ إِبْرَاهِيمَ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ عَوْفٍ أُتِيَ بِطَعَامٍ وَكَانَ صَائِمًا فَقَالَ قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّي كُفِّنَ فِي بُرْدَةٍ إِنْ غُطِّيَ رَأْسُهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَإِنْ غُطِّيَ رِجْلَاهُ بَدَا رَأْسُهُ وَأُرَاهُ قَالَ وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّي ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ أَوْ قَالَ أُعْطِينَا مِنَ الدُّنْيَا مَا أُعْطِينَا وَقَدْ خَشِينَا أَنْ تَكُونَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِي حَتَّى تَرَكَ الطَّعَامَ

باب ـــــ جب نہ پایا جائے مگر صرف ایک کپڑا

ترجمہ ۱۲۰۴ـــ : حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس کھانا لایا گیا حالانکہ وہ روزے سے تھے، تو اُنھوں نے کہا مصعب بن عمیر شہید کئے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے ان کو صرف ایک کپڑے میں کفن دیا گیا۔ اگر ان کا سر ڈھانپا جاتا تو دونوں پاؤں کھل جاتے اور اگر ان کے پاؤں چھپائے جاتے تو سر کھل جاتا۔ ابراہیم نے کہا میرا گمان ہے کہ اُنھوں نے کہا حمزہ رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے حالانکہ وہ مجھ سے بہتر تھے پھر ہمارے لئے دُنیا فراخ کر دی گئی یا کہا ہمیں دنیا دی گئی اور ہمیں ڈر ہوا کہ ہماری نیکیاں جلد دے دی گئی ہیں پھر عبدالرحمٰن بن عوف نے رونا شروع کیا حتیٰ کہ (افطار کے وقت) کھانا چھوڑ دیا۔"

تشریح ۱۲۰۴ـــ : اگر یہ کہا جائے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں تو مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ ان سے بہتر کیسے ہو سکتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے تواضع اور انکساری کے طور پر یہ کہا تھا جیسے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مجھے یونس بن متی پر فضلیت نہ دو" ابنِ بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کپڑے میں کفن دینا اچھا جانا کیونکہ وہ اسی کپڑے میں شہید ہوئے تھے اور اسی میں قبر سے اُٹھیں گے۔"

بعض علماء کہتے ہیں کہ جب کوئی فوت ہو جائے تو اس کی میت تمام کی تمام عورت ہو جاتی ہے اور اس کا چھپانا ضروری ہے۔ احناف کا مذہب یہ ہے کہ آدمی حیات و ممات میں محترم ہے۔ وفات کے بعد مرد عورتوں کو اور عورتیں اجنبی مَردوں کو غسل نہیں دے سکتیں۔ حسن بن زیاد رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ میت پر لمبی چادر ڈالی جائے جیسے وہ اپنی زندگی میں غسل کے وقت چادر باندھ کر نہاتا تھا مگر ظاہر روایت یہ ہے کہ چادر کے تحت غسل دینے میں مشقت ہوتی ہے اس لئے چھوٹے سے کپڑے سے عورتِ غلیظہ (قبل و دبر) کو ڈھانپ کر غسل دیا جائے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کا مذہب بھی یہی ہے۔" واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم!

marfat.com

٥٠٢ بَابٌ إِذَا لَمْ يَجِدْ كَفَنًا إِلَّا مَا يُوَارِي رَأْسَهُ أَوْ قَدَمَيْهِ غُطِّيَ بِهِ رَأْسُهُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنَا شَقِيقٌ قَالَ حَدَّثَنَا خَبَّابٌ قَالَ هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَلْتَمِسُ وَجْهَ اللَّهِ فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللَّهِ فَمِنَّا مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ فَلَمْ نَجِدْ مَا نُكَفِّنُهُ بِهِ إِلَّا بُرْدَةً إِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَأْسَهُ خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ وَأَنْ نَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الْإِذْخِرِ

باب — جب کفن نہ پائے مگر جس سے میّت کا سَر اور دونوں قدم چھپا سکے تو اس کا سَر ڈھانپا جائے

ترجمہ : حضرت خباب بن ارتّ رضی اللہ عنہ نے کہا - ہم نے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ ہجرت کی درانحالیکہ ہم اللہ تعالیٰ کی رضاء کے طالب تھے تو ہمارا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمّہ ہو گیا - ہم میں بعض لوگ فوت ہوئے جبکہ وہ اجر کا کوئی حصّہ نہ کھا سکے - ان میں سے مصعب بن عُمیر ہیں اور ہم سے بعض لوگ وہ ہیں جن کا پھل پک گیا اور وہ چُن چُن کر کھا رہے ہیں - مصعب بن عمیر جنگ اُحُد میں شہید ہوئے تو ہمیں ان کے کفن کے لئے ایک چھوٹی سی چادر کے سوا کچھ نہ ملا جب ہم ان کا سَر چھپاتے تھے تو پاؤں کھُل جاتے تھے اور جب ہم ان کے پاؤں چھپاتے تھے تو سَر کھل جاتا تھا - نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ہمیں حکم دیا کہ اِن کا سَر ڈھانپیں اور ان کے پاؤں پر گھاس کر دیں -

١٢٠٥ —

شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ کپڑا جب تنگ ہو جائے تو میت کا سر ڈھانپ دینا چاہیئے کیونکہ سَر پاؤں سے افضل ہے" اس حدیث شریف میں صدرِ اوّل کے مسلمانوں کا حال بیان کیا ہے کہ وہ دُنیا میں کن حالات میں زندگی بسر کرتے تھے" ان میں سے بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دنیا میں سے کوئی شئی حاصل نہ کی اور نہ ہی کسی سے کوئی شئی طلب کی تاکہ ان کو آخرت میں پُورا اجر ملے اور ہم میں سے بعض نے مال حاصل کیا اور دنیا میں جاہ و شوکت حاصل کی" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ فقر کی صعوبتیں برداشت کرنا اَبرار کے منازل ہیں"

اگر یہ کہا جائے کہ ہجرت جب اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے ہو تو اس کا اجر آخرت کا ثواب ہے - دُنیا اس کا اَجر کیسے ہو سکتی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اجر دنیا و آخرت کی حسنات کو شامل ہے یا اجر سے مراد ثمرہ ہے - اس میں دُنیا و آخرت دونوں داخل ہیں - واللہ تعالیٰ اعلم !

marfat.com

۱۲۰۶

بَابُ مَنِ اسْتَعَدَّ الْكَفَنَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكَرْ عَلَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَهْلٍ أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرْدَةٍ مَنْسُوجَةٍ فِيهَا حَاشِيَتُهَا تَدْرُونَ مَا الْبُرْدَةُ قَالُوا الشَّمْلَةُ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ نَسَجْتُهَا بِيَدَيَّ فَجِئْتُ لِأَكْسُوَكَهَا فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا فَخَرَجَ إِلَيْنَا وَإِنَّهَا إِزَارُهُ فَحَسَّنَهَا فُلَانٌ فَقَالَ اكْسُنِيهَا مَا أَحْسَنَهَا فَقَالَ الْقَوْمُ مَا أَحْسَنْتَ لَبِسَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا ثُمَّ سَأَلْتَهُ وَعَلِمْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ قَالَ إِنِّي وَاللّٰهِ مَا سَأَلْتُهُ لِأَلْبَسَهُ وَإِنَّمَا سَأَلْتُهُ لِتَكُونَ كَفَنِي قَالَ سَهْلٌ فَكَانَتْ كَفَنَهُ

باب — جس نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کفن تیار کیا تو اس کو بُرا نہ کہا گیا"

۱۲۰۶ — ترجمہ : حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت بُنا ہُوا بردہ لے کر نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائی جس میں حاشیہ بھی تھا کیا تم جانتے ہو کہ بُردہ کیا چیز ہے ؟ لوگوں نے کہا چادر ہے فرمایا ہاں (درست ہے) اس عورت نے کہا میں نے اسے اپنے ہاتھ سے بُنا ہے" میں یہ آپ کو پہنانے لائی ہوں۔ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی ضرورت تھی آپ نے اسے لے لیا پھر آپ ہمارے پاس تشریف لائے اور وہ چادر آپ کا تہبند تھی فلاں شخص نے اس کی تحسین کی اور کہا چادر بہت اچھی ہے۔ اس شخص نے کہا یہ چادر کیا اچھی ہے۔ آپ یہ مجھے عنایت فرمائیں لوگوں نے اسے کہا تو نے اچھا نہیں کیا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے اسے پہنا اور تُو نے آپ سے چادر کا سوال کیا حالانکہ تو جانتا ہے کہ آپ سوال رد نہیں فرماتے" اس نے کہا اللہ کی قسم! میں نے پہننے کے لئے چادر آپ سے نہیں مانگی میں نے تو صرف اس لئے مانگی ہے کہ میرا وہ کفن ہو جائے سہل نے کہا وہ چادر اس کا کفن بنی"

۱۲۰۶ شرح یعنی سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کسی سائل کو محروم واپس نہ فرماتے تھے اور نہ ہی آپ نے مسئول شئ کا کبھی انکار فرمایا تھا اس لئے مذکور سائل کو احساس کرایا گیا کہ اسے چادر کا سوال نہیں کرنا چاہیئے تھا" ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ حاجت سے پہلے شئ تیار کرنی جائز ہے۔ بعض صالحین نے اپنی موجودگی میں اپنی قبریں بنوائیں تاکہ موت یاد رہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بادشاہ فقیر کا ہدیہ قبول کر سکتا ہے اور صالحین سے تبرکات کا سوال کرنا جائز ہے اور ان کے آثار سے تبرک حاصل کرنا باعثِ برکت اور موجبِ رحمت ہوتا ہے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے چادر کا سوال کرنے والا شخص حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ تھے"

marfat.com

باب اتباع النساء الجنازة حدثنا قتيبة بن عقبة قال حدثنا سفيان عن خالد الحذاء عن ام الهذيل عن ام عطية انها قالت نهينا عن اتباع الجنائز ولم يعزم علينا باب احداد المرأة على غير زوجها حدثنا مسدد قال حدثنا بشر بن المفضل قال حدثنا سلمة بن علقمة عن محمد بن سيرين قال توفي ابن لام عطية فلما كان اليوم الثالث دعت بصفرة فتمسحت به وقالت نهينا ان نحد اكثر من ثلاث الا لزوج حدثنا الحميدي قال حدثنا سفيان قال حدثنا ايوب

۱۲۰۶ ۱۲۰۸ ۱۲۰۹

باب — عورتوں کا جنازوں کے پیچھے جانا

۱۲۰۷ — ترجمہ : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ ہمیں جنازوں کے پیچھے جانے سے روکا گیا اور ہم پر ضروری نہیں کیا گیا"

باب — عورت کا شوہر کے علاوہ کسی اور پر سوگ کرنا

۱۲۰۸ — ترجمہ : محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا کا لڑکا فوت ہوگیا جب تیسرا دن تھا تو اُس نے زردی منگوائی اور اس کو بدن پر ملا" اور کہا ہمیں شوہر کے سوا کسی اور پر تین دن سے زیادہ سوگ کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

۱۲۰۷ — شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو جنازوں کے پیچھے جانا منع فرمایا اور یہ نہی ہم پر واجب نہ فرمائی۔ یعنی یہ نہی تحریم کے لئے نہ تھی" ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ یہ بدعت ہے۔ معلوم ہُوا کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا منع کرنا کبھی تحریم کے لئے اور کبھی تنزیہہ کے لئے ہوتا ہے۔ اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا کہ ہم پر نہی واجب نہیں کی اس لئے تھا کہ اس نے اس سے یہی سمجھا تھا کہ جنازوں کے پیچھے جانا حرام نہیں" علامہ قرطبی رحمہ اللہ نے کہا بظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نہی تنزیہہ کے لئے ہے" جمہور علماء کا مسلک یہی ہے" سفیان ثوری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عورتوں کا جنازوں کے پیچھے جانا بدعت ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا عورتوں کے لئے یہ مناسب نہیں امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا نوجوان عورتوں کے لئے یہ مکروہ ہے اور دوسری عورتوں کے لئے جائز ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک مکروہ ہے حرام نہیں"

۱۲۰۸ — شرح : یعنی عورت کے لئے جائز نہیں کہ اپنے شوہر کی وفات کے بعد زیب و زینت کرے بلکہ اس پر واجب ہے کہ چار ماہ دس روز سوگ میں گزارے، البتہ شوہر کے علاوہ کسی اور پر سوگ طرف تین دن جائز ہے۔ حدیث ۱۲۰۹ اور ۱۲۱۰ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے"

۱۲۰۹ — ترجمہ : زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جب شام سے ابوسفیان کی وفات کی خبر آئی تو ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے تیسرے روز زردی

marfat.com

ابن موسیٰ قال اخبرنی حمید بن نافع عن زینب بنت ابی سلمۃ قالت لما جاء نعی ابی سفیان من الشام دعت ام حبیبۃ بصفرۃ فی الیوم الثالث فمسحت عارضیہا وذراعیہا وقالت انی کنت عن ھذا لغنیۃ لولا انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر ان تحد علی میت فوق ثلاث الا علی زوج فانہا تحد علیہ اربعۃ اشہر وعشرا۔ حدثنا اسمٰعیل قال حدثنی مالک عن عبد اللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن حمید بن نافع عن زینب بنت ابی سلمۃ انہا اخبرتہ قالت دخلت علی ام حبیبۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر ان تحد علی میت فوق ثلاث الا علی زوج اربعۃ اشہر وعشرا ثم دخلت علی زینب بنت جحش حین توفی اخوہا فدعت بطیب فمست بہ ثم قالت مالی بالطیب من حاجۃ غیر انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر تحد علی میت فوق ثلاث الا علی زوج اربعۃ اشہر وعشرا

مگر فی اور اسے اپنے رخساروں اور ہاتھوں پر ملا اور کہا میں اس سے مستغنی ہوں اگر میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا نہ ہوتا کہ کسی عورت کے لئے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہے جائز نہیں کہ وہ شوہر کے سوا کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے۔ اور وہ شوہر کے مرنے پر چار ماہ دس دن سوگ کرے۔"

۱۲۱۰ — ترجمہ : حمید بن نافع رضی اللہ عنہ نے زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ انھوں نے اسے خبر دی اور کہا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجۂ محترمہ ام حبیبہ "رملہ" کے پاس گئی تو انھوں نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ اور یوم آخر پر ایمان رکھنے والی کسی عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے۔ وہ صرف زوج پر چار ماہ دس دن سوگ کرے پھر میں ام المؤمنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس گئی جبکہ ان کا بھائی فوت ہوگیا انھوں نے خوشبو منگوائی اور اسے مس کیا پھر کہا مجھے خوشبو کی ضرورت نہ تھی مگر میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر شریف پر یہ فرماتے ہوئے سنا کہ کسی عورت کے لئے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہے جائز نہیں کہ وہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے مگر وہ اپنے شوہر پر چار ماہ دس دن سوگ کرے۔"

۱۲۰۹ ، ۱۲۱۰ — شرح : زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے تین بھائی عبد اللہ، عبید اللہ اور ابو احمد تھے۔ عبد اللہ اُحد کی لڑائی میں قتل ہوگئے تھے جبکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابھی زینب رضی اللہ عنہا سے نکاح نہ فرمایا تھا، عبید اللہ نصرانی تھا اور پانچ یا چھ ہجری کو حبشہ میں فوت ہوگیا تھا اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد زینب رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا تھا، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہما سے عبید اللہ

marfat.com

بَابُ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَأَةٍ تَبْكِيْ عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ اتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ قَالَتْ اِلَيْكَ عَنِّيْ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِيْبَتِيْ وَلَمْ تَعْرِفْهُ فَقِيْلَ لَهَا اِنَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاَتَتْ بَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَهُ بَوَّابِيْنَ فَقَالَتْ لَمْ اَعْرِفْكَ فَقَالَ اِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى

کے مرنے کے بعد چھ یا سات ہجری میں نکاح فرمایا تھا۔ اس وقت زینب بنت ابی سلمہ بہت چھوٹی تھیں اور ابو احمد کی زندگی میں ام المؤمنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا وفات پا چکی تھیں اب اشکال پیدا ہوتا ہے کہ ام المؤمنین زینب رضی اللہ عنہا نے کس بھائی پر سوگ کیا تھا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ام المؤمنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا ایک بھائی اخیافی یا رضاعی تھا اس کی وفات پر انھوں نے سوگ کیا تھا میرے نزدیک یہی جواب صحیح ہے بعض علماء نے کہا کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے عبید اللہ کی موت پر سوگ کیا تھا اور یہ سوگ طبعی طور پر تھا۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ شوہر کی وفات پر سوگ کرنا واجب ہے احناف کا یہی مسلک ہے اور اس پر علماء کا اجماع ہے،، اور جس روایت میں ہے کہ جب حضرت جعفر بن ابی طالب شہید ہوئے تو ان کی بیوی اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن کے بعد سوگ کرنے سے منع فرما دیا تھا" وہ روایت سوگ میں صحیح روایات اور اجماع کے خلاف ہے،، اس حدیث سے امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ ذمیہ زوجہ پر سوگ واجب نہیں کیونکہ حدیث میں اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھنا شرط ہے اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نابالغہ پر سوگ واجب نہیں کیونکہ عورت کا اطلاق بالغہ پر ہوتا ہے نابالغہ کو بچی کہا جاتا ہے،،

ام المؤمنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا بیس ہجری میں فوت ہوئیں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے ازواج مطہرات میں سے سب سے پہلے ان کا انتقال ہوا۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ کوئی عورت ان سے بہتر نہ تھی۔ انھوں نے ہمیشہ سچی بات کی اور بہت زیادہ صلہ رحمی کیا کرتی تھیں،، اور صدقات و خیرات بکثرت کرتی تھیں۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا وہ فخر سے کہا کرتی تھیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا نکاح سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرش پر کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے — "زَوَّجْنَاكَهَا" واللہ و رسولہ اعلم!

باب — قبروں کی زیارت کرنا

۱۲۱۱ — ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گزرے جبکہ وہ ایک قبر کے پاس رو

marfat.com

رہی تھی۔ آپ نے اسے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈر اور صبر کر" اس عورت نے کہا چلتے جاؤ تم میری مصیبت جیسی مصیبت کو نہیں پہنچے ہو حالانکہ اس عورت نے آپ کو پہچانا نہ تھا اس عورت سے کہا گیا کہ وہ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ (یہ سُن کر) وہ عورت (فوراً) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر حاضر ہُوئی اور وہاں دربان نہ پائے اس عورت نے کہا حضور میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" صبر صرف صدمہ کی ابتداء میں ہوتا ہے"

1211 — شرح: "اِلَیْكَ عَنِّیْ" اسماءِ افعال میں سے ہے اس کا معنیٰ یہ ہے" مجھ سے دُور چلا جا اور علیحدہ ہو جا" اس حدیث کی باب کے عنوان سے مناسبت اس طرح ہے کہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو میت کی قبر کی زیارت سے منع نہیں فرمایا اس کو صرف صبر کی تلقین فرمائی۔۔ وہ عورت اگر سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانتی تو اس طرح آپ سے مخاطب نہ ہوتی۔۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا حدیث میں" بوابین" کا ذکر اس لئے کیا کہ اس عورت سے جب یہ کہا گیا کہ وہ تو جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے تو وہ گھبرائی اور خیال کیا کہ بادشاہوں کی طرح آپ کے دربان ہوں گے جو مجھے آپ تک پہنچنے نہیں دیں گے۔ وہ جب وہاں گئی تو اپنے خیال کا برعکس پایا اور کہا وہاں دربان نہ پائے۔۔ حدیث کا معنی یہ ہے کہ جب کوئی مصیبت آجائے تو اس کی آمد پر صبر کرنا ہی حقیقۃً صبر ہے کیونکہ اچانک مصیبت واقع ہونے سے دل گھبراتا ہے اس وقت سکون صبر ہوتا ہے۔ مصیبت گزر جانے کے بعد سکون کرنا صبر نہیں ہوتا۔۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو صبر کی تلقین اس لئے فرمائی کہ اس پہ دو مصیبتیں جمع نہ ہوں ایک بچہ فوت ہو جانے کی مصیبت اور دوسری بے صبری کی صورت میں ثواب و اجر کا ضائع ہو جانا اور ثواب کا ضیاع بھی مصیبت ہے۔۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم بہت متواضع تھے اور جاہل لوگوں سے نرمی فرمایا کرتے تھے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ زیارتِ قبور مرد و عورت کے لئے جائز ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ جمہور علماء نے زیارتِ قبور کے جواز کا فیصلہ دیا ہے۔۔ تحقیق مقام یہ ہے کہ مَردوں اور عورتوں کے لئے زیارتِ قبور جائز ہے۔ امام مسلم نے بُریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنت نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا" میں تمہیں زیارتِ قبور سے منع کرتا تھا اب ان کی زیارت کیا کرو" اس حدیث کو امام ترمذی نے بھی ذکر کیا ہے" حدیث کے الفاظ عام ہیں جو عورتوں کو بھی شامل ہیں۔۔ ابن ماجہ نے بھی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی اور اس میں "فَاِنَّهَا تُذَكِّرُ فِی الدُّنْیَا وَ تُذَكِّرُ فِی الْاٰخِرَةِ" کا اضافہ کیا" ابن ابی شیبہ نے "وَلَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا" کا اضافہ کیا"۔ حاکم نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ انھوں نے کہا مجھے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" قبروں کی زیارت کیا کرو اس کی وجہ سے تم آخرت کو یاد رکھو گے" ابن عبدالبر نے صحیح سند سے حدیث ذکر کی" جو کوئی اپنے مومن بھائی کی قبر کے پاس سے گزرے جس کو وہ دنیا میں پہچانتا تھا اور اس کو سلام کہے تو وہ اس کو پہچان کر سلام کا جواب

marfat.com

دیتا ہے"، امام ترمذی نے کہا حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث پر اہلِ علم کا عمل ہے وہ زیارتِ قبور میں کوئی حرج نہیں جانتے۔ امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہما بھی یہی کہتے ہیں۔ اگر کوئی یہ سوال کرے کہ ایک حدیث میں ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبور کی زیارت کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے" تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت بریدہ کی حدیث سے یہ حدیث منسوخ ہے"، بعض علماء کہتے ہیں کہ عورتوں کے لئے قبروں کی زیارت کرنا اس لئے مکروہ ہے کہ اِن میں صبر کی قلّت ہوتی ہے اور یہ قبر پر جزع فزع کرتی ہیں"، بعض علماء نے کہا مردوں کے لئے زیارتِ قبور مباح ہے عورتوں کے لئے نہیں کیونکہ ابو داؤد نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبور کی زیارت کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ ابن عبد البر نے کہا ابن عباس کی حدیث اباحت سے قبل پر محمول ہے"، مگر نوجوان عورتوں کا قبور پر نہ جانا بہتر ہے اور ان کے باہر نکلنے میں سخت فتنہ ہے۔ ان کے لئے گھر کے اندر بیٹھے رہنا مستحسن ہے۔ اکثر علماء نماز کے لئے ان کا نکلنا مکروہ جانتے ہیں تو ان کا مقابر میں جانا کیسے بہتر ہو سکتا ہے .. بعض علماء کہتے ہیں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا۔ كَانَ يَنْهَىٰ عَنْ زِيَارَتِهَا ثُمَّ اَمَرَ بِزِيَارَتِهَا " جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبروں کی زیارت سے منع فرمایا کرتے تھے پھر ان کی زیارت کا حکم فرمایا"، لہٰذا ان کے لئے قبور کی زیارت مباح ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں بوڑھی عورتوں کے لئے مباح ہے اور نوجوان عورتوں کے لئے جائز نہیں۔ علامہ قرطبی نے یہی کہا ہے اُنھوں نے کہا اگر عورتیں تنہا ہوں اور مَردوں سے اختلاط نہ ہو تو سب عورتوں کے لئے زیارتِ قبور مباح ہے اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں"، ترمذی نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث ذکر کی" لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ"، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث جو ابو داؤد نے ذکر کی ہے اس کا مصداق وہ عورتیں ہیں جو بکثرت قبروں کی زیارت کرتی ہیں کیونکہ" زوّارات" مبالغہ کا صیغہ ہے"، یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ عورتوں کا بکثرت زیارتِ قبور سے شوہروں کے حقوق ضائع ہوتے ہیں اور اس میں تبرّج اور شہرہ بھی پایا جاتا ہے یعنی عورتوں کا مظاہرہ ہوتا ہے اور اس کے علاوہ اور بھی جنسی مفاسد لاحق ہونے کا امکان ہے"، اس تقریر سے معلوم ہُوا کہ زائرات اور زوّارات میں فرق واضح ہے"۔

توضیح میں ہے کہ حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث اس حدیث کی ناسخ ہے جس میں زیارتِ قبور سے منع کیا گیا ہے اور ساری اُمّت جناب نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم، ابو بکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی قبور کی زیارت پر متفق ہے"، حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب سفر سے واپس آتے تو روضۂ اطہر کی زیارت کرتے اور کہتے" السلام علیک یا رسُول اللہ، السلام علیک یا ابا بکر، السلام علیک یا ابتاہ"، قبور کی زیارت سے ممانعت شروع اسلام میں تھی جبکہ عبادتِ اوثان کا زمانہ قریب تھا اور لوگ قبروں کو سجدے کیا کرتے تھے جب اسلام مضبوط ہو گیا اور لوگوں کے دل قوی ہو گئے اور قبور کی عبادت اور ان کو سجدے کرنے کا خطرہ جاتا رہا تو ان کی زیارت کی ممانعت منسوخ ہو گئی کیونکہ ان کی زیارت آخرت یاد دلاتی ہے اور دنیا میں زہادت پر آمادہ کرتی ہے"۔

"الحاصل مردوں کے

marfat.com

بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَذَّبُ الْمَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهِ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ فَإِذَا لَمْ يَكُنْ مِنْ سُنَّتِهِ فَهُوَ كَمَا قَالَتْ عَائِشَةُ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرٰى وَهُوَ كَقَوْلِهِ وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلُ مِنْهُ شَيْءٌ وَمَا يُرَخَّصُ مِنَ الْبُكَاءِ فِي غَيْرِ نَوْحٍ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا إِلَّا كَانَ عَلٰى ابْنِ آدَمَ الْأَوَّلِ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا وَذٰلِكَ لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ

لئے قبور کی زیارت کرنا مباح ہے اور اس زمانہ میں عورتوں کے لئے حرام ہے خصوصًا جبکہ وہ خوشنما ہیئت اور خوبصورت لباس میں حسن وجمال کا مظاہرہ کرتے ہوئے قبروں کو جائیں کیونکہ ان حالات میں فتنہ وفساد سے مامون رہنا مشکل امر ہے اور رخصت تو صرف امر آخرت کی تذکیر اور دنیا میں زہادت کے لئے ہے۔

(منتخب از عمدۃ القاری)

باب ــــ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد "کہ میت کو اس کے بعض اہل کے رونے کی وجہ سے عذاب کیا جاتا ہے جبکہ نوحہ کرنا اس کی عادت میں سے ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور اس کی رعیت کے بارے میں اس سے پوچھا جائے گا اور جب نوحہ کرنا اس کا طریقہ اور عادت نہ ہو تو وہ جیسے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا" اور وہ اللہ تعالیٰ کے اس کلام کی مثل ہے "اگر کوئی بوجھ اٹھانے والی جان کسی دوسرے کو بلائے (اس کا بوجھ اٹھانے کے لئے) تو اس سے کوئی شئی نہ اٹھائی جائے گی" اور جو نوحہ کے بغیر رونے میں رخصت دی گئی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کوئی نفس ناحق قتل نہیں ہوتا مگر حضرت آدم کے پہلے بیٹے (قابیل) پر اس کے خون کا ایک حصہ ہوتا ہے۔ یہ اس لئے کہ اس نے قتل کا طریقہ جاری کیا تھا"

آیت کریمہ سے استدلال کی وجہ یہ ہے کہ جب کسی شخص کی عادت نوحہ کرنا ہو تو اس کے گھر والے اس میں اس کی اقتداء کریں گے تو اس کے اہل کا نوحہ کرنے کا سبب وہ ہوا اور اس نے ان کو آگ سے نہ بچایا اس لئے اس کو عذاب دیا جاتا ہے اور اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ جب اس نے نوحہ کیا تو اپنے نفس کی نگہبانی نہ کی اور نہ ہی اپنے اہل کی نگہبانی کی کیونکہ انھوں نے نوحہ کرنا اس سے سیکھا اور اس کی اقتداء کی تو ان کے نوحہ کرنے کا سبب وہی ہوا اور یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ سنت سے مراد وصیت ہو یعنی مرتے وقت وہ نوحہ کرنے کی وصیت کر جائے" ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے آیت سے یہ استدلال کیا کہ کسی کے گناہ کا عذاب دوسرے کو نہ ہوگا یعنی ہر نفس کا مواخذہ اس کے گناہ کے بغیر نہ ہوگا۔ مذکور باب کے عنوان کا حاصل یہ ہے کہ جس رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے اس رونے سے مراد نوحہ سے رونا ہے" اور اس سے میت کو عذاب اس وقت ہوتا ہے جبکہ وہ اپنی زندگی میں نوحہ کرتا رہا ہو کیونکہ اس کا فعل اس کے اہل کے لئے طریقہ ہو جاتا ہے اور وہ اس

marfat.com

حَدَّثَنَا عَهْدَانُ وَمُحَمَّدٌ قَالَا اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ
عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ اَرْسَلَتْ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ اَنَّ اِبْنًا لِيْ قُبِضَ فَاْتِنَا
فَاَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهُ مَا اَعْطٰى وَكُلٌّ عِنْدَهٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ
فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ لَيَاْتِيَنَّهَا فَقَامَ وَمَعَهٗ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَاُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَزَيْدُ بْنُ
ثَابِتٍ وَرِجَالٌ فَرُفِعَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّبِيُّ وَنَفْسُهٗ تَقَعْقَعُ قَالَ حَسِبْتُهٗ اَنَّهٗ قَالَ كَاَنَّهَا شَنٌّ
فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا هٰذَا قَالَ هٰذِهٖ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِ عِبَادِهٖ وَاِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ
مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

طریقہ کا سبب ہوتا ہے کیونکہ اسی نے ان کو نوحہ کرنا سکھایا ہے اور اگر وہ اپنی زندگی میں ایسا نہ کرتا ہو تو وہ ان کے طریقہ کا سبب نہ ہوگا لہٰذا ان کے نوحہ کرنے سے میت کو عذاب نہ ہوگا ،،

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث کے معنیٰ میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعض نے کہا حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ میت نوحہ کی وصیت کر جائے تو اس وقت اس کو اپنے فعل پر عذاب ہوگا دوسرے کے فعل پر عذاب نہ ہوگا۔ امام بخاری رضی اللہ عنہ کا مسلک بھی یہی ہے جبکہ انھوں نے کہا " اذا کان النوح من سنتہ " بعض علماء نے اس کا معنیٰ یہ ذکر کیا ہے کہ رونے میں میت کی مدح کی جائے جیسے جاہل لوگ ان افعال سے مدح کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک گناہ ہیں جیسے وہ رو رو کر کہتے تھے اس نے فلاں کو قتل کیا فلاں کا نقصان کیا وغیرہ وغیرہ لہٰذا اس کو اس کے سبب عذاب ہوتا ہے۔ بعض علماء نے اس کا معنیٰ یہ بیان کیا ،، کہ میت اپنے گھر والوں کے رونے سے غمناک ہوتی ہے اور اس کو اس سے تکلیف ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے " تمہارے اعمال تمہارے مرے ہوئے اقرباء پر پیش کئے جاتے ہیں اگر وہ انھیں اچھا دیکھیں تو خوش ہوتے ہیں ورنہ ان کو تکلیف ہوتی ہے ،، اس توجیہ پر تعذیب اللہ کی طرف سے نہ ہوگی بلکہ اس کے زندہ اقرباء کی طرف سے ہوگی۔ ابن بطال نے کہا ہر وہ حدیث جس میں رونے سے منع کیا گیا ہے اس کا معنیٰ نوحہ ہے " واللہ ورسولہ اعلم !

۱۲۱۲ — ترجمہ : اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی نے آپ کو پیغام بھیجا کہ میرا بیٹا فوت ہو رہا ہے۔ آپ ہمارے پاس تشریف لائیں آپ نے اس کا جواب کہلا بھیجا کہ آپ سلام کہتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اللہ ہی کے لئے ہے جو اس نے لے لیا اور اسی کے لئے ہے جو اس نے عطا کیا ،، اس کے نزدیک ہر شئ کا وقت مقرر ہے پس وہ صبر کرے اور ثواب کی طلبگار رہے ،، صاحبزادی رضی اللہ عنہا نے پھر پیغام بھیجا جبکہ آپ کو قسم دی کہ ضرور تشریف لائیں آپ کھڑے ہوئے اور آپ کے ساتھ سعد بن عبادہ ، معاذ بن جبل ، ابی بن کعب ، زید بن ثابت اور چند لوگ تھے بچے کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا ،، جبکہ اس کا سانس بیقرار تھا۔ راوی نے کہا میرا ان پر گمان ہے کہ کہا گویا وہ

marfat.com

۱۲۱۳ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِلَالِ ابْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ شَهِدْنَا بِنْتًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ قَالَ فَرَاَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ قَالَ فَقَالَ هَلْ مِنْكُمْ رَجُلٌ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَنَا قَالَ

مشکیزہ تھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں آنکھیں بہنے لگیں۔ حضرت سعد نے کہا یا رسول اللہ یہ کیا؟ آپ نے فرمایا یہ رحمت ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم کرتا ہے"

شرح : یہ صاحبزادی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا تھیں" علامہ دمیاطی رحمہ اللہ نے کہا اس بچے کا نام علی بن ابی العاص تھا زبیر بن بکار وغیرہ کا یہ ذکر کرنا کہ علی مذکور بالغ ہونے تک زندہ رہے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ میں ان کو سواری پر اپنے پیچھے بٹھایا تھا، ان پر بچہ کا اطلاق کے منافی نہیں کیونکہ عرف میں سن بلوغ تک بچہ کا اطلاق ہوسکتا ہے" ابوداؤد نے اپنے اسناد سے اسامہ بن زید سے روایت کی کہ فوت ہونے والی سیدہ زینب کی بیٹی امامہ بنت ابی العاص تھی۔ اسی طرح شعبہ کی روایت میں ہے مگر اس میں کلام ہے کیونکہ یہ بات مسلم الثبوت ہے کہ امامہ بنت ابی العاص سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد زندہ رہیں اور سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے وصال کے بعد سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے اس سے نکاح کیا تھا اور یہ بات بھی مسلم ہے کہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے صرف دو بچے تھے، ایک علی بن ابی العاص اور دوسری امامہ بنت ابی العاص جو سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں لہٰذا درست بات یہی ہے کہ وفات پانے والا بچہ علی بن ابی العاص تھا رضی اللہ تعالیٰ عنہ" پہلی مرتبہ بلانے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے تشریف نہ لے گئے کہ آپ اس وقت کسی کام میں مشغول تھے یا اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو تسلیم کے اظہار میں مبالغہ فرمایا تھا یا اس لئے کہ اس کی اجابت ضروری نہ تھی جب سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے اصرار کیا تو آپ تشریف لے گئے تاکہ جاہل یہ گمان نہ کریں کہ سیدہ زینب کی آپ کو پرواہ نہ تھی یا اس لئے کہ جب انھوں نے اصرار کیا تو آپ پر رقت طاری ہوگئی" اس حدیث میں بچے پر "قبض" کا اطلاق مجازی ہے کیونکہ وہ فوت ہونے کے قریب تھا ایسا حدیث کے الفاظ سے ظاہر ہے" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وفات کے وقت اہلِ فضل کو بلانا چاہیئے تاکہ اس کی برکت اور دعاء سے اس کو فائدہ ہو اور موت سے پہلے صاحبِ مصیبت کو تسلی دینا چاہیئے۔ بیمار اگرچہ بچہ یا مفضول ہو اہلِ فضل کو اس کی عیادت کرنی چاہیئے" اور بے ساختہ رونا اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔ یہ شریعت میں جائز ہے البتہ جس رونے میں نوحہ ہو وہ ممنوع ہے واللہ ورسولہ اعلم!

۱۲۱۲ —

ترجمہ : انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے جنازہ کو حاضر ہوئے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے

۱۲۱۳ —

marfat.com

کنارے بیٹھے ہوئے تھے میں نے آپ کی آنکھیں دیکھیں وہ آنسو بہا رہی تھیں آپ نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی شخص ہے جس نے آج کی رات جماع نہ کیا ہو؟ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں ہوں، فرمایا تم "قبر میں" اترو ابوطلحہ ان کی قبر میں اُترے"

1213 — شرح : یہ صاحبزادی سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا تھیں"، جو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں"، نو ہجری میں ان کی وفات ہوئی تھی"، یہ صاحبزادی سیّدہ رقیہ نہیں تھیں کیونکہ جب ان کا وصال ہوا تھا اس وقت سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم بدر میں تشریف فرما تھے"، اگر کوئی سوال کرے کہ آپ کے اس ارشاد میں کیا حکمت تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قبر میں اُتر کر سیّدہ کو لحد میں رکھنا تھا اس لئے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ قبر میں ایسا شخص اُترے جس نے عورتوں سے مخالطت نہ کی ہو تاکہ اِس کا نفس ساکن اور مطمئن ہو اور شہوت کو بھولنے والا ہو"، بعض یہ کہتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس رات اپنی لونڈی سے مجامعت کی تھی اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ پسند نہ تھا کہ وہ مریضہ بیوی جو وصال کے قریب تھی ان کا خیال نہ کرتے ہوئے لونڈی کے ساتھ مشغول ہوں چنانچہ عتاب کے طور پر ان کو قبر میں اُترنے سے کنایۃً منع کر دیا (کرمانی)

علامہ قسطانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا لمبا عرصہ بیمار رہیں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا یہ گمان نہ تھا کہ وہ اسی رات فوت ہو جائیں گی۔ اس لئے اُنھوں نے اس رات اپنی لونڈی سے جماع کر لیا تھا کسی حدیث سے یہ ثابت نہیں کہ اُنھوں نے سیّدہ کے انتقال کے بعد یا بوقت وفات جماع کیا تھا" یا ان کو صاحبزادی کے انتقال کا علم تھا۔ ابوطلحہ" زید بن سہل"، انصاری خزرجی ہیں اُنھوں نے غزوہ حنین میں بیس (۲۰) کافر قتل کر کے ان کے سامان پر قبضہ کیا تھا۔ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے رہتے تھے تاکہ آپ کو کسی کا تیر نہ لگے اور یہ کہتے تھے یا رسول اللہ میری جان آپ کی جان پر قربان ہے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب اِدھر اُدھر جھانکتے تو وہ فوراً حضور کے آگے ہو جاتے تھے — آپ نے فرمایا ابوطلحہ کی آواز ایک سَو مردوں سے بہتر ہے — علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ صاحبِ استیعاب نے سفیدہ ام کلثوم کی سوانح میں ذکر کیا ہے کہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کر کے اجازت حاصل کی تھی کہ وہ امِ کلثوم کی قبر میں اُتریں تو آپ نے انھیں اجازت عطا فرما دی"

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نوحہ کے بغیر رونا جائز ہے"، اور عورتوں کو قبر میں مرد اُتاریں کیونکہ وہ عورتوں کی نسبت قوی ہوتے ہیں اور اگر عورتیں اتاریں تو مستحسن ہے اور قبر کی ایک جانب بیٹھنا جائز ہے —

واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

حدثنا عبدان قال اخبرنا عبدالله قال اخبرنا ابن جريج قال اخبرني عبدالله بن عبيدالله ابن ابي مليكة قال توفيت بنت لعثمان بمكة وجئنا لنشهدها وحضرها ابن عمر وابن عباس وانی لجالس بينهما او قال جلست الى احدهما ثم جاء الآخر فجلس الى جنبي فقال عبدالله بن عمر لعمرو بن عثمان الا تنهى عن البكاء فان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الميت ليعذب ببكاء اهله عليه فقال ابن عباس قد كان عمر يقول بعض ذلك ثم حدث قال صدرت مع عمر من مكة حتى اذا كنا بالبيداء اذا هو بركب تحت ظل سمرة فقال اذهب فانظر من هؤلاء الركب قال فنظرت فاذا صهيب فاخبرته فقال ادعه لي فرجعت الى صهيب فقلت ارتحل فالحق امير المؤمنين فلما اصيب عمر دخل صهيب يبكي يقول واخاه واصاحباه فقال له عمر يا صهيب اتبكي علي وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الميت يعذب ببعض بكاء اهله عليه قال ابن عباس فلما مات عمر ذكرت ذلك لعائشة فقالت يرحم الله عمر والله ما حدث رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله ليعذب المؤمن ببكاء اهله عليه ولكن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الله ليزيد الكافر عذابا ببكاء اهله عليه وقالت حسبكم القرآن ولا تزر وازرة وزر اخرى قال ابن عباس عند ذلك والله هو اضحك وابكى قال ابن ابي مليكة والله ما قال ابن عمر شيئا

۱۲۱۴ — ترجمہ : عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی مکہ مکرمہ میں فوت ہوگئی۔ ہم ان کے جنازہ کو حاضر ہوئے اور عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم بھی وہاں موجود تھے اور میں ان کے درمیان بیٹھا ہوا تھا یا کہا میں ان میں سے ایک کے پاس بیٹھا تھا۔ پھر دوسرے صاحب تشریف لے آئے اور وہ میرے پہلو میں بیٹھ گئے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے عمرو بن عثمان سے کہا کیا عورتوں کو رونے سے منع نہیں کرتے ہو کیونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میت کو اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب دیا جاتا ہے" ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی ایسا ہی کچھ کہتے تھے" پھر انھوں نے خبر دی کہ میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مکہ مکرمہ سے آیا حتیٰ کہ ہم جب بیداء پہنچے تو اچانک ایک قافلہ کیکر کے درخت کے سایہ تلے تھا انھوں نے کہا جاؤ دیکھو یہ لوگ کون ہیں میں نے دیکھا تو وہ حضرت صہیب تھے میں نے ان کو خبر دی تو انھوں نے کہا ان کو میرے پاس بلا لاؤ میں صہیب کے پاس گیا اور ان سے کہا چلئے اور امیر المؤمنین سے ملیں جب عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا تو صہیب آئے اور روتے ہوئے یہ کہنے لگے افسوس ہائے میرے بھائی، افسوس ہائے میرے ساتھی! عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اے صہیب کیا مجھ پر رو رہے ہو حالانکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میت کو اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے" ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا

marfat.com

جب عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوگیا تو میں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ ذکر کیا تو اُنھوں نے کہا اللہ تعالیٰ عمر پر رحم کرے بخدا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے یہ نہیں فرمایا کہ مومن کو اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے لیکن رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کافر کو اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب اور زیادہ کرتا ہے،، اور کہا قرآن کریم کی یہ آئت کریمہ تمہارے لئے کافی ہے" کوئی گناہوں کا بوجھ اُٹھانے والی جان کسی کے گناہوں کا بوجھ نہ اُٹھائے گی،، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس وقت کہا اللہ ہی ہے جو ہنساتا اور رولاتا ہے ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ نے کہا بخدا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کچھ نہ کہا ..

۱۲۱۴ — شرح : اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ جنازہ کے انتظار کے لئے جمع ہوکر بیٹھنا جائز ہے۔ ابن ابی ملیکہ حضرت عبد اللہ بن عمر اور حضرت عبد اللہ بن عباس کے درمیان بیٹھے تھے حالانکہ وہ دونوں ان سے افضل ہیں اور ادب کا مقتضی یہ ہے کہ مفضول افاضل کے درمیان نہ بیٹھے مگر ممکن ہے کہ وہ کسی عذر کی وجہ سے درمیان بیٹھے ہونگے اگر کوئی یہ سوال کرے کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کیسے یقین کیا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے یہ خبر نہیں دی کہ مومن کو اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے الخ ۔ اس کا جواب یہ ہے کہ شائد اُنھوں نے صراحتہً آپ صلی اللہ علیہ وسلّم سے سُنا ہوگا کہ عذاب کافر کے ساتھ مختص ہے یا قرائن سے یہ اختصاص سمجھا ہوگا ،، اگر یہ سوال ہو کہ آئت کریمہ مومن اور کافر دونوں کو شامل ہے اور عذاب کا زیادہ ہونا بھی عذاب ہے تو جب اصلِ عذاب دوسرے کے فعل سے نہیں ہوتا تو اس کا زیادہ ہونا دوسرے کے فعل سے کیسے ہوسکتا ہے لہٰذا مذکورہ آئت سے استدلال نامکمل ہے اس کا جواب یہ ہے کہ عادۃً کافر اور مومن میں فرق ہے ،، کیونکہ کافر مرتے وقت نوحہ کرنے کی وصیت کر جاتے ہیں اور مومن ایسا نہیں کرتے اور آئت کریمہ اگرچہ مطلق ہے مگر وہ نوحہ پر خوش ہونے والے موصی کے ساتھ مختص ہے جو عرفًا اور عادتًا کافر ہی ہوسکتا ہے ۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا" هُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْكَىٰ ،، سے غرض یہ ہے کہ ہر شئی اللہ تعالیٰ کے ارادہ اور اس کی تخلیق سے معرضِ وجود میں آتی ہے ،، علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس کی غرض ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے کلام کی تائید کرنا ہے یعنی انسان کا رونا اور ہنسنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے وہی اس میں ان کو ظاہر کرتا ہے ۔ رونا عذاب میں مؤثر نہیں ہوتا چونکہ کافر معصیت سے خوش ہوتا ہے اگرچہ وہ کسی دوسرے سے صادر ہو جبکہ مومن اس کو کسی طرح بھی پسند نہیں کرتا اس لئے رونا کافر کے عذاب میں مؤثر ہے مومن کے لئے مؤثر نہیں ،، امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عمر فاروق اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روائت کا انکار کیا اور کہا کہ وہ بھُول گئے ہیں یا ان کو اشتباہ ہُوا ہے اور مذکور حدیث کی تاویل یہ کی کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ میت کو اس کے گناہوں پر عذاب ہو رہا ہے اور یہ لوگ خواہ مخواہ رَد رہے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کے رونے کے سبب میت کو عذاب ہو رہا ہے اس کی دلیل یہودیہ عورت کا واقعہ ہے جبکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم اس کے پاس سے گزرے اور اس کے گھر والے رَو رہے تھے ۔ آپ نے

marfat.com

حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ خَلِيلٍ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو إِسْحَاقَ وَهُوَ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمَّا أُصِيبَ عُمَرُ
۱۲۱۵ جَعَلَ صُهَيْبٌ يَقُولُ وَا أَخَاهُ فَقَالَ عُمَرُ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ
۱۲۱۶ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ إِنَّمَا مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى يَهُودِيَّةٍ يُبْكَى عَلَيْهَا أَهْلُهَا فَقَالَ إِنَّهُمْ لَيَبْكُونَ عَلَيْهَا وَإِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِي قَبْرِهَا

فرمایا یہ لوگ اس پر رو رہے ہیں حالانکہ اس کو قبر میں عذاب دیا جا رہا ہے ،، عذاب یہودیہ عورت کے کفر اور بداعمالیوں کے سبب تھا۔ لوگوں کا رونا اس کے عذاب کا سبب نہ تھا واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : ابوبردہ " عامر" اپنے باپ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما سے
۱۲۱۵ — سے بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے کہا جب عمر فاروق رضی اللہ عنہ
زخمی کئے گئے تو حضرت صہیب رونے لگے جبکہ وہ یہ کہہ رہے تھے اے میرے بھائی افسوس! تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کیا تم جانتے نہیں ہو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میت کو زندوں کے رونے سے عذاب دیا جاتا ہے ؟ ،،

ترجمہ : عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ انھوں نے ام المؤمنین عائشہ
۱۲۱۶ — زوجۂ محترمہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک یہودیہ عورت کے پاس سے گزرے جبکہ اس کے گھر والے اس پر رو رہے تھے۔ آپ نے فرمایا یہ لوگ اس پر رو رہے ہیں اور اس کو قبر میں عذاب دیا جا رہا ہے ،،

شرح : سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صہیب کو رونے
۱۲۱۵ ، ۱۲۱۶ — سے اس لئے منع کیا کہ وہ " وا اخاہ" کہہ
کر آواز بلند کر رہے تھے، اس سے انھوں نے یہ سمجھا کہ جب وہ موت سے پہلے اس طرح کر رہے ہیں تو وفات کے بعد بھی اس طرح روئیں گے یا اس پر اور اضافہ کریں گے اگر یہ کہا جائے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صہیب کو رونے سے منع کر دیا حالانکہ خالد کی وفات کے وقت بنی مغیرہ کی عورتوں کو رونے سے منع نہ کیا تھا اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو یہ خطرہ لاحق ہوا کہ ان کی وفات کے بعد صہیب ایسا روئیں گے جو شریعت مطہرہ میں ممنوع ہے۔ اسی لئے خالد کے واقعہ میں کہا جب تک عورتیں نوحہ نہ کریں اور نہ ہی سروں پر غبار ڈالیں ان کو رونے دیا جائے اس تقریر سے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ارشاد کہ گھر والوں کو رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے کا معنیٰ واضح ہو جاتا ہے کہ میت کو لوگوں کے اس رونے پر عذاب ہوتا ہے جس میں نوحہ وغیرہ ہو مطلقاً آنسو بہانے میں کوئی حرج نہیں جبکہ یہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہے ،، حدیث ۱۲۱۴ کی تفہیم کا مطالعہ کریں۔ واللہ اعلم!

marfat.com

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ النِّيَاحَةِ عَلَى الْمَيِّتِ وَقَالَ عُمَرُ دَعْهُنَّ يَبْكِينَ عَلَى أَبِي سُلَيْمَانَ مَا لَمْ يَكُنْ نَقْعٌ أَوْ لَقْلَقَةٌ وَالنَّقْعُ التُّرَابُ عَلَى الرَّأْسِ وَاللَّقْلَقَةُ الصَّوْتُ

۱۲۱۸ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ رَبِيعَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ كَذِبًا عَلَيَّ لَيْسَ كَكَذِبٍ عَلَى أَحَدٍ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ يُنَحْ عَلَيْهِ يُعَذَّبْ بِمَا يُنَحْ عَلَيْهِ

۱۲۱۸ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ بِمَا يُنَحْ عَلَيْهِ تَابَعَهُ عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ ح وَقَالَ آدَمُ عَنْ شُعْبَةَ الْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ عَلَيْهِ

باب — میّت پر نوحہ کرنے کی کراہت

اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا ان عورتوں کو چھوڑ دو وہ ابو سلیمان پر روئیں جب تک نقع اور لَقْلَقَہ نہ ہو نقع سر پر مٹی ڈالنا اور لَقْلَقَہ آواز نکالنا ہے "

۱۲۱۷ — ترجمہ : حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مجھ پر جھوٹ باندھنا کسی ایک پر جھوٹ باندھنے جیسا نہیں جس شخص نے مجھ پر عمداً جھوٹ بولا وہ اپنی جگہ دوزخ میں بنا لے میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس پر نوحہ کیا جائے اس کو نوحہ کے سبب عذاب ہوتا ہے "

۱۲۱۸ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر نے اپنے والد عمر فاروق" رضی اللہ عنہما" سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میّت کو اس کی قبر پر نوحہ کے سبب عذاب ہوتا ہے" عبدان کی عبدالاعلیٰ نے متابعت کی کہ ہمیں یزید بن زریع نے خبر دی اُنھوں نے کہا ہمیں سعید نے خبر دی اُنھوں نے کہا ہمیں قتادہ نے خبر دی اور آدم نے شعبہ سے روایت کرتے ہوئے کہا میّت کو زندوں کا اس پر رونے سے عذاب ہوتا ہے"

۱۲۱۷ ، ۱۲۱۸ — شرح : ابوسلیمان خالد بن ولید بن مغیرہ مخزومی ہیں ان کو سیف اللہ کہا جاتا ہے - وہ ۲۱ ہجری کو حمص میں فوت ہوئے اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو وصیت کی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ عورتیں خالد بن ولید کے گھر جمع ہو رہی ہیں اور وہ ان پر رونا چاہتی ہیں - عمر فاروق نے کہا چھوڑو عورتوں کو ان پر رونے دو اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے رونے سے اس لئے منع کر دیا تھا کہ وہ رونے میں کچھ تجاوز کر رہے تھے محمد بن سلام نے کہا بنی مغیرہ کی تمام عورتوں نے خالد بن ولید کی قبر پر اپنے سروں کے بال منڈوا دیئے تھے"

marfat.com

بَابٌ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ ۱۲۱۹
قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جِئْتُ بِاَبِيْ يَوْمَ اُحُدٍ قَدْ مُثِّلَ بِهٖ حَتّٰى وُضِعَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ سُجِّيَ ثَوْبًا فَذَهَبْتُ اُرِيْدُ اَنْ اَكْشِفَ عَنْهُ فَنَهَانِيْ قَوْمِيْ ثُمَّ ذَهَبْتُ اَكْشِفُ عَنْهُ فَنَهَانِيْ قَوْمِيْ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُفِعَ فَسَمِعَ صَوْتَ صَائِحَةٍ فَقَالَ مَنْ هٰذِهٖ فَقَالُوْا بِنْتُ عَمْرٍو اَوْ اُخْتُ عَمْرٍو قَالَ فَلِمَ تَبْكِيْ اَوْ لَا تَبْكِيْ فَمَا زَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ تُظِلُّهٗ بِاَجْنِحَتِهَا حَتّٰى رُفِعَ **بَابٌ** لَيْسَ مِنَّا مَنْ
شَقَّ الْجُيُوْبَ **حَدَّثَنَا** اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنَا زُبَيْدٌ الْيَامِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مَسْرُوْقٍ ۱۲۲۰

"الفلقہ" اس آواز کو کہتے ہیں جس میں حرکت و اضطراب ہو اور "نقع" سر پر غبار ڈالنا ہے،، اگر یہ کہا جائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے غیر پر بھی جھوٹ باندھنا معصیت ہے،، اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا" ،، لہٰذا نتیجہ یہ ہوا کہ کسی پر بھی جھوٹ باندھنا دوزخ میں جانے کا سبب ہے اس کا جواب یہ ہے،، کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھنا کبیرہ گناہ ہے کیونکہ کبیرہ گناہ وہ ہوتا ہے جس پر شارع علیہ السلام نے زجر فرمائی ہو اور غیر نبی پر جھوٹ باندھنا صغیرہ گناہ ہے کیونکہ اس پر شارع علیہ السلام نے وعید نہیں فرمائی نیز فی الجملہ دوزخ میں داخل ہونے اور دوزخ کو مسکن بنانے میں واضح فرق ہے،، نبی علیہ السلام پر جھوٹ باندھنے والا دوزخ میں ہمیشہ رہے گا اور دوزخ کو اپنا مسکن بنائے گا اور غیر نبی پر جھوٹ باندھنے والا گناہ کار ہے جس کے باعث دوزخ میں جا سکتا ہے مگر دوزخ اس کا مسکن نہیں ہے۔

باب

ترجمہ :

۱۲۱۹ — ابن منکدر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میرے والد کو اُحد کے دن اس حال میں لایا گیا کہ ان کے ساتھ مُثلہ کیا گیا تھا حتیٰ کہ اسے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھ دیا گیا اور کپڑے سے ڈھانپ دیا گیا میں اس ارادے سے ان کے قریب گیا کہ ان سے کپڑا اُٹھاؤں تو میری قوم نے مجھے منع کر دیا میں پھر ان کے پاس گیا کہ کپڑا اُٹھاؤں تو میری قوم نے پھر مجھے منع کر دیا پس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا اور کپڑا اُٹھایا گیا آپ نے نوحہ کرنے والی عورت کی آواز سنی اور فرمایا یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا یہ عمرو کی بیٹی یا عمرو کی بہن ہے فرمایا کیوں روتی ہے یہ روئے یا نہ روئے فرشتے اپنے پروں سے ان پر سایہ کئے ہوئے تھے حتیٰ کہ ان کو اٹھا لیا گیا،،

باب — جو گریبان پھاڑے وہ ہم سے نہیں"

ترجمہ :

۱۲۲۰ — حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے رخساروں پر تھپڑ مارے اور

marfat.com

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَطَمَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُیُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَی الْجَاهِلِیَّةِ **بَابُ** رَثَاءِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَعْدَ بْنَ خَوْلَةَ **حَدَّثَنَا** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُنِیْ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِیْ فَقُلْتُ اِنِّیْ قَدْ بَلَغَ بِیْ مِنَ الْوَجَعِ وَاَنَا ذُوْ مَالٍ وَلَا یَرِثُنِیْ اِلَّا ابْنَةٌ لِیْ اَفَاَتَصَدَّقُ ۱۲۲۱

گریباں چاک کئے اور جاہلیت کی باتیں کیں وہ ہم میں سے نہیں،،

۱۲۱۹ ، ۱۲۲۰ — بشرح : حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام "جابر کے والد" اُحُد کی جنگ میں شہید ہو گئے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو زندہ کرکے ان سے کلام کیا اور فرمایا اے عبداللہ کیا چاہتے ہو عرض کی مجھے دنیا میں بھیج میں بار بار شہید کیا جاؤں،،

قَوْلُہ "اَوَاخت عَمْرو" یہ راوی کا شک ہے اگر نوحہ کرنے والی عورت عمرو کی بیٹی ہے تو وہ مقتول کی بہن اور جابر کی پھوپھی ہے اور اگر وہ عمرو کی بہن ہے تو مقتول "عبداللہ" کی پھوپھی ہے،، حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ مذکورہ عورت روئے یا نہ روئے فرشتوں نے اس پر سایہ کئے رکھا ہے اس لئے اس پر رونا نہیں چاہیئے بلکہ خوش ہونا چاہیئے کہ ان کو یہ عظیم مرتبہ حاصل ہوا ہے - واللہ و رسولہ اعلم!

حدیث ۱۲۲۰ میں "لَیْسَ مِنَّا" سے مراد یہ نہیں کہ ان معاصی کا مرتکب دینِ اسلام سے خارج ہے کیونکہ اہلِ سنت وجماعت کے نزدیک معاصی کا ارتکاب کرنے والا کافر نہیں ہوتا جب تک وہ ان کا مستحل نہ ہو،، لہٰذا اس کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ شخص ہمارے طریقہ سے نہیں علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ عبارت تغلیظ اور زجر کے لئے ہے ہاں اگر جاہلیت کے دعویٰ،، کی تفسیر تحلیلِ حرام وغیرہ سے کی جائے جو موجبِ کفر ہے تو اس وقت عبارت کا حقیقی معنیٰ مراد ہوگا - علامہ ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا یعنی وہ ہماری کامل سیرت اور ہدائت پر نہیں،، ان تینوں امور میں واؤ اَوْ کے معنیٰ میں ہے یعنی ان تینوں میں سے ایک کا بھی مرتکب اس تغلیظ کا مستوجب ہے واؤ جمع کے لئے نہیں ورنہ لازم آئے گا کہ تینوں کے ارتکاب سے ہی تغلیظ کا مستوجب ہو حالانکہ ایسا نہیں - واللہ اعلم!

باب — نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن خولہ کے لیے افسوس کیا

۱۲۲۱ — ترجمہ : حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما نے اپنے باپ سعد بن ابی وقاص سے روائت کی کہ انھوں نے کہا جناب رسول

marfat.com

بِثُلُثِ مَالِیْ قَالَ لَا فَقُلْتُ فَالشَّطْرُ فَقَالَ لَا ثُمَّ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اَوْ كَبِيْرٌ اِنَّكَ اَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ وَاِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اُجِرْتَ بِهَا حَتّٰى مَا تَجْعَلُ فِيْ اِمْرَأَتِكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُخَلَّفُ بَعْدَ اَصْحَابِيْ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا صَالِحًا اِلَّا ازْدَدْتَ بِهٖ دَرَجَةً وَرِفْعَةً ثُمَّ لَعَلَّكَ اَنْ تُخَلَّفَ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ اٰخَرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ يَرْثِيْ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے سال میری بیمار پرسی کے لئے تشریف لایا کرتے تھے جو اس سال مجھے بیماری زیادہ ہوگئی تھی ،، میں نے عرض کیا میری بیماری انتہا کو پہنچ گئی ہے اور میں مال دار ہوں میری وارث صرف ایک بیٹی ہے کیا میں اپنا دو تہائی مال صدقہ کر دوں ؟ آپ نے فرمایا نہیں میں نے عرض کیا آدھا مال صدقہ کر دوں؟ فرمایا نہیں۔ پھر آپ نے فرمایا تہائی مال صدقہ کرنا کافی ہے اور تہائی بھی صدقہ بڑا یا زیادہ ہے اگر تو اپنے وارثوں کو مال دار چھوڑ جائے وہ اس سے بہتر ہے کہ ان کو بھوکے چھوڑ جائے کہ وہ ہاتھ پھیلا کر لوگوں سے مانگتے پھریں بے شک تو ہرگز مال خرچ نہ کرے گا جس سے تو اللہ کی رضاء چاہتا ہو مگر اس پر تجھے اجر دیا جائے گا حتیٰ کہ تو جو اپنی بیوی کے منہ میں ڈالے گا ،، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں اپنے ساتھیوں کے بعد مکہ میں پیچھے چھوڑ دیا جاؤں گا ؟ آپ نے فرمایا تو ہرگز پیچھے نہیں رہے گا پس جو کوئی اچھا کام کرے گا مگر اس کی وجہ سے تیرا درجہ اور مرتبہ اور زیادہ ہوگا۔ پھر تو شائد مکہ میں زندہ رہے گا حتیٰ کہ تیرے سبب ایک قوم نفع اٹھائے گی اور دوسرے لوگ ضرر پائیں گے اے اللہ! میرے صحابہ کی ہجرت پوری کر اور ان کو ایڑیوں کے بل نہ لوٹا مگر شدید محتاج تنگ حال سعد بن خولی پر افسوس کیا کرتے تھے کہ وہ مکہ میں فوت ہوگئے۔

1221 — شرح : يَرْثِيْ لَهٗ رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عليه وَسَلَّمَ الخ یہ زہری کا کلام ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن خولہ کے لئے افسوس کیا کہ وہ مکہ میں فوت ہوگئے حالانکہ انکی خواہش یہ تھی کہ مکہ کے باہر کسی اور علاقہ میں فوت ہوں ،، کیونکہ صحابہ کرام نے اپنے اوطان کو صرف اللہ کی رضاء کے لئے ترک کیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پر ہجرت کی وہ نہیں چاہتے تھے کہ جس علاقہ کو اللہ کی رضاء کے لئے چھوڑا ہے پھر وہاں لوٹ جائیں یا وہاں رہیں، لیکن سعد بن خولہ مکہ میں بیمار ہوگئے اور وہیں فوت ہوگئے حالانکہ ان کی خواہش تھی کہ وہ غیر مکہ میں فوت ہوں مگر ایسا نہ ہوا اس لئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں اس کی موت پر افسوس کیا ،، علماء نے اس حدیث کی صحت پر اتفاق کیا ہے اور وصیت کے بارے میں جمہور فقہا نے اس حدیث کو اساس قرار دیا ہے کہ ایک تہائی سے زیادہ وصیت نہ کی جائے اور مستحب یہ ہے کہ ایک تہائی سے کم وصیت کرے اور تمام علماء کا اتفاق ہے کہ ایک تہائی مال سے زیادہ وصیت جائز نہیں ،، اور اگر کسی کا کوئی بھی وارث نہ ہو جو نسب یا نکاح کے اعتبار سے ہو تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس کا سارا مال وصیت میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ امام ابو حنیفہ

marfat.com

بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الْحَلْقِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ

وَقَالَ الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَابِرٍ أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَيْمِرَةَ حَدَّثَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ بْنُ أَبِي مُوسَى قَالَ وَجِعَ أَبُو مُوسَى وَجَعًا فَغُشِيَ عَلَيْهِ وَرَأْسُهُ فِي حِجْرِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِهِ فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَرُدَّ عَلَيْهَا شَيْئًا فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ أَنَا بَرِيءٌ مِمَّنْ بَرِئَ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِئَ مِنَ الصَّالِقَةِ وَالْحَالِقَةِ وَالشَّاقَّةِ

اور ان کے تلامذہ، امام احمد اور امام مالک رضی اللہ عنہم بھی یہی کہتے ہیں ،، بیوی سے ملاعبت اور مسرت کے وقت اس کے منہ میں لقمہ ڈالنا دنیاوی لذت و سرور اور نفسانی خواہش ہے اور یہ اللہ کی طاعت سے بعید ہے جو اس کی رضا کے لئے ہو جب اس پر بھی مسلمان کو ثواب حاصل ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی کو معمول بنا لینے سے بطریق اولیٰ ثواب حاصل ہوگا۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اموات کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں نقل کرنا مکروہ ہے ورنہ سعد بن خولی رضی اللہ عنہ کو ضرور نقل کیا جاتا ،، اور مدینہ منورہ پہنچا دیا جاتا اگر یہ سوال ہو کہ ابن ماجہ نے عبداللہ بن ابی اوفی سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مراثی (مرثیہ خوانی) سے منع فرمایا۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے تو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسے سعد بن خولی کی مرثیہ خوانی کی اس کا جواب یہ ہے کہ مرثیہ کا ایک معنی افسوس ہے۔ اس اعتبار سے بخاری نے اسے ذکر کیا اور دوسرا معنیٰ یہ ہے کہ میت کے محاسن بیان کر کے لوگوں کو رونے اور چلانے پر برانگیختہ کرنا یہ حرام ہے ابن ماجہ کی روایت اسی پر محمول ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

"فائدہ" اس حدیث میں نبوت کی دلیل ہے کہ آپ نے خبر دی کہ سعد بن ابی وقاص اس مرض میں فوت نہ ہوں گے ان کی زندگی سے مسلمانوں کو نفع ہوگا اور مشرکین نقصان اٹھائیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا وہ اس کے بعد چالیس برس سے زیادہ مدت زندہ رہے اور عراق وغیرہ کے بلاد فتح کئے اور مسلمانوں کو بہت مال غنیمت حاصل ہوا ،، مجمع البحار میں ہے کہ اللہ اور رسول کے کلام میں لفظ لعل تحقیق کے لئے ہوتا ہے۔ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا لعل کا معنی ترجی ہے مگر جب یہ اللہ، اس کا رسول اور اس کے اولیاء کے کلام میں آئے تو اس کا معنیٰ تحقیق ہوتا ہے ،، واللہ اعلم!

باب ـــــ مصیبت کے وقت بال منڈوانے سے ممانعت"

ابو بردہ بن ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابو موسیٰ سخت بیمار ہو گئے اور ان کو غشی آ گئی جبکہ ان کا سر اس کے گھر والوں میں سے ایک عورت کی گود میں تھا ابو موسیٰ اس عورت کو روک نہ سکے جب ہوش میں آئے تو کہا میں ان لوگوں سے بے زار ہوں جن سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بے زار ہیں یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نوحہ کرنے والی، بال منڈوانے والی اور گریبان چاک کرنے والی عورتوں سے بے زار ہیں۔

marfat.com

۱۲۲۲ بَابٌ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ **بَابُ مَا يُنْهَى** ۱۲۲۳ مِنَ الْوَيْلِ وَدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ **حَدَّثَنَا** عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ

باب — جو کوئی گالوں کو پیٹے وہ ہم میں سے نہیں

۱۲۲۲ — ترجمہ : حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا وہ شخص ہم میں سے نہیں جو اپنی گالوں کو پیٹے، کپڑے پھاڑے اور جاہلیت کی سی آوازیں دے۔

۱۲۲۲ — شرح : امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ الْحَلْقِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ کے باب میں "حَدَّثَنَا" نہیں کہا کیونکہ اُنھوں نے یہ بطور مذاکرہ سُنا تھا بطورِ نقل روائت نہیں سُنا تھا۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ اس روائت کے اسناد میں ابن مخیمرہ ہیں اور امام بخاری آن سے منقول روائت کی تحدیث نہیں کرتے "، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ان افعال کے مرتکب لوگوں سے بے زاری کا معنیٰ یہ ہے کہ آپ اس شخص کے اس فعل سے بیزار ہیں اور اس سے راضی اور خوش نہیں " امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مصیبت کے وقت چلّانا، نوحہ کرنا، رخساروں کا پیٹنا، گریبان چاک کرنا، منہ چھپلنا، بال پھیلانا، واویلا کرنا اور ہلاک ہو جائے مر جائے کہنا بالاتفاق حرام ہے بعض نے انھیں مکروہ تحریمی کہا ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب — مصیبت کے وقت واویلا کرنا، جاہلیّت کی پکار کرنے کی ممانعت "

ترجمہ :
حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی رخساروں کو پیٹے، گریبان چاک کرے اور جاہلیت کی باتیں کرے "وہ ہم میں سے نہیں "

marfat.com

۱۲۲۴ بَابُ مَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى قَالَ أَخْبَرَتْنِي عَمْرَةُ قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرٍ وَابْنِ رَوَاحَةَ جَلَسَ يُعْرَفُ فِيهِ الْحُزْنُ وَأَنَا أَنْظُرُ مِنْ صَائِرِ الْبَابِ شَقِّ الْبَابِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ وَذَكَرَ بُكَاءَهُنَّ فَأَمَرَهُ أَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ ثُمَّ أَتَاهُ الثَّانِيَةَ لَمْ يُطِعْنَهُ فَقَالَ انْهَهُنَّ فَأَتَاهُ الثَّالِثَةَ قَالَ وَاللّٰهِ غَلَبْنَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَزَعَمْتُ أَنَّهُ قَالَ فَاحْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ فَقُلْتُ أَرْغَمَ اللّٰهُ أَنْفَكَ لَمْ تَفْعَلْ مَا أَمَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ تَتْرُكْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَنَاءِ

باب — جو مصیبت کے وقت بیٹھا جبکہ اس میں غم کا اثر ظاہر ہو

۱۲۲۴ — ترجمہ : عمرہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ اُنھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس زید بن حارثہ جعفر طیار اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کے شہید ہو جانے کی خبر پہنچی تو آپ اس طرح بیٹھے کہ آپ سے غم کے اثرات پہچانے جاتے تھے اور میں دروازے کے سوراخ سے دیکھ رہی تھی ،، آپ کے پاس ایک شخص آیا اور کہا جعفر کی عورتیں اور ان کے رونے کا ذکر کیا آپ نے اسے حکم دیا کہ اُن کو رونے سے روکے وہ گیا اور پھر آپ کے پاس دوسری بار آیا جبکہ عورتوں نے اس کی بات نہیں مانی تھی۔ آپ نے فرمایا ان کو منع کرو وہ آپ کے پاس تیسری بار آیا اور کہا بخدا یا رسول اللہ! وہ ہم پر غالب آگئی ہیں ام المؤمنین نے کہا کہ آپ نے فرمایا ان کے موہنوں میں مٹی ڈالو (ام المؤمنین) میں نے کہا اللہ تیری ناک خاک آلود کرے جس کا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھے حکم دیا ہے تو نے وہ نہ کیا اور نہ ہی آپ کو پریشان کرنے سے رک رہا ہے ،،

۱۲۲۴ تشریح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے تین ہزار کا لشکر شام کی طرف بھیجا اور ان پر زید بن حارثہ ، جعفر طیار اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کو امیر بنایا اور ان کو الوداع کے وقت زید کے ہاتھ جھنڈا دے کر فرمایا اگر زید شہید ہو جائے تو جھنڈا جعفر طیار پکڑے اور اگر جعفر طیار شہید ہو جائے تو عبداللہ بن رواحہ جھنڈا پکڑے جب صحابہ کرام کا لشکر وہاں پہنچا تو ہرقل ایک لاکھ رومی لشکر لے کر مقابلہ میں آیا اور ان کے ساتھ لخم ، جزام ، قین اور بہراء کے قبائل کے لوگ ایک لاکھ کی تعداد میں مل گئے جب لڑائی شروع ہوئی تو حضرت زید نے جناب رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا ہاتھ میں لے کر خوب لڑائی کی حتیٰ کہ وہ شہید ہو گئے اور جعفر طیار نے جھنڈا ہاتھ میں لے لیا اور لڑائی کرتے کرتے وہ بھی شہید ہو گئے پھر عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ

marfat.com

۱۲۲۵ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا حِيْنَ قُتِلَ الْقُرَّاءُ فَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَزِنَ حُزْنًا قَطُّ اَشَدَّ مِنْهُ

عنہ نے جھنڈا پکڑا اور وہ بھی شہید ہو گئے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا مدینہ منورہ میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو تینوں سپہ سالاروں کے شہید ہو جانے کی خبر دی اور آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے ،، پھر فرمایا اب اللہ کی تلواروں میں سے تلوار نے جھنڈا پکڑ لیا حتیٰ کہ ان کے ہاتھ پر مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی ،، یہ جنگ موتہ ہے اس میں لڑائی کے تمام کوائف سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں دیکھ رہے تھے" اور آپ کی برکت اور فیضان سے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نہاوند میں مسلمانوں کے لشکر کو دیکھ کر ان کی مدد کر رہے تھے ۔ اللہ تعالیٰ کا اپنے نبیوں اور ولیوں کو وسعتِ بصارت عطاء فرمانا اس کی قدرت سے بعید نہیں جبکہ سلیمان علیہ السلام کی چیونٹی کو تین میل سے اور سلیمان علیہ السلام کے ہُدہُد کو زمین کے نیچے پانی دیکھنے کی طاقت عطاء فرمائی ،، ۔ اس لڑائی میں بارہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے تعجب ہے کہ اس لڑائی میں تین ہزار مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ کے راہ میں دو لاکھ رومیوں کا مقابلہ کیا جن میں ایک لاکھ رومی اور ایک لاکھ عرب کے نصاریٰ تھے اور دو لاکھ کا لشکر تین ہزار مسلمانوں کے سامنے قدم نہ جما سکا ،،

نساءِ جعفر سے مراد ان کی بیوی اسماء بنت عُمیس اور اس کے اقارب اور حضرت جعفر طیار کی اقارب عورتیں ہیں ۔ علامہ قرطبی نے کہا کہ عورتوں کا رونے سے خاموش نہ ہونا اس لئے تھا کہ اس شخص نے صراحتہً نہ کہا تھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو رونے سے منع فرماتے ہیں اُنھوں نے یہی خیال کیا تھا کہ یہ شخص اپنی طرف سے کہہ رہا ہے یا ان کو معلوم تو ہو گیا تھا مگر شدتِ مصیبت کے باعث ان پر رنج و غم کا غلبہ تھا علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسے مستحسن کہا ہے ۔ بعض علماء نے کہا کہ عورتیں صرف روتی تھیں نوحہ نہ کرتی تھیں کیونکہ صحابیات سے یہ بات بعید ہے کہ بار بار منع کرنے کے باوجود حرام پر مصر رہیں چونکہ ان کا رونا نوحہ سے خالی تھا اور اس سے نہی محض تنزیہہ کے لئے ہے تحریم کے لئے نہیں اس لئے شدتِ حزن کے باعث وہ روتی رہیں علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس شخص نے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے منع نہ کیا ہو اور خود اپنی طرف سے کہا ہو اس لئے اُنھوں نے اس کی بات نہ مانی ۔ واللہ ورسولہ اعلم !

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ افسوس کے لئے نہائت سکون و وقار سے بیٹھنا چاہیئے ،، اور ہر شخص کا صبر اس کے حال کے اعتبار سے ہے اور پردہ دار عورتیں اجنبی لوگوں کو دیکھ سکتی ہیں اور تاکید کے لئے قسم کھانی جائز ہے ۔ واللہ اعلم !

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ ۱۲۲۵

marfat.com

بَابُ مَنْ لَمْ يُظْهِرْ حُزْنَهُ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ الْجَزَعُ الْقَوْلُ السَّيِّئُ وَالظَّنُّ السَّيِّئُ وَقَالَ يَعْقُوبُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ

١٢٢٦ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ اشْتَكَى ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ قَالَ فَمَاتَ وَأَبُو طَلْحَةَ خَارِجٌ فَلَمَّا رَأَتِ امْرَأَتُهُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ هَيَّأَتْ شَيْئًا وَنَحَّتْهُ فِي جَانِبِ الْبَيْتِ فَلَمَّا جَاءَ أَبُو طَلْحَةَ قَالَ كَيْفَ الْغُلَامُ قَالَتْ قَدْ هَدَأَتْ نَفْسُهُ وَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ قَدِ اسْتَرَاحَ وَظَنَّ أَبُو طَلْحَةَ أَنَّهَا صَادِقَةٌ قَالَ فَبَاتَ فَلَمَّا أَصْبَحَ اغْتَسَلَ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ أَعْلَمَتْهُ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ فَصَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَخْبَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا كَانَ مِنْهُمَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّ اللَّهَ أَنْ يُبَارِكَ لَهُمَا فِي لَيْلَتِهِمَا قَالَ سُفْيَانُ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَرَأَيْتُ تِسْعَةَ أَوْلَادٍ كُلُّهُمْ قَدْ قَرَأَ الْقُرْآنَ

دعاء قنوت پڑھی جبکہ قاری شہید ہوگئے میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی اس سے زیادہ غمناک نہیں دیکھا "

باب — جس نے مصیبت کے وقت غم کا اظہار نہ کیا

اور محمد بن کعب قرظی نے کہا "جزع" بُری بات اور بُرا گمان ہے" سیدنا یعقوب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ میں اپنے رنج وغم کا شکوی صرف اللہ تعالیٰ سے کرتا ہوں "

ترجمہ : اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے انس بن مالک کو یہ کہتے ہوئے سُنا **١٢٢٦** — کہ ابوطلحہ کا بیٹا بیمار ہوگیا اور فوت ہوگیا جبکہ ابوطلحہ باہر گئے ہوئے تھے جب ان کی بیوی "ام سلیم" نے دیکھا کہ بچہ فوت ہوگیا ہے تو اُس نے اپنی زینت وغیرہ کی اور بچہ گھر کے ایک کونے میں علیحدہ رکھ دیا" جب ابوطلحہ آئے تو کہا بچہ کا کیا حال ہے ام سلیم نے کہا اس کی طبیعت کو سکون ہے۔ مجھے اُمید ہے کہ وہ آرام کر چکا ہے ابوطلحہ نے یہ گمان کیا کہ وہ اپنے بیان میں سچی ہے۔ اُنھوں نے جماع کرلیا جب صبح ہوئی تو ابوطلحہ نے غسل کیا اور جب باہر جانے کا ارادہ کیا تو ام سلیم نے ان کو بتایا کہ بچہ فوت ہوگیا ہوا ہے۔ ابوطلحہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی پھر آپ کو اس واقعہ کی خبر دی جوان دونوں سے ہوچکا تھا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شائد اللہ تعالیٰ تم دونوں کے لئے تمہاری رات میں برکت فرمائے گا۔ سفیان نے کہا ایک انصاری شخص نے کہا میں نے ان دونوں کے نو بچے دیکھے وہ سب کے سب قرآن پاک کے قاری تھے "

marfat.com

۱۲۲۵، ۱۲۲۶ ــــ **شرح** : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عامر بن مالک آیا جبکہ وہ مسلمان نہ تھا اور کہا اگر آپ اہلِ نجد کی طرف کچھ لوگ بھیجیں جو لوگوں کو تبلیغ کریں تو بہتر رہے گا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے ڈر ہے کہ وہ لوگ انہیں قتل کردیں گے عامر نے کہا میں ان کی حفاظت کروں گا آپ ان کو بھیج دیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ستر قاری بھیج دیئے جو بہت بڑے بہادر اور افاضل تھے اور منذر بن حکیم کو ان کا امیر بنایا جب وہ بیئر معونہ پہنچے تو اُنھوں نے عامر بن طفیل کی طرف جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط بھیجا اس نے خط کی طرف توجہ نہ کی اور قاصد کو قتل کردیا اور عصیہ، رعل اور ذکوان "قبائل" سے ایک لشکر تیار کیا اور ان پر حملہ کرکے اکثر کو قتل کردیا ،، چونکہ تبلیغ کا فریضہ اہم تھا اس لئے قرآء کا بھیجنا اہم تھا تاکہ کفار قیامت میں یہ نہ کہیں کہ "ہمارے پاس کوئی مبلغ ڈرانے والا نہیں آیا ،، اس لئے ان کی شہادت کا علم ہونے کے باوجود حضرات قراء کو نجد کی طرف برائے تبلیغ بھیجا تھا۔ بعض کا یہ کہنا کہ اگر سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو علم ہوتا کہ وہ لوگ ان کو قتل کردیں گے تو ان کو ہرگز نہ بھیجتے صحیح نہیں کیونکہ یہودیوں نے ایک دن میں ستر انبیاء کو قتل کردیا تھا کیا اللہ تعالیٰ کو ان کے قتل کا علم نہ تھا؟ دراصل تبلیغ کا فریضہ اہم ہے اس لئے اس کی تکمیل کے لئے انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جان کی بازی لگانی پڑی۔ اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو علم تھا کہ ان میں سے ستر صحابہ اُحد کی جنگ میں قتل ہوجائیں گے .. (ترمذی) اس کے باوجود وہ جنگ میں حاضر ہوئے اور جامِ شہادت نوش کرنے والے یہ صحابہ کرام بھی ستر ہی تھے ،، معلوم ہوا کہ کسی اہم امر کو سرانجام دینے کے لئے جس میں ہلاکت یقینی ہو پیدا اقدام علم کے منافی نہیں ،،

حدیث ۱۲۲۶ میں ابوطلحہ "زید بن سہل" انصاری ہیں ان کی بیوی ام سلیم "انس بن مالک کی والدہ" ہے ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ام سلیم رضی اللہ عنہا کی، سکونِ نفس سے مراد موت تھی اس میں وہ یقیناً سچی تھی۔ ابوطلحہ نے نفسِ سکون سمجھا تھا کہ بچہ بیماری سے نجات پاکر آرام کررہا ہے" سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے برکت کی دعاء فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے ان کو نو بچے عطا فرمائے جو سب کے سب نیک، فاضل اور قاری تھے ،، یہ اللہ کا انعام تھا جو ان کو صبر کرنے کی بدولت نصیب ہوا ،، علامہ قابسی نے کہا بچہ فوت ہونے کے بعد جب اُنھوں نے رات جماع کیا تو ام سلیم اسی رات حاملہ ہوگئیں اور عبداللہ بن ابی طلحہ پیدا ہوا اور نو افراد عبداللہ کی اولاد ہیں ،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مصیبت کے وقت رنج و غم کا اظہار نہیں کرنا چاہیے اور عورت کو اپنے شوہر کے لئے زینت کرنا چاہیئے ،، واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

باب الصبر عند الصدمة الاولى وقال عمر نعم العدلان ونعم العلاوة الذين اذا اصابتهم مصيبة قالوا انا لله وانا اليه راجعون اولئك عليهم صلوات من ربهم ورحمة واولئك هم المهتدون وقوله واستعينوا بالصبر والصلوة وانها لكبيرة الا على الخشعين ۱۲۲۷ حدثنا محمد بن بشار قال حدثنا غندر قال حدثنا شعبة عن ثابت قال سمعت انسا عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الصبر عند الصدمة الاولى

باب ــ صبر ابتداء صدمہ کے وقت

اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ دو عدل کس قدر اچھے ہیں اور علاوہ کس قدر اچھا ہے،، کہ جن لوگوں کو جب کوئی مصیبت آئے تو وہ کہتے ہیں" ہم اللہ کے لئے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں،، ان لوگوں پر ان کے رب کی مہربانیاں اور رحمتیں ہیں اور وہی لوگ ہدائت پانے والے ہیں،، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ،، اور صبر اور نماز سے مدد چاہو اور بے شک نماز بھاری ہے مگر ان لوگوں پر جو اللہ سے ڈرتے ہیں "ان پر نماز بھاری نہیں"

۱۲۲۷ ــ ترجمہ : ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے انس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کرتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا کہ صبر وہی ہے جو ابتداء صدمہ میں ہو۔

۱۲۲۷ ــ شرح : اللہ تعالیٰ نے صابر لوگوں سے خبر دی کہ وہ مصیبت آنے پر انا للہ وانا الیہ راجعون کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان سے یہ بھی خبر دی کہ ان لوگوں پر اللہ کی رحمتیں ہیں اور وہ ان انعامات کے مستحق صبر کی وجہ سے ہوئے ہیں جو وہ اچانک مصیبت پہنچنے کے وقت صبر کرتے تھے کیونکہ صبر وہی محمود و معتبر ہوتا ہے جو اچانک مصیبت پہنچنے کے وقت کیا جائے وقت گزرنے پر آہستہ آہستہ اطمینان ہو جایا کرتا ہے اور یہ انسان کی فطرت ہے ــ لہٰذا یہ صبر محمود نہیں۔ اس طرح اثر کی باب کے عنوان سے مناسبت ہے ــ ،، نعم العدلان اور نعم العلاوۃ دونوں مکسور العین ہیں۔ یہ صبر پر جزاء کی مثال بیان کی گئی ہے کیونکہ عدل اونٹ کا آدھا بوجھ ہے اور پورا بوجھ عدلان ہوتے ہیں اور عدلان کے درمیان رکھا ہوا بوجھ علاوہ ہوتا ہے اس طرح اونٹ پر کوئی جگہ باقی نہیں رہتی جہاں کوئی شئی رکھی جائے اسی طرح اچانک مصیبت پہنچنے والے کو وافر ثواب دیا جاتا ہے،، اور آئت کریمہ میں عدلان سے مراد

marfat.com

باب قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا بِكَ لَمَحْزُوْنُوْنَ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَدْمَعُ الْعَيْنُ

١٢٢٨ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ **حَدَّثَنَا** الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنَا قُرَيْشٌ هُوَ ابْنُ حَيَّانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَخَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْ سَيْفٍ الْقَيْنِ وَكَانَ ظِئْرًا لِاِبْرَاهِيْمَ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبْرَاهِيْمَ فَقَبَّلَهٗ وَشَمَّهٗ ثُمَّ دَخَلْنَا عَلَيْهِ بَعْدَ ذٰلِكَ وَاِبْرَاهِيْمُ يَجُوْدُ بِنَفْسِهٖ فَجَعَلَتْ عَيْنَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَذْرِفَانِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَاَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ يَا ابْنَ عَوْفٍ اِنَّهَا رَحْمَةٌ ثُمَّ اَتْبَعَهَا بِاُخْرٰى فَقَالَ اِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ وَالْقَلْبَ يَحْزَنُ وَلَا نَقُوْلُ اِلَّا مَا يُرْضِيْ رَبَّنَا وَاِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ رَوَاهُ مُوْسٰى عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صلوات اور رحمت ہے اور علاوہ سے مراد "اولئک هم المهتدون" ہے،، مہلب نے کہا یہاں "عِدلان" اِنا لِلّٰہ وَ اِنا الیہ راجعون ہیں اور ان پر ثواب علاوہ ہے بعض علماء کہتے ہیں "عِدلان" صلوات اور رحمت ہے اور "علاوہ" ابتداء ہے،، بعض حکماء کہتے ہیں انسان کو نفس مصیبت پہنچنے پر ثواب نہیں ملتا کیونکہ مصیبت کا آنا انسان کے بس کی بات نہیں مسلمانوں کی طرح کافروں کو بھی مصائب پہنچتے ہیں ثواب تو صرف حسن نیت اور ثواب سمجھتے ہوتے ہوئے صبر جمیل پر مرتب ہوتا ہے۔ واللہ اعلم!

باب — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد "اے ابراہیم ہم تیری جدائی کے باعث غمزدہ ہیں اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل غمزدہ ہے"

ترجمہ — ١٢٢٨ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ابو سیف لوہار کے پاس گئے اور وہ ابراہیم رضی اللہ عنہ کی رضاعی ماں کے شوہر تھے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابراہیم علیہ السلام کو پکڑا اور بوسہ دے کر ان کو سونگھا پھر اس کے بعد ہم ابو سیف لوہار کے پاس گئے اور ابراہیم علیہ السلام اپنی جان دے رہے تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے تو عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا اور آپ یا رسول اللہ ۔۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عوف کے بیٹے یہ رحمت ہے۔ پھر اس کے بعد روئے اور فرمایا بے شک آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل رنجیدہ ہے اور ہم نہیں

marfat.com

۱۲۲۸ باب البكاء عند المريض حدثنا اصبغ عن ابن وهب قال اخبرني عمر عن سعيد بن الحرث الانصاري عن عبد الله بن عمر قال اشتكى سعد بن عبادة شكوى له فاتاه النبي صلى الله عليه وسلم يعوده مع عبد الرحمن بن عوف وسعد بن ابي وقاص وعبد الله بن مسعود فلما دخل عليه فوجده في غاشية اهله فقال قد قضى فقالوا لا يا رسول الله فبكى النبي صلى الله عليه وسلم فلما راى القوم بكاء النبي صلى الله عليه وسلم بكوا فقال الا تسمعون ان الله لا يعذب بدمع العين ولا بحزن القلب ولكن يعذب بهذا واشار الى لسانه او يرحم وان الميت يعذب ببكاء اهله عليه وكان عمر يضرب فيه بالعصا ويرمي بالحجارة ويحثي بالتراب

کہتے مگر جس سے ہمارا رب خوش ہو اور ہم اے ابراہیم تیرے فراق کے باعث رنجیدہ اور غمزدہ ہیں اس کی موسیٰ بن سلیمان بن مغیرہ نے ثابت سے انس سے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی"

شرح : ابو سیف کا نام براء بن اوس ہے وہ انصاری ہیں" ان کی بیوی ام بُردہ" خولہ بنت منذر" انصاریہ نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو دودھ پلایا تھا۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا آب دیدہ ہونا شفقت اور رحمت کی وجہ سے تھا جزع فزع پر مبنی نہ تھا" قولہ" ثم اتبعها " سے مراد یہ ہے کہ آپ دوبارہ روئے یا آپ نے دوبارہ فرمایا کہ یہ رحمت ہے" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بچوں پہ شفقت کرنی اور ان کا بوسہ لینا مستحب ہے اور محض رونے میں کوئی حرج نہیں جبکہ اس کے ساتھ واویلا نہ ہو" اور دل کے غم کا اظہار جائز ہے" واللہ ورسولہ اعلم!

باب — مریض کے پاس رونا

ترجمہ : عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ سعد بن عبادہ سخت بیمار ہوگئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عبدالرحمن بن عوف، سعد بن ابی وقاص اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم کے ساتھ ان کی بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئے" جب ان کے پاس پہنچے تو ان کو گھر والوں میں بیہوش پایا آپ نے فرمایا کیا انتقال ہوگیا ہے؟ لوگوں نے کہا نہیں یا رسول اللہ! تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رو پڑے اور جب لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا رونا دیکھا تو وہ بھی رو پڑے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم سنتے نہیں کہ اللہ تعالیٰ آنکھ کے رونے سے عذاب نہیں دیتا اور نہ دل کے غمزدہ ہونے سے عذاب دیتا ہے لیکن اس کی وجہ سے عذاب دیتا ہے اور اپنی زبان شریف

marfat.com

١٢٣٠ بَابُ مَا يُنْهَى عَنِ النَّوْحِ وَالْبُكَاءِ وَالزَّجْرِ عَنْ ذٰلِكَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَتْنِيْ عَمْرَةُ قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ لَمَّا جَاءَ قَتْلُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ جَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَفُ فِيْهِ الْحُزْنُ وَاَنَا اَطَّلِعُ مِنْ شَقِّ الْبَابِ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ نِسَاءَ جَعْفَرٍ وَذَكَرَ بُكَاءَهُنَّ فَاَمَرَهُ اَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ الرَّجُلُ ثُمَّ اَتٰى فَقَالَ قَدْ نَهَيْتُهُنَّ وَذَكَرَ اَنَّهُ لَمْ يُطِعْنَهُ فَاَمَرَهُ الثَّانِيَةَ اَنْ يَنْهَاهُنَّ فَذَهَبَ ثُمَّ اَتَاهُ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَقَدْ غَلَبْنَنَا اَوْ غَلَبْنَنَا الشَّكُّ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَوْشَبٍ فَزَعَمَتْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاحْثُ فِيْ اَفْوَاهِهِنَّ مِنَ التُّرَابِ فَقُلْتُ اَرْغَمَ اللّٰهُ اَنْفَكَ فَوَاللّٰهِ مَا اَنْتَ بِفَاعِلٍ وَمَا تَرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَنَاءِ

کی طرف اشارہ فرمایا یا رحم کرتا ہے ،، بے شک میت کو اس کے گھر والوں کا اس پہ رونے سے عذاب ہوتا ہے اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس بارے میں " نوحہ کرنے والوں کو ،، لاٹھی اور پتھروں سے مارتے اور ان کے منہ میں خاک ڈالتے تھے ،،

١٢٢٩ — شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ افضل او اعلیٰ کا مفضول کی عیادت کرنا مستحب ہے اور بُری شئی سے منع کرنا چاہیئے اور مریض کے پاس نوحہ کے بغیر رونا جائز ہے۔ اگر ایک شخص روئے تو دوسرے اس کی پیروی کرتے ہوئے رو سکتے ہیں اگر یہ کہا جائے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیوں روئے تھے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اُن کا رونا میت پر نہ تھا بلکہ زندہ پر تھا اور جس رونے سے منع کیا گیا ہے وہ میت پر نوحہ کے ساتھ رونا ہے جو شریعت میں جائز نہیں۔

باب — نوحہ کرنے اور رونے سے منع کرنا اور اس میں زجر کرنا"

١٢٣٠ — ترجمہ : عمرہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہے ہیں کہ میں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ جب زید بن حارثہ جعفر طیار اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کے قتل ہونے کی خبر پہنچی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے اور آپ کی ذات کریمہ سے حزن و رنج ظاہر ہو رہا تھا میں دروازے کے سوراخ سے دیکھ رہی تھی۔ ایک شخص آپ کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ! اور جعفر کی عورتیں اور اُن کا رونا ذکر کیا آپ نے اسے فرمایا کہ ان کو "رونے سے" منع کرے وہ شخص گیا اور پھر آیا اور کہا میں نے ان کو منع کیا ہے اور ذکر کیا کہ وہ اس کی بات تسلیم نہیں کرتیں آپ نے اس کو دوبارہ فرمایا کہ ان کو منع کرے وہ شخص گیا اور پھر آیا اور کہا بخدا وہ مجھ پر غالب آگئی ہیں یا وہ ہم پر غالب آگئیں۔ محمد بن حوشب نے شک کیا ہے ،، ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کے مونہوں میں خاک ڈالو میں نے کہا اللہ تیری ناک خاک آلود کرے بخدا نہ تو وہ کرنے والا ہے (جس کا حکم تجھے دیا گیا ہے) اور نہ ہی تو نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی مشقت چھوڑی"

marfat.com

حدثنا عبد الله بن عبد الوهاب قال حدثنا حماد قال حدثنا أيوب عن محمد عن أم عطية قالت أخذ علينا النبي صلى ١٢٣١ الله عليه وسلم عند البيعة أن لا ننوح فما وفت منا امرأة غير خمس نسوة أم سليم وأم العلاء وابنة أبي سبرة امرأة معاذ وامرأتان أو ابنة أبي سبرة وامرأة معاذ وامرأة أخرى

باب القيام للجنازة

١٢٣٢ حدثنا علي بن عبد الله قال حدثنا سفيان قال حدثنا الزهري عن سالم عن أبيه عن عامر بن ربيعة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا رأيتم الجنازة فقوموا حتى تخلفكم قال سفيان قال الزهري أخبرني سالم عن أبيه قال أخبرنا عامر بن ربيعة عن النبي صلى الله عليه وسلم زاد الحميدي حتى تخلفكم أو توضع

ترجمہ : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت کرتے وقت ہم سے یہ عہد لیا کہ ہم نوحہ نہ کریں۔ ہم میں سے پانچ عورتوں ام سلیم، ام علاء، حضرت معاذ کی بیوی بنت ابی سبرہ، دو عورتیں یا بنت ابی سبرہ اور حضرت معاذ کی بیوی اور ایک اور عورت کے سوا کسی عورت نے عہد کی ایفاء نہ کی "

تشریح ١٢٣١ — : ان پانچ صحابیات رضی اللہ عنہن کے سوا باقی نساء جنہوں نے بیعت کرنے کے وقت ترکِ نوحہ کا اقرار کیا تھا ان سے ترکِ نوحہ کی ایفاء نہ ہو سکی اور اُن سے مجبوراً نوحہ ہو گیا، اُنھوں نے عمداً نوحہ نہ کیا تھا کیونکہ یہ صحابیہ کی شان سے بعید ہے اس کا معنیٰ یہ نہیں کہ پانچ عورتوں کے سوا مسلمان عورتوں نے نوحہ ترک نہ کیا "

باب — جنازہ کے لئے کھڑا ہونا "

ترجمہ ١٢٣٢ — : عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ حتیٰ کہ وہ تمہیں پیچھے چھوڑ جائے۔ سفیان نے کہا کہ زہری نے کہا مجھے سالم نے اپنے باپ سے خبر دی اُنھوں نے کہا ہم کو عامر بن ربیعہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی "، حمیدی نے یہ اضافہ کیا حتیٰ کہ وہ تم کو پیچھے چھوڑ جائے یا اس کو زمین پر رکھا جائے "

تشریح ١٢٣٢ — : اس حدیث سے بعض علماء نے استدلال کیا کہ جنازہ کے لئے کھڑا ہونا واجب ہے اور جب تک لوگوں کے کندھوں سے اُتار کر زمین پر نہ رکھا جائے بیٹھنا ممنوع ہے۔ امام احمد اور امام اوزاعی رحمہما اللہ کا مسلک بھی یہی ہے۔ امام ابوحنیفہ امام مالک، امام شافعی اور امام ابو یوسف رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے کہ جنازے کے لئے کھڑا ہونا واجب نہیں اور زمین پر رکھنے سے پہلے بیٹھنا جائز ہے اور جنازے کے لئے کھڑا ہونا منسوخ ہے کیونکہ امام مسلم نے اپنے اسناد سے

marfat.com

بَابٌ مَتَى يَقْعُدُ اِذَا قَامَ لِلْجَنَازَةِ

۱۲۳۳ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ جَنَازَةً فَاِنْ لَمْ يَكُنْ مَاشِيًا مَعَهَا فَلْيَقُمْ حَتّٰى يُخَلِّفَهَا اَوْ

۱۲۳۴ تُخَلِّفَهُ اَوْ تُوْضَعَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُخَلِّفَهُ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا فَمَنْ تَبِعَهَا فَلَا يَقْعُدْ حَتّٰى تُوْضَعَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے جنازہ کے لئے کھڑے ہوتے تھے پھر کھڑے نہ ہوتے تھے، ابن حبان نے صحیح میں کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو جنائز کے لئے کھڑا ہونے کا حکم فرماتے تھے پھر اس کے بعد بیٹھے رہنے کا حکم دیا،، ابو معمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہمارے پاس سے ایک جنازہ گزرا میں کھڑا ہو گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا تمہیں یہ فتویٰ کس نے دیا ہے۔ میں نے کہا ابو موسیٰ اشعری نے یہ کہا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف ایک بار کھڑے ہوئے ہیں۔ جب یہ منسوخ ہو گیا تو آپ نے کھڑا ہونے سے منع فرما دیا۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — جب جنازہ کے لئے کھڑا ہو تو کب بیٹھے

۱۲۳۳ — ترجمہ: عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا تم میں سے جب کوئی جنازہ دیکھے اگر وہ اس کے ہمراہ نہ جا رہا ہو تو کھڑا ہو جائے حتیٰ کہ وہ جنازہ کو پیچھے چھوڑے یا جنازہ اس کے آگے بڑھ جائے یا اس کے آگے بڑھنے سے پہلے اس کو زمین پر رکھ دیا جائے،،

۱۲۳۴ — ترجمہ: سعید مقبری رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے روائت کی کہ انھوں نے کہا کہ ہم ایک جنازہ میں تھے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے مروان کا ہاتھ پکڑا اور وہ دونوں جنازہ رکھے جانے سے پہلے بیٹھ گئے،، ابو سعید رضی اللہ عنہ آئے اور مروان کا ہاتھ پکڑا اور کہا کھڑا ہو جا اللہ کی قسم! اس شخص کو معلوم ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو اس سے منع فرمایا ہے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا سعید نے سچ کہا ہے،،

۱۲۳۳ - ۱۲۳۴ — تشریح: حضرت ابو ہریرہ اور مروان کا جنازہ زمین پر رکھنے سے پہلے بیٹھنا اس امر کی دلیل ہے کہ وہ جانتے تھے کہ کھڑے ہونا واجب نہیں اور یہ متروک غیر معمول بہ ہے کیونکہ یہ نہیں ہو سکتا کہ قیام پر عمل ہو۔

marfat.com

۱۲۳۵ بَابُ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَا يَقْعُدُ حَتّٰى تُوْضَعَ عَنْ مَنَاكِبِ الرِّجَالِ فَإِنْ قَعَدَ أُمِرَ بِالْقِيَامِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فَأَخَذَ أَبُو هُرَيْرَةَ بِيَدِ مَرْوَانَ فَجَلَسَا قَبْلَ أَنْ تُوْضَعَ فَجَاءَ أَبُو سَعِيدٍ قَالَ فَأَخَذَ بِيَدِ مَرْوَانَ فَقَالَ قُمْ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ هٰذَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ صَدَقَ

باب — جو کوئی جنازہ کے ساتھ جائے تو نہ بیٹھے حتیٰ کہ جنازہ لوگوں کے کندھوں سے اُتارا جائے اگر بیٹھ جائے تو کھڑا ہونے کا حکم دیا جائے ”

اور وہ بیٹھ جائیں اور اگر قیام معمول بہ ہوتا تو مروان پر کیسے مخفی رہتا جبکہ جنائز میں بکثرت شرکت ہوتی ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا سعید مقبری کی تصدیق کرنا اس لئے تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے جنازہ رکھنے سے قبل بیٹھنے سے منع فرمایا تھا اور ابوہریرہ اور مروان کا بیٹھنا آخر امر کے اعتبار سے تھا جبکہ جنازہ رکھنے سے پہلے قعود کی ممانعت منسوخ ہو گئی ۔ واللہ تعالیٰ اعلم !

ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ اور جو شخص اس کے ہمراہ جا رہا ہو وہ نہ بیٹھے حتیٰ کہ اس کو زمین پر رکھا جائے ”

تشریح : قولہ ” حَتّٰى تُوْضَعَ “ وضع سے مراد زمین پر رکھنا ہے یا لحد میں رکھنا ہے اس میں روایات مختلفہ ہیں۔ ابوداؤد نے سنن میں ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ” جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ اور جو کوئی اس کے ہمراہ ہو وہ نہ بیٹھے حتیٰ کہ اسے رکھا جائے “ سفیان ثوری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث ذکر کی اور کہا ” حَتّٰى تُوْضَعَ بِالْأَرْضِ “ یعنی حتیٰ کہ زمین پر رکھا جائے اور ابومعاویہ نے سہیل سے روایت کی ” حَتّٰى تُوْضَعَ فِي اللَّحْدِ “ ابوداؤد نے کہا سفیان ابومعاویہ سے احفظ ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ” حَتّٰى تُوْضَعَ بِالْأَرْضِ “ کی روایت کو اختیار کیا ہے

marfat.com

بَابُ مَنْ قَامَ لِجَنَازَةِ يَهُودِيٍّ حَدَّثَنَا

۱۲۳۶ مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مُرَّ بِنَا جَنَازَةٌ فَقَامَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقُمْنَا فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ قَالَ فَإِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا

۱۲۳۷ حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى قَالَ كَانَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ قَاعِدَيْنِ بِالْقَادِسِيَّةِ فَمُرُّوا عَلَيْهِمَا بِجَنَازَةٍ فَقَامَا فَقِيلَ لَهُمَا إِنَّهَا مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ لَنَا مِنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ فَقَالَا إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرَّتْ بِهِ جَنَازَةٌ فَقَامَ فَقِيلَ لَهُ إِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ فَقَالَ أَلَيْسَتْ نَفْسًا وَقَالَ أَبُو حَمْزَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ كُنْتُ مَعَ سَهْلٍ وَقَيْسٍ فَقَالَا كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ زَكَرِيَّاءُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ كَانَ أَبُو مَسْعُودٍ وَقَيْسٌ يَقُومَانِ لِلْجَنَازَةِ

قولہ "اُمِرَ" مابنی مجہول ہے اس کا معنی یہ ہے کہ جس کے پاس سے جنازہ گزرے اگر وہ کھڑا ہو اور پھر بیٹھ جائے تو جنازہ زمین پر رکھنے تک اس کو کھڑا رہنے کا حکم دیا جائے" حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس جنائز میں کھڑا ہونے کا ذکر کیا گیا تو انھوں نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے پھر بیٹھ گئے۔ علامہ خطابی نے کہا اس حدیث میں دو معنوں کا احتمال ہے۔ ایک یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنازہ کے لئے کھڑا ہوا کرتے تھے جب وہ گزر جاتا تو بیٹھ جاتے۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ آپ کچھ عرصہ کھڑے ہوا کرتے تھے پھر اس کے بعد کھڑا نہ ہوتے تھے اس تقدیر پر آپ کا آخری فعل اس بات کی دلیل ہے کہ حدیث میں امر استحباب کے لئے ہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ بظاہر امر سے جو وجوب معلوم ہوتا ہے وہ منسوخ ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

باب — جو شخص یہودی کے جنازہ کے لئے کھڑا ہوا"

۱۲۳۶ — ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا ہمارے پاس سے یہودی کا جنازہ گزرا تو اس کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہو گئے۔ ہم نے عرض کی یا رسول اللہ! وہ تو یہودی کا جنازہ ہے آپ نے فرمایا جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جایا کرو"

۱۲۳۷ — ترجمہ: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا سہل بن حنیف اور قیس بن سعد دونوں قادسیہ میں بیٹھے ہوئے تھے ان کے پاس سے لوگ جنازہ لے کر گزرے اور وہ دونوں کھڑے ہو گئے ان سے کہا گیا یہ جنازہ تو اہل ارض یعنی اہل ذمہ (یہودی ذمی) کا ہے۔ انہوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے جنازہ گزرا تو آپ کھڑے ہو گئے آپ

marfat.com

بَابُ حَمْلِ الرِّجَالِ الْجَنَازَةَ دُوْنَ النِّسَاءِ

۱۲۳۸ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ فَاِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُوْنِيْ وَاِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ يَا وَيْلَهَا اَيْنَ تَذْهَبُوْنَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا الْاِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَ لَصَعِقَ

سے عرض کیا گیا کہ یہ یہودی کا جنازہ ہے۔ آپ نے فرمایا کیا یہ نفس نہیں،، ابو جمرہ نے اعمش سے اُنھوں نے عمرو سے اُنھوں نے ابن ابی لیلیٰ سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ ابن ابی لیلیٰ نے کہا میں قیس اور سہل کے پاس تھا۔ ان دونوں نے کہا ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور زکریاء نے شعبی سے اُنھوں نے ابن ابی لیلیٰ سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ ابن ابی لیلیٰ نے کہا ابو مسعود اور قیس دونوں جنازہ کے لئے کھڑا ہوا کرتے تھے۔

تشریح : اہلِ ذمہ سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں، ابنِ بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ ذمّی جو مرگیا ہے کا جنازہ نفس نہیں ہے۔ اس کے لئے کھڑا ہونا موت کی صعوبت اور اس کی یاد کے لئے ہے گویا کہ جب اس کے لئے کوئی کھڑا ہو تو اس کی یاد زیادہ ہوتی ہے۔ ایک روائت میں ہے تم اس کے لئے کھڑے نہیں ہوتے تم تو اس کے ہمراہ عذاب کے فرشتوں کے لئے کھڑے ہوتے ہو جنازہ کے لئے کھڑا ہونا موت کی عظمت اور اللہ تعالیٰ کے اجلالِ حکم کے لئے ہے نیز موت میں گھبراہٹ ہوتی ہے۔ قیام سے اس کا استقبال کرنا چاہیئے۔ قاضی بیضاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جنازہ کے لئے قیام کا باعث میّت کی تعظیم یا موت کی ہولناکی ہے اور جو شخص میّت کو دیکھے اسے اس سے مرعوب ہو کر مضطرب ہونا چاہیئے۔ بہرحال جنازہ کے لئے قیام ابتداء میں تھا پھر منسوخ ہوگیا یا ان وجوہ کی بناء پر مستحب ہے،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا دوسرا اسناد ذکر کرنے سے حدیث کی تقویت کا فائدہ ہے کیونکہ اس میں یہ ہے کہ ہم کھڑے ہوتے تھے۔ پہلے طریق و اسناد میں یہ بات نہیں کیونکہ اس میں ارسال کا احتمال ہے اور تیسرے اسناد سے غرض اس بات کا بیان ہے کہ قیس کی طرح ابو مسعود بھی جنازہ کے لئے کھڑے ہوتے تھے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ مَردوں کا جنازہ اُٹھانا سوا عورتوں کے"

۱۲۳۸ ـــ ترجمہ : سعید مقبری نے اپنے باپ سے روائت کی کہ اُنھوں نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے سُنا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنازہ کو رکھ دیا جائے اور اسے لوگ اپنے کندھوں پر اُٹھا لیتے ہیں تو اگر وہ

marfat.com

باب السرعۃ بالجنازۃ

وقال انس انتم مشیعون فامشوا بین یدیھا وخلفھا وعن یمینھا وعن شمالھا وقال غیرہ قریبا منھا

۱۲۳۹ حدثنا علی بن عبد اللہ قال حدثنا سفیان قال حفظناہ من الزھری عن سعید بن المسیب عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اسرعوا بالجنازۃ فان تک صالحۃ فخیر تقدمونھا وان تک سوی ذلک فشر تضعونہ عن رقابکم

نیک ہو تو کہتا ہے مجھے آگے لے چلو اور اگر نیک نہ ہو تو کہتا ہے افسوس مجھے کہاں لئے جا رہے ہیں انسانوں کے سوا اس کی آواز کو ہر شئ سنتی ہے اگر انسان سن لے تو بے ہوش ہو جائے ،،

تشریح ۱۲۳۸ — : یعنی اگر انسان میت کی آواز کو سن لیں تو اس کی ہیبت سے بے ہوش ہو جائیں اور یہ بعید نہیں کہ مر جائیں ،، علماء نے کہا اگرچہ عورت کا جنازہ ہو اسے بہرحال مرد ہی اٹھائیں کیونکہ عورتیں کمزور ہوتی ہیں ،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ ،، قَدِّمُوْنِیْ ،، کا مطلب یہ ہے کہ میرے نیک اعمال کے ثواب کے لئے مجھے آگے لے چلو ،، اور ،، یَسْمَعُ ،، کا لفظ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ میت کا بولنا حقیقت پر مبنی ہے مجاز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ جب چاہے میت میں نطق پیدا کر سکتا ہے ،، اور کافر یہ جانتا ہے کہ اس نے کوئی نیک کام نہیں کیا اور اس کا آگے جانا مصائب و بلیات میں داخل ہونا ہے اس لئے وہ آگے جانے کو برا جانتا ہے اور واویلا کرتا ہے اس کا یہ واویلا اگر انسان سن لیں تو اس کی دہشت سے بے ہوش ہو جائیں ،، واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم !

باب — جنازہ میں جلدی کرنا

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا تم جنازہ کو پہنچانے والے ہو اس کے آگے چلو یا پیچھے یا دائیں یا بائیں چلو ، انس کے سوا دوسروں نے کہا یا اس کے قریب چلو ،،

ترجمہ ۱۲۳۹ — : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا جنازہ کو جلد لے کر چلو اگر وہ صالح اور نیک ہے تو تم اس کو بہتری کی طرف آگے کرو گے اور اگر وہ صالح نہیں ہے تو شریر کو اپنی گردنوں سے اتارو گے ،،

تشریح ۱۲۳۹ — : حضرت انس رضی اللہ عنہ کے اثر کی مناسبت باب کے عنوان سے اس طرح ہے کہ جنازہ کو جلدی لے کر چلنے میں کوئی جہت

marfat.com

بَابُ قَوْلِ الْمَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الْجَنَازَةِ قَدِّمُونِي حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ ۱۲۴۰
قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَقُولُ إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ
غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ لِأَهْلِهَا يَا وَيْلَهَا أَيْنَ تَذْهَبُونَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الْإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَ الْإِنْسَانَ
لَصَعِقَ

معیّن نہیں کیونکہ چلنے چلنے میں لوگ متفاوت ہوتے ہیں بعض تیز بعض آہستہ چلتے ہیں اور بعض کو چلنے میں مشقت ہوتی ہے اس حال میں کہ میّت کے چاروں طرف لوگ جلدی چلنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ چلنے میں جہت کی تعیین کر سکیں۔ حضرت انس کے علاوہ دوسرے لوگوں نے کہا کہ جنازہ کے قریب قریب چلو تاکہ جنازہ اُٹھانے والوں کی مدد میں آسانی رہے اگر اس سے دُور ہو کر چلے گا تو تشییع نہ ہوگی ،، جلدی سے مراد درمیانہ رفتار ہے دوڑنا مراد نہیں اور نہ ہی عام حالات میں چلنا مراد ہے ،، ابن ابی شیبہ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ان کے والد نے انھیں وصیت کی کہ جب میرا جنازہ لے کر چلو تو درمیانہ رفتار میں چلنا اور جنازہ کے پیچھے چلنا کیونکہ اس کے آگے فرشتے ہوتے ہیں ....

بعض علما نے کہا کہ جلدی سے مراد یہ ہے کہ میّت کے فوت ہونے کے بعد اس کی تجہیز و تکفین میں جلدی کی جائے۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کی میّت کو لوگوں کے انتظار میں روکنا نہیں چاہیئے (ابوداؤد) طبرانی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ذکر کی کہ اُنھوں نے کہا میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ ،، جب تم میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس کو مت روکو اور جلد قبر میں پہنچا دو ،، علامہ قرطبی رحمہ اللہ نے کہا پہلا معنی زیادہ واضح ہے کیونکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ نیک ہے الخ .....

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جنازہ جلد لے کر چلنا مستحب ہے اور اس میں تمام علماء کا اتفاق ہے صاحبِ ہدایہ نے کہا جنازہ کو جلد لے کر چلیں اور بہت تیز نہ چلیں درمیانہ رفتار چلیں۔ نیز بے دینوں اور بروں کی صحبت سے اجتناب کیا جائے۔ واللہ اعلم!

باب ــــ میّت کا کہنا جبکہ وہ جنازے پر ہو "مجھے آگے لے چلو"

۱۲۴۰ــــ ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنازہ رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ اس کو اپنے کندھوں پر اُٹھاتے ہیں تو وہ اگر نیک ہو تو کہتا ہے مجھے جلدی آگے لے چلو اور اگر نیک نہ ہو تو وہ اپنے

marfat.com

۱۲۴۱ بَابُ مَنْ صَفَّ صَفَّيْنِ اَوْ ثَلَاثَةً عَلَى الْجَنَازَةِ خَلْفَ الْاِمَامِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ اَبِيْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلَى النَّجَاشِيِّ فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِيْ اَوِ الثَّالِثِ

گھر والوں سے کہتا ہے افسوس مجھے کہاں لے جا رہے ہیں انسان کے سوا اس کی یہ آواز ہر شئی سنتی ہے اگر انسان اسے سن لیں تو بے ہوش ہو جائیں ،،

۱۲۴۰ — تشریح : قولہ ،، اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ ،، اس عبارت میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ جنازہ سے مراد نفس میت اور وضع سے مراد اس کو چارپائی پر رکھنا ہے۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ جنازہ سے مراد چارپائی پر میت اور وضع سے مراد اس کا گردنوں پر رکھنا ہے مگر پہلا احتمال زیادہ واضح ہے۔ ابوداؤد طیالسی نے اپنے اسناد سے ابوہریرہؓ کے مولیٰ کے بیٹے عبدالرحمٰن سے روایت ذکر کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ،، کہ مومن کو جب چارپائی پہ رکھا جائے تو وہ کہتا ہے مجھے جلد لے چلو مجھے جلد لے چلو اور کافر کو جب چارپائی پر رکھا جائے تو کہتا ہے افسوس اس کو کہاں لے جا رہے ہو ،،

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ کلام روح کا ہے یعنی روح میت کے قریب ہوتی ہے اور یہ کلام کرتی ہے ،، اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ میت میں روح واپس کی جاتی ہے تاکہ مومن زیادہ خوش ہو اور کافر تنگ دل ہو ،، کیونکہ دفن سے پہلے روح کا جسم میں اعادہ کی کوئی شرعی دلیل نہیں جبکہ اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ جب چاہے میت میں نطق پیدا کر دے اور وہ قال کی زبان سے نطق کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — جس نے امام کے پیچھے جنازہ پر دو یا تین صفیں بنائیں"

۱۲۴۱ — ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نمازِ جنازہ پڑھی اور میں دوسری یا تیسری صف میں تھا ،،

۱۲۴۱ — تشریح : امام مسلم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ذکر کی کہ انھوں نے کہا ہم کھڑے ہوئے اور دو صفیں بنائیں ،، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تیسری صف میں شک ہے کہ وہ تھی یا نہیں اسی لئے بخاری کی روایت میں اَوْ ذکر کیا گیا ہے اور بخاری نے ہجرت حبشہ میں اسی اسناد کے ساتھ قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ذکر کی ،، کہ

marfat.com

بَابُ الصُّفُوفِ عَلَى الْجَنَازَةِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ۱۲۴۲
مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَعَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَصْحَابِهِ النَّجَاشِيَّ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَصَفُّوا خَلْفَهُ
فَكَبَّرَ أَرْبَعًا حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مَنْ شَهِدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ ۱۲۴۳
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى قَبْرٍ مَنْبُوذٍ فَصَفَّهُمْ وَكَبَّرَ أَرْبَعًا قُلْتُ مَنْ حَدَّثَكَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ

ہم نے آپ کے پیچھے صفیں بنائیں،، اور صفوف علی الجنازہ کے باب میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مذکور ہے کہ لوگوں نے آپ کے پیچھے صفیں بنائیں ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صفیں دو تھیں اور تیسری میں شک ہے،، بخاری کی اس حدیث میں اگرچہ خلف الامام کا ذکر نہیں مگر یہ ہجرتِ حبشہ کی حدیث میں اور اسی طرح ابوہریرہ کی حدیث میں خلف الامام کا ذکر ہے اور احادیث ایک دوسری کی تفسیر کرتی رہتی ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ جنازہ کے لئے صفوف"

۱۲۴۲ ـــــ ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نجاشی کی موت کی خبر دی پھر آپ آگے بڑھے اور صحابہ نے آپ کے پیچھے صفیں باندھیں اور آپ نے چار تکبیریں کہیں،،

تشریح : جنازہ سے مراد میت ہے وہ مدفون ہو یا غیر مدفون ہو اور جب غائب کے جنازہ پر صفیں باندھی جاتی ہیں تو حاضر میں بطریق اولیٰ ہوں گی،، اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ حدیث میں جنازہ کا ذکر نہیں اور نہ ہی صفوں کا ذکر ہے"

۱۲۴۲ ـــــ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازہ جنازہ کی چار تکبیریں ہیں حضرات ائمہ کرام" ابوحنیفہ، مالک، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہے اور جن احادیث میں نماز جنازہ پر پانچ تکبیروں کا ذکر ہے وہ منسوخ ہیں،، ابوبکر بن سلیمان ابی حثمہ نے اپنے باپ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جنائز پر چار، پانچ چھ، سات اور آٹھ تکبیریں کہا کرتے تھے یہاں تک کہ نجاشی فوت ہوا تو آپ باہر تشریف لے گئے لوگوں نے آپ کے پیچھے صفیں باندھیں اور آپ نے چار تکبیریں فرمائیں،، پھر وصال فرمانے تک چار تکبیریں فرماتے رہے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عظیم معجزہ ہے کہ آپ نے مدینہ منورہ میں حبشہ میں فوت ہونے والے نجاشی کی خبر دی۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد میں میت کی نمازِ جنازہ مکروہ ہے،، اس کی تفصیل حدیث ۱۲۵۱ کی تفہیم میں دیکھیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

۱۲۴۳ ـــــ ترجمہ : شعبیؒ نے کہا مجھے اس شخص نے خبر دی جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا جبکہ آپ قبروں سے الگ تھلگ ایک قبر

marfat.com

۱۲۴۴ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ تُوُفِّيَ الْيَوْمَ رَجُلٌ صَالِحٌ مِنَ الْحُبْشِ فَهَلُمُّوْا فَصَلُّوْا عَلَيْهِ قَالَ فَصَفَفْنَا فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ صُفُوْفٌ قَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ كُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِيْ

بَابُ صُفُوْفِ الصِّبْيَانِ مَعَ الرِّجَالِ عَلَى الْجَنَائِزِ

۱۲۴۵ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ قَالَ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَبْرٍ دُفِنَ لَيْلًا فَقَالَ مَتٰى دُفِنَ هٰذَا فَقَالُوْا الْبَارِحَةَ قَالَ اَفَلَا اٰذَنْتُمُوْنِيْ قَالُوْا دَفَنَّاهُ فِيْ ظُلْمَةِ اللَّيْلِ فَكَرِهْنَا اَنْ نُوْقِظَكَ فَقَامَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهٗ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاَنَا فِيْهِمْ فَصَلّٰى عَلَيْهِ

پر تشریف لائے اور لوگوں سے صفیں بندھوائیں اور چار تکبیریں فرمائیں میں نے کہا تم سے کس نے بیان کیا اُنھوں نے کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ حدیث بیان کی ،،

۱۲۴۴ — ترجمہ : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " آج حبشہ کا ایک نیک شخص فوت ہوگیا ہے۔ اس کی نمازِ جنازہ پڑھو ،، جابر نے کہا پس ہم نے صفیں بنائیں اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نمازِ جنازہ پڑھی جبکہ ہم صفیں باندھے ہوئے تھے ،، ابوزبیر نے جابر سے روائت کی کہ اُنھوں نے کہا میں دُوسری صف میں تھا۔

باب — جنازوں میں مردوں کے ساتھ بچّوں کا صف باندھنا

۱۲۴۵ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر کے پاس سے گزرے جس میں رات میت کو دفن کیا گیا تھا آپ نے فرمایا یہ میت کب دفن کی گئی تھی ؟ لوگوں نے کہا گزشتہ رات آپ نے فرمایا تم نے مجھے کیوں اطلاع نہیں دی۔ لوگوں نے کہا ہم نے اسے اندھیری رات میں دفن کیا اور آپ کو بیدار کرنا اچھا نہ جانا پس آپ کھڑے ہُوئے اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بندی کی ابن عباس اللہ عنہما نے کہا میں بھی لوگوں میں تھا اور آپ نے اس پر نمازہ جنازہ پڑھی۔

۱۲۴۵ — شرح : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں بالغ نہ ہُوئے تھے اور اُنھوں نے اس زمانہ میں صحابہ کے ساتھ جنازہ کی نماز پڑھی اس اعتبار سے یہ حدیث عنوان کے مناسب ہے" اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رات دفن کرنا جائز ہے۔ ابوداؤد نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ

marfat.com

بَابُ سُنَّةِ الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَائِزِ

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَى الْجَنَازَةِ وَقَالَ صَلُّوا عَلٰى صَاحِبِكُمْ وَقَالَ صَلُّوا عَلَى النَّجَاشِيِّ سَمَّاهَا صَلٰوةً لَيْسَ فِيْهَا رُكُوْعٌ وَلَا سُجُوْدٌ وَلَا يُتَكَلَّمُ فِيْهَا وَفِيْهَا تَكْبِيْرٌ وَتَسْلِيْمٌ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يُصَلِّي إِلَّا طَاهِرًا وَلَا يُصَلِّي عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَلَا عِنْدَ غُرُوْبِهَا وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ وَقَالَ الْحَسَنُ أَدْرَكْتُ النَّاسَ وَأَحَقُّهُمْ عَلٰى جَنَائِزِهِمْ مَنْ رَضُوْهُ لِفَرَائِضِهِمْ وَإِذَا أَحْدَثَ يَوْمَ الْعِيْدِ أَوْ عِنْدَ الْجَنَازَةِ يَطْلُبُ الْمَاءَ وَلَا يَتَيَمَّمُ وَإِذَا انْتَهٰى إِلَى الْجَنَازَةِ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ يَدْخُلُ مَعَهُمْ بِتَكْبِيْرَةٍ وَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ يُكَبِّرُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالسَّفَرِ وَالْحَضَرِ أَرْبَعًا وَقَالَ أَنَسٌ التَّكْبِيْرَةُ الْوَاحِدَةُ اِسْتِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ وَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ أَبَدًا وَفِيْهِ صُفُوْفٌ وَإِمَامٌ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ ۱۲۴۶
قَالَ أَخْبَرَنِيْ مَنْ مَرَّ مَعَ جَنَازَتِكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ فَأَمَّنَا فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ فَصَلَّيْنَا فَقُلْنَا يَا أَبَا عَمْرٍو وَمَنْ حَدَّثَكَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ

لوگوں نے قبرستان میں آگ دیکھی انھوں نے وہاں آکر دیکھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر میں کھڑے فرماتے ہیں اپنا صاحب (میت) مجھے پکڑاؤ، ہم نے دیکھا کہ میت وہی شخص تھا جو ذکر بکثرت کیا کرتا تھا۔ حاکم نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے لہٰذا جن روایات میں رات کو دفن سے منع فرمایا ہے وہ منسوخ ہیں۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم صبح طلوع ہونے سے پہلے دفن کیے گئے،، نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ بچوں کو نماز کی عادت ڈالنے کے لئے نماز باجماعت میں شرکت کی رغبت دلانی چاہیئے تاکہ وہ نماز سے مانوس ہوں اور نمازِ جنازہ میں لوگوں کی تکثیر کے لئے لوگوں کو خبردار کرنا چاہیئے،، اگر نماز جنازہ کے بغیر کوئی مسلمان دفن کیا جائے تو تین دن تک اس کی قبر پر نمازِ جنازہ پڑھنی جائز ہے۔ اس کے بعد جائز نہیں کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم تین دن تک سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نمازِ جنازہ پڑھتے رہے،، اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہدائے اُحد کی آٹھ سال بعد نماز جنازہ پڑھی کیونکہ ان کے جسم خراب نہیں ہوئے تھے اور نہ ہی ان کو زمین نے کھایا تھا۔

باب ـــــ جنائز پر نماز کا طریقہ ،،

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی جنازہ کی نماز پڑھے اور فرمایا اپنے ساتھی کی نمازِ جنازہ پڑھو اور فرمایا نجاشی پر نمازِ جنازہ پڑھو اور اسے صلوٰۃ کہا حالانکہ اس میں رکوع و سجود نہیں اور نہ ہی اس میں کلام کیا جاتا ہے،، اس میں صرف تکبیر اور سلام ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما وضو کے بغیر نمازِ جنازہ نہ پڑھتے تھے اور نہ ہی طلوع شمس اور غروب شمس کے وقت نمازِ جنازہ پڑھتے تھے وہ اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاتے تھے حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا میں نے لوگوں کو پایا ہے کہ وہ نمازِ جنازہ کا زیادہ حقدار اس کو جانتے تھے جس کو وہ فرض کی نماز میں امام بنانا پسند

marfat.com

پسند کرتے تھے" اور جب کوئی عید کی نماز یا جنازہ کی نماز میں بے وضو ہو جائے وہ پانی تلاش کرے اور تیمم نہ کرے اور جب جنازہ کے پاس جائے حالانکہ لوگ نمازِ جنازہ پڑھ رہے ہوں تو تکبیر کہہ کر اُن کے ساتھ شامل ہو جائے" اور ابن مسیب نے کہا رات ہو یا دن، سفر ہو یا حضر نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہے" انس رضی اللہ عنہ نے کہا پہلی تکبیر نماز شروع کرنے کی ہے" اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا" منافقین میں سے جو کوئی مر جائے اس پر نمازِ جنازہ کبھی نہ پڑھیں" اس نماز میں صفیں اور امام ہوتا ہے۔

اس باب میں مذکور تراجم سے امام بخاری رضی اللہ عنہ کی غرض اس بات کا بیان ہے کہ نماز کا اطلاق نمازِ جنازہ پر جائز ہے اور یہ نماز مشروعہ ہے اگرچہ اس میں رکوع و سجود نہیں۔ اس کی ایک دلیل یہ بیان کی کہ اس کو نماز کا نام دیا جاتا ہے اور بامر الصلوٰۃ یہ مامور بہ ہے، دوسری دلیل یہ کہ جس طرح نماز میں کلام کرنا ممنوع ہے اور وہ تکبیر سے شروع ہوتی ہے اور سلام سے ختم ہوتی ہے اور وضو کے بغیر صحیح نہیں ہوتی مکروہ وقت میں ادا نہیں ہوتی۔ پہلی تکبیر کے وقت دونوں ہاتھ اُٹھائے جاتے ہیں اور امامت کا زیادہ حقدار کون ہوتا ہے اور نماز کا وقت آجائے تو طہارت کے لئے پانی کا طلب کرنا واجب ہوتا ہے۔ یہ تمام امور بعینہا نمازِ جنازہ کے لئے بھی ضروری ہیں۔ نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا" منافقین سے جو کوئی مر جائے اس کی نماز جنازہ نہ پڑھیئے" اس آیت میں نماز جنازہ پر نماز کا اطلاق کیا ہے" اس کے علاوہ نماز کی طرح نمازِ جنازہ میں صف بندی ہوتی ہے اور امام ہوتا ہے۔ مذکورہ امور اس بات کی واضح دلیل ہیں کہ جنازہ پر نماز کا اطلاق درست ہے اور یہ اطلاق حقیقتِ شرعیہ ہے۔

۱۲۴۶ ترجمہ : شعبی رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے اس شخص نے خبر دی جو تمہارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک منبوذ کی قبر کے پاس سے گزرا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری امامت کی اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بندی کی" ہم نے کہا اے ابا عمرو تم سے کس نے بیان کیا اُس نے کہا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے"

۱۲۴۶ شرح : ابو عمرو شعبی کی کنیت ہے، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا، نمازِ جنازہ کی صحت کی شرط طہارت، ستر اور استقبالِ قبلہ ہے۔ کافر پر نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جاتی، کیونکہ نماز میں مغفرت مطلوب ہوتی ہے اور کافر کی مغفرت ناممکن ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازِ جنازہ با جماعت مسنون ہے اور قبر پر نمازِ جنازہ جائز ہے۔ حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا نمازِ جنازہ وہ پڑھائے جس کے دین سے لوگ راضی ہوں" احناف کے نزدیک اگر میت کو نمازِ جنازہ پڑھے بغیر دفن کر دیا جائے تو تین روز تک اس کی قبر پر نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں (ہدایہ)

---

marfat.com

بَابُ فَضْلِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَقَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ إِذَا صَلَّيْتَ فَقَدْ قُضِيَتْ الَّذِي عَلَيْكَ وَقَالَ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ مَا عَلِمْنَا عَلَى الْجَنَازَةِ إِذْنًا وَلَكِنْ مَنْ صَلَّى ثُمَّ رَجَعَ فَلَهُ قِيرَاطٌ حَدَّثَنَا ١٢٤٧
أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ حُدِّثَ ابْنُ عُمَرَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً فَلَهُ قِيرَاطٌ فَقَالَ أَكْثَرَ أَبُو هُرَيْرَةَ عَلَيْنَا فَصَدَّقَتْ يَعْنِي عَائِشَةُ أَبَا هُرَيْرَةَ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ لَقَدْ فَرَّطْنَا فِي قَرَارِيطَ كَثِيرَةٍ فَرَّطْتُ ضَيَّعْتُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ

باب ـــ جنازوں کے پیچھے چلنے کی فضیلت

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا، جب تو نماز جنازہ پڑھے تو جو تیرے اُوپر میت کا حق تھا وہ تو نے ادا کر دیا اور حمید بن ہلال رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نمازِ جنازہ پڑھنے کے بعد (واپس ہونے کے لئے) اجازت نہیں جانتے، لیکن جو کوئی نمازِ جنازہ پڑھ لے پھر لوٹ جائے تو اس کے لئے ایک قیراط ثواب ہے"

ترجمہ : جریر بن حازم رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نافع کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ خبر دی گئی کہ ابوہریرہ ۱۲۴۷ ـــ
رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جو کوئی جنازے کے ساتھ رہے اس کے لئے ایک قیراط ثواب ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا ابوہریرہ بہت زیادہ حدیثیں بیان کرتے ہیں۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے ابوہریرہ کی تصدیق کی اور فرمایا میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہی فرماتے ہوئے سُنا ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا بے شک ہم نے بہت زیادہ قیراطوں کا نقصان اُٹھایا ہے "فَرَّطْتُ"، یعنی میں نے اللہ کا حکم ضائع کیا"

شرح : یعنی حمید بن ہلال رضی اللہ عنہ نے کہا ہمارے نزدیک یہ بات ثابت نہیں کہ جنازہ پڑھنے کے بعد واپسی کے لئے اجازت ضروری ہے لیکن یہ بات ۱۲۴۷ ـــ
ثابت ہے کہ جو کوئی نماز جنازہ پڑھ کر واپس چلا جائے اس کے لئے ایک قیراط ثواب ہے" حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا مقصد یہ تھا کہ ابوہریرہ بکثرت روایات بیان کرتے ہیں ممکن ہے کہ انہیں اشتباہ ہو گیا ہو ان کی یہ مراد نہیں کہ وہ بے سنی بہت روایات بیان کرتے ہیں کیونکہ ان کا مقام و مرتبہ اس سے بالاتر ہے کہ وہ ایسا کریں یا کہیں، "فَرَّطْنَا" کا معنی یہ ہے کہ ہم نے اتباعِ جنازہ میں تقصیر کر کے بہت زیادہ قیراط ضائع کر دیئے"، امام بخاری رضی اللہ عنہ نے "فَرَّطْتُ" سے قرآن کریم کی آیت کی طرف اشارہ کیا" يٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُ فِيْ جَنْبِ اللّٰهِ" یعنی میں نے اللہ کا حکم ضائع کر دیا"، اس حدیث میں اس بات کی دلیل

marfat.com

بَابُ مَنِ انْتَظَرَ حَتّٰى يُدْفَنَ ۱۲۴۸

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ قَرَأْتُ عَلٰى ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ سَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَيْهَا فَلَهٗ قِيْرَاطٌ وَمَنْ شَهِدَ حَتّٰى يُدْفَنَ كَانَ لَهٗ قِيْرَاطَانِ قِيْلَ وَمَا الْقِيْرَاطَانِ قَالَ مِثْلُ الْجَبَلَيْنِ الْعَظِيْمَيْنِ

ہے کہ جنازے کے پیچھے چلنا افضل ہے کیونکہ حقیقی اتباع اسی میں ہے کیونکہ عرف میں اتباع کا معنیٰ پیچھے چلنا ہے احناف کا یہی مسلک ہے" اور یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما علم میں بہت حرص کرتے تھے اور نیک عمل نہ ہونے پر افسوس کیا کرتے تھے"

باب — جس نے دفن کئے جانے تک انتظار کی"

۱۲۴۸ — ترجمہ : سعید بن ابی سعید مقبری نے اپنے باپ سے روایت کی کہ انھوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو انھوں نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا" ہمیں احمد بن شبیب بن سعید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھے میرے باپ نے خبر دی انھوں نے کہا ہمیں یونس نے خبر دی ابن شہاب نے کہا اور مجھے عبدالرحمٰن اعرج نے خبر دی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی جنازے میں حاضر رہے حتیٰ کہ نماز جنازہ پڑھی جائے اس کو ایک قیراط ثواب حاصل ہوتا ہے اور جو کوئی جنازے میں اس کے دفن تک موجود رہے اس کو دو قیراط ثواب ملتا ہے کہا قیراطان کیا شئی ہیں ؟ تو کہا دو عظیم پہاڑوں کی مثل"

۱۲۴۸ — شرح : قولہ "وَحَدَّثَنِيْ" واو عاطفہ ہے اور معطوف علیہ مقدر ہے۔ یعنی ابن شہاب نے کہا حدثنی فلان بہ وحدثنی عبدالرحمٰن ایضاً بہ" عینی وکرمانی" اس مسئلہ میں روایات مختلفہ ہیں" کہ دو قیراط کا ثواب صرف میت کو قبر میں رکھنے سے حاصل ہوتا ہے یا مٹی گرانے سے پہلے پہلے دفن کی انتہا تک یا کلیتہً دفن سے فارغ ہونے تک ساتھ رہنے سے دو قیراط ثواب حاصل ہوتا ہے۔ مسلم نے کہا کہ معمر کی ایک روایت میں دفن سے فارغ ہونے تک اور دوسری روایت میں لحد میں اتارتے تک دو قیراط ثواب ملتا ہے اور ابوحازم کی روایت میں قبر میں رکھنے تک مذکور ہے امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابومزاحم کی روایت میں اس سے پورا فارغ ہونا ذکر کیا

marfat.com

بَابُ صَلٰوةِ الصِّبْيَانِ مَعَ النَّاسِ عَلَى الْجَنَائِزِ

۱۲۴۹ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرًا فَقَالُوْا هٰذَا دُفِنَ اَوْ دُفِنَتِ الْبَارِحَةَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَصَفَفْنَا خَلْفَهٗ ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهَا

بَابُ الصَّلٰوةِ عَلَى الْجَنَائِزِ بِالْمُصَلّٰى وَالْمَسْجِدِ

۱۲۵۰ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ اَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَعٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّجَاشِيَّ صَاحِبَ الْحَبَشَةِ الْيَوْمَ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا لِاَخِيْكُمْ وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفَّ بِهِمْ بِالْمُصَلّٰى فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا

ہے اور ترمذی میں بروایت ابوسلمہ ہے کہ حتیٰ کہ اس کے دفن سے فارغ ہو جائے ابوعوانہ نے ابن عیاض سے روایت کی کہ حتیٰ کہ اس پر مٹی برابر کر دی جائے۔ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ شیخ زین الدین نے کہا اصحاب شافعی کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ یہ کمال دفن پر موقوف ہے۔ صرف میت کو لحد میں رکھ دینے پر یہ ثواب موقوف نہیں اور بعض علماء شافعیہ کہتے ہیں کہ صرف لحد میں رکھ دینے سے یہ ثواب حاصل ہو جاتا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ میت کے جنازہ میں شریک ہونے اور اس کا انتظام کرنے میں بہت ثواب ہے اور جو کوئی مسلمان کی میت کے بعد اس کی تجہیز و تکفین اور تدفین خوش اسلوبی سے کرے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی تکثیر ثواب سے تکریم کرتا ہے،، واللہ اعلم!

باب — بچوں کا لوگوں کے ساتھ جنازوں پر نماز پڑھنا

۱۲۴۹ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر کے پاس تشریف لائے تو لوگوں نے کہا یہ گزشتہ رات کو دفن کیا گیا یا دفن کی گئی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہم نے آپ کے پیچھے صف بندی کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز پڑھی،،

۱۲۴۹ — شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قبر پر نماز جنازہ جائز ہے۔ (مگر تین دن تک) اور رات کو دفن کرنا صحیح ہے،،

باب — عیدگاہ اور مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھنا

۱۲۵۰ — ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نجاشی (حبشہ کا بادشاہ) کے فوت ہونے کی اسی دن خبر

marfat.com

۱۲۵۱ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو ضَمْرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ الْيَهُودَ جَاءُوا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ مِنْهُمْ وَامْرَأَةٍ زَنَيَا فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا قَرِيبًا مِنْ مَوْضِعِ الْجَنَائِزِ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

شانی جس روز وہ فوت ہوا اور فرمایا اپنے بھائی کے لئے استغفار کرو ابن شہاب سے روائت ہے اُنھوں نے کہا مجھے سعید بن مسیب نے خبر دی کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عیدگاہ میں لوگوں کی صف بندی کی اور اس پہ چار تکبیریں کہیں ،،

ترجمہ : عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ یہودی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مرد اور ایک عورت کو جنہوں نے زنا کیا تھا لے کر حاضر ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو رجم کرنے کے حکم دیا اور مسجد کے پاس جنائز کی جگہ کے قریب ان کو سنگسار کیا گیا ،،

۱۲۵۱ —

شرح : ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ حدیث ۱۲۵۱ سے مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا ثابت نہیں ہوتا ہاں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل بن بیضاء کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھی مگر اس حدیث کا اسناد بخاری کی شرط کے مطابق نہیں ۔ امام بخاری رضی اللہ عنہ کی غرض یہ ہے کہ مسجد میں نماز جنازہ نہ پڑھی جائے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کے قریب جنازوں کی نماز پڑھنے کے لئے جگہ معین کر رکھی تھی اگر مسجد میں نمازِ جنازہ جائز ہوتی تو مسجد سے باہر اس کے لئے جگہ معین نہ فرماتے ،، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض جنازوں پر مسجد میں نماز پڑھنا کسی عارضہ اور عذر کی وجہ سے تھا ،، ابو داؤد نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " مَنْ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَلَا شَيْءَ لَهُ " ایک روائت میں ہے " فَلَا أَجْرَ لَهُ " کہ جس نے نمازِ جنازہ مسجد میں پڑھی اسے کچھ حاصل نہیں ،، ابو داؤد کا اس پر سکوت کرنا اس کی صحت کی دلیل ہے ۔ ابن ماجہ اور ابن شیبہ نے بھی اس کو ذکر کیا ہے اگر یہ کہا جائے کہ ابو ہریرہ کی حدیث ضعیف ہے کیونکہ اس کے اسناد میں صالح مولی التوءمہ ہے ،، ابن حبان نے " کتاب الضعفاء " میں ذکر کیا کہ آخر عمر میں صالح کو اختلاط ہو گیا تھا اور وہ نئی حدیث کا قدیم حدیث سے امتیاز نہ کر سکتے تھے ،، ابن عدی نے کہا یہ حدیث صالح کی منکر احادیث میں سے ہے اسی لئے ائمہ کرام نے اس کی حدیث میں طعن کی اور کہا صالح ضعیف ہے ،، اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں اور ان کی حدیث قابلِ حجت ہے اس میں کسی کا نزاع نہیں ،، عجلی نے صالح کو ثقہ کہا ہے یحییٰ بن معین نے کہا صالح ثقہ ہے اور اس کی حدیث قابلِ حجت ہے اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان سے سماعِ حدیث اس وقت ترک کیا جب وہ بوڑھا ہو گیا اور اسے اختلاط ہو گیا تھا اور اختلاط سے پہلے جس نے اس سے حدیث سُنی وہ قابلِ حجت ہے ابن عدی نے کہا اختلاط سے پہلے ان سے مسموع احادیث حجت ہیں اور ابن ابی ذئب نے یہ حدیث اختلاط سے پہلے صالح سے سُنی تھی لہٰذا یہ حدیث قابلِ

marfat.com

حجت ہے اور جب ابوداؤد نے اس حدیث پر سکوت کیا تو ابن حبان کا اس کو باطل کہنا صحیح نہیں اور علامہ قسطلانی کا اس حدیث کو ضعیف کہنا بھی ضعیف ہے،، الحاصل صالح کو آخر عمر میں اختلاط لاحق ہوا اور یہ حدیث صالح کے اختلاط سے پہلے ان سے مروی ہے لہذا یہ حدیث قابلِ حجت ہے اور مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے سے کچھ ثواب نہیں ملتا" اور اس حدیث سے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہل بن بیضاء کا جنازہ مسجد میں پڑھا تھا،، منسوخ ہے کیونکہ ام المؤمنین کی حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل کی خبر ہے جو آپ نے حالِ اباحت میں کیا تھا اور ابوہریرہ کی حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہی کا بیان ہے جس سے پہلے اباحت تھی لہذا ابوہریرہ کی حدیث ام المؤمنین کی حدیث کی ناسخ ہے اور جب ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ مسجد میں پڑھنے کا ارادہ کیا تو صحابہ کرام نے اس کا انکار کر دیا اس سے مذکور نسخ کی تائید ہوتی ہے اس کے علاوہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نمازِ جنازہ مسجد میں نہیں پڑھائی بلکہ عید گاہ میں پڑھائی تھی ۔ اگر نمازِ جنازہ مسجد میں جائز ہوتی تو آپ صحابہ کرام کو عید گاہ نہ لے جاتے معلوم ہوا کہ مسجد میں نمازِ جنازہ ممنوع ہے ۔ اگرچہ میت مسجد میں نہ ہو کیونکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نمازِ جنازہ مسجد میں نہیں پڑھائی حالانکہ اس کی میت غائب تھی احناف اور مالکیہ کا یہی مذہب ہے ۔ امام ابوحنیفہ، مالک، شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہم کے مذہب میں جنازہ کی چار تکبیریں ہیں اور جن احادیث میں چار سے زائد تکبیریں مذکور ہیں وہ منسوخ ہیں کیونکہ چار تکبیرات پر صحابہ کرام کا اجماع ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آخر امر پر منعقد ہوا تھا اور جب خبر مشہور سے نسخ ہو سکتا ہے تو اجماعِ صحابہ جو علمِ یقین کا موجب ہے سے بطریقِ اولیٰ نسخ ہو سکتا ہے ۔،،

رہا یہ کہ غائبانہ نمازِ جنازہ جائز ہے یا نہیں اس میں احناف کا مذہب یہ ہے کہ اگر میت غائب ہو تو اس کی نمازِ جنازہ جائز نہیں اور نجاشی کی میت اگرچہ بظاہر غائب تھی مگر سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھی اور آپ اس کو دیکھ رہے تھے ابن حبان نے صحیح میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے حدیث ذکر کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا تمہارا بھائی نجاشی فوت ہو گیا ہے اٹھو اور اس کی نمازِ جنازہ پڑھو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ کے پیچھے صفیں باندھیں آپ نے چار تکبیریں کہیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خیال کرتے تھے کہ نجاشی کا جنازہ آپ کے سامنے ہے ۔ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کے سوا کسی صحابی کی غائبانہ نمازِ جنازہ نہیں پڑھی حالانکہ کثیر صحابہ کرام کے دور دراز علاقوں میں فوت ہونے کی خبر آپ کو پہنچتی تھی اگر یہ کہا جائے کہ معاویہ بن معاویہ مزنی مدینہ منورہ میں فوت ہو گئے جبکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تبوک میں تشریف فرما تھے اور آپ نے تبوک میں ان کی نمازِ جنازہ پڑھی تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی میت سامنے کر دی تھی لہذا یہ بات واضح ہو گئی کہ میت غائب ہو تو اس کی نمازِ جنازہ نہ مسجد میں جائز ہے اور نہ ہی مسجد سے باہر جائز ہے واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم!

---

marfat.com

بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنِ اتِّخَاذِ الْمَسَاجِدِ عَلَى الْقُبُوْرِ وَلَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ ضَرَبَتِ امْرَاتُهُ الْقُبَّةَ عَلٰى قَبْرِهٖ سَنَةً ثُمَّ رُفِعَتْ فَسَمِعُوْا صَائِحًا يَقُوْلُ اَلَا هَلْ وَجَدُوْا مَا فَقَدُوْا فَاَجَابَهٗ اٰخَرُ بَلْ يَئِسُوْا فَانْقَلَبُوْا ۱۲۵۲ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ شَيْبَانَ عَنْ هِلَالٍ هُوَ الْوَزَّانُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ قَالَتْ وَلَوْلَا ذٰلِكَ لَاُبْرِزَ قَبْرُهٗ غَيْرَ اَنِّيْ اَخْشٰى اَنْ يُّتَّخَذَ مَسْجِدًا

بَابُ الصَّلٰوةِ عَلَى النُّفَسَاءِ اِذَا مَاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا

باب — قبور پر مساجد بنانا مکروہ ہے

۱۲۵۲ — اور جب حسن بن حسن بن علی رضی اللہ عنہم کا انتقال ہوا تو ان کی بیوی نے ان کی قبر پر ایک سال تک خیمہ بنائے رکھا پھر خیمہ اُٹھا لیا گیا لوگوں نے کسی آواز دینے والے کو یہ کہتے ہوئے سُنا کیا اُنھوں نے جس کو گم کیا تھا ان کو پا لیا؟ کسی دُوسرے نے جواب دیا بلکہ نا اُمید ہو کر واپس چلے گئے،،

۱۲۵۲ — شرح : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے اس مرض جس میں آپ نے انتقال فرمایا کی حالت میں فرمایا اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ پر لعنت کرے اُنھوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجد بنا لیا۔ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا اگر یہ ڈر نہ ہوتا تو آپ کی قبر شریف ظاہر کر دیتے مگر مجھے ڈر ہے کہ اس کو مسجد نہ بنا لیا جائے۔

حسن بن حسن کا نام اپنے والد کے نام سا ہے ۹۷ ہجری میں ان کی وفات ہوئی وہ ثقہ تابعی ہیں ان کے صاحبزادے کا نام بھی حسن ہے ان کی بیوی جس نے قبر پر خیمہ نصب کیا تھا فاطمہ بنت امام حسین رضی اللہ عنہما حسن کے چچا کی بیٹی ہے،، اُنھوں نے قبر پر خیمہ اس لئے نصب کیا تھا کہ لوگ ذکر اور قرأتِ قرآن کے لئے جمع ہوں۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے مرقات کے باب البکاء میں ذکر کیا کہ حَمْلُ فِعْلِهَا عَلَى الْعَبَثِ الْمَكْرُوْهِ فَغَيْرُ لَائِقٍ لِصَنِيْعِ اَهْلِ الْبَيْتِ ،، کہ سیدہ کا فعل عبث اور بے فائدہ قرار دینا اہل بیت کرام کی شان کے لائق نہیں،، اس اثر کی حدیث سے مناسبت اس طرح ہے کہ خیمہ میں مقیم شخص وہاں نماز تو پڑھے گا لہٰذا قبر پر مسجد بنانا لازم آئے گا اور اگر قبر قبلہ کی جانب ہو تو کراہت اور بھی زیادہ ہوگی اور غائبانہ ندا کرنے والے فرشتے یا نیک جن تھے،،

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ اگر قبر کو مسجد بنانے کا ڈر نہ ہوتا تو آپ کی قبر شریف ظاہر کر دی جاتی لیکن اس خوف کے باعث آپ کی قبر شریف کو ظاہر نہیں کیا،،

باب — نفاس والی عورت کی نمازِ جنازہ جب وہ نفاس کی حالت میں مر جائے —

marfat.com

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ ۱۲۵۳
قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا فَقَامَ عَلَيْهَا وَسَطَهَا **بَابٌ** اَيْنَ يَقُوْمُ مِنَ الْمَرْأَةِ وَالرَّجُلِ **حَدَّثَنَا** ۱۲۵۴
عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدَبٍ
قَالَ صَلَّيْتُ وَرَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِيْ نِفَاسِهَا فَقَامَ عَلَيْهَا وَسَطَهَا

ترجمہ : سمرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک عورت کی نماز جنازہ پڑھی جو اپنے نفاس میں فوت ہوگئی تھی آپ

۱۲۵۳ —

اس کے وسط میں کھڑے ہوئے۔

باب — عورت اور مرد کی نمازِ جنازہ پڑھاتے وقت کہاں کھڑا ہو"

ترجمہ : سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک عورت کی نمازِ جنازہ پڑھی جو نفاس کی حالت میں فوت ہوگئی تھی آپ اس کے وسط میں کھڑے ہوئے"

۱۲۵۴ —

شرح : امام ابو یوسف، امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہم کے نزدیک امام مرد کے سر کے

۱۲۵۳ ، ۱۲۵۴ —

سامنے اور عورت کے سرین کے برابر کھڑا ہو۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا مرد کے وسط میں اور عورت کے کندھوں کے برابر کھڑا ہو۔ احناف کے نزدیک امام مرد و عورت کے سینہ کے سامنے کھڑا ہو حسن بصری کی روایت میں ہے کہ وسط میں کھڑا ہو مگر یہ مشہور کے خلاف نہیں کیونکہ سینہ وسط میں آتا ہے" حدیث میں نفساء کی قید اتفاقی ہے اور واقعہ میں درپیش سائلہ کی حکایت ہے" مخنث کا حال عورت سا ہے" اس بات پہ سب کا اتفاق ہے کہ میت کے ساتھ مل کر کھڑا نہ ہو نمازی اور میت کے درمیان کچھ فاصلہ ہونا ضروری ہے"

الحاصل عورت و مرد کے جنازہ میں فرق نہیں کہ امام میت کے سینے کے سامنے کھڑا ہو اور ابوداؤد اور ترمذی کی انس بن مالک سے روایت کہ انھوں نے مرد کی نماز جنازہ پڑھی اور اس کے سر کے سامنے کھڑے ہوئے اور عورت کی نماز جنازہ پڑھی اور اس کے سر کے سامنے کھڑے ہوئے" علاء بن زیاد نے ان سے دریافت کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح کرتے تھے انس نے کہا جی ہاں" ضعیف ہے" واللہ اعلم!

marfat.com

بَابُ التَّكْبِيرِ عَلَى الْجَنَازَةِ اَرْبَعًا وَقَالَ حُمَيْدٌ صَلَّى بِنَا اَنَسٌ فَكَبَّرَ ثَلٰثًا ثُمَّ سَلَّمَ فَقِيْلَ لَهٗ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ كَبَّرَ الرَّابِعَةَ ثُمَّ سَلَّمَ

١٢٥٥ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَى النَّجَاشِيَّ فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ وَخَرَجَ بِهِمْ اِلَى الْمُصَلّٰى فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ

١٢٥٦ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى اَصْحَمَةَ النَّجَاشِيِّ فَكَبَّرَ اَرْبَعًا وَقَالَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَعَبْدُ الصَّمَدِ عَنْ سُلَيْمٍ اَصْحَمَةَ

باب — نمازِ جنازہ میں چار تکبیریں کہنا

اور حُمید بن انس نے کہا کہ انس رضی اللہ عنہ نے ہم کو نمازِ جنازہ پڑھائی تو تین تکبیریں کہیں اور سلام پھیر دیا ان سے کہا گیا تو وہ قبلہ رُو ہوئے اور چوتھی تکبیر کہی پھر سلام پھیر دیا"

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

١٢٥٥ — نے اسی روز نجاشی کے فوت ہونے کی خبر سُنائی جس دن وہ فوت ہُوا اور لوگوں کے ساتھ عیدگاہ تشریف لے گئے اور ان کی صفیں بندھوائیں اور اس پر چار تکبیریں کہیں"

ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبی کریم

١٢٥٦ — صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحمہ نجاشی پر نمازِ جنازہ پڑھی اور چار تکبیریں کہیں یزید بن ہارون اور عبدالصمد نے سُلیم سے "اصحمہ" روائت کیا اور عبدالصمد نے اس کی متابعت کی۔

شرح : جنازہ کی نمازمیں چار تکبیروں کی تفصیل حدیث

١٢٥٥ ، ١٢٥٦ — ١٢٤٢ کی تفہیم میں گزر چکی ہے اگر کوئی سوال کرے کہ مصنف ابن ابی شیبہ میں عمران بن حُدیر سے روائت ہے اُنھوں نے کہا میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک جنازہ پر نماز پڑھی تو اُنھوں نے صرف تین تکبیریں کہیں ایک اور روائت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جنازہ پر تکبیریں صرف تین ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ پہلے صرف تین تکبیروں پر اکتفا کیا کرتے تھے جب اُنھوں نے جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل دیکھا کہ وہ جنازہ پر چار تکبیریں کہتے ہیں تو وہ اس کے بعد چار تکبیریں کہا کرتے تھے احناف کے نزدیک جنازہ کی نماز کی ہر تکبیر رکعت کے قائم مقام ہے حتیٰ کہ اگر ان میں سے ایک تکبیر چھوڑ دی جائے تو نماز باطل ہو جاتی ہے جیسے ایک رکعت ترک کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے" اگر ایک یا دو تکبیریں رہ جائیں تو جب تک جنازہ اُٹھایا نہ جائے ان کو قضاء کر لیا جائے جیسے مسبوق ایک یا دو رکعتیں قضاء کرتا ہے" ظاہر روائت میں جب تک کندھوں پر میت کو نہ اُٹھا لیا جائے مسبوق تکبیریں قضا کی جا سکتی ہیں"

حبشہ کے بادشاہ کو نجاشی کہا جاتا ہے جیسے روم کے بادشاہ کو قیصر اور فارس کے بادشاہ کو کسریٰ کہا جاتا

marfat.com

بَابُ قِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلَى الْجَنَازَةِ وَقَالَ الْحَسَنُ يُقْرَأُ عَلَى الطِّفْلِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَسَلَفًا وَاَجْرًا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ طَلْحَةَ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ ابْنِ عَبَّاسٍ ح قَالَ وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيٰنُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ ابْنِ عَبَّاسٍ عَلٰى جَنَازَةٍ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَقَالَ لِيَعْلَمُوْا اَنَّهَا سُنَّةٌ ۱۲۵۷

تھا۔ نجاشی کا نام اصحمہ ہے۔ یزید ہارونؒ اصبحہ" کہتے ہیں"۔ یزید بن ہارون بغداد میں رہتے تھے اور ان کی مجلس میں ستر ہزار لوگ بیٹھا کرتے تھے نماز میں وہ اس قدر خشوع کرتے کہ دیکھنے والے کو یہ گمان ہوتا کہ کوئی درخت کھڑا ہے،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب — جنازہ پر سورۂ فاتحہ پڑھنا"

اور حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ بچے پر سورۂ فاتحہ پڑھے اور یہ دُعاء پڑھے اللّٰھم اجعلہ لنا فرطا وسلفا و اجراً —"

۱۲۵۷ — ترجمہ : حضرت طلحہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز جنازہ پڑھی،، طلحہ بن عبداللہ بن عوف نے کہا میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پیچھے جنازہ پر نماز پڑھی تو اُنھوں نے سورۂ فاتحہ پڑھی اور کہا تاکہ تم جان لو کہ یہ سنّت ہے

۱۲۵۷ — شرح : حضرت طلحہ بن عبداللہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا بھتیجہ ہیں وہ بہت بڑے فقیہہ اور سخی تھے وہ ۹۹ ہجری میں فوت ہوئے اور سعد بن ابراہیم حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا پوتا ہیں۔ وہ ہر روز قرآن کریم ختم کیا کرتے تھے وہ ۱۲۵ ہجری میں فوت ہوئے امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہما کا مسلک یہ ہے کہ نمازِ جنازہ کی پہلی تکبیر کے بعد سورہ فاتحہ پڑھی جائے اور رات کو نمازِ جنازہ پڑھی جائے تو فاتحہ جہر سے پڑھے اور دن کو آہستہ پڑھے۔

ابن ماجہ نے ام شریک سے روائت کی کہ اُنہوں نے کہا ہمیں جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ہم جنازہ پر سورۂ فاتحہ پڑھیں،، حافظ ابونعیم نے ام عفیف نہدیہ سے روائت کی کہ ہمیں جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم اپنی اموات پر سورۂ فاتحہ پڑھیں،، امام نسائی نے ابوامامہ بن سہل سے روائت کی کہ نمازِ جنازہ میں سنت یہ ہے کہ پہلی تکبیر میں آہستہ سورہ فاتحہ پڑھی جائے پھر تین تکبیریں کہی جائیں اور آخری تکبیر کے بعد سلام پھیرا جائے،، ابن ابی شیبہ نے ہمدانی سے روائت کی کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے جنازہ پر سورہ فاتحہ پڑھی،،

ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ جنازہ پر سورۂ فاتحہ پڑھنے کا حکم ہے نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ کا پڑھنا سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں علماءِ احناف نے کہا کہ جنازہ کی نماز میں سورۂ فاتحہ ثناء کی نیت سے پڑھی

marfat.com

جائے تلاوت کی نیت سے نہ پڑھی جائے مؤطا میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جنازہ کی نماز میں قرأت نہ کرتے تھے اور دوسری تکبیر کے بعد درود پڑھتے تھے جیسے تشہد میں درود پڑھتے تھے۔ امام ابوحنیفہ، امام مالک رضی اللہ عنہما کا مذہب یہی ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل اس میں مختلف رہا ہے جو صحابہ کرام نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے غالباً وہ تلاوت کی نیت سے نہ پڑھتے تھے۔ ثناء اور دعاء کی نیت سے پڑھتے تھے۔ فتح الباری میں ہے" نمازِ جنازہ میں فاتحہ کا پڑھنا مشروع ہے اور یہ مسئلہ مختلف فیہا ہے۔ ابن منذر نے ابن مسعودؓ حسن بن علی، ابن زبیر اور مسور بن مخرمہ سے اس کا مشروع ہونا نقل کیا ہے۔ امام شافعیؒ امام احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا مذہب یہی ہے،، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھنی واجب نہیں مشروع ہے،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما کے کلام میں سنت سے مراد دین میں طریقہ مسلوکہ ہے۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا حضرت عمر فاروق، علی بن ابی طالب، ابن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم نمازِ جنازہ میں قرأت نہ کرتے تھے اور اس کو اچھا نہ جانتے تھے،، امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا مدینہ منورہ میں نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ نہیں پڑھی جاتی ہے اور نہ ہی اس پر مدینہ منورہ والوں نے عمل کیا ہے،، الحاصل نمازِ جنازہ میں قرأت نہیں اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھنی ثابت نہیں اور جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھی ہے وہ ثناء اور دعا کی نیت سے پڑھی ہے تلاوت اور قرأت کی نیت سے نہیں پڑھی،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب — دفن کئے جانے کے بعد قبر پر دُعاء کرنا

ترجمہ : شعبہ نے کہا مجھے سلیمان شیبانی نے خبر دی اُنھوں نے کہا میں نے شعبی کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قبروں سے علیحدہ ایک قبر کے پاس گزرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی امامت کی اور اُنھوں نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی میں نے کہا اے ابا عمرو تمہیں کس نے یہ خبر دی شعبی نے کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے،،

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اسود مرد یا عورت جو مسجد کی صفائی کیا کرتا تھا فوت ہوگیا اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی موت خبر نہ ہوئی، ایک دن آپ نے اس کا ذکر کیا اور فرمایا وہ شخص کہاں ہے؟ لوگوں نے کہا یارسول اللہ وہ فوت ہوگیا ہے۔ آپ نے فرمایا تم نے مجھے کیوں نہیں بتایا اُنھوں نے کہا اس کا ایسا ایسا واقعہ ہے (اور واقعہ ذکر کیا) اور اس کا حال حقیر بیان کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی قبر مجھے بتلاؤ آپ اس کی قبر پر تشریف لائے اور نماز جنازہ پڑھی!

marfat.com

قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ اَسْوَدَ رَجُلًا اَوِ امْرَاَةً كَانَ یَكُوْنُ فِی الْمَسْجِدِ یَلُمُّ الْمَسْجِدَ فَمَاتَ وَلَمْ یَعْلَمِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمَوْتِهٖ فَذَكَرَهٗ ذَاتَ یَوْمٍ فَقَالَ مَا فَعَلَ ذٰلِكَ الْاِنْسَانُ قَالُوْا مَاتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَفَلَا اٰذَنْتُمُوْنِیْ فَقَالُوْا اِنَّهٗ كَانَ كَذَا وَكَذَا قِصَّتُهٗ قَالَ فَحَقَّرُوْا شَاْنَهٗ قَالَ فَدُلُّوْنِیْ عَلٰی قَبْرِهٖ قَالَ فَاَتٰی قَبْرَهٗ فَصَلّٰی عَلَیْهِ

بَابُ الْمَیِّتِ یَسْمَعُ خَفْقَ النِّعَالِ

حَدَّثَنَا عَیَّاشٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ ح قَالَ وَقَالَ لِیْ خَلِیْفَةُ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَبْدُ اِذَا وُضِعَ فِیْ قَبْرِهٖ وَتُوُلِّیَ وَذَهَبَ اَصْحَابُهٗ حَتّٰی اَنَّهٗ لَیَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ اَتَاهُ مَلَكَانِ فَاَقْعَدَاهُ فَیَقُوْلَانِ لَهٗ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ مُحَمَّدٍ فَیَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ فَیُقَالُ اُنْظُرْ اِلٰی مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ اَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَرَاهُمَا جَمِیْعًا وَاَمَّا الْكَافِرُ اَوِ الْمُنَافِقُ فَیَقُوْلُ لَا اَدْرِیْ كُنْتُ اَقُوْلُ مَا یَقُوْلُ النَّاسُ فَیُقَالُ لَا دَرَیْتَ وَلَا تَلَیْتَ ثُمَّ یُضْرَبُ بِمِطْرَقَةٍ مِنْ حَدِیْدٍ ضَرْبَةً بَیْنَ اُذُنَیْهِ فَیَصِیْحُ صَیْحَةً یَسْمَعُهَا مَنْ یَلِیْهِ اِلَّا الثَّقَلَیْنِ

۱۲۶۰

شرح ۱۲۵۸، ۱۲۵۹ — "ذَاتَ یَوْمٍ" میں لفظ ذات زائد ہے یا مسمّٰی کی اضافت اسم طرف ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں نے اسود شخص کو حقیرًا سمجھا تھا اس لئے آپ نے اس پر نماز پڑھی حالانکہ ابن حبان کی روائت میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا یہ قبریں اندھیری ہوتی ہیں۔ میرے نماز پڑھنے سے ان کو اللہ تعالیٰ منوّر کر دیتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز پڑھنے کا سبب یہ تھا مگر ان میں تضاد نہیں کیونکہ معلول واحد کی علل کثیرہ اور ایک شی کے کئی اسباب ہوتے رہتے ہیں یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ واقعہ متعدّد ہے"، مزید تفصیل حدیث ۱۲۴۴، ۱۲۴۵ اور حدیث ۱۲۴۶ کی تفہیمات میں دیکھیں"

باب — مردہ جوتوں کی آواز سُنتا ہے"

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا کہ جب آدمی اس کی قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور (اس کے دفن کے بعد) پیٹھ پھیر لی جاتی ہے اور اس کے ساتھی چلے جاتے ہیں حتیٰ کہ وہ ان کے جوتوں کی آواز سُنتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور اس کو بٹھا کر اسے کہتے ہیں کہ اس شخص یعنی محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بارے میں تو کیا کہتا تھا وہ کہتا ہے میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے عبد اور رسول ہیں پھر اس سے کہا جاتا ہے دوزخ میں جو تیری جگہ تھی اس کو دیکھ لے اللہ تعالیٰ نے تیری اس جگہ کو جنت میں بدل کر دیا ہے نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا وہ آدمی دونوں جگہوں کو دیکھتا ہے اور فرشتوں کے جواب میں کافر یا منافق کہتا ہے کہ میں نہیں جانتا ہوں جو کچھ لوگ کہتے تھے میں وہی کہتا تھا پھر اسے کہا جاتا ہے تو نے نہ جانا اور نہ ہی تجھے اس کی طاقت تھی پھر اس کے دونوں کانوں کے درمیان لوہے کے ہتھوڑے سے مارا جاتا ہے تو وہ ایک چیخ مارتا ہے

۱۲۶۰ —

marfat.com

جس کو انسانوں اور جنوں کے سوا قریب والی ساری مخلوق سنتی ہے"

۱۲۶۰— شرح : اللہ تعالیٰ قبر میں آدمی کا امتحان لیتا ہے پھر مومنوں کو امتحان میں ثابت قدم رکھتا ہے۔ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ عذابِ قبر حق ہے اہل سنت وجماعت کا مذہب یہی ہے" اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا " یہ آیت عذابِ قبر میں نازل ہوئی اس سے موت کے بعد تعذیب کی صراحت ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" رَبَّنَا اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَ اَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ" اللہ تعالیٰ نے موت کو دو بار ذکر کیا یہ جب ہی ہو سکتا ہے کہ قبر میں حیات اور موت ہو تاکہ ایک موت وہ ہو جو دنیا میں حیات کے بعد ہوئی اور دوسری وہ جو قبر میں حیات کے بعد واقع ہوئی۔ نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ" اس آیت کریمہ میں قیامت کے عذاب کا عطف صبح وشام پیش کئے جانے والے عذاب پر کیا چونکہ معطوف علیہ معطوف کے مغائر ہوتا ہے لہذا یہ عذاب علیحدہ علیحدہ ہیں ایک قیامت کا عذاب اور دوسرا قبر کا عذاب" ابو ہذیل بن علاف اور بشر بن معتمر نے کہا کافر کو دونوں نفخوں کے درمیان عذاب دیا جائے گا" اور تعذیب احیا اور سوال کے بعد ہی ہو سکتی ہے کیونکہ جو کوئی عذابِ قبر کا قائل ہے وہ تعذیب اور سوال کا بھی قائل ہے"

احادیثِ نبویہ صلی اللہ علی صاحبہا بکثرت عذابِ قبر میں وارد ہیں اور ان سے کتب حدیث مشحون ہیں"

عذابِ قبر کے منکر یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى" یعنی وہ لوگ جنت میں پہلی موت کے سوا اور کوئی موت نہ پائیں گے اگر وہ قبروں میں زندہ ہوں تو وہ دو موتیں پائیں گے ایک نہیں پائیں گے" اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ جنت کی وصف بیان فرمائی ہے کہ جنتی لوگ جنت میں نہیں مریں گے مگر وہی موت جو پہلے دنیا میں گزر چکی ہے لہذا ان کے لئے نعمتیں بھی منقطع نہ ہوں گی بخلاف اہل دنیا کے کیونکہ ان کی موت سے نعمتیں منقطع ہو جاتی ہیں" لہذا اس آیت کریمہ میں جنت میں داخل ہونے سے پہلے اور سوال کے بعد دوسری موت کا انتفاء ثابت نہیں ہوتا" منکرینِ عذابِ قبر نے کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ" اس آیت کریمہ کا سیاق کافروں کو عدمِ انتفاع میں اہلِ قبور سے تشبیہ دینا ہے کہ جس طرح اہلِ قبور نہیں سنتے کفار بھی نہیں سنتے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کو عدمِ انتفاع میں اہلِ قبور سے تشبیہ دی ہے کہ جس طرح اہلِ قبور وعظ ونصیحت سے نفع حاصل نہیں کر سکتے اسی طرح کافر نبی کی تبلیغ سے منتفع نہیں ہو سکتے ہیں کیونکہ ان کے قلوب پر اقفالِ کفر پڑے ہوئے ہیں" منکرینِ عذابِ قبر کہتے ہیں" ہم دیکھتے ہیں کہ کسی شخص کو صلیب دی جاتی ہے وہ مصلوب ہی باقی رہتا ہے حتیٰ کہ اس کے سارے اجزاء بے کار ہو جاتے ہیں۔ ہم اس شخص میں حیات اور سوال نہیں دیکھتے ہیں تو مشاہدہ کے باوجود عذابِ قبر اور قبر میں سوال وجواب کے قائلین کی بات تسلیم کرنا بے کار ہے نیز جس کو کتے اور درندے کھا جائیں اور ان کے پیٹوں میں اس کے اجزاء متفرق ہو جائیں تو ان کا جمع ہو کر سوال وجواب کے لئے پیش ہونا کیسے ممکن ہے نیز کسی شخص کو جلا دیا جاتا ہے اور اس کی راکھ سخت تیز ہوا میں شرقاً غرباً اور شمال وجنوب میں اڑا دی جائے تو اس حال میں ظاہر ہے کہ اس کے اجزاء کا اجتماع پھر سوال وجواب وغیرہ ناممکن ہے!

اس کا جواب یہ ہے کہ مصلوب میں احیاء وسوال ہو اور ہم اس کا مشاہدہ نہ کر سکیں یہ بعید نہیں جیسے صاحبِ

marfat.com

بَابُ مَنْ اَحَبَّ الدَّفْنَ فِی الْاَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ اَوْنَحْوِهَا حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ اُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ اِلٰی مُوْسٰی فَلَمَّا جَاءَهٗ صَكَّهٗ فَفَقَاَ عَیْنَهٗ فَرَجَعَ اِلٰی رَبِّهٖ فَقَالَ اَرْسَلْتَنِیْ اِلٰی عَبْدٍ لَّا یُرِیْدُ الْمَوْتَ وَرَدَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ عَیْنَهٗ وَقَالَ اِرْجِعْ فَقُلْ لَّهٗ یَضَعُ یَدَهٗ عَلٰی مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهٗ بِكُلِّ مَا غَطَّتْ بِهٖ یَدُهٗ بِكُلِّ شَعْرَةٍ ۱۲۶۱

سکر کی حیات کا ہم مشاہدہ نہیں کرتے حالانکہ وہ زندہ ہوتا ہے اور جیسے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھتے تھے جبکہ وہ صحابہ میں موجود ہوتے مگر صحابہ کرام اس کو نہ دیکھتے تھے،،

اور اللہ تعالیٰ قادر کریم ہے جو مختلف بطون و حواصل میں مہضوم اجزاء اور مشرق و مغرب اور شمال و جنوب میں منتشر اجزاء کو جمع کر کے صاحبِ اجزاء کو زندہ کر کے سوال و جواب اور تعذیب وغیرہ کرے جیسے صاحبِ کفن (کفن چور) کو زندہ کیا تھا جس نے مرتے وقت وصیت کی تھی کہ اس کی لاش جلا کر اس کی راکھ کچھ ہوا میں اُڑا دی جائے اور کچھ پانی میں بہا دی جائے۔ اگر یہ سوال ہو کہ فرشتے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کر کے "ہٰذا الرجل" کہتے ہیں اس میں تعظیم و توقیر نہیں،، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ امتحان کا مقام ہے تاکہ قائل کے تعظیمی الفاظ سے صاحبِ قبر کو جواب کا اشارہ نہ مل جائے،، حدیث میں "کَمَا یَقُوْلُ النَّاسُ" سے مراد منافق ہیں کیونکہ کافر تو محمد رسول اللہ" کہتا ہی نہیں،، "لَا دَرَیْتَ" کا معنیٰ یہ ہے کہ تو سمجھا نہیں اور "لَا تَلَیْتَ" صحیح روایت میں یہ لفظ اِئْتَلَیْتَ بروزن اِفْتَعَلْتَ ہے اس کا معنیٰ یہ ہے کہ تو قاصر رہا،، بعض علماء کہتے ہیں کہ معنیٰ یہ ہے کہ تو نہ سمجھا اور نہ ہی قرآن پڑھا یعنی تو نے اپنی عقل اور قرآن کی تلاوت سے نفع حاصل نہ کیا اس کا یہ معنیٰ بھی ہو سکتا ہے کہ تو نے حق کی پیروی نہ کی"

ظاہر یہ ہے کہ مقبور کو مارنے والا فرشتہ منکر نکیر کے علاوہ ہے چنانچہ حدیث میں ہے کہ بہرہ اور گونگا فرشتہ اس پر مسلط کیا جاتا ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ منکر نکیر پہلی ضرب واقع کریں پھر اعمی اور ابکم فرشتہ مارتا ہے جن اور انسان معذب کی چیخ و پکار کو اس لئے نہیں سنتے کہ وہ خوفزدہ ہو کر یقیناً ایمان لے آئیں گے جب ان کا ایمان یقینی اور ضروری ہو گیا تو ابتلاء نہ رہے گا نیز لوگ سب تدابیر چھوڑ دیں گے اور کاروبار ختم کر دیں گے،، اس طرح دنیا کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے،، اس حدیث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ قبر میں سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نظر آتے ہیں اس کا معنیٰ یہ ہے کہ مقبور اور روضۂ اطہر کے درمیان والے حجابات اُٹھ جاتے ہیں اور صاحبِ قبر صاحبِ لولاک کو عیاناً دیکھتا ہے اور یہ کہنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ذہن میں حاضر ہوتے ہیں غلط ہے کیونکہ کافر سے کبھی بھی ایسا تصور کرنا ممکن نہیں۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم!

باب — جس نے مقدس زمین یا اس جیسی زمین میں مدفون ہونا پسند کیا،،

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ ملک الموت کو جناب موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا گیا (ان کی روح قبض کرنے کے لئے) ۱۲۶۱ —

تو آپ نے انہیں ایک طمانچہ مارا ملک الموت اپنے رب کے پاس لوٹ گیا اور کہا تو نے مجھے ایسے بندے کی طرف

marfat.com

سَنَةً قَالَ اَیْ رَبِّ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ الْمَوْتُ قَالَ فَالْآنَ فَسَأَلَ اللّٰهَ تَعَالٰی اَنْ یُدْنِیَهٗ مِنَ الْاَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْیَةً بِحَجَرٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَوْ کُنْتُ ثَمَّ لَاَرَیْتُکُمْ قَبْرَهٗ اِلٰی جَانِبِ الطَّرِیْقِ عِنْدَ الْکَثِیْبِ الْاَحْمَرِ بَابُ الدَّفْنِ بِاللَّیْلِ دُفِنَ اَبُوْبَکْرٍ لَیْلًا

بھیجا ہے جو مرنے کا ارادہ نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کی آنکھ ان کو واپس کر دی اور فرمایا اب جاؤ اور موسیٰ سے کہو کہ وہ اپنا ہاتھ بیل کی پیٹھ پر رکھیں تو جتنے بال ان کا ہاتھ ڈھانپ لے گا ہر بال کے عوض ایک سال ان کو عمر دے دی جائے گی ،، موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے میرے پروردگار پھر کیا ہوگا ؟ فرمایا پھر موت ہوگی موسیٰ علیہ السلام نے کہا تو پھر موت ابھی آجائے ،، اور انھوں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ ان کو ایک پتھر پھینکنے کے مقدار ارض مقدس (بیت المقدس) کے قریب کر دے ،، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں وہاں ہوتا تو تم کو ان کی قبر راستہ کے کنارے سرخ ٹیلے کے پاس دکھاتا ،،

شرح : علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر یہ کہا جائے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرشتہ کے ساتھ ایسا سلوک کریں ان کا ہاتھ ملک الموت تک کیسے پہنچا پھر وہ ان کی روح کیسے قبض نہ کر سکے اور کیسے ان میں اللہ کا حکم پورا نہ ہوا ،، اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ان کی زندگی میں اکرام میں منفرد اور یکتا کیا تھا ،، اور جب ان کی موت قریب آئی تو ان پر مزید مہربانی فرمائی کہ فرشتہ کو ان کی روح جبراً قبض کرنے کا حکم نہ دیا اور امتحان کے طور پر اس کو بشر کی صورت میں بھیجا سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کو اچھا نہ جانا اور اس کو اپنے سے ہٹانا چاہا تو چونکہ وہ بشری صورت میں تھا اس کی آنکھ طمانچہ سے باہر نکل آئی کیونکہ سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طبع شریف میں حدت تھی۔ ایک روایت کے مطابق جب موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام غصہ میں آتے تو ان کی ٹوپی سے آگ نکلتی تھی عادۃً انسان اپنی حفاظت کرتا ہے اور تکلیف دہ شئی کا ازالہ کرتا ہے۔ ہماری شریعت مطہرہ میں اگر کوئی کسی کے گھر جھانکے تو اہل خانہ اس کو زجر کر سکتا ہے۔ اگرچہ زجر کرنے میں اس کی آنکھ نکال دی جائے پھر اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کی آنکھ ان کو واپس کی تاکہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو معلوم ہو جائے کہ ملک الموت اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے ہیں اسی لئے آپ نے اللہ کی قضاء تسلیم کی اور اس کے لئے راضی ہو گئے امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ یہ کہنا ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اجازت دی ہو کہ وہ ملک الموت کو طمانچہ ماریں اور اس میں مظلوم کا امتحان ہو اللہ تعالیٰ جو چاہے کرے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نورانی فرشتہ بشری صورت اور اس کے عوارض اختیار کر سکتا ہے اور اس کی نورانیت اور ملکیت باقی رہتی ہے اور بشر و نور دونوں جمع ہو سکتے ہیں۔ قرآن کریم میں ہے " فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ،، یعنی سیدنا جبرائیل علیہ السلام مریم علیہا السلام کے لئے کامل بشر ظاہر ہوئے ،، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بزرگان دین کے مدافن کے قریب دفن اختیار کرنا چاہیئے اس میں برکت ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم!

باب — رات کو دفن کرنا

marfat.com

حدثنا عثمان بن ابی شیبۃ قال حدثنا جریر عن الشیبانی عن الشعبی عن ابن عباس قال صلی النبی صلی اللہ ۱۲۶۲
علیہ وسلم علی رجل بعد ما دفن بلیلۃ قام ھو واصحابہ وکان سأل عنہ فقال من ھذا قالوا فلان دفن البارحۃ
فصلوا علیہ باب بناء المسجد علی القبر حدثنا اسمعیل قال حدثنی مالک عن ھشام عن ابیہ عن عائشۃ ۱۲۶۳
قالت لما اشتکی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ذکر بعض نسائہ کنیسۃ رأتھا بارض الحبشۃ یقال لھا ماریۃ
وکانت ام سلمۃ وام حبیبۃ اتتا ارض الحبشۃ فذکرتا من حسنھا وتصاویر فیھا فرفع رأسہ فقال اولئک اذا
مات منھم الرجل الصالح بنوا علی قبرہ مسجدا ثم صوروا فیہ تلک الصور واولئک شرار الخلق عند اللہ

اور ابو بکر رضی اللہ عنہ رات کو دفن کئے گئے "

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
۱۲۶۲ — نے ایک شخص کی نمازِ جنازہ پڑھی جو رات کو دفن کیا گیا تھا آپ اور
آپ کے اصحاب اُٹھے اور اس شخص کے متعلق پوچھا اور فرمایا یہ کون ہے ؟ تو لوگوں نے کہا یہ فلاں شخص ہے جو گزشتہ
رات کو دفن کیا گیا تھا تو آپ نے اور آپ کے اصحاب نے اس پر نمازِ جنازہ پڑھی "

باب — قبر پر مسجد بنانا

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جب نبی کریم صلی اللہ
۱۲۶۳ — علیہ وسلم بیمار ہوئے تو آپ کی بعض بیویوں نے ایک گرجا کا تذکرہ
کیا جسے اُنھوں نے حبشہ کی زمین میں دیکھا تھا اس کو ماریہ کہا جاتا تھا اور ام سلمہ اور ام حبیبہ رضی اللہ عنہما حبشہ گئی
تھیں تو اُنھوں نے گرجا کی خوبصورتی اور اس میں تصاویر کا آپ سے ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مبارک اُٹھایا
اور فرمایا یہ لوگ جب ان میں سے کوئی نیک شخص مرجاتا تو وہ اس کی قبر پر مسجد بنا لیتے پھر اس میں یہ صورتیں بنا
کر رکھتے اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ لوگ ساری مخلوق سے بُرے ہیں ۔

شرح : حدیث ۱۲۶۲ کے باب میں رات کو میت دفن کرنے کی
۱۲۶۳، ۱۲۶۲ — مشروعیت کا بیان ہے ۔ امام ابو حنیفہ ، امام مالک
، امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہم کا مذہب ہے کہ رات میت کو دفن کرنا جائز ہے اور بخاری کی یہ حدیث اسکی دلیل ہے ابوداؤد
میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو رات دفن کیا جو بلند آواز سے ذکر کیا کرتا تھا ۔
اگر یہ کہا جائے کہ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ بنی عذرہ کا ایک شخص رات کو دفن کیا گیا
جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز جنازہ نہ پڑھی تھی تو آپ نے رات کو دفن کرنے سے منع فرمادیا " امام
طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ذکر کی کہ آپ نے فرمایا اموات کو رات دفن نہ کرو "

marfat.com

بَابُ مَنْ يَدْخُلُ قَبْرَ الْمَرْأَةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ شَهِدْنَا
١٢٦٤ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ فَقَالَ هَلْ فِيكُمْ
مِنْ أَحَدٍ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ أَنَا قَالَ فَانْزِلْ فِي قَبْرِهَا قَالَ فَنَزَلَ فِي قَبْرِهَا قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ فُلَيْحٌ أُرَاهُ
يَعْنِي الذَّنْبَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ لِيَقْتَرِفُوا لِيَكْتَسِبُوا

اس کا جواب یہ ہے کہ رات دفن کرنے کی ممانعت اس لئے فرمائی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ یہ تھا کہ آپ تمام لوگوں کی نمازِ جنازہ پڑھیں کیونکہ آپ نے فرمایا ہے کہ میرا نمازِ جنازہ پڑھنا لوگوں کے لئے رحمت ہے اور آپ کے نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ لوگوں کی قبریں منور فرماتا ہے،، ایک وجہ یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ بعض لوگ اموات کا کفن اچھا نہ بناتے اور رات ہی دفن کر دیتے تھے تاکہ لوگوں سے مخفی رکھیں اس لئے آپ نے رات دفن کرنے سے روک دیا تھا۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم رات دفن کئے گئے اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رات دفن کیا تھا،، اسی طرح ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی رات دفن کئے گئے تھے،، اور حدیث ۱۲۶۳ کی تفصیل حدیث ۱۲۶۴ کی تفہیم میں ذکر ہو چکی ہے!

باب — عورت کی قبر میں کون اُترے

۱۲۶۴ — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی ،،سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا،، کے جنازہ میں حاضر ہوئے،، اور سرورِ کونین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے پاس تشریف فرما تھے،، میں نے دیکھا کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے،، آپ نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی شخص ہے جس نے آج رات اپنی بیوی سے جماع نہ کیا ہو؟ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں ہوں،، فرمایا تم قبر میں اُترو وہ صاحبزادی رضی اللہ عنہا کی قبر میں اُترے اور ان کو قبر میں اُتارا ابن مبارک نے کہا کہ فلیح نے کہا میں خیال کرتا ہوں کہ "لم یقارف" کا معنی گناہ نہ کیا ہو، امام بخاری کہتے ہیں ،، لِيَقْتَرِفُوا،، کا معنی ہے "تاکہ کسب کریں"۔

۱۲۶۴ شرح سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ صاحبزادی سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا تھیں جو سیّدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں اور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اس لئے فرمایا تھا کہ عثمان کو خبردار کریں کہ انھوں نے آج رات اپنی لونڈی سے جمع کیا ہے۔ جب سیّدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا تھا اس وقت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم بدر میں تشریف فرما تھے،، استیعاب میں ہے کہ سیّدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی قبر میں اُترنے کے لئے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی اور آپ نے ان کو اجازت دے دی حدیث ۱۲۱۳ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے،،

marfat.com

۱۲۶۵ بَابُ الصَّلٰوةِ عَلَى الشَّهِيْدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ
حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى أُحُدٍ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ يَقُوْلُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِّلْقُرْاٰنِ فَإِذَا أُشِيْرَ لَهُ إِلٰى
أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ وَقَالَ أَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ فِيْ دِمَائِهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلُوْا وَلَمْ يُصَلَّ عَلَيْهِمْ

باب — شہید پر نمازِ جنازہ پڑھنا

ترجمہ : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اُحد
۱۲۶۵ — کے شہداء میں سے دو دو کو ایک قبر میں جمع کرتے تھے پھر فرماتے تھے
ان میں سے کون ہے جو قرآن کو زیادہ یاد کرنے والا ہے جب ان دونوں میں سے کسی ایک کی طرف اشارہ کیا
جاتا تو آپ اس کو لحد میں آگے رکھتے اور فرماتے قیامت کے دن ان لوگ کے لئے میں گواہی دوں گا اور ان کو
ان کے خون سمیت دفن کرنے کا حکم دیا اور ان کو غسل نہ دیا اور (اس وقت) ان پر نمازِ جنازہ نہ پڑھی!

شرح : مصابیح کی شرح میں علامہ مظہری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ "ثوبِ واحد"
۱۲۶۵ — کا معنی قبرِ واحد ہے، کپڑا مراد نہیں کیونکہ ان کو ننگا کرنا جائز نہیں اور
نہ ہی ایک کپڑے میں دو ننگوں کو جمع کرنا جائز ہے جبکہ ان کے درمیان کوئی شئ حائل نہ ہو "شہید علیہم" کا معنیٰ
یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت میں ان کے لئے گواہی دیں گے کہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کے لئے اپنی جانیں
قربان کی تھیں،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دو یا تین کو ایک قبر میں دفن کرنا جائز ہے اور ایک قبر میں مرد
اور عورت کو دفن کرنا جائز ہے آئمہ اربعہ کا اس میں اتفاق ہے،، البتہ امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہما
اس کو ضرورت پر محمول کرتے ہیں۔ بدائع میں ہے افضل کو لحد میں پہلے رکھا جائے بعد میں دوسرے کو رکھا جائے اور
دونوں کے درمیان مٹی سے چھوٹی سی آڑ بنادی جائے اس طرح دو قبروں جیسی حالت ہوجاتی ہے اور مرد کو لحد
میں مقدم کیا جائے اور جنازہ کی نماز میں عورت کو قبلہ کی طرف مرد سے مقدم کیا جائے مرد کی لاش مرد کے قریب
ہو اور عورت سے بعید ہو ،،

شہید کو غسل نہیں دیا جاتا اس میں تمام علماء کا اتفاق ہے،، علامہ سہیلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ شہید کو غسل
نہ دینے کا سبب یہ ہے کہ وہ زندہ ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "جو لوگ اللہ کی راہ میں شہید ہو جائیں ان کو
مُردے مت کہو،، نیز شہید ہونا عبادت ہے اور خون اس کا اثر ہے وہ باقی رہنا چاہیئے جیسے روزے دار کے
بارے میں بعض علماء کہتے ہیں کہ مسواک نہ کرے ،، علماء احناف کے نزدیک شہید کو غسل نہ دیا جائے اور
اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے ،،

۱ : کیونکہ امام بخاری رضی اللہ عنہ نے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ذکر کی کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com

ایک دن مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے گئے اور اُحد کے شہداء کے لئے اس طرح نماز پڑھی جیسے میت کے لئے کیا کرتے ہیں،، معلوم ہُوا کہ یہ نماز صرف دُعا نہ تھی اور اس کو دُعا پر محمول کرنا انصاف نہیں۔

۲ : ابن ماجہ نے یزید بن ابی زیاد کے طریق سے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم شہداء اُحد کے پاس تشریف لائے اور دس دس پر نماز جنازہ پڑھی اور ان میں امیر حمزہ رضی اللہ عنہ تھے۔ دس پر نماز جنازہ پڑھ کر ان کو اُٹھا لیا جاتا اور امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو نہ اُٹھایا جاتا تھا اور ہر دس پر نماز میں ان کو شامل کیا جاتا تھا،،

۳ : امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے یزید بن ابن ابی زیاد کے طریق سے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ اُحد کے دن نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے دس شہداء رکھے جاتے آپ اُن پر اور امیر حمزہ رضی اللہ عنہم پر نماز جنازہ پڑھتے پھر اور دس لائے جاتے اور امیر حمزہ کا جنازہ وہیں رہنے دیا جاتا اور آپ نے ان پر نمازِ جنازہ پڑھی۔

۴ : بزار نے مسند میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اُحد کے شہداء حاضر کئے گئے آپ نے ان پر نماز جنازہ پڑھی۔

۵ : حاکم نے مستدرک میں، طبرانی نے معجم میں اور بیہقی نے سنن میں اس روائت کو ذکر کیا ہے،،

۶ : امام طحاوی نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے دن حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کو ڈھانپنے کا حکم دیا پھر آپ نے ان پر نمازِ جنازہ پڑھی پھر دُوسرے شہداء کو لایا گیا اور ان پر اور ان کے ساتھ امیر حمزہ رضی اللہ عنہم پر نماز پڑھی،،

۷ : دار قطنی نے ابو مالک سے روائت کی کہ اُحد کے شہداء نُو نُو لائے جاتے اور ان میں دسویں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہم ہوتے تھے۔ آپ ان کی نمازِ جنازہ پڑھتے پھر حمزہ کے سوا نو کو اُٹھا لیا جاتا اور دُوسرے لائے جاتے اور ان میں دسویں امیر حمزہ رضی اللہ عنہم ہوتے اور ان کی نماز پڑھتے،،

۸ : بیہقی نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے روز دس دس شہداء پر نماز پڑھی ہر دس میں دسویں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ ہوتے تھے،،

اگر یہ کہا جائے کہ ذہبی نے کہا یزید بن ابی زیاد کی حدیث حجت نہیں اور جابر کی حدیث کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء اُحد پر نمازِ جنازہ نہیں پڑھی صحیح تر ہے۔ ابن جوزی نے کہا یزید بن زیاد منکرِ حدیث ہے۔ نسائی نے کہا اس کی حدیث متروک ہے،،

اس کا جواب یہ ہے کہ صاحب تنقیح نے کہا ان علماء نے جس یزید میں کلام کیا ہے وہ یزید بن زیاد ہے اور اس حدیث کا راوی یزید بن ابی زیاد ہے اور وہ کوفی ہے اس کو ابن زیاد نہیں بلکہ ابن ابی زیاد کہا جاتا ہے اور اس کی حدیث معتبر ہے۔ مسلم نے اس کے ساتھ اور کو ملا کر اس کی حدیث ذکر کی ہے۔ اصحاب سنن نے بھی اس کی حدیث ذکر کی ہے،، ابو داؤد نے کہا میں نہیں جانتا کہ کسی نے اس کی حدیث ترک کی ہو۔ ابن جوزی نے کتاب الضعفاء میں ابن زیاد کو ایک ہی راوی ذکر کیا ہے مگر یہ موہوم ہے غلط ہے،،

marfat.com

۱۲۶۶ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا فَصَلَّى عَلَى أَهْلِ أُحُدٍ صَلَوتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ إِنِّي فَرَطُكُمْ وَأَنَا شَهِيدٌ عَلَيْكُمْ وَإِنِّي وَاللّٰهِ لَأَنْظُرُ إِلَى حَوْضِي الْآنَ وَإِنِّي أُعْطِيتُ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ أَوْ مَفَاتِيحَ الْأَرْضِ وَإِنِّي وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي وَلٰكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوا فِيهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ ان کی حدیث نافی ہے اور عقبہ بن عامر کی حدیث مثبت ہے اور مثبت کو نافی پر ترجیح ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ حضرت جابر اپنے والد اور چچا کے قتل کے باعث مصروف تھے اور ان کو اُحد سے لے جانے کی تدبیر میں مدینہ منورہ گئے ہوئے تھے اور جب یہ سُنا کہ شہداء کو اُحد میں ہی دفن کیا جائے گا جہاں وہ شہید ہوئے ہیں تو ان کے دفن کے لئے واپس آگئے اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ شہداء اُحد پر نماز جنازہ کے وقت حاضر نہ تھے لہٰذا جابر کی حدیث سے استدلال صحیح نہیں ہے،،

اگر یہ کہا جائے کہ شہداء زندہ ہوتے ہیں اور نمازِ جنازہ مردوں پر پڑھی جاتی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ آخرت کے احکام میں زندہ ہیں۔ دُنیاوی احکام میں نہیں اور نمازِ جنازہ احکامِ دنیا سے ہے ورنہ ان کی میراث بھی تقسیم نہیں ہونی چاہیئے اور نہ ہی اُن کی بیویوں سے نکاح کرنا چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ ورسُولہ اعلم!

۱۲۶۶ — ترجمہ : عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن باہر نکلے اور شہداء اُحد پر نماز پڑھی جس طرح اموات پر نماز پڑھی جاتی ہے پھر منبر کی طرف لوٹے اور فرمایا میں تمہارا فرط ،، مقدمہ،، ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں ،، اور میں اللہ کی قسم اپنے حوض کو اب دیکھ رہا ہوں اور مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں یا زمین کی کنجیاں عطا کی گئی ہیں اور اللہ کی قسم میں اپنے بعد تم پر یہ خوف نہیں کرتا کہ تم شرک کرنے لگو گے لیکن مجھے یہ ڈر ہے کہ تم دنیا میں رغبت کرنے لگو گے ،،

۱۲۶۶ — شرح : علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ وسلم نے اُحد والوں پر کچھ دیر بعد نماز جنازہ پڑھی تھی اور جو پہلی حدیث میں ہے کہ آپ نے نمازِ جنازہ نہیں پڑھی تھی اس کی وجہ یہ ہے کہ یوم اُحد مسلمانوں کے لئے سخت ترین دن تھا اور اس روز سخت افراتفری تھی اس لئے نماز جنازہ نہ پڑھی اور کچھ وقت گزر جانے کے بعد پڑھی ،، امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ آپ نے ان کے لئے دعاء کی تھی جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اموات کے لئے دعا کرنے کی عادت تھی۔ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ لفظ کے معنی سے عدول کرنا ہے تاکہ اپنا مسلک ثابت کریں یہ انصاف نہیں امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صلوٰۃ کا معنیٰ تین معانی سے باہر نہیں اوّل یہ کہ پہلی حدیث میں گزرا ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد والوں پر صلوٰۃ ترک کی اور یہ حدیث اس کی ناسخ ہے یا اُن کا خیال یہ تھا کہ کچھ مدت بعد نمازِ جنازہ پڑھیں یا ان پر نماز جنازہ جائز تھی اور

marfat.com

بَابُ دَفْنِ الرَّجُلَيْنِ أَوِ الثَّلَاثَةِ فِي قَبْرٍ وَاحِدٍ

۱۲۶۷ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبٍ أَنَّ جَابِرَ بْنَ

۱۲۶۸ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ

بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ غُسْلَ الشُّهَدَاءِ

حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ادْفِنُوهُمْ فِي دِمَائِهِمْ يَعْنِي يَوْمَ أُحُدٍ وَلَمْ يُغَسَّلْهُمْ

دوسروں پر واجب ہے۔ بہرحال جو معنی بھی لیں شہداء اُحُد پر نماز جنازہ ثابت ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حوض کوثر اب موجود ہے اور یہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کا معجزہ ہے کہ آپ نے ساری دنیا اور اس میں ہر شئ کی خبر دی اور دوسرا معجزہ یہ ہے کہ ساری دنیا کی کنجیاں آپ کے دستِ اقتدار میں ہیں، اور اس اُمت کو شرک کا ڈر نہیں اس کو صرف دنیا میں رغبت کا ڈر ہے۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کسی شئ کی تاکید کے لئے قسم کھانی جائز ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — دو یا تین آدمیوں کو ایک قبر میں دفن کرنا

۱۲۶۷ — ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم اُحُد کے شہداء میں سے دو آدمیوں کو جمع کرتے تھے۔"

باب — جس نے شہداء کو غسل دینا جائز نہ جانا

۱۲۶۸ — ترجمہ : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ شہداء کو ان کے خون سمیت دفن کر دو یعنی یہ اُحد کے روز آپ نے فرمایا اور اُن کو غسل نہ دیا،،

۱۲۶۷ ، ۱۲۶۸ — شرح : دو آدمیوں کو جمع کرنا قبر میں ہے یا کفن میں اگر کفن میں جمع کرنا ہے تو اس کو یہ لازم ہے کہ قبر میں جمع ہوں بہرحال حدیث عنوان کے مطابق ہے،، ابو داؤد نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ (اُحد میں) دو یا تین آدمیوں کو ایک کپڑے میں کفن دیتے تھے،، قُتیبہ نے اس پر اضافہ کرتے ہوئے کہا" پھر ایک قبر میں دفن کرتے تھے اور حدیث ۱۲۶۸ کی تقریر حدیث ۱۲۶۵ کی تفہیم میں گزری۔،،

marfat.com

باب مَنْ يُقَدَّمُ فِي اللَّحْدِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ سُمِّيَ اللَّحْدُ لِأَنَّهُ فِي نَاحِيَةٍ مُلْتَحَدًا مَعْدِلًا وَلَوْ كَانَ مُسْتَقِيمًا كَانَ ضَرِيحًا

حَدَّثَنَا ابْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي ١٢٦٩
ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ يَقُولُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ وَقَالَ أَنَا شَهِيدٌ عَلَى هٰؤُلَاءِ وَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلْ قَالَ وَأَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِقَتْلَى أُحُدٍ أَيُّ هٰؤُلَاءِ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى رَجُلٍ قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ قَبْلَ صَاحِبِهِ قَالَ جَابِرٌ فَكُفِّنَ أَبِي وَعَمِّي فِي نَمِرَةٍ وَاحِدَةٍ وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ جَابِرًا

باب — لحد میں پہلے کون رکھا جائے

لحد کو لحد اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ ایک کنارے میں ہوتی ہے ، ہر ظالم مُلحد ہے" ملتحداً " ایک طرف ہونے کی جگہ " اور اگر قبر سیدھی ہو تو ضریح کہتے ہیں"

١٢٦٩ — ترجمہ : حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اُحُد کے شہداء میں سے دو آدمیوں کو ایک کپڑے میں جمع کرتے تھے پھر فرماتے تھے ان میں سے کس کو قرآن زیادہ یاد ہے جب ان دونوں میں سے ایک کی طرف اشارہ کیا جاتا تو اس کو لحد میں آگے کرتے اور فرماتے میں اِن لوگوں کا گواہ ہوں اور ان کو خون سمیت دفن کرنے کا حکم فرمایا اور ان پر نمازِ جنازہ نہ پڑھی اور نہ ہی ان کو غسل دیا " ہم کو اوزاعی نے زہری سے اُنھوں نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے خبر دی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اُحُد کے شہداء کے بارے میں فرماتے تھے ان میں کس کو قرآن زیادہ یاد ہے جب کسی آدمی کی طرف اشارہ کیا جاتا تو اس کو لحد میں اس کے ساتھی سے پہلے رکھتے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا میرے باپ اور چچا کو ایک کمبل میں کفن دیا گیا اور سلیمان بن کثیر نے کہا مجھے زہری نے خبر دی اُنھوں نے کہا مجھے اُس نے خبر دی جس نے جابر رضی اللہ عنہ سے سُنا۔

١٢٦٩ — شرح : قبر کے کنارے میں شق کو لحد کہا جاتا ہے الحاد کا معنی میلان ہے " اور قرآن کریم میں " وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُونِهِ مُلْتَحَدًا " سے مراد جائے پناہ ہے " یعنی اللہ کے سوا تو کسی کو جائے پناہ نہ پائے گا کیونکہ اللہ کی قدرت اس کی ساری مخلوق کو محیط ہے " اور اگر شق ایک کنارے میں نہ ہو بلکہ سیدھی ہو تو اس کو ضریح کہتے ہیں ، اگر زمین نرم نہ ہو اور لحد بن سکتی ہو

marfat.com

بَابُ الْاِذْخِرِ وَالْحَشِيْشِ فِي الْقَبْرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَرَّمَ اللّٰهُ مَكَّةَ فَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِيْ وَلَا تَحِلُّ لِاَحَدٍ بَعْدِيْ اُحِلَّتْ لِيْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ لَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا تَلْتَقِطُ لُقَطَتَهَا اِلَّا الْمُعَرِّفُ فَقَالَ الْعَبَّاسُ اِلَّا الْاِذْخِرَ لِصَاغَتِنَا وَقُبُوْرِنَا فَقَالَ اِلَّا الْاِذْخِرَ وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقُبُوْرِنَا وَبُيُوْتِنَا وَقَالَ اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَقَالَ مُجَاهِدٌ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لِقَيْنِهِمْ وَبُيُوْتِهِمْ

توشق میں دفن کرنا مکروہ ہے۔ امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کا مذہب یہی ہے اور شق میں مسلمان کو دفن کرنا خلاف سنت ہے اور جس زمین میں لحد نہ بن سکتی ہو وہاں شق مکروہ نہیں ،، فخر الاسلام نے جامع صغیر میں ذکر کیا کہ اگر لحد بنانا مشکل ہو تو میت کے لئے صندوق بنانے میں حرج نہیں اور اس میں مٹی بچھا لینا مسنون ہے ،،

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے لئے لحد ہے اور ہمارے غیر (اہل کتاب) کے لئے شق ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی تھی کہ آپ کے لئے لحد بنائی جائے علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے باپ کے ساتھ مدفون عمرو بن حموح بن زید بن حرام تھا جبکہ جابر کا والد عبداللہ بن عمرو بن حرام ہے لہذا مذکور مدفون جابر کے چچا کا بیٹا تھا اور اس کی ہمشیرہ ہند بنت عمرو کا شوہر تھا جابر نے اس کو تعظیم و تکریم کے طور پر چچا کہا ہے ،، قولہ و قال سلیمان الخ ان طرق میں فرق یہ ہے کہ لیث نے عبدالرحمٰن کو زہری اور جابر کے درمیان واسطہ ذکر کیا ہے جبکہ اوزاعی نے ان درمیان واسطہ ذکر نہیں کیا اور سلیمان نے مجہول واسطہ ذکر کیا ہے۔

باب — قبر میں اذخر اور خشک گھاس بچھانا

۱۲۷۰ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مکہ کو حرام قرار دیا ہے۔ میرے پہلے کسی کے لئے حلال نہ ہوا اور نہ ہی میرے بعد کسی کے لئے حلال ہوگا میرے لئے دن کے کچھ حصہ میں حلال کیا گیا اس کی تر گھاس نہ اکھاڑی جائے گی اور اس کا درخت نہ کاٹا جائے گا اور اس کا شکار نہ بھگایا جائے گا اور نہ ہی اس میں گمی ہوئی کوئی شئی اٹھائی جائے گی مگر تعریف اور اعلان کرنے والا اٹھا سکے گا۔۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ

marfat.com

بَابُ هَلْ يُخْرِجُ الْمَيِّتُ مِنَ الْقَبْرِ وَاللَّحْدِ لِعِلَّةٍ

نے کہا مگر خشک گھاس ہمارے سناروں اور ہماری قبروں کے لئے آپ نے فرمایا لیکن خشک گھاس .. ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کرتے ہوئے کہا ہماری قبروں اور گھروں کے لئے ابان بن صالح نے حسن بن مسلم سے انھوں نے صفیہ بنت شیبہ سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح سنا اور مجاہد نے طاؤس سے انھوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کرتے ہوئے کہا کہ ان کے لوہاروں اور گھروں کے لئے !

۱۲۷۰ — شرح : یعنی اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ کو کسی کے لئے حلال نہیں کیا اور نہ ہی قیامت تک کسی کے لئے حلال ہوگا صرف فتح مکہ میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دن کا تھوڑا سا حصہ حلال کیا گیا لہٰذا اس میں قتل و غارت وغیرہ وغیرہ ہرگز جائز نہیں اس کا تر گھاس درخت وغیرہ نہ اکھاڑے اور نہ کاٹے جائیں گے اور نہ ہی اعلان کرنے والے کے سوا کوئی شخص اس میں پڑی ہوئی شئے اٹھائے گا۔ سیدنا عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے خشک گھاس استعمال میں لانے کی اجازت طلب کی تو آپ نے اس کی اجازت دے دی۔

صحیح حدیث میں ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرام کیا یعنی اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان پر تحریم ظاہر فرمائی اور انھوں نے اس کی اشاعت کی۔ اس حدیث سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ مکہ مکرمہ جنگ سے فتح ہوا صلح سے فتح نہیں ہوا جو گھاس خود بخود اگا ہو اس کا قطع کرنا بالاتفاق ممنوع ہے اور جس کو لوگ اگائیں جیسے سبزیاں اور چارہ وغیرہ ان کا قطع کرنا جائز ہے اور خود بخود اگنے والا حرم کا درخت کاٹنے میں امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک کوئی تاوان نہیں اور امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہما کے نزدیک جزاء لازم ہے اور درخت کی قیمت سے ہدی خرید کر کے حرم میں بھیجی جائے گی اور اگر ہدی کی خرید تک قیمت نہ پہنچے تو صدقہ کر دیا جائے گا اور ہر مسکین کو نصف صاع گندم دی جائے، یہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب ہے اور امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک بڑے درخت میں گائے اور چھوٹے میں بکری واجب ہے۔ امام احمد کے نزدیک اگر حرم میں کسی کی شئے گم ہو جائے تو اس کا اٹھانے والا اس کا اعلان کرتا رہے حتیٰ کہ اس کا مالک پالے وہ خود استعمال نہیں کر سکتا اور نہ ہی صدقہ کر سکتا ہے۔ امام شافعی کا ظاہر قول یہی ہے۔ احناف کے نزدیک حل اور حرم کا لقطہ ایک حکم رکھتا ہے اور اذخر خشک گھاس کا مستثنیٰ کر دینا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار کی دلیل ہے۔ واللہ اعلم !

باب — کیا کسی علّت کے سبب میّت کو قبر سے اور لحد سے نکالا جائے گا ؟

marfat.com

حدثنا علی بن عبد اللہ قال حدثنا سفیان قال عمرو سمعت جابر بن عبد اللہ قال اتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبد اللہ بن ابی بعد ما ادخل حفرتہ فامر بہ فاخرج فوضعہ علی رکبتیہ ونفث فیہ من ریقہ والبسہ قمیصہ فاللہ اعلم وکان کسا عباسا قمیصا وقال سفیان وقال ابوھارون وکان علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قمیصان فقال لہ ابن عبد اللہ یا رسول اللہ البس ابی قمیصک الذی یلی جلدک قال سفیان فیرون ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم البس عبد اللہ قمیصہ مکافاۃ لما صنع

۱۲۷۱

ترجمہ

۱۲۷۱ — حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبد اللہ بن ابی کے پاس آئے جبکہ اس کو قبر میں داخل کیا گیا آپ نے اس کو نکالنے کا حکم دیا تو اسے نکالا گیا آپ نے اس کو اپنے گھٹنوں پر رکھا اور اپنا لعاب مبارک اس پر ڈالا اور اس کو اپنی قمیص پہنائی۔ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے اُس نے حضرت عباس کو قمیص پہنائی تھی۔ سفیان نے کہا اور ابوہرون نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر دو قمیصیں تھیں، اور عبد اللہ بن عبد اللہ بن ابی نے کہا یا رسول اللہ! میرے باپ کو اپنی قمیص پہنائیں جو آپ کے جسم شریف سے ملی ہوئی ہے۔ سفیان نے کہا لوگ یہ خیال کرتے تھے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ کو قمیص اس کا بدلہ چکانے کے لئے پہنائی تھی جو اس نے عباس کو پہنائی تھی،،

شرح

۱۲۷۱ — عبد اللہ بن ابی نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو بدر کے دن اپنی قمیص پہنائی تھی جبکہ وہ مدینہ منورہ آئے تھے اور ان کے جسم پر کپڑا نہ تھا چونکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ طویل القامت تھے اور کسی صحابی کی قمیص ان کو برابر نہ آتی تھی اور عبد اللہ بن ابی بھی لمبا تھا، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا میں اس کے جنازہ میں موجود تھا اس کا لمبا قد ہونے کے باعث اس کے دونوں پاؤں چارپائی سے باہر نکلے ہوئے تھے،، عبد اللہ کے بیٹے کا نام "حباب،، تھا اور حباب شیطان ہے اس لئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام عبد اللہ رکھا وہ مخلص مسلمان تھے اور بدر کی لڑائی میں حاضر ہوئے اور ان کا والد عبد اللہ بن ابی کا منافقین کے ساتھ میل جول کرنا ان کو پسند نہ تھا اور اس سے وہ بے زار تھے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت کی وجہ سے میت کو قبر سے نکالنا جائز ہے منجملہ ضرورات یہ ہے کہ میت کو غسل دینے کے بغیر دفن کر دیا ہو یا جہاں دفن کیا گیا ہو وہ زمین سیلابی ہو یا اس میں سیلاب آجائے،، امام مالک اور شافعی رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جس میت کو غسل کے بغیر دفن کیا گیا ہو اس کو قبر سے نکال کر غسل دینا جائز ہے مگر امام مالک کہتے ہیں کہ یہ اس وقت جائز ہے جبکہ میت خراب نہ ہوئی ہو۔ امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب رضی اللہ عنہم نے کہا کہ جب میت کو لحد میں رکھ دیا جائے اور اس کو غسل نہ دیا ہو تو اس کو قبر سے نہ نکالا جائے،، یہی اختلاف اس میت میں ہے جس کو نمازِ جنازہ پڑھے بغیر دفن کر دیا جائے،، ابن منذر نے کہا ہمارے مذہب میں اس کی قبر پر نماز پڑھی جائے اور اس کو قبر سے نہ نکالا جائے۔ ہاں اگر قبر میں مٹی نہ ڈالی ہو تو اس کو نکال کر اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس کو قبر سے نکالنا جائز نہیں اور نہ

marfat.com

حدثنا مسدد قال حدثنا بشر بن المفضل قال حدثنا حسين المعلم عن عطاء عن جابر قال لما حضر احد دعاني ۱۲۷۲
ابي من الليل فقال ما اراني الا مقتولا في اول من يقتل من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم واني لا اترك بعدي اعز علي منك غير نفس
رسول الله صلى الله عليه وسلم وان علي دينا فاقض واستوص باخواتك خيرا فاصبحنا فكان اول قتيل ودفنت معه
آخر في قبره ثم لم تطب نفسي ان اتركه مع آخر فاستخرجته بعد ستة اشهر فاذا هو كيوم وضعته هنية غير اذنه حدثنا ۱۲۷۳
علي بن عبد الله قال حدثنا سعيد بن عامر عن شعبة عن ابن ابي نجيح عن عطاء عن جابر قال دفن مع ابي رجل فلم تطب
نفسي حتى اخرجته فجعلته في قبر على حدة

ہی اس کی قبر پہ نماز پڑھیں لیکن اس کے لئے دعاء کریں،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کی شرح میں ذکر کیا انبیاء کرام علیہم السلام، علماء کرام، شہداء اور مؤذنین کے اجسام کو مٹی نہیں کھاتی اور نہ ہی اس پر حشرات الارض کیڑے مکوڑے اثر انداز ہوتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

۱۲۷۲ — ترجمہ : حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جب اُحد کا وقت قریب ہُوا تو مجھے میرے والد نے رات بُلایا اور کہا کہ میں اپنے آپ کو خیال نہیں کرتا ہوں مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شہید ہونے والے صحابہ میں سے سب سے پہلے مقتول ہونے والا،، اور میں جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کریمہ کے سوا اپنے بعد کسی کو تجھ سے زیادہ عزیز نہیں چھوڑے جا رہا ہوں،، مجھ پر قرضہ ہے وہ ادا کر دینا اور اپنی بہنوں سے اچھا سلوک کرنا۔ صبح ہُوئی تو سب سے پہلے شہید ہونے والے وہی تھے اور ان کے ساتھ قبر میں ایک اَور شخص دفن کیا گیا میں نے پسند نہ کیا کہ میں ان کو کسی دوسرے کے ساتھ چھوڑوں اس لئے میں نے ان کو چھ ماہ بعد نکال لیا،، قبر سے،، تو وہ اسی طرح تھے جس وقت میں نے ان کو دفن کیا تھا سوا ان کے کان کے (وہ متاثر ہُوا تھا)

۱۲۷۳ — ترجمہ : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا میرے والد کے ساتھ ایک اور شخص دفن کیا گیا اور میری طبیعت کو یہ پسند نہ تھا میں نے ان کو نکالا اور علیحدہ قبر میں دفن کیا۔

۱۲۷۲، ۱۲۷۳ — شرح : یعنی میں نے اپنے والد کو قبر سے نکالا اور جس وقت میں نے ان کو دفن کیا تھا وہ اسی طرح تھے،، اور صرف تھوڑا سا کان متأثر ہُوا تھا۔ ابن سعد نے ابو ہلال کے طریق سے ابو سلمہ سے روایت کی کہ ان کے کان کی لو متاثر ہُوئی تھی اور ابو داؤد نے ابن حماد بن زید کے طریق سے ابو سلمہ سے روایت کی کہ زمین کے ساتھ ملنے والے داڑھی کے کچھ بال متاثر ہُوئے تھے،، ان تمام روایات کا معنیٰ یہ ہے کہ ان کے کان کی لو سے ملنے والے بال متاثر ہُوئے تھے۔

اگر یہ کہا جائے کہ مؤطا میں عبد الرحمٰن بن صعصعہ سے روایت ہے کہ ان کو یہ خبر پہنچی کہ عمرو بن جموح اور

marfat.com

بَابُ اللَّحْدِ وَالشَّقِّ فِي الْقَبْرِ

۱۲۷۴ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ ثُمَّ يَقُولُ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَخْذًا لِلْقُرْآنِ فَإِذَا أُشِيرَ لَهُ إِلَى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ فَقَالَ أَنَا شَهِيدٌ عَلَى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلُوا

عبداللہ بن عمرو انصاری (والد جابر) کی قبر کو سیلاب نے کرید دیا تھا جبکہ وہ دونوں ایک ہی قبر میں تھے ان کو دوسری جگہ منتقل کرنے کے لئے ان کی قبر کھولی گئی تو وہ ذرہ بھر متاثر نہ تھے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ کل فوت ہوئے ہیں حالانکہ اُحُد کے واقعہ اور ان کی قبر کھولنے کے وقت کے درمیان ۴۶ سال کی مدت تھی

حضرت جابر کی روائت کے خلاف جس میں صرف چھ ماہ کے بعد نکالنا مذکور ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ عبدالرحمٰن بن صعصعہ کی روائت حضرت جابر کی روائت کا مقابلہ نہیں کر سکتی،، کیونکہ ابن صعصعہ کی روائت بلاغ پر مبنی ہے اور جابر کی روائت کی اساس ان کا مشاہدہ ہے،، طبرانی نے صحیح سند کے ساتھ محمد بن منکدر کے طریق سے جابر سے روائت کی کہ ان کے والد کا مثلہ کیا گیا اور ان کے کان اور ناک کاٹ دیئے گئے تھے۔ اس روائت کا محمل یہ ہے کہ انھوں نے سارے کان نہ کاٹے تھے بعض کاٹے تھے اور ان میں سے بچا ہوا کان متاثر ہوا تھا لہٰذا طبرانی کی روائت صحیح کی روائت کے مخالف نہیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوا ہے کہ شہداء کے اجسام کو زمین نہیں کھاتی۔ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے حدیث ۱۲۷۱ کی شرح میں ذکر کیا،، اِنَّ الشُّهَدَاءَ لَا تَاْكُلُ الْاَرْضُ لُحُوْمَهُمْ وَقِيْلَ اَرْبَعَةٌ لَا تَعْدُوْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ وَلَا هُوَامُّهَا الْاَنْبِيَاءُ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَالْعُلَمَاءُ وَالشُّهَدَاءُ وَالْمُؤَذِّنُوْنَ،، واللہ اعلم۔ یعنی شہداء کے گوشت کو زمین نہیں کھاتی اور کہا جاتا ہے کہ زمین اور اس کے کیڑے مکوڑے جن پر تجاوز نہیں کرتے وہ چار ہیں۔ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ، علماء، شہداء اور مؤذنین رحمہم اللہ تعالیٰ،،

باب — قبر میں لحد اور شق بنانا

۱۲۷۴ — ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اُحُد کے شہداء سے دو دو آدمیوں کو (ایک قبر میں) جمع کرتے پھر فرماتے ان میں کس کو زیادہ قرآن یاد ہے جب ان میں سے کسی ایک طرف اشارہ کیا جاتا تو اس کو لحد میں آگے رکھتے اور فرمایا قیامت کے دن میں ان لوگوں کی گواہی دوں گا اور ان کو ان کے خون سمیت دفن کرنے کا حکم فرمایا اور ان کو غسل نہ دیا۔

marfat.com

بَابٌ اِذَا اَسْلَمَ الصَّبِیُّ فَمَاتَ هَلْ یُصَلّٰی عَلَیْهِ

وَهَلْ یُعْرَضُ عَلَی الصَّبِیِّ الْاِسْلَامُ وَقَالَ الْحَسَنُ وَشُرَیْحٌ وَاِبْرَاهِیْمُ وَقَتَادَةُ اِذَا اَسْلَمَ اَحَدُ اَبَوَیْهِ فَالْوَلَدُ مَعَ الْمُسْلِمِ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَعَ اُمِّهٖ مِنَ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ وَلَمْ یَكُنْ مَعَ اَبِیْهِ عَلٰی دِیْنِ قَوْمِهٖ وَقَالَ الْاِسْلَامُ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی

۱۲۷۴ — حدیث ۱۲۶۵ کی تفہیم میں اس حدیث کی تفصیل گزر چکی ہے،،

باب — جب بچہ مسلمان ہو جائے اور مر جائے کیا اس پر نماز پڑھی جائے؟ اور کیا اس پر اسلام پیش کیا جائے؟،،

حسن بصری، شریح، ابراہیم اور قتادہ رضی اللہ عنہم نے کہا جب (ماں باپ) دونوں میں سے ایک مسلمان ہو تو بچہ مسلمان کے ساتھ ہوگا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اپنی والدہ کے ساتھ کمزور مسلمانوں میں تھے اور وہ اپنے والد کے ساتھ ان کی قوم کے دین پر نہ تھے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام غالب رہتا ہے مغلوب نہیں ہوتا،،

باب اس باب کے دو عنوان ہیں: ایک یہ کہ جب بچہ مسلمان ہو کر مر جائے تو اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے؟ اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے اس لئے اس کی خبر ذکر نہیں کی،، اور دوسرا عنوان یہ ہے کہ بچہ پر اسلام پیش کیا جائے؟"

صاحبِ ہدایہ نے ذکر کیا کہ جب بچہ اپنی ماں یا باپ کے ساتھ قید ہو کر آئے اور مر جائے تو اس کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے حتیٰ کہ وہ اسلام کا اقرار کرے جبکہ وہ اسلام کو سمجھتا ہو یا اس کے والدین سے کوئی ایک مسلمان ہو جائے،، اور بچہ ان دونوں میں سے بہتر کے تابع ہوگا،، اگر تنہا بچہ قیدی بن کر آئے اور دارالاسلام میں آ کر مر جائے تو اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی جبکہ اس نے عقلمند ہو کر کفر اختیار نہ کیا ہو،، اگر بچہ کا باپ دارالاسلام میں آ کر مسلمان ہو گیا اور بچہ دارالحرب میں ہی مر گیا تو اس کا حکم مسلمان بچوں سا ہے،، باب کا دوسرا عنوان اگرچہ

marfat.com

۱۲۷۵ حدثنا عبدان قال اخبرنا
عبد الله عن يونس عن الزهري قال اخبرني سالم بن عبد الله ان ابن عمر اخبره ان عمر انطلق مع النبي صلى الله عليه وسلم في رهط
قبل ابن صياد حتى وجدوه يلعب مع الصبيان عند اطم بني مغالة وقد قارب ابن صياد الحلم فلم يشعر حتى ضرب
النبي صلى الله عليه وسلم بيده ثم قال لابن صياد اتشهد اني رسول الله فنظر اليه ابن صياد فقال اشهد انك
رسول الامميين فقال ابن صياد للنبي صلى الله عليه وسلم اتشهد اني رسول الله فرفضه وقال امنت بالله
وبرسله فقال له ماذا ترى قال ابن صياد يأتيني صادق وكاذب فقال النبي صلى الله عليه وسلم
خلط عليك الامر ثم قال له النبي صلى الله عليه وسلم اني قد خبأت لك خبيئا فقال ابن صياد هو الدخ
فقال اخسأ فلن تعدو قدرك فقال عمر دعني يا رسول الله اضرب عنقه فقال النبي صلى الله عليه وسلم
ان يكن هو فلن تسلط عليه وان لم يكن هو فلا خير لك في قتله وقال سالم سمعت ابن عمر يقول
ثم انطلق بعد ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم وابي بن كعب الى النخل التي فيها ابن صياد وهو
يختل ان يسمع من ابن صياد شيئا قبل ان يراه ابن صياد فراه النبي صلى الله عليه وسلم وهو مضطجع
في قطيفة له فيها رمزة او زمرة فرأت ام ابن صياد رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يتقي بجذوع
النخل فقالت لابن صياد يا صاف وهو اسم ابن صياد هذا محمد فثار ابن صياد فقال
النبي صلى الله عليه وسلم لو تركته بين وقال شعيب زمزمة فرفضه وقال اسحاق الكلبي وعقيل لمرة
وقال معمر رمزة

بصورت اہتمام مذکور ہے مگر کتاب الجہاد میں مذکور عنوان کہ بچہ پر اسلام کس طرح پیش کیا جائے اور اس میں ابن صیاد کا واقعہ ذکر کیا جس میں بچہ پر اسلام پیش کرنا مذکور ہے اس کے جزم پر دلالت کرتا ہے اس سے علماء نے استدلال کیا کہ مراہق بچہ کا اسلام صحیح ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہی مقصد ہے اور امام ابوحنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما کا مسلک بھی یہی ہے البتہ امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مسلک اس کے خلاف ہے،، حسن بصری، شریح، ابراہیم اور قتادہ کا اثر اس کی تائید کرتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اپنی والدہ لبابہ بنت حارث ہلالیہ کے ساتھ کمزور مسلمانوں میں سے تھے جو مکہ میں مسلمان ہو گئے تھے اور مشرکوں نے ان کو ہجرت کرنے سے روک دیا تھا اور وہ ان میں ان کی اذیتیں برداشت کرتے رہے،، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بچہ خیر الابوین کے تابع ہوتا ہے کیونکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ بدر کے بعد مسلمان ہوئے تھے چونکہ اسلام بلند رہتا ہے مغلوب نہیں ہوتا اسی لئے جب غیر مکلف بچہ مسلمان ہو جائے اور مر جائے تو اسلام کی برکت سے اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

ترجمہ : زہری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مجھ سے سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان سے

۱۲۷۵ ——

marfat.com

بیان کیا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چند صحابہ میں ابن صیاد کی طرف گئے حتیٰ کہ اس کو بنی مغالہ کے ٹیلوں کے پاس بچوں کے ساتھ کھیلتا ہوا پایا۔ اس وقت ابن صیاد قریب البلوغ تھا اس کو معلوم نہ ہوا حتیٰ کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ شریف اس پہ مارا اور ابن صیاد سے فرمایا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابن صیاد نے آپ کی طرف دیکھا اور کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ بے پڑھوں کے رسول ہیں۔ ابن صیاد نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چھوڑ دیا اور فرمایا میں اللہ اور اس کے رسول پہ ایمان لایا،، آپ نے اسے فرمایا تو کیا دیکھتا ہے؟ ابن صیاد نے کہا میرے پاس سچا اور جھوٹا دونوں آتے ہیں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھ پہ امر خلط ملط ہو کر رہ گیا ہے۔ پھر اس کو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے کوئی بات (دل میں) چھپائی ہے (بتاؤ وہ کیا ہے) ابن صیاد نے کہا وہ دُخ ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذلیل رہ تو اپنی قدر سے آگے ہرگز نہیں بڑھ سکتا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا، یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے میں اس کی گردن اُڑا دوں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر یہ وہ (دجال) ہے تو تم اس پر مسلط ہرگز نہیں ہو سکتے (اس پہ غلبہ نہیں کر سکتے) اور اگر یہ وہ (دجال) نہیں تو اس کے قتل کرنے میں بہتری نہیں۔ حضرت سالم نے کہا میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ اس کے کچھ عرصہ بعد جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابی بن کعب کھجوروں کی طرف چلے گئے جن میں ابن صیاد رہتا تھا اور آپ ابن صیاد سے کچھ سننے کے لئے حیلہ کر رہے تھے پہلے اس کے کہ وہ آپ کو دیکھ لے،، نبیٔ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا جبکہ وہ اپنی چادر میں لپٹ کر لیٹا ہوا تھا اور اس سے گنگناہٹ کی آواز آ رہی تھی ابن صیاد کی ماں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ لیا جبکہ آپ کھجوروں کے تنوں کی آڑ میں چھپتے چھپاتے تشریف لے جا رہے تھے،، اُس نے ابن صیاد سے کہا اے صاف! یہ ابن صیاد کا نام ہے۔ یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ابن صیاد جلدی سے اُٹھا تو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر یہ اس کو چھوڑے دیتی تو وہ کچھ بیان کرتا شعیب نے اپنی حدیث میں فرفضہ رمرتہ یا رمزتہ کی روائت کی ہے اور عقیل نے رمرمہ کہا ہے اور معمر نے رمزہ کہا ہے۔

شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد پہ اسلام پیش کیا اور ۱۲۷۵

وہ بچہ تھا اگر بچہ کا اسلام صحیح نہ ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر اسلام پیش نہ کرتے معلوم ہوا کہ بچہ پر اسلام پیش کرنا جائز ہے اور بچہ کا اسلام قبول کرنا صحیح ہے اس طرح حدیث ترجمۃ الباب کے مطابق ہے یہی بخاری کا مقصد ہے،،

"ابن صیاد" کا نام صافی ہے۔ بعض علماء نے اس کا نام عبداللہ ذکر کیا ہے وہ یہودی تھا اور اس کی قوم بنو نجار کی حلیف تھی۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچی کہ ایک یہودیہ عورت کے گھر بچہ پیدا ہوا جس کی ایک آنکھ ممسوح ہے اور دوسری اُبھری ہوئی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دجال خیال کیا اور اس کے پاس تشریف لے گئے اور اطم بنی مغالہ میں اس کو بچوں میں کھیلتا ہوا پایا" ابن صیاد ان یہودیوں سے تھا جو سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے معترف تھے لیکن ان کا دعویٰ یہ تھا کہ وہ صرف عربوں کے نبی ہیں،، تعجب ہے کہ یہودیوں نے جب آپ کی رسالت کا اقرار کیا تو آپ سے کذب کے صدور کے استحالہ کا بھی اقرار کیا جو نبوت

marfat.com

کو لازم ہے لہذا ان پر واجب تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دعویٰ کی تصدیق کرتے کہ آپ ساری مخلوق کے رسُول ہیں ،، ابن صیاد نے سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ یہ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسُول ہوں ؟ آپ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسُولوں پر ایمان لاتا ہوں یعنی اگر تو سچا رسُول ہے تجھ پر امر خلط ملط نہیں تو میں ایمان لاتا ہوں اور اگر تو رسُول نہیں اور تجھ پر امر خلط ملط ہے تو میں تجھ پر ایمان نہیں لاتا ہوں لیکن تجھ پر امر خلط ملط ہے لہذا تو ذلت و رُسوائی میں خاموش رہ تو اپنی قدر سے آگے نہیں بڑھ سکتا ہے تو رسالت کا دعویٰ کیسے کرتا ہے ،،

چونکہ ابن صیاد نے رسالت کا دعویٰ کیا تھا اور رسُول صدورِ رجال پر مطلع ہوتے ہیں اس لئے آپ نے سورۂ دخان کی یہ آیت کریمہ " یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ "، کو سینہ میں چھپایا اور اس کا امتحان لیا تاکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر اس کا جھوٹ واضح ہو جائے۔ شیطان نے آپ کا نفسی کلام سُن کر ابنِ صیاد کو القاء کر دیا مگر اس کو دخان کہنے کی استطاعت نہ ہُوئی اور کاہنوں کے طریقہ پر دُخ کہنے تک محدود رہا اور ان دو حرفوں کے سوا آیت پُوری کرنے پر قادر نہ ہُوا ،، جیسے کاہن اپنے اصحاب سے بعض کلمات کا اختطاف کرتے ہیں اور پُورا کلام نہیں کر سکتے ،، اس لئے سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ " یعنی تیری قدر اس حد تک نہیں پہنچی کہ تو غیب پر مطلع ہو جو بذریعہ وحی انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ مختص ہے اور نہ تو بذریعہ الہام اس کی طاقت رکھتا ہے جو صالحین کی شان ہے ،، اگر یہ سوال ہو کہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد کو قتل کرنے کی اجازت کیوں نہ دی حالانکہ اُس نے آپ کی موجودگی میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ابن صیاد اس وقت بچہ تھا یا ان کے ساتھ مسلمانوں کا عہد تھا یا یہ وجہ تھی کہ اس نے صراحتاً نبوّت کا دعویٰ نہ کیا تھا اس نے تو صرف یہ وہم کیا تھا کہ وہ رسالت کا مدّعی ہے اور رسالت کے دعویٰ کو نبوت کا دعویٰ لازم نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " اِنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّیٰطِیْنَ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ الایۃ "، رہی یہ بات کہ ابن صیاد ہی دجّال ہے یا نہیں اس کی تفصیل اپنے مقام میں مذکور ہوگی انشاء اللہ العزیز ،، ایک روایت میں یہ بات ہے کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دجّال کے سر پر تلوار ماری تاکہ اس کو قتل کریں مگر اس کے سر پر تلوار نے کچھ اثر نہ کیا اور اُبھر کر عمر فاروق کے سر پر لگی جس سے وہ زخمی ہو گئے اور زمین پر گر پڑے۔ دجّال ان کے پاس آیا اور ان سے ہنسی مذاق کرنا شروع کیا جب اس واقعہ کی خبر سیدعالم صلی اللہ علیہ کو پہنچی تو آپ جلدی سے تشریف لائے اور اپنا ہاتھ مبارک زخم پر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے دعاء کی زخم فوراً مندمل ہو گیا پھر آپ نے عمر فاروق سے فرمایا تمہیں دجال کو قتل کرنے کی استطاعت نہیں عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ میری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو غائب کر دے آپ نے ان کی خواہش پر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا فرمائی تو سیدنا جبرائیل علیہ السلام نازل ہُوئے اور ابن صیاد کو سر سے پکڑا اور زمین سے اُٹھا لیا جبکہ وہ اپنی ماں باپ اور قوم میں بیٹھا ہُوا تھا اور وہ سب اس کو دیکھ کر رَو رہے تھے سیدنا جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کو اُٹھا کر ایک جزیرہ میں رکھ دیا اب وہ سمندر کے جزیرہ میں ہے حضرت تمیم داری نے جزیرہ میں اس کا واقعہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا جس کی تفصیل مسلم شریف میں مذکور ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

marfat.com

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ وَهُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ ۱۲۷۶
اَنَسٍ قَالَ كَانَ غُلَامٌ يَهُودِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يَعُودُهُ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهِ فَقَالَ لَهُ اَسْلِمْ فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيهِ وَهُوَ عِنْدَهُ فَقَالَ لَهُ اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ فَاَسْلَمَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ ۱۲۷۷ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا
سُفْيَانُ قَالَ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ كُنْتُ اَنَا وَاُمِّي مِنَ الْمُسْتَضْعَفِينَ اَنَا مِنَ الْوِلْدَانِ
وَاُمِّي مِنَ النِّسَاءِ

اپنے دین میں خوب متصلب تھے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ تحقیق یقین کے بغیر سفک دماء مباح نہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

۱۲۷۶ ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا ایک یہودی لڑکا نبی کریم صلی اللہ علیہ کی خدمت کیا کرتا تھا وہ بیمار پڑا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس اس کی بیمار پرسی کرنے تشریف لائے اور اس کے سر کے پاس بیٹھ گئے اور اسے فرمایا مسلمان ہوجا اس نے اپنے والد کی طرف دیکھا جبکہ وہ اس کے پاس تھا اس نے کہا ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کر وہ مسلمان ہوگیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے حالانکہ آپ فرما رہے تھے اللہ کی حمد ہے جس نے اس کو دوزخ سے نجات دی!

۱۲۷۷ ترجمہ : عُبید اللہ بن ابی یزید رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں اور میری ماں کمزور لوگوں میں سے تھے میں بچوں میں سے اور میری ماں عورتوں میں سے کمزور تھیں "

۱۲۷۶ شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی لڑکے پر اسلام پیش کیا جو آپ کا خادم تھا اور اس نے اسلام قبول کرلیا لہٰذا حدیث ترجمۃ الباب کے مناسب ہے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس لڑکے کے باپ کی موجودگی میں اس کو اسلام کی دعوت دینے میں حکمت یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر لوگوں کو تبلیغ کرنا فرض کیا ہے کہ آپ اس فریضہ کی ادائیگی میں کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہ کریں "۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص عاقل ہو اور اسلام نہ لائے اس کو دوزخ میں عذاب دیا جائے گا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اہلِ ذمہ کی تیمارداری کرنا جائز ہے۔ خصوصاً جب وہ ہمسایہ ہو کیونکہ اس سے اسلام کے محاسن کا اظہار ہوتا ہے اور تالیفِ قلب ہوتی ہے تاکہ وہ اسلام میں رغبت کریں ، اور کافر سے خدمت کرانا جائز ہے اور والد کی اجازت سے بچہ سے خدمت کرانا درست ہے اور اس پر اسلام پیش کرنا جائز ہے "۔ حدیث ۱۲۷۷ کی تفصیل شروع باب میں مذکور ہے۔ مُسْتَضْعَفِيْنَ سے مراد وہ لوگ ہیں جو مکہ مکرمہ شَرَّفَهَا اللّٰهُ میں مسلمان ہوئے اور ان کو مشرکوں نے ہجرت کرنے سے روک دیا وہ مشرکوں میں کمزور ہوکر رہ گئے اور ان سے تکالیف برداشت کرتے رہے "۔ سبحانہ ما اعظم شانہ

marfat.com

۱۲۷۸ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ يُصَلّٰى عَلٰى كُلِّ مَوْلُوْدٍ مُتَوَفّٰى وَاِنْ كَانَ لِغَيَّةٍ مِّنْ اَجْلِ اَنَّهٗ وُلِدَ عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ يَدَّعِيْ اَبَوَاهُ الْاِسْلَامَ اَوْ اَبُوْهُ خَاصَّةً وَاِنْ كَانَتْ اُمُّهٗ عَلٰى غَيْرِ الْاِسْلَامِ اِذَا اسْتَهَلَّ صَارِخًا صُلِّيَ عَلَيْهِ لَا يُصَلّٰى عَلٰى مَنْ لَا يَسْتَهِلُّ مِنْ اَجْلِ اَنَّهٗ سِقْطٌ فَاِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُحَدِّثُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ اِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ اَوْ يُنَصِّرَانِهٖ اَوْ يُمَجِّسَانِهٖ كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيْمَةُ بَهِيْمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ

۱۲۷۹ ثُمَّ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا الْاٰيَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ اِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ اَوْ يُنَصِّرَانِهٖ اَوْ يُمَجِّسَانِهٖ كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيْمَةُ بَهِيْمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ ثُمَّ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ

۱۲۷۸ — ترجمہ : شعیب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابن شہاب نے کہا ہر فوت ہونے والے بچہ پر نماز جنازہ پڑھی جائے۔ اگرچہ وہ کافرہ کا بچہ ہو کیونکہ وہ فطرتِ اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ماں باپ یا خصوصًا اس کا باپ اسلام لانے کا دعویٰ کرے اور اگر اس کی ماں مسلمان نہ ہو جبکہ وہ پیدا ہوتے وقت چیخ مارے اس پر نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی اور جو بچہ پیدائش کے وقت چیخ نہ مارے اس پر نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے کیونکہ وہ بچہ ناتمام ہے،، کیونکہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بچہ فطرت (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا نصرانی یا مجوسی بنا لیتے ہیں جس طرح کہ جانور صحیح وسالم عضو والا بچہ جنتا ہے۔ کیا تم اس میں کوئی کان کٹا ہوا دیکھتے ہو پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس آیت کی تلاوت کرتے " اللہ کی فطرت ہے جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا،،

۱۲۷۹ — ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں کوئی بچہ مگر وہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے اور اس کے ماں باپ اس کو یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا لیتے ہیں جس طرح جانور بچے دیتا ہے کیا تم ان میں کوئی کان کٹا ہوا پاتے ہو۔ پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ آیت کریمہ پڑھتے " اللہ کی فطرت ہے جس پر لوگوں کو پیدا کیا اللہ کے پیدا کرنے میں کوئی تبدیلی نہیں۔ یہ دین سیدھا ہے۔

۱۲۷۸، ۱۲۷۹ — شرح : ان دونوں حدیثوں کی مناسبت ترجمۃ الباب سے اس طرح ہے کہ جو بچہ پیدا ہوتے ہی مرجائے اور اس کے ماں باپ یا ان میں سے ایک مسلمان ہو اور وہ پیدائش کے وقت چلایا تھا تو اس پر نماز پڑھی جائے گی، اس پر نماز پڑھنا ہی اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ عرض اسلام کا محل ہے اور اس کے عاقل

marfat.com

بَابُ إِذَا قَالَ الْمُشْرِكُ عِنْدَ الْمَوْتِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ قَالَ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ ۱۲۸۰

ابْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا طَالِبٍ الْوَفَاةُ جَاءَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ عِنْدَهُ أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي طَالِبٍ أَيْ عَمِّ قُلْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ كَلِمَةً أَشْهَدُ لَكَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ أَبِي أُمَيَّةَ يَا أَبَا طَالِبٍ أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ وَيَعُودَانِ بِتِلْكَ الْمَقَالَةِ حَتَّى قَالَ أَبُو طَالِبٍ آخِرَ مَا كَلَّمَهُمْ بِهِ هُوَ عَلَى مِلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَأَبَى أَنْ يَقُولَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا وَاللّٰهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَا لَمْ أُنْهَ عَنْكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهِ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ الْآيَةَ

ہونے کے وقت اس پر اسلام پیش کیا جائے گا۔ قولہ لِغَيَّةٍ ،، یہ غوایہ سے مشتق ہے اس کا معنی کفر وغیرہ کی گمراہی ہے۔ ولدِ زنا کو ولد غیہ اور حلال بچہ کو ولد راشدہ کہا جاتا ہے۔ حدیث میں کافرہ کا بچہ یا زانیہ کا بچہ مراد ہے،، قَوْلُهُ فِطْرَةَ اللّٰهِ ،، فعل مقدر کا مفعول بہ ہے اور وہ ،، اِلْزَمُوْا ،، ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو توحید اور دینِ اسلام کے قابل پیدا کیا ہے۔ کیونکہ یہ عقل اور نظرِ صحیح کا مقتضیٰ ہے حتیٰ کہ ان کو اگر اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے اور کسی دین کی تلقین نہ کی جائے تو وہ دینِ اسلام پر کسی اور دین کو اختیار نہ کریں گے۔ قولہ كما تنتج الخ ،، یعنی بچہ فطرت پر پیدا ہونے کے بعد چار پایہ کے مشابہ ہے جس کے اعضاء پیدا ہونے کے وقت صحیح و سالم ہوتے ہیں اور بعد میں ان کے کان کاٹے جاتے ہیں اسی طرح جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو وہ مسلمان ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو اپنے دین میں تبدیل کر لیتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے،، اللہ کے پیدا کرنے میں کوئی تبدیلی نہیں حالانکہ ماں باپ بچہ میں تبدیلی کر دیتے ہیں اور اس کو نصرانی مجوسی وغیرہ بنا لیتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ نفی نہی کے معنی میں ہے یعنی اللہ کی تخلیق میں تبدیلی نہ کرو یا معنیٰ یہ ہے کہ فطرت میں تبدیلی نہیں کرنی چاہیئے،، اگر یہ کہا جائے کہ ،، اَبَوَاهُ ،، میں ضمیر کا مرجع كُلُّ مَوْلُوْدٍ ،، ہے تو معنیٰ یہ ہوگا۔ ہر مولود کے ماں باپ اس کو یہودی وغیرہ بنا لیتے ہیں حالانکہ ایسا نہیں کیونکہ بعض فطرتِ اسلام پر باقی رہتے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ اس ترکیب کا مقصد یہ ہے کہ مولود کی ذات میں ضلالت نہیں اور نہ ہی یہ اس کی طبیعت کا مقتضیٰ ہے بلکہ جب بھی ضلالت حاصل ہوگی تو کسی خارجی سبب سے حاصل ہوگی۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب — جب مشرک موت کے وقت لا الہ الا اللہ کہے

ترجمہ : سعید بن مسیب نے اپنے باپ سے روایت کی

۱۲۸۰ — اُنہوں نے بیان کیا کہ جب ابو طالب کی وفات کا

marfat.com

وقت قریب آیا تو ان کے پاس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے او۔ وہاں ابوجہل بن ہشام اور عبداللہ بن ابی امیہ بن معیرہ کو بیٹھے ہوئے پایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو طالب سے فرمایا اے چچا "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" کہہ دیں میں اللہ تعالیٰ کے حضور آپ کے لئے اس کی گواہی دوں گا۔ ابوجہل اور عبداللہ بن امیہ نے کہا اے ابا طالب کیا آپ عبدالمطلب کی ملت سے اعراض کر رہے ہیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان پر بار بار یہ کلمہ پیش کرتے رہے اور وہ دونوں اسی بات کا اعادہ کرتے رہے حتیٰ کہ ابو طالب نے ان سے آخری کلام یہ کیا کہ وہ عبدالمطلب کی ملت پر ہیں اور لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار کر دیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کی قسم جب تک مجھے منع نہ کیا گیا میں آپ کے لئے مغفرت طلب کرتا رہوں گا تو اللہ تعالیٰ نے ابو طالب کے بارے میں یہ آیت نازل کی "

شرح : یعنی ابو طالب پر نزع سے پہلے جب موت کے علامات ظاہر ہوئے تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر بار بار

۱۲۸۰ —

کلمۂ شہادت پیش کیا جس کا انھوں نے انکار کیا مسلم کی روایت میں ہے "کہ ابو طالب نے کہا اگر قریش مجھے عار نہ دلاتے کہ وہ کہتے کہ ابو طالب نے موت کے ڈر سے کلمہ کہہ دیا ہے تو میں آپ کو کلمہ کہہ کر خوش کرتا"۔ اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جبکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اگر مجھے منع نہ کیا گیا تو میں آپ کے لئے مغفرت کی دعا کرتا رہوں گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ" یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنوں کو لائق نہیں کہ وہ مشرکین کے لئے مغفرت کی دعا کریں" علامہ واحدی نے کہا ابو اسحاق زجاج اس آیت کے بارے میں کہتے تھے کہ تمام مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ آیت کریمہ ابو طالب کے بارے میں نازل ہوئی۔ ایک روایت میں ہے کہ جب ابو طالب بیمار ہوئے جس بیماری میں ان کا انتقال ہو گیا تھا تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور ان کے کان میں فرمایا اے میرے چچا اگر اپنی زبان پر کلمۂ شہادت جاری کر دیں تو میں اپنے رب کے حضور آپ کی شفاعت کروں گا اور آپ دوزخ میں نہ جائیں گے تو ابو طالب نے جواب دیا یقیناً آپ نبی ہیں اور آپ کا دین حق ہے لیکن میں کلمۂ شہادت اس لئے نہیں کہتا ہوں کہ لوگ میرا مذاق اڑائیں گے کہ ابو طالب موت سے ڈر کر ایمان لے آیا یہ جواب سن کر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم غمزدہ ہو گئے اور یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ "اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ" یعنی جس کے لئے آپ پسند کریں اس کے دل میں ہدایت پیدا نہیں کر سکتے خلق ہدایت اللہ کے قبضہ میں ہے جس کے لئے چاہے اس کے دل میں ہدایت پیدا کر دے"۔ مفسرین کا اتفاق ہے کہ یہ آیت کریمہ ابو طالب کے بارے میں نازل ہوئی"۔ تفسیر کبیر میں ہے کہ زجاج نے کہا "اَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ اَنَّهَا نَزَلَتْ فِيْ اَبِيْ طَالِبٍ" یعنی تمام مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ آیت ابو طالب کے حق میں نازل ہوئی"۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح مسلم میں ذکر کیا کہ تمام مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ آیت ابو طالب کے

marfat.com

بارے میں نازل ہوئی اور ابو اسحاق زجاج نے اس پر اجماع ذکر کیا ہے،، ملا علی قاری نے بھی مرقات شرح مشکوٰۃ میں اس اجماع کا ذکر کیا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی فِیْ حَقِّہٖ بِاتِّفَاقِ الْمُفَسِّرِیْنَ اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ یعنی مفسرین کا اتفاق ہے کہ یہ آئت ابو طالب کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ امام ترمذی نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا سے فرمایا کہ لا الہ الا اللہ کہہ دیجئے میں قیامت کے دن اس کی شہادت دوں گا ابو طالب نے کہا اگر ایسا نہ ہوتا کہ مجھے قریش شرمندگی دلائیں گے اور وہ کہیں گے کہ ابو طالب نے موت کی سختی سے ڈر کر کلمہ کہہ دیا ہے تو میں آپ کو خوش کر دیتا اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آئت کریمہ نازل فرمائی ،، اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ،، علامہ قسطلانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ یہ آئت کریمہ مَا کَانَ لِلنَّبِیِّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ یَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِکِیْنَ ،، ابو طالب کے حق میں نازل ہوئی اور زمخشری کا ان کے حق میں عدم نزول کی یہ وجہ بیان کرنا کہ ابو طالب کی موت ہجرت سے پہلے تھی اور آئت کریمہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی صحیح نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ابو طالب کے لئے اس کے نزول تک دعا فرماتے رہے حتیٰ کہ کفار کے بارے میں تشدید اس سورت میں نازل ہوئی۔ علامہ قسطلانی نے کہا کہ فتوح الغیب میں مذکور ہے کہ یہی حق بات ہے امام بغوی اپنی تفسیر میں اس آئت کریمہ ،، وَھُمْ یَنْھَوْنَ عَنْہُ وَیَنْاَوْنَ عَنْہُ ،، کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ ابن عباس اور مقاتل رضی اللہ عنہم نے کہا کہ یہ آئت کریمہ ابو طالب کے حق میں نازل ہوئی کافروں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روکتے تھے اور خود ایمان سے دور رہے تھے،، امام بیہقی نے دلائل نبوت میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آئت کی تفسیر میں ذکر کیا کہ یہ آئت کریمہ ابو طالب کے حق میں نازل ہوئی کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچانے سے کافروں کو منع کرتے تھے اور خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے سے دور رہتے تھے۔ بخاری و مسلم میں ہے کہ سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ آپ نے اپنے چچا ابو طالب کو کیا نفع دیا اللہ کی قسم وہ آپ کی حمائت کرتا اور آپ کے لئے لوگوں سے لڑتا جھگڑتا تھا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ پاؤں تک آگ میں ہے اور اگر میں نہ ہوتا تو وہ دوزخ کے سب سے نچلے طبقہ میں ہوتا،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ بخاری کی شرح میں لکھتے ہیں کہ ابو طالب کے پاؤں تک آگ رہنے میں حکمت یہ ہے کہ ابو طالب کا سارا بدن سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی حمائت میں صرف رہا مگر اپنی قوم کے دین پر ثابت قدم رہے اس لئے ملت کفر پر ثابت قدمی نے پاؤں پر عذاب مسلط کیا صحیحین میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخیوں میں سب سے کم عذاب ابو طالب کو ہے وہ آگ کے دو جوتے پہنے ہوئے ہیں جس سے ان کا دماغ کھولتا ہے،، ابو داؤد اور نسائی میں ہے کہ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ! حضور کا بوڑھا چچا گمراہ فوت ہو گیا ہے آپ نے فرمایا جاؤ اور اپنے باپ

marfat.com

کو دبا آؤ ،، صحیحین میں حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنھوں نے کہا میں نے عرض کی یا رسُول اللہ! آپ کل مکہ معظمہ میں اپنے محلہ کے کس مکان میں تشریف فرما ہوں گے۔ آپ نے فرمایا کیا ہمارے لئے عقیل نے کوئی مکان چھوڑ دیا ہے؟ عقیل اور طالب ابوطالب کے وارث ہُوئے اور جعفر اور علی رضی اللہ عنہما کسی شئ کے وارث نہ ہُوئے تھے کیونکہ یہ دونوں مسلمان تھے اور عقیل اور طالب کافر تھے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ مومن کافر کا وارث نہیں بنتا ،، یاد رہے کہ ابوطالب کی وفات کے وقت عقیل کافر تھے بعد میں وہ مسلمان ہوگئے تھے اور طالب کفر میں فوت ہُوا تھا ،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ واحدی نے موسیٰ بن عبیدہ کی حدیث ذکر کی اُنھوں نے کہا کہ محمد بن کعب قرظی نے ہم سے بیان کیا کہ مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ جب ابوطالب مرضِ موت میں تھے تو قریش نے ان کو کہا کہ اپنے بھتیجے کو پیغام بھیجو کہ وہ جنت جس کا تم سے ذکر کیا کرتے ہیں سے تمہارے لئے کچھ بھیج دیں کہ تم شفا پاؤ ابوطالب نے سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پیغام بھیجا تو جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جنت کا کھانا اور پانی کافروں پر حرام کیا ہے پھر آپ ابوطالب کے پاس تشریف لائے اور ان پر اسلام پیش فرمایا تو اُنھوں نے کہا کہ لوگ حضور پر طعن کریں گے کہ آپ کا چچا موت سے گھبرا گیا اگر یہ ڈر نہ ہوتا تو میں آپ کو خوش کر دیتا۔ جب ابوطالب فوت ہوگئے تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے مغفرت کی دُعا فرمائی تو مسلمانوں نے کہا ہمیں اپنے اباؤ اقارب کے لئے مغفرت کی دُعا کرنے سے کون منع کرتا ہے حالانکہ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے چچا کے لئے دُعاء کی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چچا کے لئے دعاءِ مغفرت کر رہے ہیں اُنھوں نے مشرکین اقارب کے لئے دعاء مغفرت کی تو یہ آئت کریمہ نازل ہُوئی مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الایۃ ،، یعنی نبی کے لئے اور مومنوں کے لئے مناسب نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے دُعاء کریں۔ ابونعیم نے حلیہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے میرے چچا عباس کا مسلمان ہونا چاہا اور میں نے اپنے چچا ابوطالب کا مسلمان ہونا چاہا اللہ تعالیٰ کا ارادہ میری خواہش پر غالب آیا کہ ابوطالب کافر رہا ،، ان صحیح روایات سے ابوطالب کا ایمان نہ لانا واضح ہوتا ہے اور اس پر مفسرین کا اجماع اس کی دلیل واضح ہے لہذا یہ مناسب نہیں کہ صحیح روایات اور مفسرین کا اجماع بالائے طاق رکھتے ہُوئے اس کو نظر انداز کر کے ضعیف روایات کا سہارا لے کر ایمان ابی طالب ثابت کیا جائے جبکہ اس سے متعلق ہم سے قبر و حشر میں ہرگز نہ پوچھا جائے گا اور نہ ہی اس کا اثبات ضروریاتِ ایمان سے ہے علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا باب کے عنوان سے اس حدیث کی مناسبت ظاہر ہے کہ عنوان یہ ہے کہ جب مشرک موت کے وقت لا الہ الا اللہ کہہ دے تو اس کو مسلمان کہا جائے گا اور نزع کی حالت شروع ہو جائے تو اس وقت ایمان لانا بے سُود ہے ،،

علامہ عینی رحمہ اللہ نے کہا بعض علماء نے کہا کہ ابوطالب امرِ آخرت کو دیکھ لیتے ان کو موت کا یقین ہو جاتا اور ایسی حالت میں ہوتے کہ اس وقت ایمان لانا بے سود ہوتا ہے اور اس وقت ایمان لانا نافع نہیں ہوتا وہ سید عالم

marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش کرنے کے لئے ایمان لے آتے اور آپ کی نبوّت کا تہہ دل سے اقرار کر لیتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور ان کی شفاعت فرماتے اور اللہ تعالیٰ سے اُن سے درگزر کی درخواست کرتے کہ اس حال میں ان کا ایمان قبول ہو جائے تو یہ ابوطالب کی خصوصیّت ہوتی کیونکہ وہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی حمائت اور آپ سے مشرکوں کی ایذاء کی مدافعت کرتے رہے تھے،، محمد بن اسحاق نے کہا کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ اے میرے بھتیجے آپ نے جو کلمہ اپنے چچا پر پیش کیا تھا آپ نے ان کو یہ کہتے ہوئے سُنا ؟ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے ابوطالب سے یہ کلمہ نہیں سُنا۔ محمد بن اسحاق کی اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوطالب سے کلمہ نہیں سُنا اور حضرت عباس نے یہ ابوطالب کے فوت ہونے کے بعد آپ سے دریافت کیا تھا۔ لہٰذا ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ابوطالب کے منہ کے پاس کان لگایا اور ان کو کلمہ پڑھتے سُنا قابلِ غور ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ کے سامنے تو ابوطالب کلمہ پڑھنے سے انکار کر دیں اور عباس کے سامنے کلمہ پڑھیں حالانکہ انہی لوگوں کی باتوں کے پیشِ نظر تو اُنہوں نے کلمہ پڑھنے سے انکار کیا تھا کہ وہ کہیں گے کہ ابوطالب نے موت کے ڈر سے کلمہ پڑھ لیا ہے جبکہ ابوطالب کی وفات کے وقت حضرت عباس بھی کافر تھے اور جنگِ بدر میں کافروں میں اسیر ہو کر آئے تھے۔ علامہ سہیلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ عباس نے یہ بات کفر کی حالت میں کہی تھی اور اگر وہ اسلام کے بعد ادا کرتے تو قابلِ قبول ہوتی اب اس سے یہ واضح ہو گیا کہ ابن عباس کی یہ روائت مخدوش ہے کیونکہ ابوطالب کی وفات ہجرت سے بہت پہلے ہوئی تھی۔ اس وقت غالباً ابن عباس پیدا نہیں ہوئے تھے کیونکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی عمر دس برس ایک دوسری روائت کے مطابق تیرہ برس تھی،، جبکہ دس ہجری میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا تھا! لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباس کی خبر سُن کر خاموش رہے اور آپ کی خاموشی تقریری حدیث پر محمول ہے،، کیونکہ کافر کے قول و فعل پر نبی محترم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاموشی اس کے قول و فعل کی تقریر نہیں ہوتی اگر یہ سوال ہو کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ"، یہ آیت مبارکہ سب کافروں کو شامل ہے کوئی کافر اس سے خاص نہیں۔ اگر ابوطالب کافر تھے تو ان کے عذاب میں تخفیف کیوں ہوئی حالانکہ مسلم کی عبداللہ بن حارث سے روائت ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوطالب کے عذاب میں تخفیف کروا دی ہے۔ مسلم کی دوسری روائت میں ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لَوْلَا أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ" اس کا جواب یہ ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اکرام کی وجہ سے ابوطالب کے عذاب میں تخفیف ہوئی مسلم کی حدیث اگرچہ خبرِ واحد ہے مگر مخصوص حالات کے پیشِ نظر اس سے تخصیص ثابت ہے جیسے اس کریمہ "وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِنْ رِجَالِكُمْ"، کہ اپنے مردوں سے دو گواہ بناؤ،، حالانکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "خزیمہ تنہا کی گواہی دو مردوں کی گواہی کے مساوی ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "وَالَّذِينَ يُظَاهِرُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ الآیۃ"، اس آیت کریمہ میں کفارہ ظہار غلام آزاد کرنا یا دو ماہ کے روزے رکھنا یا ساٹھ مساکین کو

marfat.com

کھانا کھلانا ہے حالانکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے ایک غریب مظاہر کو کھجوروں کا ٹوکرا دیا اور اس شخص کی درخواست پر کہ وہ غریب ہے فرمایا تم خود ہی کھالو اس کے پیش نظر ابو طالب کو بھی آیت کریمہ " وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ "، سے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلّم کے اکرام کے پیش نظر آپ کے چچا ابو طالب کو خاص کیا گیا ہے "، کیونکہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کے بہت معاون اور غمخوار تھے "، مگر ان کی معاونت محض خاندانی اہمیت کے طور پر تھی یہ نہیں کہ وہ آپ پر ایمان لانے کی حیثیت سے آپ کی نصرت و حفاظت کرتے تھے۔ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس بات پر علماء کا اجماع اور اتفاق ہے کہ کافروں کو ان کے اچھے اعمال نفع نہیں دیتے اور نہ ہی ان کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے لیکن ان کے جرائم کے اعتبار سے بعض کو سخت عذاب ہوگا اور بعض کو خفیف عذاب ہوگا "، سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کی معاونت اور حفاظت کی وجہ سے ابو طالب کا کفر کے سوا اتنا سنگین جرم نہ تھا جس کی وجہ سے وہ سخت سے سخت عذاب کے مستوجب ہوتے اس لئے ان کے عذاب میں تخفیف ہوئی اسی لئے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا " اگر میں نہ ہوتا تو وہ دوزخ کے نچلے طبقہ میں ہوتے "۔ اس تقریر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے مقدس وجود اور آپ کی برکت سے ابو طالب صرف اسی عذاب کے مستحق ہوئے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلّم نے بیان فرمایا "، علامہ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس حدیث " إِنَّ رَحْمَتَهُ سَبَقَتْ غَضَبَهُ "، کی یہ تاویل صحیح ہے کہ دوزخ میں ہمیشہ رہنے والوں سے بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت منقطع نہیں کیونکہ وہ اس پر قادر ہے کہ وہ ان کے لئے ایسا عذاب پیدا کر دے کہ اس میں دوزخ کے عذاب کی نسبت رحمت اور تخفیف ہو "، لہٰذا اس تخفیف کو یہ لازم نہیں کہ وہ لوگ مومن ہیں وہ لوگ کافر بھی ہیں اور ان کے عذاب میں تخفیف بھی ہے۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے ارشاد کے مطابق ابو طالب کے عذاب میں تخفیف ہوئی اور وہ عمراتِ عذاب سے پتلی آگ کی طرف منتقل ہوئے "، معلوم ہوا کہ حسب ارشاد نبوت ابو طالب کے عذاب میں تخفیف ان کے کفر سے متصادم نہیں۔ اگر یہ سوال ہو کہ ابو طالب کے بعض اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مومن تھے چنانچہ وہ کہتے ہیں " وَلَقَدْ عَلِمْتُ بِأَنَّ دِينَ مُحَمَّدٍ مِنْ خَيْرِ أَدْيَانِ الْبَرِيَّةِ دِينًا "، یعنی میں نے جانا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کا دین تمام دینوں سے بہتر دین ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اہل کتاب کافر ہیں وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی نبوت کو جانتے تھے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ "، یعنی وہ نبوتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کو ایسا جانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو جانتے ہیں مگر یہ معرفت ان کا ایمان نہ تھی۔ ایمان یہ ہے کہ نبی کی نبوت کی تصدیق اور اس کا اذعان کرے نبراس میں ہے " كَانَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ كَانُوا يَقُولُونَ فِيمَا بَيْنَهُمْ إِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْحَقِّ وَيَسْتَكْبِرُونَ عَنْ اتِّبَاعِهِ "، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " جَحَدُوا بِهَا أَيْ بِمُعْجِزَاتِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَدِ اسْتَيْقَنَتْهَا أَنْفُسُهُمْ "، ای والحال انہم علموا بالیقین انہا حق "، معلوم ہوا کہ کافر کا نبی کی نبوت کو جان لینا کہ وہ حق ہے ایمان نہیں "، پھر صاحبِ نبراس نے کہا

marfat.com

ابوطالب نبوّت کو جانتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ یہ حق ہے اور انکار نہ کرتے تھے مگر یہ ان کا ایمان نہ تھا، کیونکہ اُنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلّم کی نبوّت کا اذعان نہ کیا تھا،، چنانچہ اُنھوں نے موت سے چند لمحات پہلے یہ شعر پڑھے جبکہ سیّدعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان کی موت کے وقت فرمایا اے چچا کہو" لا الٰہ الا اللہ" میں تمہارے لئے شفاعت کروں گا اُنھوں نے کہا کہ اگر مجھے قریش کے عار دینے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ضرور ایمان لاکر تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرتا ؎ وَلَقَدْ عَلِمْتُ بِاَنَّ دِیْنَ مُحَمَّدٍ ؛ مِنْ خَیْرِ اَدْیَانِ الْبَرِیَّۃِ دِیْنًا

لَوْلَا الْمَلَامَۃُ اَوْ حِذَارُ مُسَبَّۃٍ ؛ لَوَجَدْتَّنِیْ سَمْحًا بِذَاکَ مُبِیْنًا

یعنی میں یقین سے جانتا ہوں کہ محمّد (صلّی اللہ علیہ وسلّم) کا دین تمام جہانوں کے دینوں سے بہتر ہے مگر ملامت اور بدگوئی کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں نہایت صفائی کے ساتھ اس دین کو قبول کرلیتا،، اس کے بعد ابوطالب کا انتقال ہوگیا اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی " اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ: الآیۃ اگر یہ سوال ہو کہ ابوطالب کے بعض خطابات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مومن تھے چنانچہ اُنھوں نے کہا میں نورِ فراست سے دیکھ رہا ہوں کہ محمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم غالب ہیں اور عرب و عجم ان کا مطیع ہے،، اس کا جواب یہ ہے کہ ابوطالب کا یہ کہنا ان کے ایمان کی دلیل نہیں اس طرح کا کلام تو ہرقل نے بھی کہا تھا کہ وہ میرے ان قدموں کی جگہ کے مالک ہوجائیں گے اور سب پر غالب آئیں گے مگر علماء کا اتفاق ہے کہ اس قول سے ہرقل کو مومن نہیں کہہ سکتے ہیں اور فیصلہ یہی ہے کہ وہ کافر تھا،، اس نے اپنے وقار کی صیانت کے لئے نبوّت کا اذعان نہ کیا تھا،، اگر یہ سوال ہو کہ عذاب شرّ ہے خیر نہیں حالانکہ حدیث میں ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سیّدعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے پوچھا کہ ابوطالب کے متعلق آپ کو کیا اُمید ہے۔ آپ نے فرمایا ابوطالب کے متعلق میں اپنے رب سے پوری خیر کی اُمید رکھتا ہوں،، (طبقات ابن سعد) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوطالب مومن تھے اس کا جواب یہ ہے " اِنَّ رَحْمَتَہٗ سَبَقَتْ غَضَبَہٗ "، کی یہ تاویل صحیح ہے کہ دوزخ میں ہمیشہ رہنے والوں سے بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت منقطع نہیں کیونکہ وہ اس پر قادر ہے کہ وہ ان کے لئے ایسا عذاب پیدا کردے کہ اس میں دوزخ کے عذاب کی نسبت رحمت اور تخفیف ہو لہٰذا وہ عذاب بھی ہے اور رحمت اور خیر بھی ہے،، جیسا کہ ابن بطال رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے اور یہ ممکن ہے۔ اگر یہ سوال ہو کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے،، لَا تَنْفَعُھُمْ شَفَاعَۃُ الشَّافِعِیْنَ،، یعنی کفار کو شفاعت کرنے والوں کی شفاعت نفع نہ دے گی اگر ابوطالب کافر تھے تو ان کی شفاعت کیسے ہوئی؟ اور وہ پتلی آگ میں کیسے ہوں گے؟ اور ان کے عذاب میں تخفیف کیسے ہوگی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ علّامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے خصائص میں ذکر کیا کہ ہمارے نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم قیامت کے روز متعدّد بار شفاعت فرمائیں گے آپ کی شفاعت سے بعض لوگ بغیر حساب جنت میں داخل کئے جائیں گے اور عذابِ نار کے مستحق بعض مسلمان آگ میں داخل نہ کئے جائیں گے اور جنت میں بعض کے درجات بلند کئے جائیں گے اور بعض لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نیک مومنوں کی طاعات میں تقصیر سے درگزر

marfat.com

بَابُ الْجَرِيْدِ عَلَى الْقَبْرِ وَاَوْصٰى بُرَيْدَةُ الْاَسْلَمِيُّ اَنْ يُّجْعَلَ فِيْ قَبْرِهٖ جَرِيْدَانِ وَرَاٰى ابْنُ عُمَرَ فُسْطَاطًا عَلٰى قَبْرِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ انْزَعْهُ يَا غُلَامُ فَاِنَّمَا يُظِلُّهُ عَمَلُهٗ وَقَالَ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ رَاَيْتُنِيْ وَنَحْنُ شَبَّانٌ فِيْ زَمَنِ عُثْمَانَ وَاِنَّ اَشَدَّنَا وَثْبَةً الَّذِيْ يَثِبُ قَبْرَ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ حَتّٰى يُجَاوِزَهٗ وَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ حَكِيْمٍ اَخَذَ بِيَدِيْ خَارِجَةُ فَاَجْلَسَنِيْ عَلٰى قَبْرٍ وَاَخْبَرَنِيْ عَنْ عَمِّهٖ يَزِيْدَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اِنَّمَا كُرِهَ ذٰلِكَ لِمَنْ اَحْدَثَ عَلَيْهِ وَقَالَ نَافِعٌ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَجْلِسُ عَلَى الْقُبُوْرِ

کرنے کی آپ شفاعت فرمائیں گے اور موقف میں تخفیف کی شفاعت ہوگی اور بعض کافروں کی شفاعت ہوگی کہ ان کے عذاب میں تخفیف کی جائے اور اہلِ بیت کرام کی شفاعت ہوگی کہ ان میں سے کوئی بھی دوزخ میں داخل نہ ہو،، اور کافروں کی شفاعت نہ ہونے کا معنیٰ یہ ہے کہ دوزخ سے نکالنے کے لئے ان کی شفاعت نہ ہوگی اسی لئے وہ کہیں گے "وَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ،، جبکہ مومن شفاعت کے سبب دوزخ سے نکالے جائیں گے تو اس وقت کافر کہیں گے۔ ہماری شفاعت کرنے والا کوئی نہیں ہے! بہرحال ابوطالب کو دوزخ میں خفیف ترین عذاب ہوگا اور وہ دوزخ کے عذاب کی نسبت رحمت اور خیر ہے اور اس کو یہ لازم نہیں کہ وہ مومن ہیں لہٰذا کفر اور تخفیفِ عذاب میں اجتماع ممکن ہے الغرض ایمان ابی طالب کا مسئلہ ضروریاتِ دین سے نہیں ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — قبر پر کھجور کی شاخ رکھنا

حضرت بُریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے وصیت کی کہ ان کی قبر میں کھجور کی دو شاخیں رکھی جائیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے عبدالرحمٰن کی قبر پر خیمہ دیکھا تو کہا اے غلام اس کو اُتار دو اس کا عمل اس پر سایہ کر رہا ہے حضرت خارجہ بن زید نے کہا میں نے اپنے آپ کو اس حال میں دیکھا جبکہ ہم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں نوجوان تھے کہ ہم میں سے سب سے بڑی چھلانگ لگانے والا وہ ہوتا تھا جو عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر کو چھلانگ لگا کر عبور کر جاتا تھا عثمان بن حکیم نے کہا خارجہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ایک قبر پر بٹھا دیا اور اُنھوں نے مجھے اپنے چچا یزید بن ثابت سے خبر دیتے ہوئے کہا کہ قبر پر بیٹھنا اس شخص کے لئے مکروہ ہے جو اس پر بول و براز کرے۔ نافع رضی اللہ عنہ نے کہا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قبور پر بیٹھ جایا کرتے تھے،،

قبر میں کھجور کی شاخ رکھنے میں حکمت یہ ہے کہ یہ درخت شجرہ طیبہ ہے اس کی برکت سے نیک فال ظاہر ہوتی ہے مستملی کی روایت میں "علی القبر" ہے یعنی قبر کے اوپر رکھیں اس میں حکمت یہ ہے کہ ہر سبز شئے اللہ کی تسبیح کرتی ہے اور اس سے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے اس سے علماء نے استدلال کیا ہے کہ قبر پر پھولوں کی چادریں

marfat.com

حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ ۱۲۸۱
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ فَقَالَ اِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ اَمَّا اَحَدُهُمَا فَكَانَ لَا يَسْتَتِرُ مِنَ الْبَوْلِ
وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَكَانَ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ ثُمَّ اَخَذَ جَرِيْدَةً رَطْبَةً فَشَقَّهَا بِنِصْفَيْنِ ثُمَّ غَرَزَ فِيْ كُلِّ قَبْرٍ وَّاحِدَةً فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ صَنَعْتَ
هٰذَا فَقَالَ لَعَلَّهُ اَنْ يُّخَفَّفَ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا

بچھانا مستحب ہیں اور شیخ نے شرح مشکوٰۃ میں ذکر کیا کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ قبر کے پاس قرآن خوانی مستحب ہے کیونکہ جب شاخ کا تسبیح کہنا تخفیفِ عذاب کا سبب ہوسکتا ہے تو قرأتِ قرآن بطریق اولیٰ تخفیف کا سبب ہوسکتی ہے ،،

خارجہ بن زید کا اثر ذکر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر قبر پر صحیح غرض کے لئے خیمہ لگایا جائے اور وہ یہ کہ لوگ خیمہ سے سایہ حاصل کریں تو جائز ہے۔ میت کو سایہ کرنے کے لئے جائز نہیں ایسے ہی فخر و مباہات کی غرض سے جائز نہیں ،، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی قبر پر خیمہ نصب کیا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ قبر پر قبہ بنانا جائز ہے تاکہ لوگ اس کے سایہ میں بیٹھ کر سکون کے ساتھ فاتحہ پڑھ سکیں ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ،، ضَرْبُ الْفُسْطَاطِ اِنْ كَانَ لِغَرَضٍ صَحِيْحٍ كَالتَّسَتُّرِ مِنَ الشَّمْسِ لِلْحَيِّ لَا لِاِظْلَالِ الْمَيِّتِ فَقَدْ جَازَ ،، یعنی قبر پر خیمہ لگانا اگر صحیح غرض کے لئے ہو جیسے لوگوں کے لئے دھوپ میں سایہ کرنا اور میت کو سایہ کرنے کے لئے نہ ہو تو جائز ہے ،، اسی طرح عمدۃ القاری میں ہے ،، عثمان بن حکیم کے اثر کا مقصد یہ ہے کہ بول و براز کے لئے قبر پر بیٹھنا جائز نہیں ،، امام طحاوی نے سلیمان بن شعیب کے اسناد سے ابو امامہ سے روایت کی کہ زید بن ثابت نے کہا اے میرے بھتیجے آؤ میں تمہیں خبر دوں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر پر بول و براز کے لئے بیٹھنے سے منع فرمایا ہے اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔ امام مسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ذکر کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ،، تم میں سے کسی کا کوئلہ پر بیٹھنا جو اس کے کپڑے جلا کر اس کے چمڑے تک پہنچ جائے قبر پر بیٹھنے سے بہتر ہے اور امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے محمد بن کعب کے اسناد سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی قبر پر بیٹھے تاکہ اس پر بول و براز کرے گویا کہ وہ آگ کے دھکتے کوئلہ پر بیٹھا مسلم میں مذکور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کا محمل بھی یہی ہے تاکہ دونوں روایات متفق ہوں اسی طرح دیگر روایات جن میں قبور پر بیٹھنے کی ممانعت ہے ان کا محمل بھی یہی ہے اس طرح روایات میں تعارض نہ ہوگا اور بول و براز کے لئے قبر پر بیٹھنے کی ممانعت سے یہ لازم نہیں کہ اس کے سوا بھی قبر پر بیٹھنا ممنوع ہے۔ حضرات ائمہ کرام ابوحنیفہ، مالک ابویوسف اور محمد رضی اللہ عنہم کا یہی مسلک ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قبر پر بیٹھ جایا کرتے تھے ،،

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ دو قبروں کے پاس سے گزرے جن

marfat.com

بَابُ مَوْعِظَةِ الْمُحَدِّثِ عِنْدَ الْقَبْرِ وَقُعُودِ أَصْحَابِهِ حَوْلَهُ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ

الْقُبُورِ يُعْثَرُتْ أُثِيرَتْ بَعْثَرْتُ حَوْضِي جَعَلْتُ سَفْلَهُ أَعْلَاهُ الْإِيفَاضُ الْإِسْرَاعُ وَقَرَأَ الْأَعْمَشُ إِلَى نَصْبٍ يُوفِضُونَ إِلَى شَيْءٍ مَنْصُوبٍ يَسْتَبِقُونَ إِلَيْهِ وَالنُّصُبُ وَاحِدٌ وَالنَّصْبُ مَصْدَرٌ يَوْمُ الْخُرُوجِ مِنَ الْقُبُورِ يَنْسِلُونَ يَخْرُجُونَ

کو عذاب دیا جا رہا تھا آپ نے فرمایا ان دونوں کو عذاب دیا جاتا ہے اور کسی مشکل امر میں عذاب نہیں دیا جا رہا ہے ان میں سے ایک پیشاب سے نہ بچا کرتا تھا اور دوسرا چغلی کھاتا پھرتا تھا پھر آپ نے کھجور کی تر شاخ لی اور اس کے دو نصف کر دیئے پھر ہر ایک قبر پر ایک ایک گاڑ دیا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی یا رسول اللہ! آپ نے یہ کس لئے کیا ہے؟ فرمایا جب تک یہ دونوں ٹکڑے خشک نہ ہوں گے۔ ان کے عذاب میں تخفیف ہوتی رہے گی"

۱۲۸۱ — شرح: ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ کھجور کی شاخ کی خصوصیت یہ ہے کہ کھجور کے درخت کا پھل زیادہ عرصہ باقی رہتا ہے اس لئے تخفیفِ عذاب کی مدت بھی دراز ہوگی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت کو مومن سے تشبیہ دی ہے، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ابوالبشر سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بچی ہوئی مٹی سے کھجور کا درخت پیدا کیا گیا اس طرح کھجور بنی آدم کی پھوپھی ہوئی" حدیث ۲۱۵ کی تفہیم میں اس حدیث کی تفصیل مذکور ہے"

باب — محدّث کا قبر کے پاس وعظ کرنا اور اس کے ساتھیوں کا اس کے اردگرد بیٹھنا

"يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ" میں اجداث کا معنی قبور ہے یعنی وہ اپنی قبروں سے نکلیں گے" "بُعْثِرَتْ" کا معنی اُٹھائی جائیں گی۔ "بَعْثَرْتُ حَوْضِي" کا معنی ہے کہ میں نے اس کا نچلا حصہ اُوپر کر دیا" "إِيفَاضَ" کا معنی تیز دوڑنا ہے اور اعمش نے پڑھا ہے "إِلَى نَصْبٍ" یعنی وہ بلند شئی کی طرف تیز دوڑیں گے سبقت کریں گے۔ "نُصُب" واحد ہے اور "نَصْب" مصدر ہے اور "يَوْمُ الْخُرُوجِ" سے مراد قبروں سے نکلنے کا دن ہے "يَنْسِلُونَ" کا معنی نکلیں گے"

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی عادت ہے کہ وہ تکثیر فوائد کے لئے قرآن کریم کے الفاظ کی تفسیر ذکر کر دیتے ہیں جو ترجمۃ الباب یا اس میں مذکور حدیث کے مناسب ہو اگرچہ ان میں بعید مناسبت ہو" امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے مذکور تفاسیر کا ذکر کیا کیونکہ ان کا قبر کے ذکر سے متعلق ہے اور وعظ سے بھی تعلق ہے۔ زین بن منیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس ترجمہ میں ان آیات کا لانا اس لئے ہے کہ قبر کے پاس بیٹھنے والے کے لئے مناسب

marfat.com

حدیث ۱۲۸۲

عثمان قال حدثنا جرير عن منصور عن سعد بن عبيدة عن ابي عبد الرحمن عن علي قال كنا في جنازة في بقيع الغرقد فاتانا النبي صلى الله عليه وسلم فقعد حوله ومعه مخصرة فنكس فجعل ينكت بمخصرته ثم قال ما منكم من احد او ما من نفس منفوسة الا كتب مكانها من الجنة والنار الا قد كتبت شقية او سعيدة فقال رجل يا رسول الله افلا نتكل على كتابنا وندع العمل فمن كان منا من اهل السعادة فسيصير الى عمل اهل السعادة واما من كان منا من اهل الشقاوة فسيصير الى عمل اهل الشقاوة قال اما اهل السعادة فييسرون لعمل السعادة واما اهل الشقاوة فييسرون لعمل الشقاوة ثم قرأ فاما من اعطى واتقى الاية

یہ ہے کہ وہ اپنا کلام اس حد تک بیان کرے جس میں وہ لوگوں کو ڈرائے کہ انھوں نے عنقریب قبروں میں جانا ہے پھر ان سے نکل کر اعمال کا محاسبہ کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہونا ہے،،

اس حدیث سے یہ سند ملتی ہے کہ قبر کے پاس وعظ کی محفل قائم کرنا جائز ہے اور حدیث ۱۲۸۱ سے یہ سند ملتی ہے کہ قبر کے پاس قرآن خوانی جائز ہے ان دونوں حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ بزرگان دین کے مزارات پر عرس کرنے جائز ہیں،، جبکہ کتاب وسنت میں ان کی کراہت کا اشارہ تک موجود نہیں،، مگر غیر شرعی امور سے تخلیہ ضروری ہے اور اگر یہ کہا جائے کہ حدیث صحیح میں ہے کہ تین مساجد کے سوا کسی طرف قصد کر کے نہ جاؤ۔ لہٰذا مزارات بھی اس نہی میں آجاتے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ ان مساجد کے سوا تمام مساجد ثواب میں مساوی ہیں صرف یہ تین مساجد ثواب میں متفاوت ہیں اس لئے ان کے سوا کسی اور مسجد کی طرف بغرض ثواب سفر کا قصد نہ کیا جائے،، اگر اس حدیث کو عموم پر محمول کیا جائے تو مزارات کی کیا تخصیص ان تین مساجد کے سوا کسی طرف بھی سفر کا قصد کرنا جائز نہ ہوگا وَهُوَ كَمَا تَرَىٰ۔ واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا ہم "بقیع غرقد" میں ایک جنازہ میں شریک تھے ہمارے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے،، اور بیٹھ گئے ہم بھی آپ کے اردگرد بیٹھ گئے۔ آپ کے پاس ایک چھڑی تھی آپ نے سر مبارک جھکا لیا اور چھڑی کے ساتھ زمین کو کریدنے لگے پھر فرمایا تم میں سے کوئی شخص یا کوئی جان مخلوق نہیں مگر اس کی جگہ جنت اور دوزخ میں لکھ دی گئی ہے اور اس کو بدبخت یا نیک بخت ہونا بھی لکھا جا چکا ہے۔ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ! کیا ہم اپنے لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کرلیں؟ اور عمل کرنے چھوڑ دیں،، جو کوئی ہم سے سعادتمندوں سے ہوگا وہ نیک بختوں جیسے عمل کرنے لگے گا اور جو کوئی ہم سے بدبختوں سے ہوگا وہ بدبختوں جیسے عمل کرے گا ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ نیک بخت ہیں ان کے لئے نیک عمل آسان کر دیئے گئے ہیں اور جو بدبخت ہیں ان کے لئے بُرے عمل آسان کر دیئے گئے ہیں پھر آپ نے اس آیت کریمہ کی تلاوت کی،، فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى الخ،،

۱۲۸۲ ـــــ

شرح : بقیع قبرستان ہے غرقد جھاڑ کا درخت ہے بقیع کی غرقد کی طرف نسبت کی گئی ہے۔ اصمعی نے کہا جب اس جگہ حضرت عثمان بن مظعون

marfat.com

باب ماجاء فی قاتل النفس

۱۲۸۳ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاکِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ بِمِلَّۃٍ غَیْرِ الْاِسْلَامِ کَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَھُوَ کَمَا قَالَ وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَہٗ بِحَدِیْدَۃٍ عُذِّبَ بِھَا فِیْ نَارِ جَھَنَّمَ قَالَ وَقَالَ حَجَّاجُ بْنُ مِنْھَالٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا جُنْدُبٌ فِیْ ھٰذَا الْمَسْجِدِ فَمَا نَسِیْنَا وَمَا نَخَافُ اَنْ یَّکْذِبَ جُنْدُبٌ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ بِرَجُلٍ جِرَاحٌ فَقَتَلَ نَفْسَہٗ فَقَالَ اللّٰہُ بَدَرَنِیْ عَبْدِیْ بِنَفْسِہٖ حَرَّمْتُ عَلَیْہِ الْجَنَّۃَ

رضی اللہ عنہ دفن ہوئے تو یہ درخت کاٹ دیئے گئے تھے،، علامہ طیبی نے کہا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے پیارے انداز میں ان کو بھروسہ کر لینے اور ترکِ عمل سے منع کیا اور ان کو عبودیت کے التزام کا حکم دیا جو ان پر واجب ہے اور فرمایا امور الٰہیہ میں تصرف نہ کرو اور عبادت اور اس کا ترک دخولِ جنت و دوزخ کا مستقل سبب نہ بنالو بلکہ اعمال تو صرف علامات ہیں۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث میں قدر کا اثبات ہے کہ تمام واقعات اللہ کی قضا اور قدر سے ہیں جو وہ کرے اس سے پوچھا نہیں جا سکتا۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ قدر کا راز جنت میں داخل ہونے کے بعد منکشف ہوگا اس سے پہلے ظاہر نہ ہوگا۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو خبر دی کہ ہر شئی لکھی گئی تو انھوں نے اس کو ترکِ عمل کی دلیل بنانا چاہا تو آپ نے خبردار کیا کہ یہاں دو چیزیں ہیں ان میں ایک دوسری کو باطل نہیں کر سکتی،، ایک باطن ہے وہ اللہ کے حکم کی علتِ موجبہ ہے دوسری ظاہر ہے وہ حق عبودیت کی لازمی علامت ہے اور بیان فرمایا کہ ان میں سے ہر ایک کو جس کے لئے انسان پیدا ہوا ہے۔ آسان کیا گیا ہے اور دنیا میں اس کا عمل کرنا آخرت میں ٹھکانے کی دلیل ہے۔ اس کی نظیر رزق ہے جو تقسیم کیا گیا ہے اور اس کو حاصل کرنے کا حکم دیا گیا ہے اسی طرح دوائیوں سے علاج کرنا ہم اس کے مامور ہیں مگر شفا کا وقت طے ہو چکا ہے۔ ان دونوں میں ظاہر کو باطن کے باعث ترک نہیں کیا جاتا،، اسی طرح سعادت و شقاوت کا فیصلہ ہو چکا ہے اور جس جس کے لئے کوئی پیدا ہوا اس کا حصول اس کے لئے آسان کر دیا گیا جس کی علامت اعمال ہیں۔ اس حتمی فیصلہ کے باعث اعمال کا ترک کرنا جائز نہیں ہے اگر کوئی سوال پوچھے کہ جب ازلی فیصلہ ہو چکا ہے تو مدح و ذم اور ثواب و عقاب کس لئے ہے اس کا جواب یہ ہے کہ فاعلیت یعنی عمل کرنے کے اعتبار سے مدح و مذمت نہیں بلکہ محلیت کے اعتبار سے ہے جیسے کسی شئی کی مدح اور مذمت اس کے حسن و قبح کے لحاظ سے کی جاتی ہے اور ثواب و عقاب عادی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عادت ہے اچھے اور برے اعمال پر ثواب و عقاب مرتب فرماتا ہے جیسے آگ کو مس کرنے سے جلن ہوتی ہے جس طرح یہ کہنا صحیح نہیں کہ آگ کو مس کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے جلن کو کیوں پیدا کیا ہے اس کے بغیر ابتداءً ہی جلن کیوں حاصل نہیں اسی طرح ثواب و عقاب میں سوال کرنا صحیح نہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — اپنے آپ کو قتل کرنے والے کے بارے میں

marfat.com

۱۲۸۴ حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوالزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ يَخْنُقُ نَفْسَهٗ يَخْنُقُهَا فِی النَّارِ وَالَّذِیْ يَطْعَنُهَا يَطْعَنُهَا فِی النَّارِ

ترجمہ : ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی کہ آپ نے فرمایا جس نے اسلام کے بغیر کسی ملت و مذہب کی

۱۲۸۳ — جھوٹی قسم کھائی تو وہ ایسا ہی ہے جیسا اُس نے کہا اور جس نے اپنے آپ کو تیز ہتھیار کے ساتھ قتل کیا اس کو دوزخ میں اسی ہتھیار کے ساتھ عذاب دیا جائے گا۔ حجاج بن منہال نے کہا ہم کو جریر بن حازم نے حسن سے خبر دی کہ اُنھوں نے کہا ہم سے جندب رضی اللہ عنہ نے اس مسجد میں بیان کیا ہم بھولے نہیں اور نہ ہی ہم کو یہ ڈر ہے کہ جندب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی جھوٹی بات بیان کریں گے اُنھوں نے کہا ایک آدمی زخمی تھا اس نے اپنے آپ کو قتل کر ڈالا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے بندے نے اپنی جان کے ساتھ مجھ سے جلدی کی میں نے اس پر جنت حرام کر دی،،

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

۱۲۸۴ — نے فرمایا جو کوئی اپنے آپ کو گلا گھونٹ کر مارتا ہے وہ دوزخ میں گلا گھونٹ کر اپنے آپ کو مارتا رہے گا اور جو اپنے آپ کو نیزہ سے مارتا ہے وہ دوزخ میں اپنے آپ کو نیزہ مارتا رہے گا

۱۲۸۳ ، ۱۲۸۴ — شرح : ترجمۃ الباب میں قاتلِ نفس عام ہے اپنے آپ کو قتل کرے یا غیر کو قتل کرے یہ لفظ دونوں دونوں قسموں کو شامل ہے اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ باب کا عنوان قاتلِ نفس کا حکم بیان کرنا ہے اور یہ عام ہے اپنے آپ کو قتل کرے یا غیر کو قتل کرے اپنے آپ کو قتل کرنے کا حکم بیان کیا گیا ہے اور یہ عنوان سے خاص ہے۔ مذکور حدیث سے امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ مذکور قسم کھانے والے کی قسم منعقد ہو جاتی ہے اور اس پر کفارہ واجب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مظاہر پر کفارہ واجب کیا ہے اور ظہار بُرا قول ہے اور مذکور اشیاء کی قسم کھانا بُرا قول ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ان اشیاء سے قسم منعقد نہیں ہوتی اور اس شخص کے لئے استغفار لازم ہے وہ یہ اشیاء کرے یا نہ کرے اس پر کفارہ واجب نہیں۔ امام شافعی، امام مالک اور جمہور علماء کا یہی مذہب ہے کیونکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قسم کھائی اور قسم میں لات و عزیٰ کا ذکر کر دیا تو وہ فوراً لا الٰہ الا اللہ کہے اور اس حدیث میں کفارہ کا ذکر نہیں اس استدلال کا جواب یہ ہے کہ کفارہ کا ذکر نہ کرنے کو یہ لازم نہیں کہ کفارہ واجب ہی نہ ہو ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خودکشی کرنے والا ایمان سے خارج نہیں ہوتا ہے اور اس پر نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی اور وہ خودکشی کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔ امام ابوحنیفہ اور امام محمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک بھی اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔

قولہ حرمت علیہ الجنۃ،، اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اگر وہ خودکشی کو جائز اور حلال سمجھتا ہو تو اس کی عقوبت دائمی ہے یا اس کا معنیٰ یہ ہے کہ دوزخ میں داخل ہونے سے پہلے اس پر جنت حرام ہے یا یہ معنیٰ ہے کہ اس کے لئے خاص جنت حرام ہے کیونکہ جنتیں کئی ہیں یا یہ تغلیظ اور تہدید پر محمول ہے کیونکہ جنت کافر پر حرام ہے اور خودکشی کرنے والا مسلمان ہے اور حدیث میں اس کے کفر پر ہرگز دلالت نہیں واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

باب ما یکرہ من الصلوٰۃ علی المنافقین و الاستغفار
للمشرکین رواہ ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

حدثنا یحیی بن بکیر قال حدثنا اللیث عن عقیل عن ابن شہاب عن عبید اللہ بن عبد اللہ عن ابن عباس عن عمر بن الخطاب
۱۲۸۵

باب ـــــ منافقین پر نمازِ جنازہ اور مشرکین کے لئے دعاءِ مغفرت مکروہ ہے ،،

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی روائت کی"

۱۲۸۵ ـــ ترجمہ : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا جب عبداللہ بن اُبی بن سلول مرا تو جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا گیا تاکہ اس پر نمازِ جنازہ پڑھیں جب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (نماز کے لئے) کھڑے ہوئے تو میں آپ کی طرف اُچھل پڑا اور میں نے عرض کی یا رسُول اللہ! آپ عبداللہ بن ابی پر نماز پڑھتے ہیں حالانکہ اُس نے فلاں روز ایسا ایسا کہا تھا میں اس کی باتیں شمار کرنے لگا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکرا کر فرمایا اے عمر! مجھ سے ایک طرف ہو جاؤ جب میں زیادہ عرض کرنے لگا تو فرمایا مجھے اختیار دیا گیا ہے اور میں نے یہ استغفار اختیار کی ہے ،، اگر میں یہ جانتا کہ اگر میں اس کے لئے ستّر بار سے زیادہ استغفار کروں تو اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا تو میں اس پر زیادہ کرتا ،، راوی نے کہا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نمازِ جنازہ پڑھی پھر واپس آ گئے ابھی تھوڑا ہی ٹھہرنے پائے تھے کہ سورۂ برأت کی یہ دو آیتیں نازل ہوئیں "اے حبیب جو کوئی ان میں سے مر جائے اس پر کبھی نماز جنازہ نہ پڑھیں الخ ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس روز اس قدر جرأت اور دلیری پر تعجب کیا ۔ واللہ و رسولہ اعلم!

۱۲۸۵ ـــ شرح : عبداللہ کا ابی باپ اور سلول اس کی ماں ہے اس لئے ابن کا مرفوع پڑھنا واجب ہے کیونکہ یہ عبداللہ کی صفت ہے ۔ ساری اُمت پر یہ فرض ہے کہ وہ مشرکوں کے لئے دُعاءِ مغفرت نہ کریں جبکہ وہ شرک کی حالت میں مَر جائیں ،، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے چچا کے لئے دُعاء حسبِ وعدہ کی تھی جب انھیں پتہ چلا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو اس سے بے زاری کا اظہار کیا ،، اس حدیث کی تفصیل حدیث ۱۱۹۸ ، ۱۱۹۹ کی تفہیم میں مذکور ہے ،،

---

marfat.com

انه قال لما مات عبد الله بن ابی ابن سلول دعی لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیصلی علیہ فلما قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وثبت الیہ فقلت یا رسول اللہ اتصلی علی ابن ابی وقد قال یوم کذا وکذا وکذا اعدد علیہ قولہ فتبسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اخر عنی یا عمر فلما اکثرت علیہ قال انی خیرت فاخترت لو اعلم انی ان زدت علی السبعین یغفر لہ لزدت علیہا قال فصلی علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم انصرف فلم یمکث الا یسیرا حتی نزلت الایتان من براءۃ ولا تصل علی احد منہم مات ابدا الی قولہ وہم فاسقون فما قام علی قبرہ انہم کفروا باللہ ورسولہ وماتوا وہم فاسقون قال فعجبت بعد من جرأتی علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یومئذ واللہ ورسولہ اعلم ۱۲۸۶

باب ثناء الناس علی المیت

حدثنا آدم قال حدثنا شعبۃ قال حدثنا عبد العزیز بن صہیب قال سمعت انس بن مالک یقول مروا بجنازۃ فاثنوا علیہا خیرا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجبت ثم مروا باخری فاثنوا علیہا شرا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجبت فقال عمر بن الخطاب ما وجبت قال ہذا اثنیتم علیہ خیرا فوجبت لہ الجنۃ وہذا اثنیتم علیہ شرا فوجبت لہ النار انتم شہداء اللہ فی الارض ۱۲۸۶

حدثنا عفان بن مسلم ہو الصفار قال حدثنا داود بن ابی الفرات عن عبد اللہ ۱۲۸۷

باب ــــ لوگوں کا میت کی تعریف کرنا ''

۱۲۸۶ ــــ ترجمہ : عبدالعزیز بن صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ صحابہ جنازہ کے پاس سے گزرے تو انھوں نے اس کی اچھی تعریف کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واجب ہوگئی پھر دوسرے جنازہ کے پاس سے گزرے تو انھوں نے اس کی برائی بیان کی آپ نے فرمایا واجب ہوگئی۔ یہ سن کر عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کیا واجب ہوگئی ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی تم نے تعریف کی تو اس کے لئے جنت واجب ہوگئی اور اس کی تم نے برائی بیان کی تو اس کے لئے آگ واجب ہوگئی تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو ''

۱۲۸۷ ــــ ترجمہ : ابوالاسود رضی اللہ عنہ نے کہا میں مدینہ منورہ آیا حالانکہ وہاں بیماری پڑی ہوئی تھی۔ میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھ گیا ان کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو اس جنازے والے کی اچھی تعریف کی گئی عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا واجب ہوگئی۔ پھر دوسرا جنازہ گزرا اس جنازے والے کی تعریف کی گئی تو انھوں نے کہا واجب ہوگئی پھر تیسرا جنازہ گزرا تو اس جنازے والے کی برائی بیان کی گئی اور انھوں نے کہا واجب ہوگئی۔ ابوالاسود نے کہا میں نے کہا یا امیر المؤمنین کیا واجب ہوگئی انھوں نے کہا میں نے وہی کہا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس مسلمان کے لئے چار آدمی اچھی گواہی دیں۔ اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرتا ہے۔ ہم نے کہا اگر تین آدمی گواہی دیں تو انھوں نے کہا اور تین ہم نے کہا اور دو تو عمر فاروق نے کہا اور دو پھر ہم نے ایک کے متعلق ان سے نہ پوچھا ''

۱۲۸۶ ، ۱۲۸۷ ــــ شرح : اہل لغت کے نزدیک ثناء کا استعمال خیر میں ہوتا ہے

marfat.com

ابن بُرَیدۃ عن ابی الاسود قال قَدِمتُ المدینۃ وقد وقع بھا مرض فجلستُ الی عُمر بن الخطاب فمرّت بھم جنازۃ فاثنی علی صاحبھا خیرًا فقال عُمر وجبت ثم مُرّ باُخری فاثنی علی صاحبھا خیرًا فقال وجبت ثم مُرّ بالثالثۃ فاثنی علی صاحبھا شرًا فقال وجبت فقال ابو الاسود فقلت وما وجبت یا امیر المومنین قال قلتُ کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایّما مسلم شَھِد لہ اربعۃ بخیر ادخلہ اللہ الجنۃ فقلنا وثلاثۃ قال وثلاثۃ فقلنا واثنان قال واثنان ثم لم نسالہ عن الواحد **باب** ماجاء فی عذاب القبر وقول اللہ ولو تری اذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ

شر میں نہیں ہوتا ،، حدیث میں ثنا کا شر میں استعمال بطورِ مشاکلت ہے جیسے جزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا ،، اور جو حدیث شریف میں آیا ہے کہ مردوں کو بُرا نہ کہو اور ان کا اچھا ذکر کرو وہ مسلمانوں کے لئے فرمایا ہے کافروں کی بُرائی کا ذکر نا جائز ہے تاکہ ان کے طریقہ سے لوگ اجتناب کریں ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جو مسلمان فوت ہو جائے اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی تعریف ڈال دے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ شخص جنتی ہے اس کے اعمال جیسے بھی ہوں کیونکہ عقوبت اور عذاب اللہ تعالیٰ کی مشیئت سے ہے جب اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے دلوں میں اس کی تعریف ڈال دی تو اس کا نتیجہ یہی برآمد ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت چاہی ہے اس طرح ثناء کا فائدہ بھی ظاہر ہوگا ورنہ کوئی فائدہ نہ ہوگا ؛ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ثناء کا فائدہ ثابت کیا ہے اگر کوئی سوال پوچھے کہ اہل سنت وجماعت کا مذہب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پہ کوئی شئ واجب نہیں اور نہ اللہ کی طرف سے واجب ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں وجوب سے مراد ثبوت ہے یا یہ وجوب شارع کے وعدہ کے اعتبار سے ہے اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کسی کی اچھائی اور بُرائی بیان کرنا ضرورت کے تحت جائز ہے ، اور یہ غیبت اور چغلی نہیں ،،

باب — جو کچھ عذابِ قبر کے بارے میں منقول ہے ،،

اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور اگر آپ دیکھ لیں جبکہ ظالم موت کی سختیوں میں ہوں گے اور فرشتے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہوں گے کہ نکالو اپنی جانیں تمہیں ذلت کا عذاب دیا جائے گا ۔ امام بخاری نے کہا " ھُوْنٌ " ھَوَانٌ " ذلت کے معنی میں ہے اور " ھَوْنٌ " رفق اور نرمی کے معنیٰ میں ہے ، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ، ہم انھیں دو بار عذاب دیں گے پھر بڑے عذاب کی طرف ان کو پھیرا جائے گا اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد " اٰلَ فِرْعَوْنَ کو بُرے عذاب نے گھیر لیا وہ صبح ، شام آگ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی تو کہا جائے گا اٰلِ فرعون کو سخت عذاب میں لے جاؤ ،، " ھُوْن " بضم الہاء ذلت کے معنیٰ میں ہے اور " اَلْھَوْن " بفتح الہاء نرمی کے معنیٰ میں ہے ۔

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس عنوان میں عذاب قبر کی طرف اشارہ کیا ہے اور یہ نہ بتایا کہ عذابِ قبر صرف روح

marfat.com

بَاسِطُوٓا اَيْدِيْهِمْ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ الْهُوْنُ هُوَ الْهَوَانُ وَالْهُوْنُ الرِّفْقُ وَقَوْلُهٗ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ وَقَوْلُهٗ وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ **حدثنا** حفص بن عمر قال حدثنا شعبة ۱۲۸۸
عن علقمة بن مرثد عن سعد بن عبيدة عن البراء بن عازب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اقعد المؤمن فی قبرہ اُتی ثم شهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله فذلك قوله يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِی الْاٰخِرَةِ **حدثنا** محمد بن بشار قال حدثنا غندر قال حدثنا شعبة بهذا وزاد يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۱۲۸۹
نزلت فی عذاب القبر

کو ہے یا اس کو بدن سمیت ہے اس مسئلہ میں اہل سنت اور معتزلہ میں شدید اختلاف ہے۔ حدیث ۱۲۹۰ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔ باب کا عنوان عذابِ قبر ہے اور آئت میں مذکور عذاب دفن سے پہلے ہے مگر اس میں حرج نہیں کیونکہ یہ منجملہ عذاب ہے جو قیامت سے پہلے واقع ہے اور قبر کی طرف عذاب کی نسبت اس لئے ہے کہ اکثر عذاب مردوں کو قبور میں ہوتا ہے ورنہ کافر کو اس کی موت کے بعد ہی عذاب ہونے لگتا ہے اگرچہ اس کو دفن نہ کیا جائے مگر وہ مخلوق سے محجوب ہوتا ہے یہی حال نافرمانوں کا ہے جن کو اللہ تعالیٰ عذاب دینا چاہے" کافروں کو جب فرشتے اللہ کے عذاب کی دعوت دیتے ہیں تو اُن کی روحیں جسم میں پھیل جاتی ہیں اور باہر نکلنے سے انکار کرتی ہے اس لئے فرشتے ان کو مارتے ہیں اور کہتے ہیں" اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ "، قاضی ابوبکر رحمہ اللہ نے کہا کہ روح اور نفس ایک ہی چیز ہے۔ ابن حبیب نے کہا روح سانس ہے جو اندر باہر آتا جاتا ہے اس کے سوا زندگی محال ہے نفس لذت و سرور حاصل کرتا ہے روح کو نہ الم ہوتا ہے اور نہ سرور"، عبدالرحمٰن بن خلف سے روایت ہے کہ روح کا جسم، دو ہاتھ، دو پاؤں، سر اور آنکھیں ہیں"، حدیث میں مذکور تینوں آیات عذابِ قبر پر دلالت کرتی ہیں"

۱۲۸۸ — ترجمہ : حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا جب مومن کو اس کی قبر میں بٹھایا جاتا ہے تو اس کے پاس "منکر نکیر" آتے ہیں پھر وہ گواہی دیتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ"، یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" کہ اللہ ایمان والوں کو ثابت قول پر رکھتا ہے"

۱۲۸۹ — ترجمہ : محمد بن بشار نے کہا ہمیں غندر نے خبر دی کہ شعبہ نے یہی بیان کیا ہے اور اس میں یہ اضافہ کیا کہ وہ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عذابِ قبر میں نازل ہوئی"

marfat.com

۱۲۹۰ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ قَالَ اطَّلَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَهْلِ الْقَلِيبِ فَقَالَ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا فَقِيلَ لَهُ تَدْعُو اَمْوَاتًا قَالَ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لَا يُجِيبُونَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ لَيَعْلَمُونَ الْاٰنَ اَنَّ مَا كُنْتُ اَقُولُ لَهُمْ حَقٌّ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى ۱۲۹۱

شرح : اگر یہ کہا جائے کہ آیت کریمہ میں مومن کے عذاب کا کوئی ذکر نہیں تو اس کے عذاب قبر میں نازل ہونے کا کیا معنیٰ ہے اس کا جواب یہ ہے کہ قبر میں مومن کے احوال کو عذاب کہا گیا ہے اور تخویف و انذار کے لئے کافر کے فتنہ کو مومن کے فتنہ پر غلبہ دیا ہے یا اس لئے کہ قبر ہول و وحشت کا مقام ہے یا اس لئے کہ قبر میں فرشتوں کا آنا مومن کو ہیبت میں ڈالتا ہے مومن کے لئے یہی عذاب قبر ہے۔ قولہ فذالك قوله آہ یعنی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ،، کہنا قول ثابت ہے کیونکہ یہ مومن کے قلب میں راسخ ہے ،،

ابن کثیر نے تفسیر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ ،، یہ ہے کہ جب صاحب قبر سے کہا جائے گا۔ تیرا رب کون ہے تیرا دین کیا ہے تیرا نبی کون ہے؟ تو وہ کہے گا میرا رب اللہ ہے میرا دین اسلام ہے میرے نبی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے پاس بینات لے کر تشریف لائے میں آپ پر ایمان لایا اور آپ کی تصدیق کی پھر فرشتے کہتے ہیں تو نے سچ کہا ہے تو اسی پر زندہ رہا اسی پر مرا اور اسی پر اٹھایا جائے گا ،، مسلم نے اپنے اسناد سے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : یُثَبِّتُ اللّٰهُ آیت کریمہ عذاب قبر میں نازل ہوئی ۔"

ترجمہ ۱۲۹۰ — : نافع نے بیان کیا کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو خبر دی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے کنوئیں میں پڑے ہوئے مقتول مشرکین پر جھانکا اور فرمایا کیا تم نے اس شئی کو ٹھیک ٹھیک پا لیا جس کا تمہارے رب نے تم سے وعدہ کیا تھا ،، آپ سے عرض کیا گیا آپ مردوں کو پکارتے ہیں۔ آپ نے فرمایا تم اُن سے زیادہ نہیں سُنتے ہو لیکن وہ جواب نہیں دے سکتے ۔"

ترجمہ ۱۲۹۱ — : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قلیب بدر والوں سے یہ کہا تھا کہ وہ اب جانتے ہیں کہ جو میں نے کہا تھا حق ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " آپ مردوں کو نہیں سُنا سکتے ہیں ،،

شرح ۱۲۹۰ ، ۱۲۹۱ — : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قلیب بدر میں پڑے ہوئے مُردوں کو دیکھا کہ ان کو عذاب دیا جا رہا ہے اسی لئے فرمایا کہ تمہارے رب نے جو تم سے وعدہ کیا تھا اسے ٹھیک ٹھیک پا لیا؟ اور یہ قیامت سے پہلے عذاب

marfat.com

قبر ہے۔ اس طرح یہ حدیث ترجمۃ الباب کے مناسب ہے ،، یہ لوگ ابوجہل بن ہشام، امیہ بن خلف، عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ وغیرہ وغیرہ تھے ان کو مخاطب کرکے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے اپنے رب کا وعدہ ٹھیک ٹھیک پالیا ؟ کیونکہ میں نے تو اپنے رب کا وعدہ ٹھیک پالیا ہے۔ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے آپ سے یہ سُن کر عرض کیا یارسول اللہ! یہ لوگ کیسے سنیں گے اور کس طرح جواب دیں گے ؟ حالانکہ یہ تو مردار ہو چکے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے جو میں اُن سے کہتا ہوں تم اس کو ان سے زیادہ نہیں سُنتے ہو لیکن وہ جواب دینے کی قدرت نہیں رکھتے (مسلم) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بخاری کی اس روایت میں آپ سے عرض کرنے والے سیدنا عمر فاروق تھے اور یہ بھی معلوم ہُوا کہ قبر میں حیات ہے لہٰذا صاحبِ قبر اس میں عذاب کے لائق ہو سکتا ہے ،، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہ جواب سُن کر خاموش ہو جانا اس بات کی دلیل ہے کہ اُنھوں نے سماعِ موتیٰ کا یقین کر لیا تھا۔ حدیث ۱۲۹۱ میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا معنیٰ یہ ہے کہ اہلِ قبور نے موت سے پہلے جو کچھ سُنا تھا وہ جانتے ہیں۔ یہ معنی نہیں کہ وہ موت کے بعد سُنتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کا مذہب یہ ہے کہ مردے نہیں سنتے لیکن جمہور علماء اس مسئلے میں ام المؤمنین کے مسلک کے خلاف ہیں اور ان کے نزدیک حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث مقبول ہے اور ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ وہاں ام المؤمنین موجود نہ تھیں اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ موجود تھے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ اچھی طرح محفوظ کر سکتے ہیں جبکہ ان سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا "تم ان سے زیادہ نہیں سُنتے ہو" اور اس حال میں جب وہ جانتے ہیں تو اس حال میں ان کا سُننا بھی جائز ہے اور آیت کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ کفار آپ کی تبلیغ کی طرف متوجہ نہیں ہوتے اور نہ ہی وہ تبلیغ سے فائدہ اُٹھاتے ہیں جیسے اصحابِ قبور کو تبلیغ فائدہ نہیں دیتی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ،، اس آیت کریمہ میں عدمِ انتفاع میں کفار کو اصحابِ قبور سے تشبیہ دی گئی ہے۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے قتلِ ابی جہل کے باب میں ذکر کیا۔

اِنَّ الْمُفَسِّرِيْنَ قَالُوْا فَالْمُرَادُ مِنَ الْمَوْتٰى الْكُفَّارُ بِاعْتِبَارِ مَوْتِ قُلُوْبِهِمْ وَاِنْ كَانُوْا اَحْيَاءَ صُوْرَةً وَقَدِ الْمُرَادُ مِنَ الْاٰيَةِ الْاُخْرٰى قَالَ صَاحِبُ الْكَشَّافِ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى ،، شَبَّهُوْا بِالْمَوْتٰى وَفِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى ،، وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ اَيِ الَّذِيْنَ هُمْ كَالْمَقْبُوْرِيْنَ ،، یعنی مفسرین نے کہا مَوْتٰی سے مراد کافر اس اعتبار سے ہیں کہ ان کے دل مرے ہوئے ہیں اگرچہ وہ صورت کے اعتبار سے زندہ ہیں ایسے ہی دوسری آیت " وما انت بمسمع من فی القبور" میں ہے صاحبِ کشاف نے اللہ تعالیٰ کے اس قول " اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى " کی تفسیر میں کہا کہ کافروں کو مُردوں سے تشبیہ دی گئی حالانکہ وہ زندہ ہیں کیونکہ ان کا حال مُردوں کے حال جیسا ہے (یعنی وہ نفع نہیں اُٹھاتے) اور صاحبِ کشاف نے اللہ تعالیٰ کے قول " وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ،، کی تفسیر میں کہا یعنی وہ لوگ جو قبروں میں مُردوں کی طرح ہیں۔ یعنی اس آیت سے مراد حقیقۃً مُردے نہیں ہیں بلکہ مُراد یہ ہے کہ جس طرح قبروں میں پڑے ہوئے لوگوں کو وعظ و نصیحت کوئی فائدہ نہیں دے سکتی ایسے ہی کافر عدمِ انتفاع میں مُردوں جیسے ہیں اور اس آیت کا مفہوم یہ ہرگز نہیں کہ مُردے سُنتے نہیں ہیں ،، اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبر والوں کو سلام ہو اگر وہ سُنتے نہیں تو سلام کہنے

marfat.com

۱۲۹۲ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْاَشْعَثَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ یَهُوْدِیَّةً دَخَلَتْ عَلَیْهَا فَذَکَرَتْ عَذَابَ الْقَبْرِ فَقَالَتْ لَهَا اَعَاذَکِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَسَاَلَتْ عَائِشَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَقَالَ نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی

۱۲۹۳ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ صَلّٰی صَلٰوةً اِلَّا تَعَوَّذَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ زَادَ غُنْدَرٌ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ اَنَّهٗ سَمِعَ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِیْ بَکْرٍ تَقُوْلُ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطِیْبًا فَذَکَرَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ الَّتِیْ یُفْتَتَنُ فِیْهَا الْمَرْءُ فَلَمَّا ذَکَرَ ذٰلِکَ ضَجَّ الْمُسْلِمُوْنَ ضَجَّةً

بے مقصد ہوگا ،، اسی طرح قبر پر تلقین کرنا مسنون ہے اگر صاحبِ قبر سنتا ہی نہیں تو تلقین بے معنی ہوگی نیز جب لوگ دفن کرکے واپس جاتے ہیں تو وہ ان کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے واللہ رسولہ اعلم!

۱۲۹۲ — ترجمہ : حضرت مسروق نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ ایک یہودی عورت اُن کے پاس آئی اور عذابِ قبر کا ذکر کیا اور ام المؤمنین سے کہا اللہ تعالیٰ آپ کو عذابِ قبر سے بچائے مائی صاحبہ نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عذابِ قبر کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا ہاں (عذابِ قبر حق ہے) ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا اس کے بعد میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے نہ دیکھا مگر آپ عذابِ قبر سے پناہ مانگا کرتے تھے ،،

۱۲۹۳ — ترجمہ : ابن شہاب نے روایت کی کہ مجھے عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ اُنھوں نے اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کو یہ کہتے ہُوئے سُنا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کے لئے کھڑے ہُوئے اور قبر کے فتنہ کا ذکر کیا جس میں آدمی مبتلا ہوتا ہے جب یہ ذکر کیا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم چیخنے لگے۔ غُنْدَر نے عذابِ قبر کے لفظ کا اضافہ کیا ،،

۱۲۹۲ — شرح : مسروق رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ احتمال ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم یہودی عورت کا عذابِ قبر ذکر کرنے سے پہلے اس سے آہستہ پناہ مانگتے تھے اور جب ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے یہودیہ سے یہ سُنا اور اس کو عجیب خیال کیا تو آپ نے یہ دیکھ کر علانیہ عذابِ قبر سے پناہ مانگنا شروع کیا تاکہ یہ اُمت کے عقائد میں راسخ ہو جائے اور وہ اس سے خائف ہوں۔ یہ کہنا بعید نہیں کہ اس وقت تک عذابِ قبر کے بارے میں وحی نازل نہ ہُوا اور یہودیہ کے ذکر کے بعد وحی نازل ہُوا تو آپ نے اس سے تعوذ فرمایا کیونکہ آپ وحی کے بغیر نطق نہیں فرماتے تھے۔ امام خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیہ سے عذابِ قبر سُنا پھر اس کے بعد عذابِ قبر کے بارے میں وحی نازل ہُوا ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عذابِ قبر حق ہے اور اس اُمت کے ساتھ خاص نہیں اور یہ بھی معلوم ہُوا کہ اہلِ کتاب کی

marfat.com

۱۲۹۳

حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ حَدَّثَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا وُضِعَ فِيْ قَبْرِهٖ وَتَوَلّٰى عَنْهُ اَصْحَابُهٗ اِنَّهٗ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ اَتَاهُ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ مُحَمَّدٍ فَاَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ فَيُقَالُ لَهٗ اُنْظُرْ اِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ قَدْ اَبْدَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ مَقْعَدًا مِّنَ الْجَنَّةِ فَيَرَاهُمَا جَمِيْعًا قَالَ قَتَادَةُ وَذُكِرَ لَنَا اَنَّهٗ يُفْسَحُ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ اَنَسٍ قَالَ وَاَمَّا الْمُنَافِقُ اَوِ الْكَافِرُ فَيُقَالُ لَهٗ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ لَا اَدْرِيْ كُنْتُ اَقُوْلُ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ فَيُقَالُ لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ وَيُضْرَبُ بِمَطَارِقَ مِنْ حَدِيْدٍ ضَرْبَةً فَيَصِيْحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيْهِ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ

خبر جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کے موافق ہو تو اس کی روایت کرنا جائز ہے اور جب تک اس کا صدق و کذب معلوم نہ ہو اس میں توقف کرنا چاہیئے اور نماز کے بعد عذابِ قبر سے پناہ مانگنا مستحب ہے کیونکہ یہ قبولیت کا وقت ہے اور یہودی عورتیں مسلمان عورتوں کے پاس آسکتی ہیں اور ان سے خدمت لینا جائز ہے "

شرح ۱۲۹۳ : کفار کے حق میں قبر میں حساب لینا عذاب ہے اور قبر کا فتنہ سوال و جواب اور عذاب دونوں کو شامل ہے اس اعتبار سے یہ حدیث باب کے عنوان کے مطابق ہے "

ترجمہ ۱۲۹۴ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام سے بیان کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آدمی کو اس کی قبر میں رکھا جائے اور اس کے ساتھی اس سے پھر جاتے ہیں اور وہ ان کی جوتوں کی آواز سنتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں وہ اس کو بٹھاتے ہیں اور سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کرکے کہتے ہیں۔ اس شخص کے بارے میں تو کیا کہتا تھا مومن تو یہ کہتا ہے کہ میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں تو اسے کہا جاتا ہے دوزخ میں اپنی جگہ دیکھ اللہ تعالیٰ نے اس کے عوض تیرے لئے جنت میں جگہ بدل دی ہے اور وہ جنت و دوزخ دونوں کو دیکھتا ہے۔ قتادہ رضی اللہ عنہ نے کہا ہم سے ذکر کیا گیا کہ اس کی قبر میں وسعت کی جاتی ہے پھر وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی طرف لوٹے اور کہا اور منافق اور کافر سے کہا جاتا ہے تو اس شخص کے متعلق کیا کہتا تھا وہ کہتا ہے میں نہیں جانتا جو لوگ کہتے تھے میں بھی وہی کہتا تھا تو اس سے کہا جاتا ہے تو نے نہ جانا اور نہ پڑھا اور اس کو لوہے کے ہتھوڑوں سے مارا جاتا ہے وہ چیختا ہے جسے انسان و جن کے سوا اس کے قریب والے تمام سنتے ہیں "

شرح ۱۲۹۴ : اس حدیث سے عذابِ قبر ثابت ہوتا ہے جو کافروں کو دیا جاتا ہے اور اگر اللہ چاہے تو نافرمان مومنوں کو بھی قبر کا عذاب دیا جاتا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مومنوں اور کافروں دونوں سے قبر میں سوال ہوتا ہے" حدیث ۱۲۶۰ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے"

marfat.com

باب التعوذ من عذاب القبر

۱۲۹۵ حدثنا محمد بن المثنى قال حدثنا يحيى قال حدثنا شعبة قال حدثني عون بن ابي جحيفة عن ابيه عن البراء بن عازب عن ابي ايوب قال خرج النبي صلى الله عليه وسلم وقد وجبت الشمس فسمع صوتا فقال يهود تعذب في قبورها وفي قال لنضر اخبرنا شعبة قال حدثنا عون قال سمعت ابي قال سمعت البراء عن ابي ايوب عن النبي صلى الله

۱۲۹۶ عليه وسلم حدثنا معلى قال حدثنا وهيب عن موسى بن عقبة قال حدثتني بنت خالد بن سعيد بن العاص انها

۱۲۹۷ سمعت النبي صلى الله عليه وسلم وهو يتعوذ من عذاب القبر حدثنا مسلم بن ابراهيم قال حدثنا هشام قال حدثنا

باب — عذابِ قبر سے پناہ مانگنا

۱۲۹۵ — ترجمہ : براء بن عازب رضی اللہ نے ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ اُنھوں نے کہا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے جبکہ سورج غروب ہو چکا تھا آپ نے آواز سُنی تو فرمایا یہودیوں کو ان کی قبروں میں عذاب دیا جا رہا ہے،، اور نضر نے ہمیں شعبہ سے خبر دی اُنھوں نے کہا ہم سے عون نے بیان کیا کہ میں نے اپنے باپ سے سُنا اُنھوں نے کہا میں نے براء بن عازب کو ایوب رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہوئے سُنا۔ اُنھوں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی۔"

۱۲۹۵ — شرح : میت کے عذاب کی آواز کا سُن لینا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے کیونکہ یہ آواز جن اور انسان نہیں سُن سکتے ہیں" اس حدیث کی باب سے مطابقت اس طرح ہے کہ جو کوئی ایسی آواز سُنے وہ اس طرح کی آواز سے پناہ مانگتا ہے" جس آواز کو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے سُنا تھا وہ عذاب کے فرشتوں کی آواز تھی یا جن یہودیوں کو عذاب دیا جا رہا تھا ان کی آواز تھی یا عذاب کی ضرب ہونے کی آواز تھی۔"

۱۲۹۶ — ترجمہ : موسیٰ بن عقبہ نے کہا مجھ سے خالد بن سعید بن عاص کی لڑکی نے بیان کیا کہ اُنھوں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ آپ عذابِ قبر سے پناہ مانگتے تھے،،

۱۲۹۶ — شرح : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عذابِ قبر سے پناہ مانگی حالانکہ آپ معصوم، طاہر، مطہر اور مغفور ہیں تو جن میں عصمت و طہارت نہیں ان کو اس سے بطریقِ اولیٰ پناہ مانگنی چاہیئے۔ دراصل آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عذابِ قبر سے پناہ مانگنا اُمت کی تعلیم کے لئے تھا۔

۱۲۹۷ — ترجمہ : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دُعاء فرماتے تھے اے اللہ میں تجھ سے عذابِ قبر، آگ کا عذاب، موت و حیات کا فتنہ اور مسیح دجال کے فتنے سے پناہ مانگتا ہوں۔

marfat.com

يحيى عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يدعو اللهم اني اعوذ بك من عذاب القبر ومن
عذاب النار ومن فتنة المحيا والممات ومن فتنة المسيح الدجال باب عذاب القبر من الغيبة والبول حدثنا قتيبة ۱۲۹۸
قال حدثنا جرير عن الاعمش عن مجاهد عن طاوس عن ابن عباس قال مر النبي صلى الله عليه وسلم على قبرين فقال انهما
ليعذبان وما يعذبان من كبير ثم قال بلى اما احدهما فكان يسعى بالنميمة واما احدهما فكان لا يستتر من بوله قال ثم اخذ
عودا رطبا فكسره باثنين ثم غرز كل واحد منهما على قبر ثم قال لعله يخفف عنهما ما لم ييبسا باب الميت يعرض
عليه مقعده بالغداة والعشي حدثنا اسمعيل قال حدثني مالك عن نافع عن عبد الله بن عمر ان رسول الله ۱۲۹۹
صلى الله عليه وسلم قال ان احدكم اذا مات عرض عليه مقعده بالغداة والعشي ان كان من اهل الجنة فمن اهل الجنة
وان كان من اهل النار فمن اهل النار فيقال هذا مقعدك حتى يبعثك الله يوم القيمة

شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا دعا کرنا تعلیم امت کے لئے تھا ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دجال کے فتنہ سے مامون ہیں ،،

۱۲۹۷ ——

حدیث ۱۲۹۶ کے اسناد میں "ابنت خالد" کا نام اَمَۃ ہے ان کی مشہور کُنیت "ام خالد" ہے وہ قریشیہ ، امویہ ہیں ۔ حبشہ میں پیدا ہوئیں اور بچپن ہی میں مدینہ منورہ آگئیں ۔ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے ان سے نکاح کیا اور ان سے خالد اور عمر پیدا ہوئے وہ صحابیہ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہا ،،

باب — عیبت اور پیشاب سے پرہیز نہ کرنے کے باعث قبر کا عذاب ہونا

۱۲۹۸

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے اور فرمایا ان دونوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور کسی بڑی بات میں ان کو عذاب نہیں ہو رہا پھر فرمایا ان میں سے ایک چغلی کھاتا پھرتا تھا اور دوسرا اپنے پیشاب سے نہ بچتا تھا ۔ ابن عباس نے کہا پھر آپ نے تر لکڑی پکڑی اور اس کے دو ٹکڑے کئے پھر ان دونوں میں سے ہر ایک کو قبر پر گاڑ دیا پھر فرمایا جب تک یہ خشک نہ ہوں گی ان کے عذاب میں تخفیف ہوتی رہے گی ۔ اس حدیث کی تفہیم حدیث ۲۱۵ کے تحت مذکور ہے ،،

باب — میّت پر صبح و شام اس کا ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے ——

۱۲۹۹ ——

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اس پر صبح و شام اس کا ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے ،، اگر وہ جنتیوں میں سے ہو تو جنتیوں کا ٹھکانا

marfat.com

بَابُ كَلَامِ الْمَيِّتِ عَلَى الْجَنَازَةِ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ قَالَ
۱۳۰۰ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُونِي
قَدِّمُونِي وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ يَا وَيْلَهَا أَيْنَ تَذْهَبُونَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الْإِنْسَانَ وَلَوْ سَمِعَهَا
الْإِنْسَانُ لَصَعِقَ بَابُ مَا قِيلَ فِي أَوْلَادِ الْمُسْلِمِينَ وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ
مَاتَ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ كَانَ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ أَوْ دَخَلَ الْجَنَّةَ

اور اگر دوزخیوں میں سے ہو تو دوزخیوں کا ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے،، اور کہا جاتا ہے یہ تیرا ٹھکانا ہے یہاں تک کہ قیامت کے دن تجھے اللہ تعالیٰ اُٹھائے گا۔،،

۱۲۹۹ — شرح : علامہ توربشتی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اصل میں حدیث کی عبارت یہ ہے" اِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمِنْ مَقَاعِدِ أَهْلِ الْجَنَّةِ يُعْرَضُ عَلَيْهِ "، علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا حدیث کا معنیٰ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اگر وہ اہلِ جنت سے ہے تو اس کو ایسی خوشخبری دی جاتی ہے جس کی حقیقت معلوم نہیں کی جاسکتی کیونکہ یہ مقام سعادتِ کبریٰ کی خوشخبریوں کا مقدمہ ہے کیونکہ شرط وجزاء جب متحد ہوں تو اس کی فخامت وعظمت پر دلالت ہوتی ہے اور" حتى يبعثك " کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ موت کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور کرامت ومنزلت دیکھے گا اور یہ ٹھکانا اس وقت بھول جائے گا،، جیسے صاحبِ کشاف نے" اِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ "، کی تفسیر میں ذکر کیا کہ تجھ پر قیامت تک مذمت اور لعنت ہوتی رہے گی اور جب وہ دن آئے گا تو تجھے ایسا عذاب دیا جائے گا کہ تو یہ لعنت بھول جائے گا۔ (کرمانی)

باب میت کا چارپائی پر کلام کرنا

۱۳۰۰ — ترجمہ : سعید بن ابی سعید نے اپنے والد ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ اُنھوں نے ابوسعید خُدری رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنازہ رکھا جائے اور اس کو لوگ اپنے کندھوں پر اُٹھائیں تو اگر وہ نیک ہو تو کہتا ہے مجھے آگے لے چلو اور اگر وہ نیک نہ ہو تو کہتا ہے افسوس تم مجھے کہاں لے جارہے ہو اس کی آواز انسان کے سوا ہر شئی سُنتی ہے اگر اس کو انسان سُن لے تو بے ہوش ہوجائے،،

۱۳۰۰ — شرح : اس حدیث کی تفہیم حدیث ۱۲۳۸ کے تحت گزری ہے،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ آواز روح نکالتی ہے جبکہ ایسے آثار موجود ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ میت اس کے اُٹھانے والوں کو پہچانتی ہے اور وہ ان کو بھی پہچانتی ہے جو اس کو قبر میں اُتارتے ہیں،، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ

marfat.com

۱۳۰۱ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنَ النَّاسِ مُسْلِمٌ يَمُوتُ لَهُ ثَلَاثَةٌ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ

۱۳۰۲ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّهُ سَمِعَ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيمُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لَهُ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ

میت اس کے اُٹھانے والوں، غسل دینے والوں اور اس کو قبر میں اُتارنے والوں کو پہچانتی ہے۔ حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب آدمی مرجائے تو اس کو غسل دیتے وقت اور اس کو اُٹھاتے وقت تمام لوگوں کو وہ دیکھتا ہے حتیٰ کہ وہ قبر میں پہنچ جائے (عینی)

باب ـــــ مسلمانوں کی اولاد کے متعلق جو کہا گیا ہے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم سے روائت کی جس شخص کے تین نابالغ بچے فوت ہوجائیں وہ اس کے لئے دوزخ کی آگ سے حجاب بن جاتے ہیں یا (فرمایا) وہ جنّت میں داخل ہوجاتا ہے "

ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسُول اللہ

۱۳۰۱ ـــــ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا لوگوں میں سے کوئی مسلمان نہیں جس کے تین نابالغ بچے فوت ہوجائیں مگر اللہ تعالیٰ ان پر اپنی مہربانی کی وجہ سے اس کو جنّت میں داخل کرے گا "

ترجمہ : عدی بن ثابت سے روائت ہے کہ اُنھوں نے حضرت براء بن

۱۳۰۲ ـــــ عازب رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے وفات پائی تو جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ ان کے لئے جنّت میں ایک خاتون دودھ پلانے والی ہے۔

شرح : اگر یہ کہا جائے کہ اس حدیث سے مسلمانوں کی اولاد کا حکم معلوم

۱۳۰۱ ـــــ نہیں ہُوا کہ وہ کہاں ہوں گے تو اس کی دلالت باب کے عنوان پر کیسے ہوئی اس کا جواب یہ ہے کہ جب بچّے کی وجہ سے اس کا والد جنّت میں داخل ہوگا تو وہ بطریق اولیٰ جنّت میں داخل ہوگا "، سیاق خطاب سے بچّہ کا حکم معلوم ہوگیا "، علامہ مازری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا تحقیق اور اجماع سے ثابت ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی اولاد جنّتی ہے اور جمہور کا یہ قطعی فیصلہ ہے کہ دُوسرے مومنوں کی اولاد جنّتی ہے اور اس میں علماء کا اجماع ہے "، بعض متکلّمین یہ کہتے ہیں کہ ان کے متعلق حتمی فیصلہ نہیں کہ وہ کہاں ہوں گے جیسے مکلّفین کے بارے میں حتمی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا ہے "، اس کی تفصیل حدیث ۱۱۷۹ کی تفہیم میں مذکور ہے "

marfat.com

۱۳۰۲ — **شرح** : اس حدیث کی مناسبت ترجمۃ الباب سے اس طرح ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ کے صاحبزادہ سیدی ابراہیم علیہ السلام کے لئے جنت میں دودھ پلانے والی ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے نابالغ بچے جنت میں ہوں گے ،، یہ بات مسلم الثبوت ہے جس میں کسی کا اختلاف نہیں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری اولاد سیدی ابراہیم علیہ السلام کے سوا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن شریف سے ہے ،، جبکہ سیدی ابراہیم علیہ السلام سیدہ ماریہ قبطیہ کے بطن شریف سے ہیں وہ ۸ھ ہجری ذوالحجہ میں پیدا ہوئے۔ واقدی نے کہا ابراہیم علیہ السلام نے دس ہجری میں دس ربیع الاوّل شریف منگل کے روز انتقال فرمایا اور ان کی عمر شریف اٹھارہ ماہ ہے وہ بقیع میں جلوہ افروز ہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم تم الجزء الخامس بعون السالعالمین وبرحمۃ سیدالانبیاء والمرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم۔ فالحمد للہ رب العالمین !

---

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَلْجُزْءُ السَّادِسُ

بَابُ مَا قِيْلَ فِيْ اَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ

حَدَّثَنَا جَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ ۱۳۰۳
سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ اللّٰهُ اِذْ خَلَقَهُمْ
اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءُ بْنُ يَزِيْدَ اللَّيْثِيُّ اَنَّهُ سَمِعَ ۱۳۰۴
اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

چھٹا (۶) پارہ

باب — مشرکین کی نابالغ اولاد کے بارے میں جو ذکر کیا گیا

۱۳۰۳ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی نابالغ اولاد کے بارے میں پوچھا گیا" کہ وہ جنتی ہیں یا دوزخی،، تو آپ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کیا تو وہ زیادہ جانتا ہے کہ وہ کیا عمل کریں گے،،

۱۳۰۴ — ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کی نابالغ اولاد کے متعلق پوچھا گیا کہ وہ جنتی ہیں یا دوزخی،، تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ زیادہ جانتا ہے کہ وہ کیا عمل کریں گے،،

marfat.com

حدثنا آدم قال حدثنا ابن ابی ذئب عن الزهری عن ابی سلمة بن عبد الرحمن عن ابی هریرة قال قال النبی صلی الله علیه وسلم
۱۳۰۵ کل مولود یولد علی الفطرة فابواه یهودانه او ینصرانه او یمجسانه کمثل البهیمة تنتج البهیمة هل تری فیها جدعاء
۱۳۰۶ باب حدثنا موسی بن اسمعیل قال حدثنا جویر هو ابن حازم قال حدثنا ابو رجاء عن سمرة بن جندب قال کان النبی
صلی الله علیه وسلم اذا صلی صلوة اقبل علینا بوجهه فقال من رای منکم اللیلة رؤیا قال فان رای احد قصها فیقول ما شاء الله
فسألنا یوما فقال هل رای منکم احد رؤیا قلنا لا قال لکنی رایت اللیلة رجلین اتیانی فاخذا بیدی فاخرجانی الی
ارض مقدسة فاذا رجل جالس ورجل قائم بیده قال بعض اصحابنا عن موسی کلوب من حدید یدخله فی شدقه
حتی یبلغ قفاه ثم یفعل بشدقه الاخر مثل ذلک ویلتئم شدقه هذا فیعود فیصنع مثله فقلت ما هذا قالا انطلق
فانطلقنا حتی اتینا علی رجل مضطجع علی قفاه ورجل قائم علی راسه بفهر او صخرة فیشدخ بها راسه فاذا ضربه تدهده

۱۳۰۳ ، ۱۳۰۴ —— شرح : ان احادیث سے یہ حاصل ہوتا ہے کہ جن کے مقدر میں نیک عمل ہیں وہ جنتی ہیں اور جن کے مقدر میں برے عمل ہیں وہ دوزخی ہیں یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ وہ سب جنت میں ہوں یا سارے جہنم میں ہوں یہ بھی احتمال ہے کہ بعض جنت میں ہوں اور بعض دوزخ میں ہوں،،

امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مشرکوں کی نابالغ اولاد میں تین مذہب ہیں۔ اکثر علماء کا مذہب یہ ہے کہ وہ اپنے آباء واجداد کی تبعیت میں دوزخی ہیں علماء کی دوسری جماعت نے توقف کیا ہے بعض علماء کہتے ہیں وہ جنتی ہیں اور صحیح بھی یہی ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو جنت میں دیکھا جبکہ ان کے اردگرد لوگوں کے نابالغ بچے تھے اور بخاری کی اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں ان کے دوزخی ہونے کی صراحت نہیں" قاضی بیضاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ثواب وعقاب اعمال کے باعث نہیں ورنہ لازم آئے گا کہ نابالغ بچے نہ دوزخ میں ہوں اور نہ ہی جنت میں ہوں بلکہ اس کا موجب لطف ربانی اور خذلان الٰہی ہے جو ازل میں ان کا مقدر بن چکا ہے اس لئے واجب یہ ہے کہ ان کے بارے میں توقف کیا جائے اور جس کی تقدیر میں یہ ہے کہ وہ نیک بخت ہے حتیٰ کہ زندہ رہنے کی صورت میں وہ جنتیوں والے عمل کرتا تو سعید ہے ورنہ بدبخت ،، (کرمانی) بعض علماء یہ کہتے ہیں کہ وہ جنت و دوزخ کے درمیان برزخ میں ہیں کیونکہ انھوں نے نیک و بد اعمال نہیں کئے بعض یہ کہتے ہیں کہ وہ اہل جنت کے خدام ہوں گے اور بعض علماء کا کہنا ہے کہ ان کا آخرت میں امتحان ہوگا اور ان کے سامنے آگ کر دی جائے گی اگر وہ اس میں واقع ہو جائیں گے تو آگ ان پر ٹھنڈی ہو جائے گی اور وہ جنتی ہوں گے ورنہ دوزخی اقول برزخ اور امتحان کا قول منظور فیہ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم!

۱۳۰۵ —— ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بچہ فطرت (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے اس کے والدین اس کو یہودی یا نصرانی یا مجوسی بنا لیتے ہیں جس طرح جانور بچہ دیتا ہے کیا تم اس میں کوئی کان کٹا پاتے ہو۔

۱۳۰۵ —— شرح : حدیث ۱۲۷۹ کی تفہیم میں اس کی وضاحت مذکور ہے،،

marfat.com

الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ لِيَأْخُذَهُ فَلَا يَرْجِعُ إِلَى هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَأْسُهُ وَعَادَ رَأْسُهُ كَمَا هُوَ فَعَادَ إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا إِلَى نَقْبٍ مِثْلِ التَّنُّورِ أَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَأَسْفَلُهُ وَاسِعٌ تَتَوَقَّدُ تَحْتَهُ نَارٌ فَإِذَا اقْتَرَبَتْ ارْتَفَعُوا حَتّٰى كَادُوا أَنْ يَخْرُجُوا فَإِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوا فِيهَا وَفِيهَا رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا عَلٰى نَهَرٍ مِنْ دَمٍ فِيهِ رَجُلٌ قَائِمٌ وَعَلٰى وَسَطِ النَّهَرِ قَالَ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ وَعَلٰى شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ فَأَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِي فِي النَّهَرِ فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ رَمَاهُ الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِي فِيهِ فَرَدَّهُ حَيْثُ كَانَ فَجَعَلَ كُلَّمَا جَاءَ لِيَخْرُجَ رَمٰى فِي فِيهِ بِحَجَرٍ فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا إِلٰى رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ فِيهَا شَجَرَةٌ عَظِيمَةٌ وَفِي أَصْلِهَا شَيْخٌ وَصِبْيَانٌ وَإِذَا رَجُلٌ قَرِيبٌ مِنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُوقِدُهَا فَصَعِدَا بِي فِي الشَّجَرَةِ فَأَدْخَلَانِي دَارًا لَمْ أَرَ قَطُّ أَحْسَنَ وَأَفْضَلَ مِنْهَا فِيهَا رِجَالٌ شُيُوخٌ وَشَبَابٌ وَنِسَاءٌ وَصِبْيَانٌ ثُمَّ أَخْرَجَانِي مِنْهَا فَصَعِدَا بِي الشَّجَرَةَ فَأَدْخَلَانِي دَارًا هِيَ أَحْسَنُ وَأَفْضَلُ فِيهَا شُيُوخٌ وَشَبَابٌ قُلْتُ طَوَّفْتُمَانِي اللَّيْلَةَ فَأَخْبِرَانِي عَمَّا رَأَيْتُ قَالَا نَعَمْ أَمَّا الَّذِي رَأَيْتَهُ يُشَقُّ شِدْقُهُ فَكَذَّابٌ يُحَدِّثُ بِالْكَذْبَةِ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْآفَاقَ فَيُصْنَعُ بِهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِي رَأَيْتَهُ يُشْدَخُ رَأْسُهُ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ وَلَمْ يَعْمَلْ فِيهِ بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِي رَأَيْتَهُ فِي النَّقْبِ فَهُمُ الزُّنَاةُ وَالَّذِي رَأَيْتَهُ فِي النَّهَرِ آكِلُوا الرِّبٰوا وَالشَّيْخُ الَّذِي فِي أَصْلِ الشَّجَرَةِ إِبْرَاهِيمُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهُ فَأَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِي يُوقِدُ النَّارَ مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْأُولٰى الَّتِي دَخَلْتَ دَارُ عَامَّةِ الْمُؤْمِنِينَ وَأَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ وَأَنَا جِبْرَئِيلُ وَهٰذَا مِيكَائِيلُ فَارْفَعْ رَأْسَكَ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا فَوْقِي مِثْلُ السَّحَابِ قَالَا ذَاكَ مَنْزِلُكَ فَقُلْتُ دَعَانِي أَدْخُلْ مَنْزِلِي قَالَا إِنَّهُ بَقِيَ لَكَ عُمُرٌ لَمْ تَسْتَكْمِلْهُ فَلَوِ اسْتَكْمَلْتَ أَتَيْتَ مَنْزِلَكَ

ترجمہ : سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھ لیتے تو ہماری طرف متوجہ ہو کر فرماتے تم میں سے کسی نے آج رات خواب دیکھا ہے ؟ اگر کوئی خواب دیکھتا تو بیان کرتا اور جو اللہ تعالیٰ کی مشیئت ہوتی آپ اس کی تعبیر فرماتے ، ایک دن آپ نے ہم سے پوچھا اور فرمایا کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے ؟ ہم نے کہا نہیں ! آپ نے فرمایا لیکن میں نے آج رات دو شخص دیکھے ہیں کہ وہ میرے پاس آئے اور میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ارض مقدسہ کی طرف لے گئے وہاں میں نے دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہوا ہے اور ایک کھڑا ہے اور اس کے ہاتھ میں لوہے کی کنڈی ہے ۔ ہمارے بعض اصحاب نے موسیٰ سے ذکر کیا کہ وہ اس کنڈی کو اس کی باچھ میں ڈالتا ہے حتیٰ کہ وہ اس کی گدی تک پہنچ جاتا ہے پھر دوسری باچھ میں اسی طرح کرتا ہے اور پہلا باچھ جڑ جاتا ہے اور وہ وہ شخص لوٹ کر آتا ہے اور اسی طرح کرتا ہے ۔ میں نے کہا یہ کیا ماجرا ہے ؟ انھوں نے کہا آگے چلیں ہم چل پڑے حتیٰ کہ ایک شخص

marfat.com

کے پاس آئے جو چت لیٹا ہوا تھا اور ایک شخص اس کے سر کے پاس پتھر لے کر کھڑا ہے جس کے ساتھ وہ اس کا سر کوٹتا ہے جب وہ اس کو مارتا تھا تو پتھر لڑھک جاتا تھا وہ اس کی طرف جاتا ہے تاکہ اس کو پکڑے تو وہ اس کی طرف ابھی لوٹتا نہیں حتیٰ کہ اس کا سر جڑ جاتا ہے اور جیسا تھا ویسا ہو جاتا ہے پھر اس کی طرف لوٹتا ہے اور اس کو مارتا ہے میں نے کہا یہ کون شخص ہے انھوں نے کہا آگے چلیں ہم چلتے ہوئے ایک سوراخ تک پہنچے جو تنور کی مثل تھا اس کا اوپر کا حصہ تنگ تھا اور نچلا حصہ فراخ تھا اس کے نیچے آگ روشن تھی ،، جب آگ کی لپٹ بلند ہوتی تو وہ اوپر آجاتے حتیٰ کہ نکلنے کے قریب ہو جاتے تھے جب آگ بجھ جاتی تو وہ اس میں لوٹ جاتے اس سوراخ میں ننگے مرد اور ننگی عورتیں تھیں میں نے کہا یہ کیا ہے انھوں نے کہا آگے چلیں ہم آگے بڑھے حتیٰ کہ خون کی نہر پر آئے جس میں ایک شخص کھڑا تھا اور نہر کے بیچ اور یزید اور وہب بن جریر بن حازم نے کہا اور نہر کے کنارے پر ایک شخص کھڑا تھا اس کے آگے پتھر پڑے تھے جو شخص نہر میں تھا وہ آتا اور جب نہر سے نکلنے کا ارادہ کرتا تو وہ شخص (نہر کے کنارے پر) اس کے منہ پر پتھر مارتا اور اس کو واپس کر دیتا جہاں ہوتا تھا اور جب بھی وہ آتا تھا کہ باہر نکلے تو وہ اس کے منہ پر پتھر مارتا وہ دوبارہ لوٹ جاتا جہاں ہوتا تھا ،، میں نے کہا یہ کیا ہے انھوں نے کہا آگے چلیں ہم آگے چل پڑے حتیٰ کہ ایک سرسبز باغ کے پاس پہنچے جس میں ایک بہت بڑا درخت تھا اور اس جڑ کے پاس ایک بوڑھا بزرگ اور بچے تھے اور ایک شخص اس درخت کے قریب تھا اس کے آگے آگ تھی جس کو وہ روشن کر رہا تھا وہ دونوں شخص میرے ساتھ درخت پر چڑھ گئے اور مجھے ایک مکان میں داخل کر دیا میں نے اس سے خوبصورت کوئی مکان نہیں دیکھا اس میں بوڑھے مرد ، نوجوان آدمی ، عورتیں اور بچے تھے پھر انھوں نے مجھے اس سے نکالا اور ایک درخت پر مجھے چڑھایا اور ایک گھر میں مجھے لے گئے جو بہت ہی خوبصورت اور عمدہ تھا ،، اس میں بوڑھے مرد اور نوجوان آدمی تھے میں نے کہا تم نے مجھے آج رات بھر گھمایا ہے جو کچھ میں نے دیکھا ہے مجھے اس کے متعلق خبر دو انھوں نے کہا جی ہاں جس شخص کو آپ نے دیکھا کہ اس کی باچھ پھاڑی جاتی تھی وہ شخص کذاب تھا جھوٹی باتیں بنایا کرتا تھا وہ جھوٹ اس سے سن کر نقل کیا جاتا حتیٰ کہ آفاق واکناف میں پہنچ جاتا اس کے ساتھ قیامت تک اسی طرح کیا جائے گا اور جو شخص آپ نے دیکھا تھا کہ اس کا سر کوٹا جاتا تھا اس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کا علم دیا تھا وہ اس سے غافل ہو کر رات بھر سویا رہتا اور دن میں اس پر عمل نہ کرتا تھا اس کے ساتھ قیامت تک اسی طرح کیا جائے گا اور جن کو آپ نے سوراخ میں دیکھا (جو تنور کی طرح تھا) وہ زانی مرد و زن تھے اور جس کو آپ نے نہر میں دیکھا وہ سود خور تھا اور جنہیں درخت کی جڑ میں دیکھا وہ ابراہیم علیہ السلام تھے اور ان کے ارد گرد بچے لوگوں کی نابالغ اولاد تھی جو ان کے سامنے آگ روشن کر رہا تھا وہ مالک دوزخ کا داروغہ تھا پہلا گھر جس میں آپ داخل ہوئے وہ عام مومنوں کا گھر تھا اور یہ گھر شہداء کا ہے میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہے آپ سر مبارک اٹھائیں میں نے سر اٹھایا تو میرے اوپر بادل کی طرح کچھ تھا انھوں نے کہا یہ آپ کا مکان ہے میں نے کہا مجھے چھوڑ دیں اپنے گھر جاؤں انھوں نے کہا ابھی آپ کی عمر شریف باقی ہے اس کو آپ نے پورا نہیں کیا اگر پورا کر لیتے تو اپنے گھر تشریف لے جاتے ،،

۱۳۰۶ — **شرح** : امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کا مقصد یہ ہے کہ لوگ مشرک ہوں یا مومن ان کی نابالغ اولاد جنت میں ہے کیونکہ فرشتوں نے

marfat.com

باب مَوْتِ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ ۱۳۰۷
عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ فَقَالَ فِيْ كَمْ كَفَّنْتُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فِيْ ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ بِيْضٍ سَحُوْلِيَّةٍ لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلَا عِمَامَةٌ وَقَالَ لَهَا فِيْ اَيِّ يَوْمٍ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ قَالَ فَاَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قَالَتْ يَوْمُ الْاِثْنَيْنِ قَالَ اَرْجُوْ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَ اللَّيْلِ فَنَظَرَ اِلٰى ثَوْبٍ عَلَيْهِ كَانَ يُمَرَّضُ فِيْهِ بِهٖ رَدْعٌ مِنْ زَعْفَرَانٍ فَقَالَ اغْسِلُوْا ثَوْبِيْ هٰذَا وَزِيْدُوْا عَلَيْهِ ثَوْبَيْنِ فَكَفِّنُوْنِيْ فِيْهِمَا قُلْتُ اِنَّ هٰذَا خَلَقٌ قَالَ اِنَّ الْحَيَّ اَحَقُّ بِالْجَدِيْدِ مِنَ الْمَيِّتِ اِنَّمَا هُوَ لِلْمُهْلَةِ فَلَمْ يُتَوَفَّ حَتّٰى اَمْسٰى مِنْ لَيْلَةِ الثُّلٰثَاءِ وَدُفِنَ قَبْلَ اَنْ يُصْبِحَ

ذکر کیا تھا کہ ابراہیم علیہ السلام کے اردگرد لوگوں کی نابالغ اولاد ہے۔ یہ عام ہے اور مشرکوں کی اولاد کو بھی شامل ہے۔ اس میں کسی کی تخصیص نہیں ہے،، دارالشہداء میں عورتوں اور بچوں کا ذکر نہیں کیا صرف بوڑھوں اور نوجوان آدمیوں کا ذکر کیا ہے کیونکہ غالباً شہید بوڑھے مرد اور نوجوان آدمی ہوتے ہیں اور عورتیں اور بچے شہید نہیں ہوتے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خواب کا اہتمام کرنا چاہیئے اور نماز کے بعد اس کے متعلق دریافت کرنا مستحب ہے جھوٹ سے احتیاط ضروری ہے اسی طرح جھوٹی روائت سے اجتناب لازم ہے،، قرآن کی تلاوت اور اس پر عمل کا ترک بُرا ہے اور زانی کے بارے میں سخت وعید ہے،، خواب کی تعبیر مخلص محب اور عالم سے کرانی چاہیئے اور جو کچھ انسان دنیا میں کرتا ہے اس کا ثمرہ آخرت میں پائے گا امام کے لئے مستحب ہے کہ نماز سے سلام پھیرنے کے بعد نمازیوں کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھے اور خواب کی تعبیر صبح صبح کرنی چاہیے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم!

باب ـــــ دوشنبہ کے روز وفات

۱۳۰۷ ـــــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میرے پاس ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور فرمایا تم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا تھا۔ ام المؤمنین رضی اللہ عنہ نے کہا تین سحولی کپڑوں میں جن میں نہ تو قمیص تھا اور نہ ہی عمامہ تھا، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اُن سے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس روز وفات پائی تھی؟ ام المؤمنین نے کہا دوشنبہ کے روز، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا آج کون سا دن ہے؟ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا دوشنبہ،، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا میں اس وقت سے لے کر رات تک اُمید کرتا ہوں کہ وفات پا جاؤں گا،، پھر اُنھوں نے اپنے کپڑے کی طرف دیکھا جس میں وہ بیمار ہوئے تھے اس میں زعفران کا ایک نشان تھا فرمایا میرا یہ کپڑا دھو ڈالو اور اس پر دو کپڑوں کا اضافہ کر دو اور ان میں مجھے کفن دو، میں نے کہا یہ پرانا کپڑا ہے فرمایا زندہ نئے کپڑوں کا مُردے سے زیادہ مستحق ہے، کیونکہ کفن تو صرف پیپ کے لئے ہے پھر اسی روز وفات نہ پائی حتیٰ کہ منگل کی رات آگئی اور صبح سے پہلے مدفون ہو گئے۔

marfat.com

۱۳۰۸ بَابُ مَوْتِ الْفَجْأَةِ بَغْتَةً حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ أُمِّيْ افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَأَظُنُّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ فَهَلْ لَهَا أَجْرٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ

۱۳۰۷ — شرح : سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا کفن اور آپ کی وفات کا دن پوچھنا اور ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کا جواب یہ دونوں اُن کی مرضِ موت میں تھے اور اس سے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کا مقصد سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی تکفین میں موافقت تھا اور وہ زندگی میں شدتِ اتباع کے ساتھ ساتھ یہ بھی چاہتے تھے کہ موت میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کروں ان کا ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے پوچھنے کا یہی مقصد تھا۔ حالانکہ وہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت قریب تھے اور آپ کے حال کو زیادہ جانتے تھے اور یہ کہنا بعید ہے کہ سیدی ابوبکر رضی اللہ عنہ حقیقتہً کفن کی مقدار کی تحقیق کر رہے تھے اور وہ بیعت کے معاملہ میں مصروفیت کے باعث تجہیز و تکفین میں حاضر نہ ہو سکے تھے کیونکہ تجہیز و تکفین کے وقت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ موجود تھے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے روز سقیفہ بنی ساعدہ میں مشورہ اور گفتگو کے بعد بدھ کے روز عام بیعت کا معاملہ مکمل ہو گیا تھا اور تجہیز و تکفین بدھ کی رات ہوئی تھی اس وقت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ وہاں موجود تھے۔ الحاصل مذکور سوال و جواب صرف سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مرضِ موت میں تھے اور ان کا مقصد حیات و ممات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت و اتباع تھا،، اگر یہ کہا جائے کہ مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روائت کی ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو کفن دے تو اچھا کفن بنائے اور امام ترمذی نے بھی اس کی روائت کی ہے حالانکہ یہ بخاری کی روائت کے متعارض ہے،، اس کا جواب یہ ہے کہ جس کپڑے کو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے پسند کیا تھا وہ ان کو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمایا تھا اس لئے بطورِ تبرک اس کپڑے کو پسند کیا اور حق بھی یہی تھا۔ اسی لئے کہا کہ اس کے ساتھ دو کپڑوں کا اضافہ کر لو،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کفن میں تین سفید کپڑے مستحب ہیں اور دھلے ہوئے کپڑوں میں بھی کفن دینا جائز ہے جبکہ وہ پھٹے ہوئے نہ ہوں اور رات کو دفن کرنا صحیح ہے اور بطورِ تبرک بزرگوں کی موافقت مستحب ہے،، اور افضل مفضول سے علم حاصل کر سکتا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — اچانک موت

۱۳۰۸ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ میری والدہ کا اچانک انتقال ہو گیا ہے۔ میرا گمان ہے کہ وہ اگر کلام کرتی تو صدقہ کرتی کیا اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو اسے ثواب ہو گا۔ آپ نے فرمایا ہاں! ،،

marfat.com

۱۳۰۸ —— **شرح** : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اچانک موت مکروہ نہیں کیونکہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب اس شخص نے اپنی والدہ کے اچانک مرجانے کی خبر دی تو آپ نے اس پر کراہت کا اظہار نہیں فرمایا اگر یہ کہا جائے کہ ابوداؤد نے عبید بن خالد سلمیٰ صحابی سے روائت ذکر کی ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچانک موت اللہ کا غضب ہے" اور امام احمد رضی اللہ عنہ نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ذکر کی کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ایک دیوار کے پاس سے تیزی سے گزرے جو زمین کی طرف مائل تھی اور فرمایا میں اچانک موت کو بُرا جانتا ہوں۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے روائت ذکر کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں گدھے کی موت جیسی موت کو بُرا جانتا ہوں آپ سے عرض کیا گیا گدھے کی موت کیسی ہوتی ہے ؟ آپ نے فرمایا اچانک موت ،، اور بخاری کی یہ روائت ان روایات کے معارض ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ بخاری کی روائت کا محمل وہ شخص ہے جس نے موت کی تیاری کی ہو اور اچانک مرجائے اور دوسری روایات کا محمل وہ شخص ہے جو تیاری سے غافل ہو کیونکہ اس میں نہ تو وصیت کر سکتا ہے اور نہ ہی اس کو توبہ نصیب ہوتی ہے" مسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت اس طرح ذکر کی کہ کسی شخص نے کہا یا رسول اللہ میرا باپ فوت ہوگیا ہے اور کچھ مال چھوڑ گیا ہے اور اس نے وصیت نہیں کی اگر میں صدقہ کروں تو اس کو اجر ملے گا ؟ آپ نے فرمایا ہاں! یہ کوئی اور واقعہ ہے شیخین کی ان روایات سے واضح ہوتا ہے کہ صدقہ کا ثواب میت کو پہنچتا ہے ،، ابوداؤد نے باب ماجاء فی وصیۃ الحربی لیسلم ولیہ ،، کے باب میں عمرو بن شعیب سے روائت کی کہ عاص بن وائل نے مرتے وقت وصیت کی کہ اس کی طرف سے ایک سو غلام آزاد کیا جائے اس کے بیٹے ہشام نے پچاس غلام آزاد کر دیئے اور دوسرے بیٹے عمرو نے باقی پچاس غلام آزاد کرنے کا ارادہ کر لیا اور خیال کیا کہ پہلے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لوں اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر عرض کیا یا رسول اللہ! میرے باپ نے سو غلام آزاد کرنے کی وصیت کی تھی اور ہشام نے اس کی طرف سے پچاس غلام آزاد کر دیئے ہیں کیا باقی پچاس غلام آزاد کر دوں ؟

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ مسلمان ہوتا اور تم اس کی طرف سے غلام آزاد کرتے یا اس کی طرف سے صدقہ یا حج کرتے تو اس کو ثواب پہنچتا ،، ——— یعنی مسلمانوں کو ثواب پہنچتا ہے کافروں کی طرف سے صدقات و خیرات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ ان کو ثواب نہیں پہنچتا ،، ابوداؤد نے " ذکر بصرہ ،، کے باب میں ابراہیم بن صالح کے طریق سے روایت ذکر کی کہ ایک شخص نے کہا تم میں سے کون اس کی ضمانت دیتا ہے کہ وہ مسجد عشار میں دو یا چار رکعتیں پڑھے اور کہے یہ ابوہریرہ کے لئے ہیں۔ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ نماز پڑھنے کا ثواب کسی کو ایصال کیا جائے تو وہ اس کو پہنچ جاتا ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ! میری والدہ فوت ہوگئی ہے اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو یہ اس کو نفع دے گا ؟ آپ نے فرمایا ہاں ،، ابوداؤد نے " الصدقۃ عن المیت " کے باب میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " جب کوئی شخص فوت ہوجائے تو صرف تین عملوں کے سوا اس کے تمام عمل منقطع ہوجاتے ہیں۔ ایک صدقہ جاریہ دوسرا علم جس سے لوگ نفع اٹھائیں۔ تیسرا نیک اولاد"

marfat.com

بَابُ مَا جَاءَ فِي قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ

فَأَقْبَرَهُ أَقْبَرْتُ الرَّجُلَ أَقْبِرُهُ إِذَا جَعَلْتَ لَهُ قَبْرًا أَوْ قَبَرْتُهُ دَفَنْتُهُ كِفَاتًا يَكُونُونَ فِيهَا أَحْيَاءً وَيُدْفَنُونَ فِيهَا

۱۳۰۹ أَمْوَاتًا حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ عَنْ هِشَامٍ ح قَالَ وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي زَكَرِيَّاءَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَتَعَذَّرُ فِي مَرَضِهِ أَيْنَ أَنَا الْيَوْمَ أَيْنَ أَنَا غَدًا اسْتِبْطَاءً لِيَوْمِ عَائِشَةَ فَلَمَّا كَانَ يَوْمِي قَبَضَهُ اللّٰهُ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي وَدُفِنَ فِي بَيْتِي

ان روایات میں اس بات کی صراحت ہے کہ اموات کو احیاء کی طرف سے نیک اعمال کا ثواب پہنچتا ہے حضرت ابو بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے وصیت کی کہ ان کی قبر پہ کھجور کی دو شاخیں گاڑی جائیں ،، چونکہ ہر شئی اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے ۔ ان شاخوں کے تسبیح کرنے سے ان کو نفع حاصل ہوگا ۔ مزید تفصیل ردّ محتار کے زیارت القبور کے باب میں دیکھیں،،

باب ـــــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ، ابو بکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی قبور میں منقول روایات

"اَقْبَرْتُ الرَّجُلَ" اقبرہ کا معنیٰ ہے " میں نے اس کے لئے قبر بنائی قَبَرْتُهُ کا معنیٰ ہے ، میں نے اس کو قبر میں دفن کیا ـــــــ "كِفَاتًا" کا معنیٰ یہ ہے کہ اسی پر زندگی بسر کریں گے اور مرنے کے بعد اسی میں دفن کئے جائیں گے ،،

۱۳۰۹ ـــــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مرض میں معذرت کرتے ہوئے فرماتے میں آج کہاں ہوں اور کل کہاں ہوں گا ،، ام المؤمنین عائشہ کی باری کا دن دُور جانتے تھے جب میری باری کا دن آیا تو آپ کو اللہ تعالیٰ نے قبض فرما لیا جبکہ آپ میرے پہلو اور سینے کے مابین تھے ،،

۱۳۰۹ ـــــ شرح : اس باب سے امام بخاری رحمہ اللہ کا مقصد اس امر کا بیان کرنا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف مستتم یا غیر مستتم تھی اس کے ساتھ ساتھ وہ ظاہر تھی یا غیر ظاہر تھی ،، اور ابو بکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما آپ کے ساتھ ہیں اس میں ان کی بہت بڑی فضیلت ہے کہ وہ اپنی زندگی میں سید عالم صلی

marfat.com

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ هِلَالٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ ۱۳۱۰
قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ لَمْ يَقُمْ مِنْهُ لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا
قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ لَوْلَا ذٰلِكَ اُبْرِزَ قَبْرُهُ غَيْرَ اَنَّهُ خَشِيَ اَوْ خُشِيَ اَنْ يُتَّخَذَ مَسْجِدًا وَعَنْ هِلَالٍ قَالَ كَانَانِيْ
عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَلَمْ يُوْلَدْ لِيْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ سُفْيَانَ التَّمَّارِ اَنَّهُ حَدَّثَهُ ۱۳۱۱
اَنَّهُ رَاٰى قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسَنَّمًا

اللہ علیہ وسلم کے وزیر رہے اور وفات پانے کے بعد آپ کے پہلو میں آپ کے ساتھی ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہما ،، فَاَقْبَرَهٗ ،، سے اللہ تعالیٰ کے اس قول " ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ،، کی طرف اشارہ ہے ،، یعنی اللہ تعالیٰ نے انسان کی رُوح قبض کی پھر اس کے لئے قبر بنائی جس میں اس کو دفن کیا جاتا ہے " قَوْلُهٗ اَقْبَرْتُ الرَّجُلَ الخ اس عبارت کی غرض یہ ہے کہ اَقْبَرْتُ ثلاثی مزید اور قَبَرْتُ ،، ثلاثی مجرد میں فرق ہے یعنی اَقْبَرْتُ ،، کا معنیٰ یہ ہے میں نے اس کے لئے قبر بنائی اور " قَبَرْتُ ،، کا معنیٰ یہ ہے میں نے اس کو دفن کیا ،، اور " كِفَاتًا " سے اللہ تعالیٰ کے اس قول " اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ،، کی تفسیر کی طرف اشارہ کیا ہے اور " يَكُوْنُ فِيْهَا " اس کی تفسیر ہے یعنی جب تک زندہ ہیں اس میں رہیں گے پھر فوت ہونے کے بعد اس میں ہی دفن ہوں گے ،، ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کی حدیث کا مطلب یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی باری کے دن کے مشتاق تھے اس لئے اس کو دُور سمجھتے تھے اور فرماتے آج کس کی باری ہے کل کس باری ہے ' ، ام المؤمنین کی باری کے دن اُن کے پہلو اور سینے کے مابین وصال فرمایا ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے آپ کو بڑی محبت تھی اور آپ یہ جانتے تھے کہ ان کی باری کے دن آپ کا وصال ہوگا ! واللہ اعلم !

۱۳۱۰ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مرض جس سے آپ صحت یاب نہ ہُوئے میں فرمایا ،، اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ پر لعنت فرمائے اُنہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مساجد بنا لیا اگر مجھے یہ ڈر نہ ہو تو میں آپ کی قبر شریف کو ظاہر کر دیتی مگر خوف ہے یا خوف کیا گیا کہ آپ کی قبر کو مسجد نہ بنا لیا جائے ۔ ھلال سے روائت ہے اُنھوں نے کہا عروہ بن زبیر نے میری کنیت ذکر کی حالانکہ میری کوئی اولاد نہیں ،،

۱۳۱۱ — ترجمہ : ابوبکر بن عیاش نے سفیان تمار سے روائت کی اُنھوں نے خبر دی کہ اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف مسنّم دیکھی (اونٹ کی کوہان جیسی)

۱۳۱۰ ، ۱۳۱۱ — شرح : یعنی ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوف ہُوا اور لوگوں پر خوف کیا گیا ، پہلی صورت میں خاشی جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور دُوسری صورت (مجہول کا صیغہ) میں صحابہ کرام

marfat.com

۱۳۱۲ حَدَّثَنَا فَرْوَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ لَمَّا سَقَطَ عَلَيْهِمُ الْحَائِطُ فِيْ زَمَانِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ اَخَذُوْا فِيْ بِنَائِهٖ فَبَدَتْ لَهُمْ قَدَمٌ فَفَزِعُوْا وَظَنُّوْا اَنَّهَا قَدَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا وَجَدْنَا اَحَدًا يَعْلَمُ ذٰلِكَ حَتّٰى قَالَ لَهُمْ عُرْوَةُ لَا وَاللّٰهِ مَا هِيَ قَدَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هِيَ اِلَّا قَدَمُ عُمَرَ وَعَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَوْصَتْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ لَا تَدْفِنِّيْ مَعَهُمْ وَادْفِنِّيْ مَعَ صَوَاحِبِيْ بِالْبَقِيْعِ لَا اُزَكّٰى بِهٖ اَبَدًا

رضی اللہ عنہم یا ام المؤمنین رضی اللہ عنہا خاتی ہیں - قولہ وعن ھلالٍ آہ ،، اس سے امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ ہلال کی عروہ کے ساتھ ملاقات ثابت ہے۔ ہلال کی کنیت ابوالجہم یا ابوعمرو ہے۔ بعض علماء ابو امیہ بھی ذکر کرتے ہیں ،، اونٹ کی کوہان کی طرح جو زمین بلند ہو اس کو مسنّم کہتے ہیں علماء شافعیہ کہتے ہیں تسنیم سے تسطیح بہتر ہے کیونکہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادہ ابراہیم علیہ السلام کی قبر مسطح بنائی تھی۔ قاضی حسین رحمہ اللہ نے تسنیم قبر پہ اتفاق ذکر کیا ہے ،،

ابوبکر و عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی قبریں روضۂ اطہر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہونے میں ان کی بہت بڑی فضیلت ہے - علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر میں قسم کھاؤں تو کسی شک و شبہ کے بغیر سچی قسم کھاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ، ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہم کو ایک مٹی سے پیدا فرمایا پھر ان کو اس مٹی میں لوٹا دیا سبحانہ ما اعظم شانہ تمہید میں عطاء خراسانی سے روائت کی کہ جس جگہ کسی شخص نے دفن ہونا ہو فرشتہ وہاں سے مٹی لے کر عورت کے رحم میں نطفہ پہ ڈالتا ہے پھر مٹی اور نطفہ سے بچہ پیدا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" ہم نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر اسی مٹی میں تم کو لوٹائیں گے اور اسی سے دوبارہ نکالیں گے ،، واللہ ورسولہ اعلم!

۱۳۱۲ — ترجمہ : ہشام بن عروہ نے اپنے باپ عروہ سے روائت کی کہ جب ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں حجرہ کی دیوار گر گئی اور لوگ اس کو بنانے میں مصروف ہوئے تو انھیں ایک پاؤں دکھائی دیا اور وہ گھبرائے اور گمان کرنے لگے کہ یہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قدم شریف ہوگا اُنھوں نے کسی کو نہ پایا جو یہ جانتا ہو حتیٰ کہ عروہ بن زبیر نے ان سے کہا خدا کی قسم یہ قدم نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نہیں - یہ صرف عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قدم ہے - ہشام نے اپنے والد سے اُنھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت کی کہ اُنھوں نے عبداللہ بن زبیر کو وصیت کی کہ مجھے ان کے ساتھ دفن نہ کرنا مجھے میری سونکنوں کے ساتھ بقیع میں دفن کرنا آپ کے ساتھ دفن ہونے سے میرا تزکیہ نہ کیا جائے ،،

۱۳۱۲ — شرح : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ اُنھوں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ کی وفات کے بعد

marfat.com

29/29 29/29

۱۳۱۳ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيِّ قَالَ رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ اذْهَبْ إِلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ فَقُلْ يَقْرَأُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْكِ السَّلَامَ ثُمَّ سَلْهَا أَنْ أُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيَّ قَالَتْ كُنْتُ أُرِيدُهُ لِنَفْسِي فَلَأُوثِرَنَّهُ الْيَوْمَ عَلَى نَفْسِي فَلَمَّا أَقْبَلَ قَالَ لَهُ مَا لَدَيْكَ قَالَ أَذِنَتْ لَكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ مَا كَانَ شَيْءٌ أَهَمَّ إِلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ الْمَضْجَعِ فَإِذَا قُبِضْتُ فَاحْمِلُونِي ثُمَّ سَلِّمْ ثُمَّ قُلْ يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَإِنْ أَذِنَتْ لِي فَادْفِنُونِي وَإِلَّا فَرُدُّونِي إِلَى مَقَابِرِ الْمُسْلِمِينَ إِنِّي لَا أَعُدُّ الْأَرْضَ حَقَّ أَحَدٍ إِلَّا

آپ کے پاس رہنا چاہتی ہوں آپ مجھے اجازت فرمائیں کہ میں آپ کے قریب مدفون ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ حالانکہ وہاں صرف میری قبر ابوبکر، عمر کی قبروں اور عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی قبر کی جگہ ہے اسی لئے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا جبکہ ان سے اس جگہ عمر فاروق کو دفن کرنے کی اجازت طلب کی گئی تو فرمایا میرا ارادہ اپنے لئے تھا مگر میں عمر کو وہاں دفن کرنے کی اجازت دیتی ہوں" اور اُن کو اپنی ذات پر ترجیح دیتی ہوں۔ قولہ لَا أُزَكِّي" ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے تواضع کا اظہار کرتے ہوئے یہ کہا اور انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دفن ہونے پر بقیع میں دفن ہونے کو ترجیح دی کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدفون ہونے میں ان کی تعظیم ہے اور یہ تزکیہ ہے" جسے انھوں نے پسند نہ کیا تھا"

ترجمہ : عمرو بن میمون اودی نے کہا میں نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ اے عبداللہ بن عمر ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا

۱۳۱۳ ——

کے پاس جاؤ اور کہو کہ عمر بن خطاب آپ کو سلام کہتے ہیں پھر ان سے دریافت کرو کہ میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ مدفون ہو جاؤں؟ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا میں اپنی ذات کے لئے اس جگہ کا ارادہ رکھتی تھی۔ آج میں اپنی ذات پر ان کو ترجیح دیتی ہوں" جب عبداللہ بن عمر آئے تو ان سے کہا کیا جواب لائے ہو عبداللہ بن عمر نے کہا اے امیر المؤمنین آپ کے لئے ام المؤمنین نے اجازت دے دی ہے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا میرے نزدیک اس خواب گاہ سے زیادہ اہمیت والی کوئی شئ نہیں جب میں فوت ہو جاؤں تو مجھے اُٹھا کر لے جاؤ پھر ان سے سلام کہو اور پھر کہو کہ عمر بن خطاب اجازت طلب کرتے ہیں وہ اگر اجازت دے دیں تو مجھے وہاں دفن کر دو ورنہ مسلمانوں کے قبرستان میں واپس لے جاؤ" میں خلافت کا مستحق ان لوگوں سے زیادہ کسی کو نہیں جانتا ہوں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی حالانکہ آپ ان لوگوں سے خوش تھے" یہ لوگ میرے بعد جس کسی کو خلیفہ بنالیں وہی خلیفہ ہوگا اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو آپ نے عثمان، علی، طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن بن عوف، اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کے نام ذکر کئے۔ قبیلہ انصار کا ایک نوجوان آپ کے پاس آیا اور کہنے لگا یا امیر المؤمنین! آپ اللہ تعالیٰ کی بشارت سے خوش ہوں آپ کا اسلام میں اچھا اثر ہے جس کو آپ جانتے ہیں پھر آپ خلیفہ منتخب ہوئے اور عدل کیا پھر ان سب کے بعد آپ نے شہادت پائی۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اے میرے بھائی کے بیٹے کاش یہ میرے لئے مساوی ہوتا نہ مجھ پر عذاب ہوتا اور نہ مجھے ثواب ہوتا میں اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو

marfat.com

مِنْ هٰؤُلَاءِ النَّفَرِ الَّذِيْنَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ فَمَنِ اسْتَخْلَفُوْا بَعْدِيْ فَهُوَ الْخَلِيْفَةُ فَاسْمَعُوْا لَهُ وَاَطِيْعُوْا فَسَمَّى عُثْمَانَ وَعَلِيًّا وَطَلْحَةَ وَالزُّبَيْرَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَسَعْدَ بْنَ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَوَلَجَ عَلَيْهِ شَابٌّ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ اَبْشِرْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِبُشْرَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ كَانَ لَكَ مِنَ الْقِدَمِ فِي الْاِسْلَامِ مَا قَدْ عَلِمْتَ ثُمَّ اسْتُخْلِفْتَ فَعَدَلْتَ ثُمَّ الشَّهَادَةُ بَعْدَ هٰذَا كُلِّهٖ فَقَالَ لَيْتَنِيْ يَا ابْنَ اَخِيْ وَذٰلِكَ كَفَافٌ لَا عَلَيَّ وَلَا لِيْ اُوْصِيْ الْخَلِيْفَةَ مِنْ بَعْدِيْ بِالْمُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ خَيْرًا اَنْ يَعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ وَاَنْ يَحْفَظَ لَهُمْ حُرْمَتَهُمْ وَاُوْصِيْهِ بِالْاَنْصَارِ خَيْرًا الَّذِيْنَ تَبَوَّؤُا الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ اَنْ يُقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَيُعْفٰى عَنْ مُسِيْئِهِمْ وَاُوْصِيْهِ بِذِمَّةِ اللّٰهِ وَذِمَّةِ رَسُوْلِهٖ اَنْ يُوْفٰى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ وَاَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ وَاَنْ لَا يُكَلَّفُوْا فَوْقَ طَاقَتِهِمْ

مہاجرین اوّلین کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی وصیت کرتا ہوں کہ ان کا حق پہچانے اور اُن کی عزت کی حفاظت کرے اور انصار جنہوں نے دار اور ایمان کو جگہ دی کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی وصیت کرتا ہوں کہ ان میں سے محسن کا احسان قبول کیا جائے اور ان میں اساءت کرنے والے سے درگزر کیا جائے میں خلیفہ کو اللہ کے ذمہ اور اللہ کے رسول کے ذمہ کی وصیت کرتا ہوں کہ ان لوگوں کا ذمہ پورا کیا جائے اور ان کے آگے دشمن سے لڑا جائے اور ان کو مافوق طاقت تکلیف نہ دی جائے "

۱۳۱۳ — شرح : سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے اجازت اس لئے طلب کی کہ یہ حجرہ شریفہ ان کا تھا ،، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو فیروز ابولؤلؤ نے قتل کیا تھا جو مغیرہ بن شعبہ کا غلام تھا اور وہ مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا تھا اُس نے امیر المؤمنین کو اس لئے قتل کیا تھا کہ اُس نے آپ سے کہا تھا کہ میرے مالک سے کہیں کہ وہ مجھ سے یومیہ خراج کم کر دے جو وہ ہر روز ادا کیا کرتا تھا امیر المؤمنین نے کہا تمہارا خراج کیا ہے ؟ اُس نے کہا ایک دینار امیر المؤمنین نے کہا یہ زیادہ نہیں اس پر وہ چڑ گیا اور آپ کے قتل کا منصوبہ بنا لیا - آپ صبح کی نماز پڑھانے مسجد میں تشریف لائے جبکہ وہ پہلے ہی زہر آلود خنجر لے کر محراب میں بیٹھا ہوا تھا ،، جب آپ نے نماز پڑھانی شروع کی تو اُس نے خنجر سے آپ کو قتل کر دیا - سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قتل اگرچہ اسلام کے مدعی کے ہاتھوں تھا مگر آپ کو شہید اس لئے کہا جاتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے : مَنْ قُتِلَ دُوْنَ دِيْنِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ ، یا آپ ظُلْمًا قتل کئے گئے تھے قولہ كِفَافًا ،، یعنی خلافت کے بارے میں جو کچھ میں نے کیا ہے میری خواہش ہے اس میں میرا معاملہ مساوی ہو جائے نہ مجھ پر عذاب ہو اور نہ ہی مجھے ثواب ہو ،، مہاجرین اوّلین وہ صحابہ کرام ہیں جنہوں نے بیعت رضوان سے پہلے ہجرت کی تھی یا جنہوں نے دونوں قبلوں کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی ہے یا جو بدر کی جنگ میں حاضر ہوئے تھے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نیک لوگوں کی قبروں کے قریب دفن ہونا نزولِ رحمت کا سبب ہے - سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بعد خلافت کا انتخاب مشورہ پر مبنی تھا ،، اور جو شخص فوت ہونے کے قریب ہو اس کے نیک اعمال بیان کر کے تعزیہ کرنا مستحب ہے - واللہ اعلم !

marfat.com

باب مَا يُنْهَى مِنْ سَبِّ الْأَمْوَاتِ

حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الْأَمْوَاتَ فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا إِلَى مَا قَدَّمُوا تَابَعَهُ عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ وَابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ وَرَوَاهُ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ عَنِ الْأَعْمَشِ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ الْأَعْمَشِ بَابُ ذِكْرِ شِرَارِ الْمَوْتَى حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرٌو ابْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَبُو لَهَبٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ

باب — اموات کو گالی دینا ممنوع ہے"

۱۳۱۴ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اموات (مُردوں) کو گالی نہ دو "، کیونکہ وہ لوگ اس کو پہنچ چکے ہیں جو اُنھوں نے آگے کیا تھا "، اس کی عبداللہ بن عبدالقدوس نے اعمش سے اور محمد بن انس نے اعمش سے روائت کی اور علی بن جعد، ابن عرعرہ اور ابن عدی نے شعبہ سے روائت کرنے میں آدم کی متابعت کی "

۱۳۱۴ — شرح : میت کی بُرائی بیان کرنا گالی نہیں لہٰذا یہ حدیث ۱۲۸۶ کے منافی نہیں ہے "، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مشرکوں کے مردوں کی شرارتیں ذکر کرنی جائز ہیں کیونکہ وہ یقیناً دوزخی ہیں "، قولہ فَإِنَّهُمْ قَدْ أَفْضَوْا آہ یعنی وہ اپنے اعمال کی جزاء کو پہنچ گئے ہیں "، امام ترمذی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روائت ذکر کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " اپنے مُردوں کی خوبیاں ذکر کرو اور ان کی برائیاں بیان کرنے سے رکو "، کافروں کی برائیاں ذکر کرنے میں حرج نہیں اگر اُنھوں نے کوئی اچھا کام کیا ہو تو اس کے باعث ان کی خوبیاں بیان نہ کی جائیں" ہاں اگر ان کی برائیاں ذکر کرنے سے ان کی مسلمان اولاد کو تکلیف ہو تو ان کی برائیاں ذکر کرنے سے اجتناب کیا جائے "، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے " بدر میں قتل ہونے والے مشرکوں کو بُرا بھلا کہنے سے منع فرمایا اور فرمایا ان کو بُرا بھلا نہ کہو کیونکہ تمہارا یہ کہنا ان تک تو پہنچتا نہیں البتہ اس سے تم زندوں کو اذیت پہنچاتے ہو واللہ ورسولہ اعلم!

باب — مُردوں کی بُرائی ذکر کرنا

۱۳۱۵ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ ابولہب لعنۃ اللہ علیہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تیرے لئے باقی ایام ہلاکت ہو تو یہ آیت کریمہ " تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ "، نازل ہوئی "

۱۳۱۵ — شرح : جب یہ آیت کریمہ " وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ " نازل ہوئی تو جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا پہاڑی پر

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كِتَابُ الزَّكٰوةِ بَابُ وُجُوْبِ الزَّكٰوةِ

وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْسُفْيٰنَ فَذَكَرَ حَدِيْثَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَاْمُرُنَا بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ

جلوہ افروز ہو کر فرمایا "یَاصَبَاہ" تو سب لوگ ہر طرف سے جمع ہو گئے آپ نے فرمایا اے بنی عبدالمطلب اگر میں تم کو یہ خبر دوں کہ اس پہاڑ کی آڑ میں دشمن ہے جو تم پر حملہ آور ہے تو میری بات مانو گے اُنھوں نے کہا جی ہاں! آپ نے فرمایا قیامت سے پہلے میں تم کو اللہ کے عذاب سے ڈراتا ہوں"، یہ سُن کر ابولہب لعنۃ اللہ علیہ بولا تیری ہلاکت ہو اس لئے ہم کو بلایا تھا۔ اموات کو بُرا بھلا کہنا گالی گلوچ کرنا منع ہے اور ان کی شرارت ذکر کرنا جائز ہے کیونکہ سب اور ذکر میں فرق ہے اور اگر یہ تسلیم کرلیں کہ ان میں مغایرت نہیں تو جائز سببِ اشرار ہے اور ممنوع سببِ اخیار ہے، لہٰذا ان آخری دونوں حدیثوں میں مخالفت نہیں ہے"، واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم! صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ وصحبہ اجمعین۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ الزَّكَاةِ

باب — "زکوٰۃ کی فرضیّت"

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد" اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا مجھ سے ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ذکر کی اور کہا وہ ہمیں نماز، زکوٰۃ، صلۂ رحمی اور پاکدامنی کا حکم کرتے ہیں"۔

..... لغت میں زکوٰۃ کا معنی نماء اور تطہیر ہے زکوٰۃ ادا کرنے سے مال بہت بڑھتا ہے اور زکوٰۃ ادا کرنے والے کو یہ گناہوں سے پاک کرتی ہے اللہ تعالیٰ کے پاس اس کا ثواب بڑھتا رہتا ہے، مستحق نصاب سے جو مال نکالا جائے اس پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ اس کو صدقہ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ زکوٰۃ ادا کرنے والے کی تصدیق پر دلالت کرتی ہے اور اس کے ظاہری اور باطنی ایمان کی صحت کی دلیل ہے۔ زکوٰۃ کے ایجاب میں فقراء کی موافقت ہوتی

marfat.com

۱۳۱۶ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمِ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ زَكَرِيَّاءَ بْنِ اِسْحَاقَ
عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ ادْعُهُمْ
اِلَى شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ
وَلَيْلَةٍ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لِذٰلِكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِيْ اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ فِيْ فُقَرَائِهِمْ

ہے جو معتد بہ مال سے ہوسکتی ہے۔ زکوٰۃ ایمان کا تیسرا رکن ہے اور اس کی فرضیت پر اجماع قائم ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ"، اور اس میں تیسری بنیاد زکوٰۃ کا ادا کرنا مذکور ہے ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جس نے ان پانچوں میں سے کسی ایک کا انکار کر دیا وہ مسلمان نہیں اسی لئے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مانعینِ زکوٰۃ کے مانعین کے خلاف جنگ کی جمہور ائمہ کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو شخص زکوٰۃ ادا نہ کرے اس سے جبراً زکوٰۃ لی جائے اگرچہ اس کے خلاف جنگ کرنی پڑے جیسے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مانعینِ زکوٰۃ سے کیا اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس میں ان کی موافقت کی"، ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث طویل ہے جو بخاری کی ابتداء بدء الوحی میں مذکور ہے یہاں اس جزء سے فرضیت زکوٰۃ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی

۱۳۱۶ — کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا اور فرمایا ان کو یہ دعوت دو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں اگر وہ اس کی اطاعت کرلیں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ایک دن رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں اگر وہ اس کی اطاعت کریں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ان کے مالوں میں صدقہ فرض کیا ہے جو ان میں سے مال داروں سے لیا جائے گا اور غریبوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

شرح : صدقہ کو مؤخر اس لئے ذکر کیا کہ یہ بعض لوگوں پر واجب

۱۳۱۶ — ہوتا ہے اور سال گزرنے کے بعد لیا جاتا ہے، بعض علماء اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ زکوٰۃ کو ایک شہر سے دوسرے شہر میں نقل نہ کیا جائے اور اسی شہر کے فقراء پر تقسیم کی جائے مگر یہ استدلال صحیح نہیں کیونکہ "فُقَرَائِهِمْ"، کی ضمیر کا مرجع مسلمانوں کے فقراء ہیں وہ اس شہر کے ہوں یا کسی دوسرے شہر کے ہوں۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس بات پر علماء کا اتفاق ہے کہ جب زکوٰۃ دوسرے شہر میں نقل کی جائے تو فرض ادا ہو جاتا ہے"، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کافر ایمان میں مخاطب ہیں احکام میں مخاطب نہیں وہ جب ایمان لے آئیں تو اس کے بعد عبادات ان پر واجب ہوتی ہیں کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکور امور ترتیب وار ان پر واجب کئے اور سب پر شہادت کو مقدم رکھا اس کے بعد نماز اور پھر زکوٰۃ کا ذکر کیا۔ اس حدیث سے بعض علماء نے استدلال کیا کہ وتر واجب نہیں کیونکہ اس میں وتروں کا ذکر نہیں کیا گیا حالانکہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے تھوڑا سا پہلے یمن بھیجا گیا تھا مگر یہ استدلال صحیح نہیں کیونکہ حدیث میں وتر کے عدمِ ذکر سے یہ لازم نہیں کہ وتر واجب نہ ہوں ورنہ لازم آئے گا کہ روزے اور حج وغیرہ بھی واجب نہ ہوں کیونکہ حدیث میں ان کا بھی ذکر نہیں ہے"،

marfat.com

۱۳۱۷ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبِرْنِيْ بِعَمَلٍ يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ قَالَ مَالَهُ مَالَهُ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَبٌ مَالَهُ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَتُقِيْمُ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَتَصِلُ الرَّحِمَ وَقَالَ بَهْزٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ وَاَبُوْهُ عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُمَا سَمِعَا مُوْسَى بْنَ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْشٰى اَنْ يَكُوْنَ مُحَمَّدٌ غَيْرَ مَحْفُوْظٍ اِنَّمَا هُوَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

ترجمہ : ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت میں داخل کرے۔ آپ نے فرمایا اسے کیا ہو گیا ہے اسے کیا ہو گیا ہے،، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صاحبِ حاجت ہے،، تو اللہ کی عبادت کر اور کسی کو اس کا شریک نہ بنا، نماز قائم کر، زکوٰۃ ادا کر اور صلۂ رحمی کر،، بہز نے کہا ہم سے شعبہ نے بیان کیا اُنھوں نے کہا ہم کو محمد بن عثمان اور ان کے والد عثمان بن عبداللہ نے خبر دی کہ اُنھوں نے موسیٰ بن طلحہ سے سُنا اُنھوں نے ابو ایوب سے یہ بیان کیا، ابوعبداللہ (بخاری) نے کہا مجھے ڈر ہے کہ محمد بن عثمان غیر محفوظ ہو اور وہ عمرو ہو،،

۱۳۱۷ — شرح : قولہ مَالَهٗ مَالَهٗ ،، کلمہ ما استفہامیہ ہے تاکید کے لئے مکرر آیا ہے۔ قَوْلُهٗ اَرَبٌ مَالَهٗ ،، اَرَبٌ ،، میں ہمزہ مفتوح اور راء مکسور حَذِرٌ کے وزن پر ہے اس کا معنیٰ ہے صاحبِ حاجات ،، یہ مبتداء محذوف هُوَ کی خبر ہے یعنی هُوَ اَرَبٌ ،، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اس کو دیکھا کہ وہ یہ سوال کرنے میں بڑا حریص ہے تو اس کی حرص پر تعجب کرتے ہوئے بطورِ استفہام یہ فرمایا،، اس کلمہ کو مفتوح العین اَرَبٌ بھی پڑھا گیا ہے اس وقت معنیٰ یہ ہے کہ اس کو حاجت ہے۔ یہ مبتداء ہے اور اس کی خبر محذوف ہے یعنی لَهٗ اَرَبٌ ،، بعض علماء اَرَبَ ضَرَبَ کے وزن پر اور بعض سَمِعَ کے وزن پر ماضی کا صیغہ کہتے ہیں اس تقدیر پر معنی یہ ہے کہ یہ شخص محتاج ہے اپنی حاجت کا سوال کرتا ہے،، اِحْتَاجَ فَسُئِلَ عَنْ حَاجَتِهٖ ،، قولہ اخشی الخ یعنی شعبہ کو وہم ہوا اور اُنھوں نے محمد بن عثمان ذکر کیا حالانکہ وہ عمرو بن عثمان ہے۔ اس طرح مسلم میں ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے نوافل کا ذکر نہ فرمایا تاکہ یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ واجب ہیں واللہ وتعالیٰ ورسولہ اعلم!

۱۳۱۸ — ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا آپ مجھے ایسا عمل بتائیں کہ جب میں وہ کروں تو جنت میں داخل ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی عبادت کر اس کا کسی کو شریک نہ بنا فرض نماز قائم کر، فرض زکوٰۃ ادا کر اور رمضان کے روزے رکھ۔ اس اعرابی نے کہا اس ذات

marfat.com

اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ قَالَ تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَّتُقِيْمُ الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوْبَةَ وَتُؤَدِّيْ الزَّكٰوةَ الْمَفْرُوْضَةَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا اَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا ۱۳۱۹

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ زُرْعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا ۱۳۲۰

حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَمْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا هٰذَا الْحَيُّ مِنْ رَبِيْعَةَ قَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ وَلَسْنَا نَخْلُصُ اِلَيْكَ اِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَمُرْنَا بِشَيْءٍ نَاْخُذُهٗ عَنْكَ وَنَدْعُوْ اِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَنَا قَالَ

کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے میں اس پر زیادہ نہیں کروں گا جب وہ چلا گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو یہ اچھا معلوم ہوتا ہے کہ وہ جنتی کو دیکھے تو وہ اس کو دیکھ لے۔

۱۳۱۹ —— ترجمہ : ابو حیان نے کہا مجھے ابوزرعہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی خبر دی۔

۱۳۱۸ ، ۱۳۱۹ —— شرح : اس اعرابی کا نام سعد بن احزم ہے اس حدیث میں حج کا ذکر نہیں کیا اور صوم کا اضافہ کر دیا ہے کیونکہ اس وقت روزہ فرض ہو چکا تھا اور حج کی فرضیت ابھی نازل نہ ہوئی تھی ،، اور جہاد کو اس لئے ذکر نہ کیا کہ وہ اعراب پر فرض نہیں ،، یا راویوں نے موقع محل اور زمانے کے اختلاف کے باعث جو مناسب دیکھا ذکر کر دیا ہے۔ اس میں راویوں کی تقصیر نہیں ہے ،، قولہ لا ازید الخ یعنی میں فرائض پر اضافہ نہیں کروں گا یا جو کچھ میں نے سنا ہے اپنی قوم کے پاس جا کر اس پر اضافہ نہ کروں گا اور بعینہٖ ان کو یہ پہنچا دوں گا کیونکہ وہ اپنی قوم کا وفد تھا ،، اس شخص کے حق میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ،، کہ یہ جنتی ہے کیونکہ آپ کو یہ علم تھا کہ یہ شخص ان فرائض کا ہمیشہ پابند رہے گا اور جنت میں داخل ہوگا اور یہ عشرہ مبشرہ کی خبر کے منافی نہیں کیونکہ ایک عدد کو ذکر کیا جائے تو دوسرے مقام میں اس پر اضافہ اس کے منافی نہیں ہوتا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی حضرات کے بارے میں ان کا جنتی ہونا ذکر فرمایا ہے جو عشرہ مبشرہ میں داخل نہیں چنانچہ فرمایا حسن و حسین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں اور ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو جنتی فرمایا ،، یا یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ عشرہ مبشرہ کو ایک مجلس میں یہ خوشخبری دی تھی دوسرے مواقع میں اوروں کو جنتی کہنے کے یہ منافی نہیں۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم!

۱۳۲۰ —— ترجمہ : ابو جمرہ نے کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ قبیلہ عبدالقیس کا وفد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور انھوں نے کہا یا رسول اللہ! یہ قبیلہ ربیعہ ہے ہمارے اور آپ کے درمیان کفار مضر حائل ہیں ہم حرام کے مہینہ کے سوا آپ کے پاس نہیں آ سکتے آپ ہم کو کسی بات کا حکم فرمائیں کہ ہم اس کو مضبوط پکڑیں (اس پر عمل کریں)

marfat.com

اٰمِرُكُمْ بِاَرْبَعٍ وَاَنْهَاكُمْ عَنْ اَرْبَعٍ اَلْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ وَشَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَعَقَدَ بِيَدِهٖ هٰكَذَا وَاِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءُ الزَّكٰوةِ وَاَنْ تُؤَدُّوْا الْخُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيْرِ وَالْمُزَفَّتِ وَقَالَ سُلَيْمَانُ وَاَبُوالنُّعْمَانِ عَنْ حَمَّادٍ الْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ شَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

۱۳۲۱ حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ فَقَالَ عُمَرُ كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَهَا فَقَدْ عَصَمَ مِنِّيْ مَالَهٗ وَنَفْسَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَى اللّٰهِ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ فَاِنَّ الزَّكٰوةَ حَقُّ الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِيْ عَنَاقًا كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ قَدْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ فَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَقُّ

اور اپنے پچھلوں کو اس کی دعوت دیں (کہ وہ بھی عمل کریں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم کو چار باتوں کا حکم کرتا ہوں اور چار سے منع کرتا ہوں اللہ پر ایمان لانا اور یہ گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کیا نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا اور جو غنیمت کا مال حاصل کرو اس سے پانچواں حصہ ادا کرو اور میں تم کو کدو، حنتم، نقیر اور مزفت سے منع کرتا ہوں اور سلیمان اور ابونعمان نے حماد سے روایت کی کہ اللہ پر ایمان لانا اور یہ گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی حق معبود نہیں،،

۱۳۲۰ — مشرح : عبدالقیس قبیلہ ہے اور ربیعہ اس کی ایک شاخ ہے، بعض روایات میں "انا فہذا الخ" ہے اور یہ اختصاص منصوص ہے۔ اس روایت میں "صیام" کا ذکر راوی کی غفلت سے رہ گیا ہے جبکہ دوسری روایات میں صیام کا ذکر کیا گیا ہے "دباء"، خشک کدو کا برتن ہے "حنتم"، سبز مٹکا ہے "نقیر"، لکڑی کو درمیان سے کرید کر برتن بنایا جاتا ہے "مزفت"، تارکول والا برتن ہے۔ حدیث ۵۱ کی تفہیم میں اس کی پوری تفصیل مذکور ہے،،

۱۳۲۱ — ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے اور عرب کے بعض لوگ کافر ہوگئے (زکوٰۃ کے منکرین)، تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا آپ لوگوں سے جنگ کیسے کریں گے حالانکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے جنگ کروں حتیٰ کہ وہ "لا الہ الا اللہ" پڑھنے لگیں جس نے یہ پڑھا اس نے مجھ سے اپنا مال اور اپنی جان کو بچا لیا مگر حقِ اسلام کے عوض،، اور اس کا حساب اللہ کے ذمہ ہے اور کہا بخدا! میں ان لوگوں سے جنگ کروں گا جو نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق جانتے ہیں کیونکہ زکاۃ مال کا حق ہے خدا کی قسم اگر وہ مجھ سے ایک رسی روکیں گے جسے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور بطور زکاۃ ادا کرتے تھے تو میں اس کے روکنے پر ان سے جنگ کروں گا۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم یہ نہ تھا مگر اللہ تعالیٰ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کا سینہ کھول دیا تھا میں نے پہچان لیا کہ یہی حق ہے،،

marfat.com

۱۳۲۱ ــــ

شرح : یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا جس نے نماز میں اطاعت کی اور زکوٰۃ کا انکار کیا اور اس کو ادا نہ کیا میں اس سے جنگ کروں گا ،، علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ حدیث مشکل ہے اشکال یہ ہے کہ اس واقعہ کا ابتدائی جملہ (کفر من کفر) مانعین زکوٰۃ کے کفر پر دلالت کرتا ہے اور نماز اور کفر کے درمیان تفریق سے واضح ہوتا ہے کہ وہ دینِ اسلام پر ثابت تھے کیونکہ وہ نمازیں پڑھتے تھے اور زکوٰۃ کے انکار میں یہ تاویل کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ،، خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ،، یعنی تطہیر وغیرہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی اور سے ناممکن ہے، اسی طرح کسی دوسرے کی "صلوٰۃ" بھی "سکن" نہیں ہوسکتی ہے اس قسم کے شبہ سے ان لوگوں سے جنگ کا جواز ختم ہوجاتا ہے ،، اس کا جواب یہ ہے کہ مخالفین دو قسم کے لوگ تھے ایک وہ تھے جو مرتد ہوگئے تھے وہ مسیلمہ کذاب کو ماننے والے تھے اور "کفر من کفر" سے مراد یہ لوگ ہیں اور دوسرے وہ لوگ تھے جو نماز کا اقرار کرتے تھے اور زکوٰۃ کا انکار کرتے تھے ،، دراصل یہ لوگ باغی تھے کافر نہ تھے اور ان کو خصوصاً باغی نہیں کہا گیا بلکہ ان کی ارتداد کی طرف نسبت کی گئی ہے کیونکہ بغاوت بہت بڑا جرم ہے۔ سیدنا علی المرتضیٰ کے عہدِ خلافت میں باغیوں سے جنگ کی ابتداء ہوئی جبکہ ان کے عہد میں وہ لوگ تنہا رہ گئے تھے اور مشرکوں سے ان کا اختلاط نہ رہا تھا۔ اگر یہ کہا جائے کہ اگر زکوٰۃ کا منکر باغی ہے کافر نہیں تو ہمارے زمانہ میں بھی ان کو کافر نہیں کہنا چاہیئے حالانکہ وہ بالاتفاق کافر ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ اس زمانہ اور اِس زمانہ میں فرق ہے کیونکہ شریعت کا زمانہ جس میں تبدیلِ احکام کا وقوع ہوتا تھا وہ لوگ اس زمانے کے قریب ہونے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے خلاء واقع ہوجانے کے باعث اس اقدام میں معذور تھے کیونکہ وہ لوگ احکامِ دین سے جاہل تھے اور مذکور شبہ نے ان کو گمراہ کردیا تھا اور اس زمانہ میں جبکہ دینِ اسلام معروف ہوچکا ہے اور وجوبِ زکاۃ کا علم ہر ایک کو حاصل ہے اور سب عام وخاص اس کو جانتے ہیں تو مذکور تاویل کے ساتھ کسی کو معذور خیال نہیں کرسکتے اور زکوٰۃ کا حال پانچ نمازوں کی مثل ہوگیا ہے۔ لہٰذا جس طرح نماز کا منکر کافر ہے زکوٰۃ کا منکر بھی کافر ہے ،، اور دوسری قسم کے بارے میں ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے مابین مناظرہ ہوا تھا سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ظاہر حال کا خیال کیا اور اس کی انتہا کی طرف التفات نہ کی اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا زکوٰۃ مال کا حق ہے اور اِلّا بحقہ میں داخل ہے اور جان و مال کی عصمت دو شرطوں سے معلق ہے اور وہ نماز کا حق اور مال کا حق ہیں۔ جب ان میں سے ایک پائی جائے اور دوسری نہ پائی جائے تو عصمت حاصل نہیں ہوگی لہٰذا جو شخص نماز کا حق ادا نہ کرے تو اس کی جان اور مال معصوم نہیں رہتا اسی طرح جو مال کا حق ادا نہیں کرتا اس کی جان اور مال بھی معصوم نہیں رہ سکتے ،، لہٰذا یہ لوگ "اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ" کے عموم میں داخل ہوگئے اور ان کے ساتھ جنگ کرنا ضروری ہوگیا ،، قَوْلُهٗ كَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ ،، اس فرقہ میں دو گروہ تھے۔ ایک وہ گروہ تھا جو مسیلمہ کذاب کی نبوت کا قائل تھا یہ لوگ بنی حنیفہ وغیرہ سے تعلق رکھتے تھے ،، اور اسود عنسی کے ساتھی تھے جو یمن وغیرہ کے رہنے والے تھے یہ تمام لوگ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے منکر تھے سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے جنگ کی اور مسیلمہ کذاب یمامہ میں اور اسود عنسی صنعاء میں

marfat.com

قتل ہوگئے اور ان کی جمعیت تتر بتر ہوگئی اور بیشتر لوگ ہلاک ہوگئے۔ دوسرا گروہ وہ تھا جو اسلام سے منحرف ہوکر مرتد ہوگئے تھے اُنہوں نے اسلام کے احکام کا انکار کردیا تھا اور نماز اور زکوٰۃ اور دیگر احکام ترک کردیئے اور ان کا وہی حال ہوگیا جو زمانۂ جاہلیت میں تھا، تیسرا ایک اور گروہ تھا اُنھوں نے نماز اور زکوٰۃ میں فرق کیا نماز کا اقرار اور زکوٰۃ کا انکار کیا یہ لوگ دراصل باغی تھے مگر اُس زمانہ میں خصوصاً ان کو اس نام سے پکارا نہیں جاتا تھا کیونکہ وہ مرتدوں کے ہجوم میں داخل تھے اِس لئے ان کی نسبت ارتداد کی طرف کی گئی اور سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں یہ لوگ تنہا رہ گئے تھے مشرکوں سے ان کا اختلاط نہ تھا اس لئے ان کو باغیوں کا نام دیا گیا اور ان سے جنگ کی گئی،،

زکوٰۃ کے منع کرنے والوں کے ضمن میں وہ لوگ بھی آتے ہیں جو زکوٰۃ ادا کرنے کے معتقد تھے اور اس سے منع نہ کرتے تھے مگر ان کے سردار ان کو منع کرتے تھے اور ان سے زکوٰۃ لے کر اپنے قبضہ میں کرلیتے تھے چنانچہ بنی یربوع نے اپنے صدقات جمع کرکے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھیجنے کا ارادہ کیا تو مالک بن نویرہ نے ان کو روک دیا اور صدقات انہی لوگوں میں تقسیم کردیئے،، واقدی نے کتاب الردۃ میں ذکر کیا ہے کہ جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہُوا تو بہت سے عرب مرتد ہوگئے قبیلہ اسد اور غطفان سے اکثر لوگ اسلام سے منحرف ہوگئے۔ قبیلہ فزارہ کے تمام لوگ مرتد ہوگئے۔ یمامہ میں بنوحنیفہ، اہلِ بحرین، بکر بن وائل، اہلِ دباء، ازد عمان، نمر بن قاسط، کلب اور قضاعہ کے کچھ لوگ، بنوتمیم اور بنوسالم سے عصیہ، عُمیرہ، خفافِ، بنوعوف بن امرئ القیس، ذکوان اور حارثہ مرتد ہوگئے۔ بنوعبس مرتد نہیں ہُوئے تھے بنوعامر اپنے سرداروں کے رجحان کے منتظر رہے اور اسلم، غفار، جُہینہ، مُزینہ، اشجع، کعب بن عمرو بن خزاعہ، ثقیف، ہُذیل، دئل، کنانہ، بُجیلہ، خثعم، طی اور تہامہ کے قریب ہوازن جشم، سعد بن بکر، عبدالقیس، تجیب، مذحج بنوزید کے سوا، ہمدان اور اہلِ صنعاء اسلام پر ثابت قدم رہے،، واقدی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ دوس اور اہلِ سراۃ میں سے کوئی شخص اسلام سے منحرف نہیں ہُوا تھا،،

مرتدین سے جنگ کے بارے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مباحثہ کیا اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے زکوٰۃ کو نماز پر قیاس کیا جس کا انکار بالاتفاق کفر ہے اور بالاتفاق ان سے جنگ کرنا ضروری ہے اور اُنھوں نے زکوٰۃ مختلف فیہ کو متفق علیہ پر قیاس کیا اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عموم حدیث سے استدلال کیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عام کو قیاس کے ساتھ خاص کیا جاتا ہے،، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا امرت ان اقاتل الناس حتی یشھدوا ان لا الہ الا اللہ و ان محمدا رسول اللہ و یقیموا الصلوٰۃ و یوتوا الزکاۃ،، اگر عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پیش نظر یہ حدیث ہوتی تو وہ صدیق اکبر پر اعتراض نہ کرتے اور اسی طرح اگر یہ حدیثِ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے علم میں ہوتی تو وہ عمر فاروق سے یہ ذکر کرتے اور ان کو جواب میں قیاس کی ضرورت نہ پڑتی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض عام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بعض احادیث یاد تھیں جو اُخص الخواص صحابہ کو یاد نہ تھیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

---

marfat.com

بَابُ الْبَيْعَةِ عَلَى اِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ۱۳۲۲
عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ قَيْسٍ قَالَ قَالَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ بَابٌ ثُمَّ مَانِعُ الزَّكٰوةِ وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ

باب ــــ زکوٰۃ دینے پر بیعت کرنا

اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں"

۱۳۲۲ ــــ

ترجمہ : حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز قائم کرنے، زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان سے اخلاص کرنے پر بیعت کی،

۱۳۲۲ ــــ

شرح : آیت کریمہ کا معنی یہ ہے کہ جو شخص کفر سے توبہ کرے، نماز قائم کرے، زکوٰۃ دے وہی مومنوں کی اخوت حاصل کرسکتا ہے اور زکوٰۃ کی ادا کا التزام کرنے سے ہی بیعتِ اسلام مکمل ہوتی ہے اور جو اس کا مانع ہو وہ بیعت کو باطل کردیتا ہے اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کے ضمن میں جو شئی آجائے وہ واجب ہوتی ہے۔ یہی ترجمۃ الباب کا معنیٰ ہے، اور حدیث ۱۳۲۲ کی تفصیل حدیث ۵۴ کی تفہیم میں دیکھیں،

باب ــــ زکوٰۃ منع کرنے والے کا گناہ

اللہ تعالیٰ کا ارشاد" جو لوگ سونا اور چاندی کا خزانہ بناتے ہیں اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے ان کو دردناک عذاب کی خبر دیں، جس روز اس کو دوزخ کی آگ میں گرم کیا جائے گا اور اس کے ساتھ ان کے چہرے پہلو اور پشتیں داغدار کی جائیں گی۔ ان سے کہا جائے گا یہ وہ ہے جس کو تم اپنی جانوں کے لئے خزانہ بناتے تھے اس چیز کا مزہ چکھو جو تم خزانہ بنا کر رکھتے تھے،

مال کا خزانہ کرنے پر وعید اس تقدیر پر ہے جبکہ اس کی زکوٰۃ نہ دی جائے"

marfat.com

۱۳۲۳ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُرْمُزَ الْاَعْرَجَ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَاْتِي الْاِبِلُ عَلٰى صَاحِبِهَا عَلٰى خَيْرِ مَا كَانَتْ اِذَا هُوَ لَمْ يُعْطِ فِيْهَا حَقَّهَا تَطَؤُهُ بِاَخْفَافِهَا وَتَاْتِي الْغَنَمُ عَلٰى صَاحِبِهَا عَلٰى خَيْرِ مَا كَانَتْ اِذَا لَمْ يُعْطِ فِيْهَا حَقَّهَا تَطَؤُهُ بِاَظْلَافِهَا وَتَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا قَالَ وَمِنْ حَقِّهَا اَنْ تُحْلَبَ عَلَى الْمَآءِ قَالَ وَلَا يَاْتِي اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِشَاةٍ يَحْمِلُهَا عَلٰى رَقَبَتِهِ لَهَا يُعَارٌ فَيَقُوْلُ يَا مُحَمَّدُ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ بَلَّغْتُ وَلَا يَاْتِي بِبَعِيْرٍ يَحْمِلُهُ عَلٰى رَقَبَتِهِ لَهُ رُغَاءٌ فَيَقُوْلُ يَا مُحَمَّدُ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ بَلَّغْتُ

اور جس مال کی زکوٰۃ دی جائے اس کو خزانہ نہیں کہا جاتا اگرچہ ارب ہا روپیہ ہو اور جس مال کی زکوٰۃ نہ دی اگرچہ دو سو درھم ہو وہ خزانہ ہے اور اس پر وعید آئی ہے ،، شروع اسلام میں مال کا جمع کرنا حرام تھا اور جب زکوٰۃ فرض ہوئی تو مذکور تحریم منسوخ ہوگئی اور مال کا جمع کرنا جائز ہوگیا اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابوذر غفاری اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہما میں نزاع ہوگیا تھا جبکہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا یہ آیت کریمہ صرف اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئی اور ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا یہ آیت کریمہ مسلمانوں اور اہل کتاب سب کے لئے نازل ہوئی ہے نزاع ختم کرنے کے لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ابوذر رضی اللہ عنہ کو شام سے واپس بلا کر ربذہ میں قیام کے لئے کہا اور انھوں نے ربذہ میں ہی انتقال کیا۔ حدیث ۱۳۲۶ میں یہ مذکور ہے۔ اس آیت کریمہ سے ابوبکر رازی نے ہر قسم کے سونے اور چاندی میں وجوبِ زکاۃ پر استدلال کیا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج نے بیان کیا کہ انھوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

۱۳۲۳ —

اونٹ اپنے مالک کے پاس پہلے سے زیادہ موٹے ہو کر آئیں گے جبکہ اس نے ان میں سے ان کا حق ادا نہ کیا ہو وہ اس کو اپنے پاؤں سے روندیں گے اور بکریاں اپنے مالک کے پاس پہلے سے موٹی آئیں گی جبکہ اس نے ان میں سے ان کا حق ادا نہ کیا ہو وہ اس کو اپنے کھروں سے روندیں گی اور سینگوں سے ماریں گی اور فرمایا ان کا حق یہ ہے کہ پانی پر ان کو دوہا جائے۔ فرمایا تم میں سے کوئی شخص قیامت کے دن اس حال میں نہ آئے کہ وہ بکری اپنی گردن پر اٹھائے ہوئے ہو اور وہ آواز نکال رہی ہو اور وہ شخص کہے یا محمد! تو میں کہوں میں تیرے لئے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں میں نے تم کو تبلیغ کر دی تھی اور کوئی شخص اونٹ لے کر نہ آئے جس کو اپنی گردن پر اٹھائے ہوئے ہو وہ آواز نکال رہا ہو اور وہ کہے یا محمد! تو میں کہوں میں تیرے لئے کسی شئی کا مالک نہیں ہوں میں نے اللہ کا حکم پہنچا دیا تھا۔

شرح : یعنی جن جانوروں کی زکوٰۃ نہ دی جائے وہ قیامت کے روز پہلے

۱۳۲۳ —

سے قوی اور موٹے تازے ہو کر آئیں گے تاکہ اس کو روندنے کے وقت بھارے ہوں اور ان سے اس کو تکلیف زیادہ ہو اونٹ کے پاؤں کو "خُفّ"، بکری کے کھر کو "ظِلْف"، آدمی کے پاؤں کو "قدم"، اور گھوڑے اور گدھے کے پاؤں کو "حافر" کہا جاتا ہے،، بکریوں کا حق یہ ہے کہ ان کو

marfat.com

۱۳۲۴ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكٰوتَهُ مُثِّلَ لَهٗ مَالُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ يَاْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِيْ بِشِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ الْاٰيَةَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

پانی پر دوہا جائے تاکہ مسافر، مساکین جو پانی کے پاس رہتے ہیں ان کا دودھ پئیں یہ حق بکریوں کے حقوق میں سے ہے اور سب سے بڑا حق زکوٰۃ ہے ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مال میں دو فرض ہیں ایک فرضِ عین اور دوسرا اس کا غیر اور بکریوں کا دوہنا ان حقوق میں سے ہے جن کا تعلق مکارمِ اخلاق سے ہے یہ فرضِ عین نہیں ،، بکری کی آواز کو "ثُعار" اور اونٹ کی آواز کو "رُغا" کہا جاتا ہے ،، قزاز نے کہا بکری کی آواز "ثغاء" ہے اور بعور اس بکری کو کہا جاتا ہے جو دوہتے وقت برتن میں پیشاب کرکے دودھ خراب کردے ،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اونٹ، گائے اور بکریاں جن کی زکوٰۃ نہ دی جائے ان کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بعینہٖ موٹی تازی اُٹھائے گا تاکہ ان کے ساتھ زکوٰۃ نہ دینے والے کو عذاب دے ،، اور جو مال حیوان نہ ہو جب اس کی زکوٰۃ نہ دی جائے تو وہ قیامت کے روز خبیث سانپ بنادیا جائے گا جس کے ساتھ زکوٰۃ نہ دینے والے کو عذاب دیا جائے گا ،،

۱۳۲۴ — **ترجمہ** : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو اللہ تعالیٰ مال دے اور وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرے تو قیامت کے دن وہ مال گنجے سانپ کی شکل میں لایا جائے گا اس کی دونوں آنکھوں پر دو کالے نقطے ہوں گے اور وہ اس کی گردن میں طوق بنایا جائے گا۔ پھر وہ منہ کے دونوں کناروں سے اس کو پکڑے گا اور کہے گا میں تیرا خزانہ ہوں پھر آپ صلی اللہ علیہ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی "لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ الاٰیۃ"

۱۳۲۴ — **شرح** : "قولہ مُثِّلَ لَہٗ" یعنی جس مال کی زکوٰۃ نہ دی جائے اس کو گنجے سانپ کی شکل بنا دیا جائے گا ،، شُجاع سانپ کی قسم ہے اس کی جمع شجعان ہے۔ یہ باریک لطیف سانپ ہے یہ تمام سانپوں سے زیادہ دلیر ہوتا ہے ،، بعض کا کہنا ہے کہ یہ سانپ سوار اور پیادے پر چھلانگ لگا کر گزر جاتا ہے اور اپنی دُم پر کھڑا ہو جاتا ہے اور کبھی سوار کے منہ تک پہنچ جاتا ہے عموماً یہ جنگلات میں پایا جاتا ہے ،، قولہ اَقْرَع ،، جس کے سر میں سفیدی ہو "جامع القزاز" میں ہے کہ سانپوں کے سروں پر بال نہیں ہوتے شائد اس سانپ کے سر کا چمڑا اُڑا ہوگا اس لئے اسے گنجا کہا جاتا ہے ابن خالویہ نے کہا عرب کے کلام میں سانپوں کے نام اور ان کی صفات وہی ہیں جو میں نے اس باب میں ذکر کئے ہیں اور ان کے ۸۴ نام ذکر کئے ..

marfat.com

باب ما أدي زكوته فليس بكنز لقول النبي صلى الله عليه وسلم ليس فيما دون خمس أواق صدقة حدثنا احمد بن شبيب بن سعيد قال حدثنا ابي عن يونس عن ابن شهاب عن خالد بن اسلم قال خرجنا مع عبد الله بن عمر فقال اعرابي اخبرني عن قول الله تعالى والذين يكنزون الذهب والفضة قال ابن عمر من كنزها فلم يؤد زكوتها فويل له انما كان هذا قبل ان تنزل الزكوة فلما انزلت جعلها الله طهرة للاموال

اس حدیث سے زکوٰۃ کی فرضیت واضح ہوتی ہے کیونکہ اس قدر شدید وعید کا مدلول یہی ہوتا ہے اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ خارجی اشیاء میں انقلاب ہوسکتا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بعید نہیں تمام اموال زکوٰیہ پر مال کا اطلاق ہوتا ہے جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ جب سونا بیس ۲۰ مثقال ہو اور اس کی قیمت دو سو ۲۰۰ درہم ہو تو اس کی زکوٰۃ نصف دینار ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب — جس مال کی زکوٰۃ ادا کردی جائے وہ کنز نہیں

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ اوقیہ سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔ احمد بن شبیب بن سعید نے کہا مجھے میرے باپ نے یونس سے خبر دی اُنھوں نے ابن شہاب سے روایت کی کہ ان سے خالد بن اسلم نے بیان کیا کہ ہم عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ باہر نکلے اور ایک اعرابی نے کہا مجھے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے خبردار کریں " وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ " حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا جس نے مال جمع کئے اور ان کی زکوٰۃ نہ دی اس کے لئے ہلاکت ہے۔ یہ حکم زکوٰۃ کے نازل ہونے سے پہلے تھا جب زکوٰۃ کی آیت نازل ہوئی تو زکوٰۃ کو اللہ تعالیٰ نے اموال کی پاکیزگی کا سبب بنایا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی تفسیر کا حاصل یہ ہے کہ آیت کنز کا حکم منسوخ ہے ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ " اِنَّمَا كَانَ هٰذَا قَبْلَ اَنْ تُنْزَلَ الزَّكٰوةُ " سے مراد اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے " يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ " یعنی جو کفائت سے زیادہ مال ہو " مسلمانوں پر فرض تھا کہ گھر کی کفائت سے زیادہ مال صدقہ کر دیا جائے جب زکوٰۃ فرض ہوئی تو یہ حکم منسوخ ہوگیا " اَوَاقِی " اُوْقِيَة " کی جمع ہے حدیث شریف میں اوقیہ کا اطلاق چالیس ۴۰ دراہم پر کیا گیا ہے اور پانچ اوقیہ دو سو درہم ہوتے ہیں یہ زکوٰۃ کا نصاب ہے۔

اکثر علماء کہتے ہیں کہ زکوٰۃ ہجرت کے بعد دوسرے سال رمضان مبارک کے فرض ہونے سے پہلے فرض ہوئی اگر یہ سوال ہو کہ ابن حبان نے اپنی صحیح میں یہ دعویٰ کیا ہے کہ زکوٰۃ کی فرضیت ہجرت سے پہلے تھی اُنھوں نے ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے استدلال کیا جو حبشہ کی طرف ہجرت کے قصہ کے متعلق ہے اس میں ہے کہ حضرت

marfat.com

حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ نَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ يَحْيَى بْنَ عُمَارَةَ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِيهِ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ يَقُولُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ ۱۳۲۵

جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے نجاشی سے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز، زکوٰۃ اور صیام کا حکم فرماتے ہیں بعض علماء نے اس کا یہ جواب دیا کہ اس حدیث کے اسناد میں کلام ہے کیونکہ اس وقت پانچ نمازیں فرض نہیں ہوئی تھیں اور نہ ہی رمضان مبارک کے روزے فرض ہوئے تھے اگر اس سوال کا یہ جواب دیا جائے کہ نماز سے مراد پانچ نمازیں مراد نہیں اور نہ زکوٰۃ سے فرض زکوٰۃ اور نہ ہی صیام سے رمضان کے روزے مراد ہیں بلکہ نماز سے مراد وہ نماز ہے جو پانچ نمازیں فرض ہونے سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور صیام سے مراد مطلقاً روزے ہیں کیونکہ لوگ اس وقت پہلی شریعت کے مطابق روزے رکھا کرتے تھے اور زکوٰۃ سے مراد صدقات و خیرات ہیں تو اس میں مضائقہ نہیں مگر یہ جواب اس تقدیر پر دیا جا سکتا ہے جبکہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کی صحت ثابت ہو جائے۔ (عینی) اس حدیث شریف میں زکوٰۃ کو اموال کی پاکیزگی کا سبب بنایا ہے کیونکہ یہ لوگوں کی میل کچیل ہے اسی لئے بنو ہاشم کے لئے یہ جائز نہیں مسلم شریف میں ہے "إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَنْبَغِي لِآلِ مُحَمَّدٍ إِنَّمَا هِيَ أَوْسَاخُ النَّاسِ" اور جب مال کی زکوٰۃ نکال دی جائے تو مال پاک ہو جاتے ہیں پھر اس سے صاحبِ مال بھی رذیل اخلاق اور بخل سے پاک ہو جاتا ہے واللہ و رسولہ اعلم!

۱۳۲۵ ترجمہ : حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ اوقیہ سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور نہ پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ ہے اور نہ ہی پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ ہے ،،

۱۳۲۵ شرح : اس حدیث میں اُوَاقٍ یاء کے بغیر ہے اور مسلم کی روائت میں اُواقی بالیاء مروی ہے امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا دونوں صحیح ہیں یہ اُوقیہ کی جمع ہے تمام محدثین اور فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اوقیہ چالیس (۴۰) درہم کی ہوتی ہے پانچ اوقیہ کے دو سو درہم ہوتے ہیں اور یہ زکوٰۃ کا نصاب ہے تین سے دس اونٹوں تک ذود کا اطلاق ہوتا ہے اس کی جمع اَذوَاد ہے ،، اَوْسُق ،، وَسق کی جمع ہے اس میں ساٹھ صاع ہوتے ہیں ابوداؤد میں ہے — " اَلْوَسْقُ سِتُّونَ صَاعًا ،، قولہ لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ یعنی دو سو درہم سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ یہ چاندی کے نصاب کا بیان ہے اور سونے کا نصاب بیس مثقال ہیں اس پر علماء کا اجماع ہے امام مالک، شافعی، ابو یوسف اور محمد رضی اللہ عنہم کے نزدیک نصاب سے جس قدر مال زیادہ ہو اس میں چالیسواں حصہ زکوٰۃ ہے زائد مال تھوڑا ہو یا زیادہ ہو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا دو سو درہم سے زائد

marfat.com

۱۳۲۶ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ هَاشِمٍ سَمِعَ هُشَیْمًا قَالَ اَخْبَرَنَا حُصَیْنٌ عَنْ زَیْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ مَرَرْتُ بِالرَّبَذَةِ فَاِذَا اَنَا بِاَبِیْ ذَرٍّ فَقُلْتُ لَهٗ مَا اَنْزَلَكَ مَنْزِلَكَ هٰذَا قَالَ كُنْتُ بِالشَّامِ فَاخْتَلَفْتُ اَنَا وَمُعَاوِیَةُ فِی الَّذِیْنَ یَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا یُنْفِقُوْنَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَالَ مُعَاوِیَةُ نَزَلَتْ فِیْ اَهْلِ الْكِتَابِ فَقُلْتُ نَزَلَتْ فِیْنَا وَفِیْهِمْ فَكَانَ

میں زکوٰۃ نہیں حتی کہ چالیس درہم زیادہ ہوجائیں تو اس میں ایک درہم زکوٰۃ ہے اسی طرح بیس مثقال سے سونا زیادہ ہوجائے تو اس میں زکوٰۃ نہیں حتی کہ چار دینار زیادہ ہوجائیں تو ان میں ایک درہم زکوٰۃ ہے،، بیہقی کے باب فرض الصدقہ،، میں ہے چاندی کے پانچ اوقیہ میں زکوٰۃ پانچ درہم ہے اگر اس سے مال زیادہ ہوجائے تو ہر چالیس دراہم میں ایک درہم زکوٰۃ ہے" ابن ابی شیبہ نے صحیح اسناد کے ساتھ محمد باقر سے مرفوع حدیث روائت کی کہ جب پانچ اواقی ہوجائے تو اس میں پانچ درہم ہیں اور ہر چالیس دراہم میں ایک درہم زکوٰۃ ہے اسی طرح ابن حبان اور حاکم نے روائت کی ہے ان احادیث سے امام حنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب کی تائید ہوتی ہے کہ عفو میں زکوٰۃ نہیں ہے،، پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور پانچ اونٹوں میں زکوٰۃ ہے جبکہ وہ چراگاہ میں سال بھر چارہ کھاتے ہیں اس میں سب کا اتفاق ہے،، پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں اس سے امام شافعی، ابو یوسف اور محمد رحمہم اللہ تعالیٰ نے استدلال کیا کہ زمین کی پیداوار جب پانچ وسق ہو تو اس میں زکوٰۃ ہے یعنی عشر ہے،، اس سے کم میں عشر نہیں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا زمین کی ہر پیداوار میں عشر ہے اگرچہ پیداوار کتنی تھوڑی ہو البتہ کانوں لکڑیوں اور گھاس وغیرہ میں زکوٰۃ نہیں ہے،، حضرت عمر بن عبدالعزیز، مجاہد، ابراہیم نخعی اور امام زفر کا بھی یہی مذہب ہے شیخ عبدالرزاق نے مصنف میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ "مَا اَنْبَتَتِ الْاَرْضُ قَلِیْلٌ اَوْ كَثِیْرٌ فَالْعُشْرُ،، اسی طرح ابن ابی شیبہ نے یہ روائت کی ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث سے استدلال کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جس پیداوار کو آسمان یا چشمے پانی پلائیں یا زمین سیلابی ہو تو اس میں عشر ہے اور اگر کنوئیں وغیرہ سے پانی پلایا جائے تو اس میں نصف عشر ہے۔ یہ بخاری کی روائت ہے اسی طرح مسلم نے جابر سے اور ابن ماجہ نے مسروق سے روائت کی ہے" یہ احادیث مطلقہ ہیں ان میں پیداوار کا تعین نہیں لہٰذا زمین کی تھوڑی بہتی پیداوار میں زکوٰۃ ہے اور امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ کا اس کو باطل مذہب کہنا حد سے تجاوز اور بہت بڑی جسارت ہے اور اگر اسے تعصب کہا جائے تو بجا ہوگا،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب کی یہ آیت کریمہ بھی تائید کرتی ہے،،

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ"

اے مومنو اپنے پاکیزہ کسب سے اللہ کی راہ میں دو اور اس سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے"

واللہ ورسولہ اعلم!

۱۳۲۶ — ترجمہ: زید بن وہب سے روائت ہے اُنھوں نے کہا میں ربذہ سے گزرا تو وہاں ابوذر رضی اللہ عنہ تھے میں نے ان سے کہا

marfat.com

بَيْنِي وَبَيْنَهُ فِي ذٰلِكَ فَكَتَبَ إِلَى عُثْمَانَ يَشْكُونِي فَكَتَبَ إِلَيَّ عُثْمَانُ أَنِ اقْدَمِ الْمَدِينَةَ فَقَدِمْتُهَا فَكَثُرَ عَلَيَّ النَّاسُ حَتَّى كَأَنَّهُمْ لَمْ يَرَوْنِي قَبْلَ ذٰلِكَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعُثْمَانَ فَقَالَ لِي إِنْ شِئْتَ تَنَحَّيْتَ فَكُنْتَ قَرِيبًا فَذَاكَ الَّذِي أَنْزَلَنِي هٰذَا الْمَنْزِلَ وَلَوْ أَمَّرُوا عَلَيَّ حَبَشِيًّا لَسَمِعْتُ وَأَطَعْتُ

یہاں آپ کو کسی شئ نے اُتارا اُنھوں نے کہا میں شام میں تھا میرا اور امیر معاویہ کا اس آیت "اَلَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" میں اختلاف ہوگیا، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا یہ آیت اہلِ کتاب کے حق میں نازل ہوئی ہے اور میں نے کہا ہمارے اور ان کے بارے میں نازل ہوئی ہے اس میں میرا اور ان کا مباحثہ ہوگیا اور اُنھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو میری شکائت کا خط لکھا تو مجھے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لکھا کہ مدینہ منورہ آؤ میں مدینہ منورہ آیا تو بہت سے لوگ میرے پاس جمع ہوگئے حتیٰ کہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ اُنھوں نے اس سے پہلے مجھے دیکھا ہی نہ تھا میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے واقعہ ذکر کیا تو اُنھوں نے مجھے کہا اگر چاہتے ہو تو یہاں ایک طرف ہمارے قریب اقامت کر لو پس اس چیز نے مجھے یہاں اُتارا ہے اور اگر وہ مجھ پر حبشی کو امیر بنا دیں تو اس کی بات سنوں گا اور اطاعت کروں گا۔

۱۳۲۶ —— شرح

: ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے آئت کریمہ کے سیاق وسباق کو دیکھا اور کہا یہ آئت احبار و رہبان کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو زکوٰۃ کے منکر ہیں اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے آئت کے عموم کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے یہ کہا کہ یہ سب کے بارے میں ہے اور جو شخص وجوبِ زکوٰۃ کو تسلیم کرے اور زکوٰۃ ادا نہ کرے وہ بھی اس شدید وعید کا مستوجب ہے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو یہ خطرہ محسوس ہوا کہ اس طرح لوگوں میں اختلاف پیدا ہو جائے گا تو اُنھوں نے شام سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شکائت کا خط لکھا اور امیر المؤمنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو ذر کو شام میں خط لکھا کہ مدینہ منورہ چلے آؤ جب وہ مدینہ منورہ پہنچے تو لوگ بکثرت جمع ہوگئے وہ شام کے واقعہ کی تفصیل دریافت کرتے تھے کہ امیر معاویہ سے کیسے تکرار ہوا جب حضرت ابو ذر نے لوگوں کا یہ حال دیکھا تو ان کو خوف لاحق ہوا کہ ان کو امیر المؤمنین عتاب کریں گے جبکہ لوگوں کے ساتھ اسی قسم کی گفتگو میں خطرات مضمر ہو سکتے تھے تو اُنھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے لوگوں کا ہجوم اور ان کے تعجب کا ذکر کیا کہ لوگ میرے پاس ایسے بکثرت آتے جاتے ہیں کہ اُنھوں نے اس سے پہلے کبھی مجھے دیکھا ہی نہ تھا اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا اگر تمہیں فتنہ کا خطرہ ہے تو مدینہ منورہ کے قریب رہائش اختیار کر لو اس لئے وہ ربذہ چلے گئے۔ حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ اُنھوں نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی اطاعت سے سر نہ پھیرا تھا کیونکہ امراء کی اطاعت واجب ہے حتیٰ کہ اگر خلیفہ کسی حبشی کو امیر بنا دے تو رعیت پہ اس کی اطاعت واجب ہے! حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے شام میں سکونت کا سبب یہ بتایا کہ مجھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جب مدینہ منورہ کی آبادی سلع تک پہنچ جائے تو شام میں چلے جانا چنانچہ جب آبادی سلع تک پہنچ گئی تو میں شام میں چلا گیا اور وہیں رہا حتیٰ کہ یہ واقعہ پیش آیا، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

marfat.com

۱۳۲۷ حدثنا عیاش قال حدثنا عبد الاعلی قال حدثنا الجریری عن ابی العلاء عن الاحنف بن قیس قال جلست ح وحدثنی اسحاق بن منصور قال حدثنا عبد الصمد قال حدثنی ابی قال قال حدثنا الجریری قال حدثنا ابو العلاء ابن الشخیر ان الاحنف بن قیس حدثهم قال جلست الی ملأ من قریش فجاء رجل خشن الشعر والثیاب والهیئة حتی قام علیهم فسلم ثم قال بشر الکانزین برضف یحمی علیه فی نار جهنم ثم یوضع علی حلمة ثدی احدهم حتی یخرج من انغض کتفیه ویوضع علی نغض کتفیه حتی یخرج من حلمة ثدیه یتزلزل ثم ولی فجلس الی ساریة وتبعته وجلست الیه فانا لا ادری من هو فقلت له لا اری القوم الا قد کرهوا الذی قلت قال انهم لا یعقلون شیئا قال لی خلیلی قال قلت ومن خلیلک یعنی قال النبی صلی الله علیه وسلم یا اباذر اتبصر احدا قال فنظرت الی الشمس ما بقی من النهار وانا اری ان رسول الله صلی الله علیه وسلم یرسلنی فی حاجة له قلت نعم قال ما احب ان لی مثل احد ذهبا انفقه کله الا ثلاثة دنانیر وان هؤلاء لا یعقلون انما یجمعون الدنیا ولا والله لا اسألهم دنیا ولا استفتیهم عن دین حتی ألقی الله

نے ابوذر کی شکایت اس لئے کی کہ وہ ان پر اعتراض بکثرت کیا کرتے تھے اور ان سے جھگڑا بھی پڑتے تھے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لشکر کا میلان ابوذر کی طرف تھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فتنہ کے ڈر سے ان کو مدینہ منورہ بلا لیا، امام احمد اور ابو یعلی نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ذکر کی کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جبکہ تجھے مسجد نبوی سے نکال دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا میں شام چلا جاؤں گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب شام سے بھی نکال دیا جائے گا تو پھر کیا کروگے۔ ابوذر نے کہا میں مسجد نبوی میں آجاؤں گا آپ نے فرمایا مگر مسجد نبوی سے بھی نکال دیا جائے گا تو پھر کیا کروگے۔ ابوذر نے کہا تلوار کے ساتھ مقابلہ کروں گا فرمایا ایسا مت کرو بلکہ امیر کی اطاعت کرو،، اس لئے ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا اگر مجھ پر حبشی امیر بنا دیا جائے تو میں اس کی بات سنوں گا اور اس کی اطاعت کروں گا،،

ترجمہ : ابو العلاء بن شخیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ احنف بن قیس نے ان کو خبر دی انھوں نے کہا میں قریش کی ایک جماعت میں بیٹھا تھا کہ ایک شخص سخت بالوں، سخت کپڑوں اور پراگندہ شکل والا آیا حتیٰ کہ ان کے پاس کھڑا ہوگیا اور سلام کہا پھر کہنے لگا کہ مال جمع کرنے والوں کو گرم پتھر کی خوشخبری دو جو دوزخ کی آگ میں گرم کیا جائے گا پھر وہ ان کی چھاتی پر رکھا جائے گا جو مونڈھے کی ہڈی سے باہر نکل جائے گا اور اس کے مونڈھے کی ہڈی پر رکھا جائے گا حتی کہ چھاتی سے نکل جائے گا اور وہ حرکت کرتا رہے گا پھر وہ شخص پھرا اور ستون کے پاس بیٹھ گیا میں اس کے پیچھے گیا اور اس کے پاس بیٹھ گیا حالانکہ میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کون ہے میں نے اسے کہا میں لوگوں کو نہیں دیکھتا ہوں مگر انھوں نے تیری بات کو پسند نہیں کیا۔ اس نے کہا وہ لوگ کچھ نہیں جانتے ہیں۔ میرے خلیل نے مجھے فرمایا میں نے کہا تیرا خلیل کون ہے اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (میرے خلیل ہیں) اے اباذر کیا احد کو دیکھتے ہو؟ ابوذر نے کہا میں نے سورج کی طرف نظر کی تو کتنے دن باقی رہ گیا ہے جب کہ میرا گمان یہ تھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنے کسی کام بھیجیں گے میں

۱۳۲۷—

marfat.com

بَابُ اِنْفَاقِ الْمَالِ فِي حَقِّهٖ حَدَّثَنَا ۱۳۲۸

مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَيْنِ رَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَسَلَّطَهٗ عَلٰى هَلَكَتِهٖ فِي الْحَقِّ وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً فَهُوَ يَقْضِيْ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا

نے کہا جی ہاں (اُحُد کو دیکھ رہا ہوں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے یہ محبوب نہیں کہ میرے لئے احد پہاڑ سونے کا ہو جسے میں سارے کا سارا خرچ کر دوں مگر صرف تین دینار یہ لوگ سمجھتے نہیں ہیں اور دُنیا جمع کرتے ہیں اللہ کی قسم! میں ان سے دنیا نہیں مانگوں گا اور نہ ہی ان سے دین کے بارے میں پوچھوں گا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ سے جا ملوں ۔۔

شرح : " رصف " گرم پتھر ہے " حِلْمَہ " پستان کا سر ہے جو ابھرا ہوتا ہے " نغض " مونڈھے کی ہڈی ہے " تنزلزل " پتھر حرکت کرتا رہے گا " سَارِیَہ " ستون " ہے یعنی حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا میں ان کی دنیا میں طمع نہیں کرتا ہوں اور نہ ہی ان سے دین کے احکام پوچھتا ہوں " بلکہ بقدر کفائت پر گزارہ کرتا ہوں اور جو علم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کیا ہے اس پر اکتفاء کرتا ہوں۔ حدیث شریف میں تین دنانیز کو مستثنیٰ کرنے کی حکمت اللہ اور اس کا رسول ہی جانتے ہیں" ہو سکتا ہے کہ اس مقدار کا آپ پر قرض ہو گا یا اس رات کے مصارف و اخراجات کی مقدار یہ ہو حدیث شریف میں اُحُد پہاڑ کی مقدار سونا خرچ کرنے کو پسند نہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ میں اپنی ذات کے لئے اسے خرچ کرنا پسند نہیں کرتا ہوں ۔۔ یا مراد یہ ہے کہ میں اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کر دوں اور عدمِ محبت صرف استثناء کے لئے ہے یعنی میں پسند نہیں کرتا مگر سارا مال خرچ کر دینے کو " قولہ " ھولاء لا یعقلون " یہ ابوذر کا کلام ہے تاکید کے لئے دوبارہ ذکر کیا ہے یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا تتمہ نہیں ہے " حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ تھا کہ حاجت اصلیہ کے سوا کسی بھی شئی کا ذخیرہ کرنا حرام ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عقلاء سے مجازاً عقل کی نفی کرنی جائز ہے واللہ ورسولہ اعلم!

۱۳۲۷

باب — مال کو اس کے حق میں خرچ کرنا "

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُنھوں نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ حسد صرف دو خصلتوں میں ہے ایک وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی قدرت دی ۔ دوسرا وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے علم دیا اور وہ اس کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے اور اس کی تعلیم دیتا ہے "

۱۳۲۸

شرح : حسد کا معنی غبطہ ہے۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا غبطہ کا محل صرف یہ دو خصلتیں ہیں کیونکہ یہ رغبت کا مقام ہیں۔ حدیث ۴۲ کی تفہیم میں اس سے متعلق ذکر ہو چکا ہے ۔۔

marfat.com

باب الرياء في الصدقة

لقوله تعالى يا أيها الذين آمنوا لا تبطلوا صدقاتكم بالمن والأذى كالذي ينفق ماله رئاء الناس ولا يؤمن بالله واليوم الآخر إلى قوله والله لا يهدي القوم الكافرين قال ابن عباس صلدا ليس عليه شيء وقال عكرمة وابل مطر شديد الطل الندى

باب لا يقبل الله صدقة من غلول ولا يقبل إلا من كسب طيب لقوله تعالى قول معروف ومغفرة خير من صدقة يتبعها أذى والله غني حليم **باب** الصدقة من كسب طيب لقوله تعالى يمحق الله الربوا ويربي الصدقات والله لا يحب كل كفار أثيم إن الذين آمنوا وعملوا الصالحات وأقاموا الصلوة وآتوا الزكوة لهم أجرهم عند ربهم ولا خوف عليهم ولا هم يحزنون

باب — صدقہ میں ریا کرنا

کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے " اے مومنو اپنے صدقات احسان جتلا کر اور اذیت پہنچا کر باطل نہ کرو الی قولہ الکافرین "، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا " صلدا "، کا معنیٰ ہے وہ شئ جس پر کچھ نہ ہو اور عکرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا " وابل "، کا معنی شدید بارش اور " طل "، کا معنی تری ہے "

باب صدقہ میں ریا کی تعلیل اللہ تعالیٰ کے قول سے بیان کی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے صدقہ کو احسان جتلا کر اور اذیت پہنچا کر باطل کرنے کو ریاکاری کے لئے خرچ کرنے والے کے ساتھ تشبیہ دی اس میں شک نہیں کہ صدقہ میں ریاء کرنے والا احسان جتلانے والے سے زیادہ بُرا ہے کیونکہ یہ معلوم ہے کہ مشبہ بہ مشبہ سے اقویٰ ہوتا ہے اس لئے ریاکار کے حق میں فرمایا ولا یؤمن باللہ والیوم الآخر پھر ریاکار کی مثال بیان کی اور فرمایا " فمثلہ کمثل صفوان الآیۃ - اس آیت کریمہ میں مومنوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا " لا تبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی "، یعنی اپنے صدقات اور ان کا ثواب باطل نہ کرو صحیح مسلم میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تین شخصوں سے کلام نہ کرے گا اور نہ ان کی طرف دیکھے گا (یعنی شفقت اور مہربانی سے نہیں دیکھے گا) اور نہ ہی ان کو پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے - ایک احسان جتلانے والا۔ دوسرا تہبند لمبا کر کے لٹکا کر چلنے والا تیسرا جھوٹی قسم کھا کر سودا بیچنے والا "، جب مومنوں کو یہ خطاب کیا اور ان کو اس طریقہ سے ابطالِ صدقات سے منع فرمایا تو ان کے ابطال کو منافق کے ابطال سے تشبیہ دی جو ریاکاری کے لئے خرچ کرتا ہے اور اس میں اللہ کی رضا اور آخرت کے ثواب کی اُمید نہیں کرتا پھر اس کی صفوان مثال بیان کی یعنی وہ قیامت کے دن اپنے اعمال کا ثواب قطعاً نہ پائیں گے جیسے پتھر پر مٹی میں سے نباتات حاصل نہیں ہوتیں پھر فرمایا اللہ تعالیٰ کافروں میں ہدایت پیدا نہیں کرتا - کافر کو صفوان سے اور اس کے عمل کو مٹی سے تشبیہ دی (عینی)

باب: اللہ تعالیٰ خیانت کے مال سے صدقہ قبول نہیں کرتا اور قبول نہیں کرتا مگر پاک کمائی سے "، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اچھی بات اور معاف کر دینا اس صدقہ سے بہتر ہے جس کے بعد اذیت پہنچائے اور اللہ غنی ہے بردبار ہے "

marfat.com

۱۳۲۹ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ

ابْنُ مُنِيْرٍ سَمِعَ اَبَا النَّضْرِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِّنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا الطَّيِّبَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتَقَبَّلُهَا بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهٖ كَمَا يُرَبِّيْ اَحَدُكُمْ فَلُوَّهٗ حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ تَابَعَهٗ سُلَيْمَانُ عَنِ ابْنِ دِيْنَارٍ وَقَالَ وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ وَزَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ وَسُهَيْلٌ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب ـــــ پاک کمائی سے صدقہ کرنا

کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ وہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے اور اللہ ناشکرے گنہگار سے محبت نہیں کرتا بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور عمل نیک کئے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی ان کے لئے ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمناک ہوں گے ،،

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے پاک کمائی سے ایک کھجور کے برابر صدقہ کیا اور حال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف پاک کو قبول کرتا ہے بے شک اللہ اس کو اپنے دائیں ہاتھ (جو اس کی شان کے لائق ہے) میں لیتا ہے پھر صدقہ کرنے والے کے لئے اسے بڑھاتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی اپنے گھوڑے کا بچہ پالتا ہے حتیٰ کہ صدقہ پہاڑ جیسا ہو جاتا ہے ،، عبدالرحمٰن کی سلیمان نے عبداللہ بن دینار سے روائت میں متابعت کی اور ورقاء نے عبداللہ بن دینار سے انھوں نے سعید بن یسار سے انھوں نے ابوہریرہ سے انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی روائت کی ،،

۱۳۲۹ ـــــ

باب ۱ باب کے عنوان کی مطابقت آئت کریمہ سے اس طرح ہے کہ صدقہ کے بعد اذیت صدقہ کو باطل کر دیتی ہے تو جو اذیت صدقہ سے ملی ہو وہ کیونکہ اس کو باطل نہ کرے گی کیونکہ خائن مالِ مغصوب کا صدقہ کرتا ہے اور غاصب صاحبِ مال کو اذیت پہنچاتا ہے اس کے مال میں تصرف کرنے میں عاصی ہے لہٰذا یہ بطریق اولیٰ صدقہ کو باطل کرے گا ،،

باب ۲ اگر یہ سوال ہو کہ صدقات عام ہیں حلال و حرام مال دونوں کو شامل ہیں تو آئت کریمہ کی دلالت باب کے عنوان پر کس طرح ہوگی جبکہ عنوان میں پاک مال سے صدقہ کرنا ہے ،، اس کا جواب یہ ہے کہ آئت کریمہ میں صدقات سے مراد حلال مال کا صدقہ کرنا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے خبیث مال کا صدقہ نہ کرو۔

۱۳۲۹ ـــــ

شرح : اس حدیث کی مناسبت باب کے عنوان سے کسب طیب کے الفاظ میں ہے ،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کے بڑھنے کی مثال بیان فرمائی کہ گھوڑی کا بچہ بہت جلد بڑھتا ہے۔ اسی طرح صدقہ عمل کا نتیجہ ہے جب حلال مال سے صدقہ کیا جائے تو

marfat.com

۱۳۳۰ بَابُ الصَّدَقَةِ قَبْلَ الرَّدِّ حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ تَصَدَّقُوْا فَإِنَّهُ يَأْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يَمْشِيْ الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهٖ فَلَا يَجِدُ مَنْ يَقْبَلُهَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ لَقَبِلْتُهَا فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهَا حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ

۱۳۳۱ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ فِيْكُمُ الْمَالُ فَيَفِيْضَ حَتّٰى يَهُمَّ رَبُّ الْمَالِ مَنْ يَقْبَلُ صَدَقَتَهٗ وَحَتّٰى يَعْرِضَهٗ فَيَقُوْلَ الَّذِيْ يَعْرِضُهٗ عَلَيْهِ لَا أَرَبَ لِيْ .

وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی نگاہِ کرم میں رہتا ہے اور دوگنا سے دوگنا ہوتا رہتا ہے حتی کہ ایک کھجور اُحد پہاڑ کی مثل ہو جاتی ہے اور حدیث میں "حتی تکون مثل الجبل" کا یہی معنیٰ ہے "گھوڑی کے بچے کو "مہر" کہا جاتا ہے اور مؤنث کو مہرۃ کہتے ہیں جب وہ سات یا آٹھ ماہ کا ہو جائے تو اسے خروف کہتے ہیں اور جب ایک سال کا ہو جائے تو اسے "فلو" اور مونث کو فلوۃ کہتے ہیں" ترمذی کی روائت میں لقمہ کا صدقہ مذکور ہے کہ وہ بڑھتا بڑھتا اُحد کی مثل ہو جاتا ہے"

باب — ردّ سے پہلے صدقہ کرنا"

۱۳۳۰ — ترجمہ : حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ صدقہ کرو کیونکہ تم پر ایک زمانہ آئے گا کہ آدمی صدقہ لے کر چلے گا اور اس کا قبول کرنے والا کسی کو نہ پائے گا اور آدمی کہے گا اگر تو صدقہ لے کر کل آتا تو میں اس کو قبول کر لیتا آج کے روز مجھے اس کی احتیاج نہیں ہے ۔

۱۳۳۱ — ترجمہ : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی حتی کہ تم میں دولت زیادہ ہو جائے گی اور بہتی پھرے گی حتی کہ صاحبِ مال کو یہ غم لاحق ہوگا کہ اس کا صدقہ کون قبول کرتا ہے حتی کہ وہ اپنا صدقہ کسی کے سامنے پیش کرے گا اور جس کے سامنے پیش کرے گا وہ کہے گا مجھے اس کی حاجت نہیں "

۱۳۳۰، ۱۳۳۱ — شرح : حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں یہ حال پایا گیا تھا ان کے سامنے صدقہ پیش کیا جاتا تو وہ اس کو قبول نہ کرتے تھے چنانچہ حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کے سامنے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ مال پیش کرتے مگر وہ قبول کرنے سے انکار کر دیتے تھے ۔ یہ ان کے زہد و تقویٰ کے باعث تھا اور دنیا سے بے رغبتی کا نتیجہ تھا اگرچہ مال اتنا وافر نہ تھا وہ مال کی حاجت ہونے کے باوجود مال سے اعراض کرتے تھے جبکہ ان کا مقصدِ حیات حصولِ آخرت تھا اور اللہ کی رضاء ان کا مقدر بن چکی تھی اور جس کے پاس اتفاقاً مال جمع ہو گیا تھا وہ اس پہ افسوس کیا کرتا تھا ۔ واللہ ولی النعمہ وہو علیٰ ما یشاء قدیر "

marfat.com

حدثنا عبد اللہ بن محمد قال حدثنا ابو عاصم النبیل قال اخبرنا سعدان بن بشر قال حدثنا ابو مجاہد قال حدثنا مجل ۱۳۳۲
یعنی لقیط الطائی قال سمعت عدی بن حاتم یقول کنت عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فجاءہ رجلان احدھما یشکو
العیلۃ والآخر یشکو قطع السبیل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما قطع السبیل فانہ لا یاتی علیک الا قلیل حتی تخرج
العیر الی مکۃ بغیر خفیر واما العیلۃ فان الساعۃ لا تقوم حتی یطوف احدکم بصدقتہ فلا یجد من یقبلھا منہ ثم لیقفن
احدکم بین یدی اللہ لیس بینہ وبینہ حجاب ولا ترجمان یترجم لہ ثم لیقولن الم اوتک مالا فلیقولن بلی ثم لیقولن الم ارسل الیک
رسولا فلیقولن بلی فینظر عن یمینہ فلا یری الا النار ثم ینظر عن شمالہ فلا یری الا النار فلیتقین احدکم النار ولو بشق تمرۃ فان
لم یجد فبکلمۃ طیبۃ حدثنا محمد بن العلاء قال حدثنا ابو اسامۃ عن بریدعن ابی بردۃ عن ابی موسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۳۳۳

ترجمہ : عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ

۱۳۳۲ ——

علیہ وسلم کے پاس تھا تو آپ کے پاس دو شخص آئے ان میں سے ایک فاقہ کی شکائت کرتا تھا اور دوسرا رہزنوں کے فساد کی" جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہاں تک راہزنوں کے فساد کا معاملہ ہے۔ تھوڑے ہی دنوں بعد ایک وقت آئے گا کہ مکہ مکرمہ کی طرف قافلہ کسی راہنما کے بغیر نکلے گا اور جہاں تک فقر کا تعلق ہے قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ تم میں سے کوئی صدقہ لئے پھرے گا اور اس کے قبول کرنے والے کو نہ پائے گا پھر تم میں سے کوئی اللہ کے سامنے کھڑا ہوگا جبکہ اللہ اور اس کے درمیان کوئی حجاب نہ ہوگا اور نہ ہی کوئی ترجمان ہوگا جو اس کی ترجمانی کرے پھر اللہ تعالیٰ اس سے کہے گا کیا میں نے تجھے مال نہ دیا تھا؟ وہ کہے گا کیوں نہیں پھر اللہ تعالیٰ کہے گا کیا میں نے تیری طرف رسول نہیں بھیجا؟ وہ کہے گا کیوں نہیں" پھر وہ اپنی دائیں دیکھے گا تو سوا آگ کے اسے کچھ نظر نہ آئے گا پھر وہ بائیں طرف دیکھے گا اور آگ کے سوا اسے کچھ نظر نہ آئے گا اس لئے تم میں سے ہر شخص آگ سے بچے اگرچہ کھجور کے ٹکڑے کے سبب ہی سہی اور اگر یہ نہ پائے تو اچھی بات کرے"

۱۳۳۲ ——

شرح : حدیث میں حجاب کا ذکر بطور تمثیل ہے اللہ تعالیٰ کا کوئی شئی احاطہ نہیں کر سکتی " لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ" لہٰذا اس کا کسی حجاب میں محجوب ہونا محال ہے وہ تو صرف ہماری نظروں سے مستور ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان پر حجاب کر دیا ہے تاکہ وہ دنیا میں اس کے ادراک سے عاجز رہیں قیامت کے دن ہماری نظروں سے یہ حجاب اُٹھا دیا جائے گا اور ہم اللہ کو ایسا دیکھیں گے جیسے بدر کی رات میں چاند کو دیکھتے ہیں" حدیث میں صدقہ کی اہمیت کا بیان ہے کہ محتاج کو دینے کے لئے اگر کوئی شئی نہ ہو تو اس سے اچھی بات کرے یہ بھی صدقہ ہے اور اس سے دوزخ کی آگ سے بچے جیسے بُری بات سے عذاب کا مستوجب ہوتا ہے"

۱۳۳۳ ——

ترجمہ : ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ اس میں کوئی شخص صدقہ کا سونا لے کر پھرے گا اور وہ کسی شخص کو نہ پائے گا جو اس کو قبول کرے اور یہ دیکھا جائے گا کہ ایک مرد کے پیچھے چالیس عورتیں ہوں گی" جو مردوں کی قلت اور عورتوں کی کثرت کے باعث اس مرد کی پناہ لیں گی"

marfat.com

قال لیاتین علی الناس زمان یطوف الرجل فیہ بالصدقۃ من الذہب ثم لا یجد احدا یاخذھا منہ ویری الرجل الواحد یتبعہ اربعون امرأۃ یلذن بہ من قلۃ الرجال وکثرۃ النساء باب اتقوا النار ولو بشق تمرۃ والقلیل من الصدقۃ ومثل الذین ینفقون اموالھم ابتغاء مرضات اللہ وتثبیتا من انفسھم کمثل جنۃ بربوۃ الی قولہ من کل الثمرات

۱۳۳۴ حدثنا ابو قدامۃ عبید اللہ بن سعید قال حدثنا ابو النعمان ھو الحکم بن عبد اللہ البصری قال حدثنا شعبۃ عن سلیمان عن ابی وائل عن ابی مسعود قال لما نزلت ایۃ الصدقۃ کنا نحامل فجاء رجل فتصدق بشئ کثیر فقالوا مرائی وجاء رجل فتصدق بصاع فقالوا ان اللہ لغنی عن صاع ھذا فنزلت الذین یلمزون المطوعین من المؤمنین فی الصدقات والذین لا یجدون الا جھدھم الایۃ

شرح : اس حدیث میں چالیس عورتوں کا ذکر ہے اور حدیث نمبر ۸ میں پچاس عورتوں کا ذکر کیا گیا ہے کیونکہ چالیس کے عدد کی تخصیص زائد کی نفی پر دلالت نہیں کرتی۔ مذکور زمانہ میں فتنوں کی کثرت سے مرد قتل ہو جائیں گے اور عورتیں زیادہ ہو جائیں گی۔ پھر اس پر جو نتائج مرتب ہوں گے ان کی حقیقت کسی پر مخفی نہیں ،، اور یہ عورتیں مذکور شخص کی محارم اور اس کے اقارب سے ہوں گی یہ قیامت کی علامت ہے غالباً یہ زمانہ وہ ہوگا جبکہ سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام دجال کو قتل کریں گے اور کفر کا خاتمہ فرمائیں گے حتیٰ کہ زمین میں کوئی کافر باقی نہ رہے گا اور اس وقت آسمان سے برکات نازل ہوں گی اور لوگوں کی کمی کے باعث وہ کسی شئ کا ذخیرہ نہیں کریں گے جبکہ قربِ قیامت کے باعث وہ مال کے ذخیرہ سے بے نیاز ہوں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ــــ آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ٹکڑا اور تھوڑا سا صدقہ کرکے ،،

ان لوگوں کی مثال جو اپنا مال اللہ کی رضاء طلب کرنے کے لئے اور اپنے دلوں کو ثابت رکھ کر خرچ کرتے ہیں اس باغ کی مثل ہے جو اونچے مقام پر ہے الخ

۱۳۳۴ ــــ ترجمہ : ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جب صدقہ کی آئت نازل ہوئی تو ہم مزدوری کرتے (بوجھ اٹھا کر اجرت لیتے) ایک شخص آیا اور اس نے بہت صدقہ کیا تو لوگوں نے کہا یہ ریاء کار ہے ایک اور شخص آیا اس نے ایک صاع کا صدقہ کیا تو انھوں نے کہا اللہ اس صاع کے صدقہ سے بے نیاز ہے ،، تو یہ آئت کریمہ نازل ہوئی ،، جو لوگ زیادہ صدقہ کرنے والے مومنوں کو اور ان لوگوں کو عیب لگاتے ہیں جو مشکل سے مال حاصل کرتے ہیں الخ۔

marfat.com

حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيٰى ۱۳۳۵

قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ انْطَلَقَ اَحَدُنَا اِلَى السُّوْقِ فَيُحَامِلُ فَيُصِيْبُ الْمُدَّ وَاِنَّ لِبَعْضِهِمُ الْيَوْمَ لَمِائَةَ اَلْفٍ

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا ۱۳۳۶

شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُعْقِلٍ قَالَ سَمِعْتُ عَدِیَّ بْنَ حَاتِمٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ ۱۳۳۷

شرح : باب کے عنوان کا مدلول صدقہ کی ترغیب دلانا ہے اگرچہ کھجور کا ٹکڑا صدقہ ہو ،، اس کی مطابقت حدیث شریف سے

۱۳۳۴ ——

اس طرح ہے کہ جب یہ آیت کریمہ "خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً" ،، نازل ہوئی تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو صدقہ کی ترغیب دلائی بعض صحابہ نے بہت زیادہ صدقہ کیا اور بعض نے تھوڑا صدقہ کیا حتیٰ کہ بعض صحابہ مزدوری کرکے صدقہ کرتے تھے ،، حدیث شریف میں ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کی ترغیب دلائی تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ چالیس اوقیہ سونا لے کر آئے تو لوگوں نے کہا یہ ریاکاری ہے اور حضرت ابوعقیل انصاری رضی اللہ عنہ ایک صاع کھجوریں لائے اور کہا میں نے مزدوری کرکے دو صاع حاصل کئے ہیں تو لوگوں نے کہا اللہ اور اس کا رسول اس کے صاع سے مستغنی ہیں۔ یہ شخص اپنے آپ کو صدقہ کرنے والا مشہور کرنا چاہتا ہے ،، اس کے بعد حدیث میں مذکور آیت کریمہ نازل ہوئی۔ واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ

۱۳۳۵ ——

علیہ وسلم جب ہم کو صدقہ کا حکم فرماتے تو ہم میں سے بعض بازار جاتے اور مزدوری کرکے ایک مد حاصل کرتے اور آج ان میں سے بعض کے پاس ایک لاکھ درہم ہیں ،،

ترجمہ : عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ

۱۳۳۶ ——

وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ٹکڑا صدقہ کرکے"

شرح : یعنی بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بوجھ وغیرہ اٹھاکر یا پانی پلانے کے کنوئیں کی رسی وغیرہ کھینچ کر مزدوری

۱۳۳۵ ، ۱۳۳۶ ——

حاصل کرکے صدقہ کیا کرتے تھے اس کا مقصد یہ ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک میں حال بڑا سخت تھا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں فتوحات بکثرت ہونے کی وجہ سے مال کی فراوانی تھی ،، صدقہ اگرچہ قلیل ہو دوزخ کی آگ سے بچاتا ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوع روائت ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " اگرچہ کھجور کا ٹکڑا صدقہ کرکے اپنے آپ کو آگ سے بچاؤ ،،

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا ایک عورت آئی اس کے

۱۳۳۷ ——

ساتھ اس کی دو لڑکیاں تھیں وہ مانگتی پھرتی تھی ،، اس نے

marfat.com

حَزْمٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَتْ امْرَأَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْأَلُ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ وَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ **بَابُ** فَضْلِ صَدَقَةِ الشَّحِيحِ الصَّحِيحِ لِقَوْلِهِ تَعَالٰى وَأَنْفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِلَى آخِرِهَا وَقَوْلِهِ تَعَالٰى يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنْفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ الْآيَةَ **حَدَّثَنَا** مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ قَالَ

۱۳۳۸

میرے پاس ایک کھجور کے سوا کچھ نہ پایا میں نے اس کو وہی کھجور دے دی اُس نے اسے دونوں بیٹیوں میں تقسیم کر دیا اس سے خود کچھ نہ کھایا،، پھر اُٹھی اور چلی گئی اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے میں نے آپ سے یہ بیان کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی ان لڑکیوں میں سے کسی ایک لڑکی کے سبب امتحان میں ڈالا جائے وہ اس کے لئے دوزخ کی آگ سے حجاب بن جاتی ہے،،

۱۳۳۷ — شرح : "مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ" سے مراد اہلِ فاقہ ہیں یا مطلق بنات کی جنس مراد ہے،، اور "سِتْرًا" سے مراد جنسِ حجاب ہے جو قلیل وکثیر کو شامل ہے اسی لئے "كُنَّ لَهُ أَسْتَارًا" نہیں فرمایا اور "بِشَيْءٍ" سے بنات کے احوال یا نفس بنات مراد ہیں یعنی جو کوئی لڑکیوں کے احوال سے کسی حال یا لڑکیوں میں سے کسی لڑکی کے سبب آزمائش میں ڈالا جائے،، اس حدیث میں قلیل صدقہ کرنے کی ترغیب دلائی ہے،، اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لڑکیوں پر صدقہ کرنا مستحب ہے اور ان کی پرورش نجات دینے والے اعمال میں سے افضل عمل ہے،، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا بہت بڑی سخی تھیں اُنھوں نے ایک قسم کے کفارہ میں چالیس غلام آزاد کئے تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہا

باب — کونسا صدقہ افضل ہے اور

"تندرست بخیل کا صدقہ"

کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے خرچ کرو اس مال سے جو ہم نے تم کو دیا ہے پہلے اس کے کہ تم میں سے کسی کے پاس موت آئے ۔ الآیۃ"

۱۳۳۸ — ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی یا رسول اللہ! کس صدقہ کا زیادہ ثواب ہے۔ آپ نے فرمایا تو صدقہ کرے حالانکہ تو تندرست بخیل ہے فقر سے ڈرتا ہے۔ مال دار ہونے

marfat.com

حدثنا عمارة بن القعقاع قال حدثنا ابوزرعة قال حدثنا ابوهريرة قال جاء رجل الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يارسول الله اى الصدقة اعظم اجرا قال ان تصدق وانت صحيح شحيح تخشى الفقر وتامل الغنى ولا تمهل حتى اذا بلغت الحلقوم قلت لفلان كذا ولفلان كذا وقد كان لفلان

باب حدثنا موسى بن اسمعيل قال حدثنا ابوعوانة عن فراس عن الشعبي عن مسروق عن عائشة ان بعض ازواج النبي صلى الله عليه وسلم قلن للنبي صلى الله عليه وسلم ايتنا اسرع بك لحوقا قال اطولكن يدا فاخذوا قصبة يذرعونها فكانت سودة اطولهن يدا فعلمنا بعد انما كانت طول يدها الصدقة وكانت اسرعنا لحوقا به صلى الله عليه وسلم وكانت تحب الصدقة ۱۳۳۹

کی اُمید رکھتا ہے اور اتنا نہ ٹھہرے کہ جب جان حلق تک پہنچ جانے کے قریب ہو تو کہے فلاں کے لئے اتنا مال ہے اور فلاں کے لئے اتنا حالانکہ مال فلاں کا ہو چکا ہے ،،

۱۳۳۸ ــــ

شرح : یعنی وہی صدقہ افضل ہے جبکہ انسان مال کا محتاج ہو، ضروریات زندگی پیش نظر ہوں اور اس کے باوجود وہ صدقہ کرے اور اس حال تک نوبت نہ پہنچے کہ جان حلقوم کے قریب آجائے تو پھر لوگوں میں مال تقسیم کرنے کی وصیت کرے کیونکہ یہ ایسا حال ہے کہ اس وقت اس مال سے وارثوں کا حق متعلق ہو جاتا ہے ،، ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ آدمی اپنی زندگی میں ایک درہم کا صدقہ کرے تو موت کے وقت ایک سو درہم صدقہ کرنے سے بہتر ہے علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ بیماری سے مالک کا ہاتھ اس کی بعض ملک سے قاصر ہو جاتا ہے اور مرض کی حالت میں سخاوت کرنے سے بخل نہیں مٹتا اسی لئے صدقہ کرنے کے لئے تندرست ہونا اور مالی ضروریات کا پیش نظر ہونا شرط ہے کیونکہ اس وقت لمبی عمر ہونے کے باعث دل میں افتقادیات کا خیال ہوتا ہے اور حدوثِ فقر کا خوف ہوتا ہے۔ ابوداؤد میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی موت کے وقت غلام آزاد کرتا ہے اس کی مثال اس شخص کی ہے جو سیر ہونے کے بعد ہدیہ وغیرہ دیتا ہے (اللہ تعالیٰ اعلم)

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض بیویوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ہم سے کونسی بیوی آپ سے جلد ملے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جس کا ہاتھ لمبا ہے اُنھوں نے چھڑی کے ساتھ ہاتھ ناپنے شروع کئے۔ ام المؤمنین سودہ رضی اللہ عنہا کا ہاتھ سب سے لمبا تھا۔ ہمیں بعد میں پتہ چلا کہ ہاتھ کی لمبائی سے مراد صدقہ ہے وہ ہم سب سے پہلے آپ سے ملیں وہ صدقہ سے بہت محبت کرتی تھیں ،،

۱۳۳۹ ــــ

شرح : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد ام المؤمنین سودہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد ام المؤمنین سودہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا حالانکہ واقعہ میں اس طرح نہیں کیونکہ ام المؤمنین سودہ رضی اللہ عنہا ۵۴ ہجری کو شوال کے مہینہ میں امیر معاویہ

marfat.com

بَابُ صَدَقَةِ الْعَلَانِيَةِ وَقَوْلِهِ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ بِالْعَلَانِيَةِ الْاٰيَةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ **بَابُ** صَدَقَةِ السِّرِّ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ وَقَوْلِهٖ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ الْاٰيَةَ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ

رضی اللہ عنہ کے عہد امارت میں فوت ہوئیں اور سید کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے ام المؤمنین زینب رضی اللہ عنہا بیس بری کو سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں فوت ہوئیں ،، ابن سعد نے کہا کہ واقدی نے کہا سودہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ حدیث وہم ہے۔ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے سب سے پہلے زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا فوت ہوئی تھیں امام مسلم رحمہ اللہ نے عائشہ بنت طلحہ سے روایت کی کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا زینب کا ہاتھ لمبا تھا کیونکہ آپ دستکاری کیا کرتی تھیں اور صدقات وخیرات بکثرت کرتی تھیں۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مؤرخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے ام المؤمنین زینب رضی اللہ عنہا فوت ہوئیں ،، اس کی تائید حاکم کی مستدرک میں عمرہ رضی اللہ عنہا کی روایت سے ہوتی ہے ،، کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں سے فرمایا تم میں سے لمبے ہاتھ والی سب سے پہلے مجھے ملے گی ام المؤمنین نے کہا ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کی ایک بیوی کے گھر میں ہاتھ ناپا کرتی تھیں حتیٰ کہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوگیا وہ ہم سے لمبی نہیں تھیں اس وقت ہم نے جانا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ تھی کہ جو صدقہ زیادہ کرتی ہے وہ سب سے پہلے ملے گی۔ زینب دستکاری کیا کرتی تھیں اور اللہ کے راہ میں بہت خرچ کرتی تھیں حاکم نے کہا یہ حدیث مسلم کی شرط کے مطابق ہے۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے واقعہ مختصر ذکر کیا ہے اور جس حدیث میں ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کا تذکرہ ہے اس کا کچھ حصہ ذکر کیا ہے اور اس حدیث میں تمام ضمائر زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی طرف راجع ہیں ،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ اختلاف اس طرح ختم کرنا بعید معلوم ہوتا ہے اور ترکیب عبارت کے مقتضیٰ کے خلاف ہے ، علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن نے کہا کہ ہمیں زینب بنت جحش کی وفات کے بعد معلوم ہوا کہ طول ید سے مراد عضو مخصوص نہ تھا بلکہ کثرت انفاق مراد تھا اور ام المؤمنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا صدقہ بکثرت کیا کرتی تھیں ممکن ہے کہ بخاری کی روایت میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب زینب کے سوا باقی نساء سے ہو جو اس وقت حاضر تھیں اور ان میں سے سب سے پہلے سودہ رضی اللہ عنہا فوت ہوئی تھیں اس طرح بخاری اور مسلم کی روایات میں اتفاق ممکن ہے مگر ابن حبان نے روایت کی ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام بیویاں آپ کے پاس جمع ہوئیں اور ان میں سے کوئی بھی غیر حاضر نہ تھی البتہ بخاری نے اپنی تاریخ میں صحیح اسناد سے روایت کی ہے کہ ام المؤمنین سودہ رضی اللہ عنہا سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں فوت ہوئیں اور ذہبی نے تاریخ کبیر میں بھی ذکر کیا ہے کہ وہ سیدنا عمر فاروق کے آخر عہد خلافت میں فوت ہوئیں ،، اس قول کے مطابق شیخین کی روایات میں اتفاق ممکن ہے واللہ ورسولہ اعلم۔ اس حدیث سے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کی وسعت واضح ہوتی ہے اور یہ

marfat.com

بھی معلوم ہوتا ہے کہ ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کا یہ عقیدہ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی وفات کی ترتیب جانتے تھے۔ واللہ اعلم!

باب ـــــ علانیہ صدقہ کرنا

اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ " جو رات دن اپنے مال چھپ چھپا کر یا علانیہ خرچ کرتے ہیں ان کے لئے ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے "

باب ـــــ پوشیدہ صدقہ کرنا

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کرتے ہوئے کہا اور کسی مرد نے صدقہ کیا اور اُس کو چھپایا حتیٰ کہ اس کا بایاں ہاتھ نہیں جانتا کہ دائیں ہاتھ نے کیا کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا " اور اگر تم صدقات پوشیدہ کرو اور وہ فقراء کو دو تو تمہارے لئے بہتر ہے۔ قولہ اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ الآیۃ تفسیر کشاف میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ یہ آیت کریمہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی جبکہ اُنھوں نے چالیس ہزار دینار فی سبیل اللہ خرچ کئے ان میں سے دس ہزار پوشیدہ، دس ہزار علانیہ، دس ہزار رات کو اور دس ہزار دن کو خرچ کئے۔ پوشیدہ صدقہ کرنے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکور روائت "باب الصدقۃ بالیمین" میں مذکور حدیث کا کچھ حصّہ ہے اس لئے " ورجل الخ " عطف کے ساتھ بطور تعلیق ذکر کیا ہے " نافلہ صدقہ پوشیدہ کیا جائے تو اس کا ثواب علانیہ صدقہ کرنے کے ثواب سے ستر گنا زیادہ ہوتا ہے اور فرض صدقہ علانیہ کرنا پوشیدہ کرنے سے افضل ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں اس کا پچیس گنا زیادہ ثواب ملتا ہے " یہی حال تمام اشیاء میں فرائض و نوافل کا ہے " طبری وغیرہ نے فرض صدقہ میں اعلان کو اخفاء سے افضل کہا اور اس پر اجماع نقل کیا ہے اور نافلہ صدقہ اس کے برعکس ہے قولہ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَاءَ " میں اس بات کی دلیل ہے کہ پوشیدہ صدقہ کرنا اس کے اظہار سے افضل ہے کیونکہ اس میں ریاء کا وہم نہیں ہوتا ؛ البتہ اگر صدقہ کے اظہار میں مصلحت ہو کہ لوگ اس کی اقتداء کریں گے تو یہ اس حیثیت سے افضل ہے اور آیت کریمہ کی رُو سے اِخفاء افضل ہے " صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ قیامت کے روز سات اشخاص کو اللہ تعالیٰ کی حمائت حاصل ہوگی اور وہ اس کے عرش کے سایہ تلے ہوں گے اِن میں سے ایک پوشیدہ صدقہ کرنے والا ہے " اس حدیث سے بھی اِخفاء کی افضلیت واضح ہوتی ہے " واللہ ورسولہ اعلم!

---

marfat.com

باب اذا تصدق علی غنی وھو لا یعلم

۱۳۴۰ حدثنا ابو الیمان قال اخبرنا شعیب قال حدثنا ابو الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال قال رجل لاتصدقن بصدقۃ فخرج بصدقتہ فوضعھا فی ید سارق فاصبحوا یتحدثون تصدق علی سارق فقال اللھم لک الحمد لاتصدقن بصدقۃ فخرج بصدقتہ فوضعھا فی ید زانیۃ فاصبحوا یتحدثون تصدق اللیلۃ علی زانیۃ فقال اللھم لک الحمد علی زانیۃ لاتصدقن بصدقۃ فخرج بصدقتہ فوضعھا فی ید غنی فاصبحوا یتحدثون تصدق علی غنی فقال اللھم لک الحمد علی سارق وعلی زانیۃ وعلی غنی فاتی فقیل لہ امّا صدقتک علی سارق فلعلہ ان یستعف عن سرقتہ وامّا الزانیۃ فلعلھا ان تستعف عن زناھا وامّا الغنی فلعلہ یعتبر فینفق مما اعطاہ اللہ عزّ وجلّ

باب — جب مال دار پر صدقہ کیا حالانکہ وہ اس کو نہیں جانتا

۱۳۴۰ — ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک شخص نے کہا میں صدقہ کروں گا وہ صدقہ لے کر نکلا اور اس کو چور کے ہاتھ میں دے دیا صبح کو لوگ باتیں کرنے لگے کہ چور پہ صدقہ کیا گیا، اس شخص نے کہا اے اللہ تیری ہی حمد ہے؛ البتہ میں صدقہ کروں گا اور صدقہ لے کر نکلا تو اسے زانیہ کے ہاتھ میں دے دیا صبح کو لوگ باتیں کرنے لگے کہ آج رات زانیہ پہ صدقہ کیا گیا اس شخص نے کہا اے اللہ تیری ہی حمد ہے البتہ میں صدقہ کروں گا اور صدقہ لے کر نکلا تو غنی کے ہاتھ میں دے دیا صبح کو لوگ باتیں کرنے لگے کہ غنی پر صدقہ کیا گیا اُس شخص نے کہا اے اللہ چور اور زانیہ اور غنی پہ صدقہ کرنے میں تیری ہی حمد ہے (وہ اس پر غمناک ہُوا) تو خواب میں اُس نے دیکھا کہ اسے کہا گیا چور پہ تیرا صدقہ ہُوا شائد وہ چوری سے باز آجائے اور زانیہ پر صدقہ ہُوا کہ شاید وہ بدکاری سے بچ جائے اور غنی پر صدقہ ہُوا شائد وہ عبرت حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ نے جو اس کو مال دیا ہے اس سے وہ خرچ کرے (بہرحال تیرا صدقہ مقبول ہے)

۱۳۴۰ — شرح : اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان کو اس کی نیک نیت پر اچھی جزاء دیتا ہے کہ صدقہ کرنے والے شخص نے جب صدقہ سے اللہ کی رضاء کا قصد کیا تو وہ مقبول ہُوا اور غیر مستحق کے ہاتھ میں صدقہ دینا اس کے لئے مضر نہ ہُوا ،، یہ نفلی صدقہ کا حال ہے اور زکوٰۃ غنی کو دینا جائز نہیں اس میں متصدق علیہ کے لئے عبرت ہے کہ وہ مذموم حال چھوڑ کر محمود حال اختیار کرے اور چور چوری سے زانی بدکاری سے اور غنی بخل سے باز آئے۔ اس

marfat.com

بَابٌ اِذَا تَصَدَّقَ عَلٰی ابْنِهٖ وَهُوَ لَا یَشْعُرُ

۱۳۴۱ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِیْلُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْجُوَیْرِیَةِ اَنَّ مَعْنَ بْنَ یَزِیْدَ حَدَّثَهٗ قَالَ بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَاَبِیْ وَجَدِّیْ وَخَطَبَ عَلَیَّ فَاَنْکَحَنِیْ وَخَاصَمْتُ اِلَیْهِ وَکَانَ اَبِیْ یَزِیْدُ اَخْرَجَ دَنَانِیْرَ یَتَصَدَّقُ بِهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَجُلٍ فِی الْمَسْجِدِ فَجِئْتُ فَاَخَذْتُهَا فَاَتَیْتُهٗ بِهَا فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا اِیَّاکَ اَرَدْتُ فَخَاصَمْتُهٗ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَکَ مَا نَوَیْتَ یَا یَزِیْدُ وَلَکَ مَا اَخَذْتَ یَا مَعْنُ

حدیث میں اخلاص اور پوشیدہ صدقہ کرنے کی فضیلت واضح ہوتی ہے ،، اگر یہ سوال ہو کہ حمد تو اچھی چیز پر ہوتی ہے اس صدقہ میں حمد کا کیا مقصد ہے اور "لَکَ" کی تقدیم کا کیا فائدہ ہے ؟ اس کا جواب یہ ہے کہ تقدیم اختصاص کی مفید ہے یعنی بہرحال تیری ہی حمد ہے زانیہ پر صدقہ کرنے میں میری کوئی تعریف نہیں کیونکہ اس پہ صدقہ کرنا تیرے ارادہ سے تھا ۔ میرا یہ مقصد نہ تھا اور اللہ سبحانہ تعالیٰ کا ہر ارادہ جمیل ہے حتیٰ کہ کفار پر اس کا انعام بھی جمیل ہے" واللہ و رسولہ اعلم !

باب ـــــ جب اپنے بیٹے پر صدقہ کیا حالانکہ وہ اسے جانتا نہیں "

ترجمہ : ۱۳۴۱ ـــــ ابُو الجویریہ نے خبر دی کہ معن بن یزید رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ میں نے اور میرے باپ اور دادا نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی اور آپ نے میری منگنی کرائی اور نکاح پڑھایا میں آپ کے پاس جھگڑا لے گیا کہ میرے باپ یزید نے چند دینار نکالے کہ ان کا صدقہ کریں اور وہ مسجد میں کسی شخص کے پاس رکھ دیئے میں آیا اور وہ دینار لئے اور ان کو اپنے والد کے پاس لے آیا میرے والد نے کہا اللہ کی قسم میں نے تجھے دینے کا ارادہ نہ کیا تھا میں یہ جھگڑا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا تو آپ نے فرمایا اے یزید تیرے لئے وہ ہے جس کی تو نے نیت کی اے معن تیرے لئے وہ ہے جو تو نے لے لیا ،،

شرح : ۱۳۴۱ ـــــ یعنی اے یزید تو نے محتاج پر صدقہ کرنے کی نیت کی تھی اور تیرا بیٹا اس کا محتاج ہے اس لئے تیرا صدقہ ادا ہوگیا اور اے معن تو نے یہ صدقہ احتیاجی کی حالت میں لیا ہے اس لئے یہ تیرے لئے جائز ہے ،، اس حدیث کی عبارت

marfat.com

۱۳۴۲ بَابُ الصَّدَقَةِ بِالْيَمِيْنِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ ۳۱۴

قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظِلِّهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ اِمَامٌ عَادِلٌ وَشَابٌّ نَشَاَ فِيْ عِبَادَةِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ مُعَلَّقٌ قَلْبُهٗ فِي الْمَسَاجِدِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ وَرَجُلٌ دَعَتْهُ اِمْرَأَةٌ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ فَقَالَ اِنِّيْ اَخَافُ اللّٰهَ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهٗ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهٗ وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ

میں کچھ حذف ہے دراصل عبارت یہ ہے کہ یزید نے صدقہ کے دینار کسی شخص کے پاس رکھے اور اسے اجازت دی کہ یہ کسی محتاج پر صدقہ کر دے اور کسی کی تعیین کے بغیر اس کو مطلقاً اجازت دے دی میں آیا اور وہ دینار اس شخص سے لئے جس کو صدقہ کرنے کی اجازت دی تھی مگر میں نے یہ اس کے اختیار سے لئے تھے اس سے غصب نہ کئے تھے، کیونکہ وہ شخص ان لوگوں کو صدقہ دیا کرتا تھا جن کو وہ پہچانا کرتا تھا اس نے میرے متعلق یہ گمان کیا کہ وہ مجھے پہچانتا ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مطلق امور پر عمل بطور اطلاق جائز ہے کیونکہ یزید نے دینار اس شخص کے حوالہ مطلق لفظ سے کئے تھے اور اس کا فعل نافذ العمل ہوا،، اور باپ اور بیٹے کے مابین تحاکم اور بیٹے کی باپ سے خصومت جائز ہے اور یہ عقوق نہیں جبکہ خصومت کسی حق میں ہو،، اس حدیث سے اس بات کی وضاحت ملتی ہے کہ اگر باپ کا صدقہ یا ہبہ وغیرہ بیٹے کو مل جائے تو باپ اس میں رجوع نہیں کر سکتا امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مسلک یہی ہے علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ صدقہ نافلہ کے سوا جب والد کا صدقہ واجبہ اس کے لڑکے کو دیا جائے تو والد سے وہ ساقط نہ ہوگا اور اس پر اس کا ادا کرنا واجب ہے،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ معن کی حدیث کا محمل یہی ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بیٹا اپنے باپ کا صدقہ اس شرط پر لے سکتا ہے کہ وہ مقروض ہو یا غازی ہو اور معن کی حدیث کا محمل یہ ہے کہ ان کا لڑکا مقروض یا غازی تھا،، ابن تین رحمہ اللہ نے کہا کہ والد اپنے لڑکے کو صدقہ واجبہ اس شرط پر دے سکتا ہے کہ والد کے سوا کوئی شخص اس کو دے یا وہ اس کے عیال میں نہ رہتا ہو اور اگر وہ اس کے عیال میں رہتا ہو اور وہ اس کو صدقہ دینا چاہے تو امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس کے لئے ایسا کرنا مناسب نہیں ورنہ گنہگار ہوگا،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صدقات میں خصوصاً صدقہ نافلہ میں استخلاف جائز ہے کیونکہ اس میں اخفاء ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — دائیں ہاتھ سے صدقہ کرنا

۱۳۴۲ — ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سات اشخاص ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنے سایہ تلے رکھے گا جس روز اس کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا امام عادل، نوجوان جس کی نشو ونما اللہ کی عبادت

marfat.com

حدثنا علی بن الجعد قال اخبرنا شعبة قال اخبرنی معبد بن خالد قال سمعت حارثة بن وهب الخزاعی یقول سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول تصدقوا فسیاتی علیکم زمان یمشی الرجل بصدقته فیقول الذی جئت بها بالامس لقبلتها منك فاما الیوم فلا حاجة لی فیها باب من امر خادمه بالصدقة ولم یناول بنفسه وقال ابو موسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم هو احد المتصدقین

میں ہوئی، وہ مرد جس کا دل مساجد سے معلق ہو دو مرد جو ایک دوسرے کے ساتھ اللہ کے لئے محبت کرتے ہیں وہ اسی پر اکٹھے ہوتے ہیں اور اسی پر جدا ہوتے ہیں، وہ مرد جس کو منصب والی اور خوبصورت عورت نے (برائی کے لئے) بلایا تو اس نے کہا میں اللہ سے ڈرتا ہوں، وہ مرد جو صدقہ کرے اور اس کو پوشیدہ رکھے حتیٰ کہ اس کا بایاں ہاتھ نہ جانے کہ دایاں ہاتھ کیا خرچ کرتا ہے اور وہ مرد جو تنہائی میں اللہ کو یاد کرے اور اس کی آنکھیں آنسو بہائیں"

۱۳۴۳ —— ترجمہ: حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ صدقہ کرو عنقریب تم پر ایک زمانہ آنے والا ہے کہ کوئی شخص اپنا صدقہ لئے پھرے گا اور مرد کہے گا اگر تو کل صدقہ لے کر آتا تو میں تجھ سے قبول کر لیتا آج مجھے صدقہ لینے کی حاجت نہیں"

۱۳۴۲، ۱۳۴۳ —— شرح: حدیث ۱۳۴۲ کی تقریر و تفہیم حدیث ۔۔۔ کی تفہیم میں دیکھیں۔ قولہ "فَسَیَاتِیْ عَلَیْکُمْ زَمَانٌ"، یعنی جب قیامت کے اشراط کے ظہور کا وقت ہوگا یا زمین کے خزانوں کے ظہور کا وقت ہوگا لوگوں کی قلت ہوگی اور ان کی اُمیدیں نہ ہونے کے برابر ہوں گی اور صدقات کی کثرت ہوگی اور ان میں برکت بہت ہوگی اس ارشاد کی مخاطب ساری امت ہے اور مراد بعض لوگ ہیں حدیث ۱۳۳۱ کی تفہیم میں باقی تقریر دیکھیں"۔

باب —— جس نے اپنے خادم کو صدقہ کرنے کو کہا اور خود نہ دیا"

اور ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ صدقہ دینے والوں میں سے وہ بھی ایک ہے"

marfat.com

۱۳۴۴ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَنْفَقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ كَانَ لَهَا أَجْرُهَا بِمَا أَنْفَقَتْ وَلِزَوْجِهَا أَجْرُهُ بِمَا كَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ لَا يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ أَجْرَ بَعْضٍ شَيْئًا **بَابٌ** لَا صَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَمَنْ تَصَدَّقَ وَهُوَ مُحْتَاجٌ أَوْ أَهْلُهُ مُحْتَاجٌ أَوْ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَالدَّيْنُ أَحَقُّ أَنْ يُقْضَى مِنَ الصَّدَقَةِ وَالْعِتْقِ وَالْهِبَةِ وَهُوَ وَلَدُهُ عَلَيْهِ لَيْسَ لَهُ أَنْ يُتْلِفَ أَمْوَالَ النَّاسِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَخَذَ أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيدُ إِتْلَافَهَا أَتْلَفَهُ اللهُ إِلَّا أَنْ يَكُونَ مَعْرُوفًا بِالصَّبْرِ فَيُؤْثِرُ عَلَى نَفْسِهِ وَلَوْ كَانَ بِهِ خَصَاصَةٌ كَفِعْلِ أَبِي بَكْرٍ حِينَ تَصَدَّقَ بِمَالِهِ وَكَذَلِكَ آثَرَ الْأَنْصَارُ الْمُهَاجِرِينَ وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ إِضَاعَةِ الْمَالِ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يُضَيِّعَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِعِلَّةِ الصَّدَقَةِ وَقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ مِنْ تَوْبَتِي أَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِي صَدَقَةً إِلَى اللهِ وَإِلَى رَسُولِهِ قَالَ أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ قُلْتُ فَإِنِّي أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِي بِخَيْبَرَ

۱۳۴۴ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی عورت اپنے گھر کے طعام سے خیرات کرے۔ اس حال میں کہ فساد کا ارادہ نہ کرے تو اس کو خیرات کرنے کا ثواب حاصل ہوگا اس کے شوہر کو کمائی کرنے کا اجر اور خازن کو اسی قدر اجر ملے گا ان میں سے بعض دوسرے بعض کے اجر کو ذرہ کم نہ کریگا۔

۱۳۴۴ — شرح : خازن امین ہوتا ہے وہ عادتاً مالک کی اجازت کے بغیر مال میں تصرف نہیں کرتا۔ اس لئے وہ مال میں تصرف کرنے میں مامور ہوتا ہے اسی طرح عورت کے لئے بھی جائز نہیں کہ وہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر مال میں تصرف کرے کیونکہ وہ بھی امینہ ہوتی ہے ،، عادت یہی ہے کہ وہ گھر کی اشیاء میں تصرف شوہر کی اجازت سے کرتی ہے جس سے اس کا شوہر خوش ہوتا ہے ،، اسی لئے ،، غیر مفسدہ ،، کی قید ذکر فرمائی ہے۔ اشیاء کا فساد تب ہوگا جب کہ وہ شوہر کی اجازت کے بغیر تصرف کرے یا اشیاء میں تصرف سے شوہر خوش نہ ہو ،، زوجہ اور خادم میں فرق یہ ہے کہ زوجہ کا شوہر کے مال میں حق ہے وہ گھر کے مال و متاع کی محافظ ہوتی ہے اس کے لئے جائز ہے کہ وہ بحسب عادت اسراف کے بغیر صدقہ وغیرہ کرے ،، اور خادم اپنے مالک کے مال میں تصرف نہیں کرسکتا اس لئے خادم کے صدقہ کرنے میں اجازت حاصل کرنا شرط ہے ،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ مال داری قائم رکھتے ہوئے ہی صدقہ کرنا جائز ہے ،،

marfat.com

اور جس نے صدقہ کیا حالانکہ وہ خود محتاج ہے یا اس کے گھر والے محتاج ہیں یا اس پر قرضہ ہے تو صدقہ کرنا، غلام آزاد کرنا اور ہبہ کرنے سے قرضہ ادا کرنا زیادہ ضروری ہے اور وہ (صدقہ وغیرہ) اس پر رد کیا جائے گا۔ اس کے یہ لائق نہیں کہ لوگوں کے مال ضائع کرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس نے لوگوں کے مال لئے اس حال میں کہ ان کو ضائع کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو برباد کر دے گا مگر جب وہ صبر میں مشہور ہو اور دوسروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتا ہو اگرچہ اس کو احتیاج ہو جیسے ابوبکر رضی اللہ عنہ کا فعل جبکہ انھوں نے اپنا سارا مال صدقہ کر دیا اسی طرح انصار نے مہاجرین کو ترجیح دی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مال ضائع کرنے سے منع فرمایا اس کے لئے یہ جائز نہیں کہ صدقہ کے بہانے لوگوں کے مال ضائع کرے اور کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میری توبہ کا اتمام یہ ہے کہ میں اپنا سارا مال اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان کر کے دست بردار ہو جاؤں۔ آپ نے فرمایا کچھ مال روک رکھو یہ تیرے لئے اچھا رہے گا۔ میں نے عرض کیا میں اپنا وہ حصہ روک رکھتا ہوں جو خیبر میں ہے"

باب

تحسین کلام کے لئے لفظ "ظهر" کو زائد ذکر کیا گیا ہے اور "لا صدقة" میں نفی کمال کی ہے یعنی صدقہ کاملہ مال داری قائم رکھتے ہوئے ہی جائز ہے" علامہ خطابی رحمہ اللہ نے کہا یعنی افضا صدقہ وہ ہے جسے انسان بال بچوں کی کفالت کے بعد نکالے اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "وابدء بمن تعول

قولہ من تصدق الخ" یہ "لا صدقة الا عن ظهر غنى" کی تفسیر ہے یعنی صدقہ کرنے کی شرط یہ ہے کہ وہ خود محتاج نہ ہو اور نہ ہی اس کے گھر والے محتاج ہوں اور اس پر قرض وغیرہ نہ ہو کیونکہ جب اس پر قرضہ ہوگا تو اس کا ادا کرنا واجب ہے اور صدقات وخیرات، غلام آزاد کرنے اور ہبہ وغیرہ کرنے سے زیادہ ضروری ہے جبکہ فرائض کی ادائیگی نوافل سے مقدم ہے اگر قرضہ ادا کئے بغیر صدقات وغیرہ کرے تو مقبول نہ ہوں گے اور اس طرح اس کے لئے لوگوں کے مال ضائع کرنے جائز نہیں" اور جس نے قرض لے کر صدقہ کر دیا اور قرض ادا کرنے کے لئے اس کے پاس مال نہیں تو وہ بھی مذکور وعید میں شامل ہے اور "ردّ عليه" کا مقتضی یہ ہے کہ اس پر قاضی نے حجر نہ کیا ہو کیونکہ علماء کہتے ہیں کہ یہ منع حجر کے بعد ہے اور امام بخاری کے اطلاق کا حمل بھی یہی مناسب ہے۔ قولہ وقال النبي صلى الله عليه وسلم الخ" یہ بھی باب کا عنوان ہے اس میں چار حدیثیں معلقہ ذکر کی ہیں۔ قولہ الا ان يكون الخ یہ من تصدق الخ سے مستثنیٰ ہے یعنی جس نے اپنا سارا مال صدقہ کر دیا اور وہ خود تندرست ہے اس کی عقل قائم ہے اس پر قرض نہیں اور فاقہ وغیرہ برداشت کر سکتا ہے اس کے بال بچے اور عیال داری نہیں یا اس کا عیال ہے مگر وہ بھی اس جیسے صابر ہیں تو اس کے لئے یہ جائز ہے ورنہ مکروہ ہے بلکہ مردود ہے۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا سارا مال صدقہ کر دینا اسی پر مبنی ہے کہ وہ صابر تھے اور ان کا عیال بھی سب صابر تھے! اگر یہ سوال ہو کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنا سارا مال اللہ کی راہ میں صرف کر دیا اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سارا مال خرچ کرنے سے منع فرما دیا اس میں کیا حکمت تھی اس کا جواب یہ ہے کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بہت صابر اور متوکل تھے اس لئے

marfat.com

۱۳۴۵ ۱۳۴۶

حدثنا عبدان قال اخبرنا عبد الله عن یونس عن الزھری قال اخبرنی سعید بن المسیب انہ سمع ابا ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال خیر الصدقۃ ما کان عن ظھر غنی وابدأ بمن تعول حدثنا موسی بن اسماعیل قال حدثنا وھیب قال حدثنا ھشام عن ابیہ عن حکیم بن حزام عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الید العلیا خیر من الید السفلی وابدأ بمن تعول وخیر الصدقۃ ما کان عن ظھر غنی ومن یستعفف یعفہ اللہ ومن یستغن یغنہ اللہ وعن وھیب قال حدثنا ھشام عن ابیہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بھذا

ان کو سارا مال خرچ کرنے سے منع نہ فرمایا اور حضرت کعب رضی اللہ عنہ میں یہ قوت نہ تھی اس لئے ان کو روک دیا۔ واللہ ورسولہ اعلم!

۱۳۴۵ ــــ ترجمہ : زُہری نے کہا مجھے سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ اُنھوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سُنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر صدقہ وہ ہے جو صدقہ کرنے کے بعد مال داری قائم رہے اور ان لوگوں سے صدقہ کی ابتداء کر جن کی تو عیالداری کرتا ہے۔

۱۳۴۶ ــــ ترجمہ : حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور صدقہ کی ابتداء ان لوگوں سے کر جن کی تو عیال داری کرتا ہے اور بہتر صدقہ وہ ہے جس کے بعد مال داری قائم رہے اور جو کوئی لوگوں سے سوال کرنے سے بچنا چاہے اس کو اللہ تعالیٰ بچاتا ہے اور حضرت وُہیب سے روایت ہے اُنھوں نے کہا مجھ سے ہشام نے اپنے باپ سے بیان کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس کی روایت کی ہے ،،

۱۳۴۵، ۱۳۴۶ ــــ شرح : اوپر والا ہاتھ صدقہ کرنے والا اور نیچے والا ہاتھ سوال کرنے والا ہے ،، احادیث میں اس کی تصریح مذکور ہے۔ قولہ من یستعفف الخ استعفاف کا معنی عفت کا طلب کرنا ہے اور یہ حرام سے رکنا اور لوگوں سے سوال کرنے سے بچنا ہے ،، یعنی جو کوئی اللہ سے غِنیٰ طلب کرے۔ اللہ اس کو غنی کر دیتا ہے ، اور جو کوئی سوال سے بچنا چاہے اللہ اس کو عفاف عطا فرماتا ہے بعض علماء نے اس کا معنیٰ یہ بتایا ہے کہ جو کوئی اپنے نفس کو سوال کرنے سے بچائے اور استغناء کا اظہار نہ کرے اللہ تعالیٰ اس کو عفیف کر دیتا ہے اور جو کوئی اس مرتبہ سے اعلیٰ مرتبہ کی طرف ترقی کرے اور مخلوق سے استغناء کا اظہار کرے اللہ تعالیٰ اس کا قلب غِنیٰ سے بھر دیتا ہے۔

حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ اسدی مکی ہیں وہ جوفِ کعبہ میں پیدا ہُوئے ساٹھ برس کفر میں رہے اور ساٹھ سال اسلام کی نعمت میں متنعم رہے اُنھوں نے ایک سو غلام آزاد کئے اور جاہلیت کے زمانہ میں ایک سو اونٹ غریبوں کو دیئے اور اس کی برکت سے مشرف باسلام ہُوئے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد حج کیا

marfat.com

حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۱۳۴۷

ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَذَكَرَ الصَّدَقَةَ وَالتَّعَفُّفَ وَالْمَسْئَلَةَ اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى فَالْيَدُ الْعُلْيَا هِيَ الْمُنْفِقَةُ وَالسُّفْلٰى هِيَ السَّائِلَةُ

بَابُ الْمَنَّانِ بِمَا اَعْطٰى لِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى اَلْاٰيَةَ

جبکہ ان کے ساتھ ایک سو اونٹ تھا اور عرفہ میں ان کے ساتھ ایک سو غلام تھا جن کی گردنوں میں چاندی کے پٹے تھے اور ان میں یہ نقش کیا گیا تھا کہ یہ حکیم بن حزام کی طرف سے اللہ کے لئے آزاد ہیں اُنھوں نے ایک سو بکری حرم میں ذبح کی اُنھوں نے مدینہ منورہ (شرفہا اللہ تعالیٰ) میں ۵۶ ہجری کو وفات پائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ!

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ منبر پر تشریف فرما تھے اور صدقہ، تعفف اور سوال کرنے کا ذکر فرمایا کہ اُوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اوپر والا ہاتھ خرچ کرنے والا ہے اور نیچے والا ہاتھ سوال کرنے والا ہے،، ۱۳۴۷ —

شرح : یعنی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم منبر شریف پر اغنیاء کو صدقہ کرنے اور فقیر کو سوال کرنے سے بچنے کی ترغیب دلاتے تھے اور سوال کی مذمت بیان فرماتے تھے،، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت کے بغیر سوال کرنا مکروہ ہے اور جس کے پاس ایک دن کا کھانا ہو اس کے لئے سوال کرنا حرام ہے۔ ۱۳۴۷ —

حدیث شریف میں اوپر والے ہاتھ سے مراد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ پکڑنے والا ہو اور نیچے والا ہاتھ خرچ کرنے والا ہو کیونکہ سخی لوگوں کی عادت ہے کہ وہ ہاتھ لمبا کرتے ہیں تاکہ فقیر اس سے صدقہ لے تو صدقہ لینے والے کا ہاتھ اُوپر ہُوا۔ اس وقت معنی یہ ہوگا کہ مالک فقیر کو دنیاوی فائدہ دیتا ہے جو جلدی فنا ہو جاتا ہے اور فقیر مالک کو آخروی فائدہ دیتا ہے جو ہمیشہ باقی رہتا ہے اور یہ بہتر ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — اس شئ پر احسان جتلانے والا جو اُس نے دی — ،،

اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے،، جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر اپنے خرچ کئے پر احسان نہیں جتلاتے اور نہ تکلیف دیتے ہیں۔

marfat.com

۱۳۴۸ **بَابُ مَنْ اَحَبَّ تَعْجِيلَ الصَّدَقَةِ مِنْ يَوْمِهَا** حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَهُ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ فَاَسْرَعَ ثُمَّ دَخَلَ الْبَيْتَ فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ خَرَجَ فَقُلْتُ اَوْ قِيْلَ لَهٗ فَقَالَ كُنْتُ خَلَّفْتُ فِي الْبَيْتِ تِبْرًا مِنَ الصَّدَقَةِ فَكَرِهْتُ اَنْ اُبَيِّتَهٗ فَقَسَمْتُهٗ

۱۳۴۹ **بَابُ التَّحْرِيْضِ عَلَى الصَّدَقَةِ وَالشَّفَاعَةِ فِيْهَا** حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَدِيٌّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عِيْدٍ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ لَمْ يُصَلِّ قَبْلُ وَلَا بَعْدُ ثُمَّ مَالَ عَلَى النِّسَآءِ وَبِلَالٌ مَعَهٗ فَوَعَظَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ اَنْ يَتَصَدَّقْنَ فَجَعَلَتِ الْمَرْاَةُ تُلْقِي الْقُلْبَ وَالْخُرْصَ

باب — جس نے صدقہ کے دن صدقہ جلدی دینا پسند کیا ،،

۱۳۴۸ — ترجمہ : عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عصر کی نماز پڑھائی اور بہت جلدی فرمائی پھر گھر تشریف لے گئے اور زیادہ نہ ٹھہرے اور باہر تشریف لے آئے میں نے عرض کیا یا آپ سے عرض کیا گیا تو آپ نے فرمایا میں گھر میں صدقہ کے مال سے ناخالص سونا چھوڑ آیا تھا مجھے یہ پسند نہیں کہ میں اسے رات گھر رکھوں ۔ میں نے اس کو تقسیم کرنے کا حکم دیا ہے ۔

۱۳۴۸ — مشرح : ،، تبر ،، وہ سونا ہے جو مٹی سے جدا نہ کیا گیا ہو اور وہ غیر مضروب ہو حدیث ۱۱۵۱ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے ،،

باب — صدقہ کرنے کی رغبت دلانا اور اس میں شفاعت کرنا ،،

۱۳۴۹ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عید کے روز باہر نکلے اور دو رکعت نماز پڑھائی جبکہ اس سے پہلے اور اس کے بعد نماز نہ پڑھی پھر آپ نے عورتوں کی طرف توجہ فرمائی اور حضرت بلال آپ کے ساتھ تھے اور عورتوں کو حکم فرمایا کہ وہ صدقہ کریں تو عورتوں نے اپنی اپنی بالیاں اور کنگن پھینکنے شروع کئے ،، یہ حدیث باب الخطبۃ بعد الصلوٰۃ میں گزری ہے اس کی تقریر حدیث ۔۔۔ کی تفہیم میں دیکھیں ،،

marfat.com

حَدَّثَنَا مُوسٰی

ابن اسمٰعیل قال حدثنا عبدالواحد قال حدثنا ابوبردۃ بن عبداللہ بن ابی بردۃ قال حدثنا ابوبردۃ بن ابی موسیٰ عن ابیہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جاءہ السائل او طلبت الیہ حاجۃ قال اشفعوا توجروا ویقضی اللہ علی لسان نبیہ ما شاء حدثنا مسدد بن الفضل قال اخبرنا عبدۃ عن ہشام عن فاطمۃ عن اسماء قالت قال لی النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا توکی فیوکی علیک حدثنی عثمان بن ابی شیبۃ عن عبدۃ وقال لا تحصی فیحصی اللہ علیک

۱۳۵۰ ترجمہ : ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی سائل آتا یا آپ سے کوئی حاجت طلب کی جاتی تو فرماتے شفاعت کرو تمہیں اجر دیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف پر جو چاہے فیصلہ کرتا ہے۔

۱۳۵۱ ترجمہ : اسماء رضی اللہ عنہا نے کہا کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقات وخیرات نہ روکو ورنہ تم سے روک لیا جائے گا۔"

۱۳۵۲ ترجمہ : اور عبدہ سے روائت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مال باقی رکھنے کے لئے شمار نہ کرو ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر شمار کرے گا،،

۱۳۵۰ شرح : یعنی تم ایک دوسرے کی شفاعت کرو اس میں تمہیں ثواب حاصل ہوتا ہے کیونکہ جب تم طالبِ حاجت کے حق میں مجھ سے شفاعت کروگے اور ہم اس کی حاجت پوری کردیں جبکہ طالب کی حاجت کی تحصیل کا فیصلہ اللہ تعالیٰ میری زبان شریف پر کرتا ہے تو اس سے سائل کا مقصد حاصل ہوجاتا ہے اور تمہیں اجر ملتا ہے،، اس حدیث میں یَقْضِیْ اللّٰہُ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ ،، کے اطلاق سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی بے نیازی سے جو بھی فیصلہ فرماتا ہے وہ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف پر جاری کرتا ہے اور جو فیصلہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان شریف پر جاری نہ ہو وہ اللہ کا فیصلہ نہیں ہوتا۔ سیدی محقق بن محقق اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کا ترجمہ اس طرح کیا ؎ جو وہاں ہو یہیں آکے ہو جو یہاں نہیں تو : وہاں نہیں،،

بہرحال کسی کی حاجت کی تکمیل میں سعی کرنے والے ماجور ہیں۔ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی مدد کرتا ہے جب تک وہ اپنے بھائیوں کے مددگار رہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

۱۳۵۱ شرح : قولہٗ لا توکی آہ یہ اوکی یوکی سے ہے کہا جاتا ہے اُس نے مشکیزہ کا منہ تسمہ سے باندھا اس کا معنیٰ بخل ہے یعنی تو بخل نہ کر اور مال جمع کرنے کے لئے خیرات کو نہ روک اور صدقات سے مال ختم ہوجانے کی فکر نہ کر ورنہ اللہ تعالیٰ تجھ سے اپنا رزق روک لے گا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صدقات وخیرات سے مال بڑھتا ہے اور اس میں برکت ہے،،

marfat.com

بَابُ الصَّدَقَةِ فِيمَا اسْتَطَاعَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ فَجَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُوعِي فَيُوعِيَ اللَّهُ عَلَيْكِ ارْضَخِي مَا اسْتَطَعْتِ بَابُ الصَّدَقَةُ تُكَفِّرُ الْخَطِيئَةَ حَدَّثَنَا تُبَيْنَةُ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيثَ رَسُولِ اللَّهِ

ص ۱۳۵۲

۱۳۵۲ — شرح : .... قولُہٗ لَا تُحْصِیْ آخر یہ احصاء سے ہے اس کا معنی شمار کرنا ہے" یعنی جو شئ تو عطیہ کرے اس کا شمار نہ کر اور اس کو زیادہ نہ سمجھ ورنہ اس سے مال منقطع ہوگا۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے خیرات کی اور اس کا شمار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو شمار کرنے سے منع فرما دیا صلی اللہ علیہ وسلم !

باب — جتنی طاقت ہو اتنا صدقہ کرنا "

۱۳۵۳ — ترجمہ : عباد بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم نے اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا سے خبر دی کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مال کو محفوظ نہ کرو ورنہ اللہ تم سے محفوظ کرے گا جتنی طاقت ہو خیرات کرو"

۱۳۵۳ — شرح : قولُہٗ لَا تُوعِیْ آخر یہ ایعاء سے ہے جب کوئی شئ برتن میں ڈال دی جائے تو کہا جاتا ہے" اَوْعَیْتُ الزَّادَ "، اللہ تعالیٰ سے ایعاء کا معنیٰ امساک ہے یعنی اگر تم خیرات نہ کروگے تو اللہ تعالیٰ تم سے رزق روک لے گا ، ایعاء اگرچہ حرام نہیں مگر اس کا لازم جو امساک ہے حرام ہے نہی تحریم کے لئے نہیں ۔ لہٰذا یہ سوال نہ ہوگا کہ ایعاء تو حرام نہیں اس سے منع کی وجہ کیا ہے ؟ اور اللہ تعالیٰ کی طرف وَعٰی "، کا اسناد مجازی ہے — علامہ تیمی رحمہ اللہ نے کہا ۔ نہی ۔ سے مراد امساک اور بخل اور مال کو برتنوں میں محفوظ کر لینا اور اس سے اللہ کی راہ میں انفاق کا ترک کرنا ہے "

باب — صدقہ گناہوں کا کفّارہ کرتا ہے

۱۳۵۴ — ترجمہ : حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا تم میں سے کون ہے جس کو جناب رسول اللہ

marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الْفِتْنَةِ قَالَ قُلْتُ اَنَا اَحْفَظُهٗ كَمَا قَالَ قَالَ اِنَّكَ عَلَيْهِ لَجَرِیٌّ فَكَيْفَ قَالَ قُلْتُ فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِیْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ وَجَارِهٖ تُكَفِّرُهَا الصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْمَعْرُوْفُ قَالَ سُلَيْمَانُ قَدْ كَانَ يَقُوْلُ الصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ وَالْاَمْرُ الْمَعْرُوْفُ وَالنَّهْیُ عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ لَيْسَ هٰذِهٖ اُرِيْدُ وَلٰكِنِّیْ اُرِيْدُ الَّتِیْ تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ قَالَ قُلْتُ لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْهَا يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بَاْسٌ بَيْنَهَا وَبَيْنَكَ بَابٌ مُغْلَقٌ قَالَ فَيُكْسَرُ الْبَابُ اَمْ يُفْتَحُ قَالَ قُلْتُ لَا بَلْ يُكْسَرُ قَالَ فَاِنَّهٗ اِذَا كُسِرَ لَمْ يُغْلَقْ اَبَدًا قَالَ قُلْتُ اَجَلْ فَهِبْنَا اَنْ نَسْاَلَهٗ مَنِ الْبَابُ فَقُلْنَا لِمَسْرُوْقٍ سَلْهُ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ عُمَرُ قَالَ فَقُلْنَا اَفَعَلِمَ عُمَرُ مَنْ تَعْنِیْ قَالَ نَعَمْ كَمَا اَنَّ دُوْنَ غَدٍ لَيْلَةً وَذٰلِكَ اَنِّیْ حَدَّثْتُهٗ حَدِيْثًا لَيْسَ بِالْاَغَالِيْطِ **بَابُ** مَنْ تَصَدَّقَ فِی الشِّرْكِ ثُمَّ اَسْلَمَ

صلی اللہ علیہ وسلم کی فتنہ کے بارے میں حدیث، یاد ہو،، حذیفہ نے کہا مجھے فتنہ کے بارے میں حدیث یاد ہے بس طرح آپ نے فرمایا تھا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا تم اس پہ جرأت مند ہو بتاؤ وہ حدیث کیسی ہے۔ حذیفہ نے کہا میں نے کہا مرد کی بیوی، اولاد اور اس کے ہمسایہ میں فتنہ ہوتا ہے اور نماز، صدقہ، اچھی بات اس کے لئے کفارہ ہے۔ سلیمان نے کہا کبھی اس طرح کہتے کہ نماز صدقہ اچھی بات اور برائی سے منع کرنا اس کے لئے کفارہ ہے) عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا میری یہ مراد نہیں میری مراد تو یہ ہے کہ وہ فتنہ جو سمندر کی لہروں کی طرح موجزن ہو۔ حذیفہ نے کہا اے امیر المؤمنین! آپ کو اس سے کوئی ڈر نہیں آپ کے اور اس کے درمیان بند دروازہ ہے۔ عمر فاروق نے کہا وہ دروازہ توڑا جائے گا یا کھولا جائے گا حذیفہ نے کہا میں نے کہا کھولا نہیں جائے گا بلکہ توڑا جائے گا عمر فاروق نے کہا جب وہ دروازہ توڑا گیا تو کبھی بند نہ ہوگا۔ حذیفہ نے کہا میں نے کہا جی ہاں! ابو وائل نے کہا ہم ڈرے کہ حذیفہ سے پوچھیں کہ دروازہ کون ہے؟ اس لئے ہم نے مسروق سے کہا کہ تم پوچھو مسروق نے حذیفہ سے پوچھا تو انھوں نے کہا دروازہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہے۔ ابو وائل نے کہا ہم نے کہا کیا عمر فاروق رضی اللہ عنہ جانتے تھے کہ آپ کی مراد کیا ہے؟ حذیفہ نے کہا جی ہاں جس طرح کل سے پہلے رات کو جانتے ہیں کیونکہ میں نے عمر فاروق کو ایسی حدیث کی خبر دی ہے جس میں ذرہ بھر شک و شبہ نہیں۔

شرح : ابو وائل شقیق کی کنیت ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں فتنوں کے بارے میں عموماً سوال کرتے رہتے تھے اس لئے کہا کہ تم اس میں دلیر ہو،، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کس باب سے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قتل کی طرف اشارہ کیا جسے عمر فاروق روز روشن کی طرح جانتے تھے اور انھوں نے "لم یغلق،، سے یہ اشارہ کیا کہ جب وہ قتل ہو جائیں گے تو فتنے کثرت سے شروع ہو جائیں گے اور قیامت تک نہ رکیں گے۔ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب قتل ہو گئے تو فتنوں کا بازار گرم ہو گیا جو قیامت تک ٹھنڈا نہ ہوگا۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سیدنا عمر فاروق جانتے تھے کہ وہ شہید ہوں گے اور ان کے بعد قیامت تک فتنے جاری رہیں گے،، اس حدیث کی مزید تفہیم مواقیتِ صلوٰۃ کے اوائل میں حدیث ۵۰۴ کی تفہیم دیکھیں۔

۱۳۵۴ —

باب — جس نے شرک کے زمانہ میں

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اَشْيَاءَ كُنْتُ اَتَحَنَّثُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِنْ صَدَقَةٍ اَوْ عَتَاقَةٍ وَصِلَةِ رَحِمٍ فَهَلْ فِيْهَا مِنْ اَجْرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْلَمْتَ عَلٰى مَا سَلَفَ مِنْ خَيْرٍ

صدقہ کیا پھر وہ مسلمان ہو گیا ،،

ترجمہ : حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ان اشیاء کے متعلق ارشاد فرمائیں جو میں جاہلیت کے زمانہ میں صدقات وخیرات، غلام آزاد اور صلۂ رحمی کیا کرتا تھا کیا مجھے ان کا ثواب ہو گا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھ سے جو پہلے نیک کام ہوئے ہیں ان کی برکت سے تو مسلمان ہوا ہے ،،

شرح : قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ جو تجھ سے جاہلیت کے زمانہ میں نیک عمل ہوئے ہیں ان کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے تجھے ہدایت دی ہے ،، کیونکہ ابتدائی زمانہ میں نیکی کرنا آخری زمانہ میں سعادت اور حسنِ عاقبت کی دلیل ہے۔ ابنِ بطال رحمہ اللہ تعالیٰ اور دیگر محققین نے کہا یہ حدیث اپنے ظاہر پہ ہے کہ کافر جب مسلمان ہو جائے اور اسلام پہ اس کی موت ہو تو کفر کی حالت میں کئے ہوئے نیک اعمال کا اس کو ثواب ملتا ہے" ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کافر جب مسلمان ہو جائے اور اس کا اسلام اچھا ہو تو جو اُس نے پہلے نیکی کی ہوئی ہو لکھی جاتی ہے اور اس کا پہلا ہر گناہ مٹا دیا جاتا ہے اس کے بعد جو نیک عمل کرے اس کا ثواب سات سو گنا لکھا جاتا ہے اور گناہ صرف وہی لکھا جاتا ہے جو اُس نے کیا ہو اور اگر اللہ تعالیٰ مہربانی کرے اور اس سے درگزر کر دے تو علیحدہ بات ہے ،، مہلب نے کہا اگر حکیم بن حزام کفر کی حالت میں فوت ہو جاتے تو ان کے عذاب میں تخفیف کی جاتی جیسے ابوطالب کے عذاب میں تخفیف کی گئی ہے۔ یہ ان دونوں کی خصوصیت ہے کسی دوسرے کو ان پر قیاس نہیں کر سکتے ہیں ،، علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ایک روایت میں اس طرح ہے کہ کافر کی نیکیاں معتبر ہیں جبکہ اس کا خاتمہ اسلام پر ہو اور اگر کفر پہ ہی مر جائے تو بے کار ہیں۔ علامہ قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جب کافر مسلمان ہو جائے اور اس کا اسلام نفاق سے خالی ہو تو اس کے پہلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ علامہ حربی رحمہ اللہ نے کہا حکیم بن حزام کی حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ جو نیک کام تو نے کئے ہیں وہ تیرے لئے مفید ہیں واللہ تعالیٰ اعلم! امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا دنیاوی احکام میں کافروں کے بعض افعال معتبر ہیں۔ فقہا کہتے ہیں جب کافر پر کفارہ ظہار وغیرہ واجب ہو اور وہ کفر کی حالت میں اس کا کفارہ ادا کر دے پھر جب وہ مسلمان ہو جائے تو اس کفارہ کا اعادہ واجب نہیں۔ احناف کے نزدیک احکامِ شرع میں کفار مخاطب نہیں اور نہ ہی کافر کی نیت کا اعتبار ہے ،، البتہ وہ ایمان لانے کے بعد احکام میں مخاطب ہیں۔ واللہ اعلم!

marfat.com

بَابُ اَجْرِ الْخَادِمِ اِذَا تَصَدَّقَ بِاَمْرِ صَاحِبِهٖ غَيْرَ مُفْسِدٍ

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ ۱۳۵۶
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ طَعَامِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ كَانَ لَهَا اَجْرُهَا وَلِزَوْجِهَا بِمَا كَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ حَدَّثَنِيْ ۱۳۵۷
مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ الْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْاَمِيْنُ الَّذِيْ يُنْفِذُ وَرُبَّمَا قَالَ يُعْطِيْ مَا اُمِرَ بِهٖ كَامِلًا مُوَفَّرًا طَيِّبًا بِهٖ نَفْسُهٗ فَيَدْفَعُهٗ
اِلَى الَّذِيْ اُمِرَ لَهٗ بِهٖ اَحَدُ الْمُتَصَدِّقَيْنِ

بابــــ خادم جب اپنے مالک کے حکم سے صدقہ کرے تو اس کا ثواب جبکہ مال تباہ نہ کرے"

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب عورت اپنے شوہر کے طعام سے صدقہ کرے جبکہ گھر خراب کرنے کی نیت نہ ہو اس کو صدقہ کرنے کا ثواب اور اس کے شوہر کو کمائی کرنے کے باعث ثواب ملتا ہے اور خازن کو بھی اس جیسا ثواب ملے گا۔

۱۳۵۶ــــ

ترجمہ : ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خازن مسلمان امانت دار جو اپنے مالک کا حکم نافذ کرے اور کبھی یہ بھی فرمایا کہ جس قدر اس کو حکم دیا جائے وہ پورا دے جبکہ اس سے اس کا نفس خوش ہو اور جس کو صدقہ دینے کا حکم کیا گیا ہو وہ اس کو دے دے تو وہ بھی صدقہ کرنے والوں میں سے ایک ہے"

۱۳۵۷ــــ

شرح : لفظ خادم عورت کو بھی شامل ہے کیونکہ وہ شوہر کی خدمت کرتی ہے؛ لہٰذا حدیث باب کے عنوان کے مطابق ہے اور یہ نہ کہا جائے کہ باب کا ترجمہ " اجر الخادم الخ" ہے اور حدیث میں خادم کا ذکر نہیں" حدیث ۱۳۴۴ کی تفہیم میں اس حدیث کی تقریر مذکور ہے۔

۱۳۵۶ــــ

شرح : اس حدیث میں کئی قیود ہیں اوّل یہ کہ صدقہ کرنے والا خازن ہو کیونکہ اگر خازن نہ ہو تو اس کے لئے غیر کے مال میں سے صدقہ کرنا جائز نہیں دوسری یہ کہ وہ مسلمان ہو کیونکہ کافر کی نیت کا اعتبار نہیں تیسری یہ کہ امین ہو کیونکہ خائن گنہگار ہے چوتھی یہ کہ مُنْفِذ ہو یعنی جس قدر کا حکم دیا جائے اسے پورا کرے پانچویں یہ کہ وہ خوشی سے صدقہ دے تاکہ نیت کے معدوم ہونے سے اجر ضائع نہ ہو جائے۔ چھٹی یہ کہ مالک جس پر صدقہ کرنے کا حکم دے اسی کو صدقہ دے ورنہ امین نہ رہے گا۔ حصول ثواب کے لئے یہ قیود شرط ہیں۔

۱۳۵۷ــــ

marfat.com

۱۳۵۸ ۱۳۵۹

بَابُ اَجْرِ الْمَرْاَةِ اِذَا تَصَدَّقَتْ وَاَطْعَمَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ حَدَّثَنَا

اٰدَمُ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ وَالْاَعْمَشُ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَعْنِیْ اِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ بَیْتِ زَوْجِهَا ح وَحَدَّثَنِیْ عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِیْقٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَطْعَمَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ بَیْتِ زَوْجِهَا غَیْرَ مُفْسِدَةٍ لَهَا اَجْرُهَا وَلَهٗ مِثْلُهٗ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ لَهٗ بِمَا اكْتَسَبَ وَلَهَا بِمَا اَنْفَقَتْ حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ شَقِیْقٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ طَعَامِ بَیْتِهَا غَیْرَ مُفْسِدَةٍ فَلَهَا اَجْرُهَا وَلِلزَّوْجِ بِمَا اكْتَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ **بَابُ** قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی الْاٰیَةَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقٍ مَالٍ خَلَفًا

باب — عورت کو ثواب جبکہ وہ صدقہ کرے یا اپنے شوہر کے گھر سے طعام کھلائے اس حال میں کہ وہ گھر کی تباہی نہ کرے ،،

۱۳۵۸ — ترجمہ ..... ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا جب عورت اپنے شوہر کے گھر سے طعام کھلائے جبکہ وہ گھر کی تباہی نہ کرے تو اس کو اجر ملے گا اور اس شخص کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا اور خازن کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا۔ مرد کو کمائی کرنے کا اور عورت کو خرچ کرنے کا ثواب ملے گا ،،

۱۳۵۹ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا جب عورت اپنے شوہر کے گھر سے خرچ کرے حالانکہ گھر کی تباہی کا ارادہ نہ کرتی ہو تو اس کو اجر ملے گا اور اس کے شوہر کو کمائی کرنے کا اجر ملے گا اور خازن کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا ،، ان دونوں حدیثوں کی تفہیم ذکر ہو چکی ہے ،،

باب — تو وہ جس نے دیا اور پرہیزگاری کی اور سب سے اچھی کو سچ مانا تو بہت جلد ہم اسے آسانی مہیا کر دیں گے ،،

marfat.com

حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَخِيْ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ مُزَرِّدٍ عَنْ اَبِي الْحُبَابِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ يَوْمٍ يُصْبِحُ الْعِبَادُ فِيْهِ اِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ فَيَقُوْلُ اَحَدُهُمَا اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَيَقُوْلُ الْاٰخَرُ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا **بَابُ** مَثَلِ الْمُتَصَدِّقِ وَالْبَخِيْلِ حَدَّثَنَا مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوٗسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُو الزِّنَادِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُنْفِقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ مِنْ ثُدِيِّهِمَا اِلٰى تَرَاقِيْهِمَا فَاَمَّا الْمُنْفِقُ فَلَا يُنْفِقُ اِلَّا سَبَغَتْ اَوْ وَفَرَتْ عَلٰى جِلْدِهٖ حَتّٰى تُخْفِيَ بَنَانَهُ وَتَعْفُوَ اَثَرَهُ وَاَمَّا الْبَخِيْلُ فَلَا يُرِيْدُ اَنْ يُنْفِقَ شَيْئًا اِلَّا لَزِقَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَكَانَهَا فَهُوَ يُوَسِّعُهَا

اور جس نے بخل کیا اور بے پرواہ بنا اور سب سے اچھی کو جھٹلایا

تو بہت جلد ہم اسے دشواری مہیا کر دیں گے "

..... ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ

۱۳۶۰ ——— علیہ وسلم نے فرمایا کوئی دن نہیں جس میں لوگ صبح کریں مگر

آسمان سے دو فرشتے نازل ہوتے ہیں ان میں سے ایک کہتا ہے اے اللہ! خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما اور دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ! بخیل کو تلف دے "

شرح : اس آیت کریمہ میں اچھے کاموں میں خرچ کرنے کی ترغیب ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ خرچ کرنے والے کو دنیا میں اس کا

۱۳۶۰ ——— بدل دیتا ہے اور آخرت میں ثوابِ جزیل عطا فرماتا ہے۔ قرآن کریم میں ہے " وَمَا اَنْفَقْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ " اور جو بخل کرے اور انواعِ برّ میں خرچ نہ کرے اس کے لئے زجر و تہدید بیان فرمائی "، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بخیل اپنے مال کی تباہی کا مستحق ہے جبکہ وہ واجبات کی ادائیگی میں بخل کرے۔ مستحب کے انفاق سے بخل کرنے میں وہ اس زجر کا مستوجب نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ——— صدقہ دینے والے اور بخیل کی مثال

ترجمہ : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم

۱۳۶۱ ——— صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخیل اور صدقہ کرنے والے

marfat.com

وَقَالَ الثَّالِثُ تَابَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ فِي الْجُبَّتَيْنِ وَقَالَ حَنْظَلَةُ عَنْ طَاوُسٍ جُنَّتَانِ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي جَعْفَرٌ عَنِ ابْنِ هُرْمُزٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُنَّتَانِ

کی مثال ان دو آدمیوں جیسی ہے جن پر لوہے کے دو کرتے ہیں ح عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بخیل اور خرچ کرنے والے کی مثال ان دو آدمیوں جیسی ہے جن پر لوہے کے کرتے ان کی چھاتیوں سے ہنسلیوں تک ہیں۔ بہرحال خرچ کرنے والا خرچ نہیں کرتا مگر اس کا کرتہ کھل جاتا ہے یا اس کے جسم پر پھیل جاتا ہے حتیٰ کہ اس کی انگلیوں کو چھپا لیتا ہے اور اس کا نشان مٹا دیتا ہے اور بخیل کوئی شئی خرچ کرنے کا ارادہ نہیں کرتا مگر اس کا ہر حلقہ اپنی جگہ چمٹ جاتا ہے وہ اسے کشادہ کرتا ہے مگر وہ کشادہ نہیں ہوتی۔ حسن بن مسلم نے جبتین میں طاؤس سے روایت کرنے میں ابن طاؤس کی متابعت کی، لیث نے کہا مجھے جعفر بن ربیعہ نے عبدالرحمٰن اعرج بن ہرمز سے خبر دی کہ انھوں نے کہا میں نے ابوہریرہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ آپ نے جنتان فرمایا ہے۔"

شرح : علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سخی اور بخیل کی مثال بیان فرمائی اور ان کو دو آدمیوں سے تشبیہ دی جن میں سے ہر ایک نے زرہ پہننے کا ارادہ کیا،، اور سخی کی مثال اس شخص جیسی بیان فرمائی جس نے پوری زرہ پہنی وہ اس کے جسم پر پھیلتی رہی حتیٰ کہ اس کے سارے بدن کو چھپا لیا اور اس کو زرہ نے محفوظ کر لیا اور بخیل کی مثال اس آدمی جیسی بیان فرمائی جس کے دونوں ہاتھ طوق بنے ہوئے ہیں جو اس کے سینے کے سامنے ابھرے ہوئے ہیں جب وہ زرہ پہننے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ درمیان میں حائل ہو جاتے ہیں اور اس کو بدن پر پھیلنے نہیں دیتے اور وہ اس کی گردن میں جمع ہو کر اس کی ہنسلیوں پر چمٹ جاتی ہے اور اس کے لئے وبالِ جان اور بوجھ بن جاتی ہے اور اس کے بدن کی حفاظت نہیں کرتی اس کا خلاصہ یہ ہے کہ سخی جب خرچ کرنے کا ارادہ کرے تو اس سے اس کا سینہ کھل جاتا ہے اور اس کے ہاتھ اس کی مطاوعت کرتے ہیں اور عطیہ کرنے میں لمبے ہو جاتے ہیں اور بخیل کا سینہ سخاوت کے وقت تنگ ہوتا ہے اور اس کے دونوں ہاتھ انفاق میں انقباض کرتے ہیں۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ یہ صدقہ کرنے سے مال بڑھنے کی مثال ہے اور بخل اس کے خلاف ہے،، بعض علماء نے اس مثال کا معنیٰ یہ بیان کیا ہے کہ سخی کو اللہ تعالیٰ پردہ میں رکھتا ہے اور جس طرح یہ کرتہ پہننے والے کو چھپا لیتا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ سخی پر دنیا و آخرت میں پردہ ڈالتا ہے،، اور بخیل کا کرتہ گلے میں پھنسا رہتا ہے اور اس کا سارا جسم مکشوف رہتا ہے جو اس کی رسوائی کا باعث ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ بخیل کو دونوں جہانوں میں ذلیل و خوار اور رسوا کرتا ہے،، ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا سخی جب سخاوت کرے تو صدقہ اس کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے اور اس کے سارے گناہ مٹا دیتا ہے جیسے کرتہ جب پھیل جائے تو وہ پہننے والے کو چھپا لیتا ہے اور اس کی حفاظت کرتا ہے اور بخیل کا نفس خرچ میں اس کی موافقت نہیں کرتا لہٰذا اس کے گناہوں کا کفارہ بھی نہیں ہوتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

۱۳۶۱

marfat.com

بَابُ صَدَقَةِ الْكَسْبِ

وَالتِّجَارَةِ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ الْاٰيَةَ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ اِلٰى قَوْلِهٖ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۔ بَابٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوْفِ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ فَقَالُوْا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَقَالَ يَعْمَلُ بِيَدَيْهِ فَيَنْفَعُ نَفْسَهٗ وَيَتَصَدَّقُ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ قَالَ يُعِيْنُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوْفَ قَالُوْا فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ قَالَ فَلْيَعْمَلْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلْيُمْسِكْ عَنِ الشَّرِّ فَاِنَّهَا لَهٗ صَدَقَةٌ ۔

باب ـــــ حلال کمائی اور مالِ تجارت سے صدقہ کرنا

کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے : اے ایمان والو اپنی پاک کمائیوں سے خرچ کرو ..... بے شک اللہ غنی اور حمد والا ہے "

باب کے عنوان میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ کسب حلال اور حلال تجارت کے مال سے ہی صدقہ کا ثواب ہوتا ہے ۔ آیت کریمہ میں حلال کمائی سے صدقہ کی ترغیب دلائی ہے اس پر اکتفاء کرتے ہوئے حدیث ذکر نہیں کی "

مسلمان کی کمائی خبیث نہیں ہوتی ، لیکن وہ ردی اشیاء اور دراہم کاسدہ مزیفہ اور بے فائدہ اشیاء کا صدقہ نہ کرے ۔ مذکور آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندوں کو انفاق کا حکم فرماتا ہے اور یہاں اس سے مراد صدقہ ہے ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا اللہ تعالیٰ نفیس اور عمدہ مال کا صدقہ دینے کا حکم فرماتا ہے " اور ردی مال کا صدقہ کرنے سے منع فرماتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ پاک ہے اور پاکیزگی کو پسند کرتا ہے اسی لئے فرمایا " وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ " یعنی ردی شئی خرچ کرنے کا قصد نہ کرو کیونکہ اگر ردی مال تمہیں دیا جائے تو تم خوش ہو کر نہیں لیتے اور مجبوراً آنکھیں بند کر کے پکڑتے ہو ۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب ـــــ ہر مسلمان پر صدقہ ثابت ہے اور جو شخص نہ پائے وہ نیک عمل کرے "

ترجمہ : ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا ہر مسلمان پر صدقہ ہے صحابہ

marfat.com

بَابٌ قَدْرِ كَمْ يُعْطَى مِنَ الزَّكٰوةِ

وَالصَّدَقَةِ وَمَنْ أَعْطٰى شَاةً حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ أَنَّهَا قَالَتْ بُعِثَ إِلَى نُسَيْبَةَ الْأَنْصَارِيَّةِ بِشَاةٍ فَأَرْسَلَتْ إِلَى عَائِشَةَ مِنْهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ فَقَالَتْ لَا إِلَّا مَا أَرْسَلَتْ بِهِ نُسَيْبَةُ مِنْ ذٰلِكَ الشَّاةِ فَقَالَ هَاتِ فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا

کرام رضی اللہ عنہم نے کہا یا نبی اللہ! جو شخص مال نہ پائے؟ آپ نے فرمایا وہ اپنے ہاتھ سے کام کرے خود بھی نفع حاصل کرے اور صدقہ بھی کرے صحابہ نے کہا اگر یہ بھی نہ ہو سکے؟ (تو کیا کرے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مصیبت زدہ حاجت مند کی مدد کرے اُنھوں نے عرض کیا اگر یہ بھی نہ ہو سکے آپ نے فرمایا اچھی باتوں پہ عمل کرے اور بری باتوں سے رُکے اس کے لئے یہی صدقہ ہے،،

شرح : قولہٗ سعید عن ابیہ عن جدہٖ الخ جدہ میں ضمیر کا مرجع سعید ہے اَب نہیں ہے اور سعید کا دادا حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ ہیں۔ مَلْہُوْفٌ کا اطلاق غمزدہ، مجبور اور مظلوم پر ہوتا ہے،، حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر شفقت کرنا ضروری امر ہے جو مال یا غیر مال سے ہوگی اور مال حاصل اور موجود ہوگا یا اس کا حصول متوقع ہوگا اور غیر مال فعل ہوگا جو اعانت ہے یا ترکِ فعل ہوگا جو امساک ہے،، جمہور علماء کہتے ہیں مال میں زکوٰۃ کے سوا کوئی حق نہیں ہاں استحباباً یا مکارمِ اخلاق کی وجہ سے خرچ کر دیا جائے،،

قولہ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ،، یعنی ہر مسلمان پر صدقہ ہے وہ صدقہ واجبہ ہو یا مستحبہ ہو حدیث میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان میں تین سو ساٹھ جوڑ بنائے ہیں اور ہر جوڑ پہ ہر روز صدقہ ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر شفقت ہر طریقہ سے کرنی ضروری امر ہے ان پہ مال خرچ کرے وہ نہ ہو تو مزدوری کر کے مال حاصل کرے اور صدقہ کرے یہ نہ ہو سکے تو محتاج کی مدد کرے یہ بھی نہ ہو سکے تو نیک کام کرے اور کسی کو ہاتھ اور زبان سے اذیت نہ پہنچائے،، مذکورہ امور میں جب نیت اچھی ہو تو یہ بھی صدقہ کے قائم مقام ہیں،،

باب ــــ زکوٰۃ اور صدقہ میں سے کتنا مال دیا جائے اور جس نے بکری صدقہ دی۔،،

ترجمہ : ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے کہا نُسَیْبَہ انصاریہ کو ایک بکری صدقہ بھیجی گئی تو اُس نے اس میں سے کچھ گوشت ام المؤمنین عائشہ

marfat.com

بَابُ زَكٰوةِ الْوَرِقِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ ۱۳۶۴
عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ مِنَ الْاِبِلِ
وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ ۱۳۶۵
حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو سَمِعَ اَبَاهُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا

رضی اللہ عنہا کو بھیجا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہارے پاس (کھانے کی) کوئی شئی ہے میں نے کہا کچھ نہیں مگر وہ جو نسیبہ نے اس بکری میں سے کچھ گوشت بھیجا ہے،، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہی لاؤ صدقہ اپنی جگہ پہنچ چکا ہے،،

شرح : نُسَیبہ انصاریہ ہی ام عطیہ ہے۔ بخاری نے اس کی صراحت کی ہے اور مسلم نے ام عطیہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے صدقہ کی بکری بھیجی ہے اس میں سے کچھ گوشت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو بھیجا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو فرمایا کیا تمہارے پاس کھانے کو کچھ ہے تو انھوں نے کہا کچھ نہیں مگر وہ جو نسیبہ نے ہمارے پاس صدقہ کی بکری کا گوشت بھیجا ہے آپ نے فرمایا صدقہ اپنی جگہ پہنچ گیا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب متصدق علیہ کے پاس صدقہ پہنچ جائے تو وہ اس کا مالک ہو جاتا ہے اور صدقہ کا مقصد پورا ہو جاتا ہے پھر وہ اگر کسی اور کو دے تو ہدیہ ہوگا صدقہ نہ ہوگا چنانچہ بریرۃ کی حدیث میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" هو عليها صدقة و هو لنا هدية "، یعنی وہ اس پر صدقہ تھا اور ہمارے لئے وہ ہدیہ ہے،، معلوم ہوا کہ آپ پر صدقہ حرام ہے اور ہدیہ اور نذرانہ آپ کے لئے جائز ہے۔ بنو ہاشم علی، جعفر، عقیل، عباس، حارث بن عبدالمطلب کی اولاد کا بھی یہی حکم ہے،،

باب ــــ چاندی کی زکوٰۃ

ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۳۶۴ ــــ فرمایا کہ پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور پانچ اوقیہ چاندی سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور پانچ وسق غلہ سے کم میں زکوٰۃ نہیں،،

ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا میں ۱۳۶۵ ــــ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث سنی،،

شرح : قولہ" ذَوْد " تین سے دس تک ذود کا اطلاق ہوتا ہے ۱۳۶۴ ــــ اور" مِنَ الْاِبِلِ" ذود کا بیان ہے" اواقی" اوقیہ کی جمع ہے یہ چالیس درہم،، اَوْسُق،، وسق کی جمع ہے یہ ساٹھ صاع ہیں۔ حدیث ۱۳۲۵ اور اس کے باب کی تقسیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے،،

marfat.com

بَابُ الْعَرْضِ

فِي الزَّكٰوةِ وَقَالَ طَاؤُسٌ قَالَ مُعَاذٌ لِاَهْلِ الْيَمَنِ اِئْتُونِي بِعَرْضٍ ثِيَابٍ خَمِيصٍ اَوْ لَبِيسٍ فِي الصَّدَقَةِ مَكَانَ الشَّعِيرِ وَالذُّرَةِ اَهْوَنُ عَلَيْكُمْ وَخَيْرٌ لِاَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَّا خَالِدٌ فَقَدْ اِحْتَبَسَ اَدْرَعَهُ وَاَعْتُدَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ فَلَمْ يَسْتَثْنِ صَدَقَةَ الْعَرْضِ مِنْ غَيْرِهَا فَجَعَلَتِ الْمَرْاَةُ تُلْقِي خُرْصَهَا وَسِخَابَهَا وَلَمْ يَخُصَّ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ مِنَ الْعَرْضِ

باب — زکوٰۃ میں مال اسباب لینا

طاؤس نے کہا کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اہلِ یمن سے کہا کہ میرے پاس زکوٰۃ جَو اور جوار کے عوض سامان لاؤ جو چادر یا لباس ہے۔ یہ تمہارے لئے آسان ہوگا اور مدینہ منورہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے لئے بھی بہتر ہوگا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خالد بن ولید نے تو اپنی زرہیں اور ہتھیار اللہ کی راہ میں روک رکھے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتو! صدقہ دو اگرچہ اپنے زیورات ہی سہی اور آپ نے سامان کا صدقہ مستثنیٰ نہ فرمایا؛ چنانچہ عورتیں اپنی اپنی بالیاں اور ہار پھینکتی تھیں اور آپ نے سامان میں سے سونے اور چاندی کی تخصیص نہیں کی "قولہ یثاب" یہ "عرض" کا بیان ہے اسی طرح خمیص ثیاب کا بیان ہے "خمیص کالی مربع چادر ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں سامان لینا جائز ہے۔ احناف کا یہی مذہب ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس میں احناف کی موافقت کی ہے۔ حدیث کا معنی یہ ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اہلِ یمن سے کہا تھا کہ وہ غلہ کی بجائے زکوٰۃ میں کپڑے دے دیں کیونکہ اصحابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت غلہ سے زیادہ کپڑوں کی ضرورت تھی۔ معلوم ہوا کہ زکوٰۃ میں دوسری شئی کا تبادلہ جائز ہے اور ایک علاقہ کی زکوٰۃ دوسرے علاقہ کے مستحقین کی طرف نقل کرنا جائز ہے" صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ دینے کا حکم فرمایا تو آپ سے یہ شکایت کی گئی کہ ابن جمیل، خالد بن ولید اور عباس بن مطلب رضی اللہ عنہم زکوٰۃ دینے سے انکار کرتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن جمیل اس لئے انکار کرتا ہے کہ وہ فقیر تھا اور اس کو اللہ اور اس کے رسول نے غنی کر دیا ہے۔ خالد پر تو تم زیادتی کرتے ہو اُس نے اپنا سارا سامان اللہ کی راہ میں وقف کر دیا ہے اور عباس بن عبد المطلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں ان کا صدقہ میرے ذمہ ہے اور اتنا ہی اس کے ساتھ اور میرے ذمہ ہے" اگر حضرت خالد بن ولید اپنا سامان وقف نہ کرتے تو اسے زکوٰۃ میں دیتے۔ اس طرح یہ اثر عنوان کے مطابق ہے" سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو صدقہ دینے کا حکم فرمایا اور سامان وغیرہ میں سے سونے اور چاندی کی تخصیص نہیں کی اور عورتوں نے بالیاں اور ہار وغیرہ کا صدقہ کیا جسے آپ نے مسترد نہ فرمایا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ زکوٰۃ میں سونے چاندی کے علاوہ دیگر اجناس کا دینا درست ہے اور آپ کا عورتوں کو ارشاد فرمانا کہ صدقہ کرو سب کو شامل ہے۔ لہٰذا اگر زکوٰۃ میں دراہم کے عوض سامان دے دیا تو جائز ہے واللہ اعلم

marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنِیْ ثُمَامَةُ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهٗ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ رَسُوْلَهٗ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَةُ بِنْتِ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ ۱۳۶۶
عِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ عَلٰى وَجْهِهَا وَعِنْدَهٗ ابْنُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهٗ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهٗ شَیْءٌ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ حَدَّثَنَا ۱۳۶۷
اِسْمٰعِيْلُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَشْهَدُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَصَلّٰى قَبْلَ الْخُطْبَةِ فَرَاٰى اَنَّهٗ لَمْ يُسْمِعِ النِّسَآءَ فَاَتَاهُنَّ وَمَعَهٗ بِلَالٌ نَاشِرٌ ثَوْبَهٗ فَوَعَظَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ اَنْ يَتَصَدَّقْنَ فَجَعَلَتِ الْمَرْاَةُ تُلْقِیْ وَاَشَارَ اَيُّوْبُ اِلٰى اُذُنِهٖ وَاِلٰى حَلْقِهٖ

ترجمہ : ثمامہ نے بیان کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ان کو خبر دی کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو لکھ بھیجا جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے کہ جس پر زکوٰۃ بنت مخاض واجب ہو اور اس کے پاس وہ نہ ہو اور اس کے بنتِ لبون ہو تو اس سے وہی قبول کر لی جائے اور زکوٰۃ وصول کرنے والا اس کو بیس درہم یا دو بکریاں واپس کرے اور اگر اسی صورت مذکورہ میں اس کے پاس بنت مخاض نہ ہو بلکہ اس کے پاس ابن لبون ہو تو اس سے وہی قبول کر لیا جائے اور اس کے ساتھ کوئی شئی واپس نہ کرے ،،

۱۳۶۶ ——

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے یقیناً خطبہ سے پہلے عید کی نماز پڑھی اور آپ نے خیال فرمایا کہ آپ عورتوں کو خطبہ نہیں سنا سکے تو آپ ان کے پاس تشریف لے گئے جبکہ بلال رضی اللہ عنہ آپ کے ہمراہ اپنا کپڑا پھیلائے ہوئے تھے آپ نے ان کو وعظ فرمایا اور صدقہ کرنے کا حکم دیا تو عورتوں نے پھینکنا شروع کیا۔ ایوب نے اپنے کان اور حلق کی طرف اشارہ کیا (کانوں کی بالیاں اور گلوں کے ہار اُتار کر بلال کے کپڑے میں پھینکنے شروع کئے)

۱۳۶۶ ——

شرح : بنتِ مخاض کا یہ نام اس لئے ہے کہ اس کی ماں کو مخاض (ولادت کی تکلیف) پہنچی ہوتی ہے ،، یہ پورے سال کی ہوتی ہے اور بنتِ لبون کا یہ نام اس لئے ہے کہ اس کی ماں نے دوسرے بچہ کو جنم دیا ہے اور وہ دودھ والی ہو چکی ہے۔ یہ پورے دو سال کی ہوتی ہے ،، زکوٰۃ وصول کرنے والے کو ،، مصدّق ،، کہتے ہیں اس حدیث میں ایک جانور کی بدل دوسرے جانور کا زکوٰۃ میں دینا ثابت ہوتا ہے اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں جانور کا بدل درہم بھی دیئے جا سکتے ہیں لہٰذا جب واجب کا بدل بکری لینا جائز ہے تو اس کے بدل میں سامان لینا بھی جائز ہے یہی باب کا عنوان ہے ،،

۱۳۶۷ ——

شرح : قولہ اَشْهَدُ الخ لَصَلّٰی میں لام جوابِ قسم میں واقع ہے اور لفظ ،، اَشْهَدُ ،، قسم کو متضمن ہے کیونکہ

marfat.com

بَابُ لَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ وَيُذْكَرُ عَنْ

۱۳۶۸ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِيْ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ

یہ لفظ عبارت قسم کے معنی میں استعمال ہوتا رہتا ہے لہٰذا اس کا معنیٰ یہ ہے۔ میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عید کی نماز خطبہ سے پہلے پڑھی یعنی عورتیں کانوں کی بالیاں اور سینوں کے ہار اُتار کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی جھولی میں پھینک رہی تھیں،، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو زکوٰۃ دینے کا حکم فرمایا تو اُنھوں نے زیورات زکوٰۃ میں دیئے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں سامان لینا جائز ہے۔ یاد رہے کہ احناف کے نزدیک زکوٰۃ میں قیمت دینا جائز ہے۔ اسی طرح کفارہ، صدقۃ الفطر، عشر و خراج اور نذر وغیرہ میں قیمت ادا کرنا جائز ہے اور مذکور حدیث مذہب احناف کی تائید کرتی ہے اور بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ بھی اسی کو پسند کرتے ہیں کہ زکوٰۃ میں قیمت ادا کرنا جائز ہے،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ متفرق مال کو ایک جگہ نہ کیا جائے اور نہ ہی یک جا مال کو علیحدہ علیحدہ کیا جائے

اسی طرح سالم، عبداللہ بن عمر کے ذریعہ نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وبارک وسلم سے ذکر کیا جاتا ہے،،

۱۳۶۸ ـــــ ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ثمامہ سے بیان کیا کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو وہ فریضہ لکھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کیا ہے کہ زکوٰۃ کے ڈر سے متفرق مال کو ایک جگہ نہ کیا جائے اور نہ ہی یکجا کو متفرق کیا جائے،،

۱۳۶۸ ـــــ شرح: جمع کی صورت یہ ہے کہ دو شخصوں کے پاس چالیس بکریاں ہیں۔ جب وہ ان کو جمع کر لیں تو ان میں ایک بکری زکوٰۃ واجب ہوتی ہے اگر وہ علیحدہ علیحدہ کر لیں تو کسی پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی اور تفریق کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص کی ایک سو بیس بکریاں ہیں جب زکوٰۃ لینے والا ان کو علیحدہ علیحدہ کر دے تو اس پر تین بکریاں واجب ہوتی ہیں کیونکہ ہر چالیس بکریوں میں ایک بکری زکوٰۃ واجب ہوتی ہے اس کی صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ایک شخص کی اسی بکریاں ہیں جب زکوٰۃ

marfat.com

بَابُ مَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ وَقَالَ طَاوُسٌ وَعَطَاءٌ إِذَا صَمَّ خَلِيطًا أَمْوَالَهُمَا فَلَا يَجْمَعُ مَالَهُمَا وَقَالَ سُفْيَانُ لَا تَجِبُ حَتَّى يَتِمَّ لِهَذَا أَرْبَعُونَ شَاةً وَلِهَذَا أَرْبَعُونَ شَاةً حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ۱۳۶۹ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِي فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ **بَابُ** زَكَوٰةِ الْإِبِلِ ذَكَرَهُ أَبُو بَكْرٍ وَأَبُو ذَرٍّ وَأَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

لینے والا آئے تو وہ کہتا ہے کہ ہم چار بھائی ان میں شریک ہیں اور ہر ایک کی بیس بیس بکریاں ہیں تو کسی پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی کیونکہ زکوٰۃ کا نصاب چالیس بکریاں ہیں،، یا اس کی چالیس بکریاں ہیں اور اس کے بھائی کی بھی چالیس بکریاں ہیں اور وہ زکوٰۃ لینے والے سے کہے یہ ساری بکریاں میری ہیں تو ان میں صرف ایک بکری زکوٰۃ واجب ہوتی ہے،، الحاصل زکوٰۃ کے خوف سے بکریوں میں جمع اور تفریق نہ کی جائے۔ بکریوں کا مالک زکوٰۃ کے ڈر سے ایسا نہ کرے اور نہ ہی صدقہ لینے والا زیادہ رقم بنانے کے لئے اس طرح کرے۔

اس حدیث کی تقریر یہ ہے کہ زکوٰۃ لینے والا دو شریکوں سے زکوٰۃ واجبہ لے یا ایک کے مال سے کچھ زکوٰۃ لے تو جس سے زکوٰۃ یا اس کا کچھ حصہ لیا ہے وہ اپنے ساتھی سے اس کے حصہ کے مطابق رقم وصول کرے مثلاً اگر ہر ایک کی بیس بیس بکریاں ہوں اور ایک شخص چالیس بکریوں کی زکوٰۃ ایک بکری ادا کر دے تو اپنے ساتھی سے بکری کی قیمت کا نصف وصول کرے اگر ایک کی ایک سو بکریاں ہوں اور دوسرے کی پچاس بکریاں ہوں اور زکوٰۃ لینے والا ایک سو بکریاں والے سے دو بکریاں زکوٰۃ واجبہ لے جائے تو وہ پچاس بکریاں والے سے دو بکریوں کی قیمت کی تہائی وصول کرے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ دو شخص شریک ہوں تو وہ زکوٰۃ دے کر آپس میں برابری کر لیں،،

طاؤس اور عطاء نے کہا جب دو شخص شریک اپنے اپنے اموال جانتے ہوں تو ان کا مال جمع نہ کیا جائے سفیان ثوری نے کہا زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی حتیٰ کہ اس شریک کی چالیس بکریاں ہوں اور اس شریک کی بھی چالیس بکریاں ہوں (اس کے بغیر شرکت ثابت نہیں)

۱۳۶۹ ـــــ ترجمہ: ثمامہ نے بیان کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ان کو خبر دی کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو وہ فریضہ لکھا جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمایا تھا اور وہ یہ کہ دونوں شریک ایک دوسرے سے برابر برابر کرا لیں۔

باب ـــــ اونٹوں کی زکوٰۃ

marfat.com

۱۳۷۰ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنِی الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ قَالَ حَدَّثَنِی ابْنُ شِہَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ اَعْرَابِیًّا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْہِجْرَۃِ فَقَالَ وَیْحَکَ اِنَّ شَاْنَہَا شَدِیْدٌ فَہَلْ لَکَ مِنْ اِبِلٍ تُؤَدِّیْ صَدَقَتَہَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ فَاِنَّ اللّٰہَ لَنْ یَتْرَکَ مِنْ عَمَلِکَ شَیْئًا

ترجمہ : حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ ایک اعرابی نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرت کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا تیرا بُرا ہو (لطور شفقت) ہجرت کا معاملہ بہت مشکل ہے کیا تیرے پاس اونٹ ہیں جن کی تو زکوٰۃ ادا کرتا ہو اُس نے کہا جی ہاں! آپ نے فرمایا سمندروں کے اس پار عمل کر اللہ تعالیٰ تیرے عمل سے کچھ کم نہ کرے گا۔

۱۳۷۰ —— شرح : یعنی جب تو اپنے مال سے فریضہ ادا کرتا رہے اور عبادت کرتا رہے تو اس کی پرواہ نہیں کہ تو اپنے گھر میں رہے۔ اگرچہ تیرا گھر سمندروں سے پار ہو اور ہجرت نہ کر کیونکہ اس میں بڑی مشکلات ہوتی ہیں۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد شریف یہ ہے کہ تو عمل اگرچہ مدینہ منورہ سے کتنا دُور ہو سمندروں سے پار کا حقیقی معنیٰ مراد نہیں،، چونکہ سائل اونٹوں والا تھا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹوں کی زکوٰۃ کی تخصیص فرمائی۔ حالانکہ اس پر اور حقوق بھی واجب ہیں مگر ان کا زکوٰۃ پر قیاس کرتے ہُوئے ذکر نہیں کیا،، اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ جو کوئی ایسی جگہ رہتا ہو جہاں وہ اللہ تعالیٰ کے احکام ادا کرنے پر قادر نہ ہو اگر وہ اس جگہ سے ہجرت کا ارادہ کرے تو اسے ہجرت کا ثواب ملے گا یہی حال ہر طاعت کا ہے مثلاً کوئی بیمار ہو اور وہ کھڑے ہو کر نماز نہ پڑھ سکے تو وہ بیٹھ کر نماز پڑھ لے اس کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا ثواب ملے گا،،

سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے حالات سے آشنا تھے اسی لئے اس شخص کو ہجرت کرنے سے روک دیا کیونکہ اس پر ہجرت واجب کرنے میں حرج اور ضرر تھی جس کا وہ شخص متحمل نہیں ہو سکتا تھا،، اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ اس وقت ہجرت منسوخ ہو چکی تھی جبکہ فتح مکہ کے بعد ہجرت کا وجوب نہ رہا تھا،، کیونکہ صرف مکہ مکرمہ سے ہجرت منسوخ ہُوئی ہے اور دُوسرے مقامات جہاں کوئی مسلمان اللہ تعالیٰ کی حدود کی اقامت پر قدرت نہ رکھے تو اس پر بھی ہجرت واجب ہے،،

الحاصل ہجرت کا معاملہ بڑا مشکل ہے ہر ایک اس پر قائم نہیں رہ سکتا تم جہاں بھی ہو نیک عمل کرو اگرچہ دُور دراز مکان میں ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نیت پر جزاء دیتا ہے جب تو اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرتا رہے گا جو تجھ پر واجب ہے تو اللہ تعالیٰ تیرا عمل ضائع نہیں کرے گا۔ واللہ اعلم!

marfat.com

بَابُ مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ صَدَقَةُ بِنْتِ مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ ۱۳۷۱
حَدَّثَنِيْ ثُمَامَةُ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهٗ فَرِيْضَةَ الصَّدَقَةِ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهٗ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اِنِ اسْتَيْسَرَتَا لَهٗ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ الْحِقَّةُ وَعِنْدَهُ الْجَذَعَةُ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهٗ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ اِلَّا بِنْتُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ لَبُوْنٍ وَيُعْطِي شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَعِنْدَهٗ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ مَخَاضٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ بِنْتُ مَخَاضٍ وَيُعْطِي مَعَهَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ

باب ــــ جس پر زکوٰۃ بنت مخاض واجب ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو۔"

ترجمہ : ثمامہ نے بیان کیا کہ ان کو انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو ۱۳۷۱ ــــ
فریضۂ زکوٰۃ لکھ بھیجا جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا ہے کہ جس شخص پر زکوٰۃ میں جذعہ واجب ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو اس کے پاس حِقّہ ہو تو اس سے حِقّہ ہی قبول کر لیا جائے اور وہ اس کے ساتھ دو بکریاں کر دے اگر موجود ہوں یا بیس درہم دے اور جس پر زکوٰۃ میں حِقّہ واجب ہو اور اس کے پاس حِقّہ نہ ہو اس کے پاس جِذعہ ہو تو اس سے جِذعہ ہی قبول کر لیا جائے اور مُصدِّق اِس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے اور جس پر زکوٰۃ جذعہ واجب ہو اور اس کے پاس جذعہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت لبون ہو تو اس سے بنت لبون ہی قبول کر لی جائے اور وہ اس کے ساتھ دو بکریاں یا بیس درہم دے اور جس پر زکوٰۃ بنت لبون واجب ہو اور اس کے پاس حِقّہ ہو تو اس سے حِقّہ ہی قبول کر لیا جائے اور زکوٰۃ لینے والا اس کو بیس درہم یا دو بکریاں دے اور جس پر زکوٰۃ بنت لبون واجب ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو اس کے پاس بنت مخاض ہو تو اس سے بنتِ مخاض ہی قبول کر لی جائے اور وہ اس کے ساتھ بیس درہم یا دو بکریاں دے،،

شرح : جذعہ چار سال کی اونٹنی کو کہا جاتا ہے جو پانچویں سال میں ۱۳۷۱ ــــ
داخل ہو اس کا یہ نام اس لئے رکھا گیا ہے کہ اس کے اگلے دانت گر جاتے ہیں کیونکہ جِذعہ کا معنی گرنا ہے۔ حِقّہ تین سال کی اونٹنی ہے جو چوتھے سال میں داخل ہو اس کا یہ

marfat.com

باب زکوٰۃ الغنم

١٣٧٢ حدثنا محمد بن عبد الله بن المثنى الانصاري قال حدثني ابي قال حدثني ثمامة بن عبد الله بن انس ان انسا حدثه ان ابا بكر كتب له هذا الكتاب لما وجهه الى البحرين

بسم الله الرحمن الرحيم

هذه فريضة الصدقة التي فرض رسول الله صلى الله عليه وسلم على المسلمين والتي امر الله به رسوله فمن سئلها من المسلمين على وجهها فليعطها ومن سئل فوقها فلا يعط في اربع وعشرين من الابل فما دونها من الغنم من كل خمس شاة فاذا بلغت خمسا وعشرين الى خمس وثلاثين ففيها بنت مخاض انثى فاذا بلغت ستة وثلثين الى خمس واربعين ففيها بنت لبون انثى فاذا بلغت ستا واربعين الى ستين ففيها حقة طروقة الجمل فاذا بلغت واحدة وستين الى خمس وسبعين ففيها جذعة فاذا بلغت يعني ستة وسبعين الى تسعين ففيها بنتا لبون فاذا بلغت احدى وتسعين الى عشرين ومائة ففيها حقتان طروقتا الجمل فاذا زادت على عشرين ومائة ففي كل اربعين بنت لبون وفي كل خمسين حقة ومن لم يكن معه الا اربع من الابل

نام اس لئے ہے کہ وہ حمل کی مستحق ہوجاتی ہے۔ بنت مخاض اور بنت لبون کی تفسیر حدیث ١٣٦٦ کے تحت دیکھیں" جب فریضہ واجب ہو اور وہ پایا جائے تو وہی متعین ہے اور اگر وہ نہ پایا جائے تو اس کی قیمت وصول کرے اور اگر چاہے تو اس سے اچھا لے لے اور اس پر زائد قیمت واپس کر دے اور اگر چاہے تو اس سے کم درجہ کا لے لے اور اس کے ساتھ بقایا قیمت وصول کرے اور بیس درہم متعین نہیں اور نہ ہی کوئی دوسری شئی متعین ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا یہی مسلک ہے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا صاحب مال پر جو فریضہ واجب ہو وہ خرید کر مصدق کو دے اور وہ بنت لبون کی جگہ بنت مخاض لے کر زائد قیمت وصول نہ کرے یا بنت مخاض کی جگہ بنت لبون لے کر زائد قیمت واپس نہ کرے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں فریضہ واجبہ کی قیمت ادا کرنا جائز ہے نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً " اس آئت کریمہ سے واضح ہوتا ہے کہ زکوٰۃ لینے کا محل وہ ہے جسے مال کہا جائے وہ جو بھی ہو زکوٰۃ میں لیا جائے گا اور وہ بکری وغیرہ کا معین کرنا کتاب اللہ پر زیادتی ہے اور یہ جائز نہیں کیونکہ خبر واحد سے کتاب اللہ پر زیادتی کرنا صحیح نہیں ،، اور شاۃ او عشرین ،، میں لفظ اَوْ سے ظاہر ہوتا ہے کہ زکوٰۃ میں اصل شئی مال ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — بکریوں کی زکوٰۃ

١٣٧٢ — ترجمہ :

ثمامہ بن عبداللہ بن انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو یہ خط لکھا جبکہ ان کو بحرین کا حاکم مقرر کیا ،،

marfat.com

فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا مِنَ الْاِبِلِ فَفِيهَا شَاةٌ وَفِي صَدَقَةِ الْغَنَمِ فِي سَائِمَتِهَا اِذَا كَانَتْ اَرْبَعِينَ اِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ شَاةٌ فَاِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ اِلَى مِائَتَيْنِ شَاتَانِ فَاِذَا زَادَتْ عَلَى مِائَتَيْنِ اِلَى ثَلٰثِمِائَةٍ فَفِيهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ فَاِذَا زَادَتْ عَلَى ثَلٰثِمِائَةٍ فَفِي كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ فَاِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ اَرْبَعِينَ شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ فِيهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا وَفِي الرِّقَةِ رُبُعُ الْعُشْرِ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ اِلَّا تِسْعِينَ وَمِائَةً فَلَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ اِلَّا اَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

یہ فرض صدقہ ہے جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر فرض کیا اور جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم فرمایا ہے۔ پس جس مسلمان سے اس کے مطابق طلب کیا جائے وہ اسے ادا کرے اور جس سے اس سے زیادہ طلب کیا جائے وہ نہ دے،،

چوبیس اونٹوں یا اس سے کم اونٹوں میں ہر پانچ اونٹوں پر ایک بکری دے جب پچیس ہو جائیں تو پینتیس تک ایک بنت مخاض مادہ دے اور جب چھتیس سے پینتالیس تک پہنچ جائیں تو ان میں بنت لبون مادہ دے اور جب چھیالیس سے ساٹھ تک پہنچیں تو ان میں حِقہ دے جو حفتی کے قابل ہو اور جب اکسٹھ سے پچھتر تک پہنچیں تو ان میں جذعہ دے اور جب چھہتر سے نوے ہو جائیں تو ان میں دو بنت لبون دے اور جب اکیانوے سے ایک سو بیس ہو جائیں تو ان میں دو حِقے دے جو حفتی کے قابل ہوں اور جب ایک سو بیس سے زیادہ ہو جائیں تو ہر چالیس اونٹوں میں بنت لبون اور ہر پچاس میں حقہ ہے اور جس کسی کے پاس صرف چار اونٹ ہوں ان میں زکوٰۃ نہیں مگر ان کا مالک جو چاہے دے اور جب پانچ اونٹ ہوں تو ان میں ایک بکری دے اور جنگل میں چرنے والی بکریاں جب چالیس ہو جائیں تو ایک سو بیس تک ایک بکری زکوٰۃ دے اور جب ایک سو بیس سے زیادہ ہو جائیں تو دو سو تک دو بکریاں زکوٰۃ دے اور جب دو سو سے زیادہ ہو جائیں تو تین سو تک تین بکریاں زکوٰۃ ہے جب تین سو سے زیادہ ہو جائیں تو ہر سو پر ایک بکری زکوٰۃ ہے جب کسی کے پاس چرنے والی چالیس بکریوں سے ایک کم ہو تو ان میں زکوٰۃ نہیں مگر یہ کہ ان کا مالک جو چاہے دیدے اور چاندی میں چالیسواں حصہ زکوٰۃ فرض ہے اور اگر صرف ایک سو نوے درہم ہوں تو ان میں زکوٰۃ واجب نہیں مگر یہ ان کا مالک خوشی سے جو چاہے دیدے!

شرح : اس حدیث میں اونٹوں، بکریوں اور چاندی کی زکوٰۃ کا ذکر ہے

۱۳۷۲ ——— قولہٗ مِنَ الْغَنَمِ ،، یہ مبتداء محذوف کی خبر سے متعلق ہے اور مبتداء محذوف زکاتہا ،، ہے قولہٗ مِنْ كُلِّ خَمْسٍ ،، یہ خبر مقدم ہے اور "شاۃ" مبتداء مؤخر ہے" بعض نسخوں میں "مِنَ الْغَنَمِ" پر لفظ مِنْ ،، نہیں مگر معنی دونوں طرح صحیح ہے اگر لفظ "من" ہو تو معنی یہ ہوگا۔ زکاتہا مِنَ الْغَنَمِ ،، اور من بیانیہ ہے اور اگر لفظ "مِنْ" کو ساقط کر دیں تو معنی یہ ہوگا ،، الغنم فی اربع

وَعِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فَمَا دُوْنَهَا ،، یعنی غنم ،، مبتداء مؤخر اور فی اربع وعشرین خبر مقدم ہے اور اس عبارت میں اجمال و تفسیر ہے تفسیر تو یہ ہے کہ چوبیس اونٹوں میں صرف بکریاں ہیں اور اجمال یہ ہے کہ ان میں واجب کی تعیین نہیں پھر " فِیْ کُلِّ خَمْسٍ شَاۃٌ " سے اجمال کی تفسیر کر دی گویا کہ یہ ابتداء نصاب کا بیان ہے یعنی اونٹوں میں نصاب کی ابتداء پانچ اونٹوں سے ہوتی ہے اور چوبیس اونٹوں تک ہر پانچ میں ایک بکری زکوٰۃ واجب ہے ،، اونٹوں کے نصاب کا ضبط مشکل تھا اور عربوں کا مال عموماً اونٹ تھے ۔ اس لئے ان کا پہلے ذکر کیا ہے ،، بنت مخاض بنت لبون ، حِقہ اور جذعہ کی تفسیر حدیث ۱۳۶۶ اور حدیث ۱۳۷۱ کی تفہیم میں مذکور ہے ،، قولہٗ اُنْثٰی ،، اس لفظ کا فائدہ تاکید ہے جیسے کہا جاتا ہے رَیْتُ بِعَیْنِیْ ۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا حالانکہ لفظ رَیْتُ سے یہ مفہوم واضح ہو جاتا ہے ۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ اس لفظ سے "خُنْثٰی" کو نکالا ہے کہ وہ زکوٰۃ میں جائز نہیں اگر یہ کہا جائے کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ لینے والا اگر مالک پر ظلم کرنے کا ارادہ کرے اور زکوٰۃ زیادہ طلب کرے تو وہ انکار کر دے حالانکہ حضرت جریر کی حدیث میں ہے کہ زکوٰۃ لینے والے کو راضی کرو اگرچہ وہ ظلم کرے اس کا جواب یہ ہے کہ زکوٰۃ لینے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے اور وہ ظالم نہ تھے اور اور ان کی طرف ظلم کی نسبت زکوٰۃ دینے والے کے گمان کے اعتبار سے کی گئی ہے یعنی اگرچہ تم یہ گمان کرو کہ ہم پر ظلم کرتے ہیں اور یہ عام ہے لہٰذا ان دونوں حدیثوں میں منافات نہیں ،، قولہٗ اِذَا زَادَتْ عَلٰی ثَلَاثِمِائَۃٍ الخ یعنی جب تین سو بکریوں پر ایک سو زیادہ ہو جائے اور چار سو بکریاں ہو جائیں اور اسی طرح بڑھتی جائیں تو ہر سو کے بعد ایک ایک بکری زکوٰۃ دی جائے گی ——— اس کا یہ معنیٰ نہیں کہ اگر تین سو بکریوں پر ایک بکری بھی زیادہ ہو جائے تو اس کی زکوٰۃ چار بکریاں ہیں ۔ امام ابوحنیفہ ، مالک ، شافعی اور ایک روایت میں امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہے ۔ الحاصل اونٹوں کا نصابِ زکوٰۃ پانچ اونٹ اور بکریوں کا چالیس بکریاں اور چاندی کا نصاب دو سو درہم ہے اگر چاندی اس سے کم ہو مثلاً ایک سو نوّے درہم ہو تو اس میں زکوٰۃ نہیں ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک اگر دو سو درہم پر کچھ درہم زیادہ ہو جائیں تو ان میں زکوٰۃ نہیں حتیٰ کہ چالیس درہم زیادہ ہو جائیں تو ان میں زکوٰۃ چھ درہم ہو گی جیسے چالیس بکریوں پر زیادہ ہو جائیں تو زیادہ میں زکوٰۃ نہیں حتیٰ کہ ایک سو بیس بکریاں ہو جائیں ۔ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک دو سو دراہم پر جس قدر دراہم زیادہ ہوں ان کے حساب سے چالیسواں حصہ زکوٰۃ واجب ہے ،، گائے اور بھینس کا نصابِ زکوٰۃ تیس گائے ، بھینیں ہیں ،، وہ علیحدہ علیحدہ تیس ہوں یا دونوں مل کر تیس ہوں ،، اسی طرح بھیڑ بکری اور دنبہ سب کا ایک ہی حکم ہے ۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ اعلم !

marfat.com

بَابٌ لَا يُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ

وَلَا تَيْسٍ إِلَّا مَا شَاءَ الْمُصَدِّقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ أَنَّ أَنَسًا ۱۳۷۳
حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَتَبَ لَهُ الَّتِي أَمَرَ اللّٰهُ رَسُولَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يُخْرَجُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ
عَوَارٍ وَلَا تَيْسٌ إِلَّا مَا شَاءَ الْمُصَدِّقُ بَابُ أَخْذِ الْعَنَاقِ فِي الصَّدَقَةِ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا ۱۳۷۴
شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
ابْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ فَمَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ أَنَّ اللّٰهَ شَرَحَ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ بِالْقِتَالِ فَعَرَفْتُ
أَنَّهُ الْحَقُّ

باب ـــــ زکوٰۃ میں بوڑھی یا عیب دار بکری، نر جانور نہ لیا جائے مگر جو زکوٰۃ لینے والا چاہے"

۱۳۷۳ ـــــ ترجمہ : حضرت ثمامہ نے بیان کیا کہ انس رضی اللہ عنہ نے ان کو خبر دی کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کو وہ احکام لکھے جن کا اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا تھا (ان میں یہ بھی تھا) زکوٰۃ میں بوڑھا، عیب دار اور نر جانور نہ دیا جائے مگر جو زکوٰۃ وصول کرنے والا لینا چاہے۔

باب ـــ زکوٰۃ میں بکری کا بچہ لینا"

۱۳۷۴ ـــــ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم اگر وہ لوگ مجھ سے بکری کا بچہ روکیں گے جو وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیتے تھے تو اس کے روکنے پر میں ان سے جنگ کروں گا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا بات صرف یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے جنگ کے لئے ابوبکر رضی اللہ عنہ کا سینہ کھول دیا تھا اور میں نے اس کو حق جانا۔"

۱۳۷۳، ۱۳۷۴ ـــــ شرح : هَرِمَةٌ بڑی عمر والا جانور جس کے دانت گر گئے ہوں، ذَاتُ عَوَارٍ"، عیب دار جانور عوار کا معنیٰ عیب ہے، "تَيْسٌ" بکرا، یعنی جب تمام یا بعض بکریاں ہوں تو ان میں زکوٰۃ بکری لی جائے نر نہ لیا جائے صرف دو جگہ نر لیا جاتا ہے جن کا حدیث میں ذکر ہے ایک یہ کہ تیس گائے سے بچھڑا دوسرا پچیس ۲۵

marfat.com

بَابٌ لَا تُؤْخَذُ كَرَائِمُ أَمْوَالِ النَّاسِ فِي الصَّدَقَةِ حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ مُعَاذًا عَلَى الْيَمَنِ قَالَ إِنَّكَ تَقْدَمُ عَلَى قَوْمٍ أَهْلِ كِتَابٍ فَلْيَكُنْ أَوَّلَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ عِبَادَةُ اللّٰهِ فَإِذَا عَرَفُوا اللّٰهَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي يَوْمِهِمْ وَلَيْلَتِهِمْ فَإِذَا فَعَلُوا فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ زَكٰوةً تُؤْخَذُ مِنْ مُوَاهِلِهِمْ وَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ فَإِذَا أَطَاعُوا بِهَا فَخُذْ مِنْهُمْ وَتَوَقَّ كَرَائِمَ أَمْوَالِ النَّاسِ

اونٹوں سے ابن لبون لیا جائے جبکہ بنت مخاض نہ پایا جائے اور اگر وہ تمام بکرے ہوں تو ان میں سے زکوٰۃ بکرا لیا جائے اور تیس ،، مادہ کا نر ،، اس لئے نہیں لیا جاتا کہ اس کا گوشت خراب ہوتا ہے یا اس لئے کہ مالک اس کو بکریوں کے لئے رکھتا ہے اور اس کے نہ ہونے سے اس کا نقصان ہوتا ہے ،،

قولہٗ عناق ،، چار ماہ کا بکری کا بچہ دودھ نہ پیتا ہو اور چارہ کھاتا ہو اگر وہ مذکر ہو تو اسے "جدی" کہتے ہیں اگر مؤنث ہو تو اسے عناق کہا جاتا ہے جب وہ سال کا ہو جائے تو مذکر کو "ثنی" اور مؤنث کو "عنز" کہتے ہیں جب دوسرے سال میں داخل ہو جائے تو اسے جذع ،، کہتے ہیں ،، اور بھیڑ کے چھ ماہ کے بچے کو بھی جذع کہا جاتا ہے ،، اس حدیث کی مزید تفصیل حدیث ۱۳۲۱ کی تفہیم میں دیکھیں ،،

باب ـــــ زکوٰۃ میں لوگوں کے عمدہ اور نفیس اموال نہ لئے جائیں ،،

۱۳۷۵ ـــــ ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو فرمایا تم اہل کتاب کے پاس جا رہے ہو سب سے پہلے تمہارا ان کو جس طرف بلانا ہو وہ اللہ کی معرفت ہے جب وہ اللہ کو پہچان لیں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ایک دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں جب وہ یہ کریں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ان کے اموال کی زکوٰۃ فرض کی ہے اور وہ ان میں سے غریب لوگوں کو دی جائے جب وہ یہ تسلیم کر لیں تو ان سے زکوٰۃ لو اور ان کے عمدہ اموال لینے سے بچو ،،

۱۳۷۵ ـــــ شرح : حدیث شریف میں عبادت سے مراد اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے ۔ اسی لئے بعد میں " فَإِذَا عَرَفُوا اللّٰهَ ،، فرمایا ہے ایسے ہی " وَمَا خلقت الجن والانس الا ليعبدون ،، میں عبادت سے معرفت مراد ہے ،، اس سے معلوم ہوتا

marfat.com

بَابُ لَيْسَ فِيمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ ١٣٧٦ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ
ابْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ صَعْصَعَةَ الْمَازِنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ
رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ
مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ بَابُ زَكٰوةِ الْبَقَرِ وَقَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ سَمِعَ النَّبِيَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاُعْرِفَنَّ مَا جَاءَ اللّٰهَ رَجُلٌ بِبَقَرَةٍ لَهَا خُوَارٌ وَيُقَالُ جُؤَارٌ يَجْاَرُوْنَ يَرْفَعُوْنَ
اَصْوَاتَهُمْ كَمَا تَجْاَرُ الْبَقَرَةُ

ہے کہ اہل کتاب اگرچہ اللہ کی عبادت کرتے تھے مگر ان کو اللہ کی معرفت حاصل نہ تھی .. کیونکہ جو شخص اللہ کا جسم ثابت کرے اس کی طرف اولاد کی نسبت کرے یا اس کی بیوی اور بچے مانے یا اس کا شریک سمجھے یا اس کا حلول و انتقال تسلیم کرے اسے اللہ کی معرفت حاصل نہیں ہوتی اس کا معبود اس کا اپنا مزعوم ہے وہ اللہ نہیں اگرچہ وہ اسے اللہ سمجھتے ہوں کیونکہ اس کا مزعوم اللہ تعالیٰ کی صفاتِ واجبہ سے موصوف نہیں ہوسکتا .. قَوْلُهٗ تؤخذ الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کوئی زکوٰۃ ادا کرنے سے رکے اس سے جبراً زکوٰۃ لی جائے ،، قَوْلُهٗ تؤق الخ ان الفاظ میں حدیث کی باب سے مناسبت ہے .. اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ امامِ وقت کو چاہیئے کہ اپنے حکام کو شریعت مطہرہ کی پابندی کی تلقین کرے اور ان کو حکم دے کہ وہ اللہ سے ڈریں اور لوگوں پر ظلم نہ کریں ابن صلاح رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا۔ اس حدیث میں اسلام کے بعض دعائم ذکر نہیں کئے گئے۔ یہ راوی سے تقصیر ہوئی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ــــ پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں

ترجمہ ــــ ١٣٧٦ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھجور کے پانچ وسقوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور نہ ہی چاندی کے پانچ اوقیہ سے کم میں زکوٰۃ ہے اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے!

١٣٧٦ ــــ شرح : اس حدیث کی تفصیل حدیث ١٣٢٥ کی تفہیم میں دیکھیں!

باب ــــ گائے کی زکوٰۃ

ابوحمید نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس شخص کو جانتا ہوں جو اللہ کے پاس گائے لے کر آئے گا وہ آواز کر رہی ہوگی اور ،، جُؤَارٌ .. بھی روایت کیا گیا ہے اور يَجْأَرُوْنَ کا معنی ہے وہ اپنی آوازیں بلند کریں گے جس طرح گائے آواز بلند کرتی ہے ،،

marfat.com

١٣٧٧ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ انْتَهَيْتُ إِلَيْهِ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ أَوْ وَالَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ أَوْ كَمَا حَلَفَ مَا مِنْ رَجُلٍ تَكُونُ لَهُ إِبِلٌ أَوْ بَقَرٌ أَوْ غَنَمٌ لَا يُؤَدِّي حَقَّهَا إِلَّا أُتِيَ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَعْظَمَ مَا تَكُونُ وَأَسْمَنَهُ تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا وَتَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا كُلَّمَا جَازَتْ عَلَيْهِ أُخْرَاهَا رُدَّتْ عَلَيْهِ أُولَاهَا حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ رَوَاهُ بُكَيْرٌ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ : حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا۔ آپ نے فرمایا مجھے اس کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے یا اس کی قسم جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں یا اس جیسی کوئی قسم کھائی کہ نہیں ہے کوئی شخص جس کے پاس اونٹ یا گائے یا بکری ہو جس کا وہ حق ادا نہ کرے مگر یہ کہ قیامت کے دن ان کو زیادہ بڑا اور موٹا تازہ کرکے لایا جائے گا وہ اس کو پاؤں سے روندیں گے اور سینگوں سے ماریں گے جب ان میں سے آخری جانور گزر جائے گا تو پھر پہلا جانور اس پر لوٹایا جائے گا حتیٰ کہ لوگوں کا فیصلہ ہو اس کی بُکَیر نے ابوصالح سے انھوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے، انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی"

١٣٧٧ — شرح : قولہٗ خوار،، گائے کی آواز ہے اور "جوار"، آواز کا بلند کرنا ہے" یَجْأَرُون ،، جو سورۂ مومنین میں مذکور ہے اس کا معنی ہے کہ وہ اپنی آوازیں بلند کریں گے ،، اس حدیث کی باب کے عنوان سے مطابقت اس طرح ہے کہ اس میں اس شخص کے لئے وعید ہے جو گائیں کی زکوٰۃ ادا نہ کرے اس لئے یہ گائیں کی زکوٰۃ کے وجوب پر دلالت کرتی ہے جبکہ وہ نصاب کو پہنچ جائیں۔ یہ تعلیق ..... ابن لتبیہ کی حدیث کا کچھ حصہ ہے اس تعلیق کو امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کئی طرق سے مسند موصول ذکر کیا ہے ،،

اس حدیث کا معنیٰ یہ ہے کہ جانوروں کی زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کو لوگوں کا حساب مکمل ہو جانے تک عذاب دیا جائے گا۔ قولہٗ رَوَاہُ بُکَیْرٌ الخ یعنی اس حدیث کی بُکیر نے اپنے اسناد سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے ،، اور امام مسلم نے بُکیر کے طریق سے یہ حدیث پوری موصول ذکر کی ہے ،، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے گائیوں کی زکوٰۃ کی کیفیت اس لئے ذکر نہیں کہ اُن کے نزدیک اس بارے میں کوئی صحیح حدیث نہیں۔ اُنھوں نے صرف اس قدر کا ذکر کیا جو گائیوں کی زکوٰۃ کے وجوب پر دلالت کرے مگر امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ اُنھوں نے کہا مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن بھیجا اور حکم فرمایا کہ میں چالیس گایوں سے زکوٰۃ مسنہ لوں اور ہر تیس گایوں سے تبیعہ لوں ،، اس حدیث کو ترمذی نے حسن کہا اور حاکم نے صحیح کہا ہے۔ حاکم نے کہا یہ حدیث بخاری، مسلم کی شرط پر ہے مگر اُنھوں نے اس کو ذکر نہیں کیا۔ واللہ تعالیٰ و رسولہٗ اعلم!

marfat.com

بَابُ الزَّكٰوةِ عَلَى الْاَقَارِبِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهٗ اَجْرَانِ اَجْرُ الْقَرَابَةِ وَالصَّدَقَةِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَلْحَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ ١٣٧٨
اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَكْثَرَ الْاَنْصَارِ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا مِنْ نَخْلٍ وَكَانَ اَحَبُّ اَمْوَالِهٖ اِلَيْهِ بَيْرُحَاءَ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ
الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَّاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ قَالَ اَنَسٌ فَلَمَّا اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ
حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَامَ اَبُوْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَقُوْلُ
لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَاِنَّ اَحَبَّ اَمْوَالِيْ اِلَيَّ بَيْرُحَاءَ وَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ اَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ
فَضَعْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ اَرَاكَ اللّٰهُ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ ذٰلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ
مَا قُلْتَ وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا اَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِيْ عَمِّهٖ
تَابَعَهٗ رَوْحٌ وَقَالَ يَحْيٰى بْنُ يَحْيٰى وَاِسْمٰعِيْلُ عَنْ مَالِكٍ رَابِحٌ بِاللَّامِ

باب ـــــ رشتہ داروں کو زکوٰۃ دینا

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو دوہرا ثواب ہوگا ایک قرابت کا (صلۂ رحمی) اور دوسرا صدقہ کا ثواب ملے گا ،،

١٣٧٨ ـــــ ترجمہ : حضرت اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ سے روائت ہے کہ اُنھوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ ابوطلحہ مدینہ منورہ میں انصار میں سب سے زیادہ مال دار تھے اُن کے پاس کھجوروں کے باغات تھے اپنے تمام مالوں میں ان کو بیرحاء زیادہ محبوب تھا جو مسجد نبوی کے سامنے تھا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں تشریف لے جایا کرتے اور اس کا پاکیزہ پانی پیا کرتے تھے۔ حضرت انس نے کہا جب یہ آئت کریمہ " لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ " نازل ہوئی تو ابوطلحہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور کھڑے ہوئے اور عرض کی یارسُول اللہ! اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے، تم ہرگز نیکی نہیں پا سکتے جب تک راہِ خدا میں اپنی پیاری چیز خرچ نہ کرو " مجھے اپنے سب مالوں میں بیرحاء زیادہ محبوب ہے اور وہ اللہ کی راہ میں صدقہ ہے میں اللہ کے حضور اس کے ثواب اور ذخیرہ کی اُمید کرتا ہوں یارسُول اللہ! آپ اسے رکھ لیں جہاں مناسب خیال فرمائیں اسے خرچ کریں۔ انس نے کہا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واہ واہ شاباش یہ تو مفید مال ہے بڑی آمدنی کا مال ہے جو تُو نے کہا ہے میں نے سُنا ہے۔ میں مناسب یہ سمجھتا ہوں کہ اس کو رشتہ داروں میں تقسیم کردو۔ ابوطلحہ نے کہا یارسُول اللہ! میں ایسا ہی کروں گا چنانچہ ابوطلحہ نے اپنے رشتہ داروں اور اپنے چچا کے بیٹوں میں تقسیم کردیا ،،

marfat.com

١٣٧٩ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَضْحًى أَوْ فِطْرٍ إِلَى الْمُصَلَّى ثُمَّ انْصَرَفَ فَوَعَظَ النَّاسَ وَأَمَرَهُمْ بِالصَّدَقَةِ فَقَالَ أَيُّهَا النَّاسُ تَصَدَّقُوا فَمَرَّ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَإِنِّي أُرِيتُكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ فَقُلْنَ وَبِمَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ مَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِينٍ أَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ مِنْ إِحْدَاكُنَّ لَكُنَّ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمَّا صَارَ إِلَى مَنْزِلِهِ جَاءَتْ زَيْنَبُ امْرَأَةُ ابْنِ مَسْعُودٍ تَسْتَأْذِنُ عَلَيْهِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ هَذِهِ زَيْنَبُ فَقَالَ أَيُّ الزَّيَانِبِ فَقِيلَ امْرَأَةُ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ نَعَمْ ائْذَنُوا لَهَا فَأُذِنَ لَهَا قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللهِ إِنَّكَ أَمَرْتَ الْيَوْمَ بِالصَّدَقَةِ وَكَانَ عِنْدِي حُلِيٌّ لِي فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهِ فَزَعَمَ ابْنُ مَسْعُودٍ أَنَّهُ وَوَلَدَهُ أَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَلَيْهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ ابْنُ مَسْعُودٍ زَوْجُكِ وَوَلَدُكِ أَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتِ بِهِ عَلَيْهِمْ۔

عبداللہ بن یوسف کی رَوح نے متابعت کی اور یحییٰ بن جعفر اور اسماعیل نے مالک سے "رائح" روایت کی ہے۔

شرح ١٣٧٨

: قولہ "بِئْرِحَاءٌ" با اور راء مفتوح ہیں بعض نے راء پر فتحہ اور ضمہ پڑھا اور باء پر کسرہ پڑھا "بِئْرُحَاء" یہ باغ کا نام ہے کنوئیں کا نام نہیں قولہ "بخٍ" کسی شئ سے خوشی کے وقت یہ کلمہ کہا جاتا ہے اور مبالغہ کے لئے مکرر لایا جاتا ہے۔ قولہ "رابح" اس کا معنی ہے نفع والا، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ محبوب مال خرچ کرنا مستحب ہے اور صدقات وغیرہ میں اہلِ فضل سے مشورہ کرنا چاہیے، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وقف کرنا صحیح ہے اگرچہ اس کے مصارف نہ ذکر کئے جائیں، اور اپنے اقارب پر صدقہ کرنا افضل ہے۔ اس میں دوہرا ثواب حاصل ہوتا ہے! اس باب میں زکوٰۃ سے مراد شرعی معنیٰ نہیں ہے کہ نصاب شرعی جس پر سال گزر جانے سے کچھ حصہ مسلمان فقیر کو دیا جائے جو ہاشمی نہ ہو اور نہ ہی اُن کا آزاد کردہ غلام ہو، بلکہ مراد یہ ہے کہ اپنے مال سے غریبوں کی حاجت پوری کرنے کی غرض سے خیرات کرے اور اللہ تعالیٰ سے اس کا اجر و ثواب لے اس اعتبار سے باب کی احادیث عنوان کے مطابق ہیں حدیث ١٣٧٩ کی مطابقت بھی اسی طرح ہے۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

ترجمہ ١٣٧٩

: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید النحر یا عید الفطر کے دن عیدگاہ تشریف لے گئے پھر (نماز) سے فارغ ہوئے تو لوگوں کو وعظ و نصیحت کی اور ان کو صدقہ کرنے کا حکم دیا اور فرمایا اے لوگو! صدقہ کرو پھر عورتوں کے پاس گئے اور فرمایا اے عورتوں کی جماعت صدقہ کرو، میں نے تم کو دوزخ میں بکثرت دیکھا ہے اُنھوں نے کہا یا رسول اللہ! ایسا کیوں؟ آپ نے فرمایا تم لعن طعن بہت کرتی ہو اور شوہروں کی نافرمانی کرتی

marfat.com

بابٌ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي فَرَسِهِ صَدَقَةٌ

حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ ۱۳۸۰
عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي فَرَسِهِ وَغُلَامِهِ صَدَقَةٌ **بَابٌ** لَيْسَ عَلَى
الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ صَدَقَةٌ **حَدَّثَنَا** مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ ۱۳۸۱

ہو .. اے عورتو! میں نے عقل اور دین میں تم سے زیادہ ناقص کسی کو نہیں دیکھا جو بڑے ہوشیار عاقل مرد کی عقل مضمحل کر دے ، پھر آپ واپس ہوئے جب گھر تشریف لائے تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی بیوی زینب آئی اور اندر آنے کی اجازت طلب کی آپ سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ! یہ زینب ہے آپ نے فرمایا! کون سی زینب؟ عرض کیا گیا عبداللہ بن مسعود کی بیوی ،، آپ نے فرمایا ہاں انھیں اجازت دے دو .. انھیں اجازت دے دی گئی ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود کی بیوی نے کہا یا رسول اللہ! آج آپ نے صدقہ کرنے کا حکم فرمایا ہے میرے پاس میرا زیور ہے میرا ارادہ ہے کہ میں اسے صدقہ کر دوں اور عبداللہ بن مسعود کا خیال ہے کہ وہ اور ان کا بچہ ان لوگوں سے زیادہ مستحق ہیں جن پر میں صدقہ کرنا چاہتی ہوں ،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن مسعود نے ٹھیک کہا ہے تمہارا شوہر اور تمہارا لڑکا ان لوگوں سے زیادہ مستحق ہے جن پر تو صدقہ کرنا چاہتی ہے "

شرح : اس حدیث سے امام شافعی اور امام ابو یوسف اور محمد رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ عورت اپنے غریب شوہر کو زکوٰۃ دے سکتی ہے ایک روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ بھی اس طرح کہتے ہیں اور دوسری روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ اور امام ابو حنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما نے کہا عورت اپنے شوہر کو زکوٰۃ نہیں دے سکتی اس طرح سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور زینب کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں مذکور زکوٰۃ نہیں صدقہ نافلہ مراد ہے ۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اسناد کے ساتھ عبید اللہ بن عبداللہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی بیوی دستکاری سے مال کسب کرتی اور حضرت عبداللہ بن مسعود پر خرچ کیا کرتی تھی .. انھوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ! میں کاریگر عورت ہوں چیزیں بنا کر فروخت کرتی ہوں ۔ میرا شوہر اور میرا بیٹا کا غریب ہیں ان کے پاس کوئی شئی نہیں اور ان کا خرچہ پورا کرتی ہوں اور کسی دوسرے پر صدقہ نہیں کر سکتی ہوں تو کیا مجھے اس کا ثواب حاصل ہوگا ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کا خرچہ پورا کرتی رہو تمہیں ان پر خرچہ کا ثواب ملے گا .. معلوم ہوا کہ زینب کا صدقہ نافلہ تھا زکوٰۃ نہ تھی ،، واللہ ورسولہ اعلم!

بابٌ — مسلمان کے گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ نہیں

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کے گھوڑے اور اس کے غلام میں زکوٰۃ نہیں ۔

marfat.com

حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَیْبُ ابْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خُثَیْمُ بْنُ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ عَلَی الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِیْ عَبْدِهٖ وَلَا فِیْ فَرَسِهٖ **بَابُ** الصَّدَقَةِ عَلَی الْیَتٰمٰی

باب ـــــ مُسلمان پر اس کے غلام میں زکوٰۃ نہیں ،،

۱۳۸۱ ـــــ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا کہ مسلم پر اس کے غلام اور گھوڑے میں زکوٰۃ نہیں ،،

۱۳۸۰ ـ ۱۳۸۱ شرح : اس حدیث سے امام مالک ، شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ گھوڑوں میں زکوٰۃ نہیں امام ابو یوسف اور محمد رحمہما اللہ تعالیٰ بھی یہی کہتے ہیں ، امام ابوحنیفہ اور زفر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ گھوڑوں میں زکوٰۃ واجب ہے جبکہ ان کی نسل جاری ہو انھوں نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا کہ سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے اپنے باپ کو دیکھا وہ گھوڑوں کی قیمت کر کے ان کی زکوٰۃ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو ادا کیا کرتے تھے ۔ امام طحاوی اور دار قطنی نے اس کی روائت کی ہے ،، ابن رشد مالکی نے قواعد میں ذکر کیا کہ یہ صحیح ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ گھوڑوں کی زکوٰۃ لیتے تھے ،، ابن عبدالبر نے اپنے اسناد سے روائت کی کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یُعلیٰ بن اُمیہ سے کہا کہ چالیس بکریوں سے ایک بکری زکوٰۃ لو اور گھوڑوں میں سے کچھ نہ لو ہر ایک گھوڑے سے ایک دینار لو ـــ بظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عبد میں مطلقاً صدقہ نہیں مگر مسلم کی روائت میں ہے "لَیْسَ فِی الْعَبْدِ اِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ" لہٰذا مسلم کی روائت سے بخاری کی روائت مقید ہے یعنی جب غلام تجارت کے لئے نہ ہو تو اس میں صرف صدقہ فطر واجب ہے ، بخاری کی روائت کا معنیٰ یہ ہے کہ مسلمان پر اپنے غلام اور گھوڑے کی زکوٰۃ دینا ضروری نہیں جبکہ یہ خدمت کے لئے ہوں اگر تجارت کے لئے ہوں تو سال گزرنے کے بعد ان کی قیمت پر زکوٰۃ واجب ہے ۔ الحاصل اونٹ ، گائے اور بکریاں جب نصاب کو پہنچ جائیں تو سال گزر جانے کے بعد ان میں زکوٰۃ واجب ہے جبکہ یہ سائمہ ہوں یعنی اکثر سال چراگاہ سے چارہ کھائیں ،، اور غلام اور گھوڑے تجارت کے لئے ہوں تو ان کی زکوٰۃ واجب ہے ۔ واللہ ورسولہ اعلم ۔

باب ـــــ یتیموں پر صدقہ کرنا ،،

marfat.com

۱۳۸۲ حدثنا معاذ بن فضالة قال حدثنا هشام عن
يحيى عن هلال بن ابى ميمونة قال حدثنا عطاء بن يسار انه سمع ابا سعيد الخدرى يحدث ان النبى صلى الله عليه وسلم
جلس ذات يوم على المنبر وجلسنا حوله فقال ان مما اخاف عليكم من بعدى ما يفتح عليكم من زهرة الدنيا وزينتها فقال
رجل يا رسول الله او ياتى الخير بالشر فسكت النبى صلى الله عليه وسلم فقيل له ما شانك تكلم النبى صلى الله عليه وسلم ولا يكلمك
فرئينا انه ينزل عليه قال فمسح عنه الرحضاء وقال اين السائل وكانه حمده فقال انه لا ياتى الخير بالشر وانما
ينبت الربيع يقتل او يلم الا اكلة الخضر اكلت حتى اذا امتدت خاصرتاها استقبلت عين الشمس فثلطت وبالت
ورتعت وان هذا المال خضرة حلوة نعم صاحب المسلم ما اعطى منه المسكين واليتيم وابن السبيل او كما
قال النبى صلى الله عليه وسلم وانه من ياخذه بغير حقه كالذى ياكل ولا يشبع ويكون شهيدا عليه يوم القيمة

ترجمہ : ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن منبر پر تشریف لائے اور ہم آپ کے گرداگرد بیٹھ گئے۔ آپ نے فرمایا مجھے اپنے بعد جس چیز کا تم پر خوف ہے وہ یہ ہے کہ تم پر دنیا کی زیب و زینت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ ایک مرد نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا اچھی چیز بری چیز کو لائے گی؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چپ رہے اور اس شخص سے کہا گیا تیرا کیا حال ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کرتا ہے اور آپ تیرے ساتھ بات نہیں فرماتے ہمارا گمان ہے کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے،، آپ نے چہرۂ انور سے پسینہ پونچھا اور فرمایا سوال کرنے والا کہاں ہے؟ گویا کہ آپ نے اس کی تعریف کی،، اور فرمایا اچھی چیز برائی نہیں لاتی مگر موسم ربیع گھاس اگاتا ہے جو مار ڈالتا ہے یا مرنے کے قریب کر دیتا ہے مگر وہ جانور جو ہری گھاس چرے حتیٰ کہ جب اس کی دونوں کوکھیں بھر جائیں تو وہ سورج کے سامنے آجائے اور (اس کی گرمی سے) وہ لید اور پیشاب کرے اور چرتا رہے،، بے شک یہ یہ مال سرسبز میٹھا ہے مسلمان کا مال کیا ہی اچھی ہے جو وہ اس میں سے مسکینوں، یتیموں اور مسافروں کو دیتا ہے یا جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،، اور جو کوئی اس کو ناحق پکڑتا ہے وہ اس کی مثل ہے جو کھاتا ہے مگر اس کا پیٹ نہیں بھرتا اور وہ مال قیامت کے روز اس پر گواہ ہوگا،،

۱۳۸۲ — شرح : قولہ اَوَيَاتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ الخ ہمزہ استفہامیہ ہے اور واؤ عاطفہ ہے اور معطوف علیہ ہمزہ کے بعد مقدر ہے یعنی اَتَصِيْرُ النِّعْمَةُ عَقُوْبَةً وَيَاتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ،، یعنی دنیا کی زیب و زینت مخلوق کے لئے اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے کیا یہ رحمت اُن پر زحمت ہو جائے گی؟ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم وحی کی انتظار میں خاموش رہے لوگوں نے اس سائل کو ملامت کی اور کہا کیا بات ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرتا ہے اور آپ تجھ سے بات تک نہیں فرماتے جب ہم نے بغور دیکھا تو ہمارا خیال ہوا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے،،

marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پسینہ پونچھا اور لوگوں نے یہ گمان کیا کہ آپ نے اس کے سوال کو اچھا نہیں جانا جب انھوں نے دیکھا کہ آپ اس کے سوال سے راضی ہیں تو ان کو معلوم ہوا کہ آپ نے اس کی تعریف کی ہے ،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کے اچھا ہونے کا فیصلہ کرے وہ اچھا ہے اور جس کے بُرا ہونے کا فیصلہ کرے وہ بُرا ہے اور جس چیز کا مجھے تم پر ڈر ہے وہ یہ ہے کہ تم اللہ کی نعمتیں ضائع کر دو گے اور ان کو غیر محل میں استعمال کرو گے جس کا نعمت سے کوئی تعلق نہ ہوگا اور نہ ہی اس کی نعمت سے دُور کی نسبت ہوگی پھر مثال بیان کر کے اس کی وضاحت فرمائی ۔ اس حدیث میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مثالیں ذکر فرمائیں ۔ ایک مثال اس شخص کی ہے جو دنیا کی تحصیل میں منہمک ہو جائے اور مال کے حقوق ادا کرنے میں بخل کرے ۔ دوسری مثال اس شخص کی ہے جو دنیا کی تحصیل میں اقتصاد اور میانہ روی اختیار کرے ۔

قولہ ان مما ینبت الربیع الخ یہ مثال اس شخص کی ہے جو حلال و حرام میں تمیز کئے بغیر مال بکثرت جمع کر کے خود آخرت میں اس کی ہلاکت کا سبب ہو جائے کیونکہ موسم ربیع سرسبز گھاس اگاتی ہے جانور اس کو زیادہ کھاتے ہیں حتیٰ کہ جب حدِ اعتدال سے زیادہ کھا جائیں اور وہ برداشت نہ ہو سکے تو ان کی انتڑیاں پھول کر پھٹ جاتی ہیں اور وہ ہلاک ہو جاتے ہیں اسی طرح جو شخص دنیا میں حرام مال جمع کرتا ہے اور لوگوں کی حق تلفی کرتا ہے وہ آخرت میں دوزخ میں داخل ہونے کے باعث ہلاک ہو جاتا ہے ،، قولہ الا اکلۃ الخضر الخ یہ مقتصد اور میانہ روی اختیار کرنے والے کی مثال ہے یعنی جو شخص دنیا کی تحصیل اور اس کو جمع کرنے میں میانہ روی اختیار کرے اور ناجائز طریقوں سے دولت جمع کرنے کی کوشش نہ کرے وہ دنیا کے وبال سے نجات پاتا ہے جیسے ہری گھاس چرنے والا جانور ہلاکت سے نجات پاتا ہے ۔ پہلی مثال کافر کی ہے اسی لئے قتل کی جنس سے تاکید کی یعنی یقتل قتلاً خبطاً ،، اور کافر ہی کے اعمال باطل ہوتے ہیں ۔ دوسری مثال گنہگار مؤمن کی ہے جو گناہوں کے باعث اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے اور ہلاکت کے قریب ہو جاتا ہے ۔ تیسری مثال مقتصد کی ہے جو کھانے میں اسراف کرتا ہے حتیٰ کہ اس کی کوکھیں بھر جاتی ہیں لیکن وہ اس کا علاج تلاش کرتا ہے اور ضرر کے ازالہ کے لئے حیلہ کرتا ہے حتیٰ کہ اس کا ہضم درست ہو جاتا ہے یہ تینوں متباین حدیث میں مصرح ہیں چوتھی مثال حدیث میں مذکور نہیں وہ یہ ہے کہ کھانے میں اسراف نہ کرے بلکہ اتنا ہی کھائے جس سے بھوک زائل ہو جائے وہ اس میں اسراف نہیں کرتا جس کا اسے مدح کرنا پڑے یہ اس شخص کی مثال ہے جو دُنیا میں رغبت نہ کرے وہ ۔ آخرت پر نگاہ رکھے ۔ یہ مثال اگرچہ حدیث میں صراحۃً مذکور نہیں لیکن بغور سمجھی جاتی ہے ،، الحاصل مال جمع کرنا حرام نہیں لیکن حدِ اعتدال سے نکل کر تجاوز کرنا اور اس کی تحصیل میں منہمک ہو کر حدود شرعیہ کا لحاظ نہ کرنا اور حصولِ زر کی حرص میں حلال و حرام میں تمیز نہ کرنا معیوب ہے جو ہر لحاظ سے اس کے لئے مغز اور وبال ہے جیسے زیادہ کھانا بیمار کرتا ہے اور محمود یہ ہے کہ اعتدال سے کھائے ۔ واللہ و رسولہ اعلم !

---

marfat.com

١٣٨٣ بَابُ الزَّكٰوةِ عَلَى الزَّوْجِ وَالْاَيْتَامِ فِي الْحَجْرِ قَالَهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ
ابْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ
فَذَكَرْتُهُ لِاِبْرَاهِيْمَ فَحَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زَيْنَبَ اِمْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بِمِثْلِهٖ سَوَآءً
قَالَتْ كُنْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ وَكَانَتْ زَيْنَبُ تُنْفِقُ عَلٰى
عَبْدِ اللّٰهِ وَاَيْتَامٍ فِيْ حَجْرِهَا فَقَالَتْ لِعَبْدِ اللّٰهِ سَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَجْزِيْ عَنِّيْ اَنْ اُنْفِقَ عَلَيْكَ
وَعَلٰى اَيْتَامٍ فِيْ حَجْرِيْ مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ سَلِيْ اَنْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ عَلَى الْبَابِ حَاجَتُهَا مِثْلُ حَاجَتِيْ فَمَرَّ عَلَيْنَا بِلَالٌ فَقُلْنَا سَلِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَجْزِيْ عَنِّيْ اَنْ اَتَصَدَّقَ عَلٰى زَوْجِيْ وَاَيْتَامٍ لِيْ فِيْ حَجْرِيْ وَقُلْنَا لَا تُخْبِرْ بِنَا فَدَخَلَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ مَنْ هُمَا قَالَ
زَيْنَبُ فَقَالَ اَيُّ الزَّيَانِبِ قَالَ امْرَاَةُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ لَهَا اَجْرَانِ اَجْرُ الْقَرَابَةِ وَاَجْرُ الصَّدَقَةِ

باب ـــــ شوہر اور زیرِ تربیت یتیموں کو زکوٰۃ دینا

اس کو ابو سعید نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا۔

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن مسعود کی بیوی زینب بنت عبداللہ بن معاویہ ثقفیہ رضی اللہ عنہا سے اسی طرح روایت ہے اُنھوں

١٣٨٣ ـــــ نے کہا میں مسجد میں تھی تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے فرمایا عورتو! صدقہ کرو اگرچہ تمہارے زیورات ہی ہوں،، زینب رضی اللہ عنہا حضرت عبداللہ بن مسعود پر اور اُن یتیموں پر خرچ کرتی تھی جو اس کی پرورش میں تھے" راوی نے کہا زینب نے (اپنے شوہر) عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھو کیا میرے لئے یہ کافی ہے کہ میں تم پر اور اپنے یتیموں پر جو میری پرورش میں ہیں صدقہ خرچ کروں ،، حضرت عبداللہ بن مسعود نے کہا تم خود ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرلو زینب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئیں اور آپ کے دروازہ پر ایک انصاریہ عورت کو پایا اس کی حاجت بھی میری حاجت ہی تھی ہمارے پاس سے حضرت بلال گزرے ہم نے (اس سے) کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھو کہ کیا میرے لئے یہ کافی ہے کہ میں اپنے شوہر اور یتیموں پر خرچ کردیا جو میری پرورش میں ہیں؟ اور ہم نے یہ کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارا نام ذکر نہ کرنا ،، بلال اندر گئے اور آپ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا وہ دو عورتیں کون ہیں؟ بلال نے کہا زینب ہے آپ نے فرمایا کونسی زینب؟ بلال نے کہا عبداللہ بن مسعود کی بیوی آپ نے فرمایا ہاں اس کے لئے دو ثواب ہیں ایک قرابت کا ثواب اور دوسرا صدقہ کا!

شرح : امام نسائی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابو معاویہ کے طریق سے اعمش سے

١٣٨٣ ـــــ روایت کی اس میں دوسری عورت ابو مسعود عقبہ بن عمرو انصاری

marfat.com

۱۳۸۴ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ

قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلِيَ أَجْرٌ أَنْ أُنْفِقَ عَلَى بَنِي أَبِي سَلَمَةَ إِنَّمَا هُمْ بَنِيَّ فَقَالَ أَنْفِقِي عَلَيْهِمْ فَلَكِ أَجْرُ مَا أَنْفَقْتِ عَلَيْهِمْ **بَابُ** قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يُعْتِقُ مِنْ زَكٰوةِ مَالِهِ وَيُعْطِي فِي الْحَجِّ وَقَالَ الْحَسَنُ إِنِ اشْتَرَى أَبَاهُ مِنَ الزَّكٰوةِ جَازَ وَيُعْطَى فِي الْمُجَاهِدِينَ وَالَّذِي لَمْ يَحُجَّ ثُمَّ تَلَا إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ الْآيَةَ فِي أَيِّهَا أَعْطَيْتَ أَجْزَتْ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ خَالِدًا احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَيُذْكَرُ عَنْ أَبِي لَاسٍ حَمَلْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى إِبِلِ الصَّدَقَةِ لِلْحَجِّ

کی بیوی زینب ذکر کی ہے علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ ظاہر عبارت کا مقتضا تو یہ ہے کہ جمع کا صیغہ عنا وَ نُنْفِقُ .. کہا جاتا مگر اس سے مراد " کلُّ واحدٍ منّا " ہے یا زینب نے حکایت کرنے میں صرف اپنا حال ذکر کیا ہے اُنھوں نے حضرت بلال سے کہا کہ ہمارا نام ذکر نہ کرنا اور یہ نہ کہنا کہ سائلہ فلاں عورت ہے بلکہ یہ کہنا کہ دو عورتیں سوال کرتی ہیں اگر یہ سوال ہو کہ حضرت بلال نے ان کے کلام کی مخالفت کیوں کی ؟ جبکہ اس میں وعدہ کا خلاف اور بھید کا افشاء و اظہار ہے اس کا جواب یہ ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بلال سے نام دریافت کرنا اس کے معارض ہے کیونکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب فرض ہے جس کی تاخیر قطعًا درست نہیں اور جب دو مصلحتیں متعارض ہوں تو ان میں سے اہم کو ترجیح ہوتی ہے ..

ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ عورت اپنے شوہر کو زکوٰۃ دے سکتی ہے یا نہیں امام شافعی رضی اللہ عنہ اس کے جواز کے قائل ہیں اور وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں جبکہ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما عدمِ جواز کے قائل ہیں اور اس حدیث کو تطوع (نفلی صدقہ) پر محمول کرتے ہیں کیونکہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ عورت اپنے لڑکے کو زکوٰۃ نہیں دے سکتی اور جب اس کا لڑکے پر انفاق زکوٰۃ نہیں تو شوہر پر انفاق بھی زکوٰۃ نہیں ،، حدیث ۱۳۷۹ کی تفہیم میں اس کی تقریر دیکھیں ،، واللہ ورسولہ اعلم !

۱۳۸۴

ترجمہ : زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے عرض کیا یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! کیا مجھے اجر ملے گا اگر میں ابوسلمہ کے بیٹوں پر خرچ کروں وہ تو میرے بھی بیٹے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان پر خرچ کرو گی تمہیں اس کا ثواب ملے گا ۔

باب ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ،، گردن چھڑانے اور قرض داروں اور اللہ کی راہ میں خرچ کیا جائے ،،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ذکر کی جاتی ہے کہ اپنے مال کی زکوٰۃ سے غلام آزاد کرے اور حج کے لئے دے امام حسن بصری نے کہا کہ اگر زکوٰۃ کے مال سے اپنا غلام باپ خریدے تو جائز ہے ، مجاہدین کو زکوٰۃ دے اور اس کو دے جس نے حج نہیں کیا پھر یہ آیت تلاوت کی ،، اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ الآیۃ (ان میں سے)

marfat.com

جس کو زکوٰۃ کا مال دے کافی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خالد بن ولید نے اپنی زرہیں اللہ کی راہ میں وقف کر دی ہیں اور ابولاس سے منقول ہے کہ ہم کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کرنے کے لئے صدقہ کے اونٹوں پر سوار کیا"

۱۳۸۴ ـــــ اس حدیث کی باب سے مناسب یتیم پر خرچ کرنے کے اعتبار سے ہے "

ـ ـ ح : ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا ابوسلمہ کی بیوی تھیں اور ان سے ان کی اولاد عمر، محمد، زینب اور درہ تھی۔ ابوسلمہ کی وفات کے بعد سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمالیا تھا ،، زینب بنت ام سلمہ کا نام "برّہ" تھا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام زینب رکھا تھا اور ابوسلمہ کا نام عبداللہ بن عبدالاسد مخزومی ہے ،، اور ام المؤمنین ام سلمہ کا نام ہند بنت ابی امیہ ہے ،،

"باب" اس آئت کریمہ میں زکوٰۃ کے مصارف بیان کئے ہیں اور وہ آٹھ ہیں ان میں فقراء، مساکین عاملین رقاب، غارمین، منقطع، غازی اور مسافر شامل ہیں "رقاب" سے مراد مکاتب ہیں کہ ان کو آزاد کرانے میں ان کی مدد کی جائے ،، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہما کا یہی مذہب ہے۔ ایک روائت میں امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ سے بھی یہ منقول ہے ،، "فی سبیل اللہ" ،، امام ابوحنیفہ، ابو یوسف اور محمد رضی اللہ عنہم نے کہا وہ فقرا، غازی ہیں کذا قال ابن المنذر ،، ابوثور نے کہا کہ ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک "فی سبیل اللہ" غازی ہیں راستہ بھولنے والے حاجی نہیں ہیں۔ ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا کہ یہ امام ابوحنیفہ، مالک اور شافعی رضی اللہ عنہم کا قول ہے۔ امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا فقیر حاجی زکوٰۃ کا مصرف ہے ،، اگر کوئی حج کرنا چاہے اور وہ فقیر ہو تو وہ زکوٰۃ کے مال سے حج کر سکتا ہے" ابن سبیل" اگر کوئی شخص سفر کر رہا ہو اور اس کا خرچ ختم ہو جائے، تو وہ اثناءِ سفر میں زکوٰۃ لے سکتا ہے جو اس کا زادِ راہ ہو اگرچہ اس کے گھر میں مال موجود ہو" عاملین" وہ لوگ ہیں جو زکوٰۃ وعشر وصول کریں جو اسلامی حکومت کی طرف سے زکوٰۃ کی وصولی پر مامور ہوں ان کو زکوٰۃ سے کچھ رقم دینا جائز ہے آئت کریمہ میں "مؤلفۃ القلوب" بھی مذکور ہیں اور وہ ایمان میں کمزور لوگ تھے ان کی استقامت کے لئے ان کو زکوٰۃ دی جاتی تھی مگر اب اسلام کا غلبہ ہے اس لئے ایسے لوگ اب زکوٰۃ کا مصرف نہیں اور وہ زکوٰۃ کی آٹھ قسموں سے ساقط ہو چکے ہیں ،، قولہٗ یذکر عن ابن عباس ،، یہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا مذہب ہے امام ابوحنیفہ اور امام شافعی اور جمہور علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد مکاتب ہیں یعنی زکوٰۃ کے مال سے ان کی مکاتبت میں مدد کرنی جائز ہے! آئت کریمہ میں مذکور سات قسموں میں سے جسے چاہے زکوٰۃ دے سکتے ہیں اگرچہ ان میں سے ایک ہی قسم میں زکوٰۃ تقسیم کی جائے۔ امام ابوحنیفہ اور جمہور علماء رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ للفقراء میں لام مصرف کے بیان کے لئے ہے تملیک کے لئے نہیں ہے لہٰذا ایک قسم کو زکوٰۃ دینا کافی ہے جیسا کہ حسن بصری کے عمل سے ظاہر ہے۔ البتہ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے مذہب میں آئت میں مذکور سات مصارف میں زکوٰۃ تقسیم کرنی ضروری ہے!

marfat.com

۱۳۸۵ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَنَا شُعَيْبٌ قَالَ ثَنَا أَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُمِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةٍ فَقِيلَ مَنَعَ ابْنُ جَمِيلٍ وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيلٍ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فَقِيرًا فَأَغْنَاهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَأَمَّا خَالِدٌ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُونَ خَالِدًا قَدْ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَأَمَّا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَعَمُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهِيَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ وَمِثْلُهَا مَعَهَا تَابَعَهُ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ وَقَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ هِيَ عَلَيْهِ وَمِثْلُهَا مَعَهَا وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ حُدِّثْتُ عَنِ الْأَعْرَجِ مِثْلَهُ

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کا حکم فرمایا تو عرض کیا گیا۔ ابن جمیل، خالد بن ولید اور عباس بن عبدالمطلب نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن جمیل انکار نہیں کرتا ہے مگر یہ کہ وہ فقیر تھا اللہ اور اس کے رسول نے اس کو غنی کیا ہے، خالد پر تو تم زیادتی کرتے ہو اس نے اپنی زرہیں اور جنگی سامان اللہ کی راہ میں وقف کر دیا ہے اور عباس بن عبدالمطلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں ان کی زکوٰۃ ان پر صدقہ ہے اور اتنا ہی اور بھی،، ابن ابی زناد عبدالرحمٰن اعرج نے اپنے باپ سے روایت کرنے میں شعیب کی متابعت کی محمد ابن اسحاق نے ابوزناد سے یہ روایت کی ،، کہ " فہی علیہ صدقۃ ومثلہا معہا " وہ عباس پر صدقہ اور اس کی مثل اس کے ساتھ ،، (اتنا اور بھی) ابن جریج نے کہا مجھے اعرج سے اس طرح خبر دی گئی !

۱۳۸۵ — شرح : ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ وصول کرنے کا حکم فرمایا تھا۔ علامہ قرطبی نے کہا جمہور نے یہی اختیار کیا ہے کہ یہ صدقہ واجبہ تھا، لیکن سوال یہ ہوتا ہے کہ حدیث میں مذکور حضرات زکوٰۃ دینے سے انکار کیسے کر سکتے تھے؟ اسی لئے بعض علماء اسے صدقہ نافلہ پر محمول کرتے ہیں،، چنانچہ عبدالرزاق نے اس حدیث کو ذکر کیا اس کے الفاظ یہ ہیں " نَدَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الصَّدَقَةِ ،، ابن قصار نے کہا مناسب بھی یہی معلوم ہوتا ہے کیونکہ ہم ان حضرات میں سے کسی کے متعلق ایسا گمان نہیں کر سکتے۔

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا صدقہ نہ دینے کی وجہ ذکر فرمائی جو حدیث سے واضح ہوتی ہے،، کہ خالد نے سارا سامان وقف کر دیا ہے اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ابن جمیل کو لائق نہیں کہ وہ زکوٰۃ منع کرے حالانکہ وہ فقیر تھا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو مالدار کر دیا اللہ کی نعمت کی یہ جزاء نہیں ہونی چاہیئے جو ابن جمیل نے کیا ہے۔ ابن مہلب نے کہا ابن جمیل منافق تھا اس لئے اس نے زکوٰۃ منع کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے توبہ کرنے کا حکم فرمایا جس پر اس نے توبہ کر لی اور آخر تک صحیح رہا اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو مہلت دے دی کہ وہ ادا کر دیں گے اور یہ ان پر فرض ہے ایک روایت میں " عَلَيَّ .. ہے یعنی ان کی زکوٰۃ میرے ذمہ ہے،، شعیب کی روایت کا معنیٰ یہ ہے کہ

marfat.com

بَابُ الْاِسْتِعْفَافِ عَنِ الْمَسْئَلَةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ ۱۳۸۶
عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ اُنَاسًا
مِنَ الْاَنْصَارِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَاَلُوْهُ فَاَعْطَاهُمْ
حَتّٰى نَفِدَ مَا عِنْدَهٗ فَقَالَ مَا يَكُوْنُ عِنْدِيْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ اَدَّخِرَهٗ عَنْكُمْ وَمَنْ يَّسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ
وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا اُعْطِيَ اَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَّاَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا ۱۳۸۷
مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ
لَاَنْ يَّاْخُذَ اَحَدُكُمْ حَبْلَهٗ فَيَحْتَطِبَ عَلٰى ظَهْرِهٖ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّاْتِيَ رَجُلًا فَيَسْاَلُهٗ اَعْطَاهُ اَوْ مَنَعَهٗ،

زکوٰۃ ان کے ذمہ ہے وہ عنقریب اس کے ساتھ اتنی اور ملا کر ادا کر دیں گے کیونکہ وہ نہ تو زکوٰۃ کے مانع ہیں اور نہ ہی بخیل ہیں یا اس کا معنیٰ یہ ہے کہ عباس کے اموال ان پر صدقہ جیسے ہیں کیونکہ وہ اپنا اور عقیل کا فدیہ ادا کرنے کے ساتھ مقروض ہو گئے تھے اس لئے ان پر زکوٰۃ لازم نہ رہی تھی ۔۔ اگر حدیث کو صدقہ نافلہ پر محمول کیا جائے تو کوئی اشکال باقی نہیں رہتا مگر جمہور اس کے خلاف ہیں جیسا کہ اُوپر گزر چکا ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب ـــــ سوال سے بچنا

۱۳۸۶ ـــــ ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار کے چند لوگوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا آپ نے ان کو مال دیا۔ اُنھوں نے پھر سوال کیا آپ نے ان کو مال دیا۔ حتیٰ کہ جو کچھ آپ کے پاس تھا ختم ہو گیا تو فرمایا میرے پاس جو کچھ مال ہو گا اس کو میں تم سے بچا نہیں رکھوں گا اور جو کوئی سوال سے بچنا چاہے اللہ تعالیٰ اس کو بچائے گا اور جو کوئی اس سے بے پروائی کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو بے پرواہ کر دے گا اور جو کوئی صبر کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو صبر دے گا کوئی شخص صبر سے بہتر اور وسیع تر عطیہ نہیں دیا گیا۔

۱۳۸۷ ـــــ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے تم میں سے کوئی شخص رسی پکڑے اور اپنی پیٹھ پر لکڑی کا گٹھا لاد کر لائے اس سے بہتر ہے کہ وہ کسی شخص کے پاس آئے اور اس سے سوال کرے وہ اسے دے یا نہ دے!

۱۳۸۶ ، ۱۳۸۷ ـــــ شرح : "اِسْتِعْفَافٌ" کا معنی طلبِ عفت صبر، پاکیزگی اور سوال سے بچنا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ استغنا، عفت اور صبر اللہ تعالیٰ کے کرنے سے ہوتے ہیں۔ ضرورت کے لئے سوال جائز ہے۔ اگرچہ سوال نہ کرنا اور صبر کرنا بہتر ہے حتیٰ کہ اس کے سوال کے بغیر اللہ عطاء فرما دے۔

marfat.com

۱۳۸۸ حدثنا موسیٰ

قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ

۱۳۸۹ فَيَأْتِيَ بِحُزْمَةِ حَطَبٍ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَهَا فَيَكُفَّ اللهُ بِهَا وَجْهَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ أَعْطَوْهُ أَوْ مَنَعُوهُ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ قَالَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ قَالَ يَا حَكِيمُ إِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ

علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جو شخص سوال سے بچے اور لوگوں سے استغناء کا اظہار نہ کرے لیں اگر کوئی شئی اسے دی جائے تو اسے واپس نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو بے پرواہ کر دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کا دل غنیٰ سے بھر دیتا ہے،، اور جو صبر کرے اگر اسے دیا جائے تو وہ قبول نہ کرے یہ بہت اچھا ہے کیونکہ صبر مکارم اخذ کا جامع ہے،، اس کے علاوہ مانگنے میں ذلت و رسوائی ہے،، سلف صالحین کا طریقہ یہ تھا کہ اگر ان میں سے کسی کے ہاتھ سے کوڑا گر جاتا تو وہ اس کے پکڑانے میں کسی دوسرے شخص سے سوال نہ کرتے تھے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو اپنے ہاتھ کے کسب سے کھانا چاہیئے اور اکتساب مباح امر ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم!

۱۳۸۸ ترجمہ : حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی کہ آپ نے فرمایا تم میں سے کوئی رسی لے اور لکڑی کا گٹھا اپنی پشت پہ لاد کر لائے اور اسے بیچے اور اللہ تعالیٰ اس وجہ سے اس کے چہرے کو سوال سے بچائے تو یہ اس کے لئے بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے مانگتا پھرے وہ اس کو دیں یا نہ دیں،،

۱۳۸۸ شرح : ۱۳۸۸،، یعنی لکڑیاں فروخت کر کے اپنی حاجت پوری کرے اور لوگوں سے مانگنے سے بچے تو یہ اس کے لئے بہت بہتر ہے کیونکہ اس طرح نفس ذلیل ہوتا ہے اور مانگنے سے مشقت برداشت کرنا بہتر ہے،، جب کوئی شخص اپنے لئے سوال کا دروازہ کھولتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر محتاجی کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ"

۱۳۸۹ ترجمہ : عروہ بن زبیر اور سعید بن مسیب سے روائت ہے کہ حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا تو آپ نے مجھے دیا میں نے پھر مانگا تو آپ نے مجھے دیا پھر فرمایا اے حکیم! یہ مال ہرا بھرا میٹھا ہے جو اس کو سخاوتِ نفس کے ساتھ لے اس کے لئے اس میں برکت ہوگی اور جو لالچ کے ساتھ اس کو لے اس کے لئے اس میں برکت نہ ہوگی مثل اس شخص کے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے حکیم نے کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا میں آپ کے بعد کسی سے کچھ نہ لوں گا حتیٰ کہ دنیا سے مفارقت کر جاؤں،، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

marfat.com

بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ يُوْرِكُ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ اَخَذَهُ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِيْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى قَالَ حَكِيْمٌ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَرْزَأُ اَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى اُفَارِقَ الدُّنْيَا فَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ يَدْعُوْ حَكِيْمًا اِلَى الْعَطَآءِ فَيَاْبٰى اَنْ يَقْبَلَهُ مِنْهُ ثُمَّ اِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ فَاَبٰى اَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا فَقَالَ عُمَرُ اِنِّيْ اُشْهِدُكُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى حَكِيْمٍ اَنِّيْ اَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ فَيَاْبٰى اَنْ يَّاْخُذَهُ فَلَمْ يَرْزَاْ حَكِيْمٌ اَحَدًا مِّنَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تُوُفِّيَ

بَابُ مَنْ اُعْطِيَ مِنْ غَيْرِ مَسْئَلَةٍ وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ وَفِي الْاَمْوَالِ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ

۱۳۸۹ (ر) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيْنِي الْعَطَآءَ فَاَقُوْلُ اَعْطِهِ مَنْ هُوَ اَفْقَرُ اِلَيْهِ مِنِّيْ فَقَالَ خُذْهُ اِذَا جَآءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ شَيْءٌ وَاَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَّلَا سَآئِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْ نَفْسَكَ

بَابُ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ تَكَثُّرًا

حکیم کو وظیفہ دینے کے لئے بلاتے تو وہ اسے قبول کرنے سے انکار کر دیتے۔ پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ ان کو بلاتے تاکہ ان کو وظیفہ دیں تو وہ اسے قبول کرنے سے انکار کر دیتے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا یا معشر المسلمین! میں تم کو حکیم پر گواہ بناتا ہوں کہ میں اس مال سے حکیم کا حق اس کے سامنے پیش کرتا ہوں لیکن وہ لینے سے انکار کر دیتے ہیں حکیم نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لوگوں میں سے کسی سے کچھ نہ لیا حتیٰ کہ فوت ہو گئے!

۱۳۸۹ ـــــ **مشرح** : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کے مال کو سرسبز اور میٹھا فرمایا مال میں رغبت کرنے کو خضرہ حلوہ سے تشبیہ دی کیونکہ سبزی نظر کی مرغوب ہے اور شیرینی کا ذائقہ مرغوب ہوتا ہے جب یہ دونوں جمع ہو جائیں تو رغبت اور زیادہ ہو جاتی ہے "سخاوت" کا معنی لالچ کے بغیر لینا" ہے، اوپر والا ہاتھ خرچ کرنے والا اور سوال سے بچنے والا ہے اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہے "لَا اَرْزَءُ" کا معنی یہ ہے کہ میں کسی سے مال کا سوال کر کے اس کا مال کم نہ کروں گا، "قولہ حَسِنَةٌ حُلْوَةٌ" اس کا موصوف محذوف ہے یعنی فَاكِهَةٌ خَسِنَةٌ حُلْوَةٌ اس میں یہ اشارہ ہے کہ دنیا کا مال بلدی فنا ہونے والا ہے جیسے سرسبز شئے زیادہ عرصہ باقی نہیں رہتی، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تین بار سوال کرنا جائز ہے اور چوتھی بار سائل کو منع کرنا جائز ہے یعنی تین بار سوال کرنے کے بعد سائل کو رد کرنا مکروہ نہیں اور طلب میں اجمال کرنے میں برکت ہے۔ واللہ تعالیٰ و رسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ـــــ جس کو اللہ تعالیٰ نے سوال اور حرص کے بغیر مال دلوایا "

۱۳۸۹ ـــــ **ترجمہ** : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ جناب رسول اللہ

marfat.com

۱۳۹۰ حدثنا یحیی بن بکیر قال حدثنا اللیث عن عبید اللہ بن ابی جعفر قال سمعت حمزۃ بن عبد اللہ بن عمر قال سمعت عبد اللہ بن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم مایزال الرجل یسال الناس حتی یاتی یوم القیمۃ لیس فی وجہہ مزعۃ لحم فقال ان الشمس تدنو یوم القیمۃ حتی یبلغ العرق نصف الاذن فبینما ھم کذلک استغاثوا بآدم ثم بموسی ثم بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم وزاد عبد اللہ قال حدثنی اللیث قال حدثنی ابن ابی جعفر فیشفع لیقضی بین الخلق فیمشی حتی یاخذ بحلقۃ الباب فیومئذ یبعثہ اللہ مقاما یحمدہ کل اھل الجمع وقال معلی حدثنا وھیب عن النعمان بن راشد عن عبد اللہ بن مسلم اخی الزھری عن حمزۃ بن عبد اللہ انہ سمع ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المسئلۃ

صلی اللہ علیہ وسلم مجھے عطیہ دیتے اور فرماتے یہ اس شخص کو دے دیں جو اس کا زیادہ محتاج ہو اور فرماتے جب تمہارے پاس اس مال سے کچھ آئے جبکہ تم اس کی حرص نہ کرو اور نہ ہی اس کا سوال کرو تو لے لیا کرو اور اگر مال نہ ملے تو اس کا پیچھا مت کرو ۔"

۱۳۹۰ ـــــ شرح : غیر مشرف .. کا معنی " طمع نہ کرنے والا اور نہ ہی اس کا طلب کرنے والا .. یعنی جو مال نہیں ملے حالانکہ تم اس کا پیچھا نہیں کرتے ہو اور نہ ہی اس کی خواہش کرتے ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے ورنہ اس کے پیچھے پیچھے مت پھرو .. اس حدیث سے سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی بہت بڑی منقبت ہے .. ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ طلب کرنے کے بغیر اگر حلال مال ہاتھ لگے تو اس کو لے لینا بہتر ہے اور امام کا عطیہ مسترد کر دینا ادب کے خلاف ہے ۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہدایا اور نذرانے قبول کر لیا کرتے تھے ،، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے ۔ بادشاہوں کے عطایا تو لذیذ گوشت ہیں ۔ عکرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا امراء کے ہدایا قبول کرو اگر وہ ناجائز ہیں تو ان کو گناہ ہے ۔ بعض علماء اسے مکروہ کہتے ہیں .. واللہ اعلم !

باب ـــــ جو کوئی مال بڑھانے کے لئے لوگوں سے سوال کرے ،،

۱۳۹۰ ـــــ ترجمہ : حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ آدمی لوگوں سے مانگتا رہتا ہے حتی کہ قیامت کے دن وہ اس حال میں آئے گا کہ اس کے چہرے پر گوشت کا ٹکڑا نہ ہوگا اور فرمایا کہ

marfat.com

بابُ قَولِ اللّٰہِ تَعَالٰی لَا یَسْئَلُونَ النَّاسَ اِلْحَافًا وَکَمِ الْغِنٰی وَقَولِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَا یَجِدُ غِنًی یُغْنِیہِ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِینَ اُحْصِرُوا فِی سَبِیلِ اللّٰہِ لَا یَسْتَطِیعُونَ ضَرْبًا فِی الْاَرْضِ یَحْسَبُہُمُ الْجَاہِلُ اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ اِلٰی قَولِہٖ فَاِنَّ اللّٰہَ بِہٖ عَلِیمٌ

قیامت کے دن سورج قریب جائے گا یہاں تک کہ پسینہ نصف کان تک پہنچے گا لوگ اسی حال میں حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام" پھر موسیٰ" علیہ السلام" پھر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فریاد لے جائیں گے عبید اللہ نے یہ زیادہ بیان کیا کہ مجھے لیث نے خبر دی انھوں نے کہا مجھے ابو جعفر کے بیٹے نے خبر دی کہ آپ سفارش کریں گے تاکہ مخلوق کے درمیان فیصلہ کیا جائے پس آپ تشریف لے جائیں گے حتیٰ کہ جنت کے دروازہ کے حلقہ کو پکڑ لیں گے اور اس روز آپ کو اللہ تعالیٰ مقام محمود میں جلوہ افروز کرے گا جس کی محشر والے تعریف کریں گے۔ علی نے کہا مجھے وہیب نے نعمان بن راشد سے انھوں نے عبداللہ بن مسلم زہری کے بھائی سے انھوں نے حمزہ سے یہی کیا کہ انھوں نے حضرت عبداللہ بن عمر کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کے بارے میں سنا۔

شرح : اس حدیث میں اختصاراً دوسرے نبیوں کا ذکر نہیں کیا" ۱۳۹۰ ——

دراصل سفارش تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کرنی ہے اور آپ سے پہلے دوسرے نبیوں سے استغاثہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے درجہ کی عظمت اور آپ کی رفعت منزلت کے اظہار کے لئے ذکر کیا ہے کیونکہ وہ ایسا حال ہے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا شفاعت کرنے میں سب عاجز ہوں گے" قولہ" حلقۃ الباب" سے مراد جنت کا دروازہ یا قرب الٰہی ہے" مقام محمود وہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ کیا ہے جو شفاعت عظمیٰ کا مقام ہے جو آپ کے لیے مخصوص ہے اور اس میں آپ کے ساتھ کوئی شریک نہیں۔ یہ وہ مقام ہے جو اہل محشر کے لئے راحت کا باعث ہے کیونکہ اسی مقام پر کھڑے ہو کر آپ سفارش فرمائیں گے کہ لوگوں کا فیصلہ جلدی ہو جائے اور وہ تنگی سے نجات پائیں" حدیث شریف کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص مال بڑھانے کے لئے لوگوں سے مانگتا پھرے وہ قیامت کے دن ذلیل و خوار ہوگا اور جو مجبور ہو کر سوال کرے جبکہ وہ سخت محتاج ہو تو اس کے لئے سوال کرنا مباح ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب —— اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" لوگوں سے چمٹ کر سوال نہیں کرتے اور کتنے مال سے غنی ہوتا ہے"

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد! کہ اتنا مال نہ پائے جو اس کو بے پرواہ بنا دے" اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ان فقراء کے لئے جو اللہ کے راستہ میں روک لئے گئے ہیں اور زمین میں چل نہیں سکتے ان کے سوال نہ کرنے کی وجہ سے لوگ ان کو مال دار

marfat.com

١٣٩١ حدثنا حجاج بن منهال قال حدثنا شعبة قال اخبرني محمد بن زياد قال
سمعت ابا هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس المسكين الذي ترده الاكلة والاكلتان ولكن المسكين
١٣٩٢ الذي ليس له غنى ويستحيي او لا يسأل الناس الحافا حدثنا يعقوب بن ابراهيم قال حدثنا اسماعيل
ابن علية قال حدثنا خالد الحذاء عن ابن اشوع عن الشعبي قال حدثني كاتب المغيرة بن شعبة قال كتب معاوية
الى المغيرة بن شعبة ان اكتب الي بشيء سمعته من النبي صلى الله عليه وسلم فكتب اليه سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول
ان الله كره لكم ثلاثا قيل وقال واضاعة المال وكثرة السؤال

سمجھتے ہیں ۔ الآیۃ ،،

ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا ،، مسکین وہ نہیں ہے جسے ایک یا دو لقمے ادھر ادھر پھراتے رہتے ہیں لیکن مسکین وہ ہے جو تونگری نہ پائے وہ سوال کرنے سے حیا کرے یا لوگوں سے چمٹ کر سوال نہ کرے ،،

١٣٩١ ——

ترجمہ : شعبی نے کہا مجھے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے مغیرہ بن شعبہ کو خط لکھا کہ مجھے کچھ لکھ بھیجو جو تم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے مغیرہ نے ان کو لکھا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تین چیزیں پسند نہیں کیں فضول گفتگو ، مال کو ضائع کرنا اور بہت مانگنا ،،

١٣٩٢ ——

اس باب کے عنوان میں " للفقراء کا عطف " لا یسئلون الناس " پر ہے اور حرف عطف مقدر ہے یا یہ حال ہے اور لفظ " قائلاً " مقدر ہے بعض نسخوں میں " لقول اللہ عز وجل للفقراء ،، ہے اس کا معنیٰ یہ ہے کہ سوال کرنے کی شرط یہ ہے کہ مالداری نہ پائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فقراء کی وصف یہ ذکر فرمائی ہے کہ وہ زمین میں چل نہیں سکتے کیونکہ جو زمین میں چل پھر سکے وہ کچھ نہ کچھ مال داری حاصل کر لیتا ہے ،،

قولہ لا یسئلون الخ اس جملہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسکنت جب ہی محمود ہوتی ہے کہ سوال کرنے سے بچے اور قدر حاجت پر ہی اکتفاء کرے ۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر حال میں حیا کرنا مستحب ہے ۔ لا یسئلون الناس الحافا ،، کی تفسیر میں مختلف اقوال ہے ایک قول یہ ہے کہ " لا یلحفون فی المسئلۃ ،، یعنی سوال کرنے میں گڑگڑاتے نہیں ،، دوسرا قول یہ ہے کہ وہ سوال کرتے ہی نہیں ہیں ،، تو گڑگڑانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ،، فقیر اور مسکین میں فرق یہ ہے کہ دونوں میں سے جو زیادہ بدحال ہو وہ مسکین ہے ۔ امام ابوحنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما کا یہی قول ہے ۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں زیادہ بدحال فقیر ہے ۔

١٣٩٢ —— شرح : اس حدیث کی عنوان سے مناسبت کثرت سوال میں ہے ۔ قیل و قال سے مراد فضول گفتگو ہے اگر یہی امور علی تحقیق کے بصیر

marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ ١٣٩٢
إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَعْطَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا وَأَنَا جَالِسٌ فِيهِمْ قَالَ فَتَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْهُمْ لَمْ يُعْطِهِ وَهُوَ أَعْجَبُهُمْ إِلَيَّ فَقُمْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَارَرْتُهُ فَقُلْتُ مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللَّهِ إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا قَالَ أَوْ مُسْلِمًا قَالَ فَسَكَتُّ قَلِيلًا ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَعْلَمُ فِيهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللَّهِ إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا قَالَ أَوْ مُسْلِمًا قَالَ سَكَتُّ قَلِيلًا ثُمَّ غَلَبَنِي مَا أَعْلَمُ فِيهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا لَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللَّهِ إِنِّي لَأَرَاهُ مُؤْمِنًا قَالَ أَوْ مُسْلِمًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ وَعَنْ أَبِيهِ عَنْ صَالِحٍ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ بِهَذَا فَقَالَ فِي حَدِيثِهِ فَضَرَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ فَجَمَعَ بَيْنَ عُنُقِي وَكَتِفِي ثُمَّ قَالَ أَقْبِلْ أَيْ سَعْدُ إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ فَكُبْكِبُوا قُلِبُوا مُكِبًّا أَكَبَّ الرَّجُلُ إِذَا كَانَ فِعْلُهُ غَيْرَ وَاقِعٍ عَلَى أَحَدٍ فَإِذَا وَقَعَ الْفِعْلُ قُلْتَ كَبَبْتُهُ لِوَجْهِهِ وَكَبَبْتُهُ أَنَا قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ هُوَ أَكْبَرُ مِنَ الزُّهْرِيِّ وَهُوَ قَدْ أَدْرَكَ ابْنَ عُمَرَ

گفتگو ہو اور روایات کے نقل میں احتیاط نہ ہو تو وہ گفتگو بھی مکروہ ہے۔ کثرت سوال مراد ہے کہ مال بڑھانے کے لئے لوگوں سے مانگتا پھرے یا مراد یہ ہے کہ متشابہات سے متعلق سوال کرنا ممنوع ہے یا مطلق روے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " اگر تمہارے لئے ظاہر کر دیا جائے تو تمہیں برا معلوم ہوگا " البتہ شرعی مسائل کی دریافت میں حرج نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَاسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ " امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اللہ تعالیٰ کا کسی شئی کو مکروہ یا اچھا جاننے کا معنی یہ ہے کہ اللہ اس کا حکم فرماتا ہے یا اس پر جماع کرتا ہے یا اس پر ثواب و عقاب کا اوا فرماتا ہے۔ واللہ در رسولہ اعلم!

ترجمہ : عامر بن سعد رضی اللہ عنہما نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو مال دیا اور میں اُن میں بیٹھا ہوا تھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ایک مرد کو چھوڑ دیا اسے کچھ نہ دیا حالانکہ وہ شخص مجھے سب سے زیادہ پسند تھا میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور گیا اور چپکے سے عرض کی یا رسول اللہ! کیا بات ہے کہ آپ نے فلاں شخص کو چھوڑ دیا ہے بخدا! میں اس کو مومن دیکھتا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا مسلمان! سعد نے کہا میں تھوڑی دیر خاموش رہا پھر مجھ پر وہ بات غالب آئی جو میں اس شخص کے بارے میں جانتا تھا تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا بات ہے کہ آپ نے فلاں شخص کو چھوڑ دیا ہے بخدا! میں اس کو مومن سمجھتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا مسلمان! سعد نے کہا میں کچھ دیر خاموش رہا پھر مجھ پر وہ بات غالب آئی جو میں اس کے بارے میں جانتا تھا تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا بات ہے کہ آپ نے فلاں شخص کو چھوڑ دیا ہے بخدا میں اس کو مومن سمجھتا ہوں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں کسی شخص کو مال دیتا ہوں حالانکہ

١٣٩٣

marfat.com

۱۳۹۴ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِيْ يَطُوْفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلٰكِنَّ الْمِسْكِيْنَ الَّذِيْ لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيْهِ وَلَا يُفْطَنُ بِهٖ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ وَلَا يَقُوْمُ فَيَسْاَلُ النَّاسَ

۳۱۴

اس کا غیر سمجھے اس سے زیادہ محبوب ہوتا ہے اس خوف کے پیش نظر کہ اسے منہ کے بل دوزخ میں گرا دیا جائے گا۔ یعقوب بن ابراہیم نے اپنے باپ سے انھوں نے صالح بن کیسان سے انھوں نے اسماعیل بن محمد سے روایت کی انھوں نے کہا میں نے اپنے باپ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا انھوں نے اپنی روایت میں ذکر کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد رضی اللہ عنہ کے شانہ اور گردن کے درمیان رکھ کر فرمایا اے سعد میری طرف متوجہ ہو میں ایسے شخص کو مال دیتا ہوں الخ۔ امام بخاری نے کہا "كُبْكِبُوْا" کا معنی ہے "الٹا دیئے گئے" "مَلْتًا" "اَكَبَّ الرَّجُلُ" سے ماخوذ ہے جبکہ اس کا فعل کسی پر واقع نہیں ہوتا ہے اور جب کسی پر فعل واقع ہے تو تو کہے گا "كَبَّهُ اللّٰهُ لِوَجْهِهٖ وَكَبْكَبْتُهُ اَنَا"۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ صالح بن کیسان زہری سے بڑے ہیں انھوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ملاقات کی ہے۔

۱۳۹۳ ــــ

شرح : اس حدیث کی تفصیل حدیث ۲۶ کی تفہیم میں مذکور ہے

قولہ اَقْبَلُ الخ بعض روایات میں "اَقْتَالًا" مذکور ہے یعنی اے سعد جھگڑا کرتے ہوئے میں تو ایک شخص کو مال دیتا ہوں تاکہ اس کی تالیف اور دل جمعی ہو تاکہ اس کے دل میں ایمان پختہ ہو جائے اور اگر اسے نہ دیا جائے تو وہ ایسی بات کرے گا جس کے باعث وہ دوزخ میں منہ کے بل گرا دیا جائے گا اس پر شفقت اور مہربانی کرتے ہوئے میں اس کو مال دیتا ہوں اور دوسرے شخص کو مال نہیں دیتا ہوں کیونکہ وہ ایمان میں واضح ہے اس کو مال نہ دینے سے اس کے سبب کوئی بدگمانی نہیں آنے کی۔ اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ایمان کے منازل کو جانتے تھے اور باذن اللہ صدیہ رجال کے کوائف پر مطلع تھے۔

قولہ غَيْرُ وَاقِعٍ۔ یعنی جب یہ فعل لازم ہو تو کائر الرباعی سمجھا جاتا ہے اور جب متعدی استعمال ہو تو "كَبَّهُ اللّٰهُ" کہا جاتا ہے "یعنی یہ عجب کلمہ ہے" کہ جب ثلاثی ہو تو متعدی اور جب ملاقی مزید فیہ ہو تو لازم استعمال ہوتا ہے حالانکہ صرف کا قاعدہ اس کے برعکس ہے"

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسکین وہ نہیں ہے جو لوگوں کا طواف کرتا پھرے اور ایک دو لقمے اور ایک دو کھجوریں اس کو ادھر ادھر گھماتی پھریں لیکن مسکین وہ ہے جو مال داری نہ پائے جو اس کو بے نیاز کر دے" اور کسی کو اس کا پتہ بھی نہ ہو تاکہ اس پر صدقہ کیا جائے اور نہ ہی وہ کھڑا ہو کر لوگوں سے مانگتا پھرے!

۱۳۹۴ ــــ

marfat.com

٤٣٤ 34
٤٣٤ 34

١٣٩٥ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ ثُمَّ يَغْدُوَ أَحْسِبُهُ قَالَ إِلَى الْجَبَلِ فَيَحْتَطِبَ فَيَبِيعَ فَيَأْكُلَ وَيَتَصَدَّقَ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ النَّاسَ

بَابُ خَرْصِ التَّمْرِ

١٣٩٦ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبَّاسٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ فَلَمَّا جَاءَ وَادِيَ الْقُرَى إِذَا امْرَأَةٌ فِي حَدِيقَةٍ لَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ اخْرُصُوا وَخَرَصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ فَقَالَ لَهَا أَحْصِي مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَلَمَّا أَتَيْنَا تَبُوكَ قَالَ أَمَا إِنَّهَا سَتَهُبُّ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيدَةٌ وَلَا يَقُومُ مِنْكُمْ أَحَدٌ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ بَعِيرٌ فَلْيَعْقِلْهُ فَعَقَلْنَاهَا وَهَبَّتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ فَقَامَ رَجُلٌ فَأَلْقَتْهُ بِجَبَلَيْ طَيِّئٍ وَأَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَيْضَاءَ وَكَسَاهُ بُرْدًا وَكَتَبَ لَهُ بِبَحْرِهِمْ فَلَمَّا أَتَى وَادِيَ الْقُرَى قَالَ لِلْمَرْأَةِ كَمْ جَاءَ حَدِيقَتُكِ قَالَتْ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ خَرْصَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي مُتَعَجِّلٌ إِلَى الْمَدِينَةِ فَمَنْ أَرَادَ مِنْكُمْ أَنْ يَتَعَجَّلَ مَعِيَ فَلْيَتَعَجَّلْ فَلَمَّا قَالَ ابْنُ بَكَّارٍ كَلِمَةً مَعْنَاهُ أَشْرَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ قَالَ هَذِهِ طَابَةُ فَلَمَّا رَأَى أُحُدًا قَالَ

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص اپنی رسی

١٣٩٥ ——— لکڑے اور صبح کو چلا جائے میرا گمان ہے کہ آپ نے یہ فرمایا " پہاڑ کی طرف " چلا جائے " اور لکڑیاں چنے پھر ان کو بیچے اور کھائے اور کچھ صدقہ کرے یہ اس سے بہتر ہے کہ لوگوں سے سوال کرتا پھرے۔

شرح : اگر یہ سوال ہو کہ ان احادیث میں مال داری کی مقدار کا ذکر نہیں ہے حالانکہ ترجمۃ الباب

١٣٩٤ ، ١٣٩٥ ——— یہ ہے " اس کا جواب یہ ہے کہ اس طرح کی کوئی حدیث نہ تھی جو امام بخاری کی شرط کے مطابق ہوتی اس لئے ایسی حدیث ذکر نہیں کی جو عنوان کے مطابق ہو اور اس بارے میں جو احادیث ذکر کی جاتی ہیں وہ امام کی شرط کے مطابق نہیں ہیں جیسے بعض روایات میں مال داری کا معیار صبح و شام کا کھانا یا پچاس درہم یا اس کے برابر سامان وغیرہ مذکور ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب ——— کھجور کا تخمینہ لگانا

ترجمہ : ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم نے نبی کریم صلی اللہ

١٣٩٦ ——— علیہ وسلم کی معیت میں تبوک کی جنگ لڑی جب آپ وادی

marfat.com

هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْاَنْصَارِ قَالُوْا بَلٰى قَالَ دُوْرُ بَنِي النَّجَّارِ ثُمَّ دُوْرُ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ ثُمَّ دُوْرُ بَنِي سَاعِدَةَ اَوْ دُوْرُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ وَفِي كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ يَعْنِي خَيْرٌ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ كُلُّ بُسْتَانٍ عَلَيْهِ حَائِطٌ فَهُوَ حَدِيْقَةٌ وَمَا لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ حَائِطٌ لَا يُقَالُ حَدِيْقَةٌ وَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنِي عَمْرٌو ثُمَّ دَارُ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنِي سَاعِدَةَ وَقَالَ سُلَيْمَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ ۔

القریٰ میں پہنچے تو ایک عورت اپنے باغ میں دیکھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا اس کی کھجوروں کا اندازہ لگاؤ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس وسق اندازہ لگایا اور اس عورت سے فرمایا جو کچھ اس میں سے نکلے اسے یاد رکھنا جب ہم تبوک پہنچے تو آپ نے فرمایا آج رات سخت ہوا چلے گی کوئی شخص کھڑا نہ ہو اور جس کے ساتھ اونٹ ہے وہ اس کو باندھ دے،، ہم نے اونٹ باندھ دیئے اور سخت آندھی چلی ایک شخص کھڑا ہو گیا تو اس کو ہوا نے طی کے پہاڑ پر پھینک دیا،، ایلہ کے بادشاہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سفید خچر نذرانہ بھیجا اور آپ نے اس کو چادر بھیجی اور اس کے لئے اس ملک کی حکومت برقرار رکھی جب آپ وادی القریٰ تشریف لائے تو اس عورت سے فرمایا تیرے باغ سے کتنی کھجور اُتری ہیں۔ اس عورت نے کہا دس وسق جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اندازہ تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں مدینہ منورہ جلدی جانے والا ہوں جو میرے ساتھ جانا چاہے وہ جلد تیاری کرے۔ ابن بکار نے اس لفظ کا ہم معنیٰ ذکر کیا کہ جب آپ مدینہ منورہ کے قریب ہوئے تو فرمایا یہ طَیْبَہ ہے اور جب اُحُد کو دیکھا تو فرمایا یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں کیا میں تم کو انصار کے گھروں میں سے بہتر گھر کی خبر نہ دوں؟ لوگوں نے کہا کیوں نہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی نجار کے گھرانے پھر بنی عبدالاشہل کے گھرانے پھر بنی ساعدہ کے گھرانے یا بنی حارث بن خزرج کے گھرانے اور انصار کے تمام گھرانوں میں خیر اور بہتری ہے،، سلیمان بن بلال نے کہا ہم سے عمرو نے بیان کیا کہ پھر بنی حارث کے گھرانے پھر بنی ساعدہ کے گھرانے (بہتر ہیں) اور سلیمان نے سعد بن سعید سے اُنھوں نے عمارہ بن غزیہ سے اُنھوں نے عباس سے اُنھوں نے اپنے باپ سہل بن سعد سے اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا اُحُد پہاڑ ہے وہ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہر باغ جس کی دیوار ہو وہ حدیقہ ہے اور جس کی دیوار نہ ہو وہ حائط ہے اس کو "حدیقہ" نہیں کہا جاتا،، سلیمان بن بلال نے کہا مجھ سے عمرو نے بیان کیا پھر بنی خزرج کے مکان پھر بنی ساعدہ کے یعنی بہتر ہیں۔ سلیمان نے سعد بن سعید سے اُنھوں نے عمارہ بن غزیہ سے اُنھوں نے عباس سے اُنھوں نے اپنے باپ سے اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا اُحد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

marfat.com

الْجَارِیْ وَلَمْ یَرَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ فِی الْعَسَلِ شَیْئًا

۱۳۹۶ ــــــ شرح : خرص کی تفسیر یہ ہے کہ جب کھجوریں یا انگور وغیرہ جن میں زکوٰۃ واجب ہے پک جائیں تو بادشاہ کسی اندازہ لگانے والے کو بھیجتا ہے وہ باغات دیکھتا ہے اور کہتا ہے اس باغ سے اتنا خشک پھل اُترے گا اور اپنے اندازے کو محفوظ کر لیتا ــــ اور اس اعتبار سے ان پر عشر ثابت کرتا پھر وہ چلا جاتا ــــ اور باغ ان لوگوں کے حوالے کر دیتا ہے جب پھل اُترنے کا وقت آئے تو اس اندازے کے مطابق ان سے عشر وصول کرتا ہے۔ امام ابوحنیفہ، ابو یوسف اور محمد رضی اللہ عنہم نے کہا خرص منسوخ ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے مرفوع روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خرص سے منع فرمایا ہے اور جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر پھل کی بیع خرص سے منع فرمائی ہے،، نیز خرص تخمینہ اور اندازہ ہے یہ کبھی غلط بھی ہو سکتا ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جابر سے روایت کی کہ" جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خرص سے منع فرمایا اور فرمایا یہ تو بتاؤ اگر پھل تباہ ہو جائے کیا تم میں سے کوئی شخص یہ پسند کرے گا کہ بلاوجہ اپنے بھائی کا مال کھائے،، چونکہ حظر اباحت کے بعد ہوتی ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ خرص منسوخ ہے،، ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خرص صرف یہود پر ثابت ہے کیونکہ وہ آپس میں ایک دوسرے کے شریک تھے اور وہ امین نہ تھے اور مسلمانوں پر خرص واجب نہیں فرمایا۔

اس حدیث سے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ظاہر ہوتا ہے جبکہ آپ نے فرمایا رات کو سخت آندھی چلے گی اور قرآن کریم میں" یَعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ،، ذاتی علم اللہ کے ساتھ خاص ہے جیسے فرمایا" قُلْ لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ،، میں ارض و سماء کے رہنے والوں سے ذاتی علم غیب کی نفی کی ہے کیونکہ عطائی علم غیب مخلوق کے لئے ثابت ہے۔ قرآن کریم میں ہے۔ عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ،، کتاب الایمان میں اس کی تفصیل مذکور ہے،، اس حدیث سے مدینہ منورہ اور اُحد کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے نیز انصار کی فضیلت بھی منصوص ہے اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کافروں سے ہدیہ قبول کر لینا جائز ہے اور کافروں کو بھی ہدیہ دینا جائز ہے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے مصائب اور بلایا امنڈ آتے ہیں جیسے مذکور شخص کو جبل طی میں پھینک دیا تھا،،

علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اُحد کا محبت کرنا حقیقت پر محمول ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں محبت پیدا کر دے اور یہ ثابت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد سے کلام کیا اور فرمایا" اے ٹھہر جا تیرے اُوپر کوئی نہیں ہے مگر نبی یا شہید۔ اسی طرح مسجد میں ستون کا رونا، پتھروں کا آپ کو سلام کہنا، اسی طرح درخت کا آپ سے عرض کرنا کہ نماز میں جنوں نے آپ کی اقتدا کی ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم! تبوک" غیر منصرف ہے مدینہ منورہ سے شام کی جانب چودہ مراحل دُور ہے۔

باب ــــ آسمان کے پانی اور جاری پانی سے

marfat.com

١٣٩٧ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْعُيُونُ أَوْ كَانَ عَثَرِيًّا الْعُشْرُ وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ هَذَا تَفْسِيرُ الْأَوَّلِ أَنَّهُ لَمْ يُوَقِّتْ فِي الْأَوَّلِ يَعْنِي حَدِيثَ ابْنِ عُمَرَ فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرُ وَبَيَّنَ فِي هَذَا وَقَّتَ وَالزِّيَادَةُ مَقْبُولَةٌ وَالْمُفَسِّرُ يَقْضِي عَلَى الْمُبْهَمِ إِذَا رَوَاهُ أَهْلُ الثَّبْتِ كَمَا رَوَى الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُصَلِّ فِي الْكَعْبَةِ وَقَالَ بِلَالٌ قَدْ صَلَّى فَأُخِذَ بِقَوْلِ بِلَالٍ وَتُرِكَ قَوْلُ الْفَضْلِ

پلائی جانے والی زمین میں عُشر

حضرت عُمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ شہد میں عشر کے قائل نہ تھے

١٣٩٧ ترجمہ : سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اپنے باپ عبداللہ سے اُنھوں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا جس زمین کو آسمان اور چشموں نے سراب کیا یا وہ زمین سیلابی ہو اس میں عُشر ہے اور جس زمین کو اونٹ پر پانی لاد کر سیراب کیا جائے اس میں نصف عُشر ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ پہلی حدیث کی تفسیر ہے کیونکہ پہلی حدیث یعنی عبداللہ بن عمر کی حدیث فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرُ، میں نصاب کی تعیین نہیں کی اور اس میں تعیین کو بیان کیا ہے اور ثقہ راوی کی زیادتی مقبول ہوتی ہے اور مفسر مبہم کا فیصلہ کرتا ہے جبکہ اس کی اہلِ ثبت (حافظہ والے) روایت کریں، جیسے فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کی کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ میں نماز نہیں پڑھی اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (کعبہ میں) نماز پڑھی ہے تو حضرت بلال کے قول کو لیا گیا اور فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کا قول چھوڑ دیا گیا،

١٣٩٧ ــــ شرح : حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے قول کی باب کے عنوان سے مناسب اس طرح ہے کہ شہد میں جریان پایا جاتا ہے اس کی طبع میں اُوپر سے گرنا ہے لہٰذا اس اعتبار سے یہ پانی کے مناسب ہے، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک قلیل وکثیر شہد میں عشر واجب ہے اور اس میں نصاب کی شرط نہیں ہے۔ امام ابویوسف رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جب شہد کی قیمت پانچ وسق کو پہنچے تو عشر واجب ہے، احناف نے ابن ماجہ کی حدیث سے استدلال کیا جو اُنھوں نے عمرو بن شعیب کے اسناد سے ذکر کی کہ "نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہد سے عُشر لیا، قرطبی نے بھی عمرو بن شعیب کے اسناد سے روایت کی کہ "نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں شہد کے ہر دس مشکیزوں سے ایک مشکیزہ عشر کیا جاتا تھا، ابوداؤد میں عمرو بن شعیب سے مروی ہے کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سنیان بن وہب کو لکھا اگر وہ شہد سے عشر ادا کرے جیسے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ادا کرتا تھا تو اس کے

marfat.com

علاقہ کی حفاظت کرو ورنہ وہ بادل کی مکھیاں ہیں جو چاہے اسے کھائے ،،اس حدیث میں کسی نے کلام نہیں کیا لہٰذا کم از کم یہ حدیث حسن ہے اور یہ دلیل بن سکتی ہے اگرچہ صحیح کے درجہ کو نہ پہنچے نیز مکھیاں پھلوں اور پھولوں سے لیتی ہیں جو شہد بنتا ہے لہذا اس میں بھی عشر واجب ہے جیسے پھلوں میں عشر واجب ہے ۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ زمین کی ہر پیداوار پر تھوڑی ہو یا زیادہ ہو عشر واجب ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں مقدار کی تعیین نہیں فرمائی ،، اگر یہ سوال ہو کہ یہ حدیث مجمل ہے اور ابوسعید کی حدیث "لیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ" ،، کہ پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں مفسر ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ عبداللہ بن عمر کی حدیث کو مجمل کہنا غیر مسلم ہے کیونکہ مجمل وہ ہے کہ اس کے صیغہ سے تامل وغیرہ کرنے سے مراد کا پتہ نہ چلے لہٰذا یہ حدیث مجمل نہیں اور کلمہ ما عام ہے اس لئے یہ حدیث عام ہے زمین کی ہر پیداوار کو شامل ہے" اور لکڑی ، کانے ، گھاس اور چارہ وغیرہ اس حکم سے بلا خلاف مستثنیٰ ہیں ،، اور اگر ان چیزوں کی باقاعدہ کاشت کی جائے تو ان میں بھی عشر واجب ہے عدمِ وجوب تو صرف اس تقدیر پر ہے جب کہ یہ خود بخود پیدا ہو جائیں ،، حضرت ابراہیم نخعی اور مجاہد رضی اللہ عنہما کا بھی یہی مذہب ہے ،،

قولہ ھذا تفسیر الاول الخ اس سے ابوسعید کی آگے آنے والی حدیث کی طرف اشارہ کیا اور "اول" سے مراد عبداللہ بن عمر کی حدیث ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بخاری کا یہ کلام ابوسعید کی حدیث کے بعد ہے ،، یعنی عبداللہ بن عمر کی حدیث کہ زمین کی ہر پیداوار سے عشر واجب ہے حدیث مجمل ہے اور ابوسعید کی حدیث پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں حدیث مفسر ہے اور یہ عبداللہ بن عمر کی حدیث کی تفسیر کرتی ہے لہٰذا زمین کی ہر پیداوار میں پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں مگر ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ ہم حدیث کا مجمل ہونا تسلیم نہیں کرتے اور نہ ہی اس کو اس کی تفسیر مانتے ہیں" الحاصل امام بخاری رضی اللہ عنہ کا مقصد یہ ہے کہ عبداللہ بن عمر کی حدیث نصاب اور نصاب سے کم کو شامل ہے یہ عام ہے اور ابوسعید کی حدیث نصاب کی مقدار کے ساتھ خاص ہے اور خاص و عام جب متعارض ہوں تو خاص عام کی تخصیص کرتا ہے مگر ہم کہتے ہیں کہ عام کا اپنے عموم پر جاری رہنا اس کی تخصیص سے بہتر ہے لہذا ابوسعید کی حدیث کو عبداللہ بن عمر کی حدیث کا مخصص جاننا غیر مسلم ہے ۔

قولہ کما روی الخ یعنی فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ میں کعبہ میں نماز نہیں پڑھی اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ میں نماز پڑھی لہذا نفی اور اثبات دونوں جمع ہو گئے اور حضرت بلال کے قول پر عمل ہے کیونکہ یہ حکم ثابت کرتا ہے اور فضل کا قول ترک کیا گیا کیونکہ یہ حکم کی نفی کرتا ہے دراصل قاعدہ یہ ہے کہ نفی جب دلیل سے معلوم ہو تو مثبت کے معارض ہوتی ہے ورنہ اس کا معارضہ نہیں کر سکتی اور فضل بن عباس کی حدیث میں نفی دلیل سے معلوم نہیں ہوتی لہذا یہ مثبت کا مقابلہ نہیں کر سکتی اس لئے حضرت بلال کی حدیث کو جو مثبت ہے ترجیح دی جاتی ہے ،، واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

بَابٌ لَيْسَ فِيمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ

مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِيمَا أَقَلُّ مِنْ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ وَلَا فِي أَقَلَّ مِنْ خَمْسٍ مِّنَ الْإِبِلِ الذَّوْدِ صَدَقَةٌ وَلَا فِي أَقَلَّ مِنْ خَمْسِ أَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ **بَابُ** أَخْذِ صَدَقَةِ التَّمْرِ عِنْدَ صِرَامِ النَّخْلِ وَهَلْ يُتْرَكُ الصَّبِيُّ فَيَمَسُّ تَمْرَ الصَّدَقَةِ **حَدَّثَنَا** عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْأَسَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب — پانچ وسق سے کم میں صدقہ نہیں

۱۳۹۸ —

ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور نہ پانچ اونٹ سے کم میں زکوٰۃ ہے اور نہ ہی پانچ اوقیہ چاندی سے کم میں زکوٰۃ ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے کہا۔ یہ پہلی حدیث کی تفسیر ہے جبکہ فرمایا" لیس فیما دون خمسة اوسق صدقة "، کیونکہ اُنھوں نے نصاب بیان نہیں کیا اور ہمیشہ علم میں اسے لیا جاتا ہے جو اہل ثبت نے زیادہ کیا ہو یا اُنھوں نے بیان کیا ہو "

۱۳۹۸ —

شرح : حدیث ۱۳۲۵ کی تفہیم میں اس کی تفصیل دیکھیں امام بخاری رحمہ اللہ نے اوّل سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث مراد لی ہے "، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عمر کی حدیث سے استدلال کیا کہ زمین سے جو کچھ پیداوار ہو قلیل ہو یا کثیر ہو اس میں عشر ہے نیز حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس زمین کو بارش سیراب کرے اس میں عشر ہے اور جو اونٹ پر لاد کر سیراب کی جائے اس میں نصف عشر ہے اس کی مسلم، نسائی، ابوداؤد اور امام احمد نے بھی روایت کی ہے یہ حدیث اپنے عموم کے اعتبار سے زمین کی ہر پیداوار میں عشر کے وجوب پر دلالت کرتی ہے ابن عربی رحمہ اللہ نے کہا اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب قوی تر ہے!

باب — کھجور کٹنے کے وقت اس کی زکوٰۃ لینا

کیا بچہ کو چھوڑ دیا جائے وہ صدقہ کے کھجور کو ہاتھ سے مس کرتا رہے"

۱۳۹۹ —

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس زکوٰۃ کی کھجوریں ان کے کٹنے کے وقت لائی جاتیں یہ شخص اپنے کھجور لاتا اور یہ اپنے کھجور سے صدقہ لاتا حتیٰ کہ آپ کے پاس کھجوروں کا ڈھیر لگ جاتا (امامان کریمان)

marfat.com

يُؤتى بالتمرِ عندَ صِرامِ النخلِ فيجئ هذا بتمرهِ وهذا من تمرهِ حتى يصيرَ عندهُ كومًا من تمرٍ فجعلَ الحسنُ والحسينُ يلعبانِ بذلكَ التمرِ فأخذَ أحدُهما تمرةً فجعلهُ في فيهِ فنظرَ إليهِ رسولُ اللهِ صلى اللهُ عليهِ وسلمَ فأخرجها من فيهِ فقالَ أما علمتَ أنَّ آلَ محمدٍ لا يأكلونَ الصدقةَ **باب** من باعَ ثمارَهُ أو نخلهُ أو أرضهُ أو زرعهُ وقد وجبَ فيهِ العشرُ أو الصدقةُ فأدّى الزكوةَ من غيرهِ أو باعَ ثمارَهُ ولم تجبْ فيهِ الصدقةُ وقولُ النبيِّ صلى اللهُ عليهِ وسلمَ لا تبيعوا الثمرةَ حتى يبدوَ صلاحُها فلم يخصَّ البيعَ بعدَ الصلاحِ على أحدٍ ولم

حسن وحسین رضی اللہ عنہما ان کھجوروں سے کھیلنے لگے اُن میں سے ایک نے کھجور پکڑی اور اسے اپنے منہ میں ڈال لیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا اور کھجور ان کے منہ سے نکال دی اور فرمایا کیا جانتے نہیں ہو کہ آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم صدقہ نہیں کھاتے ،،

۱۳۹۹ ـــــ **شرح** : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اٰلِ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا کے لئے صدقہ جائز نہیں ،، علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذخیرہ سے نقل کیا کہ بالاتفاق جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صدقہ حرام ہے مغنی میں ذکر کیا کہ ظاہر یہی ہے کہ فرض اور نفل تمام صدقات آپ پر حرام ہیں توضیح میں ذکر کیا کہ حدیث کی اس بات پر واضح دلالت ہے کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر صدقہ حرام ہے۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہما کا یہی مذہب ہے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کیا کہ بنو ہاشم پر صدقہ نافلہ حرام ہے لہذا فرض زکوٰۃ ان کے لئے سخت حرام ہے ،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا صحیح تر یہ ہے ان پر صرف زکوٰۃ حرام ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا وہ بنو ہاشم اور بنو عبد المطلب ہیں اور امام ابوحنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما نے کہا وہ صرف بنو ہاشم ہیں اور وہ حضرت علی، جعفر، عباس اور حارث بن عبد المطلب رضی اللہ عنہم کی اولادیں ہیں ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسنون یہ ہے کہ پھل پکنے پر اس کا عشر لیا جائے اور صدقات بادشاہ کے حوالہ کئے جائیں اگر زکوٰۃ کا مال علیحدہ کر دیا اور وہ چوری ہو گیا تو امام ابوحنیفہ اور امام مالک رضی اللہ عنہما کے مذہب میں زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے" اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسجد کو نماز کے بغیر مسلمانوں کے دوسرے امور میں استعمال کرنا جائز ہے جبکہ وہ شریعت مطہرہ میں مشروع ہوں ،، حدیث شریف میں ہے حبشی مسجد میں جنگی مشق کرتے تھے ،، حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بحرین سے مال لائے اور اس کو مسجد میں رکھ دیا پھر وہ تقسیم کیا گیا۔ الحاصل مسجد کو مسلمانوں کے اجتماعی مسائل میں استعمال کرنا جائز ہے البتہ شخصی طور پر اس کا استعمال جائز نہیں ،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ جس نے اپنے پھل یا کھجور کا درخت یا زمین یا کھیتی کو بیچا حالانکہ

marfat.com

١٤٠٠ يُخَصَّ مَنْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ الزَّكٰوةُ مِمَّنْ لَمْ تَجِبْ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ
دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ نَهٰى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا وَكَانَ اِذَا
١٤٠١ سُئِلَ عَنْ صَلَاحِهَا قَالَ حَتّٰى تَذْهَبَ عَاهَتُهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي
خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ
١٤٠٢ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ
الثِّمَارِ حَتّٰى تُزْهِيَ قَالَ حَتّٰى تَحْمَارَّ

اس میں عُشر واجب تھا اور اُس نے زکوٰۃ دوسرے مال سے ادا کردی یا وہ پھل بیچے جس میں صدقہ واجب نہ تھا اور نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اُرشاد کہ پھل اس وقت تک نہ بیچو حتیٰ کہ اس کی پختگی ظاہر ہو جائے، اور پختگی کے بعد بیچنے سے منع نہیں فرمایا اور نہ کسی کی تخصیص فرمائی کہ اس پر زکوٰۃ واجب ہوگئی ہو یا واجب نہ ہُوئی ہو۔"

١٤٠٠ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی بیع سے منع فرمایا حتیٰ کہ اس کی پختگی ظاہر ہو جائے۔ اور اس کی پختگی سے پوچھا جاتا تو فرماتے کہ اس کی آفت جاتی رہے"

١٤٠١ ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی بیع سے منع فرمایا حتیٰ کہ اس کی پختگی ظاہر ہو جائے"

١٤٠٢ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی بیع سے منع فرمایا حتیٰ کہ وہ رنگ دار ہو جائے یعنی سُرخ ہو جائے۔

عنوان میں نخل سے مراد وہ کھجور ہے جس پر پھل ہو اور "ارض" سے مراد وہ زمین ہے جس میں کھیتی ہو کیونکہ بعینہٖ درخت اور زمین میں صدقہ واجب نہیں اس ترجمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک پھل کی پختگی کے بعد بیع جائز ہے اس میں زکاۃ واجب ہو یا واجب نہ ہو" ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس سے بخاری کا مقصد امام شافعی کے اس قول کا رد ہے کہ پھل کی پختگی کے بعد اس کی بیع جائز نہیں حتیٰ کہ اس کی زکوٰۃ ادا کرے، کیونکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی پختگی کے بعد بیع حرام نہیں فرمائی اس میں زکوٰۃ واجب ہو یا واجب نہ ہو اور کسی کی تخصیص نہ فرمائی"

marfat.com

بَابٌ هَلْ يَشْتَرِي صَدَقَتَهُ وَلَا بَأْسَ أَنْ يَشْتَرِيَ صَدَقَةَ غَيْرِهِ إِلَّا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ إِنَّمَا نَهَى الْمُتَصَدِّقَ خَاصَّةً عَنِ الشِّرَى وَلَمْ يَنْهَ غَيْرَهُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ ۱۴۰۲
عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ تَصَدَّقَ بِفَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللهِ فَوَجَدَهُ يُبَاعُ فَأَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَهُ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْمَرَهُ فَقَالَ لَا تَعُدْ فِي صَدَقَتِكَ فَبِذٰلِكَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَتْرُكُ أَنْ يَبْتَاعَ شَيْئًا تَصَدَّقَ بِهِ إِلَّا جَعَلَهُ صَدَقَةً

شرح : اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے امام مالک رضی اللہ عنہ نے ۱۴۰۰ ، ۱۴۰۱ ، ۱۴۰۲ ——

کہا جس نے باغ یا زمین فروخت کی حالانکہ اس میں پھل یا کھیتی ہے جس کی پختگی ظاہر ہو چکی ہے۔ یہ بیع جائز ہے اور اس کی زکاۃ بائع پر واجب ہے جبکہ خریدار پر اس کی شرط نہ کی ہو امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا مشتری کو اختیار ہے کہ وہ بیع کو نافذ کرے یا مسترد کر دے اور عشر پھل سے لیا جائے گا ،، کیونکہ ساعی کا طریقہ کار یہ ہے کہ وہ جو پھل دیکھے اس سے عشر وصول کرتا ہے ،، اس لئے اتنی مقدار بائع سے لی جائے جیسے مبیعہ میں جب عیب ظاہر ہو تو اس کی قیمت بائع سے لی جاتی ہے ،، امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا یہ بیع فاسد ہے کیونکہ اس شئی کو فروخت کیا ہے جس کا مالک ہے اور مالک نہیں ہے کیونکہ جو مساکین کا حصہ ہے اس کا وہ مالک نہیں ہے لہٰذا بیع فاسد ہے ،، مگر ان تینوں ائمہ کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ جب درخت اور پھل کو بیچا اور پھل کی پختگی ظاہر نہ ہوئی ہو اس کی بیع جائز ہے اور اس کی زکوٰۃ مشتری (خریدار) پر واجب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ " یعنی کٹنے کے دن اس کا حق ادا کرو ،، اور جس حدیث میں پختگی سے پہلے بیع سے منع کیا گیا ہے وہ درخت کے سوا صرف پھل کی بیع پر محمول ہے کیونکہ اس پر آفت آنے کا خطرہ ہے لہٰذا مشتری کا مال ضائع ہونے کا ڈر ہے اور جب درخت سمیت پھل خرید لیا جائے اور اس پر پھل کچا ہو تو جائز ہے کیونکہ بیع کا محل صرف درخت ہے اور وہ آفت سے محفوظ ہے! اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جس پھل کی زکوٰۃ واجب ہے زکوٰۃ ادا کرنے سے پہلے اس کا فروخت کرنا جائز ہے اور اس کی زکوٰۃ کسی دوسری شئی سے ادا کر دے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب —— کیا اپنے صدقہ کا مال خرید سکتا ہے اور دوسرے کے صدقہ کو خریدنے میں حرج نہیں

کیونکہ نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف صدقہ دینے والے کو خریدنے سے منع فرمایا ہے ،، اور دوسروں کو منع نہیں فرمایا ،،

ترجمہ : حضرت سالم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے تھے کہ

۱۴۰۳ ——

marfat.com

١٤٠٤ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ
قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ بْنُ اَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَضَاعَهُ الَّذِىْ كَانَ عِنْدَهُ فَاَرَدْتُ اَنْ اَشْتَرِيَهُ وَظَنَنْتُ اَنَّهُ يَبِيْعُهُ بِرُخْصٍ فَسَاَلْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَشْتَرِهِ وَلَا تَعُدْ فِىْ صَدَقَتِكَ وَاِنْ اَعْطَاكَهُ بِدِرْهَمٍ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِىْ صَدَقَتِهِ كَالْعَائِدِ فِىْ قَيْئِهٖ

عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے گھوڑا اللہ کی راہ میں صدقہ کر دیا پھر دیکھا کہ اسے فروخت کیا جا رہا ہے تو انھوں نے اس کے خریدنے کا ارادہ کیا پھر وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے مشورہ لیا تو آپ نے فرمایا اپنے صدقہ کو واپس نہ لو اسی لئے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب کوئی شئ جس کا انھوں نے صدقہ کیا ہوا ہوتا، خریدتے تو اسے صدقہ کر دیتے تھے ،،

ترجمہ : ١٤٠٤ ـــــ زید بن اسلم نے اپنے باپ سے روایت کی کہ انہوں نے کہا میں نے عمر فاروق کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ میں نے ایک گھوڑا اللہ کی راہ میں خیرات کیا جس کے پاس وہ گھوڑا تھا اس نے اس کو خراب کر دیا میں نے اسے خریدنے کا ارادہ کیا اور میں نے خیال کیا کہ وہ سستا بیچ دے گا تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا اسے نہ خریدو اور اپنے صدقہ کو واپس نہ لو۔ اگرچہ وہ تجھے ایک درہم میں دے کیونکہ خیرات کر کے واپس لینے والا ایسا ہے جیسے قے کر کے اسے کھا جائے ،،

شرح : ١٤٠٣ ، ١٤٠٤ ـــــ قولہ فی سبیل اللہ الخ اس کا بظاہر مفہوم یہ ہے کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے گھوڑا وقف کیا تھا لہذا اس کا خریدنا صحیح نہیں مگر ایسا نہیں کیونکہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس گھوڑے کو غازی کی ملک کر دیا تھا اور اس کے خراب کر دینے کی صورت میں اس کو خریدنا چاہا تھا ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث کی روشنی میں اکثر علماء نے خیرات کردہ شئ فرض ہو یا نفل کو خریدنا مکروہ جانا ہے لیکن اگر کوئی صدقہ کی ہوئی شئ کو خریدے تو بیع فاسد نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ نہ خریدے اور اس میں سب کا اتفاق ہے کہ جس نے صدقہ کیا پھر اس کا وارث ہو گیا تو یہ اس کے لئے حلال ہے حدیث شریف میں ہے کہ ایک عورت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! میں نے اپنی والدہ پہ ایک لونڈی صدقہ کی تھی اور وہ فوت ہو گئی ہے آپ نے فرمایا تجھے صدقہ کا ثواب مل گیا اور میراث نے تجھے لونڈی واپس کر دی ،، یہ بلا کراہت جائز ہے اور بیع کی صورت میں اس لئے مکروہ ہے کہ جس پہ صدقہ کیا جائے وہ جب اسے فروخت کرے گا تو عادت یہ ہے کہ وہ اس میں مسامحت کرے گا تو گویا وہ بعض صدقہ واپس لینے والا ہو گا ،، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ خیرات کو خریدنا مکروہ نہ جانتے تھے جبکہ وہ خیرات کرنے والے کے ہاتھ سے نکل کر دوسرے کے ہاتھ میں چلا جائے حسن بصری اور ابن سیرین کا بھی یہی قول ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم !

marfat.com

بَابُ مَا يُذْكَرُ فِي الصَّدَقَةِ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ

حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ۱۴۰۵

قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ اَخَذَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِيْ فِيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِخْ كِخْ لِيَطْرَحَهَا ثُمَّ قَالَ اَمَا شَعَرْتَ اَنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ

باب ـــ جو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل کے لئے صدقہ کے بارے میں منقول ہے

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے صدقہ کی کھجور میں سے ایک کھجور پکڑی اور اس کو اپنے منہ میں ڈال لیا تو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھُو تھُو تاکہ وہ اسے پھینک دے پھر فرمایا کیا جانتے نہیں ہو کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے ہیں۔ ۱۴۰۵ ـــ

شرح : قولہٗ اما شعرت الخ یہ لفظ اس شئی میں استعمال کیا جاتا ہے جس کی تحریم وغیرہ واضح ہو اگرچہ مخاطب اسے نہ جانتا ہو یعنی اس کی حرمت واضح ہونے کے باوجود تم پر یہ کیسے مخفی رہی اگر انہیں یہ کہا جاتا کہ "لَا تَفْعَلْ" تو اس سے اتنی زجر نہ ہوتی جس قدر اس کلمہ میں زجر ہے،، ۱۴۰۵ ـــ

سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر صدقہ کی تحریم میں حکمت یہ ہے کہ زکوٰۃ ادا کرنے سے مال پاک ہوجاتے ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ" یعنی ان کے مالوں سے صدقہ لے کر ان کو پاک کرو،، معلوم ہوا کہ صدقہ میل کچیل ہے اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی آل لوگوں کی میل کچیل سے پاک وصاف ہے،، یا اس لئے کہ آلِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ بلند ہیں اور صدقہ لینے والے کا ہاتھ نیچا ہوتا ہے اور صدقہ لینے میں ذلت بھی ہے جو آلِ کرام کے لائق نہیں یہ کہنا بھی درست ہے کہ اگر آلِ کرام صدقات لیتے تو ان پر دشمنوں کی زبانیں دراز ہوتیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو اسلام کی دعوت دیتے ہیں تاکہ ہمارے مال لے کر اپنی آل کو کھلائیں اس لئے آپ نے فرمایا کہ لوگوں کے اموال کی زکوٰۃ انہیں کے فقراء میں تقسیم کی جائے،،

سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے ہیں وہ آپ سے بہت مشابہت رکھتے تھے۔ دو مرتبہ اپنا سارا مال اللہ کی راہ میں خرچ کر دیا۔ آپ انتہائی درجہ کے متقی اور پرہیزگار تھے حتیٰ کہ دنیا اور خلافت کو ترک کر دیا۔ آپ سات ماہ خلیفۃ المسلمین رہے پھر اسے امیر معاویہ کے حوالے کر دیا اس میں سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ کا اظہار ہے کہ آپ نے فرمایا تھا یہ میرا بیٹا سید ہے ان کے سبب اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے دو عظیم لشکروں

marfat.com

بَابُ الصَّدَقَةِ عَلٰى مَوَالِيْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۴۰۶ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وُجِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً مَيْتَةً اُعْطِيَتْهَا مَوْلَاةٌ لِمَيْمُوْنَةَ مِنَ الصَّدَقَةِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَّا انْتَفَعْتُمْ بِجِلْدِهَا قَالُوْا اِنَّهَا مَيْتَةٌ قَالَ اِنَّمَا حُرِّمَ اَكْلُهَا

میں صلح کرا دے گا۔ آپ ۳ھ میں پیدا ہوئے اور پچاس ہجری میں آپ کا انتقال ہوا ،، ایک روائت کے مطابق ان کا ۵۸ھ ہجری میں انتقال ہوا اور مدینہ منورہ جنت البقیع میں مدفون ہوئے ،، ان کے فضائل اور مناقب بے شمار ہیں

باب ـــــ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کے آزاد کردہ غلاموں پر صدقہ ،،

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مری ہوئی بکری پائی جو میمونہ کی لونڈی کو صدقہ دی گئی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے چمڑے سے تم نے نفع کیوں نہیں اٹھایا لوگوں نے کہا حضور یہ تو مردار ہے۔ آپ نے فرمایا مردار کا کھانا حرام ہے ،،

۱۴۰۶ ـــــ

شرح : ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا کی آزاد کردہ لونڈی کو صدقہ دیا گیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر کوئی تنقید نہ فرمائی۔ معلوم ہوا کہ آپ کے ازواج کے موالی کے لئے صدقہ حلال ہے باب کے عنوان کا مطلب بھی یہی ہے اس سے بخاری کا مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا تمام فقہا کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج کے لئے صدقہ حرام ہیں لہٰذا ان کے موالی کے لئے بھی صدقہ حرام نہیں مگر ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابن ابی ملیکہ کے طریق سے روائت کی کہ خالد بن سعید بن عاص نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو صدقہ بھیجا تو آپ نے اس کو واپس کر دیا اور کہا ہم آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ہمارے لئے صدقہ حلال نہیں خلال نے بھی ابن ابی ملیکہ کے طریق سے یہ روائت ذکر کی ہے ابن قدامہ نے اس کو ذکر کیا ،، ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں آپ کی آل ہیں ان کے لئے صدقہ لینا حرام ہے ،، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مردار کا چمڑہ دباغت سے پاک ہو جاتا ہے۔ امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور ان کے تلامذہ کا یہی مذہب ہے اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ مردار کے چمڑے سے دباغت کے بعد نفع حاصل نہیں کر سکتے اور نہ ہی یہ صحیح ہے کہ مردار کے چمڑے سے دباغت سے پہلے انتفاع کر سکتے ہیں ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ خنزیر اور آدمی کے چمڑے کے سوا ہر چمڑا دباغت سے پاک ہو جاتا ہے وہ ماکول اللحم کا چمڑا ہو یا غیر ماکول اللحم کا چمڑہ ہو ،، امام

marfat.com

حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ ۱۴۰۷
عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ لِلْعِتْقِ وَاَرَادَ مَوَالِيْهَا اَنْ يَشْتَرِطُوا
وَلَاءَهَا فَذَكَرَتْ عَائِشَةُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِشْتَرِيْهَا فَاِنَّمَا
الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ قَالَتْ وَاُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَقُلْتُ هٰذَا مَا تُصُدِّقَ بِهٖ عَلٰى بَرِيْرَةَ فَقَالَ
هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ **بَابُ** اِذَا تَحَوَّلَتِ الصَّدَقَةُ **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ ۱۴۰۸

شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ خنزیر اور کتے کے چمڑے کے سوا تمام چمڑے دباغت سے پاک ہو جاتے ہیں ماکول اللحم کے چمڑے ہوں یا غیر ماکول اللحم کے سوا، ان کو خشک اور تر استعمال کرنا جائز ہے امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا تمام چمڑے اوپر اوپر سے دباغت سے پاک ہو جاتے ہیں ان کا باطن پاک نہیں ہوتا ان کو خشک استعمال کرنا جائز ہے پانی سے تر کر کے ان کا استعمال صحیح نہیں ان پر نماز پڑھ سکتے ہیں مگر ان کو پہن کر نماز پڑھنا جائز نہیں ،، امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ کوئی چمڑہ دباغت سے پاک نہیں ہوتا اس جیسی امام مالک سے بھی ایک روایت ہے داؤد ظاہری نے کہا ہر چمڑہ دباغت سے پاک ہو جاتا ہے کتے اور خنزیر کی کوئی تخصیص نہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم۔ !
ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کی تفصیل حدیث ۴۴۶ کی تفہیم میں دیکھیں ،، ہدیہ اور صدقہ میں فرق یہ ہے کہ صدقہ میں آخرت کے ثواب کے لئے شئی ہبہ کی جاتی ہے اور ہدیہ من تہنئت کے اکرام و اعزاز کے لئے نذرانہ پیش کیا جاتا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

۱۴۰۷ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہ کو آزاد کرنے کے لئے ان کو خریدنے کا ارادہ کیا اور بریرہ کے مالکوں نے چاہا کہ اس کی ولاء اپنے لئے شرط کر لیں۔ ام المؤمنین نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا اس کو خرید لو ولاء تو اس کے لئے ہے جو اسے آزاد کرے۔ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گوشت لایا گیا تو میں نے کہا یہ وہ گوشت ہے جو بریرہ کو صدقہ میں ملا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اس کے لئے صدقہ ہے اور ہمارے لئے ہدیہ ہے ،،

باب ـــــ جب صدقہ محتاج کے حوالے کر دیا جائے

۱۴۰۸ ترجمہ : ام عطیہ انصاریہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کیا تمہارے پاس کوئی شئی (کھانے کے لئے) ہے ام المؤمنین نے کہا کچھ نہیں صرف وہ گوشت ہے جو نسیبہ نے اس بکری میں سے ہم کو بھیجا ہے جو آپ نے اسے صدقہ میں دی ہے ،، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ تو اپنے مقام پر پہنچ گئی ،،

marfat.com

ابن زریع قال حدثنا خالد عن حفصة بنت سیرین عن ام عطیة الانصاریة قالت دخل النبی صلی اللہ
علیہ وسلم علی عائشة فقال هل عندکم شیء فقالت لا الا شیء بعثت به الینا نسیبة من الشاة التی
۱۴۰۹ بعثت لها من الصدقة فقال انها قد بلغت محلها حدثنا یحیی بن موسی قال حدثنا
وکیع قال حدثنا شعبة عن قتادة عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی بلحم
تصدق به علی بریرة فقال هو علیها صدقة وهو لنا هدیة وقال ابو داود انبانا شعبة عن قتادة
سمع انسا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** اخذ الصدقة من الاغنیاء وترد فی الفقراء حیث
۱۴۱۰ **حدثنا** محمد بن مقاتل قال اخبرنا عبد اللہ قال اخبرنا زکریاء بن اسحاق عن یحیی بن

۱۴۰۹ ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گوشت لایا گیا جو بریرہ کو صدقہ میں ملا تھا آپ نے فرمایا وہ گوشت اس کے لئے صدقہ ہے اور ہمارے لئے ہدیہ ہے،، اور ابوداؤد نے کہا ہم کو شعبہ نے قتادہ سے خبر دی کہ انھوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے سنا،،

تشریح: سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ام عطیہ کو صدقہ کی بکری بھیجی اس نے اس کے گوشت سے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کو کچھ گوشت بطور ہدیہ بھیجا تھا اسی لئے آپ نے فرمایا وہ تو اپنے مقام پر پہنچ گیا،، یعنی جب ام عطیہ نے اسے قبول کر لیا تو وہ اس کی ملک میں داخل ہو گیا اور اب صدقہ نہ رہا تحول کا معنی بھی یہی ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ متصدق علیہ نے اگر اپنی مرضی سے صدقہ کے مال میں سے کسی غنی یا ہاشمی کو دے دیا تو غنی اور ہاشمی کے لئے اس صدقہ کے مال کو لینا جائز ہے کیونکہ وہ صدقہ کے مفہوم سے نکل گیا ہے۔

سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ کھا لیتے صدقہ نہ کھاتے تھے کیونکہ ہدیہ میں محبت کی دعوت ہے۔ حدیث شریف میں ہے،، تهادوا تحابوا،، ایک دوسرے کو ہدیہ کرو آپس میں محبت کرنے لگو گے۔ صدقہ میں یہ بات نہیں اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو شئ کسی علت کے باعث حرام ہو علت زائل ہو جانے سے وہ شئ حلال ہو جاتی ہے اور اشیاء میں تحریم ان کی ذوات میں داخل نہیں،،

باب — مال داروں سے زکوٰۃ لینا اور فقراء کو تقسیم کرنا وہ جہاں بھی ہوں!"

۱۴۱۰ ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل سے فرمایا جبکہ انکو یمن بھیجا تم ایک قوم کے پاس جا رہے ہو جو اہل کتاب ہیں جب ان کے پاس پہنچو تو ان کو یہ دعوت دو کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی شہادت دیں (ان کو توحید و رسالت کی دعوت دو) اگر وہ اس میں تمہاری اطاعت کریں تو

marfat.com

عبدِ اللّٰہ بنِ صَیفِی عَنْ اَبِی مَعْبَدٍ مَوْلَی ابنِ عَبَّاس عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللہ علیہ وَسَلَّمَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ حِیْنَ بَعَثَہٗ اِلَی الْیَمَنِ اَنَّکَ سَتَاْتِیْ قَوْمًا اَھْلَ الْکِتَابِ فَاِذَا جِئْتَھُمْ فَادْعُھُمْ اِلٰی اَنْ یَّشْھَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَاِنْ ھُمْ اَطَاعُوْا لَکَ بِذٰلِکَ فَاَخْبِرْھُمْ اَنَّ اللہ قد افترض علیھم خمس صلوات فی کل یوم ولیلۃ وَاِنْ ھُمْ اَطَاعُوْا لَکَ بِذٰلِکَ فَاَخْبِرْھُمْ اَنَّ اللّٰہَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَیْھِمْ صَدَقَۃً تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِیَائِھِمْ وَتُرَدُّ عَلٰی فُقَرَائِھِمْ فَاِنْ ھُمْ اَطَاعُوْا لَکَ بِذٰلِکَ فَاِیَّاکَ وَکَرَائِمَ اَمْوَالِھِمْ وَاتَّقِ دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّہٗ لَیْسَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ اللّٰہِ حِجَابٌ **بَابُ** صَلٰوۃِ الْاِمَامِ وَدُعَائِہٖ لِصَاحِبِ الصَّدَقَۃِ وَقَوْلِہٖ تَعَالٰی خُذْ مِنْ اَمْوَالِھِمْ صَدَقَۃً تُطَھِّرُھُمْ وَتُزَکِّیْھِمْ بِھَا وَصَلِّ عَلَیْھِمْ الْاٰیَۃَ **حَدَّثَنَا** حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہ علیہ وسلم اِذَا اَتَاہُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِھِمْ قَالَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ فُلَانٍ فَاَتَاہُ اَبِیْ بِصَدَقَتِہٖ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ اَبِیْ اَوْفٰی

ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ہر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں اگر وہ اس میں تمہاری اطاعت کریں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر زکوٰۃ فرض کی ہے جو ان میں مال داروں سے لی جائے اور ان میں سے فقراء کو تقسیم کی جائے اگر وہ اس میں تمہاری اطاعت کریں تو ان کے عمدہ اموال لینے سے بچو اور مظلوم کی بددعا سے بچتے رہو کیونکہ اس کی بد دعا اور خدا کے درمیان کوئی حجاب نہیں "

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حاکم کو وعظ کرنا اور اس کو ظلم سے ڈرانا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " اَلَا لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَ "، اللہ کی لعنت اس کی رحمت سے دُور کرنا ہے اور ظلم ہر شریعت میں حرام رہا ہے اور مظلوم کی بدعا مسترد نہیں ہوتی اگرچہ وہ کافر ہی ہو "، اور اللہ تعالیٰ جیسے مومن کے ظلم کو پسند نہیں کرتا اس طرح کافر کے ظلم کو بھی اچھا نہیں جانتا قرآن کریم میں ہے " انہٗ لا یظلم الناس شیئًا "، اللہ لوگوں پر ذرہ بھر ظلم نہیں کرتا۔ اس عموم میں مومن و کافر سب داخل ہیں۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب ـــــ امام کا صدقہ دینے والے کے لئے دعاء کرنا "

ترجمہ : اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد! آپ ان کے مالوں سے زکوٰۃ لیجئے اور انہیں اس کے ذریعہ پاک و صاف کیجئے اور ان کے لئے دُعا

۱۴۱۱ ـــــ

کیجئے! حضرت عبداللہ بن اوفیٰ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب لوگ اپنے صدقات لے کر آتے تو آپ فرماتے اے اللہ آل فلاں پر اپنی رحمت نازل فرما میرا باپ صدقہ لے کر آپ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا اے اللہ آل ابی اوفیٰ پر اپنی رحمت فرما۔

marfat.com

باب مَا يُسْتَخْرَجُ مِنَ الْبَحْرِ وَقَالَ ابْنُ

عباس لَيْسَ الْعَنْبَرُ بِرِكَازٍ هُوَ شَيْءٌ دَسَرَهُ الْبَحْرُ وَقَالَ الْحَسَنُ فِي الْعَنْبَرِ وَاللُّؤْلُؤِ الْخُمُسُ وَإِنَّمَا جَعَلَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الرِّكَازِ الْخُمُسَ لَيْسَ فِي الَّذِي يُصَابُ فِي الْمَاءِ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ سَأَلَ بَعْضَ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنْ يُسْلِفَهُ أَلْفَ دِينَارٍ فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ فَخَرَجَ فِي الْبَحْرِ فَلَمْ يَجِدْ مَرْكَبًا فَأَخَذَ خَشَبَةً فَنَقَرَهَا فَأَدْخَلَ فِيهَا أَلْفَ دِينَارٍ فَرَمَى بِهَا فِي الْبَحْرِ فَخَرَجَ الرَّجُلُ الَّذِي كَانَ أَسْلَفَهُ فَإِذَا بِالْخَشَبَةِ فَأَخَذَهَا لِأَهْلِهِ حَطَبًا فَذَكَرَ الْحَدِيثَ فَلَمَّا نَشَرَهَا وَجَدَ الْمَالَ

شرح : صلوٰۃ ،، سے مراد دعاء ہے کیونکہ یہ اس کا لغوی معنیٰ ہے ،، دُعا کا عطف صلوٰۃ پر اس لئے کیا ہے کہ یہ نہ سمجھ لیا جائے کہ دُعاء صلوٰۃ کے لفظ سے ہی ہوتی ہے بلکہ جس لفظ سے دعاء کی جائے جبکہ اس سے ثنا اور خیر کا معنی ادا ہو جائے کافی ہے ،، جیسے آجرک اللہ فیما اعطیت، بارک اللہ فیما ابقیت یا یوں کہے اللّٰھم اغفرلہ وارحمہ وتقبل منہ اِن جیسے الفاظ سے دُعا کا معنیٰ ادا ہو جاتا ہے ،،

اس حدیث سے ان لوگوں نے جو غیر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پر استقلالاً صلوٰۃ کے مجوّز ہیں استدلال کیا ہے۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کا بھی یہی قول ہے۔ امام ابوحنیفہ اور آپ کے تلامذہ اور امام مالک، شافعی رضی اللہ عنہم نے کہا غیر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پر استقلالاً صلوٰۃ جائز نہیں لہٰذا یہ نہیں کہا جاتا، اللّٰھم صَلِّ علی اٰل ابی بکر اور نہ یہ کہا جاتا ہے۔ اللّٰھم صل علی اٰل ابی عمر اکثر علماء کا یہی مسلک ہے البتہ غیر نبی پر بالتبع صلوٰۃ جائز ہے اور مذکور حدیث کا جواب یہ ہے کہ یہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص سے ہے کیونکہ کسی نے بھی ذکر نہیں کیا کہ آپ نے زکوٰۃ فراہم کرنے والوں کو یہ حکم دیا ہو کہ وہ زکوٰۃ دینے والوں پر صلوٰۃ بھیجیں۔ اگر یہ مناسب ہوتا تو آپ ان کو اس کا حکم فرماتے ،، الحاصل جیسے عزّوجل اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور محمد عزّوجل نہیں کہا جاتا اگرچہ آپ عزیز و جلیل ہیں اسی طرح صلی اللہ علیہ ،، انبیاء کرام کے ساتھ خاص ہے لہٰذا ابوبکر صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہا جاتا اگرچہ معنی درست ہے صحیح تر قول یہ ہے کہ غیر انبیاء پر صلوٰۃ بالاستقلال مکروہ ہے بعض حرام کہتے ہیں اور بعض اسے آداب سے شمار کرتے ہیں ،، واللہ ورسولہ اعلم !

باب ـــــ جو سمندر سے نکالا جائے ،،

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا عنبر رکاز نہیں عنبر ایسی چیز ہے جس کو سمندر پھینکتا ہے ،، اور حسن بصری نے کہا عنبر اور موتی میں خُمس (پانچواں حصّہ) ہے ،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکاز میں خُمس مقرر کیا .. جو پانی میں پایا جائے اس میں خمس نہیں اور لیث نے کہا مجھے جعفر بن ربیعہ نے عبدالرحمٰن بن ہُرمز سے بیان کیا کہ اُنھوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے

marfat.com

بَابٌ فِی الرِّکَازِ الْخُمُسُ وَقَالَ مَالِکٌ

اُنھوں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ بنی اسرائیل میں سے ایک شخص نے بنی اسرائیل کے ایک شخص سے سوال کیا کہ وہ اسے ایک ہزار دینار قرضہ دے اُس نے اس کو دے دیا وہ سمندر پر گیا اور کشتی نہ ملی اُس نے ایک لکڑی لی اور اس کو کرید کر اس میں ایک ہزار دینار رکھ دیئے اور اسے سمندر میں پھینک دیا وہ شخص جس نے اس کو قرضہ دیا تھا باہر نکلا تو ایک لکڑی دیکھی تو اس کو اپنے گھر کے لئے ایندھن لے آیا پھر پوری حدیث بیان کی جب اُس نے لکڑی کو کھولا تو اُس نے اپنا مال پایا ،،

شرح : عنبر خوشبو کی قسم ہے علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا عنبر سمندر کی جھاگ ہے بعض کہتے ہیں کہ وہ سمندری جانور کا گوبر ہے ۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا وہ ایک بوٹی ہے جسے اللہ تعالیٰ سمندر کے کنارے پر اُگاتا ہے واللہ اعلم!

قولہٗ رکاز ،، معدن (کان) اور کنز (خزانہ) دونوں پر رکاز کا اطلاق ہوتا ہے معدن کا اطلاق خصوصًا اس پر ہوتا ہے جو خلقۃً زمین میں پائی جاتی ہے اور کنز وہ ہے جو زمین میں مدفون ہو ،، رکاز دونوں کو شامل ہے مجمع الغرائب میں ہے کہ رکاز معدن ہے ۔ بعض کہتے ہیں جاہلیت کے خزانے رکاز ہیں ۔ ابن قدامہ نے کہا موتی، مرجان اور عنبر وغیرہ جو سمندر سے نکالے جاتے ہیں ان کو رکاز نہیں کہا جاتا اس طرح ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی روایت کی ہے امام ابوحنیفہ، مالک، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم کا بھی یہی قول ہے ، امام حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ عنبر اور موتیوں میں خمس ہے ۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کے رد میں ذکر کیا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکاز میں خمس فرمایا ہے اور جو شئی سمندر سے نکالی جائے وہ رکاز نہیں لہٰذا عنبر اور موتیوں وغیرہ میں خمس نہیں ہے ۔

باب کا عنوان ہے جو شئی سمندر سے نکالی جائے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت بھی اس پر دلالت کرتی ہے اس طرح دونوں میں مطابقت محض استخراج من البحر میں پائی جاتی ہے اور عنوان سے مناسبت کے لئے اتنی قدر کافی ہے ،، اس حدیث سے امام بخاری رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ عنبر اور موتی وغیرہ جو سمندر سے نکالے جاتے ہیں ان میں خمس نہیں کیونکہ ان پر رکاز کا اطلاق نہیں ہوتا اور خمس رکاز میں ہے ؛ چنانچہ حدیث میں مذکور جس شخص نے دنانیر والی لکڑی اُٹھائی تھی اس کا یہ گمان نہ تھا کہ اس میں دینار ہیں جو فلاں کو قرض دیئے تھے وہ تو صرف جلانے کے لئے اس کو اُٹھا لایا تھا اور اس میں خمس کا کہیں بھی ذکر نہیں ہے ،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کوئی اللہ تعالیٰ پر توکل کرے اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرتا ہے جیسے قرض دینے والے شخص نے توکل کیا تھا اور اسی طرح قرض ادا کرنے والے نے اللہ پر توکل کیا اور دونوں بامراد کامیاب ہوئے ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ " وَفِی الرِّکَازِ الْخُمُسُ ،، ان الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ جو رکاز نہیں اس میں خمس نہیں اور سمندر پر رکاز کا اطلاق نہیں ہوتا اور موتی اور عنبر وغیرہ سمندر کی پیداوار ہے لہٰذا یہ مچھلی اور صدف جیسے ہیں ان میں خمس نہیں اور مذکور شخص کا سمندر سے لکڑی ایندھن کے لئے اُٹھا لانا اس بات کی دلیل ہے کہ سمندر میں سے جو شئی ملے اس میں کوئی واجب نہیں ہے ۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ صرف رکاز میں خمس (پانچواں حصّہ) ہے

marfat.com

وَابْنُ اِدْرِیْسَ الرِّکَازُ دِفْنُ الْجَاهِلِیَّةِ فِیْ قَلِیْلِهٖ وَکَثِیْرِهٖ الْخُمُسُ وَلَیْسَ الْمَعْدِنُ بِرِکَازٍ وَقَدْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَعْدِنِ جُبَارٌ وَفِی الرِّکَازِ الْخُمُسُ وَاَخَذَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ مِنَ الْمَعَادِنِ مِنْ کُلِّ مِائَتَیْنِ خُمُسَةً وَقَالَ الْحَسَنُ مَا کَانَ مِنْ رِکَازٍ فِیْ اَرْضِ الْحَرْبِ فَفِیْهِ الْخُمُسُ وَمَا کَانَ مِنْ اَرْضِ السِّلْمِ فَفِیْهِ الزَّکٰوةُ وَاِنْ وَجَدَ لُقَطَةً فِیْ اَرْضِ الْعَدُوِّ فَعَرَّفَهَا فَاِنْ کَانَتْ مِنَ الْعَدُوِّ فَفِیْهَا الْخُمُسُ وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ الْمَعْدِنُ رِکَازٌ مِثْلُ دِفْنِ الْجَاهِلِیَّةِ لِاَنَّهٗ یُقَالُ اَرْکَزَ الْمَعْدِنُ اِذَا اُخْرِجَ مِنْهُ شَیْءٌ قِیْلَ لَهٗ فَقَدْ یُقَالُ لِمَنْ وُهِبَ لَهُ الشَّیْءُ وَرَبِحَ رِبْحًا کَثِیْرًا اَوْ کَثُرَ ثَمَرُهٗ اَرْکَزْتَ ثُمَّ نَاقَضَهٗ وَقَالَ لَا بَاْسَ اَنْ یَکْتُمَهٗ وَلَا یُؤَدِّیَ الْخُمُسَ

امام مالک اور امام محمد بن ادریس شافعی رضی اللہ عنہما نے کہا رکاز جاہلیت کا دفینہ ہے اس کے قلیل و کثیر میں خمس ہے اور معدن رکاز نہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معدن میں کچھ نہیں اور رکاز میں خمس ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے معادن سے ہر دو سو دراہم سے پانچ دراہم لئے امام حسن بصری نے کہا دارِ حرب کی زمین میں جو رکاز پایا جائے اس میں خمس ہے اور جو صلح کی زمین میں سے ملے اس میں زکوٰۃ ہے اور اگر دشمن کی زمین میں سے ملے تو اس میں زکوٰۃ ہے اگر تو دشمن کی زمین میں گمی ہوئی شئ پائے تو اس کی تشہیر کر اور اگر دشمن کی زمین میں پائے تو اس میں خمس (پانچواں حصہ) ہے ،، بعض لوگوں نے کہا جاہلیت کے دفینہ کی طرح معدن رکاز ہے اس لئے کہ کہا جاتا ہے " اَرْکَزَ الْمَعْدِنُ اِذَا اُخْرِجَ مِنْهُ شَیْءٌ " ، یعنی جب معدن سے کوئی شئ نکلے تو " اَرْکَزَ الْمَعْدِنُ " ، کہا جاتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ جس کو کوئی شئ ہبہ کی جائے یا وہ کثیر نفع کمائے یا اس کے باغ کا پھل زیادہ آئے تو اسے کہا جاتا ہے " اَرْکَزْتَ " ، بعض لوگوں نے اس کا خلاف کیا اور کہا کہ اس کے چھپانے میں حرج نہیں اور خمس ادا نہ کرے

شرح — امام شافعی رضی اللہ عنہ کا قدیم قول یہ ہے کہ رکاز میں خمس ہے اور وہ جاہلیت کا دفینہ ہے جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو وہ تھوڑا ہو یا زیادہ اس میں خمس واجب ہے اور ان کا جدید قول یہ ہے کہ رکاز جب تک نصاب کو نہ پہنچے اس میں خمس واجب نہیں ہے ،،

امام مالک اور شافعی رضی اللہ عنہما نے معدن اور رکاز میں فرق کیا کہ معدن میں کچھ نہیں اور رکاز میں خمس ہے لہٰذا معدن رکاز نہیں ہے اور معدن وہ ہے جو سونا چاندی وغیرہ خلقۃً زمین میں پایا جائے۔ اُنھوں نے مذکور حدیث سے استدلال کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکاز میں خمس فرمایا اور معدن کو ہدر فرمایا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے معدن کو رکاز سے جدا سمجھا اور معادن سے خمس نہ لیا بلکہ ہر دو سو درہم سے پانچ درہم ہیں اس میں بھی امام شافعی رضی اللہ عنہ کے مسلک کی تائید ملتی ہے ،،

امام حسن بصری رضی اللہ عنہ نے کہا جو دفینہ دشمن کی زمین سے ملے اس میں خمس ہے اور جو صلح کی زمین میں سے پایا جائے اس میں زکوٰۃ ہے اور لقطہ اگر دشمن کی زمین میں سے پایا جائے تو اس کی تشہیر کرے اور اگر وہ دشمن کا مال ہے تو اس میں خمس ہے وہ لقطہ کے حکم میں نہیں ،، امام حسن بصری کے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ رکاز میں مطلقاً خمس واجب ہے اور یہ قول احناف کے مسلک کے زیادہ قریب ہے ..

marfat.com

قال بعض الناس آہ اس سے مراد امام ہمام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ ہیں مگر مسئلہ کی تقریر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس بعض الناس میں سفیان ثوری اور اوزاعی بھی شامل ہیں کیونکہ ان کا مذہب بھی یہ ہے کہ معدن اور رکاز کا حکم واحد ہے اور اس کے قلیل وکثیر میں خمس واجب ہے جیسا کہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں چنانچہ ابن بطال رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ، سفیان ثوری اور دیگر علماء کہتے ہیں کہ معدن رکاز کی مثل ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ عرب کہتے ہیں جبکہ کوئی رکاز پائے" اَرْكَزَ الرَّجُلُ " امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ بعض الناس کہتے ہیں کہ معدن رکاز ہے کیونکہ کہا جاتا ہے" ارکز المعدن "، جبکہ اس سے کچھ نکلے.. لہٰذا معدن میں بھی رکاز کی طرح خمس ہے ،، امام بخاری نے اعتراض کیا کہ اگر یہ تسلیم کر لیا جائے تو لازم آئے گا کہ مال موہوب میں بھی خمس واجب ہو اور اسی طرح اس کو نفع زیادہ ہو یا باغ میں پھل بکثرت آپائے تو اس میں بھی خمس واجب ہو کیونکہ جب کسی کو کچھ ہبہ ہو یا اس کو زیادہ نفی وغیرہ حاصل ہو تو عرب لوگ کہتے ہیں اَرْكَزْتَ ،، حالانکہ ساری امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ان اشیاء میں خمس نہیں ہے اور مناقضہ کی تقریر یہ ہے کہ اُنھوں نے کہا کہ معدن میں خمس واجب ہے کیونکہ یہ رکاز ہے پھر یہ کہہ دیا کہ جائز ہے کہ رکاز کو چھپائے اور خمس نہ دے حالانکہ رکاز معدن کو شامل ہے ،،

امام طحاوی نے کہا کہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا جو کوئی رکاز پائے اس کے لئے حرج نہیں کہ اس میں سے مساکین کو خمس دے اور اگر وہ محتاج ہو تو خود کھالے نیز امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا اگر کسی کو اس کے گھر سے معدن ملے اس میں کچھ واجب نہیں حالانکہ یہ معدن کو بھی رکاز کہتے ہیں ،،

پہلے اعتراض میں دلیل منقوض ہے اور دُوسرے میں حکم منقوض ہے" اس کا جواب یہ ہے کہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا معدن رکاز جیسی ہے اور عربوں کے اس قول" اَرْكَزَ الرَّجُلُ ،، سے استدلال کیا کہ جب کسی کو سونے کا ٹکڑا زمین سے ملے تو اسے کہا جاتا ہے" اَرْكَزْتَ " اور کسی عرب اور غیر عرب سے یہ منقول نہیں کہ وہ اسے" اَرْكَزَ الْمَعْدَنُ" کہے وہ تو صرف" اَرْكَزَ الرَّجُلُ "کہتے ہیں اور جب اَرْكَزَ الْمَعْدَنُ "کہنا ہی صحیح نہیں تو اسے اعتراض کی اساس بنانا جائز نہیں اور اس قول کے ساتھ الزام صحیح نہیں کہ جسے کوئی شئ ہبہ کی جائے یا اس کو نفع کثیر حاصل ہو یا اس کے باغ میں پھل زیادہ آئے تو اسے کہا جاتا ہے" اَرْكَزْتَ ،، لہٰذا موہوب اور منافع اور پھل میں خمس واجب ہونا چاہیئے کیونکہ" اَرْكَزَ الرَّجُلُ ،، جبکہ اس کو سونے کا ٹکڑا زمین میں سے ملے کو یہ لازم نہیں کہ جب کسی کو کچھ ہبہ، نفع وغیرہ حاصل ہو تو اسے کہا جائے" اَرْكَزْتَ ،، کیونکہ" ارکز الرجل ،، اسی وقت ہی کہا جاتا ہے کہ جب کوئی زمین سے سونے کا ٹکڑا پائے ،، اور اس قید (سونے کا ٹکڑا) کے بغیر" ارکز الرجل" نہیں کہا جاتا نیز امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کا مناقضہ بھی صحیح نہیں کیونکہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کی مراد (طحاوی کے منقول قول سے) یہ ہے کہ جس کو رکاز ملے تو وہ اسے اپنے اس حق کے عوض میں جو اس کا بیت المال میں حق ہے رکھ سکتا ہے امام رضی اللہ عنہ نے معدن میں واجب حق کو ساقط نہیں کیا ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا امام بخاری کا مناقضہ محض تعسُّف ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

marfat.com

۱۴۱۲ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ

۱۴۱۳ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا وَمُحَاسَبَةِ الْمُصَدِّقِيْنَ مَعَ الْاِمَامِ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنَ الْاَسْدِ عَلٰى صَدَقَاتِ بَنِيْ سُلَيْمٍ يُدْعٰى ابْنَ اللُّتْبِيَّةِ فَلَمَّا جَاءَ حَاسَبَهٗ

۱۴۱۲ ——

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " کہ عجماء ، کنواں اور معدن تینوں ہدر ہیں اور رکاز میں خمس (پانچواں حصہ) ہے "

شرح : عجماء یعنی حیوانات کا فعل ان کو عجماء اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ کلام نہیں کرتے " یعنی جب کوئی جانور اپنے مالک سے چھوٹ کر کسی انسان کو ہلاک کر دے یا کس کا نقصان کر دے تو وہ ہدر ہے مالک پر اس کا تاوان نہیں اسی طرح اگر کسی شخص نے لوگوں کے پانی پینے کے لئے جنگل میں کنواں کھدوایا اور اس میں کوئی گر کر مر گیا یا کسی شخص کو کنواں کھودنے کے لئے مزدوری پر لایا تاکہ وہ اس کی ملکیت میں کنواں کھود دے اور اس اجیر پر کنواں گر گیا اور وہ مر گیا تو مستاجر پر کوئی تاوان نہیں اسی طرح زمین میں سے دھات وغیرہ نکالنے کے لئے اجیر لایا اور اس پر کان گر گئی اور وہ مر گیا تو مستاجر پر ضمان نہیں ہے جبار کا معنی ہدر اور لغو ہے " حدیث شریف میں "رکاز" کا "معدن" پر عطف کیا اور یہ مغائرت کا مقتضی ہے معلوم ہوا کہ رکاز اور معدن دونوں مختلف ہیں معدن میں کوئی شئی نہیں اور رکاز میں خمس یعنی پانچواں حصہ ہے " لہٰذا حدیث کی اس بات پر دلالت واضحہ ہے کہ معدن رکاز نہیں ہے " امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہی مقصد ہے مگر اخفاء کہتے ہیں کہ امام بیہقی نے معرفت میں حبان بن علی کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " رکاز سونا ہے جو زمین میں پیدا ہوتا ہے " ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپ سے عرض کیا گیا " رکاز کیا شئی ہے تو آپ نے فرمایا رکاز سونا ہے کہ جس روز اللہ تعالیٰ نے زمین پیدا کی اس میں سونا بھی پیدا کر دیا " اس حدیث سے واضح معلوم ہوتا ہے کہ رکاز ہی معدن ہے " نیز بیہقی نے مکحول سے روایت کی کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے معدن کو رکاز جان کر اس میں خمس واجب کیا معلوم ہوا کہ معدن اور رکاز شئی واحد ہیں اور حدیث میں معدن کا محمل وہ ہے جو ہم نے ذکر کیا ہے ۔ واللہ اعلم !

باب ـــ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "وَالْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا" اور صدقہ وصول کرنے والے سے امام کا محاسبہ "

۱۴۱۳ ـــ ترجمہ : ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ اسد سے ایک شخص کو بنو سلیم کے مالوں کی زکوٰۃ کی فراہمی کے

marfat.com

بَابُ اِسْتِعْمَالِ اِبِلِ الصَّدَقَةِ

وَاَلْبَانِهَا لِاَبْنَاءِ السَّبِيْلِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُنَاسًا مِنْ ۱۴۱۴
عُرَيْنَةَ اجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ فَرَخَّصَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْتُوا اِبِلَ الصَّدَقَةِ فَيَشْرَبُوا
مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا فَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَاسْتَاقُوا الذَّوْدَ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِهِمْ فَقَطَعَ
اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ اَعْيُنَهُمْ وَتَرَكَهُمْ بِالْحَرَّةِ يَعَضُّوْنَ الْحِجَارَةَ تَابَعَهُ اَبُوْ قِلَابَةَ وَثَابِتٌ وَحُمَيْدٌ
عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

لئے حاکم مقرر کیا جس کو ابن لُتبیّہ،، کہا جاتا ہے جب وہ (مال لے کر آیا) تو اس کا محاسبہ کیا۔

شرح : ابن لُتبیّہ کو سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ اسد سے ایک شخص کو بنو سُلیم کے مالوں کی زکوٰۃ کی فراہمی کے لئے عامل مقرر کیا تھا جب وہ زکوٰۃ لے کر آیا تو اس سے حساب لیا،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کوئی مسلمانوں کے اُمور کے اہتمام میں مشغول ہو تو اس کے عمل کے مطابق اس کو بیت المال سے وظیفہ دینا جائز ہے اور عاملوں اور حاکموں کا محاسبہ کرنا جائز ہے اور افضل کے ہوتے ہُوئے غیر افضل کو حاکم بنانا جائز ہے،، اور ان کے عمل سے اُن کا وظیفہ مقرر کرنا جائز نہیں بلکہ امام اپنی صوابدید پر جو چاہے اس کو عمالت اور اجرت دے،، محاسبہ سے انسان کی دیانتداری کی وضاحت ہوتی ہے اسی لئے سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ عمّال کا محاسبہ کیا کرتے تھے،، نیز اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم جب کسی کو دیکھے کہ وہ تاویل میں غلطی کر رہا ہے جس کا نقصان عام لوگوں کو پہنچنے کا ڈر ہو تو وہ اس کی خطاء علانیہ طور پر بیان کر دے جیسے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبہ میں ابن لتبیّہ کی خطاء کا اعلان فرمایا تھا جبکہ وہ مال لے کر آیا اور کہا یہ زکوٰۃ ہے اور یہ مجھے بطور ہدیہ اور نذرانہ ملا ہے تو آپ نے فرمایا وہ اپنے گھر بیٹھا رہے پھر دیکھے اس کے پاس کیسے ہدایا آتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

باب ــــ مسافروں کا صدقہ کے اونٹ اور ان کا دودھ استعمال کرنا ،،

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ قبیلہ عُرَیْنَہ ۱۴۱۴ ــــ سے چند لوگ مدینہ منوّرہ آئے اور اُنھوں نے اس کی آب و ہوا کو ناموافق پایا تو جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو رخصت دی کہ وہ صدقہ کے اونٹوں میں جا کر ان کا دودھ اور پیشاب پئیں ان لوگوں نے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ لے کر بھاگ گئے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے آدمی بھیجے پھر ان کو لایا گیا تو آپ نے ان کے ہاتھ اور پاؤں کٹوا دیئے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھروا دیں اور ان کو گرم پتھریلی زمین میں پھینک دیا وہ پتھروں کو چباتے تھے ابو قلابہ، حُمَید اور ثابت نے انس سے روائت کرنے میں قتادہ کی متابعت کی۔

marfat.com

بَابُ وَسْمِ الْاِمَامِ اِبِلَ الصَّدَقَةِ بِيَدِهٖ

۱۴۱۵ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو وَقَالَ حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ غَدَوْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ يُحَنِّكُهٗ فَوَافَيْتُهٗ فِيْ يَدِهِ الْمِيْسَمُ يَسِمُ اِبِلَ الصَّدَقَةِ

۱۴۱۴ ــــ شرح : حَرَّہ پتھریلی زمین ہے اس میں پتھر سیاہ تھے گویا کہ وہ آگ سے جلائے گئے ہیں ،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ باب کے عنوان سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرورت کے وقت حرام شئ کے ساتھ دوا کرنی جائز ہے۔ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں اس لئے کٹوا دیئے تھے کہ وہ مرتد ہو جانے کے علاوہ ڈاکہ زن تھے ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھروانا مثلہ کے نسخ سے پہلے تھا ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث سے امام بخاری کا مقصد یہ ہے کہ صدقہ کے مصارف کی آٹھ اقسام سے صرف ایک قسم کو صدقہ دینا صحیح ہے بخلاف امام شافعی رضی اللہ عنہ کے وہ آٹھ اقسام میں سے ہر قسم پر صدقہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں ،، اور یہ حجت یقینی ہے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسافروں کا صدقہ کے اونٹوں سے نفع حاصل کرنے کو علیحدہ ذکر کیا ہے جب آٹھ اقسام سے ایک قسم کو علیحدہ ذکر کیا تو معلوم ہوا کہ ایک قسم پر صدقہ کرنا جائز ہے۔ مزید تفصیل حدیث ۲۳۳ کی تفہیم میں دیکھیں - واللہ ورسولہ اعلم !

باب ــــ امام کا صدقہ کے اونٹوں کو اپنے ہاتھ سے داغ دینا ،،

۱۴۱۵ ــــ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں صبح سویرے عبداللہ بن ابوطلحہ کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے کر گیا تاکہ آپ اسے تحنیک فرمائیں میں نے آپ کو اس حال میں پایا کہ آپ کے ہاتھ میں داغ دینے کا آلہ تھا جس سے آپ صدقہ کے اونٹوں کو داغ دے رہے تھے ،،

۱۴۱۵ - شرح تحنیک کا معنیٰ یہ ہے کہ کھجور کو چبا کر بچے کے منہ میں رکھا جائے اور شہادت کی انگلی سے اس کے تالو سے لگا دی جائے تاکہ وہ آہستہ آہستہ اس کے حلق میں اترتی رہے اسے "گھٹی" بھی کہتے ہیں" موافات ،، کا معنی اتیان ہے ،، مِیْسَم ،، داغ دینے کا آلہ ہے جس سے حیوانات کو داغ دیا جاتا ہے جانوروں کو داغ دینے کا فائدہ یہ ہے کہ وہ ایک دوسرے سے متمایز ہو جائیں اور اگر کوئی آدمی جانور صدقہ کرے تو اس کا کسی اور سبب سے واپس آنے کا خوف زائل ہو جائے چہرے پر داغ دینا مکروہ ہے اور جس روایت میں تعذیب حیوان سے منع کیا گیا ہے اس سے وسم حیوان مخصوص ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بچے کو متقی اور پرہیزگاروں کے پاس لے جا کر ان سے تحنیک کرانی چاہیئے تاکہ وہ اس کے لئے دعا کریں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک میں

marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بَابُ فَرْضِ صَدَقَةِ الْفِطْرِ وَرَأَى أَبُو الْعَالِيَةِ وَعَطَاءٌ وَابْنُ سِيْرِيْنَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ فَرِيْضَةٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا ۱۴۱۶
اِسْمَاعِيْلُ هُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ عَلَى الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى وَالصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُؤَدّٰى قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلٰوةِ

لوگوں کی عادت تھی کہ وہ آپ کے تھوک مبارک سے تبرک حاصل کیا کرتے تھے،، مذکور عبداللہ بن ابو طلحہ حضرت انس بن مالک کا بھائی ہے کیونکہ ام سُلیم بنت ملحان رضی اللہ عنہا دونوں کی والدہ ہے: دریہ دونوں اخیافی بھائی ہیں صحیح میں ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے والدین کے لئے دُعاء فرمائی تھی جبکہ اُنھوں نے ایک رات جماع کیا تھا آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہاری رات کی کارروائی میں برکت کرے ۔ چنانچہ اس رات ام سُلیم حاملہ ہوگئیں اور اس حمل سے عبداللہ پیدا ہوئے وہ قرآن کریم کے قاری تھے اور اس کے نو یا دس بچے قرآن کے قاری تھے ۔عبداللہ صحابی ہیں اور وہ فارس میں شہید ہوگئے تھے ۔ واللہ ورسُولہ اعلم!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

باب ـــــ صدقہ فطر کا وجوب

ابو عالیہ ، عطا اور ابن سیرین نے کہا کہ صدقۂ فطر فرض ہے"

۱۴۱۶ ـــــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ فطر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو غلام ، آزاد آدمی ، مذکر و مؤنث اور چھوٹے بڑے مسلمانوں پر فرض ہے اور حکم فرمایا کہ عیدگاہ جانے سے پہلے صدقہ ادا کیا جائے،،

۱۴۱۶ ـــــ شرح : امام مالک ، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم نے کہا صدقۂ فطر فرض ہے ، احناف کہتے ہیں یہ واجب ہے اور بعض علماء اسے سنت کہتے ہیں اور بعض حضرات کہتے ہیں صدقہ فطر پہلے واجب تھا پھر منسوخ ہوگیا اس کی دلیل یہ ہے کہ قیس بن

marfat.com

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْعَبْدِ وَغَيْرِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

اسعد بن عبادہ نے کہا کہ ہم کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ فرض ہونے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنے کا حکم فرمایا جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہُوا تو ہم کو صدقہ دینے کا حکم نہ دیا اور نہ ہی اس سے منع کیا اور اب ہم صدقہ دیتے ہیں اس کی نسائی، ابن ماجہ اور مستدرک میں حاکم نے روائت کی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث صدقہ فطر کی فرضیت کے سقوط کی دلیل نہیں کیونکہ ایک فرض کا نزول دُوسرے فرض کے سقوط کو واجب نہیں کرتا ،، اور حال یہ ہے کہ صدقہ فطر کے وجوب پر علماء کا اتفاق اور اجماع ہے اگرچہ اس کا نام فرض یا واجب رکھنے میں اختلاف ہے لہٰذا اس کا ترک جائز نہیں - ابن دقیق العید نے کہا لغت میں فرض کا معنی تقدیر ہے لیکن شریعت مطہرہ کی اصطلاح میں وجوب طرف منقول ہوچکا ہے - لہٰذا اس کا وجوب پر محمول کرنا اچھا ہے - یہ حقیقت اصطلاحیہ میں واجب ہے اس کا مرتبہ سنت و فرض کے درمیان ہے اسی لئے اس کا منکر کافر نہیں ،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صدقہ فطر کھجور اور جو ایک صاع ہے - ابو عمر نے کہا علماء نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ کھجور اور جَو ہر ایک میں سے ایک پُورا صاع صدقہ فطر ہے اور وہ چار مُدّ ہے ،، عبد تجارت کے لئے نہ ہو تو اس کا فطرانہ مالک پر واجب ہے اگر تجارت کے لئے ہو تو اس کا فطرہ واجب نہیں اور نہ ہی اس کے مالک پر واجب ہے - امام ابوحنیفہ، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہے ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب میں منکوحہ عورت کا فطرہ اس کے شوہر پر واجب نہیں امام مالک اور شافعی بھی یہی کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوٹے اور بڑے جن کی مشقت اُٹھاتے ہیں کا صدقۂ فطر ادا کرنے کا حکم فرمایا ،، امام ابوحنیفہ اور ابو یوسف رضی اللہ عنہما نے کہا کہ چھوٹی اولاد کا فطرانہ باپ ادا کرے اور اگر ان کا علیحدہ مال ہے تو اس سے ادا کرے (ہدایہ) امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا بہرحال یتیم پر فطرہ واجب ہے اس حدیث سے امام مالک، شافعی اور احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ کافر غلام کا صدقۂ فطر واجب نہیں امام ابوحنیفہ اور ان کے تلامذہ رضی اللہ عنہم کہتے ہیں کہ کافر غلام کا فطرانہ اس کے آقا پر واجب ہے عبدالرزاق نے مصنف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کیا کہ مالک اپنے ہر مملوک کا فطرانہ ادا کرے اگرچہ وہ یہودی یا نصرانی ہو اس جیسی روائت ابن ابی شیبہ نے بھی مصنف میں ذکر کی ہے - دار قطنی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدقہ فطر ہر چھوٹے بڑے مذکر و مؤنث یہودی نصرانی حر اور مملوک سے گندم نصف صاع یا جَو وغیرہ پُورا صاع ادا کرو - امام طحاوی نے مشکل میں اس کی تائید میں ابن مبارک کی ابن لہیعہ سے روائت ذکر کی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا صدقہ فطر ہر انسان سے جس کی کفالت کرتا ہو وہ چھوٹا ہو یا بڑا حر ہو یا غلام اگرچہ نصرانی ہو گندم دو مُدّ اور کھجور ایک صاع ادا کرے ابن لہیعہ کی روائت متابع ہو سکتی ہے خصوصًا جبکہ ابن مبارک اس سے روائت کرے واللہ ورسولہ اعلم !

باب ـــ مُسلمان غلام اور آزاد پر صدقہ فطر واجب ہونا

marfat.com

۱۴۱۷ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ
۱۴۱۸ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَرَضَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى
مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ بَابُ صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِّنْ شَعِيْرٍ حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ
عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِىِّ قَالَ كُنَّا نُطْعِمُ الصَّدَقَةَ صَاعًا
۱۴۱۹ مِّنْ شَعِيْرٍ بَابُ صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِّنْ طَعَامٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ
عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ سَرْحٍ الْعَامِرِىِّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدِ
الْخُدْرِىَّ يَقُوْلُ كُنَّا نُخْرِجُ زَكٰوةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ
اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ

ترجمہ : عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی
۱۴۱۷ ـــــ اللہ علیہ وسلم نے کھجور ایک صاع یا جَو ایک صاع ہر مسلمان آزاد یا
غلام مذکر یا مؤنث پر صدقہ فطر فرض کیا،،

باب ـــــ جَو سے ایک صاع صدقہ فطر

ترجمہ : ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا ہم صدقہ فطر ایک صاع کھانے
۱۴۱۸ ـــــ کے لئے دیا کرتے تھے،،

باب ـــــ طعام سے ایک صاع صدقہ فطر

ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم ایک صاع طعام یا
۱۴۱۹ ـــــ ایک صاع جَو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع پنیر
یا ایک صاع خشک انگور صدقہ فطر دیا کرتے تھے!

شرح
۱۴۱۹ ـــــ اس حدیث سے امام شافعی، امام مالک اور احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ گندم سے صدقہ فطر ایک صاع ہے اُنھوں نے کہا عرف میں طعام سے گندم مراد لی جاتی ہے۔ نیز حاکم نے مستدرک میں عیاض بن عبداللہ سے روایت کی کہ ابوسعید کے پاس صدقہ فطر کا ذکر ہوا تو اُنھوں نے کہا میں تو صدقہ فطر اتنا ہی دوں گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں ایک صاع کھجور یا ایک صاع گندم یا ایک صاع جو دیا کرتے تھے کسی نے ان سے کہا یا دو مد

marfat.com

۱۴۲۰ بَابُ صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ
يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَكٰوةِ
الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَجَعَلَ النَّاسُ عَدْلَهُ مُدَّيْنِ مِنْ حِنْطَةٍ بَابُ
۱۴۲۱ صَاعٌ مِنْ زَبِيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ اَبِيْ حَكِيْمٍ الْعَدَنِيَّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ

گندم تو انھوں نے کہا کہ یہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے قیمت کے اعتبار سے ذکر کیا ہے میں اسے قبول نہیں کرتا اور نہ ہی اس پر عمل کرتا ہوں۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے اور دار قطنی نے سنن میں اس کی روائت کی ہے۔

احناف کے نزدیک صدقہ فطر نصف صاع گندم ہے اور مذکور حدیث میں طعام سے مراد جَو ہیں کیونکہ صحیح بخاری میں ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روائت ہے انھوں نے کہا کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں فطر کے دن ایک صاع طعام دیا کرتے تھے۔ ابو سعید نے کہا ہمارا طعام جَو، منقہ، پنیر اور کھجور تھا،، صحیح بخاری کی اس روائت سے طعام کی وضاحت ہو جاتی ہے کہ اس سے مراد گندم نہیں ہے،، اور جو حاکم نے مستدرک میں ایک صاع گندم کی روائت کی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ابو داؤد نے کہا یہ محفوظ نہیں ہے،، ابن خذیمہ نے کہا اس حدیث میں "حنطہ" کا لفظ غیر محفوظ ہے معلوم نہیں کس کو یہ وہم ہو گیا ہے،، اور کسی کا یہ کہنا "یا دو مدّ (نصف صاع گندم ،، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اوّل حدیث میں "حنطہ") کا لفظ صرف وہم پر مبنی ہے کیونکہ اگر یہ صحیح ہوتا تو اس کا دو مدّ گندم ،، کہنا بے معنی ہوتا ،، حاکم بعض احادیث کی تصحیح میں تساہل کر جاتے ہیں،، نیز حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی تقدیر پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے عمل کیا لہذا اس پر اجماع ہو گیا،،

حضرات خلفاء راشدین اور صحابہ کرام کی بہت بڑی جماعت کا مذہب یہی ہے،، ابو داؤد نے ثعلبہ بن ابی صعیر کی روائت ان کے والد سے نقل کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بُرّ یا قمح یعنی گندم ہر دو آدمیوں سے ایک صاع ہے وہ چھوٹے ہوں یا بڑے آزاد ہوں یا غلام مذکر ہوں یا مؤنث الحدیث،، جمہور علماء کا مذہب یہی ہے کہ صدقہ فطر واجب ہے۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب ـــــ صدقہ فطر کھجور سے ایک صاع ،،

۱۴۲۰ ـــــ ترجمہ: نافع سے روائت ہے کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو صدقہ فطر دینے کا حکم فرمایا حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے کہا لوگوں نے اس کے برابر دو مُدّ گیہوں مقرر کر لیا۔

باب ـــــ منقّی ایک صاع ،،

۱۴۲۱ ـــــ ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں طعام ایک صاع یا کھجور ایک صاع یا جَو ایک صاع یا منقّی ایک صاع صدقہ دیتے تھے جب امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا اور گندم آنے لگی تو انھوں نے

marfat.com

زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ حَدَّثَنِي عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نُعْطِيهَا فِي زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيبٍ فَلَمَّا جَاءَ مُعَاوِيَةُ وَجَاءَتِ السَّمْرَاءُ قَالَ أُرَى مُدًّا مِنْ هٰذَا يَعْدِلُ مُدَّيْنِ

کہا میرا خیال ہے کہ اس کا مُد اُس کے دو مُد کے برابر ہے،،

یعنی گندم ایک مُد باقی اجناس سے دو مُد کی مثل ہے اس حدیث سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا اور گندم سے نصف صاع صدقہ واجب کیا ابوداؤد نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں ہر چھوٹے، بڑے آزاد اور غلام سے طعام ایک صاع یا پنیر ایک صاع یا جَو ایک صاع یا کھجور ایک صاع یا منقّٰی ایک صاع صدقہ فطر دیتے تھے اور بہت عرصہ یہی صدقہ دیتے رہے حتّٰی کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حج یا عمرہ کرنے آئے اور منبر پر لوگوں سے خطاب کیا اور ان کا منجملہ خطاب یہ تھا کہ میں خیال کرتا ہوں کہ شام کی گندم کے دو مُد ایک صاع کھجور کے مساوی ہیں لوگوں نے اس پر عمل کرنا شروع کر دیا ابوسعید نے کہا میں جب تک زندہ رہوں گا وہی صدقہ دیتا رہوں گا (جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دیتے تھے) امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث پر امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے اعتماد کیا اور گندم نصف صاع صدقہ فطر واجب کی اس پر امام نووی نے تنقید کی کہ یہ حدیث معتمد علیہ نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ امیر معاویہ صحابی کا فعل ہے اور ابوسعید خدری اور دیگر صحابہ کرام جنہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مصاحبت کا لمبا زمانہ شرف حاصل ہوا ہے اور آپ کے حال کو زیادہ جانتے ہیں وہ اس عمل کے خلاف ہیں۔ اس پر مزید یہ کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے اور یہ نہیں کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے،، مگر نووی کے کلام میں نظر ہے کیونکہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جمّ غفیر نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی موافقت کی ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ ابوداؤد کی اس حدیث میں یہ الفاظ ہیں کہ " فَأَخَذَ النَّاسُ بِذَالِكَ ،، یعنی لوگوں نے اس پر عمل شروع کر دیا اور یہ عموم اجماع پر دلالت کرتا ہے اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی مخالفت اجماع پر اثر انداز نہیں ہو سکتی جبکہ اس اجماع پر خلفاء راشدین کا بھی عمل رہا ہے اور یہ کہنا بعید نہیں کہ ابوسعید رضی اللہ عنہ قدرِ واجب سے زیادہ نفلی صدقہ دیتے رہے ہوں لہٰذا امام ابوحنیفہ رضی اللہ کا ابوسعید کی حدیث پر اعتماد قابل اعتماد ہے کہ اس میں صحابہ کے اجماع کی مخالفت نہیں ہوتی،، اس کے علاوہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں طعام سے مراد گندم لینا مناسب نہیں جبکہ صحیح بخاری میں اس کی وضاحت موجود ہے کہ طعام سے مراد گندم نہیں؛ چنانچہ حدیث ۱۴۲۲ میں ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں " وَكَانَ طَعَامُنَا الشَّعِيرَ وَالزَّبِيبَ وَالْإِقِطَ وَالتَّمْرَ ،، یعنی ہمارا طعام جَو، منقّٰی، پنیر اور کھجور تھا اس سے واضح ہوتا ہے کہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ گندم کا ایک صاع نہ دیتے تھے وہ مذکور طعام کا صاع دیتے تھے کیونکہ وہ فطرہ صرف کھجور، جو پنیر اور زبیب سے ہی دیا کرتے تھے اور ان کا مذکور قول اس کی واضح دلیل ہے لہٰذا یہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلاف نہیں اور نہ ہی صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اجماع کے خلاف ہے واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

بَابُ الصَّدَقَةِ قَبْلَ

١٤٢٢ الْعِيدِ حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ
١٤٢٣ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِزَكٰوةِ الْفِطْرِ قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلٰوةِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ
ابْنُ فَضَالَةَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ
أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ فِي عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ وَكَانَ
طَعَامُنَا الشَّعِيرُ وَالزَّبِيبُ وَالْأَقِطُ وَالتَّمْرُ بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ وَقَالَ الزُّهْرِيُّ فِي
الْمَمْلُوكِ لِلتِّجَارَةِ يُزَكِّي فِي التِّجَارَةِ وَيُزَكِّي فِي الْفِطْرِ

باب ـــــ عید کی نماز سے پہلے فطرہ دینا،،

١٤٢٢ ـــــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کا نمازِ عید کے لئے نکلنے سے پہلے صدقہ فطر دینے کا حکم فرمایا،،

١٤٢٣ ـــــ ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں فطر کے دن ایک صاع طعام فطرہ دیا کرتے تھے اور ہمارا طعام، جَو، زبیب، پنیر اور کھجور تھا،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت طعام صرف مذکور اشیاء تھیں اس تفسیر سے اس حدیث کی وضاحت ہوجاتی ہے کہ ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا "کنا نخرج زکاۃ الفطر صاعًا من طعام الحدیث گویا کہ اس حدیث کی یہ حدیث تفسیر ہے اور اس میں عطف تفسیر کے لئے ہے یعنی ہم عہدِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں طعام فطرہ دیتے تھے اور وہ جَو، زبیب، پنیر اور کھجور تھا،، اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ لغت میں طعام ہر مطعوم کو شامل ہے اس میں تو نزاع نہیں بحث تو صرف اس میں ہے کہ " شعیر اور باقی اطعمہ کا معطوف علیہ طعام ہے اور عطف ہی اس بات کی دلیل ہے کہ طعام کا معنی عرفی مراد ہے اور وہ گندم ہے جیسے وعدہ خیر اور شر دونوں کو عام ہے اور جب اس پر وعید کا عطف کیا جائے تو وعدہ خیر کے ساتھ مختص ہوجاتا ہے،، اس کے عدمِ صحت کی وجہ یہ ہے کہ عطف کا یہ معنی غیر مسلم ہے بلکہ عطف کا مدلول یہ ہے کہ جس طعام کا ابوسعید نے ذکر کیا ہے وہ مذکور اصناف سے ایک قسم ہے کیونکہ یہ ماقبل کی تفسیر ہے اور اصل یہ ہے کہ لغوی معانی کا لحاظ کیا جائے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ آزاد اور غلام پر صدقہ فطر"

زہری نے کہا تجارت کے غلاموں کے بارے میں کہا کہ ان سے زکوٰۃ دی

marfat.com

حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم صَدَقَةَ الْفِطْرِ أَوْ قَالَ رَمَضَانَ عَلَى الذَّكَرِ وَالْأُنْثَى وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ فَعَدَلَ النَّاسُ بِهِ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي التَّمْرَ فَأَعْوَزَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنَ التَّمْرِ فَأَعْطَى شَعِيرًا وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي عَنِ الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ حَتَّى إِنْ كَانَ لَيُعْطِي عَنْ بَنِيَّ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِيهَا الَّذِينَ يَقْبَلُونَهَا وَكَانُوا يُعْطُونَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ بَنِيَّ يَعْنِي بَنِي نَافِعٍ قَالَ كَانُوا يُعْطُونَ لِلْجَمْعِ لَا لِلْفُقَرَاءِ

بَابُ صَدَقَةِ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ

قَالَ أَبُو عَمْرٍو وَرَأَى عُمَرُ وَعَلِيٌّ وَابْنُ عُمَرَ وَجَابِرٌ وَعَائِشَةُ وَطَاوُسٌ وَعَطَاءٌ وَابْنُ سِيرِينَ أَنْ يُزَكَّى مَالُ الْيَتِيمِ وَقَالَ الزُّهْرِيُّ يُزَكَّى مَالُ الْمَجْنُونِ

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر یا یہ کہا کہ صدقہ رمضان ہر مرد، عورت اور ہر آزاد اور غلام پر کھجور ایک صاع یا جو ایک صاع فرض کیا پھر لوگوں نے گندم کا آدھا صاع اس کے مساوی مقرر کر لیا اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما صدقہ فطر کھجور دیا کرتے تھے ،، جب مدینہ منورہ کے لوگ کھجوروں کے محتاج ہو گئے تو انھوں نے جو فطرہ دیا عبداللہ بن عمر ہر چھوٹے بڑے حتیٰ میرے بیٹوں کی طرف سے فطرانہ دیتے تھے ،، اور وہ یہ ان لوگوں کو دیتے تھے جو اس کو قبول کرتے تھے ،، لوگ عید کے ایک یا دو دن پہلے فطرہ دیتے تھے

شرح : یعنی امام زہری رضی اللہ عنہ تجارتی غلاموں کی زکوٰۃ ادا کیا کرتے تھے اور اُن کا فطرانہ بھی دیتے تھے ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سال ختم ہونے کے بعد تجارتی غلام کی قیمت میں زکوٰۃ واجب ہے فطرہ واجب نہیں ہے اور غلام تجارت کے لئے نہ ہو تو اس کا فطرہ واجب ہے اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ،، ابو عبید نے کتاب الاموال میں زہری سے روایت کی کہ مملوک پر زکوٰۃ نہیں اس کا مالک صرف اس کا فطرانہ دے ،،

مذکور حدیث ۱۴۲۴ سے معلوم ہوتا ہے کہ جو اور کھجور سے صدقہ فطر ایک صاع ہے اور کھجور وغیرہ کا صاع گندم کے نصف صاع کے برابر ہے اس حدیث میں احناف کے مذہب کی دلیل ہے کہ گندم سے صدقہ فطر آدھا صاع ہے اور عید سے ایک دو دن پہلے فطرہ دینا جائز ہے ،، اور جو کوئی یہ کہے کہ وہ فقیر ہے اور زکوٰۃ قبول کرے تو اس کو زکوٰۃ دیدے اور اس کے فقر و احتیاجی کی جستجو نہ کرے۔ واللہ و رسولہ اعلم !

باب — ہر چھوٹے بڑے پر صدقہ فطر

ابو عمرو نے کہا کہ حضرت عمر فاروق علی مرتضیٰ عبداللہ بن عمر ام المومنین عائشہ صدیقہ طاؤس عطاء ابن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہ خیال ہے کہ یتیم کے مال کی زکوٰۃ ادا کی جائے اور زہری نے کہا مجنوں کے مال کی

marfat.com

۱۴۲۵ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَدَقَةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ عَلَى الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ الْمَنَاسِكِ بَابُ وُجُوْبِ الْحَجِّ وَفَضْلِهٖ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ

زکوٰۃ ادا کی جائے۔

ترجمہ : نافع نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ اُنھوں نے کہا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر جو ایک صاع یا کھجور ایک صاع ہر چھوٹے بڑے اور ہر آزاد اور مملوک پر فرض فرمایا ،،

۱۴۲۵ ——

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عید سے پہلے صدقہ فطر دینا جائز ہے ،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث کا مدلول یہ ہے کہ فطرانہ صرف اپنی قوُت سے دے کیونکہ صحابہ کرام کے لئے اعلیٰ طعام کھجور تھا جب وہ نہ ملے تو جَو دیئے" اگر بچہ مال دار ہو تو اس کا والی اس کے مال سے اس کا فطرہ دے ورنہ اس کا فطرہ وہ دے جس پہ اس کا نان و نفقہ واجب ہے ،، واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم!

۱۴۲۵ ——

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کتاب الحج

باب —— حج کا وجوب اور اس کی فضیلت

اور اللہ کے لئے لوگوں پر بیت اللہ کا حج ہے جو وہاں جانے کی قدرت رکھتا ہو ،، اور جس نے اس کا انکار کیا تو بے شک اللہ ساری دُنیا سے بے نیاز ہے ،،

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ

اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْفَضْلُ رَدِيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمٍ فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ اِلَيْهَا وَتَنْظُرُ اِلَيْهِ وَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْرِفُ وَجْهَ الْفَضْلِ اِلَى الشِّقِّ الْاٰخَرِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَرِيْضَةَ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهٖ فِي الْحَجِّ اَدْرَكَتْ اَبِيْ شَيْخًا كَبِيْرًا لَا يَثْبُتُ عَلَى الرَّاحِلَةِ اَفَاَحُجُّ عَنْهُ قَالَ نَعَمْ وَذٰلِكَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ فضل بن عباس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھے

1426 ——

قبیلہ خثعم کی ایک عورت آئی تو فضل اس طرف دیکھنے لگے اور وہ عورت فضل کی طرف دیکھ رہی تھی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فضل کا چہرہ دوسری طرف پھیر رہے تھے اس عورت نے عرض کیا ،، یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ کا فریضہ حج اس کے بندوں پر ہے نے میرے بوڑھے باپ کو پالیا ہے وہ سواری پر ٹھہر نہیں سکتا کیا میں اس کی طرف سے حج کر دوں ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں ! یہ واقعہ حجۃ الوداع کا ہے ۔

شرح : لغت میں حج کا معنی قصد ہے اور اصطلاح میں وقوف عرفہ پر مشتمل عبادت کے لئے کعبہ کا قصد کرنا ہے ،، علامہ قرطبی

1426 ——

نے کہا پانچ ہجری میں حج فرض ہوا بعض علماء کہتے ہیں نو ہجری میں فرض ہوا اور یہی صحیح ہے ،، جمہور علماء کا کہنا ہے کہ مذکور آئت کریمہ حج کی فرضیت پر دلالت کرتی ہے ،، حج ساری عمر میں ایک بار فرض ہے جب یہ آئت کریمہ " للّٰہ علی الناس حج البیت الآیۃ ،، نازل ہوئی تو لوگوں نے کہا یا رسول اللہ کیا ہر سال حج کرنا فرض ہے ؟ آپ نے فرمایا اگر میں ہاں کہہ دیتا تو ہر سال فرض ہو جاتا اور جب ہر سال فرض ہو جاتا تو تم نہ کر سکتے اور جب نہ کرتے تو عذاب میں مبتلا ہو جاتے ۔ اللہ تعالیٰ نے حج کی فرضیت کے لئے استطاعت شرط کی ہے اور استطاعت یہ ہے کہ حج کو آنے جانے کا خرچہ اور سواری کی قدرت ہو اور اس کے ساتھ ساتھ راستہ پُرامن ہو ،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " السبیل الزاد والراحلۃ ،، حج کی استطاعت ہو اور وہ حج نہ کرے تو اس پر سخت وعید وارد ہے ۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ احرام میں عورت چہرہ کھولے رکھے اس پر اجماع ہے ،، فضل بن عباس کا اس عورت کی طرف دیکھنا طبع بشری کے غلبہ کے باعث تھا کیونکہ انسان میں شہوات کی ترکیب ہے جب بشری طبع کا غلبہ ہو جائے تو وہ ان کا مقابلہ کرنے میں ناتواں ہو جاتا ہے ۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا کہ فضل بچے تھے آپ نے ان کا اجنبیہ کو دیکھنا مکروہ جانا تھا امام ابوحنیفہ اور ان کے تلامذہ رضی اللہ عنہم نے کہا جب کوئی شخص معذور ہو جائے اور فریضہ حج ادا نہ کر سکے تو اس کی طرف سے کوئی دوسرا آدمی حج کرے تو جائز ہے ۔ امام مالک رضی اللہ عنہ اسے جائز نہیں کہتے ہیں اور مذکور حدیث ان کے خلاف پختہ دلیل ہے ،،

صاحب ہدایہ نے کہا اصل یہ ہے کہ انسان کے لئے جائز ہے کہ اپنے اعمال نماز ، روزہ ، صدقات وخیرات

marfat.com

بَابُ قَوْلِ اللّٰہِ تَعَالٰی عزوجل یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ لِّیَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ فَجَاجًا الطُّرُقُ الْوَاسِعَةُ

کا ثواب اپنے غیر کو نذرانہ کردے اس پر اہل سنت و جماعت کا اتفاق ہے کیونکہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مینڈھے قربانی کئے ایک اپنی ذات ستودہ صفات کی طرف سے اور دوسرا اپنی امت کے لئے ذبح کیا،، عبادت کی تین اقسام ہیں ایک محض مالی عبادت جیسے زکاۃ اس میں کسی کو نائب بنانا جائز ہے کہ اس کی طرف سے زکوٰۃ ادا کردے" دوسری عبادت محض بدنی ہے جیسے نماز اس میں کسی حال میں نیابت جائز نہیں تیسری عبادت جو دونوں سے مرکب ہو جیسے حج مالی اور بدنی سے مرکب ہے،، اس میں نیابت اس وقت صحیح ہے جب مناب عنہ کو چلنے کی قدرت نہ ہو مگر شرط یہ ہے کہ موت تک وہ چلنے سے عاجز رہے ،،

بظاہر حدیث سے یہی سمجھ آتا ہے کہ مناب عنہ کا حج ادا ہو جاتا ہے ،، کسی مریض نے نائب کو حج کرنے بھیجا پھر وہ تندرست ہو گیا تو اس کا حج ادا نہ ہوگا اور اس پر حج کرنا فرض ہے اور اگر وہ تندرست نہ ہو اور مر جائے تو اس کا فریضۂ حج ادا ہو جاتا ہے ،،

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر کسی نے حج نہ کیا ہو اور وہ کسی کی طرف سے حج کرنا چاہے تو جائز ہے اور مذکور حدیث اس کی دلیل واضح ہے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خثعمیہ عورت سے یہ دریافت نہ فرمایا کہ تو نے پہلے حج کیا ہے یا نہیں اور اس کو باپ کی طرف سے حج کرنے کی اجازت دے دی ،،

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا اگر کسی نے فریضۂ حج ادا نہ کیا ہو تو کسی کی طرف سے وہ حج نہیں کر سکتا۔ چنانچہ ابوداؤد نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے سنا کہ وہ کہہ رہا ہے "لبیک عن شبرمہ" ،، آپ نے فرمایا شبرمہ کون ہے اس نے کہا میرا بھائی ہے یا اس نے کہا میرا قریبی ہے آپ نے فرمایا تو نے حج کر لیا ہے ؟ اس نے کہا جی نہیں ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلا اپنا حج کر دو پھر اپنے بھائی کی طرف سے حج کرنا ،، اس کا جواب یہ ہے کہ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ شبرمہ کی حدیث معلول ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ ابن عباس پر موقوف ہے ،،

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا جب کسی پر حج فرض ہو تو وہ دیر بعد بھی کر سکتا ہے امام محمد رضی اللہ عنہ کا مذہب بھی یہی ہے ،، امام مالک اور امام ابو یوسف رضی اللہ عنہما نے کہا اس پر فوراً اسی سال حج کرنا فرض ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے اس میں وضاحت نہیں کی لیکن امام ابو یوسف نے کہا کہ امام ابوحنیفہ کا مذہب یہ ہے کہ اسی سال فوراً حج کرے اور یہی صحیح ہے ،، حاکم نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع حدیث ذکر کی کہ آپ نے فرمایا "من اراد الحج فلیعجل ، کہ جو حج کا ارادہ کرے وہ جلدی حج کرے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورت مرد کی طرف سے حج کر سکتی ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم !

بَاب ـــــ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "لوگ پیدل چل کر اور دُبلے

marfat.com

حدثنا

١٤٢٧ أحمد بن عيسى قال حدثنا ابن وهب عن يونس عن ابن شهاب أن سالم بن عبد الله بن عمر أخبره أن ابن عمر قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم بركب راحلته بذي الحليفة ثم يهل حين تستوي به قائمة

حدثنا ١٤٢٨ إبراهيم بن موسى قال أخبرنا الوليد قال حدثنا الأوزاعي سمع عطاء يحدث عن جابر بن عبد الله الأنصاري أن إهلال رسول الله صلى الله عليه وسلم من ذي الحليفة حين استوت به راحلته رواه أنس وابن عباس يعني حديث إبراهيم بن موسى

اونٹوں پر دُور دراز راستوں سے آپ کے پاس آئیں گے تاکہ وہ اپنے منافع حاصل کریں ،، فجاجًا ،، سے کھُلے راستے مراد ہیں ،،

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اپنی سواری پر ذوالحلیفہ

١٤٢٧ ——

میں سوار ہُوئے پھر جب وہ سیدھی کھڑی ہُوئی تو آپ نے لبیک کہا ،،

ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذوالحلیفہ احرام باندھنا اس وقت ہوتا

١٤٢٨ ——

جب آپ کی سواری سیدھی کھڑی ہو جاتی ،، انس اور ابن عباس رضی اللہ عنہم نے اس کی روایت کی۔

شرح : اس آیت کریم کو ترجمۃ الباب میں اس لئے ذکر کیا کہ وجوبِ حج میں سواری کی شرط

١٤٢٧ ، ١٤٢٨ ——

پیدل چل کر حج کرنے کے منافی نہیں جبکہ وہ سواری پر قدرت رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو ؛ کیونکہ آیت کریمہ سوار اور پیدل چلنے والے دونوں کو شامل ہے ،،

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی یہ عادت ہے کہ جب حدیث یا قرآن کی آیت میں کوئی لفظ مذکور ہو تو اس کی مثل حدیث یا قرآن میں جو لفظ واقع ہوا سے ذکر کر دیتے ہیں ،، یہاں ،، فجاجًا ،، ذکر کیا اس سے ان کی مراد وہ ہے جو قرآن کریم کی اس آیت میں واقع ہے ،، لِتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ،، پھر فجاج کی دوسری راہ سے تفسیر کی ،،

marfat.com

باب الحج علی الرحل و قال ابان حدثنا مالک بن دینار عن القاسم بن محمد عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعث معھا اخاھا عبد الرحمن فاعمرھا من التنعیم و حملھا علی قتب و قال عمر شدوا الرحال فی الحج فانہ احد الجھادین و قال محمد بن ابی بکر حدثنا زید ابن زریع قال حدثنا عزرۃ بن ثابت عن ثمامۃ بن عبد اللہ بن انس قال حج انس علی رحل و لم یکن شیخا و حاش ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حج علی رحل و کانت زاملتہ

حج کے سفر میں سوار ہونا اور پیدل چلنا دونوں مباح ہیں البتہ افضلیت میں اختلاف ہے۔ بعض علماء نے رکوب کو افضل کہا کیونکہ اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع ہے اور اس میں نفقہ کی فضیلت بھی ہے کیونکہ سفر حج میں نفقہ فی سبیل اللہ نفقہ جیسا ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ سات سو گنا بڑھاتا ہے،، بعض علماء پیدل چلنے کو افضل کہتے ہیں حاکم نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع صحیح حدیث ذکر کی کہ جس نے پیدل حج کیا حتی کہ پیدل ہی واپس ہوا تو اس کے ہر قدم کے عوض حرم کی نیکیوں سے سات سو نیکی لکھی جاتی ہے اور حرم کی ہر نیکی ایک لاکھ نیکی کے برابر ہے،،

اسماعیل بن اسحاق نے مجاہد سے ذکر کیا کہ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہندوستان میں اُتارے گئے اُنھوں نے پیدل چالیس حج کئے۔ سیدنا ابراہیم اور سیدنا اسماعیل علیہما السلام نے پیدل حج کیا اسی طرح سیدنا امام حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما نے پچیس حج پیدل کئے۔

اس حدیث سے امام مالک اور اکثر فقہاء نے استدلال کیا کہ سوار اس وقت لبیک کہے جبکہ اس کی سواری سیدھی کھڑی ہو جائے۔ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ احرام کی نماز کے بعد لبیک کہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا جب سواری چل پڑے اس وقت لبیک کہے،، اور اگر کھڑی سواری پر سوار ہو جیسے آجکل حاجی کرتے ہیں تو امام مالک کے مذہب کے مطابق جب سوار ہو کر سیدھا ہو جائے تو لبیک کہے اور اگر سوار نہ ہو بلکہ پیدل ہو تو جب چلنا شروع کرے اس وقت لبیک کہے،،

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ کو باب کا ترجمہ اس لئے ذکر کیا ہے کہ وجوب حج میں سواری کی شرط کرنا پیدل حج کرنے کے منافی نہیں جبکہ وہ سواری پر قادر ہونے کے باوجود پیدل حج کرے،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ــــ پالان پر سوار ہو کر حج کرنا،،

: اور ابان نے کہا ہم کو مالک بن دینار نے قاسم بن محمد سے
خبر دی اُنھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے
روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بھائی عبد الرحمٰن کو ان کے ساتھ بھیجا تو اُس نے ام المؤمنین کو تنعیم سے عمرہ کرایا اور ان کو کجاوہ پر سوار کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حج میں پالان باندھو یہ دو

marfat.com

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَيْمَنُ ابْنُ نَابِلٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اعْتَمَرْتُمْ وَلَمْ أَعْتَمِرْ قَالَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ اذْهَبْ بِأُخْتِكَ فَأَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيمِ فَأَحْقَبَهَا عَلَى نَاقَةٍ فَاعْتَمَرَتْ بَابُ فَضْلِ الْحَجِّ الْمَبْرُورِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ قَالَ إِيمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ قِيلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ جِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قِيلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ حَجٌّ مَبْرُورٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ

۱۴۲۹ ۱۴۳۰ ۱۴۳۱

جہادوں میں سے ایک جہاد ہے ،، محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہما نے کہا ہم کو یزید بن زریع نے خبر دی انھوں نے کہا ہم سے عزرہ بن ثابت نے ثمامہ بن عبداللہ بن انس سے بیان کیا کہ انھوں نے کہا کہ حضرت انس نے پالان پر حج کیا حالانکہ وہ بخیل نہ تھے اور بیان کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پالان پر حج کیا اور اس پر آپ کا سامان بھی تھا۔

۱۴۲۹ ——— ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ،، آپ سب نے عمرہ کر لیا اور میں نے عمرہ نہیں کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبدالرحمٰن سے فرمایا اپنی ہمشیرہ کو لے جاؤ اور ان کو تنعیم سے عمرہ کراؤ ؛ چنانچہ ان کو اونٹنی پر پیچھے بٹھا لیا اور انھوں نے عمرہ کیا۔

شرح: باب کے مذکور عنوان سے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ حج میں زینت کا ترک کرنا افضل ہے اور "حَمَلَهَا عَلَى قَتَبٍ" سے یہ استدلال کیا ہے۔

اس حدیث سے عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ جو شخص مکہ مکرمہ میں ہو وہ عمرہ کا احرام تنعیم سے باندھے ،، اور جمہور آئمہ کرام امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب ،، امام مالک ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے کہا کہ مکی کے لئے عمرہ کا میقات حل ہے اور وہ حرم سے باہر ہے حل کے جس مقام سے احرام باندھے وہ تنعیم ہو یا حل کی دوسری جگہ ہو جائز ہے ،، اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تنعیم کا اس لئے قصد کیا تھا کہ وہ قریب تھا۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ——— حج مقبول کی فضیلت ،،

۱۴۳۰ ——— ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ کون سا عمل افضل ہے۔ آپ نے فرمایا اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا عرض کیا گیا پھر اس کے بعد کون سا ؟ آپ نے فرمایا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا پھر پوچھا گیا اس کے بعد کون سا ؟ آپ نے فرمایا حج مقبول!۔

۱۴۳۱ ——— ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا یا رسول اللہ! ہم جہاد کو افضل عمل جانتے ہیں تو کیا ہم جہاد نہ کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں لیکن (تمہارے لئے) افضل جہاد حج مقبول ہے۔

marfat.com

اخبرنا حبیب بن ابی عمرۃ عن عائشۃ بنت طلحۃ عن عائشۃ ام المؤمنین انہا قالت یا رسول اللہ نری الجہاد افضل العمل افلا نجاہد قال لا لکن افضل الجہاد حج مبرور حدثنا آدم قال حدثنا شعبۃ قال حدثنا سیار ابو الحکم قال سمعت ابا حازم قال سمعت ابا ہریرۃ قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول من حج للہ فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدتہ امہ

۱۴۳۲ —— ترجمہ :

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اللہ کے لئے حج کیا اور رفث و فسوق نہ کیا تو وہ گناہوں سے پاک ہو کر ایسا لوٹے گا جیسے اس دن پاک تھا جس روز اس کی ماں نے اس کو جنم دیا تھا،، —— مبرور کا معنی مقبول ہے اس کا معنی یہ بھی کیا جاتا ہے کہ جس میں کوئی گناہ نہ ملا ہو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے لئے حج مقبول کو افضل جہاد قرار دیا ابن ماجہ نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت کی انہوں نے کہا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ "صلی اللہ علیہ وسلم" کیا عورتوں پر جہاد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں ان پر جہاد ہے مگر اس میں قتل و غارت نہیں اور وہ حج اور عمرہ ہے۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حج ہر کمزور شخص کا جہاد ہے،، حج کو جہاد اس لئے کہا گیا ہے کہ حاجی شہوات نفسانیہ کو روک کر نفس سے جہاد کرتا ہے،، جس میں ہر طرف سے مسلمانوں کے جمع ہونے سے مشرکین کی مدافعت ہوتی ہے،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کے لئے حج کرنا افضل جہاد ہے اسی لئے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ازواج مطہرات کو کرنے حج کی اجازت دی اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ان کے ہمراہ کیا تھا جبکہ وہ پہلے اس میں متوقف تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "تم اپنے گھروں میں رہو پھر آپ کو اس کا جواز ملا اور آخر خلافت میں ان کو حج کرنے کی اجازت دے دی۔ چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے "باب حج النساء،، میں ذکر کیا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج کو آخری حج میں حج کرنے کی اجازت دی اور حضرت عثمان غنی اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کو ان کے ہمراہ بھیجا،، اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ یہ دونوں حضرات ان کے محارم نہیں تھے تو ان کو ہمراہ کیوں بھیجا،، کیونکہ تمام لوگ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے محارم ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ نبی کی بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے حکام رازی نے دریافت کیا کیا عورت محرم کے بغیر سفر کر سکتی ہے؟ امام ابوحنیفہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو تین دن یا اس سے زیادہ مدت سفر کرنے سے منع فرمایا جبکہ ان کے ہمراہ کوئی محرم یا ان کے شوہر نہ ہوں حکام نے کہا پھر میں نے علامہ عرزمی سے پوچھا تو انھوں نے کہا اس میں کوئی حرج نہیں مجھ سے عطاء نے بیان کیا کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا محرم کے بغیر سفر کرتی تھیں۔ میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے علامہ عرزمی کا جواب ذکر کیا تو انہوں نے کہا عرزمی کو معلوم نہیں تمام لوگ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے محرم ہیں وہ جس کے ساتھ سفر کریں وہ محرم کے ساتھ سفر ہے،، دوسری عورتوں کا یہ حال نہیں ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا یہ جواب بہترین ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں اور وہ ان کے محارم ہیں۔ کیونکہ محرم سے نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہے

marfat.com

باب فَرْضِ مَوَاقِيتِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ ابْنُ جُبَيْرٍ أَنَّهُ أَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ فِي مَنْزِلِهِ وَلَهُ فُسْطَاطٌ وَسُرَادِقٌ فَسَأَلَتْهُ مِنْ أَيْنَ يَجُوزُ أَنْ أَعْتَمِرَ قَالَ فَرَضَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَهْلِ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ وَلِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ **بَابُ** قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى

۱۴۳۳

اور امہات المؤمنین دوسرے لوگوں پر ہمیشہ کے لئے حرام ہیں۔ رفث کا معنی جماع کی باتیں کرنا اور فسق کا معنی نافرمانی کرنا ہے"

باب — حج اور عمرہ میں احرام باندھنے کا مقام

۱۴۳۳ —

ترجمہ : زید بن جُبَیر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ان کی قیام گاہ پر آئے ان کے خیمے لگے ہُوئے تھے اور قناتیں کھڑی تھیں میں نے ان سے پُوچھا کہ کہاں سے میرے عمرہ کا احرام باندھنا جائز ہے عبداللہ بن عمر نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ نجد کے لئے قرن، اہلِ مدینہ منوّرہ کے لئے ذوالحلیفہ اور اہلِ شام کے لئے جُحفہ مقرر فرمایا ہے"

۱۴۳۳ —

شرح : نجد کا معنی اُونچی زمین ہے تہامہ سے عراق کی طرف اُونچی زمین کو نجد کہا جاتا ہے۔ قرن مکہ مکرّمہ سے دو مرحلے ہے اور جُحفہ مکہ مکرّمہ سے تین مرحلے دُور ایک بستی ہے۔

ان مقامات سے تجاوز کر کے احرام باندھنا صحیح نہیں البتہ مکہ مکرّمہ رہنے والے شخص کا جعرانہ سے عمرہ کا احرام باندھنا صحیح ہے" ان مواقیت سے باہر کے لوگوں کے لئے حج اور عمرہ کرتے وقت ان مقامات سے احرام باندھنا ضروری ہے اور جو شخص احرام کے بغیر ان مواقیت سے گزر جائے وہ مکہ مکرمہ سے ان مواقیت پر واپس آئے۔ امام مالک، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہم کا یہی مسلک ہے البتہ امام مالک رضی اللہ عنہ کے مذہب کے مطابق احرام کی حالت میں واپس لوٹنے سے دم ساقط نہیں ہوتا اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب میں احرام کی حالت میں وہ اگر میقات پر واپس آجائے اور تلبیہ کہے تو دم ساقط ہو جاتا ہے اگر تلبیہ نہ کہتے تو اس پر دم واجب ہے" اور امام محمد اور امام شافعی رضی اللہ عنہما کے نزدیک جب وہ احرام کے بعد طواف کرنے سے پہلے میقات کی طرف واپس آگیا تو اس پر دم واجب نہیں اور اگر طواف کر کے واپس آیا تو دم ساقط نہ ہوگا! واللہ ورسُولہ اعلم!

باب — اللہ تعالیٰ کا ارشاد "زادِ راہ ساتھ لو، اچھا زادِ راہ تقویٰ (سوال سے بچنا) ہے"

marfat.com

١٤٣٤ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِشْرٍ
قَالَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ عَنْ وَرْقَاءَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ
أَهْلُ الْيَمَنِ يَحُجُّونَ وَلَا يَتَزَوَّدُونَ وَيَقُولُونَ نَحْنُ الْمُتَوَكِّلُونَ فَإِذَا قَدِمُوا مَكَّةَ سَأَلُوا النَّاسَ فَأَنْزَلَ
اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى رَوَاهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلًا بَابُ
١٤٣٥ مُهَلِّ أَهْلِ مَكَّةَ لِلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ
طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ
وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ هُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ
غَيْرِهِنَّ مِمَّنْ أَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ وَمَنْ كَانَ دُونَ ذٰلِكَ فَمِنْ حَيْثُ أَنْشَأَ حَتَّى أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ

ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ یمن کے لوگ حج کیا کرتے اور
١٤٣٤ — اور زاد راہ ساتھ نہ لیتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم متوکل ہیں جب
وہ مکہ مکرمہ آتے تو لوگوں سے سوال کرتے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی " زاد ساتھ لو اچھا زادِ راہ
سوال سے بچنا ہے ، اس کی ابن عُیینہ نے عَمرو سے اُنھوں نے عکرمہ سے مرسل روایت کی ہے "

شرح : توکل کی تعریف یہ ہے کہ اسباب کے ہوتے ہوئے ان سے قطع
١٤٣٤ — نظر کر کے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا جائے اسی لئے سرورِ کائنات
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " قَيِّدْهَا وَتَوَكَّلْ " یعنی جانور کو رسّی سے باندھ اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر" بعض
لوگ یہ تعریف کرتے ہیں کہ جہاں بشر کی قدرت کو مجال نہ ہو اس میں سعی کا ترک کر دینا " مذکور حدیث میں توکل کی
مذمت نہیں بلکہ ان لوگوں کے فعل کی مذمت ہے کیونکہ ان کا یہ فعل توکل نہ تھا بلکہ محض تکلف تھا وہ لوگ متوکل
نہ تھے بلکہ متآکل تھے " اس حدیث میں کثرتِ سوال سے زجر ہے اور تھوڑے مال پر اکتفاء کی ترغیب لائی ہے "
" یحییٰ بن بشر " ابو زکریا بلخی ہیں نیک اور صالح ہیں ٢٣٢ھ میں فوت ہوئے ۔

باب — حج اور عمرہ کے لئے اہل مکہ کے احرام باندھنے کی جگہ

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
١٤٣٥ — نے مدینہ منورہ کے رہنے والوں کے لئے ذوالحلیفہ، اہلِ شام

بَابُ مِيقَاتِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَلَا يُهِلُّوْا قَبْلَ ذِى الْحُلَيْفَةِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ يُهِلُّ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ مِنْ ذِى الْحُلَيْفَةِ وَاَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَاَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَبَلَغَنِىْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيُهِلُّ اَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ

کے لئے جحفہ، اہلِ نجد کے لئے قرن منازل اور اہلِ یمن کے لئے یلملم مواقیت مقرر کئے یہ ان کے لئے ہیں اور ان کے لئے جو دوسرے مقامات سے حج اور عمرہ کے ارادہ سے ان سے گزریں،، اور جو ان کے اندر رہنے والا ہے وہ جہاں سے چاہے حتیٰ کہ اہلِ مکہ مکہ سے احرام باندھیں۔

شرح : اہلال کا معنیٰ تلبیہ کے ساتھ آواز بلند کرنا،، یعنی مکہ والے احرام باندھنے کے لئے میقات کی طرف جانے کے محتاج

۱۴۳۵ ——— نہیں بلکہ ان کے احرام باندھنے کی جگہ مکہ ہی ہے۔ یہی امام بخاری کی غرض ہے۔ حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حج اور عمرہ دونوں کے لئے احرام باندھنے کی جگہ مکہ ہے لیکن اہلِ مکہ کی میقات عمرہ کے لئے حل ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کو ان کے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کے ساتھ تنعیم بھیجا تھا کہ وہاں سے عمرہ کا احرام باندھیں،، باب کا عنوان اگرچہ عام ہے اور حج و عمرہ دونوں کو شامل ہے مگر ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ اس کا مخصص ہے،، اس حدیث سے امام مالک اور احمد رضی اللہ عنہما نے استدلال کیا کہ ان مقامات سے حج کا التزام کرنا اور احرام باندھنا افضل ہے۔ امام ابوحنیفہ اور شافعی رضی اللہ عنہما نے کہا ان مقامات سے احرام باندھنے میں رخصت ہے کیونکہ صحابہ کرام جیسے عبداللہ بن مسعود، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر اور دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم نے مواقیت سے پہلے احرام باندھا حالانکہ وہ سنت کو زیادہ جانتے تھے،، الحاصل جس شخص میں دور دراز مقامات سے احرام باندھنے کی قوت ہو اس کے لئے یہ ہی افضل ہے،، اگر کوئی شخص میقات کے اندر ہو اور وہ مکہ میں ذاتی ضرورت کے لئے جائے اس کا مقصد مکہ میں داخل ہونا نہ ہو اور نہ ہی نسک کا ارادہ کرے تو اس کے لئے احرام باندھنا ضروری نہیں اس میں سب کا اتفاق ہے،، کیونکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ میں مکہ میں داخل ہوئے جبکہ آپ کے سر مبارک پر خود تھا۔ یہی حال صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تھا کہ کسی نے احرام نہ باندھا تھا۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب ——— اہلِ مدینہ منورہ کے احرام باندھنے کی جگہ وہ ذوالحلیفہ سے پہلے احرام نہ باندھیں ،،

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے

۱۴۳۶ ——— کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مدینہ منورہ

marfat.com

۱۴۳۷ بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ الشَّامِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ
حدثنا حماد عن عمرو بن دينار عن طاؤس عن ابن عباس قال وقت رسول الله صلى الله عليه وسلم لأهل المدينة ذا الحليفة ولأهل الشام الجحفة ولأهل نجد قرن المنازل ولأهل اليمن يلملم فهن لهن ولمن أتى عليهن من غير أهلهن لمن كان يريد الحج والعمرة فمن كان دونهن فمهله من أهله وكذا حتى أهل مكة يهلون منها

والے لوگ ذوالحلیفہ سے، شام والے جُحفہ سے اور نجد والے قرن سے احرام باندھیں۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یمن والے لوگ یلملم سے احرام باندھیں،،

۱۴۳۶ — شرح : قولہ وَلَا يُهِلُّوا الخ اصل میں "أَنْ لَا يُهِلُّوا"، تھا اور حرف "أَنْ" ناصبہ مقدر ہے اس جملہ کا ماقبل پر عطف ہے تقدیر عبارت یہ ہے "هٰذَا بَابٌ فِيْ بَيَانِ مِيْقَاتِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَفِيْ بَيَانِ أَنْ لَا يُهِلُّوْا قَبْلَ ذِي الْحُلَيْفَةِ"، یعنی یہ باب اہلِ مدینہ کی میقات کے بیان میں اور ان کا ذوالحلیفہ سے پہلے احرام نہ باندھنے کے بیان میں ہے،، اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ میقات سے پہلے احرام باندھنے کے قائل نہیں ہیں،، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر کوئی سوال پوچھے کہ میقات مکانی سے پہلے احرام باندھنا جائز ہے۔ اس عنوان سے بخاری کا مقصد کیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ نہی تنزیہی ہے کیونکہ افضل یہ ہے کہ میقات سے پہلے احرام نہ باندھے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم میقات سے احرام باندھتے تھے یا بخاری کا مذہب یہ ہے کہ میقات سے احرام کی تقدیم جائز نہیں جیسا کہ حدیث کے ظاہر الفاظ سے معلوم ہوتا ہے یا قِبَلِيَّت سے مراد مکہ مکرمہ کی جہت سے ہے مدینہ منورہ کی جہت سے نہیں،، یعنی میقات سے گزر کر احرام نہ باندھیں۔ واللہ اعلم!

باب — اہلِ شام کے احرام باندھنے کی جگہ

۱۴۳۷ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مدینہ منورہ کے لئے ذوالحلیفہ، اہلِ شام کے لئے جُحفہ، اہلِ نجد کے لئے قرن اور اہلِ یمن کے لئے یلملم احرام باندھنے کی جگہ مقرر کی یہ مواقیت ان کے لئے ہیں اور ان لوگوں کے لئے جو دوسرے مقامات سے حج اور عمرہ کے ارادے سے ان سے گزریں اور جو ان کے اندر رہنے والا ہے اس کی میقات اس کا گھر ہے۔ حتیٰ کہ اہل مکہ مکہ سے احرام باندھیں،،

١٤٣٧ بَابُ مُهَلِّ أَهْلِ نَجْدٍ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَفِظْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ وَقَّتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح قَالَ وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مُهَلُّ أَهْلِ الْمَدِينَةِ ذُو الْحُلَيْفَةِ وَمُهَلُّ أَهْلِ الشَّامِ مَهْيَعَةُ وَهِيَ الْجُحْفَةُ وَأَهْلِ نَجْدٍ قَرْنٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ زَعَمُوا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَلَمْ أَسْمَعْهُ وَمُهَلُّ أَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمُ

شرح : ١٤٣٧ —— امام مسلم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ اہلِ عراق کی میقات ذاتِ عرق ہے اسی طرح امام نسائی نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی اور ابو داؤد نے حارث بن عمرو سے روایت کی اس میں یہ ہے کہ آپ نے اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق کو مقرر کیا ان روایات سے واضح ہوتا ہے کہ اہلِ عراق کے لئے میقات جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمایا ہے اسی طرح اہلِ شام و مصر کے لئے مُحفہ مقرر کیا اگرچہ یہ دونوں علاقے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں فتح نہ ہوئے تھے، کیونکہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نورِ نبوت سے جانتے تھے کہ شام، مصر اور عراق وغیرہ کو آپ کی امت مرحومہ فتح کرے گی اسی طرح اور اقالیم بھی فتح ہوں گی اور وہ جس میقات سے حج و عمرہ کے لئے گزریں گے وہی ان کی میقات ہوگی،، فسبحان الذی اعلم نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم الامور المقدرۃ فی الکائنات الی یوم القیامۃ،،

باب —— اہلِ نجد کے احرام باندھنے کی جگہ

ترجمہ : ١٤٣٨ —— حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اہلِ مدینہ منورہ کے احرام باندھنے کی جگہ ذوالحلیفہ ہے اہلِ شام کے احرام باندھنے کی جگہ مہیعہ (جحفہ) ہے اور اہلِ نجد کے احرام باندھنے کی جگہ قرن ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا لوگوں کا خیال ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور میں نے نہیں سنا کہ اہلِ یمن کے احرام باندھنے کی جگہ یلملم ہے،،

شرح : ١٤٣٨ —— ان ابواب کے تراجم کے تکرار کے ساتھ ساتھ ابن عمر اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث کا تکرار مشائخ کے اختلاف اور ان کی احادیث کے طُرق کے اختلاف کے باعث ہے،،

---

marfat.com

بَابُ مُهَلِّ مَنْ كَانَ دُوْنَ الْمَوَاقِيْتِ

١٤٣٩ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِاَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ وَلِاَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا فَهُنَّ لَهُنَّ وَلِمَنْ اَتَى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِ اَهْلِهِنَّ مِمَّنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُوْنَهُنَّ فَمِنْ اَهْلِهِ حَتّٰى اَنَّ اَهْلَ مَكَّةَ يُهِلُّوْنَ مِنْهَا

١٤٤٠ بَابُ مُهَلِّ اَهْلِ الْيَمَنِ حَدَّثَنَا مُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَّتَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَلِاَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَلِاَهْلِ نَجْدٍ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَلِاَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ هُنَّ لَهُنَّ وَلِكُلِّ اٰتٍ اَتٰى عَلَيْهِنَّ مِنْ غَيْرِهِمْ مِمَّنْ اَرَادَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَمَنْ كَانَ دُوْنَ ذٰلِكَ فَمِنْ حَيْثُ اَنْشَاَ حَتّٰى اَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ

بابُ — مواقیت کے علاوہ رہنے والوں کے احرام باندھنے کی جگہ

١٤٣٩ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مدینہ منورہ کے لئے ذوالحلیفہ اہلِ شام کے لئے جحفہ، اہلِ یمن کے لئے یلملم اور اہلِ نجد کے لئے قرن کو میقات مقرر کیا،، یہ ان کے لئے ہیں اور ان کے لئے جو ان کے علاوہ دوسرے مقامات سے آئے حج اور عمرہ کا ارادہ کرے اور جو لوگ ان مواقیت کے اندر ہیں وہ اپنے گھر سے احرام باندھیں حتیٰ کہ مکہ مکرمہ کے رہنے والے مکہ مکرمہ سے احرام باندھیں۔"

باب — اہلِ یمن کی میقات

١٤٤٠ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مدینہ منورہ کے لئے ذوالحلیفہ اہلِ شام کے لئے جحفہ، اہلِ نجد کے لئے قرن اور اہلِ یمن کے لئے یلملم احرام باندھنے کی جگہ مقرر کی،، یہ ان کے لئے اور ان کے لئے جو ان کے سوا دوسرے مقامات سے آئے حج اور عمرہ کا ارادہ کرے اور جو لوگ ان مواقیت کے اندر ہیں وہ جہاں سے چاہیں احرام باندھیں حتیٰ کہ اہلِ مکہ مکہ مکرمہ سے احرام باندھیں!

marfat.com

۱۴۴۱ بَابُ ذَاتُ عِرْقٍ لِاَهْلِ الْعِرَاقِ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ نُمَیْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَیْدُاللّٰہِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا فُتِحَ هٰذَانِ الْمِصْرَانِ اَتَوْا عُمَرَ فَقَالُوْا یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم حَدَّ لِاَهْلِ نَجْدٍ قَرْنًا وَهُوَ جَوْرٌ عَنْ طَرِیْقِنَا وَاِنَّا اِنْ اَرَدْنَا قَرْنًا شَقَّ عَلَیْنَا قَالَ فَانْظُرُوْا حَدْوَهَا مِنْ طَرِیْقِکُمْ فَحَدَّ لَهُمْ ذَاتَ عِرْقٍ ۔

باب ـــــ اہلِ عراق کے لئے میقات ذاتِ عرق ہے

۱۴۴۱ ـــــ ترجمہ : حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اُنہوں نے کہا جب یہ دونوں شہر فتح ہوئے تو لوگ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور اُنہوں نے کہا یا امیر المؤمنین ! جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ نجد کے لئے قرن احرام باندھنے کی جگہ مقرر کی ہے اور وہ ہمارے راستہ سے ہٹا ہوا ہے اگر ہم قرن کا ارادہ کریں تو ہمارے لئے مشکل ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اپنے راستہ میں اس کے مقابل کوئی جگہ دیکھو اور ان کے لئے ذات عرق کو مقرر کیا ۔

۱۴۴۱ ـــــ شرح : ذاتِ عرق مکہ مکرمہ سے دو مرحلہ دُور ہے ،، عراق مشہور ملک ہے لُغت میں عراق کا معنیٰ استواء ہے اسی لئے اِس ملک کو عرق کہا جاتا ہے کہ اس زمین میں کوئی پہاڑ نہیں اور نہ ہی گہری وادیاں ہیں ۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ اہلِ عراق کی میقات ذاتِ عرق ہے صحیح یہی ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو میقات مقرر فرمایا تھا اگرچہ آپ کے زمانہ شریف میں بصرہ اور کوفہ فتح نہ ہُوئے تھے کیونکہ آپ جانتے تھے کہ دُور دراز تک اسلامی مملکت ہوگی اور آپ کی اُمت ان اقطار میں فتوحات حاصل کرے گی چنانچہ آپ نے ارشاد فرمایا " زُوِیَتْ لِیَ الْاَرْضُ فَاُرِیْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا الخ ،، میرے لئے ساری زمین جمع کی گئی اور مَیں نے اس کے مشارق و مغارب کو دیکھا ،، اور جہاں تک وہ مجھے دکھائی گئی وہاں تک میرا ملک پہنچے گا ،، جمہور علماء امام ابوحنیفہ ، مالک ، شافعی اور احمد رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہے کہ اہلِ عراق کی میقات ذاتِ عرق ہے البتہ امام شافعی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ عراقی کے لئے مستحب یہ ہے کہ وہ عقیق سے احرام باندھے جو ذاتِ عرق کے مقابل ہے ۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ ، اہلِ شام اور اہلِ مصر کے لئے جُحفہ ، اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق اور اہلِ یمن کے لئے یلملم میقات مقرر فرمائی ،، اس سے واضح ہوتا ہے کہ اہلِ عراق کی میقات ذاتِ عرق منصوص

marfat.com

بَابُ الصَّلٰوةِ بِذِی الْحُلَیْفَةِ حَدَّثَنَا

۱۴۴۲ حدثنا

مُحَمَّدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَاخَ بِالْبُطْحَآءِ بِذِی الْحُلَیْفَةِ فَصَلّٰی بِهَا وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ یَفْعَلُ ذٰلِكَ

۱۴۴۳ حدثنا

بَابُ خُرُوْجِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی طَرِیْقِ الشَّجَرَةِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِیَاضٍ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ یَخْرُجُ مِنْ طَرِیْقِ الشَّجَرَةِ وَیَدْخُلُ مِنْ طَرِیْقِ الْمُعَرَّسِ وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ اِذَا خَرَجَ اِلٰی مَكَّةَ یُصَلِّیْ فِیْ مَسْجِدِ الشَّجَرَةِ وَاِذَا رَجَعَ صَلّٰی بِذِی الْحُلَیْفَةِ بِبَطْنِ الْوَادِیْ وَبَاتَ حَتّٰی یُصْبِحَ

علیہ ہے اور یہ کہنا صحیح نہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اہلِ عراق کے لئے ذاتِ عرق میقات مقرر کی تھی اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ ذوالحلیفہ میں نماز پڑھنا

۱۴۴۲ ـــــ

ترجمہ : عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ کی پتھریلی زمین میں اونٹنی بٹھائی اور وہاں نماز پڑھی اور عبداللہ بن عمر اسی طرح کیا کرتے تھے!

۱۴۴۲ ـــــ

شرح : بطحاء چار ہیں بطحاء مکہ، بطحاء ذی قار، بطحاء ازہر اور بطحاء ذوالحلیفہ اسی لئے حدیث میں بطحاء کو ذوالحلیفہ سے مقید کیا بعض غزوات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بطحاء ازہر میں آرام فرمایا وہاں مسجد بھی ہے اور بطحاء ذی الحلیفہ کو اہلِ مدینہ منورہ معرس کہتے ہیں۔ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف جاتے ہوئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں آرام فرمایا کرتے تھے اور ظاہر بھی یہی ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں یہ دکھایا گیا اور کہا گیا کہ یہ بطحاء مبارکہ ہے اسی لئے آپ وہاں بطور تبرک نماز پڑھا کرتے تھے اور مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف جاتے ہوئے یہاں آخر رات کو آرام فرمایا کرتے تھے تاکہ صبح مدینہ منورہ جلدی تشریف لے جائیں "

اس مقام میں نماز پڑھنی مستحب ہے یہ احرام کی نماز نہیں کیونکہ وہ سنت ہے" واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا شجرہ کے راستے سے نکلنا

۱۴۴۳ ـــــ

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (مدینہ منورہ سے)

marfat.com

باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم العقیق واد مبارک ۱۴۴۴

حدثنا الحمیدی قال حدثنا الولید وبشر بن بکر التنیسی قالا حدثنا الأوزاعی قال حدثنا یحیی حدثنی عکرمۃ انہ سمع ابن عباس یقول انہ سمع عمر یقول سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم بوادی العقیق یقول اتانی اللیلۃ آت من ربی فقال صل فی ھذا الوادی المبارک وقل عمرۃ فی حجۃ ۔

ترجمہ: "راستہ سے باہر نکلتے تھے اور معرّس کے راستہ سے (مدینہ منورہ میں) داخل ہوتے تھے"، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ کی طرف جاتے تو مسجد شجرہ میں نماز پڑھتے اور جب لوٹتے تو ذوالحلیفہ جو وادی کے بطن میں ہے میں نماز پڑھتے اور صبح تک وہیں رہتے"

شرح: ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ عید کی طرح کیا کرتے تھے کہ ایک راستہ سے عیدگاہ جاتے ۱۴۴۳

اور دوسرے راستہ سے واپس آتے تھے صحیح یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہاں آرام فرمانا اتفاقی امر نہ تھا بلکہ آپ قصداً ایسا کرتے تھے آخر رات کو آرام کرنے کے لئے اُترنے کی جگہ کو معرّس کہا جاتا ہے"

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم یہاں آرام فرماتے تھے تاکہ آپ کے ہمراہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رات اپنے گھروں کو نہ جائیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم میں سے کوئی جب سفر سے آئے تو رات کو اپنے گھر داخل نہ ہو"، واللہ ورسولہ اعلم!

باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ عقیق مبارک وادی ہے"

ترجمہ: عکرمہ نے کہا کہ اُنھوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ اُنھوں نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے سُنا کہ ۱۴۴۴

وہ کہتے تھے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وادیٔ عقیق میں یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ آج رات میرے پاس میرے رب کی طرف سے کوئی آنے والا آیا اور کہا آپ اس مبارک وادی میں نماز پڑھیں اور فرمائیں کہ عمرہ کو حج میں شریک کرلیا"

شرح: امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تصریح کی ہے کہ یہ آنے والا حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام تھے سید عالم ۱۴۴۴

صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مبارک وادی میں نماز پڑھنے کا حکم ہوا یہ احرام کی نماز ہے صبح کی نماز نہیں اور عُمْرَۃٌ فِیْ حَجَّۃٍ کا مدلول یہ ہے کہ آپ فرمائیں کہ میں نے عمرہ کو حج میں کیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ

marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ أُرِيَ وَهُوَ فِي مُعَرَّسِهِ بِذِي الْحُلَيْفَةِ بِبَطْنِ الْوَادِي قِيلَ لَهُ إِنَّكَ بِبَطْحَاءَ مُبَارَكَةٍ وَقَدْ أَنَاخَ بِنَا سَالِمٌ بِتُوخِيِّ الْمَنَاخَ الَّذِي كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُنِيخُ يَتَحَرَّى مُعَرَّسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ أَسْفَلَ مِنَ الْمَسْجِدِ الَّذِي بِبَطْنِ الْوَادِي بَيْنَهُ وَبَيْنَ الطَّرِيقِ وَسُطَ ذٰلِكَ

بَابُ غَسْلِ الْخَلُوقِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِنَ الثِّيَابِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ النَّبِيلُ قَالَ

وسلم حجۃ الوداع میں قارن تھے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوا کہ آپ عمرہ اور حج کو میقات سے جمع کریں یہی قران ہے معلوم ہوا کہ قران افراد اور تمتع سے افضل ہے،، بخاری کی اس روایت کا مدلول یہی ہے کہ آپ میقات سے عمرہ اور حج کو جمع فرمائیں لہٰذا آپ اس کا خلاف نہیں کر سکتے،، ایک روایت میں "عمرۃ وحجۃ" مذکور ہے مگر وہ روایت بخاری کی روایت کے منافی نہیں کیونکہ واو عاطفہ مطلق جمع کے لئے آتی ہے اور عمرہ اور حج کو جمع کرنا ہی قران ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم افضل عمل فرماتے تھے معلوم ہوا کہ قران افضل ہے۔

واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ: حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ کو دیکھا گیا حالانکہ آپ معرس ذی الحلیفہ وادی کے وسط میں تھے آپ کو کہا گیا کہ آپ بطحاء مبارکہ میں ہیں اور ہمارے ساتھ سالم نے بھی اونٹ بٹھایا جبکہ وہ اس جگہ کو تلاش کرتے تھے جہاں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اونٹ بٹھاتے حالانکہ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اترنے کی جگہ کا قصد کرتے تھے اور وہ اس مسجد سے اسفل میں ہے جو وادی کے وسط میں ہے اور وہاں اترنے والوں اور راستہ کے وسط میں ہے،،

۱۴۴۵ — شرح: سوال یہ ہوتا ہے کہ اس حدیث کی عنوان سے مطابقت کی صورت کیا ہے؟ جبکہ عقیق مکہ مکرمہ کے قریب ہے اور ذوالحلیفہ مدینہ منورہ کے قریب ہے،، اور باب کا عنوان یہ ہے کہ عقیق مبارک وادی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ عقیق دو (۲) ہیں اور اس سے مراد وہ عقیق ہے جو مدینہ منورہ سے چار میل دور ہے،،

باب — خوشبو کو کپڑوں سے تین بار دھونا،،

صفوان بن یعلی نے بیان کیا کہ انھوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس حالت میں دکھائیں جبکہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہو یعلی نے کہا ایک وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جعرانہ میں وحی نازل ہو رہی تھی جبکہ آپ کے ساتھ صحابہ کرام کی ایک جماعت تھی،، ایک شخص آپ کے پاس آیا اور عرض کیا

marfat.com

اخبرنا ابن جریج قال اخبرنی عطاء ان صفوان بن یعلی اخبرہ ان یعلی قال لعمر ارنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین یوحی الیہ قال فبینما النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالجعرانۃ ومعہ نفر من اصحابہ جاءہ رجل فقال یارسول اللہ کیف تری فی رجل احرم بعمرۃ وھو متضمخ بطیب فسکت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ساعۃ فجاءہ الوحی فاشار عمر الی یعلی فجاء یعلی وعلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثوب قد اظل بہ فادخل راسہ فاذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محمر الوجہ وھو یغط ثم سری عنہ فقال این الذی سال عن العمرۃ فاتی برجل فقال اغسل الطیب الذی بک ثلاث مرات وانزع عنک الجبۃ واصنع فی عمرتک کما تصنع فی حجک فقلت لعطاء اراد الانقاء حین امرہ ان یغسل ثلث مرات فقال نعم

یارسول اللہ! آپ اس شخص کے متعلق کیا فرماتے ہیں کہ جس نے عمرہ کا احرام باندھا حالانکہ اس کے کپڑے خوشبو سے لتھڑے ہوئے تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ساعت خاموش رہے اور آپ پر وحی آنے لگی تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یعلیٰ کی طرف اشارہ کیا وہ آئے حالانکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کپڑا تنا ہوا تھا یعلیٰ نے اپنا سر (کپڑے میں) داخل کیا تو دیکھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور سرخ ہے اور آپ خراٹے لے رہے ہیں پھر یہ حالت جاتی رہی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمرہ کے بارے میں سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ پس اس کو حاضر کیا گیا تو آپ نے فرمایا جو خوشبو تیرے لگی ہوئی ہے کو تین بار دھو ڈال اور اپنے بدن پر سے جبہ اتار دے اور اپنے عمرہ میں بھی وہی کر جو اپنے حج میں کرتا ہے میں نے عطاء سے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفائی کا ارادہ فرمایا تھا جبکہ اس کو تین بار دھونے کا حکم دیا تھا؟ انھوں نے کہا جی ہاں!

شرح : اس حدیث کی باب کے عنوان سے مناسبت "اغسل الطیب الذی بک الخ" کے جملہ میں ہے اور یہ عام ہے کہ خوشبو کپڑے پر لگی ہو یا محرم کے بدن پر ہو لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں کہ بظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خوشبو کپڑے پر نہ تھی بلکہ اس شخص کے بدن پر تھی اگر جبہ پر خوشبو ہوتی تو اس کا اتار دینا کافی تھا،، عدم صحت کی وجہ یہ ہے کہ عادۃً خوشبو کپڑے پر لگائی جاتی ہے۔ مسلم کی روائت میں ہے کہ صفوان بن یعلی نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا جس کے جبہ پر خوشبو لگی ہوئی تھی۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ اس شخص کے بدن پر خوشبو نہیں لگی تھی بلکہ اس کے کپڑے پر لگی ہوئی تھی! اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی شخص کپڑے میں ڈھنپا ہوا ہو تو کپڑے میں سر داخل کر کے اس کو دیکھنا جائز ہے جبکہ وہ اسے برا نہ جانے،، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ مفتی کو جب مسئلہ کا علم نہ ہو تو اس کا جواب دینے سے رک جائے حتیٰ کہ اسے معلوم کر لے،،

اس حدیث سے امام شافعی اور ایک روائت کے مطابق امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما نے استدلال کیا کہ جس نے ناواقف ہونے کی وجہ سے احرام کی حالت میں کپڑا پہن لیا جو احرام کے مناسب نہیں تو اس پر فدیہ وغیرہ واجب نہیں اسی طرح بھول کر پہننے سے فدیہ لازم نہیں،، کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو فدیہ کا حکم نہیں فرمایا تھا امام ہمام ابو حنیفہ رضی اللہ نے کہا جب کسی محرم نے پورا دن رات تک قصداً یا بھول کر اپنا سر اور چہرہ ڈھانپے

marfat.com

بَابُ الطِّيبِ عِنْدَ الْإِحْرَامِ

وَمَا يَلْبَسُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُحْرِمَ وَيَتَرَجَّلُ وَيَدَّهِنُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَشَمُّ الْمُحْرِمُ الرَّيْحَانَ وَيَنْظُرُ فِي الْمِرْآةِ وَتَدَاوَى بِمَا يَأْكُلُ الزَّيْتَ وَالسَّمْنَ وَقَالَ عَطَاءٌ يَخْتَمُ وَيَلْبَسُ الْهِمْيَانَ وَطَافَ ابْنُ عُمَرَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَقَدْ حَزَمَ عَلَى بَطْنِهِ بِثَوْبٍ وَلَمْ تَرَ عَائِشَةُ بِالتُّبَّانِ بَأْسًا قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ تَعْنِي لِلَّذِينَ يَرْحَلُونَ هُوَ دَجُهَا

رکھا اس پر فدیہ لازم ہے اگر اس مدت سے کم ڈھانپا تو اس پر صدقہ لازم ہے،، امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا جب کپڑے سے نفع حاصل کیا یا زیادہ عرصہ کپڑا اپنے رکھا تو اس پر فدیہ لازم ہے،،

امام مالک اور امام محمد رضی اللہ عنہما نے اس حدیث سے استدلال کیا کہ احرام کے وقت اور اس کے بعد محرم کے لئے خوشبو کا استعمال ممنوع ہے امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ جب خوشبو دوا کا حرام ہے تو ابتداً بطریق اَوْلیٰ حرام ہے،، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہما نے ابتداء احرام میں خوشبو کے استعمال کو جائز کہا ہے انھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے استدلال کیا کہ انھوں نے کہا "طَيَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي لِحِرْمِهِ حِينَ أَحْرَمَ وَلِحِلِّهِ حِينَ أَحَلَّ قَبْلَ أَنْ يَطُوفَ" اور بخاری میں ہے "طَيَّبْتُهُ بِمِنًى قَبْلَ أَنْ يُفِيضَ" یعنی ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو احرام باندھتے وقت اپنے ہاتھ سے خوشبو لگائی اور حلال ہونے کے وقت طواف زیارت سے پہلے خوشبو لگائی اور بخاری کی روائت کے مطابق ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے آپ صلی اللہ علیہ کو طوافِ زیارت سے پہلے منیٰ میں خوشبو لگائی،، تمام علماء کا اس میں اتفاق ہے کہ احرام باندھ لینے کے بعد خوشبو کا استعمال ممنوع ہے البتہ اختلاف ابتداء احرام میں ہے احناف کا مسلک یہ ہے کہ احرام باندھنے کے وقت خوشبو لگانا جائز ہے اور یعلی کی حدیث کا جواب یہ ہے کہ جس خوشبو کے دھونے کا آپ نے حکم فرمایا تھا وہ زعفران سے مرکب تھی،، کیونکہ مرد کے لئے زعفران کا استعمال ممنوع ہے اس کا دوسرا جواب یہ ہے کہ یعلی کا واقعہ جعرانہ میں آٹھ ہجری میں ہوا اور ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کا خوشبو لگانا حجۃ الوداع کے موقعہ پر تھا جو دس ہجری میں ہوا تھا،، اور آخر فعل پہلے فعل کا ناسخ ہوتا ہے لہٰذا یعلی کی حدیث ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کی حدیث سے منسوخ ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — احرام کے وقت خوشبو لگانا

: اور جب احرام باندھنے کا ارادہ کرے تو کیا پہنے؟ اور کنگھی کرے اور تیل ڈالے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ محرم خوشبو سونگھ سکتا ہے اور آئینہ دیکھ سکتا ہے اور کھانے کی چیزوں تیل اور گھی سے دوائی کر سکتا ہے۔ عطاء نے کہا انگوٹھی پہن سکتا ہے اور ہمیانی باندھ سکتا ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے طواف کیا جبکہ وہ محرم تھے حالانکہ انھوں نے اپنے پیٹ پر کپڑا باندھا ہوا تھا ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے جانگیہ پہننے میں ان لوگوں کے لئے حرج نہیں جانا جو ان کا ہودج کسا کرتے تھے،،

marfat.com

حدثنا محمد ١٤٤٦

ابن یوسف قال حدثنا سفین عن منصور عن سعید بن جبیر قال کان ابن عمر یدهن بالزیت فذکرته لابراهیم فقال ما تصنع بقوله حدثنی الاسود عن عائشة قالت کانی انظر الی وبیص الطیب فی مفارق رسول الله صلی الله علیه وسلم وهو محرم حدثنا عبد الله بن یوسف قال اخبرنا مالک عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابیه عن عائشة زوج النبی صلی الله علیه وسلم قالت کنت اطیب رسول الله صلی الله علیه وسلم لاحرامه حین یحرم ولحله قبل ان یطوف بالبیت ١٤٤٧

ترجمہ : سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کہا ابن عمر رضی اللہ عنہما زیتون کا تیل لگاتے تھے میں نے ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے اس کا ذکر کیا تو انھوں

١٤٤٦ ——

نے کہا تو ابن عمر کے قول کو کیا کرے گا مجھے اسود نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے خبر دی انھوں نے کہا گویا میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ میں خوشبو کی چمک دیکھ رہی ہوں حالانکہ آپ محرم تھے ::

شرح : تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جس سے خوشبو بنائی جائے وہ حرام ہے ، ریحان میں فقہاء کا اختلاف ہے امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ریحان کا سونگھنا حرام ہے اور امام ابوحنیفہ اور مالک رحمہما اللہ کے مذہب میں مکروہ ہے امام احمد رحمہ اللہ نے اس میں توقف کیا ہے ،، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس میں حرج نہیں جانتے ہیں. عطاء نے کہا محرم خوشبو سونگھے تو کفارہ لازم ہے ، ابن برّ رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اہلِ علم کا اس پر اتفاق ہے کہ محرم کمر سے ہمیانی باندھ سکتا ہے ابن علیہ نے اس پر اجماع ذکر کیا ہے ،،

محرم کا جانگیہ پہننا ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کی اپنی ذاتی رائے کے مطابق ہے اکثر علماء کا مذہب یہ ہے کہ جانگیہ اور شلوار میں فرق نہیں اور محرم کے لئے دونوں حرام ہیں توضیح میں ذکر کیا کہ محرم کا جانگیہ پہننا حرام ہے جیسے قمیص اور موزہ وغیرہ حرام ہیں اگر اسے قصداً پہنے تو گنہگار ہوگا اور فدیہ دے گا اگرچہ تھوڑا وقت پہنے. واللہ ورسولہ اعلم!

حدیث ع ١٤٤٦ سے امام ابوحنیفہ امام ابو یوسف اور زفر رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ محرم احرام سے پہلے خوشبو لگا سکتا ہے احرام باندھنے کے بعد اس کا اثر باقی رہے یا نہ رہے اس میں کوئی حرج نہیں ،. امام شافعی ، امام احمد اور سفیان ثوری رضی اللہ عنہم کا مسلک بھی یہی ہے ،، اس حدیث کی راویہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کا فرمان بھی یہی ہے البتہ امام محمد رضی اللہ عنہ اس کے خلاف ہیں اور ان کے نزدیک احرام باندھنے سے قبل خوشبو لگانا جائز نہیں امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ بھی اس مسئلہ میں ان سے متفق ہیں. واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا زوجہ محترمہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

١٤٤٧ ——

نے کہا میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو احرام کے وقت خوشبو لگاتی تھی جبکہ آپ احرام باندھتے اور طوافِ زیارت سے پہلے احرام کھولنے کے وقت میں آپ کو خوشبو لگاتی تھی

١٤٤٧ —— شرح : یعنی ام المؤمنین رضی اللہ عنہا طوافِ زیارت سے پہلے.

marfat.com

بَابُ مَنْ اَهَلَّ مُلَبَّدًا

۱۴۴۹ حدثنا اصبغ قال اخبرنا ابن وهب عن یونس عن ابن شهاب عن سالم عن ابیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یھل ملبدا باب الاھلال عند مسجد ذی الحلیفۃ

محذوراتِ احرام سے حلال ہونے کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگاتی تھیں اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ محرم احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگائے اور احرام کے بعد تک اس کا اثر باقی رہے تو مضر نہیں اگر یہ کہا جائے کہ متضمخ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ احرام سے پہلے خوشبو لگانا جائز نہیں جبکہ اس کا اثر باقی رہے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے متضمخ سے فرمایا تھا کہ اپنے خوشبو والے جبہ کو دھو ڈالو اس کا جواب یہ ہے کہ اس شخص نے زعفران کی خوشبو لگا رکھی تھی اور وہ مردوں کے لئے احرام اور غیر احرام میں حرام ہے۔

باب — جس نے بالوں کو جما کر احرام باندھا

۱۴۴۸ — ترجمہ : حضرت سالم نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر" رضی اللہ عنہم" سے روائت کی اُنھوں نے کہا میں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بال جمائے ہوئے (بحالتِ تلبید) تلبیہ کہتے سُنا ،،

۱۴۴۸ — شرح : تلبید یہ ہے کہ محرم اپنے سر کے بال گوند وغیرہ سے جما لے تاکہ بحالت احرام پراگندہ نہ ہوں ،،

اس حدیث سے شوافع نے استدلال کیا کہ محرم کے لئے تلبید مستحب ہے تاکہ پراگندگی سے محفوظ رہے۔ ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا جمہور علماء کہتے ہیں کہ جس نے تلبید کی اس پر سر کا حلق ضروری ہے ایسے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا جس نے بال جمائے اور قصر کیا (بال چھوٹے کروالئے) اور حلق نہ کیا تو یہی کافی ہے ،، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت ہے وہ کہتے ہیں جس نے سر کی تلبید کی یا گیسو بنائے اگر اس نے حلق کی نیت کی ہو تو حلق کرے ورنہ قصر کرے ،، اور جس حدیث میں ہے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے احرام کے لئے تلبید کی اس پر بالوں کا حلق واجب ہے ،، اس حدیث میں عبداللہ بن رافع راوی ضعیف ہے درقطنی نے کہا وہ قوی نہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — مسجد ذوالحلیفہ کے پاس تلبیہ کہنا

marfat.com

١٤٤٩ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُ يَقُوْلُ مَا اَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ يَعْنِيْ مَسْجِدَ ذِي الْحُلَيْفَةِ

بَابُ مَا لَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ

١٤٥٠ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَلْبَسُ الْقَمِيْصَ وَلَا الْعَمَائِمَ وَلَا السَّرَاوِيْلَاتِ وَلَا الْبَرَانِسَ وَلَا الْخِفَافَ اِلَّا اَحَدٌ لَا يَجِدُ نَعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسْ خُفَّيْنِ وَلْيَقْطَعْهُمَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ وَلَا تَلْبَسُوْا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ اَوْ وَرْسٌ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَأْسَهٗ وَلَا يَتَرَجَّلُ وَلَا يَحُكُّ جَسَدَهٗ وَيُلْقِي الْقَمْلَ مِنْ رَأْسِهٖ وَجَسَدِهٖ فِي الْاَرْضِ

١٤٤٩ ترجمہ : حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اپنے باپ سے ابن عمر کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلبیہ نہیں فرمایا مگر اس مسجد یعنی مسجد ذوالحلیفہ کے پاس (تلبیہ فرمایا)

١٤٤٩ شرح : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا احرام باندھنے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اختلاف ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس جگہ احرام باندھا جبکہ بعض کہتے ہیں کہ مصلیٰ پہ احرام باندھا تھا بعض کا کہنا ہے کہ جب سواری کھڑی ہوئی اس وقت احرام باندھ لیا بعض کا یہ قول ہے کہ جب بیداء پر چڑھے اس وقت احرام باندھا تھا اس اختلاف کے بارے میں حضرت عبداللہ بن رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا تو انھوں نے کہا دراصل سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی حج کیا ہے اس لئے یہ اختلاف پیدا ہوا ہے کیونکہ جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم حج کے لئے تشریف لے گئے اور مسجد ذوالحلیفہ میں پہنچ کر آپ نے نماز ادا فرمانے کے بعد تلبیہ فرمایا تو جن لوگوں نے یہ سُنا انھوں نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد ذوالحلیفہ کے پاس احرام باندھا پھر اس کے بعد آپ سوار ہوئے تو آپ نے سواری پر بیٹھ کر تلبیہ کہا تو یہ سننے والے لوگوں نے کہا کہ سوار ہو کر آپ نے احرام باندھا لہٰذا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد ذوالحلیفہ کے پاس ہی احرام باندھا تھا جبکہ آپ نے اس مسجد کے پاس دو رکعتیں پڑھ کر تلبیہ فرمایا تھا ،، امام ابوحنیفہ ، امام ابو یوسف ، امام محمد ، امام مالک ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کا یہی مسلک ہے ۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب — محرم کون سے کپڑے نہ پہنے ،، ؟

١٤٥٠ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ! محرم کون سے

marfat.com

بَابُ الرُّكُوبِ وَالْإِرْتِدَافِ فِي الْحَجِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ يُونُسَ الْأَيْلِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أُسَامَةَ كَانَ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ إِلَى الْمُزْدَلِفَةِ ثُمَّ أَرْدَفَ الْفَضْلَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ إِلَى مِنًى قَالَ فَكِلَاهُمَا قَالَ لَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

کپڑے پہنے یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " محرم قمیص، عمامہ، شلوار، ٹوپی اور موزے نہ پہنے مگر جبکہ کوئی شخص جوتی نہ پائے تو وہ موزے پہن لے اور ان کو ٹخنوں کے نیچے سے کاٹ لے اور کوئی ایسا کپڑا نہ پہنو جس کو زعفران یا ورس نے مس کیا ہو "

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ غیر محرم شخص زعفرانی رنگ والا اور مورس کپڑا پہن سکتا ہے اور حضرت انس کی حدیث کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زعفرانی رنگ سے منع فرمایا اس سے مراد یہ ہے کہ اپنے بدن پر زعفران نہ ملے اور غیر محرم کا زعفرانی کپڑا پہننے میں حرج نہیں چنانچہ امام نسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بدن پر زعفران ملنے سے منع فرمایا اس حدیث کا اسناد صحیح ہے " اور جس حدیث میں مطلقاً تزعفر (زعفرانی رنگ) سے نہی اور ممانعت مذکور ہے اس کا محمل یہی ہے اور مطلق مقید پر محمول ہے " حدیث ۱۳۴ کی تفہیم میں مزید وضاحت مذکور ہے " واللہ ورسولہ اعلم!

باب — حج میں سوار ہونا اور کسی کو پیچھے بٹھانا

۱۴۵۱ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اسامہ رضی اللہ عنہ عرفہ سے مزدلفہ تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ سے منیٰ تک فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کو اپنے پیچھے بٹھایا ابن عباس نے کہا کہ ان دونوں حضرات نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تلبیہ (لبیک اللھم لبیک) کہتے رہے حتیٰ کہ جمرہ عقبہ پر کنکریاں ماریں "

۱۴۵۱ — شرح : عرفہ وہ وسیع میدان ہے جہاں حاجی ٹھہرتے ہیں اور مزدلفہ حرم مکہ میں ایک مقام ہے جہاں حاجی عرفات میں ٹھہرنے کے بعد رات کے کچھ حصے میں پہنچتے ہیں " اس حدیث سے امام اعظم ابوحنیفہ، امام ابو یوسف، امام محمد، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے استدلال کیا کہ جمرہ عقبہ پر کنکریاں مارنے سے پہلے تلبیہ قطع نہ کیا جائے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جمرہ عقبہ پر پہلی کنکری مارتے وقت تلبیہ ترک کر دے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ سے دو قول ہیں البتہ امام احمد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جمرہ عقبہ پر پوری کنکریاں مارنے کے بعد تلبیہ ترک کرے بخاری

marfat.com

بَابُ مَا يَلْبَسُ الْمُحْرِمُ مِنَ الثِّيَابِ الْاَرْدِيَةِ وَالْاُزُرِ وَلَبِسَتْ عَائِشَةُ الثِّيَابَ الْمُعَصْفَرَةَ وَهِيَ مُحْرِمَةٌ وَقَالَتْ لَا تَلَثَّمُ وَلَا تَتَبَرْقَعُ وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا بِوَرْسٍ وَلَا زَعْفَرَانٍ وَقَالَ جَابِرٌ لَا اَرَى الْمُعَصْفَرَ طِيبًا وَلَمْ تَرَ عَائِشَةُ بَاْسًا بِالْحُلِيِّ وَالثَّوْبِ الْاَسْوَدِ وَالْمُوَرَّدِ وَالْخُفِّ لِلْمَرْاَةِ وَقَالَ اِبْرَاهِيمُ لَا بَاْسَ اَنْ يُبَدِّلَ ثِيَابَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ اَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ بَعْدَ مَا تَرَجَّلَ وَادَّهَنَ وَلَبِسَ اِزَارَهُ وَرِدَآءَهُ هُوَ وَاَصْحَابُهُ فَلَمْ يَنْهَ عَنْ شَيْءٍ مِنَ الْاَرْدِيَةِ وَالْاُزُرِ اَنْ تُلْبَسَ اِلَّا الْمُزَعْفَرَةَ الَّتِي تَرُدُّ عَلَى الْجِلْدِ فَاَصْبَحَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ حَتّٰى اسْتَوَى عَلَى الْبَيْدَآءِ اَهَلَّ هُوَ وَاَصْحَابُهُ وَقَلَّدَ بَدَنَتَهُ وَذٰلِكَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ فَقَدِمَ مَكَّةَ لِاَرْبَعٍ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَسَعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ اَجْلِ بَدَنَتِهِ لِاَنَّهُ قَلَّدَهَا ثُمَّ نَزَلَ بِاَعْلَى مَكَّةَ عِنْدَ الْحَجُونِ وَهُوَ مُهِلٌّ بِالْحَجِّ وَلَمْ يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ بَعْدَ طَوَافِهِ بِهَا حَتّٰى رَجَعَ مِنْ عَرَفَةَ وَاَمَرَ اَصْحَابَهُ اَنْ يَطُوفُوا بِالْبَيْتِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ يُقَصِّرُوا مِنْ رُؤُسِهِمْ ثُمَّ يَحِلُّوا وَذٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ بَدَنَةٌ قَلَّدَهَا وَمَنْ كَانَتْ مَعَهُ امْرَاَتُهُ فَهِيَ لَهَا حَلَالٌ وَالطِّيبُ وَالثِّيَابُ

میں مذکور باب کی حدیث امام احمد رضی اللہ عنہ کے مسلک کی تائید کرتی ہے،، اور بیہقی کی ابووائل سے روائت کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ تلبیہ فرماتے رہے حتیٰ کہ جمرہ عقبہ پر پہلی کنکری مارتے وقت تلبیہ قطع کردیا،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مسلک کی تائید کرتی ہے اور ابن خزیمہ کی روائت کہ فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں عرفات سے لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار رہا آپ تلبیہ فرماتے رہے حتیٰ کہ جمرہ عقبیٰ پر آخری کنکری مارنے کے بعد تلبیہ قطع کیا،، امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا حدیث میں یہ اضافہ عجیب وغریب ہے فضل کی روایات میں کہیں بھی اس کا تذکرہ نہیں۔ امام ذہبی نے اس اضافہ کو منکر کہا ہے واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ محرم کپڑے، چادر اور تہبند سے کیا پہنے"

: ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بحالتِ احرام معصفر (کسم سے رنگا ہو) کپڑا پہنا اور فرمایا عورتیں بحالتِ احرام منہ نہ ڈھانپیں نہ برقع پہنیں اور نہ ہی ایسا کپڑا پہنیں جو ورس اور زعفران سے رنگا گیا ہو،، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا "میں معصفر کو خوشبو نہیں جانتا ہوں،، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا

marfat.com

نے ضرورت کے لئے بحالتِ احرام زیورات پہننے، کالے اور گلابی کپڑے پہننے اور موزے پہننے میں حرج نہیں سمجھا ہے،، ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا محرم کا کپڑے بدلنے میں حرج نہیں۔

شرح : محرم کے لئے جن کپڑوں کا پہننا جائز نہیں ان کو بیان کرنے کے بعد ان کپڑوں کا بیان کرنا شروع کیا جو محرم کے لئے پہننے جائز ہیں،، یعنی محرمہ عورت منہ نہ ڈھانپے اور نہ ہی برقع اوڑھے اور ان کے علاوہ جو چاہے کپڑے پہنے مگر ورس اور زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے نہ پہنے جبکہ ان سے رنگ کی مہک ظاہر ہوتی ہو اور اگر انھیں دھولیا جائے تو محرم کے لئے یہ جائز ہیں کیونکہ بعض روایات میں ہے" اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ نَے یہ لاً،، احناف کا یہی مسلک ہے،، حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہا میں معصفر کپڑے کو خوشبودار خیال نہیں کرتا ہوں اور ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے زیورات اور کالے اور گلابی کپڑے پہننے میں حرج نہیں سمجھا اور نہ ہی محرمہ عورت کے لئے موزے پہننے میں حرجِ خیال کیا ہے۔ ابن منذر نے کہا علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ محرمہ عورت سلے ہوئے کپڑے پہن سکتی ہے وہ موزے بھی پہن سکتی ہے وہ اپنا سر اور سر کے بال ڈھانپے مگر چہرہ کھلا رکھے البتہ اس پر ہلکا سا کپڑا لٹکا سکتی ہے جس سے وہ لوگوں کی نگاہوں سے مستور رہے اسے پورا ڈھانپ نہیں سکتی کیونکہ عورت کا احرام اس کے چہرے میں ہے،، اس لئے چہرہ ڈھانپنا اس کے لئے حرام ہے،، احناف کے نزدیک عورت کا زیور پہننا تنزیہاً مکروہ ہے،،

ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا محرم کپڑے بدل سکتا ہے اور ثیاب احرام کی حد کے تحت جو چاہے کپڑے پہنے،، واللہ ورسولہ اعلم!

۱۴۵۲ —

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کنگھی کرنے اور بالوں کو تیل لگانے کے بعد (حجۃ الوداع میں) مدینہ منورہ سے چلے جبکہ آپ اور آپ کے صحابہ نے تہبند اور چادریں اوڑھیں اور ان میں سے کسی شئی سے آپ نے منع نہ فرمایا مگر اس کپڑے سے منع کیا جو زعفران میں رنگا ہوا ہو اور زعفران بدن پر جھڑ رہی ہو پھر صبح کے وقت ذوالحلیفہ میں اپنی سواری پر سوار ہوئے حتیٰ کہ مقامِ بیداء میں پہنچے تو آپ اور آپ کے صحابہ کرام نے لبیک کہا اور اپنے جانوروں کی گردن میں قلادہ ڈالا،، یہ اس دن کا واقعہ ہے جبکہ ذوالقعدہ کے پانچ دن باقی تھے ذوالحجہ کے چار دن گزرنے کے بعد آپ مکہ مکرمہ تشریف لائے اور بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا، مروہ کے درمیان سعی فرمائی،، اور حرم میں بدنہ (قربانی کا جانور) بھیجنے کے باعث آپ نے احرام نہ کھولا کیونکہ آپ نے اس کی گردن میں قلادہ ڈال دیا تھا،، پھر آپ مقام حجون کے پاس مکہ مکرمہ کی بالائی طرف اترے جبکہ آپ حج کا احرام باندھے ہوئے تھے اور طواف کرنے کے بعد آپ کعبہ کے قریب نہ گئے حتیٰ کہ عرفہ سے واپس تشریف لائے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم فرمایا کہ وہ بیت اللہ کا طواف کریں اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی کریں پھر سروں کے بال چھوٹے کرادیں اس کے بعد وہ احرام کھول دیں یہ اس شخص کے لئے ہے جس کے پاس قربانی کا جانور قلادہ ڈالا ہوا نہ ہو اور جس کے ساتھ اس کی بیوی ہو وہ اس کے لئے حلال ہے اور وہ خوشبو

marfat.com

بَابُ مَنْ بَاتَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ

حَتّٰى أَصْبَحَ قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا وَبِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ بَاتَ حَتّٰى أَصْبَحَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَلَمَّا رَكِبَ رَاحِلَتَهُ وَاسْتَوَتْ بِهِ أَهَلَّ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ قَالَ وَأَحْسِبُهُ بَاتَ بِهَا حَتّٰى أَصْبَحَ

۱۴۵۳ ۱۴۵۴

لگا سکتے ہیں اور کپڑے پہن سکتے ہیں ،،

۱۴۵۲ ــــ **شرح** : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں قارن تھے کیونکہ آپ نے عمرہ اور حج کو ایک سفر میں جمع کیا تھا یہی قِران ہے اور یہ افراد اور تمتع سے افضل ہے ،، حجون مکہ والوں کا قبرستان ہے اور بیت اللہ سے ڈیڑھ میل دُور ہے ،، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن صحابہ کرام کو بیت اللہ کا طواف اور سعی کے بعد احرام کھول دینے کا حکم فرمایا تھا جنہوں نے حرم میں ہدی نہ بھیجی تھی واللہ ورسولہ اعلم!

باب ــــ جو صُبح تک ذوالحلیفہ میں ٹھہرا ،،

۱۴۵۳ ــــ **ترجمہ** : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روائت کی ،،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں چار رکعتیں اور ذوالحلیفہ میں دو رکعتیں پڑھیں پھر صبح تک ذوالحلیفہ میں ٹھہرے رہے جب اپنی سواری پر سوار ہوئے اور وہ سیدھی کھڑی ہوگئی تو آپ نے تلبیہ کہا ،،

۱۴۵۴ ــــ **ترجمہ** : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز چار رکعتیں پڑھیں اور ذوالحلیفہ میں عصر کی نماز دو رکعتیں پڑھیں اور کہا میرا خیال ہے کہ آپ صبح تک ذوالحلیفہ میں ٹھہرے رہے ،،

شرح: اس باب سے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کا مقصد یہ ہے کہ میقات میں رات گزارنا جائز ہے اور اس میں تاخیرِ احرام نہیں اور نہ ہی یہ احرام کے بغیر گزرنے والے کے مشابہ ہے۔

marfat.com

بَابُ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالْإِهْلَالِ حَدَّثَنَا

۱۴۵۵ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ وَسَمِعْتُهُمْ يَصْرُخُونَ بِهِمَا جَمِيعًا بَابُ التَّلْبِيَةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ

: سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ میں عصر کی نماز دو رکعتیں اس لئے پڑھیں کہ آپ مسافر تھے ،، ذوالحلیفہ میں رات گزارنا حج کے سنن میں شامل نہیں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کی سہولت کے لئے وہاں رات بسر فرمائی تھی تاکہ پیچھے رہنے والے لوگ پہنچ جائیں اور جو آپ کے ساتھ نہیں آسکے وہ آجائیں اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح فرض نماز کے بعد احرام باندھا تھا ۔
واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم !

باب — بلند آواز سے تلبیہ کہنا

۱۴۵۵ — ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز چار رکعتیں پڑھیں اور ذوالحلیفہ میں عصر کی نماز دو رکعتیں پڑھیں میں نے صحابہ کرام کو عمرہ اور حج دونوں کا بلند آواز سے تلبیہ کہتے سنا ۔

۱۴۵۵ — شرح : یعنی لوگ حج اور عمرہ کے احرام باندھنے کے وقت بلند آواز سے تلبیہ کہہ رہے تھے اور یہ کہنا درست نہیں کہ بعض حج کا تلبیہ کہتے تھے اور بعض عمرہ کا اور بعض دونوں کا تلبیہ کہہ رہے تھے کیونکہ " بِهِمَا " میں باء کا تعلق " يَصْرُخُونَ " سے ہے لہٰذا ضمیر کا مرجع متفرق لوگ نہیں ہوسکتے ہیں معلوم ہوا کہ قرآن افضل ہے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم قارن تھے اور آپ افضل عمل کیا کرتے تھے ! اس حدیث سے جمہور علماء نے استدلال کیا کہ تلبیہ میں آواز بلند کرنا مستحب ہے ،، امام ترمذی نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کونسا حج افضل ہے آپ نے فرمایا " العجّ والثجّ " یعنی بلند آواز سے تلبیہ کہنا اور ذبح کرنا ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تلبیہ احرامِ حج کی شرط ہے جب تلبیہ نہ کہے محرم نہ ہوگا ،، امام شافعی اسے سنت کہتے ہیں اور امام مالک اسے واجب کہتے ہیں اور اس کے ترک سے دم واجب ہے ۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب — تلبیہ

marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ ۱۴۵۵
عُمَارَةَ عَنْ اَبِیْ عَطِیَّةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ كَيْفَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّیْ
لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ تَابَعَهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ
الْاَعْمَشِ وَقَالَ شُعْبَةُ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ قَالَ سَمِعْتُ خَيْثَمَةَ عَنْ اَبِیْ عَطِيَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
۱۴۵۶ —— کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تلبیہ "لَبَّيْكَ
اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ
لَكَ ،، حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں ہر قسم کی تعریف اور نعمت
اور بادشاہی کے تو ہی لائق ہے تیرا کوئی شریک نہیں ،،

شرح : پہلے باب کے آخر میں ہم ذکر کر چکے ہیں کہ تلبیہ مشروع ہے
۱۴۵۶ —— اس میں سب کا اتفاق ہے ۔ امام شافعی اور امام احمد رضی
اللہ عنہما کے نزدیک مسنون ہے اگر اسے ترک کر دے تو دم لازم نہیں ،، امام مالک رضی اللہ عنہ کے مذہب میں واجب ہے
اس کے ترک سے دم لازم ہے اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مسلک یہ ہے کہ تلبیہ حج کے احرام کے لئے شرط
ہے اس کے بغیر حج کا احرام صحیح نہیں جبکہ نیت اور سوق ہدی کے ساتھ اس کا انضمام ضروری ہے ،، تلبیہ کی مشروعیت
میں حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کا اکرام کرتا ہے جبکہ ان کو اپنے گھر آنے کی دعوت دی اور وہ بحیثیت
وفد حاضر ہوتے ہیں ،، اس قدر تلبیہ میں علماء کا اتفاق ہے اور ان کلمات سے زائد کلمات میں اختلاف ہے ۔ امام مالک
رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تلبیہ پر اضافہ مکروہ ہے ان سے ایک روایت کے مطابق اتنا
اضافہ جائز ہے جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کرتے تھے ۔ سفیان ثوری ، اوزاعی اور امام محمد بن حسن رضی اللہ عنہم
نے کہا کہ محرم جس قدر چاہے اور پسند کرے تلبیہ میں اضافہ کر سکتا ہے ۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہما نے کہا
مشروع تلبیہ پر اضافہ کرنے میں حرج نہیں ،، ترمذی نے امام شافعی سے ذکر کیا کہ اگر تلبیہ میں اللہ تعالیٰ کی تعظیم کے کچھ
کلمات زیادہ کر دے تو حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ انھیں کلمات پر اقتصار کرے جو مشروع ہیں ۔ امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ
نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا تلبیہ ذکر کیا جس کے زائد الفاظ یہ ہیں " لبیک لبیک وسعدیک
والخیر بیدیک لبیک والرغباء الیک والعمل " واللہ اعلم ورسولہ !

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں جانتی ہوں کہ جناب
۱۴۵۷ —— رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح لبیک کہتے تھے آپ فرماتے
تھے ۔ " لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک " ابومعاویہ
نے سفیان ثوری کی اعمش سے روایت کرنے میں متابعت کی ، اور شعبہ نے کہا ہم کو سلیمان نے خبر دی انہوں نے کہا میں

marfat.com

١٤٥٧ بَابُ التَّحْمِيدِ وَالتَّسْبِيحِ وَالتَّكْبِيرِ قَبْلَ الْإِهْلَالِ عِنْدَ الرُّكُوبِ عَلَى الدَّابَّةِ

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ

قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ مَعَهُ بِالْمَدِينَةِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ بَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ ثُمَّ رَكِبَ حَتَّى اسْتَوَتْ بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ حَمِدَ اللَّهَ وَسَبَّحَ وَكَبَّرَ ثُمَّ أَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَأَهَلَّ النَّاسُ بِهِمَا فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَ النَّاسَ فَحَلُّوا حَتَّى كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ قَالَ وَنَحَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ قِيَامًا وَذَبَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ كَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ قَالَ بَعْضُهُمْ هَذَا عَنْ أَيُّوبَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَنَسٍ الخ

نے خیثمہ سے سُنا اُنھوں نے ابوعطیہ سے روائت کیا اُنھوں نے کہا میں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے سُنا،، سلیمان ہی اعمش ہے اور خیثمہ بن عبدالرحمٰن جُعفی کوفی ہیں وہ ایک لاکھ درہم کے وارث ہُوئے اور ان کو علماء پر خرچ کر دیا،،

باب — لبّیک کہنے سے پہلے جانور پر سوار ہونے کے وقت تحمید و تسبیح اور تکبیر کہنا،،

ترجمہ :

١٤٥٨ —

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم جبکہ ہم آپ کے ساتھ تھے نے مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز چار رکعتیں پڑھیں اور عصر کی نماز ذوالحلیفہ میں دو رکعتیں پڑھیں پھر رات بھر وہاں رہے حتیٰ کہ صبح ہو گئی پھر سوار ہُوئے حتیٰ کہ سواری بیداء پہنچی تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تکبیر کہی پھر حج اور عمرہ کی لبّیک کہی اور لوگوں نے بھی حج اور عمرہ کی لبّیک کہی اور جب ہم مکّہ مکرمہ آئے تو آپ نے لوگوں کو حکم دیا کہ وہ احرام کھول دیں سب نے احرام کھول دیا حتیٰ کہ ترویہ کے دن حج کا احرام باندھا حضرت انس نے کہا نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اونٹ کھڑے کر کے اپنے دستِ اقدس سے نحر کئے اور جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مدینہ منورہ میں دو مینڈھے ذبح کئے امام بخاری نے کہا بعض نے اس کو ایّوب سے اُنھوں نے کسی مرد سے اُنھوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روائت کیا ہے۔

marfat.com

بَابُ مَنْ اَهَلَّ حِيْنَ اسْتَوَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ ۱۴۵۸
قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَهَلَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
حِيْنَ اسْتَوَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ قَائِمَةً

۱۴۵۸ — شرح : امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مسلک میں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تلبیہ کے الفاظ میں سے کمی نہ کی جائے اور ان الفاظ پر اکتفا مستحب ہے اور باب کا عنوان اس کے جواز یا عدمِ جواز پر دلالت نہیں کرتا لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں کہ اس عنوان میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے اس قول کی تردید ہے کہ تسبیح یا تکبیر یا تہلیل کہنے سے تلبیہ ادا ہو جاتا ہے،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کوئی سفر کا ارادہ کرے وہ اپنے شہر یا گاؤں کی آبادی سے باہر چلا جائے تو قصر کرے گا،، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم قارن تھے اور یہ جملہ،، ثُمَّ اَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ،، اس پر دلالت کرتا ہے لہٰذا قرآن افراد اور تمتع سے افضل ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم افضل پر عمل کرتے تھے،، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حج اور عمرہ کا تلبیہ کہتے سنا ہے جبکہ اس کے خلاف حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا قول ذکر کیا گیا تو انھوں نے کہا تم ہمیں بچے شمار کرتے ہو،، میں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے حج اور عمرہ کو جمع کیا تھا،، بخاری میں عنقریب ذکر ہوگا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہم کسی کے کہنے پر نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ترک نہیں کریں گے پھر انھوں نے حج اور عمرہ کی لبیک کہی،، مسلم میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور عمرہ کو جمع کیا اور وصال فرمانے تک اس سے منع نہ فرمایا،، طبرانی نے اوسط میں صحیح اسناد کے ساتھ صبی بن معبد سے روایت کی انھوں نے کہا میں نے حج اور عمرہ دونوں کا احرام باندھا تو مجھے عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا تو نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی ہدایت دیا گیا ہے ان احادیث سے واضح ہوتا ہے کہ قرآن افضل ہے،، اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفر میں حج اور عمرہ کو جمع کیا تھا اور یہ یقینی امر ہے کہ دو عبادتیں ایک عبادت سے افضل ہیں یہی احناف کا مذہب ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — جس نے اس وقت لبیک کہی جبکہ سواری سیدھی کھڑی ہوگئی

۱۴۵۹ — ترجمہ : نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت لبیک کہی جبکہ آپ کی سواری سیدھی کھڑی ہوگئی،، حدیث ۱۴۴۹ کی تفہیم میں اس کا بیان گزر چکا ہے ۔۔

marfat.com

بَابُ الْاِهْلَالِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَقَالَ اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ اَمَرَ بِرَاحِلَتِهٖ فَرُحِلَتْ ثُمَّ رَكِبَ فَاِذَا اسْتَوَتْ بِهِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ قَائِمًا ثُمَّ يُلَبِّيْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْحَرَمَ ثُمَّ يُمْسِكُ حَتّٰى اِذَا جَاءَ ذَا طُوًى بَاتَ بِهٖ حَتّٰى يُصْبِحَ فَاِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ اغْتَسَلَ وَزَعَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ تَابَعَهٗ اِسْمٰعِيْلُ عَنْ اَيُّوْبَ فِي الْغُسْلِ

ـــــ قبلہ کو متوجہ ہو کر تلبیہ (لبیک) کہنا

ترجمہ : نافع رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب ذوالحلیفہ میں صبح کی نماز پڑھ لیتے تو اپنی سواری تیار کرنے کا حکم فرماتے اور وہ تیار کی جاتی پھر اس پر سوار ہوتے جب وہ سیدھی کھڑی ہو جاتی تو کھڑے کھڑے قبلہ کو متوجہ ہوتے اور لبیک فرماتے رہتے حتیٰ کہ حرم میں پہنچ جاتے پھر آپ رُک جاتے حتیٰ کہ جب وادی ذی طویٰ میں تشریف لاتے تو وہاں رات بسر فرماتے حتیٰ کہ صبح ہو جاتی اور جب صبح کی نماز پڑھ لیتے تو غسل فرماتے اور کہتے کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح کیا ہے اسماعیل نے ایوب سے غسل کی روایت کرنے میں عبدالوارث کی متابعت کی،،

۱۴۵۹ ـــــ

شرح : اگر یہ کہا جائے کہ تلبیہ چھوڑنے کا وقت منیٰ میں عید کے دن صبح کا وقت ہے حرم میں پہنچنا ترک کا وقت نہیں اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں خصوصًا وقت کا بیان مقصود نہیں اسی لئے اس کو مجمل ذکر کیا گیا ہے یا حرم سے مراد منیٰ ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تلبیہ کے وقت قبلہ کو متوجہ ہونا چاہیئے کیونکہ سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام مکہ مکرمہ میں دعا کے وقت قبلہ کی طرف متوجہ تھے ـــ یہ بھی معلوم ہُوا کہ نماز کے بعد احرام مستحب ہے،، ذی طویٰ میں رات بسر کرنا اور مکہ مکرمہ میں دن کو داخل ہونا ضروری نہیں اگر سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرتے ہُوئے ایسا کرے تو اس میں ثواب بہت ہے اور یہ مستحب طریقہ ہے مگر مکہ مکرمہ میں رات کی نسبت دن کو داخل ہونا افضل ہے اکثر شافعیہ یہی کہتے ہیں بعض شوافع یہ کہتے ہیں کہ دن کو یا رات کو داخل ہونے میں ایک ہی بات ہے کیونکہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم عُمرہ جعرانہ میں رات کو مکہ میں داخل ہُوئے تھے، صاحبِ ہدایہ نے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ذکر کی ہے ۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا احرام کے وقت غسل مسنون ہے اگر نہ کر سکے تو تیمم کر لے اور اس وقت دخول مکہ کے غسل کی نیت کرے ۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ نے کہا یہ غسل ہر ایک کے لئے مستحب ہے حتیٰ کہ حائض نفساء (بچہ پیدا ہونے کے بعد جس عورت کو خون آئے) اور بچے کے لئے بھی مستحب ہے، ابوعمر نے کہا یہ امام مالک کے نزدیک سنت مؤکدہ ہے اور جمعہ کے غسل سے زیادہ مؤکد ہے۔ امام ہمام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ، اوزاعی اور امام ثوری رحمہما اللہ کے نزدیک احرام کے وقت وضوء بھی کافی ہے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا تلبیہ نہ چھوڑے حتیٰ کہ حجر کا استلام کرے امام احمد نے اپنے اسناد سے روایت کی کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین عمرے کئے اور یہ تینوں ہی ذوالقعدہ میں تھے ان میں آپ تلبیہ فرماتے رہے حتیٰ کہ حجر اسود کا استلام کیا تو تلبیہ

marfat.com

۱۴۶۰ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ اَبُو الرَّبِيْعِ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اَرَادَ الْخُرُوْجَ اِلٰى مَكَّةَ اِدَّهَنَ بِدُهْنٍ لَيْسَ لَهٗ رَائِحَةٌ طَيِّبَةٌ ثُمَّ يَاْتِيْ مَسْجِدَ ذِي الْحُلَيْفَةِ فَيُصَلِّيْ ثُمَّ يَرْكَبُ فَاِذَا اسْتَوَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ قَائِمَةً اَحْرَمَ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ **بَابُ** التَّلْبِيَةِ اِذَا انْحَدَرَ فِي الْوَادِيْ **حَدَّثَنَا** مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَذَكَرُوا الدَّجَّالَ اَنَّهٗ قَالَ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ قَالَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمْ اَسْمَعْهُ وَلٰكِنَّهٗ قَالَ اَمَّا مُوْسٰى كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ اِذَا انْحَدَرَ فِي الْوَادِيْ يُلَبِّيْ

ترک کر دیا،، ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ معتمر تلبیہ نہ چھوڑے حتی کہ رکن کا استلام کرے ذی طوی مکہ مکرمہ کے قریب ایک وادی ہے،، اس کو منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح پڑھا جاتا ہے، کتاب الاذواء میں ہے کہ ذوطوی مکہ مکرمہ سے باہر ایک جگہ ہے۔ وہاں کنوئیں ہیں جو شخص مکہ مکرمہ داخل ہونے کا ارادہ کرے اس کے لیے ان سے غسل کرنا مستحب ہے واللہ اعلم!

ترجمہ : نافع رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب مکہ مکرمہ جانے کا ارادہ کرتے تو ایسا تیل استعمال کرتے جس میں خوشبو نہ ہوتی پھر مسجد ذوالحلیفہ میں آتے اور وہاں نماز پڑھتے پھر سوار ہو جاتے اور جب سواری سیدھی کھڑی ہو جاتی تو احرام باندھتے پھر کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے،،

۱۴۶۰ ——

شرح : اس حدیث شریف میں پہلی حدیث کی نسبت کچھ اضافہ ہے اور وہ تیل کا استعمال ہے جس میں خوشبو نہ ہو تاکہ جوئیں وغیرہ سے سر محفوظ رہے مگر خوشبو دار اشیاء سے اجتناب ضروری ہے کیونکہ خوشبو محذوراتِ احرام سے ہے،، اس تقریر سے معلوم کہ اس حدیث میں تکرار نہیں ہے،،

باب ——— جب وادی میں اُترے تو لبیک کہنا

۱۴۶۱ ——

ترجمہ : مجاہد رضی اللہ عنہ نے کہا ہم ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس تھے لوگوں نے دجال کا ذکر کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ نہیں سنا لیکن آپ نے فرمایا بہرحال موسیٰ (علیہ السلام) کو یا کہ میں انھیں دیکھ رہا ہوں جبکہ وہ وادی میں اُترے اور لبیک کہہ رہے ہیں۔

marfat.com

بَابُ كَيْفَ تُهِلُّ الْحَائِضُ وَالنُّفَسَاءُ اَهَلَّ تَكَلَّمَ بِهٖ وَاسْتَهْلَلْنَا وَاَهْلَلْنَا

شرح : علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مہلب سے ذکر کیا کہ اس حدیث میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر راوی کا موہوم ہے، کیونکہ ان کے زندہ ہونے اور حج کرنے کا کسی حدیث میں ذکر نہیں البتہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر آتا ہے کہ وہ زندہ ہیں اور حج کریں گے لہٰذا ذکرِ دجال کے مناسب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے یا راوی کو اشتباہ ہوا ہے اس نے عیسیٰ کی جگہ موسیٰ ذکر کر دیا ہے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ عیسیٰ بن مریم فج روحاء میں تلبیہ کہیں گے مگر یہ تقریر نامناسب ہے کیونکہ کتاب اللباس میں اسی اسناد سے حدیث مذکور ہے اور اس میں ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر ہے تو پھر اسے بھی راوی کا موہوم کہا جائے گا ہر مسلم نے ابو العالیہ کے قرن سے ابن عباس سے حدیث ذکر کی اس میں صراحۃً مذکور ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں گویا کہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیکھ رہا ہوں وہ اپنے دونوں کانوں پر انگلیاں رکھے ثنیہ سے اتر رہے ہیں اور اس راوی نے گزرنا چاہتے ہیں اور تلبیہ کہہ رہے ہیں اسی طرح اس حدیث میں حضرت یونس کا ذکر بھی ہے، لہٰذا اس کو راوی کی غلطی کہنا مناسب نہیں۔ علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ حدیث کی حیثیت پر اطلاع پاتے تو ایسا کلام نہ کرتے اور یہ تکلف نہ کرتے کیونکہ انبیاء کرام علیہم السلام زندہ ہیں اور رب کے پاس ان کو رزق دیا جاتا ہے لہٰذا اس حال میں اگر وہ حج کریں تو اس میں کوئی ممانعت نہیں ہونی چاہیے چنانچہ صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھتے دیکھا وہ عبادت کا محل اگرچہ دارِ دنیا ہے برزخ اور آخرت محلِ عبادت نہیں ہے لیکن یہ عبادت ان حضرات پر لازم نہیں) وہ تو محض ذاتی طور پر عبودیت کا اظہار کرتے ہیں،، یہ کہنا بھی بعید نہیں کہ انبیاء علیہم السلام کے لئے دنیاوی احوال ظاہر ہوئے ہوں کہ وہ کس طرح عبادت کرتے تھے یا کس طرح حج و تلبیہ کہتے تھے اسی لئے فرمایا کہ میں گویا ان کو دیکھتا ہوں،، یہ بھی ممکن ہے کہ یہ نیند میں ہو اور نبیوں کا خواب وحی ہوتا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — حیض اور نفاس والی عورت احرام کس طرح باندھے

(محاورہ ہے) اَهَلَّ تَكَلَّمَ بِهٖ ،، یعنی بات چیت کی،، اور ،، اِسْتَهَلَّلْنَا الخ یہ سب ظہور کے معنی میں بولتے ہیں،، اِسْتَهَلَّ الْمَطَرُ،، کے معنی ہے پانی بادل سے نکلا،، (قرآن مجید میں) وَمَا اُهِلَّ الخ کا معنی ہے، ذبح کے وقت اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا نام لیا جائے یہ ،، استہلال العتبی،، سے لیا گیا ہے،،

شرح : یعنی یہ تمام الفاظ ظہور سے مشتق ہیں کیونکہ جب کوئی شخص کلام کرتا ہے تو دل کی بات ظاہر کرتا ہے،، اور جب ہلال طلوع ہوتا ہے تو وہ بھی خفاء میں سے ظاہر ہوتا ہے۔ اہلال کا معنی آواز بلند کرنا ہے

marfat.com

الْهِلَالَ كُلَّهُ مِنَ الظُّهُورِ وَاسْتَهَلَّ الْمَطَرُ خَرَجَ مِنَ السَّحَابِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَهُوَ مِنَ اسْتِهْلَالِ الصَّبِيِّ
حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ۱۴۶۲
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ

ولادت کے وقت جب بچہ چلاتا ہے تو کہا جاتا ہے۔ استہل الصبیُّ ،، اور قرآن مجید میں وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ،، بھی اسی سے ہے۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اَیْ نُوْدِیَ عَلَی الْمَذْبُوْحِ بِغَیْرِ اِسْمِ اللّٰہِ ،، یعنی مذبوح پر غیر اللہ کا نام لیا جائے ،، اس آئت کریمہ میں مشرکین کا رد ہے جو جانوروں کو بتوں کا نام لے کر ذبح کرتے تھے مفسرین کا اس امر پر اتفاق ہے کہ اس آئت کریمہ کا معنی یہی ہے کہ جانور کے ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے ،، معلوم ہوا کہ اگر جانور کسی کے لئے نام زد کر دیا جائے تو جائز ہے جیسے عقیقہ کا بکرا اور مہمان کے لئے مرغی ذبح کرنا ،، علامہ ملا جیون رحمہ اللہ تعالیٰ "تفسیرات احمدیہ" میں ذکر کرتے ہیں "اَنَّ الْبَقَرَةَ الْمَنْذُوْرَةَ لِلْاَوْلِيَاءِ كَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِيْ زَمَانِنَا حَلَالٌ طَيِّبٌ لِاَنَّهٗ لَيْسَ مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ ،، یعنی ہمارے زمانے میں یہ رسم ہے کہ لوگ اولیاء اللہ کے لئے جانور نذر مانتے ہیں یہ حلال ہے پاکیزہ ہے کیونکہ یہ ان جانوروں سے نہیں جن پر اللہ کا نام ذکر نہ کیا گیا ہو اور ابو داؤد نے جو حضرت انس سے روائت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لَا عَقْرَ فِی الْاِسْلَامِ ،، اور شیخ عبد الرزاق نے کہا کہ لوگ قبروں پر جانور ذبح کیا کرتے تھے ،، اس لئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث میں اہل جاہلیت کا رد ہے کیونکہ وہ قبر کے پاس جانور ذبح کرتے اور کہتے تھے ہم اس کو اس کے فعل کی جزاء دیتے ہیں کیونکہ یہ اپنی زندگی میں جانور ذبح کر کے مہمانوں کو کھلایا کرتا تھا ہم اس کی قبر کے پاس ذبح کرتے ہیں اور اس کو جنگل کے جانور کھا جاتے تھے ،، یقیناً یہ ذبح اسراف اور اضاعت سے خالی نہیں اور نہ ہی اس میں صحیح غرض کارفرما ہے اور اسراف شریعت مطہرہ میں حرام ہے اور اگر قبر کے پاس جانور اس غرض سے ذبح کیا جائے کہ اسے فقراء اور مساکین کھائیں گے اور صاحب قبر کو اس کا ثواب پہنچے گا تو یہ مکروہ بھی نہیں اور کتاب و سنت میں اس کی تحریم کا کہیں ذکر نہیں۔ ابو داؤد نے عبید اللہ اخنس سے روائت کی کہ ایک عورت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور عرض کی یا رسول اللہ! میں نے نذر مانی ہے کہ فلاں جگہ جانور ذبح کروں گی جہاں لوگ جاہلیت میں ذبح کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ کسی بت کے لئے ذبح کرتے تھے عرض کی نہیں آپ نے فرمایا اپنی نذر پوری کر لے معلوم ہوا کہ ظروف کو اشیاء کی تحلیل و تحریم میں ہرگز دخل نہیں ایسا حدیث میں بھی صراحۃً مذکور ہے معلوم ہوا کہ غیر اللہ کے نام سے جانور ذبح کرنا حرام ہے اگر کسی کے لئے نامزد کر دیا جائے تو حرام نہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے اُنھوں نے کہا ہم حجۃ الوداع میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے ہم نے عمرہ کا احرام باندھا پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے

۱۴۶۲ ——

marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهِلَّ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ وَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ انْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي وَأَهِلِّي بِالْحَجِّ وَدَعِي الْعُمْرَةَ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ أَرْسَلَنِي النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ إِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ هٰذِهِ مَكَانُ عُمْرَتِكِ قَالَتْ فَطَافَ الَّذِينَ كَانُوا أَهَلُّوا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَإِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا

پاس ہدی ہے وہ عمرہ کے ساتھ حج کا احرام باندھے پھر وہ حلال نہ ہو حتیٰ کہ دونوں (حج و عمرہ) سے حلال ہو جائے۔ (ام المؤمنین نے کہا) میں مکہ مکرمہ آئی حالانکہ میں حائضہ تھی اور میں نے بیت اللہ کا طواف نہ کیا اور نہ ہی صفا، مروہ کے درمیان سعی کی،، میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ سے شکایت عرض کی تو آپ نے فرمایا اپنے سر کے بال کھول دو اور کنگھی کر لو اور حج کا احرام باندھو اور عمرہ چھوڑ دو،، میں نے تعمیل حکم کی جب ہم نے حج کر لیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تنعیم بھیجا تو میں نے (وہاں سے) عمرہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تمہارے عمرہ کا بدل ہے۔ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا جن لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا انھوں نے بیت اللہ اور صفا و مروہ کے درمیان طواف کیا پھر وہ حلال ہو گئے پھر منیٰ سے واپسی کے بعد انھوں نے ایک طواف کیا بہرحال جن لوگوں نے حج اور عمرہ کو جمع کیا انھوں نے صرف ایک ہی طواف کیا،،

1462 شرح : اگر یہ سوال کیا جائے کہ "باب الحیض" میں گزرا ہے اور عنقریب "باب التمتع" میں بھی آئے گا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے صرف حج کا احرام باندھا تھا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ انھوں نے مدینہ منورہ سے نکلتے وقت صرف یہی اعتقاء کیا تھا کہ وہ صرف حج کریں گے اس کے بعد سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو عمرہ کرنے کا حکم فرمایا کیونکہ مشرکوں کا یہ عقیدہ تھا کہ موسم حج میں عمرہ کرنا حرام ہے،، لہٰذا دونوں روایات میں مخالفت نہیں ہے،، یہ جاننا ضروری ہے کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کو تین ذوالحجہ بروز ہفتہ سرف کے مقام میں حیض آیا تھا اور نحر کے دن ہفتہ کے روز وہ حیض سے پاک ہو گئی تھیں،، اس حدیث سے احناف نے استدلال کیا کہ قران افضل ہے کیونکہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کے پاس ہدی ہے وہ عمرہ کے ساتھ حج کا احرام باندھے یہی تو قران ہے،، اور اس کے افضل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اس طرح ایک سفر میں دو عبادتیں جمع ہوتی ہیں،، علامہ قرطبی نے کہا ظاہر یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو قران کا حکم فرمایا تھا اور ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا،، قران کا حکم ہے اس میں قطعاً نزاع نہیں ہے۔ احادیث کی روشنی میں معلوم ہوتا ہے کہ قران افضل ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں قارن تھے امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب کا یہی مسلک ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول یہی ہے،، اگر یہ کہا جائے کہ ایک روایت میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کیا دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے

marfat.com

تمتع کیا ایک اور روائت کے مطابق آپ نے قران کیا تو اختلاف کے اندراج کا لباطریقہ ہے اس کا جواب یہ ہے کہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے عمرہ کا احرام باندھا اور اس میں متمتع رہے پھر طواف سے پہلے حج کا علیحدہ احرام باندھا اور اس طرح آپ قارن ہوگئے اگر یہ کہا جائے کہ اس وقت حج کو عمرہ پر داخل کرنا لازم آتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا علمائے کرام حج کو عمرہ پر داخل کرنے میں متفق ہیں البتہ بعض لوگ اسے منع کرتے ہیں ہاں اس کے عکس کی صورت میں اختلاف ہے کہ حج پر عمرہ داخل کیا جائے یعنی حج کے احرام کے بعد عمرہ کا احرام باندھا جائے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اور قدیم قول میں امام شافعی اس کو جائز کہتے ہیں جبکہ دوسرے لوگ اسے منع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خاص تھا مگر ان کے پاس خصوص کی دلیل نہیں ہے ،، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ متمتع جب عمرہ کے افعال سے فارغ ہو جائے تو حلال نہ ہو حتیٰ کہ حج کا احرام باندھے جبکہ اس کے پاس ہدی ہو احناف کا یہی مذہب ہے کیونکہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا یحل حتی یحل منہما جمیعا ،، یعنی احرام نہ کھولے حتیٰ کہ حج و عمرہ دونوں سے فارغ ہو جائے ،، یعنی ،، علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ یہ حدیث مشکل ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کو فرمایا کہ وہ سر کے بال کھول دیں اور کنگھی کریں حالانکہ وہ محرمہ تھیں ،، امام شافعی رضی اللہ عنہ نے اس کی تاویل یہ کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مائی صاحبہ کو حکم فرمایا کہ وہ عمرہ چھوڑ دیں اور اس پر حج داخل کریں اور قارن ہو جائیں ،، ابن حزم نے کہا صحیح یہی ہے کہ ام المومنین رضی اللہ عنہا قارن نہ تھیں اور احرام میں بال کھول دینے اور کنگھی کرنا جائز ہے بشرطیکہ بال نہ اکھڑیں ،، یہ تاویل بھی کی جاتی ہے کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کے سر میں درد تھا اس لئے ان کے لئے بال کھول دینے مباح تھے جیسے کعب بن عجرہ کے لئے بالوں کا حلق مباح تھا۔

ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں مکہ مکرمہ آئی جبکہ میں حائضہ تھی اور میں نے بیت اللہ کا طواف نہ کیا اور نہ ہی صفا و مروہ کے درمیان سعی کی اس سے ابن جوزی نے استدلال کیا کہ محدث کا طواف جائز نہیں احناف کے مذہب میں طہارت شرط نہیں ہے اگر محدث نے طواف کر لیا تو طواف صحیح ہے اور اس پر واجب ہے کہ بکری ذبح کرے اگر محدث جنبی یعنی ناپاک تھا اور اسی حالت میں طواف کر لیا تو اس پر اونٹ نحر کرنا واجب ہے اور جب تک مکہ میں ہے اس کا اعادہ کرے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک طہارت شرط ہے لہذا بدون طہارت طواف صحیح نہ ہوگا۔ جمہور علماء کا مذہب ہے کہ بے وضو، جنبی اور حائض سعی کر سکتے ہیں۔ اس حدیث سے ان علماء نے استدلال کیا جو یہ کہتے ہیں کہ قارن کے لئے ایک طواف اور ایک سعی کافی ہے ،، چنانچہ امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہما کا یہی مذہب ہے ،، امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب کا مذہب یہ ہے کہ قارن کے لئے دو طواف اور دو سعیں ہیں سیدنا عمر فاروق، علی المرتضیٰ، حسن و حسین اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم بھی یہی کہتے ہیں۔ حضرت مجاہد نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ انہوں نے حج اور عمرہ جمع کیا اور کہا کہ ان دونوں کا ایک ہی طریقہ ہے اور دو طواف اور دو سعیں کیں اور کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح دیکھا ہے ،، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی روائت ہے کہ انہوں نے قران کیا اور دو طواف اور دو سعیں کیں پھر فرمایا ،، میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہی کرتے دیکھا ہے۔ ایسے ہی علقمہ نے ابن مسعود سے روائت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰ یوم

marfat.com

بَابُ مَنْ اَهَلَّ فِیْ زَمَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَاِھْلَالِ النَّبِیِّ صلے
اللہ علیہ وسلم قَالَہٗ ابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم حَدَّثَنَا الْمَکِّیُّ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ
جَابِرٌ اَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم عَلِیًّا اَنْ یُّقِیْمَ عَلٰی اِحْرَامِہٖ وَذَکَرَ قَوْلَ سُرَاقَۃَ وَزَادَ مُحَمَّدُ بْنُ بَکْرٍ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ
قَالَ لَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسلم بِمَا اَھْلَلْتَ یَا عَلِیُّ قَالَ بِمَا اَھَلَّ بِہِ النَّبِیُّ صلے اللہ علیہ وسلم قَالَ فَاھْدِ وَامْکُثْ
حَرَامًا کَمَا اَنْتَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ الْخَلَّالُ الْھُذَلِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَ حَدَّثَنَا سَلِیْمُ بْنُ حَیَّانَ

عمر فاروق اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم نے عمرہ اور حج کے دو طواف کئے اور دو ہی سعیں کیں واللہ ورسولہ اعلم! (عینی)

باب ـــ جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کے مثل احرام باندھا،،

"اس کی عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی"

۱۴۶۳ ـــ ترجمہ : مکی بن ابراہیم نے ابن جریج سے بیان کیا انھوں نے کہا کہ عطاء نے کہا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ اپنے احرام پر قائم رہیں اور سراقہ بن مالک کا قول ذکر کیا۔

۱۴۶۴ ـــ ترجمہ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا اے علی تم نے کس چیز کا احرام باندھا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا جس چیز کا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا ہے (میری نیت یہ تھی) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر میرے ساتھ ہدی نہ ہوتی تو میں احرام کھول دیتا، محمد بن بکر نے ابن جریج سے کچھ زیادہ بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے علی! کس چیز کا تم نے احرام باندھا ہے؟ حضرت علی نے کہا جس چیز کا نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم محرم ٹھہرے رہو جیسا کہ اس وقت ہو،،

شرح : اس باب کے ترجمہ سے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ اشارہ کیا ہے کہ مبہم احرام باندھنا جائز ہے پھر اسے جس طرف چاہے پھیر سکتا ہے جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے احرام باندھا پھر اسے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کے مثل کر دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا انکار نہ فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ احرام کی کیفیت نہ جانتے تھے اس لئے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کے مثل نیت کر لی،، مگر یہ زمانۂ نبوت میں خاص تھا اس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خصوصیت ہے،، ائمہ کرام رضی اللہ عنہم کے نزدیک مبہم احرام جائز نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے،، وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ لِلّٰہِ ،،

marfat.com

قَالَ سَمِعْتُ مَرْوَانَ الْاَصْفَرَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَدِمَ عَلِيٌّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ بِمَا اَهْلَلْتَ قَالَ بِمَا اَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْلَا اَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَاَحْلَلْتُ

۱۴۶۳ —— شرح : یہ اس وقت کا واقعہ ہے جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے حج کرنے مکہ مکرمہ آئے تھے تو انہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تم نے احرام کیسا باندھا ہے کیونکہ ہمارے ساتھ تمہاری رفیقۂ حیات ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کے مثل احرام باندھا ہے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کی رفیقۂ حیات کا ذکر اس لئے کیا کہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اس وقت متمتعہ تھیں اور انھوں نے عمرہ کرکے احرام کھول دیا تھا جیسا کہ مسلم نے حضرت جابر سے روایت کی ہے! سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا کہ وہ احرام نہ کھولیں کیونکہ ہمارے پاس ہدی ہے اور جس کے پاس ہدی ہو وہ حج سے فارغ ہونے سے پہلے احرام نہیں کھول سکتا ،، جابر نے اپنی حدیث میں سراقہ کا قول ذکر کیا " سراقہ" ابن مالک بن جُعشم ہیں انھوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے انیس (۱۹) حدیثیں روایت کی ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے صرف ایک حدیث ذکر کی ہے ،، سراقہ بن مالک سے سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تمہاری کیا شان ہوگی جبکہ تمہیں کسریٰ کے کنگن پہنائے جائیں گے (یہ غیب کی خبر تھی) جب عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس کسریٰ کا تخت و تاج اور اس کے کنگن حاضر کئے گئے تو انھوں نے حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان کو دو کنگن پہنا کر فرمایا اپنے ہاتھ اوپر اٹھاؤ اور کہو " اللہ اکبر" اس ذات قدوس کی حمد ہے جس نے کسریٰ بن ہرمز سے کنگن چھین کر سراقہ بن مالک کو پہنائے جو قبیلہ بنی مدلج کا ایک اعرابی (دیہاتی) ہے سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت کی ابتداء میں چوبیس (۲۴) ہجری میں فوت ہوئے ،،

۱۴۶۴ —— شرح : علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث شریف کا مدلول یہ ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قارن تھے کیونکہ قارن یا متمتع کے سوا کسی پر ہدی واجب نہیں اور اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ متمتع ہوتے تو وہ عمرہ کا احرام کھول دیتے پھر آٹھویں ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھ لیتے معلوم ہوا کہ قران افضل ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم افضل عمل فرماتے تھے اس سے پہلی حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ مبہم احرام باندھنا جائز ہے مگر ہم کہتے ہیں حضرت علی اور ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما نے مبہم احرام اس لئے باندھا تھا کہ وہ احرام کی کیفیت کو نہ جانتے تھے اور جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا اَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ،، تو احرام کی کیفیت واضح ہوگئی لہٰذا مبہم احرام باندھنے ان دونوں حضرات کی خصوصیت تھی ،، واللہ اعلم!

---

marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ

۱۴۶۵ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى قَوْمِي بِالْيَمَنِ فَجِئْتُ وَهُوَ بِالْبَطْحَاءِ فَقَالَ بِمَا أَهْلَلْتَ فَقُلْتُ أَهْلَلْتُ كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ مَعَكَ مِنْ هَدْيٍ قُلْتُ لَا فَأَمَرَنِي أَنْ أَطُوفَ بِالْبَيْتِ فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ أَمَرَنِي فَأَحْلَلْتُ فَأَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ قَوْمِي فَمَشَطَتْنِي أَوْ غَسَلَتْ رَأْسِي فَقَدِمَ عُمَرُ فَقَالَ إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللهِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُنَا بِالتَّمَامِ قَالَ اللهُ تَعَالَى وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى نَحَرَ الْهَدْيَ

ترجمہ : حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک قوم کی طرف یمن بھیجا میں (حج کرنے) یمن سے آیا جبکہ آپ وادیٔ بطحاء میں تشریف فرما تھے،، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے کیسا احرام باندھا ہے میں نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کے مثل احرام باندھا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہارے پاس ہدی ہے میں نے عرض کیا میرے پاس ہدی نہیں،، آپ نے مجھے حکم فرمایا تو میں نے بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کے درمیان سعی کی پھر مجھے حکم فرمایا تو میں نے احرام کھول دیا میں اپنی قوم کی ایک عورت کے پاس گیا اُس نے میرے سر کو کنگھی کی یا اُس نے میرا سر دھویا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو اُنھوں نے کہا اگر ہم اللہ کی کتاب کو لیں تو اللہ تعالیٰ ہم کو (حج و عمرہ) پورا کرنے کا حکم فرماتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ،، اور اگر ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت لیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام نہ کھولا حتیٰ کہ ہدی کو حرم میں نحر فرمایا،،

۱۴۶۵ —— شرح : اس حدیث کی باب سے مناسبت اِن الفاظ میں ہے،" أَهْلَلْتُ بِإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوموسیٰ کو دس ہجری میں حجۃ الوداع سے پہلے یمن بھیجا تھا،، ابوبردہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق ابوموسیٰ اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما دونوں کو یمن کے دونوں حصّوں پر حاکم بنا کر بھیجا تھا جس عورت نے ابوموسیٰ اشعری کو کنگھی کی تھی یا ان کا سر دھویا تھا وہ ان کی محرم تھی ہوسکتا ہے کہ وہ ابوموسیٰ کی بھتیجی ہو،،

قولہ قَدِمَ عُمَرُ الخ بظاہر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اسی حج میں آئے تھے مگر یہ صحیح نہیں کیونکہ وہ اس حج میں نہیں آئے تھے بلکہ ان کا تشریف لانا اپنے عہدِ خلافت میں تھا امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اختصار سے کام لیا ہے،، جبکہ امام مسلم رحمہ اللہ نے راہِ بسط اختیار کی ہے۔

اس حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ معلّق احرام جائز ہے یعنی میرا احرام زید کے احرام کے مثل ہے اگر اس کا احرام صرف حج ہے یا تمتّع ہے یا قِران ہے تو میرا احرام بھی ایسا ہے،، اگر زید کا احرام مطلق ہے تو میرا احرام بھی مطلق ہے،، پھر وہ جس طرف پائے اپنا احرام پھیر دے،، اس کو حج کا یا تمتّع کا یا قِران کا احرام بنائے"

marfat.com

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اَشْهُرُ الْحَجِّ شَوَّالٌ وَّذُو الْقَعْدَةِ وَعَشْرٌ مِّنْ ذِي الْحِجَّةِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا يُحْرِمَ بِالْحَجِّ اِلَّا فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ وَكَرِهَ عُثْمَانُ اَنْ يُّحْرِمَ مِنْ خُرَاسَانَ اَوْ كِرْمَانَ

احناف ائمہ کرام کے نزدیک مبہم احرام جائز نہیں اور مذکورہ حدیث کو خصوصیت پر محمول کرتے ہیں،، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تمتع سے منع کرتے تھے یعنی حج فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھنے سے منع کرتے تھے اسی لئے وہ لوگوں کو اس پر سزا دیا کرتے تھے،، کیونکہ حج کو فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھنا اسی سال مختص تھا جس سال سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ حج فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھ لو اور اس میں مشرکوں کی تردید منظور تھی جبکہ ان کا عقیدہ تھا کہ حج کے دنوں میں عمرہ کرنا سخت گناہ ہے،، کذا قال قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ ۔ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا مختار قول یہ ہے کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ تمتع سے منع کرتے تھے۔ ان کا یہ منع کرنا صرف تنزیہہ اور صرف حج کی ترغیب کے لئے تھا کہ لوگ صرف حج کریں پھر تمتع کے جواز پر سب کا اتفاق ہوگیا۔ دراصل عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا تمتع سے منع کرنا اس لئے تھا کہ لوگ عمرہ کرکے احرام کھولنے کے بعد بیویوں سے جماع کریں گے اور تازہ جماع کرنے کے بعد وہ حج میں شروع ہوں گے حالانکہ حاجی کو اس قسم کا آرام نہیں کرنا چاہیئے اس لئے انھوں نے اسے مکروہ جانا تاکہ اس طرف لوگوں کا میلان نہ ہو البتہ جس نے کئی دنوں سے بیوی سے جماع کیا ہو اور وہ عمرہ کے بعد حج کا احرام باندھے تو عمر فاروق کے نزدیک بھی اس میں حرج نہیں ۔ اس حدیث سے امام ابوحنیفہ اور امام احمد رضی اللہ عنہما نے استدلال کیا کہ عمرہ کرنے والے کے پاس جب ہدی ہو تو وہ عمرہ کا احرام نہ کھولے حتیٰ کہ حرم میں ہدی نحر کرے امام مالک اور شافعی رضی اللہ عنہما نے کہا جب بیت اللہ کا طواف کرے اور صفا، مروہ کے درمیان سعی کرکے حلق کرے تو وہ عمرہ کا احرام کھول دے اور اس کے لئے ہر شئی حلال ہے اس کے پاس ہدی ہو یا نہ ہو،، مگر یہ حدیث ان کے خلاف ہے،، قولہ،، اتموا الحج والعمرۃ ،، یعنی ہر ایک کو دوسرے سے علیحدہ کرے اور عمرہ حج کے مہینوں کے سوا کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے،، الحج اشھر معلومات ۔ حج کے مہینے مقرر ہیں ۔ قولہ،، فانہ لم یحل الخ یعنی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں ہدی نحر کرنے کے بعد احرام کھولا تھا ۔ واللہ ورسولہ اعلم۔

باب

: اللہ تعالیٰ کا ارشاد،، حج کے چند مہینے مقرر ہیں جس نے ان مہینوں میں حج کا ارادہ کیا تو نہ جماع کرے نہ گناہ کا کام کرے اور نہ ہی جھگڑے،، اے حبیب .. یہ لوگ آپ سے چاند کے متعلق دریافت کرتے ہیں آپ کہہ دیجئے وہ وقت کی علامتیں ہیں لوگوں کے لئے اور حج کے لئے،، اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا حج کے مہینے شوال، ذوالقعدہ اور دس دن ذی الحجہ کے ہیں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا مسنون یہ ہے کہ صرف حج کے مہینوں میں ہی حج کا احرام باندھے،، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے خراسان اور کرمان سے احرام باندھنا مکروہ سمجھا۔

marfat.com

شرح : حج کا معنی قصد ہے اشہر شہر کی جمع ہے اس سے پورے تین مہینے مراد نہیں بلکہ دو مہینے اور دس دن مراد ہیں۔ رفث کا معنیٰ جماع ہے یہ مُحرم کے لئے حرام ہے،، اسی طرح جماع کی رغبت دلانے والے امور جیسے مباشرت اور بوسہ وغیرہ سب حرام ہیں اور عورتوں کی موجودگی میں اس جیسی باتیں کرنا بھی حرام ہیں،، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا رفث کا معنی ہے عورتوں کے پاس آنا اور عورتوں اور مَردوں میں جماع کی باتیں کرنا،، فسوق" گناہ کے کام ہیں،، بعض علماء کہتے ہیں" فسوق،، گالی گلوچ کرنا ہے اور یہ حدیث شریف" سباب المسلم فسوق و قتالہ کفر،، اس معنی کی تائید کرتی ہے،، جدال،، جھگڑا کرنا ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا حج کے مہینے شوال، ذوالقعدہ اور دس دن ذوالحجہ کے ہیں ان مہینوں میں احرام باندھنا زیادہ اچھا ہے اگرچہ دوسرے مہینوں میں بھی جائز ہے بلکہ پُورے سال کے مہینوں میں احرام باندھنا صحیح ہے۔ امام ابوحنیفہ، مالک، احمد کا یہی مذہب ہے امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ صرف حج کے مہینوں میں احرام باندھنا صحیح ہے اگر ان مہینوں سے پہلے احرام باندھا تو صحیح نہ ہوگا امام ابوحنیفہ اور امام احمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک ذوالحجہ کا دسواں دن عشرہ ذی الحجہ میں داخل ہے۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں دسواں دن عشرہ ذی الحجہ میں داخل نہیں،،

حضرت عُدی بن حاتم اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نئے چاند سے متعلق پُوچھا تو یہ آئت کریمہ نازل ہوئی یعنی ان کا سوال یہ تھا کہ جب چاند ظاہر ہوتا ہے تو چھوٹا سا ظاہر ہوتا ہے پھر بدر بن جاتا ہے پھر خشک شاخ کی طرح ہو جاتا ہے اس تغیر کا سبب کیا ہے،، تو یہ آئت نازل ہوئی کہ چاند کے احوال کے تغیر سے لوگ اپنے کاروبار کا حساب لگاتے ہیں عورتوں کی عدت اور حج کے اوقات معلوم ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم!

کرمان اور خراسان کا ذکر بطریق تمثیل ہے ان دونوں مملکتوں کی خصوصیت نہیں کیونکہ دُور و دراز کے سب علاقوں کا یہی حکم ہے جو مکہ مکرمہ سے کافی دُور ہیں جیسے چین اور ہندو پاکستان وغیرہ کیونکہ غالبًا دُور دراز کے علاقوں سے احرام باندھنے میں عظیم ضرر اور حرج ہے اور دین و اسلام میں حرج و ضرر مدفوع ہے،، احمد بن سیار نے تاریخ مرو میں داؤد بن ابی ہند کے طریق سے ذکر کیا کہ عبداللہ بن عامر نے جب خراسان فتح کیا تو کہا میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں اور نذر مانتا ہوں کہ میں اس جگہ سے احرام کی حالت میں باہر نکلوں گا تو اُنہوں نے نیشاپور سے ہی احرام باندھ لیا جب وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو اُنھوں نے اس فعل پر عبداللہ بن عامر کو ملامت کی،، عبداللہ بن عامر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ماموں زاد بھائی ہیں وہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں پیدا ہُوئے آپ نے ان کے منہ میں کلی کا پانی ڈالا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو ابو موسیٰ اشعری کے بعد بصرہ میں اپنا نائب مقرر کیا اور عثمان بن ابی عاص کے بعد ان کو مملکت فارس کا حاکم بنا دیا۔ جبکہ اس وقت ان کی عمر صرف پچیس (۲۵) برس تھی اس دوران اُنہوں نے سارا خراسان اور فارس، کرمان، سجستان اور دیگر علاقے فتح کئے اور کسریٰ کو قتل کیا جس کا نام یزدجرد تھا اور ۵۸ ہجری میں انتقال کر گئے،، فسبحان الذی ھوالحی القیوم،،

---

marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ ۱۴۶۶

قَالَ حَدَّثَنَا أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ وَلَيَالِيَ الْحَجِّ وَحُرُمِ الْحَجِّ فَنَزَلْنَا بِسَرِفَ قَالَتْ فَخَرَجَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ مَعَهُ هَدْيٌ فَأَحَبَّ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَلَهُ قَالَتْ فَالْآخِذُ بِهَا وَالتَّارِكُ لَهَا مِنْ أَصْحَابِهِ قَالَتْ فَأَمَّا رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَرِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَكَانُوا أَهْلَ قُوَّةٍ وَكَانَ مَعَهُمُ الْهَدْيُ فَلَمْ يَقْدِرُوا عَلَى الْعُمْرَةِ قَالَتْ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عليه وسلم وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكِ يَا هَنْتَاهْ قُلْتُ سَمِعْتُ قَوْلَكَ لِأَصْحَابِكَ فَمُنِعْتُ الْعُمْرَةَ قَالَ وَمَا شَأْنُكِ قُلْتُ لَا أُصَلِّي قَالَ فَلَا يَضِيرُكِ إِنَّمَا أَنْتِ امْرَأَةٌ مِنْ بَنَاتِ آدَمَ كَتَبَ اللهُ عَلَيْكِ مَا كَتَبَ عَلَيْهِنَّ فَكُونِي فِي حَجَّتِكِ فَعَسَى اللهُ أَنْ يَرْزُقَكِهَا قَالَتْ فَخَرَجْنَا فِي حَجَّتِهِ حَتَّى قَدِمْنَا مِنًى فَطَهُرْتُ ثُمَّ خَرَجْتُ مِنْ مِنًى فَأَفَضْتُ بِالْبَيْتِ قَالَتْ ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ فِي النَّفْرِ الْآخِرِ حَتَّى نَزَلَ الْمُحَصَّبَ وَنَزَلْنَا مَعَهُ فَدَعَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ اخْرُجْ بِأُخْتِكَ مِنَ الْحَرَمِ فَلْتُهِلَّ بِعُمْرَةٍ ثُمَّ افْرُغَا ثُمَّ ائْتِيَا هَاهُنَا فَإِنِّي أَنْظُرُكُمَا حَتَّى تَأْتِيَانِي قَالَتْ فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا فَرَغْتُ وَفَرَغَ مِنَ الطَّوَافِ ثُمَّ جِئْتُهُ بِسَحَرٍ فَقَالَ هَلْ فَرَغْتُمْ قُلْتُ نَعَمْ فَآذَنَ بِالرَّحِيلِ فِي أَصْحَابِهِ فَارْتَحَلَ النَّاسُ فَمَرَّ مُتَوَجِّهًا إِلَى الْمَدِينَةِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ يَضِيرُ ضَارَ يَضِيرُ ضَيْرًا وَيُقَالُ ضَارَ يَضُورُ ضَوْرًا وَضَرَّ يَضُرُّ ضَرًّا

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا ہم حج کے مہینوں میں، حج کی راتوں میں اور حج کے موسم میں نکلے اور "سرف" مقام میں ٹھہرے ۱۴۶۶ —

ام المؤمنین نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے فرمایا "تم میں سے جس کے پاس "ہدی" نہیں ہے اور وہ حج کو عمرہ کرنا چاہتا ہے تو کرے اور جس کے پاس ہدی ہے (قربانی کا جانور) وہ حج کو عمرہ نہ کرے۔ ام المؤمنین نے کہا آپ کے صحابہ کرام سے بعض نے اس حکم پر عمل کیا اور بعض نے عمل نہ کیا ام المؤمنین نے کہا بہرحال جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے چند اصحاب جو دولت مند تھے اور ان کے پاس قربانی کے جانور تھے وہ عمرہ نہیں کر سکتے تھے"، ام المؤمنین نے کہا میرے پاس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے جبکہ میں رو رہی تھی آپ نے فرمایا اے بھولی بھالی کیوں رو رہی ہو میں نے عرض کیا حضور! میں نے آپ کا کلام سنا جو آپ نے صحابہ سے فرمایا ہے اور میں عمرہ نہیں کر سکتی ہوں فرمایا کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا۔ میں نماز نہیں پڑھ سکتی ہوں (حائضہ ہوں) فرمایا کوئی ضرر نہیں تم بھی آدم کی لڑکیوں میں سے ایک عورت ہو اللہ تعالیٰ نے تمہارے مقدر میں وہی کیا ہے جو دوسری عورتوں کا مقدر کیا ہے تم اپنے حج میں رہو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہیں عمرہ نصیب کرے گا۔ ام المؤمنین نے کہا ہم حج کے لئے نکلے حتیٰ کہ منیٰ میں آئے تو میں حیض سے پاک ہو گئی —— پھر میں منیٰ سے نکلی اور (غسل کے بعد) بیت اللہ کا طواف کیا (طوافِ زیارت) ام المؤمنین نے کہا پھر میں آپ کے ساتھ آخری کوچ میں نکلی حتیٰ کہ آپ ذی

marfat.com

بَابُ التَّمَتُّعِ وَالْإِقْرَانِ وَالْإِفْرَادِ بِالْحَجِّ وَفَسْخِ الْحَجِّ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ

١٤٦٧ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نُرَى إِلَّا أَنَّهُ الْحَجُّ فَلَمَّا قَدِمْنَا تَطَوَّفْنَا بِالْبَيْتِ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ أَنْ يَحِلَّ فَحَلَّ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ وَنِسَاؤُهُ لَمْ يَسُقْنَ فَأَحْلَلْنَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَحِضْتُ فَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ يَرْجِعُ النَّاسُ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ وَأَرْجِعُ أَنَا بِحَجَّةٍ قَالَ وَمَا طُفْتِ لَيَالِيَ قَدِمْنَا مَكَّةَ قُلْتُ لَا قَالَ فَاذْهَبِي مَعَ أَخِيكِ إِلَى التَّنْعِيمِ فَأَهِلِّي بِعُمْرَةٍ ثُمَّ مَوْعِدُكِ كَذَا وَكَذَا وَقَالَتْ صَفِيَّةُ مَا أُرَانِي إِلَّا حَابِسَتَكُمْ فَقَالَ عَقْرَى حَلْقَى أَوَمَا طُفْتِ يَوْمَ النَّحْرِ قَالَتْ قُلْتُ بَلَى قَالَ لَا بَأْسَ انْفِرِي قَالَتْ عَائِشَةُ فَلَقِيَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُصْعِدٌ مِنْ مَكَّةَ وَأَنَا مُنْهَبِطَةٌ عَلَيْهَا أَوْ أَنَا مُصْعِدَةٌ وَهُوَ مُنْهَبِطٌ مِنْهَا

محصّب میں ٹھہرے ہم بھی آپ کے ساتھ ٹھہرے۔ آپ نے عبدالرحمٰن بن ابی بکر کو بلایا اور فرمایا اپنی ہمشیرہ کو حرم سے باہر لے جاؤ اور وہ عمرہ کا احرام باندھے پھر عمرہ سے فارغ ہو کر یہاں آؤ میں تمہارے آنے تک تمہارا انتظار کرتا ہوں ام المؤمنین نے کہا ہم حرم سے باہر نکل گئے حتیٰ کہ وہ اور میں طواف سے فارغ ہو گئے پھر علی الصبح میں آپ کے پاس آئی تو فرمایا کہ عمرہ سے فارغ ہو گئے؟ میں نے کہا جی ہاں! آپ نے اپنے صحابہ میں کوچ کا اعلان کیا تو لوگ چل پڑے اور آپ نے مدینہ کی طرف متوجہ ہو کر راہ سفر اختیار فرمایا (بخاری نے کہا) لفظ "ضَیْر" "ضَارَ یَضِیْرُ ضَیْرًا" سے ہے اور ضَارَ یَضُوْرُ اور "ضَرَّ یَضُرُّ ضَرًّا" بھی کہا جاتا ہے"

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کوئی مکہ میں ہو اور عمرہ کا ارادہ کرے تو وہ "حل" جا کر احرام باندھے اور یہ ضروری ہے تاکہ اس کا عمرہ دونوں مقامات کے افعال پر مشتمل ہو جیسے حج کرنے والا ان دونوں کو جمع کرتا ہے کیونکہ عرفات "حل" کا حصہ ہے" نیز معلوم ہوا کہ وادی محصّب میں ٹھہرنا سنّت ہے امام ابوحنیفہ کا یہی مذہب ہے ابراہیم نخعی، سعید بن جبیر اور طاؤس کا بھی یہی مسلک ہے" نافع رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلفاء رضی اللہ عنہم محصّب میں ٹھہرے جیسا کہ مسلم میں مروی ہے" امام مالک اور شافعی رضی اللہ عنہما اسے مستحب کہتے ہیں بہرحال یہاں ٹھہرنا واجب نہیں ہے" سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہاں ٹھہرنا سفر کی سہولت کے لئے تھا کیونکہ اس راستے مکہ سے نکلنا آسان ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — تمتع اور قرآن اور صرف حج کا بیان اور جس کے پاس قربانی کا جانور نہ ہو اس کا حج کو فسخ کر دینا"

۱۴۶۷ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے اور ہمارا ارادہ صرف

marfat.com

حج کرنے کا تھا ہم جب (مکہ) میں آئے اور بیت اللہ کا طواف کیا تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ جو شخص قربانی کا جانور ساتھ نہیں لایا وہ احرام کھول دے،، جس شخص کے پاس قربانی کا جانور نہ تھا اس نے احرام کھول دیا،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کے پاس قربانی کے جانور نہ تھے انھوں نے احرام کھول دیا،، ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا مجھے حیض آگیا تو میں نے بیت کا طواف نہ کیا جب حصبہ کی رات آئی تو ام المؤمنین نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) لوگ عمرہ اور حج کر کے لوٹیں گے اور میں صرف حج کر کے لوٹوں گی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جن راتوں میں ہم مکہ مکرمہ آئے تھے تم نے طواف نہیں کیا تھا؟ میں نے عرض کیا نہیں" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنے بھائی (عبدالرحمٰن بن ابی بکر) کے ساتھ تنعیم جاؤ اور عمرہ کا احرام باندھو پھر فلاں فلاں جگہ آجانا۔

ام المؤمنین صفیہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں خیال کرتی ہوں کہ میں لوگوں کو روکنے والی ہوں آپ نے فرمایا "عَقْرٰی حَلْقٰی" (بانجھ سر منڈاتی ہوئی) کیا تو نے نحر کے دن طواف نہیں کیا تھا؟ صفیہ رضی اللہ عنہا نے کہا کیوں نہیں (میں نے طواف زیارت کیا تھا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کوئی حرج نہیں ہے (ہمارے ساتھ) چلو ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ملے جبکہ آپ مکہ سے چڑھ رہے تھے اور میں مکہ میں اتر رہی تھی یا میں چڑھ رہی تھی اور آپ اتر آرہے تھے،،

۱۴۶۷ ——

شرح : اگر یہ سوال ہو کہ " اَنْ یَحِلّ " آپ نے یہ اس وقت فرمایا جبکہ مکہ مکرمہ میں تشریف لانے سے پہلے " مقام سرف" میں تھے جیسا کہ ابھی ابھی گزرا ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ مکرمہ میں تشریف لانے کے بعد آپ نے صحابہ سے فرمایا کہ جس کے پاس ہدی نہیں وہ احرام کھول دے اس کا جواب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں آنے سے پہلے اور آنے کے بعد یہ دو مرتبہ فرمایا تھا اور دوسری بار فرمانا پہلے ارشاد کی تاکید ہے،،

اگر یہ کہا جائے کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا کہ میں حائضہ ہوگئی اور بیت اللہ کا طواف نہ کیا،، یہ اس حدیث کے منافی ہے جس میں یہ کہا ہے کہ ہم نے طواف کیا،، تو اس کا جواب یہ ہے کہ جہاں مائی صاحبہ نے یہ کہا تھا کہ ہم نے طواف کیا اس میں جمع کا لفظ ہے جس سے مراد صحابہ کرام ہیں یہ اس سال کی تخصیص تھی۔ اگر یہ کہا جائے کہ طواف کے بغیر حج کیسے صحیح ہوا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس طواف سے مراد طوافِ افاضہ نہیں ہے جو فرض ہے کیونکہ ام المؤمنین طوافِ زیارت کر چکی تھیں چنانچہ انھوں نے کہا" پھر میں منیٰ سے باہر نکلی اور بیت اللہ کا طواف کیا،، اور طوافِ وداع جو انھوں نے نہ کیا تھا وہ حائضہ سے ساقط ہے،، قولہٗ عقریٰ حلقی،، اس کے معنیٰ میں کئی اقوال ہیں۔ ابو عبید نے کہا اس کا معنیٰ یہ ہے" اللہ اس کے جسم کو زخمی کرے اور اس کے حلق میں درد ہو،، صاحب المحکم نے اس کا معنیٰ یہ بیان کیا ہے" اللہ اس کو ہلاک کرے اور اس کے بال حلق کرے،، بعض نے یہ کہا کہ وہ اپنی قوم کو ہلاک کرے اور ان کا حلق کرے کہ وہ منحوس ہے،، بعض یوں کہتے ہیں" عقری" بانجھ ہو اور "حلقی" منحوس ہو، بہرحال اس کا معنیٰ جو بھی ہو اس سے حقیقی معنیٰ مراد نہیں ہے جیسے "تربت یداہ" کا حقیقی معنیٰ مراد نہیں اسی طرح " قاتلہ اللہ" کا حقیقی معنیٰ مراد نہیں ہے بلکہ یہ آپ نے بطور شفقت فرمایا ہے واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِالْحَجِّ وَاَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ فَاَمَّا مَنْ اَهَلَّ بِالْحَجِّ اَوْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لَمْ يَحِلُّوْا حَتّٰى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ شَهِدْتُ عُثْمَانَ وَعَلِيًّا وَعُثْمَانُ يَنْهٰى عَنِ الْمُتْعَةِ وَاَنْ يُجْمَعَ بَيْنَهُمَا فَلَمَّا رَاٰى عَلِيٌّ اَهَلَّ بِهِمَا لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ قَالَ مَا كُنْتُ لِاَدَعَ سُنَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْلِ اَحَدٍ

۱۴۶۸ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع کے سال نکلے۔ ہم میں سے بعض لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا اور بعض نے حج اور عمرہ کا احرام باندھا اور بعض نے صرف حج کا احرام باندھا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کا احرام باندھا جس نے حج کا احرام باندھا تھا یا حج وعمرہ دونوں کا احرام باندھا تھا ان لوگوں نے احرام نہ کھولا حتیٰ کہ قربانی کا دن آگیا۔

۱۴۶۹ — ترجمہ : مروان بن حکم نے کہا میں عثمان اور علی رضی اللہ عنہما کے عہد خلافت میں موجود تھا اور عثمان تمتع سے اور حج اور عمرہ جمع کرنے سے منع کرتے تھے جب حضرت علی نے یہ دیکھا تو حج وعمرہ دونوں کا احرام باندھا اور لبیک بعمرۃ وحجۃ فرمایا،، اور کہا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کسی کے کہنے پر ترک نہیں کرسکتا،،

۱۴۶۸ — شرح : اگر یہ سوال ہو کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا تھا کہ ہم صرف حج کا ارادہ کرتے تھے تو انھوں نے عمرہ کا احرام کیسے باندھ لیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مدینہ منورہ سے نکلتے وقت ان کا یہی خیال تھا کہ وہ حج کریں گے اور تمتع، قران اور حج ان تینوں کی طرف انقسام اس کے بعد تھا۔

۱۴۶۹ — شرح : اس حدیث کی باب سے مناسبت "اھل بھما" کے الفاظ میں ہے "عسفان کے مقام میں حضرت عثمان اور حضرت علی کے پاس مروان حاضر ہوا تھا،، اس حدیث میں لفظ "متعہ" (جس سے منع کیا گیا تھا) میں اختلاف ہے بعض علماء نے کہا کہ اس کا معنی حج فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھنا مراد ہے کیونکہ اس کی تخصیص اسی سال میں ہے جس میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کیا تھا تو آپ نے حج کا احرام فسخ کرا کے عمرہ کا احرام باندھنے کا حکم فرمایا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ جاہلیت میں لوگ کہا کرتے تھے کہ حج کے موسم میں عمرہ کرنا افجر فجور ہے یعنی بہت بڑا گناہ ہے ان کی تردید کے لئے آپ نے صحابہ سے فرمایا کہ جو قربانی کا جانور ساتھ نہیں لائے وہ حج کا احرام فسخ کردیں اور عمرہ کا احرام

marfat.com

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ
ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانُوا يَرَوْنَ أَنَّ الْعُمْرَةَ فِي أَشْهُرِ الْحَجِّ أَفْجَرُ الْفُجُورِ فِي الْأَرْضِ وَيَجْعَلُونَ الْمُحَرَّمَ صَفَرًا وَيَقُولُونَ إِذَا بَرَأَ
الدَّبَرُ وَعَفَا الْأَثَرُ وَانْسَلَخَ صَفَرٌ حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ صُبْحَ رَابِعَةٍ
مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوهَا عُمْرَةً فَتَعَاظَمَ ذٰلِكَ عِنْدَهُمْ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ الْحِلِّ قَالَ حِلٌّ كُلُّهُ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقٍ
ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ بِالْحِلِّ وَحَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ

باندھ لیں یہ صرف اسی سال میں مخصوص تھا بعض کہتے ہیں اس کا معنی تمتّع ہے اور تمتّع سے منع کرنا افرادِ حج کی ترغیب دلانا مقصود تھا اور یہ نہی اور ممانعت تنزیہہ کے لئے تھی۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے،، کہ عالمِ دین کو علم کی اشاعت کرنی چاہیئے اور اربابِ حکومت کو حق کی راہنمائی کرنے میں کوئی ڈر محسوس نہ کرے جبکہ وہ اس کی قدرت رکھتا ہو،، اور قول کی نسبت بالفعل بیان کرنا زیادہ بہتر ہے جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا تھا،، سیاقِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بہت بردبار تھے اور اپنی مخالفت کی پرواہ نہ کرتے تھے اور مخالف کو ملامت تک نہیں کرتے تھے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

۱۴۷۰ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ اہلِ جاہلیت حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا دنیا کا بدترین گناہ خیال کرتے تھے اور وہ مُحَرَّم کو صفر بنا لیتے تھے اور کہتے تھے جب اونٹ کی پشت کا زخم اچھا ہو جائے اور نشان مِٹ جائے اور صفر گزر جائے تو عُمرہ اس شخص کے لئے حلال ہو جاتا ہے جو عُمرہ کرنا چاہے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب چوتھی ذوالحجہ کی صبح کو حج کا احرام باندھے ہُوئے مکہ مکرمہ تشریف لائے تو آپ نے ان کو حکم فرمایا کہ اسے عُمرہ کر دیں یہ فعل صحابہ کرام پر گراں گزرا تو اُنھوں نے عرض کیا" یارسُول اللہ،، کون سی شئی ہم پر حلال ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شئی حلال ہو گئی ہے"۔

۱۴۷۱ — ترجمہ : ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا میں نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو آپ نے احرام کھولنے کا حکم فرمایا۔

۱۴۷۰، ۱۴۷۱ — شرح : اہلِ جاہلیت کا یہ اعتقاد تھا کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا دنیا میں بدترین گناہ ہے اور وہ مُحرم کو صفر تک مؤخر کر دیتے تھے اس کی قرآن کریم نے" اَلنَّسِيْءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ"، سے تعبیر کی ہے کبھی وہ سال کے تیرہ مہینے بنا لیتے تھے یہ بھی اس تعبیر میں داخل ہے،، اور وہ کہتے تھے جب اونٹ کی پشت کا زخم مٹ جائے اور اس کا اثر جاتا رہے اور صفر داخل ہو جائے تو عمرہ کرنے والے کے لئے عمرہ حلال ہو جاتا ہے اور ذی الحجہ اور محرّم گزر جانے کے بعد عمرہ کا احرام باندھتے تھے۔ علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر کوئی یہ سوال کرے کہ صفر کے گزرنے کا حج کے

marfat.com

وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا شَأْنُ النَّاسِ حَلُّوا بِعُمْرَةٍ وَلَمْ تَحِلَّ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ قَالَ إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي
وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو جَمْرَةَ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ
الضُّبَعِيُّ قَالَ تَمَتَّعْتُ فَنَهَانِي نَاسٌ فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَأَمَرَنِي فَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ رَجُلًا يَقُولُ لِي حَجٌّ
مَبْرُورٌ وَعُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ فَأَخْبَرْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ سُنَّةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لِي أَقِمْ
عِنْدِي وَأَجْعَلُ لَكَ سَهْمًا مِنْ مَالِي قَالَ شُعْبَةُ فَقُلْتُ لِمَ فَقَالَ لِلرُّؤْيَا الَّتِي رَأَيْتُ

مہینوں میں عمرہ کرنے سے کیا تعلق ہے حالانکہ محرّم اور صفر حج کے مہینے نہیں ہیں تو اس کے جواب میں مَیں کہتا ہوں کہ اہلِ جاہلیت (عربوں) نے جب محرّم کا نام صفر رکھ لیا اور اُنھوں نے سال کے تیرہ مہینے بنا لئے تو اس تقدیر پر صفر سال کا آخری مہینہ بنا اور سال کا آخری مہینہ حج کا مہینہ ہے ۔ پشت کا زخم اچھا ہو جانے سے ان کی مراد یہ تھی کہ ذوالحجہ اور محرم گزر جائیں کیونکہ اس مدّت سے پہلے غالباً زخم اچھا نہیں ہوتا، صفر کا مہینہ جو عربوں کے زعمِ فاسد میں حرُم کا مہینہ تھا اس کا گزرنا اس بات پر مبنی تھا کہ اگر راستہ میں یا مکّہ میں لڑائی شروع ہو جائے تو وہ لڑائی کر سکیں گویا مقصد یہ ہُوا کہ جب حج کا مہینہ گزر جائے اور زخم کا اثر جاتا رہے اور شہرِ حرام گزر جائے تو عمرہ جائز ہو جاتا ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلّم نے اس فاسد اعتقاد کی تردید کرتے ہُوئے فرمایا کہ جن کے پاس قربانی کا جانور نہیں ہے وہ حج کا احرام فسخ کر کے عمرہ کا احرام باندھے اور حج کا احرام فسخ کرنے کے بعد ہر شئی جائز ہو گئی حتیٰ کہ بیویوں سے جماع بھی جائز ہو گیا واللہ ورسُولہ اعلم!

۱۴۷۲ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی بیوی ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا، سے روایت کی کہ انہوں نے عرض کیا "یارسُول اللہ، کیا بات ہے کہ لوگوں نے عمرہ کا احرام کھول دیا ہے اور آپ نے نہیں کھولا آپ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا میں نے سر کو ملبّد کیا ہے اور قربانی کے جانور کے گلے میں قلادہ ڈالا ہے اس لئے میں احرام نہیں کھولوں گا حتیٰ کہ قربانی نہ کروں،،

۱۴۷۳ — ترجمہ : ابو جمرہ نصر بن عمران ضُبَعِیؒ رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ میں نے تمتّع کیا تو لوگوں نے مجھے منع کیا میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پُوچھا تو اُنھوں نے مجھے تمتّع کا حکم دیا میں نے خواب میں دیکھا گویا ایک مرد مجھے کہہ رہا ہے تمہارا حج مبرور ہے اور عمرہ مقبول ہے،، میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ بیان کیا تو اُنھوں نے کہا یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی سُنّت ہے اور مجھے فرمایا تم میرے پاس رہو میں اپنے مال سے تمہارے لئے کچھ حصّہ مقرر کر دوں گا۔ شُعبہ نے کہا میں نے کہا (ایسا آپ) کیوں کرتے ہیں تو اُنھوں نے کہا اس خواب کی وجہ سے جو تم نے دیکھا ہے،،

۱۴۷۲ — شرح : تلبید کا معنیٰ یہ ہے کہ مُحرِم اپنے سر پر گوند وغیرہ لگا لے تاکہ بال بکھرنے نہ پائیں اور ان میں جوئیں نہ پڑیں ۔ اور "تقلید" کا معنیٰ یہ ہے

marfat.com

حَدَّثَنَا

اَبُونُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوشِهَابٍ قَالَ قَدِمْتُ مُتَمَتِّعًا مَكَّةَ بِعُمْرَةٍ فَدَخَلْنَا قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فَقَالَ لِيْ اُنَاسٌ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ تَصِيْرُ الْاٰنَ حَجَّتُكَ مَكِّيَّةً فَدَخَلْتُ عَلٰى عَطَاءٍ اَسْتَفْتِيْهِ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ جَابِرُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ حَجَّ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ سَاقَ الْبُدْنَ مَعَهٗ وَقَدْ اَهَلُّوْا بِالْحَجِّ مُفْرَدًا فَقَالَ لَهُمْ اَحِلُّوْا مِنْ اِحْرَامِكُمْ بِطَوَافِ الْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَقَصِّرُوْا ثُمَّ اَقِيْمُوْا حَلَالًا حَتّٰى اِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ فَاَهِلُّوْا بِالْحَجِّ وَاجْعَلُوا الَّتِيْ قَدِمْتُمْ بِهَا مُتْعَةً فَقَالُوْا كَيْفَ نَجْعَلُهَا مُتْعَةً وَقَدْ سَمَّيْنَا الْحَجَّ فَقَالَ افْعَلُوْا مَا اٰمُرُكُمْ فَلَوْلَا اَنِّيْ سُقْتُ الْهَدْيَ لَفَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِيْ اَمَرْتُكُمْ وَلٰكِنْ لَا يَحِلُّ مِنِّيْ حَرَامٌ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ فَفَعَلُوْا قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْشِهَابٍ لَيْسَ لَهٗ مُسْنَدٌ اِلَّا هٰذَا

کہ جانور کے گلے میں کوئی شئ لٹکا دی جائے تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ یہ جانور قربانی کے لئے ہے۔ "تقلید" کا مقصد یہ ہے کہ اس سے یہ ظاہر ہو کہ میں شروع ہی سے مستعد ہوں کہ میرا احرام ہدی کا (قربانی کا جانور) حرم پہنچنے تک ہمیشہ رہے گا کیونکہ تلبید کا محتاج وہ شخص ہے جس کے احرام کی مدت لمبی ہو اور وہ اعمال کے ادا کرنے کے لئے زیادہ عرصہ ٹھہرتا ہے یہی وجہ ہے کہ تلبید کا محتاج وہ شخص ہے جس کے احرام کی مدت لمبی ہو اور وہ اعمال کے ادا کرنے کے لئے زیادہ عرصہ ٹھہرتا ہے یہی وجہ ہے کہ تلبید کو احلال اور عدمِ احلال میں دخل ہے۔ اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم "قارن" تھے اور قِران افضل ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فِعل افضل ہوتا ہے"

۱۴۷۳ —

شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سچے خواب بیداری کے امور پر دلالت کرتے ہیں"، کیونکہ سچا خواب نبوت کا چھیالیسواں (۴۶) حصہ ہے اور یہ بھی معلوم ہُوا کہ عالمِ دین کے لئے علم پہ اُجرت لینا جائز ہے۔ واللہ ورسُولہ اعلم!

۱۴۷۴ —

ترجمہ : ابونعیم نے بیان کیا کہ ہمیں ابوشہاب نے خبر دی اور کہا میں مکہ مکرمہ میں عمرہ کا احرام باندھے آیا اور ہم یومِ ترویہ (آٹھ ذی الحجہ) سے تین دن پہلے پہنچے"، تو مجھے مکہ کے لوگوں نے کہا اب تیرا حج مکی ہوگیا۔ میں عطاء بن ابی رباح کے پاس آیا کہ اُن سے مسئلہ پوچھوں تو اُنھوں نے کہا مجھے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے خبر دی ہے کہ اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا جس دن قربانی کے جانور اپنے ساتھ ہانک کر لائے تھے حالانکہ لوگوں نے صرف حج کا احرام باندھا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنھیں فرمایا بیت اللہ کا طواف کرکے اور صفا مروہ کے

marfat.com

۱۴۷۵ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَعْوَرُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ اخْتَلَفَ عَلِيٌّ وَعُثْمَانُ وَهُمَا بِعُسْفَانَ فِي الْمُتْعَةِ فَقَالَ عَلِيٌّ مَا تُرِيْدُ اِلٰى اَنْ تَنْهٰى عَنْ اَمْرٍ فَعَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ عُثْمَانُ دَعْنِيْ عَنْكَ قَالَ فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ عَلِيٌّ اَهَلَّ بِهِمَا جَمِيْعًا

درمیان سعی کرکے اپنے احرام کھول دو،، اور سروں کے بال چھوٹے کرلو پھر احرام کے بغیر ٹھہرے رہو حتی کہ جب ترویہ کا دن ہو تو حج کا احرام باندھو اور جو تم نے پہلے کیا ہے اسے اس کے ساتھ تمتع بنالو،، لوگوں نے کہا ہم اس کو تمتع کیسے بنائیں حالانکہ ہم نے حج کا ارادہ کیا تھا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میں نے تم کو حکم دیا ہے وہ کرو،، اور میں اگر قربانی کا جانور ساتھ نہ لاتا تو میں بھی وہی کرتا جس کا تم کو حکم دیا ہے۔ لیکن میرے لئے کوئی حرام شئ حلال نہیں ہوسکتی حتی کہ قربانی کا جانور اپنے محل (حرم) میں پہنچ پھر لوگوں نے ایسا ہی کیا، امام بخاری نے کہا ابوشہاب کی یہی حدیث مسند ہے!

۱۴۷۵ — ترجمہ : حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ علی اور عثمان رضی اللہ عنہما نے تمتع میں اختلاف کیا جبکہ وہ دونوں عسفان میں تھے،، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا تم نے کیا ارادہ کیا کہ اُس کام سے منع کرتے ہو جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے چھوڑیئے جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ دیکھا تو اُنھوں نے حج اور عمرہ دونوں کا ایک ساتھ احرام باندھا،،

۱۴۷۵ — شرح : قولہٗ اَحِلُّوْا ،، یعنی اپنا احرام عمرہ بنا دو پھر اس سے فارغ ہوجاؤ تو احرام کھول دو،، قولہٗ بین الصفا والمروۃ ،، یعنی صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرکے احرام کھول دو،، حج کے فسخ ہونے کا یہی معنیٰ ہے اگر یہ کہا جائے کہ یہ قران کیسے ہوا حالانکہ خَتَنَانْ (عثمان وعلی) رضی اللہ عنہما کا اختلاف تمتع میں تھا اس کا جواب یہ ہے کہ قران بھی تمتع کی قسم ہے کیونکہ اس میں تخفیف کا فائدہ ہے یا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نزدیک قران تمتع کی مثل ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ حدیث ۱۴۶۹ ع میں ہے،، وعثمانُ یَنْھٰی عَنِ المتعہ وان یجمع بَیْنَھُمَا،، یعنی عثمان تمتع اور حج وعمرہ کو جمع کرنے سے منع کرتے تھے،، اور لوگوں کے نزدیک ان دونوں کا حکم جواز ومنع کے اعتبار سے واحد ہے یا متعہ سے مراد حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا ہے حج کے ضمن میں کرے یا اس سے پہلے تنہا کرے اس میں چونکہ تخفیف ہوتی ہے اس لئے اسے متعہ کہا جاتا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

بَابُ مَنْ لَبَّى بِالْحَجِّ وَسَمَّاهُ

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يَقُوْلُ حَدَّثَنَا جَابِرُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَدِمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ نَقُوْلُ لَبَّيْكَ بِالْحَجِّ فَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً بَابُ التَّمَتُّعِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُطَرِّفٌ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ تَمَتَّعْنَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَنَزَلَ الْقُرْاٰنُ قَالَ رَجُلٌ بِرَأْيِهٖ مَا شَاءَ بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَقَالَ اَبُوْ كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنِ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا

۱۴۷۶ ۔۔۔ ۱۴۷۷

باب — جس نے حج کا لبّیک کہا اور حج کا نام لیا،،

۱۴۷۶ ترجمہ : ایوب نے کہا میں نے مجاہد سے سُنا وہ کہتے تھے ہم سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ ہم جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے حکم فرمایا تو ہم نے اس کو (حج) عمرہ بنا دیا —،،

باب — تمتّع

۱۴۷۷ ترجمہ : حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے کہا ہم نے جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے زمانہ شریف میں تمتّع کیا اور قران نازل ہُوا تو ایک شخص نے اپنی رائے سے جو چاہا کہا۔

شرح : قولُہٗ فنزل القرآن،، یعنی یہ آیت فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ،، نازل ہُوئی اور اس کے بعد کوئی آیت نازل نہیں ہُوئی جو اس کو منسوخ کرے۔

قولُہٗ قال رجل،، یہ شخص حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تھے کیونکہ پہلے اُنھوں نے تمتّع سے منع کیا تھا اور جس نے ان کے بعد منع کیا اُس نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اتباع کرتے ہُوئے منع کیا تھا،، اور یہ نہی تنزیہہ پر محمول ہے! اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجتہاد کرتے تھے اور بعض مجتہدین ایک دوسرے کے خیال کی تردید بھی کرتے تھے،، واللہ ورسُولہ اعلم!

باب — "اللہ تعالیٰ کا ارشاد" یہ ان کے لئے جو مسجدِ حرام کے پاس نہ رہتے ہوں"

marfat.com

أَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَّاءُ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ مُتْعَةِ الْحَجِّ فَقَالَ أَهَلَّ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ وَأَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَأَهْلَلْنَا فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلُوا إِهْلَالَكُمْ بِالْحَجِّ عُمْرَةً إِلَّا مَنْ قَلَّدَ الْهَدْيَ فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَأَتَيْنَا النِّسَاءَ وَلَبِسْنَا الثِّيَابَ وَقَالَ مَنْ قَلَّدَ

ترجمہ : اور ابو کامل" فضیل بن حسین"، بصری نے کہا ابو معشر نے بیان کیا کہ ہم کو عثمان بن غیاث نے عکرمہ سے انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے خبر دی کہ ابن عباس سے تمتع کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا مہاجرین و انصار اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ازواج مطہرات رضی اللہ عنہم نے حجۃ الوداع میں احرام باندھا اور ہم نے بھی احرام باندھا جب ہم مکہ مکرمہ کے قریب آئے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے حج کے احرام کو عمرہ کا احرام بنادو (حج فسخ کردو) مگر جن لوگوں نے قربانی کے جانور کو قلادہ ڈالا ہے (وہ حج کا احرام فسخ نہ کرے) ہم نے بیت اللہ اور صفا، مروہ کے درمیان طواف کیا اور اپنی بیویوں کے پاس آئے اور کپڑے پہن لئے"، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ہدی کو قلادہ ڈالا ہے اس کے لئے احرام کھولنا جائز نہیں حتیٰ کہ ہدی اپنے محل میں پہنچ جائے"، پھر آپ نے حکم دیا کہ ترویہ کی شام کو حج کا احرام باندھیں جب ہم حج کے احکام سے فارغ ہوئے اور مکہ مکرمہ آئے تو بیت اللہ اور صفا مروہ کا طواف کیا اور ہمارا حج مکمل ہوگیا اور ہم پر قربانی واجب ہوئی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا" جسے قربانی کا جانور میسر ہو (وہ قربانی کرے) اور جو شخص اس کو نہ پاسکے وہ حج کے دنوں میں تین روزے رکھے اور سات روزے جبکہ واپس لوٹو"، یعنی اپنے شہروں کو واپس جاؤ تو سات روزے رکھو"، ایک بکری قربانی میں کافی ہے"، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک سال میں دو عبادتیں حج اور عمرہ کو جمع کیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی کتاب میں نازل کیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مسنون قرار دیا اور مکہ والوں کے سوا سب لوگوں کے لئے اس کو مباح کیا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے" یہ ان لوگوں کے لئے ہے جو مسجد حرام کے پاس رہنے والے نہیں"، اور حج کے مہینے جن کو اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے شوال، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ ہیں"، جس نے ان دنوں میں تمتع کیا اس پر قربانی کرنا یا روزے واجب ہیں" رفث کا معنیٰ جماع، فسوق گناہ اور جدال کا معنیٰ جھگڑا ہے"

شرح : **باب** ـــــ یعنی تمتع ان لوگوں کے لئے جو مسجد حرام کے پاس نہ رہتے ہوں اور حاضری المسجد الحرام میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا یہ لوگ وہ ہیں جو مواقیت کے اندر رہتے ہیں۔ امام شافعی بھی عراق میں اسی طرح کہتے تھے نیز امام شافعی اور احمد بن حنبل رضی اللہ عنہما نے کہا جو حرم سے اتنا دور رہتا ہو کہ اس مسافت میں مسافر نماز قصر نہ کرے وہ اس

marfat.com

الهدیٰ فانہ لا یحل لہ حتی یبلغ الهدیٰ محلہ ثم امرنا عشیۃ التروية ان نهل بالحج فاذا فرغنا من
المناسك جئنا فطفنا بالبيت وبالصفا والمروة فقد تم حجنا وعلينا الهدیٰ كما قال الله عزوجل فما
استيسر من الهدي فمن لم يجد فصيام ثلثة ايام في الحج وسبعة اذا رجعتم الى امصاركم الشاة تجزي
فجمعوا نسكين في عام بين الحج والعمرة فان الله انزله في كتابه وسنه نبيه صلى الله عليه وسلم واباحه للناس
غير اهل مكة قال الله تعالى ذلك لمن لم يكن اهله حاضري المسجد الحرام واشهر الحج التي ذكر الله تعالى في كتابه
شوال وذو القعدة وذو الحجة فمن تمتع في هذه الاشهر فعليه دم او صوم والرفث الجماع
والفسوق المعاصي والجدال المراء

میں شامل ہیں اور ان کے نزدیک مکی کے لئے تمتع اور قران مکروہ نہیں اور اس نے تمتع کر لیا تو اس پر "دم" واجب نہ ہوگا۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا مکی کے لئے تمتع اور قران مکروہ ہے اگر مکی نے تمتع یا قران کیا تو اس پر "دم" واجب ہے اور مکی نہ ہو اور وہ باہر سے آئے تو اس کے لئے تمتع اور قران مستحب ہے اور ایک سفر میں دو عبادتیں جمع کرنے کے باعث وہ شکرانہ کے طور پر قربانی ذبح کرے گا"

قرآن کریم میں "ذالك" سے تمتع کی طرف اشارہ ہے اس کے حکم کی طرف اشارہ نہیں جو وجوب ہدی اور صیام" ہیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے یہی کہا ہے کہ مسجد حرام کے پاس رہنے والوں کے لئے تمتع جائز نہیں اور وہ مواقیت کے اندر رہنے والے لوگ ہیں"، امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا "مسجد حرام کے پاس رہنے والے وہ لوگ ہیں جو مکہ اور "ذی طوی" میں رہتے ہیں"، امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا جو مکہ سے اتنی مسافت میں رہتے ہوں جہاں مسافر کے لئے قصر صلوٰۃ واجب نہیں"، قولہ فی اشهر الحج"، علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اگر یہ کہا جائے کہ اس قید کا فائدہ کیا ہے؟ کیا جو شخص حج کے مہینوں سے پہلے عمرہ کرے پھر ان مہینوں میں حج کرے تو اس کو تمتع کہا جائیگا اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تمتع تو ضرور ہے مگر یہ وہ تمتع نہیں ہے جس میں "دم"، قربانی ذبح کرنا یا روزے ہیں، کیونکہ وہ تمتع وہی ہے جو حج کے مہینوں میں ہو اور تمتع کا جب مطلق ذکر ہو تو یہی تمتع مراد ہوتا ہے جو حج کے مہینوں میں ہو"

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تمتع مشروع ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جس کے پاس ہدی ہو وہ عمرہ اور حج سے مکمل فارغ ہو کر احرام کھولتا ہے دوسرا وہ جس کے پاس ہدی نہ ہو وہ عمرہ کر کے فارغ ہو جاتا ہے پھر آٹھویں ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھتا ہے"، اس حدیث سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مکی کے لئے تمتع اور قران نہیں ہے۔ جمہور علماء کے نزدیک تمتع یہ ہے کہ کوئی شخص ایک سال میں حج کے مہینوں میں ایک سفر میں حج اور عمرہ کو جمع کرے اور عمرہ کو حج سے پہلے کرے اور مکہ مکرمہ کا رہنے والا نہ ہو"، ان میں سے کوئی شرط نہ پائی جائے تو تمتع نہ ہوگا"، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک افضل یہ ہے کہ ذی الحجہ کی سات آٹھ اور نو تاریخ کو روزے رکھے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ وہ اصل یعنی ہدی پر قادر ہو جائے"، اور سات روزے رکھنے میں مستحب مرتبہ ہے کہ

marfat.com

١٤٧٨ بَابُ الْاِغْتِسَالِ عِنْدَ دُخُوْلِ مَكَّةَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ اَخْبَرَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا دَخَلَ اَدْنَى الْحَرَمِ اَمْسَكَ عَنِ التَّلْبِيَةِ ثُمَّ يَبِيْتُ بِذِيْ طُوًى ثُمَّ يُصَلِّيْ بِهِ الصُّبْحَ وَيَغْتَسِلُ وَيُحَدِّثُ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

١٤٧٩ بَابُ دُخُوْلِ مَكَّةَ نَهَارًا اَوْ لَيْلًا حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِيْ طُوًى حَتّٰى اَصْبَحَ ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهٗ

گھر واپس آکر رکھے اور ایام تشریق کے بعد مکہ میں بھی رکھ سکتا ہے اور اثناء سفر میں بھی جائز ہیں،، امام مالک بھی یہی فرماتے ہیں،، امام احمد بن حنبل نے کہا اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔" واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ مکّہ مکرمہ (شرفہا اللہ تعالیٰ) میں داخل ہوتے وقت غسل کرنا،،

١٤٧٨ ـــ ترجمہ : نافع نے کہا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما جب حرم کے قریب پہنچتے تو تلبیہ سے رُک جاتے پھر" ذی طوی،، میں رات بسر کرتے پھر وہاں صبح کی نماز پڑھتے اور غسل کرتے اور بیان کرتے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح فرمایا کرتے تھے،،

باب ـــ مکہ مکرمہ میں رات یا دن کو داخل ہونا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح تک ذی طوی میں رات گزاری پھر صبح کو مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے ابن عمر رضی اللہ عنہما اسی طرح کرتے تھے،،

١٤٧٩ ـــ ترجمہ : حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے" ذی طوی،، میں رات گزاری حتی کہ صبح ہوئی تو مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما اسی طرح کرتے تھے،،

١٤٧٨ ، ١٤٧٩ ـــ شرح : تمام علماء کے نزدیک مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے وقت غسل کرنا مستحب ہے اگر غسل نہ کرے تو فدیہ واجب نہیں ہے۔ اکثر علماء کہتے ہیں کہ وضوء کافی ہے،، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کبھی غسل کرتے اور

marfat.com

باب من اين يدخل مكة

١٤٨٠ حدثنا ابراهيم بن المنذر حدثني معن حدثني مالك عن نافع عن ابن عمر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يدخل مكة من الثنية العليا ويخرج من الثنية السفلى

باب من اين يخرج من مكة

١٤٨١ حدثنا مسدد بن مسرهد البصري حدثنا يحيى عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم دخل مكة من كداء من الثنية العليا التي بالبطحاء وخرج من الثنية السفلى

کبھی دنوں پر اکتفاء کر لیتے تھے عید کے روز تلبیہ نہیں کہا جاتا اور حدیث میں مذکور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا مذہب ہے ،، یا وہ اس کے بعد تلبیہ کہتے تھے یا تلبیہ کرنے کا سبب کوئی اور شئی ہوگی واللہ اعلم !" ذی طوی مکہ مکرمہ کے قریب مشہور وادی ہے ،، حدیث شریف میں ہے" ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ " اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ دن کو مکہ میں داخل ہو حالانکہ باب کا عنوان رات کو بھی شامل ہے اس کا جواب یہ ہے کہ "کلمہ ثم" تراخی اور مہلت کے لئے استعمال ہوتا ہے اور یہ مہلت عام ہے اس رات کے دن میں یا اس کے بعد والی رات میں داخل ہو۔ یہ بھی کہنا ممکن ہے کہ اس حدیث میں دن کو داخل ہونا مذکور ہے اور رات کو داخل ہونا بھی ثابت ہے کیونکہ عمرہ جعرانہ میں عمرہ کا احرام باندھ کر رات کو مکہ میں داخل ہوئے تھے اس پر اعتماد کر کے یہاں رات کا ذکر کر دیا ہے۔ بہرحال اکثر علماء کا مسلک یہ ہے کہ مکہ مکرمہ میں دن کو داخل ہونا افضل ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — مکہ مکرمہ میں کدھر سے داخل ہو

١٤٨٠ — ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں ثنیۃ العلیاء سے داخل ہوتے اور ثنیۃ السفلی سے باہر نکلتے تھے "

باب — مکہ مکرمہ میں سے کدھر سے نکلے "

١٤٨١ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثنیۃ العلیٰ کے مقام کدیٰ سے جو بطحاء میں ہے داخل ہوتے اور ثنیۃ السفلی سے باہر نکلتے تھے ،، ابوعبداللہ (امام بخاری) نے کہا کہا جاتا ہے کہ

marfat.com

حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ
ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا جَآءَ
اِلٰى مَكَّةَ دَخَلَهَا مِنْ اَعْلَاهَا وَخَرَجَ مِنْ اَسْفَلِهَا حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ
حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ
وَخَرَجَ مِنْ كُدًى مِنْ اَعْلٰى مَكَّةَ

مسدد اپنے نام کی مثل ہیں۔ امام بخاری نے کہا میں نے یحییٰ بن معین کو یہ کہتے سُنا کہ میں نے یحییٰ بن سعید کو یہ کہتے ہُوئے سُنا کہ اگر میں مسدد کے پاس ان کے گھر جاؤں اور ان سے حدیث بیان کروں تو وہ اس کے مستحق ہیں اور مجھے یہ پرواہ نہیں کہ میری کتابیں میرے پاس ہوں یا مسدد کے پاس ہوں۔

شرح : ثنیۃ العلیا کی طرف سے داخل ہونے اور سفلیٰ کی طرف سے نکلنے میں حکمت یہ تھی کہ سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مکہ کے اُوپر کی طرف سے حج کے لئے نداء کی تھی علو (اُوپر کی طرف) بلند مکان کے مناسب ہے جس کا قصد کیسے اور "سفلیٰ" اس مکان کے مناسب ہے جس طرف جائے بعض علماء یہ بیان کرتے ہیں کہ جو اس طرف سے مکہ میں آئے بیت اللہ اس کے سامنے ہوتا ہے بعض یہ کہتے ہیں کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ سے چھپ کر نکلے تھے تو ثنیۃ العلیا سے نکلے تھے اس لئے اس طرف علانیہ داخل ہونے کا ارادہ فرمایا یہ کہنا بہت مناسب ہے کہ عید کی طرح راستہ بدلنے میں نیک فال ہے کہ انسان کا حال اس سے اعلیٰ حال کی طرف بدل جائے اور دونوں راستے اس کی گواہی دیں۔ امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ کی روایت میں ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے روز کداء کی جانب سے مکہ مکرمہ میں داخل ہُوئے تھے! امام بخاری رحمہ اللہ نے حدیث ۱۴۸۱ مسدد سے روایت کی ہے اور مسدد بن مُسَرْہَد کی توثیق بیان کرتے ہُوئے ذکر کرتے ہیں کہ مسدد اپنے نام کی طرح مضبوط ہیں کیونکہ مسدد کا معنیٰ مُحکم ہے اور پھر اس پر ہی اکتفاء نہیں کی بلکہ یحییٰ بن معین جو فنِ جرح و تعدیل کے امام ہیں سے نقل کر کے اس کی مزید توثیق کی "واللہ و رسولہ اعلم!

۱۴۸۲ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ میں آئے تو اس کی اُعلیٰ جانب سے داخل ہُوئے اور نچلی طرف سے باہر نکلے۔

۱۴۸۳ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال کداء کی جانب سے داخل ہُوئے اور اعلیٰ مکہ کی جانب مقام کُدی سے نکلے۔

marfat.com

١٤٨٤ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَمْرٌو عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ قَالَ هِشَامٌ وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ عَلَى كِلْتَيْهِمَا مِنْ كَدَاءٍ وَكُدًى وَأَكْثَرُ مَا يَدْخُلُ مِنْ كُدًى وَكَانَتْ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ

١٤٨٥ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ مِنْ أَعْلَى مَكَّةَ وَكَانَ عُرْوَةُ أَكْثَرَ مَا يَدْخُلُ مِنْ كَدَى كَانَ أَقْرَبَهُمَا إِلَى مَنْزِلِهِ

١٤٨٦ حَدَّثَنَا مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ وَكَانَ عُرْوَةُ يَدْخُلُ مِنْهُمَا كِلَيْهِمَا وَكَانَ أَكْثَرُ مَا يَدْخُلُ مِنْ كُدًى أَقْرَبِهِمَا إِلَى مَنْزِلِهِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ كَدَاءٌ وَكُدًى مَوْضِعَانِ

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال مقام کداء سے داخل ہوئے جو اعلیٰ مکہ میں ہے ہشام نے کہا حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما دونوں جانبوں کداء اور کُداء کی طرف سے داخل ہوتے تھے اور اکثر کداء کی طرف سے داخل ہوتے تھے یہ دونوں طرفوں میں سے ان کے گھر سے قریب تھا "

١٤٨٤ —

ترجمہ : حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال اعلیٰ مکہ سے مقام کداء سے داخل ہوئے عروہ اکثر کداء کی طرف سے داخل ہوتے تھے اور یہ ان کے گھر سے قریب تھا "

١٤٨٥ —

ترجمہ : حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ فتح مکہ کے سال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کداکی جانب سے داخل ہوئے اور حضرت عروہ رضی اللہ عنہ ان دونوں طرفوں سے داخل ہوتے تھے اور وہ اکثر کداء کی جانب سے داخل ہوتے تھے اور وہ ان کے گھر کے قریب تھا " ابو عبداللہ (بخاری) نے کہا " کداء اور کُداء دو مقام ہیں "

١٤٨٦ —

شرح : حمیدی امام بخاری کے اُستاد ہیں ان کا نام ابوبکر عبداللہ بن زبیر مکی ہے وہ اپنے دادا حمید کی طرف منسوب ہیں اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ مکرمہ میں "ثنیۃ العلیا" کی جانب سے داخل ہونا اور "ثنیۃ السُفلیٰ" سے نکلنا مستحب ہے " اس استحباب میں حاجی، عمرہ کرنے والا اور بغیر احرام داخل ہونے والے سب برابر ہیں اور عرفہ میں ٹھہرنے یا کسی اور فعل کے لئے اسفلِ مکہ سے نکلنا مستحب ہے "

١٤٨٢ —

شرح : یہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کا دوسرا اسناد ہے لیکن اس میں ابو اُسامہ نے کچھ تبدیلی کردی ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں "کداء" کی جانب سے داخل ہوئے اور "کُداء" کی طرف سے باہر نکلے اور صحیح اس کے برعکس ہے۔

١٤٨٣ —

marfat.com

بَابُ فَضْلِ مَكَّةَ وَبُنْيَانِهَا

وَقَوْلُهُ تَعَالٰى وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلٰى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمٰعِيلَ أَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَّارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلٰى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمٰعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

۱۴۸۴ — شرح : یہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کا اول اسناد ہے۔

۱۴۸۵ — شرح : یہ حدیث عروہ پر موقوف ہے ، ہشام بن عروہ نے اس حدیث کو مرسل اور موصول دونوں طرح ذکر کیا ہے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے دونوں اسناد اس لئے ذکر کر دیئے ہیں کہ مرسل روائت سے موصول روائت میں کوئی نقص لازم نہیں آتا ، کیونکہ موصول روائت کو سفیان بن عیینہ نے وصل کیا ہے جبکہ دو ثقہ راوی عمرو اور حاتم نے اس کی متابعت کی ،

۱۴۸۶ — شرح : حضرت عروہ بن زبیر سے مذکور مرسل روایات میں سے یہ اور طریق سے مروی ہے اسے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ بن اسماعیل سے انھوں نے وُھَیب سے انھوں نے ہشام سے انھوں نے اپنے باپ عروہ بن زبیر سے اس کی روائت کی ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب — مکہ مکرمہ اور اس کی عمارتوں کی فضیلت

ترجمہ : اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ جب ہم نے کعبہ کو لوگوں کے لئے لوٹ کر آنے کی جگہ اور امن کی جگہ بنایا تم مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ ، اور ہم نے ابراہیم و اسماعیل (علیہما السلام) سے وعدہ لیا کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں ، اعتکاف کرنے والوں اور رکوع سجود کرنے والوں کے لئے پاک کرو ،، اور جب ابراہیم علیہ الصلوٰۃ ،، نے کہا اے میرے پروردگار اس شہر کو امن والا کر دے اور اس کے رہنے والوں میں سے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں ، ان کو طرح طرح کی روزی دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور جس نے کفر کیا میں اس کو کچھ نفع دوں گا پھر اسے دوزخ کے عذاب کی طرف مجبور کر دوں گا اور وہ بہت بُری جگہ ہے پلٹنے کی ،، اور جب اُٹھاتا تھا ابراہیم اس گھر کی نیویں اور اسماعیل یہ کہتے ہوئے ای رب ہمارے ہم سے قبول فرمائے بے شک

marfat.com

تو ہی سنتا جانتا ہے، اے ربّ ہمارے اور کر ہمیں تیرے حضور گردنیں رکھنے والا اور ہماری اولاد میں سے ایک امّت تیری فرمانبردار اور ہمیں ہماری عبادت کے لئے قاعدے بتا اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرما بے شک تو ہی بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے،،

شرح : باب کے عنوان میں مکّہ مکرمہ کی فضیلت اور اس کی عمارات کی فضیلت کا ذکر ہے" اور اس میں مذکور احادیث میں بنیانِ کعبہ کا قطعاً ذکر نہیں تو چاہیے یوں تھا کہ عنوان صرف " فضل مکّہ " ذکر کیا جاتا مگر اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ بنیانِ کعبہ اس کی عمارات کا سبب ہے اس لئے بنیانِ کعبہ پر اقتصار کی اور اس کی عمارات کی فضیلت کو ذکر نہ کیا۔

اس مقام کی تفصیل یہ ہے کہ ان آیات میں کئی مسائل مذکور ہیں اوّلاً بناءِ کعبہ ثانیاً دعاءِ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آخر میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا ذکر کیا ۔ مشہور یہ ہے کہ کعبہ کو سب سے پہلے فرشتوں نے بنایا پھر آدم علیہ السلام نے پھر شیث علیہ السلام نے بنایا جو بہت عرصہ قائم رہا پھر جب نوح علیہ السلام کا طوفان آیا تو اس کی دیواریں گر گئیں اور بنیادیں باقی رہیں کیونکہ کعبہ کی بنیادیں ساتویں زمین تک پہنچی ہوئی ہیں پھر سیدنا جبرائیل علیہ السلام حجرِ اسود کو لائے اور جبل ابی قبیس پر رکھ دیا جب ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ بنانے کا ارادہ کیا تو جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کعبہ کی حدودِ اربعہ بتائیں اور حجرِ اسود کی نشاندہی کی تو اس کے مطابق سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر کی اس کے بعد" قوم عمالقہ" نے بنایا پھر قبیلہ " جُرہم " نے پھر" قصیّ" نے اور پھر قریش نے کعبہ کی تعمیر کی اس وقت حجرِ اسود کو اس کی جگہ میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا،، قریش کے پاس پورے کعبہ کی تعمیر کا خرچہ نہ تھا اس لئے انھوں نے حطیم کعبہ کو خارج کر دیا اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں پر تعمیر نہ کر سکے پھر حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں پر کعبہ کی تعمیر کی اور اس کے مشرقی اور غربی دو دروازے بنائے اور حطیم کو کعبہ میں شامل کر دیا کیونکہ انھوں نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس طرح حدیث سنی ہوئی تھی،، پھر عبدالملک کے دور میں حجازِ مقدس کا حاکم حجاج بن یوسف مقرر ہوا اور اس نے عبداللہ بن زبیر کو شہید کر کے کعبہ کو انہی بنیادوں پر تعمیر کیا جن پر قریش نے تعمیر کیا تھا اور شرقی غربی دونوں دروازے ختم کر دیئے اور اوپر دروازہ کھول دیا اب انہی بنیادوں پر کعبہ موجود ہے۔

کعبہ کی تعمیر کے وقت سیدنا ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام یہ دعاء کر رہے تھے کہ ہمارے ربّ ہم سے یہ عمل قبول فرما اور ہمیں مسلمان رکھ اور ہماری اولاد سے ایک جماعت مسلمان رکھ،، چونکہ انبیاء کرام علیہم السلام معصوم ہوتے ہیں اس لئے آیت کریمہ میں اصل اسلام کی طلب مراد نہیں بلکہ اسلام پر استقامت و استدامت مراد ہے۔

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد ابراہیم علیہ السلام تک تمام مسلمان تھے،، کیونکہ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا" وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ،، یہاں تک انھوں نے اپنی اولاد سے ایک جماعت کے لئے اسلام کی دعاء کی پھر فرمایا رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ،، کہ اس مسلمان جماعت میں رسول بھیج جو ان میں سے ہو،، اللہ تعالیٰ نے یہ دعاء قبول فرمائی اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسلمان جماعت میں سے رسول مبعوث ہوئے جو ان کو کتاب و حکمت کی تعلیم

marfat.com

دیتے تھے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہوں اور عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی خوشخبری ہوں،، اس تقریر سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد مسلمان جماعت ہیں لہٰذا آپ کے والدین کریمین کا اسلام متیقن ہے،، اور مسلم کی حدیث "ان ابی واباك فی النار" میں "اَبِیْ" سے مراد آپ کا چچا ہے کیونکہ چچا پر باپ کا اطلاق ہوتا رہتا ہے چنانچہ قرآن کریم نے سیدنا اسماعیل علیہ السلام کو حضرت یعقوب علیہ السلام کے "آباء" سے شمار کیا ہے حالانکہ اسماعیل علیہ السلام یعقوب کے چچا ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "وَمِنْ آبَائِكَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحَاقَ"۔ آپ کا چچا ابوطالب آپ کی حفاظت کیا کرتا تھا اور ہر وقت آپ کی تربیت میں مصروف رہتا تھا اس لئے لوگ آپ کو محمد بن ابوطالب کہتے تھے، اور آپ کے والد ماجد سیدی عبداللہ بن عبدالمطلب ایام فترت میں آپ کی ولادت طیبہ سے قبل وفات پا گئے تھے اور کسی روایت سے ثابت نہیں کہ انھوں نے بتوں کو سجدہ کیا ہو اور نہ سیدہ آمنہ کا بتوں کو سجدہ کرنا ثابت ہے جبکہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار یا چھ برس کی عمر شریف میں انتقال کر گئی تھیں" لہٰذا ان کے کفر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا رہا یہ کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے لئے استغفار کی اجازت طلب کی تو اللہ تعالیٰ نے اجازت نہ دی تو یہ شروع اسلام میں تھا جبکہ آپ کو مقروض لوگوں کی نماز جنازہ کی اجازت نہ تھی پھر اجازت دی گئی اسی طرح ممکن ہے کہ آپ کی والدہ ماجدہ پر قرض وغیرہ ہو اس وجہ سے استغفار سے آپ کو منع کیا گیا تھا،، اسی لئے پھر آپ کو والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت مل گئی جیسا کہ احادیث میں مذکور ہے حالانکہ قرآن کریم میں ہے وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ،، کہ آپ کافر کی قبر پر کھڑے نہ ہوں اگر آپ کی والدہ ماجدہ کافرہ ہوتیں تو ان کی قبر شریف پر کھڑے ہونے کی اجازت کیوں دی گئی؟ اور جن روایات میں ہے کہ آپ کے والدین کو زندہ کیا گیا اور وہ آپ پر ایمان لائے وہ ان کی عظمت و شرافت کے باعث احساسی ایمان پر محمول ہیں یعنی والدین کریمین جس طرح حقیقی مسلمان تھے حسی طور پر بھی وہ مسلمان تھے یہ ان کی خصوصیت ہے،، پھر اس سے اوپر آپ کے آباء و اجداد آدم علیہ السلام تک سب مسلمان تھے کیونکہ "وتقلبك فی الساجدین،، کی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم موحدین سے منتقل ہوتے رہے۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مجھے پاک اصلاب اور پاک رحموں سے منتقل کرتا رہا اور وہ سب اخیار تھے حالانکہ قرآن کریم میں مشرکوں کو نجس کہا گیا ہے فرمایا "انما المشرکون نجس،، اور نجس کو خیر کیسے کہہ سکتے ہیں؟ اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا والد تارخ تھا آذر آپ کا چچا تھا قرآن کی اصطلاح میں چچا پر باپ کا اطلاق ہوتا رہتا ہے اسی لئے فرمایا "اذقال ابراهیم لابیه،، ای آذر یعنی ابراہیم علیہ السلام نے اپنے چچا آذر سے کہا،، لہٰذا ابراہیم علیہ السلام کے باپ کے کفر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا" الحاصل سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے آباء و اجداد حضرت آدم علیہ السلام تک مسلمان تھے فللّٰہ الحمد مسلمانوں کو چاہیے کہ مرجوح اقوال، کمزور روایات کا سہارا لے کر والدین کریمین کے بارے میں احتیاط سے باہر نہ نکلیں مسلم شریف میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سارے دوزخیوں سے ہلکا عذاب ابوطالب کو ہوگا اور ان کو آگ کی جوتی پہنائی جائے گی جس سے ان کا دماغ کھولے گا،، اس حدیث کے مطابق اس بات کی وضاحت

marfat.com

ہوتی ہے کہ آپ کے والدین کریمین جنتی ہیں کیونکہ چچا کا مقام والدین کے مقام کے برابر نہیں ہوتا اگر والدین کریمین کے اسلام میں شک ہوتا تو ہلکے عذاب کے وہ مستحق ہوتے (معاذ اللہ)

(۱) ابن سعد اور ابن عساکر نے محمد بن سائب بن کلبی سے روائت کی کہ سائب نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سو مائیں ضبطِ تحریر کی ہیں ان میں سے میں نے کسی میں فحش بدکاری اور جاہلیت کی باتیں نہیں پائیں"

(۲) ابو نعیم نے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ مجھے اصلابِ طیبہ سے ارحامِ طاہرہ کی طرف منتقل کرتا رہا اور جہاں بھی کوئی شاخ پیدا ہوئی مجھے بہتر شاخ میں رکھا" اس سے واضح ہوتا ہے کہ سید عالم امام الانبیاء سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے آباء و اجداد اور امہات آدم و حوا تک سب مسلمان تھے اور ان میں سے کوئی بھی کافر نہ تھا، کیونکہ کافر کو مختار، کریم اور طاہر نہیں کہا جاتا بلکہ وہ حکم خداوندی کے مطابق نجس ہیں اور احادیث میں تصریح موجود ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد اور امہات سب طاہر تھے۔

اگر یہ سوال ہو کہ تم نے کہا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین نے زندہ ہونے کے بعد اسلام قبول کیا حالانکہ موت کے بعد ایمان غیر نافع ہوتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ موت کے بعد ایمان کا غیر نافع ہونا خصوصیت و کرامت کے محل کے بغیر ہے آپ کے والدین کریمین رضی اللہ عنہما کے احیائی ایمان کی قبولیت بطور کرامت و شرافت ہے؛ چنانچہ صحیح حدیث میں ہے کہ سورج غروب ہونے کے بعد لوٹ آیا حتیٰ کہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے عصر کے وقت میں نماز ادا کی جس طرح سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی کرامت و عظمت کے باعث حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عصر کی نماز سورج کی واپسی کے بعد صحیح تھی اسی طرح امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کریمین کا زندہ ہونے کے بعد احیائی ایمان صحیح ہے فللہ الحمد۔

حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد چالیس افراد تھے جو جوڑے جوڑے پیدا ہوئے اور سیدنا شیث علیہ السلام جو آدم علیہ السلام کے وصی تھے وہ تنہا پیدا ہوئے تھے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی نسل سے پیدا ہوئے تھے وہ فوت ہوئے تو اپنے بیٹے کو اپنے باپ آدم علیہ السلام کی وصیت کی کہ اس نور کو وہ ضائع نہ کرے جو آدم علیہ السلام کی پیشانی میں درخشاں تھا اور وہ ان کی طرف منتقل ہو چکا ہے چنانچہ حضرت شیث علیہ السلام کی اولاد میں یہ وصیت ہر دور میں معمول بہ رہی حتیٰ کہ یہ نور حضرت عبد المطلب کی پیشانی میں پہنچا پھر ان کے صاحبزادے سیدی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی پیشانی میں پہنچا اور اللہ تعالیٰ نے اس نسبِ شریف کو امورِ جاہلیت سے پاک و صاف رکھا"، امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مسلم کی شرح میں ذکر کیا ہے کہ عرب کے لوگ جو فترت کے زمانہ میں فوت ہو گئے وہ دوزخی ہیں کیونکہ ان کو ابراہیم علیہ السلام اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوتِ اسلام پہنچی تھی"، لہٰذا وہ اس آیت کریمہ "وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا" میں داخل ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ امام نووی کا یہ کہنا بعید تر ہے کیونکہ ساری اُمت کا اتفاق ہے کہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور ان کے بعد دیگر انبیاء کرام علیہم السلام عرب کے لئے مبعوث نہیں تھے عرب کے لئے صرف سیدنا اسماعیل علیہ السلام مبعوث تھے اور ان کی وفات کے ساتھ ہی ان کی رسالت کے احکام ختم ہو گئے تھے کیونکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی نبی کی موت کے بعد اس کی رسالت باقی نہیں رہی۔ عمومِ رسالت میں صرف سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے کہ قیامت تک ساری دنیا کے لئے آپ

marfat.com

١٤٨٦ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا
اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ جُرَیْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا بُنِیَتِ
الْكَعْبَةُ ذَهَبَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَبَّاسٌ يَنْقُلَانِ الْحِجَارَةَ فَقَالَ الْعَبَّاسُ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بدستور نبی و رسول ہیں،، لہٰذا امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ کلام کہ عرب کے اہل فترت دوزخی ہیں اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو بتوں کی پرستش کرتے تھے اور کسی صحیح روائت سے ثابت نہیں کہ آپ کے آباؤ اجداد نے بت پرستی کی ہو بلکہ وہ سب موحد تھے،، علاوہ ازیں امام نووی رحمہ اللہ کا کلام تضاد سے خالی نہیں کیونکہ عربوں کو اہل فترت سے شمار کرنا اور یہ کہنا کہ ان کو ابراہیم علیہ السلام کی دعوتِ اسلام پہنچی تھی متضاد کلام ہے کیونکہ عربوں کو اگر ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام کی دعوتِ اسلام پہنچی تھی تو وہ اہلِ فترت سے کیسے ہوئے کیونکہ فترت کا معنیٰ یہ ہے کہ پہلے نبی کی دعوت منقطع ہو جائے اور دوسرا نبی نہ آیا ہو،، اور اکثر اہلسنت و جماعت اس طرف گئے ہیں کہ رسولوں کی بعثت و رسالت کے بعد ہی توحید واجب ہے جیسا کہ امام ابن حجر ہیثمی نے امام بوصیری کے قصیدہ ہمزیہ کی شرح میں تصریح کی ہے" اور ابوحیان کا یہ کہنا کہ" تقلبك فی الساجدین ،، سے رافضی استدلال کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد مومن تھے ہمیں مضر نہیں کیونکہ ابوحیان نحو کا امام ہے اصولی مسائل میں ان کا کلام معتبر نہیں ہے علاوہ ازیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ساجد سے ساجد کی طرف نقل ہوتا رہا اس میں واضح صراحت ہے کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد حضرت آدم علیہ السلام تک سب مومن تھے۔ ھٰذا ھو الحق ۔ امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ تعالیٰ" اِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهِیْمُ الْقَوَاعِدَ الخ" کے تحت تفسیر کبیر جلد اوّل صـ ۴۸۱ مصری کے تحت لکھتے ہیں" قفال نے کہا حضرت ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام کی اولاد میں سے لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے رہے اور اس کا کسی کو شریک نہیں سمجھتے تھے اور تمام رسول سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے آتے رہے۔ جاہلیت کے زمانہ میں زید بن عمرو بن نفیل و قسی بن ساعدہ، سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جدِّ امجد حضرت عبد المطلب بن ہاشم اور عامر بن ظرب دینِ اسلام پر تھے وہ ابداء و اعادہ اور ثواب و عقاب کے معترف تھے اور اللہ تعالیٰ کی توحید کے قائل تھے وہ نہ تو مردار کھاتے تھے اور نہ ہی بتوں کی پوجا کرتے تھے نیز امام رازی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تفسیر کبیر صـ ۲۲۰ جلد ۱ میں ذکر کیا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے جدِّ امجد قصی لوگوں کو بتوں کی پوجا سے روکتے تھے چنانچہ زید بن عمرو بن نفیل یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

ارَبًّا وَاحِدًا اَمْ اَلْفَ رَبٍّ ۔۔۔ اَدِیْنُ اِذَا تَقَسَّمَتِ الْاُمُوْرُ۔
تَرَكْتُ اللَّاتَ وَالْعُزّٰى ۔۔۔ كَذَالِكَ يَفْعَلُ الرَّجُلُ الْبَصِيْرُ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى نَبِيِّهِ الْكَرِيْمِ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ!

ترجمہ : حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جب کعبہ مکرمہ بنایا گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور عباس

marfat.com

اِجْعَلْ اِزَارَكَ عَلٰى رَقَبَتِكَ فَخَرَّ اِلَى الْاَرْضِ فَطَمَحَتْ عَيْنَاهُ اِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ اِرْنِيْ اِزَارِيْ فَشَدَّهُ عَلَيْهِ

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عبد الله بن محمد ١٧٢١
ابْنَ اَبِيْ بَكْرٍ اَخْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا اَلَمْ تَرَيْ اَنَّ قَوْمَكِ حِيْنَ بَنَوُا الْكَعْبَةَ اِقْتَصَرُوْا عَنْ قَوَاعِدِ اِبْرَاهِيْمَ فَقُلْتُ

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَرُدُّهَا عَلٰى قَوَاعِدِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَفَعَلْتُ فَقَالَ

عَبْدُ اللّٰهِ لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحِجْرَ اِلَّا اَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يُتَمَّمْ عَلٰى قَوَاعِدِ

اِبْرَاهِيْمَ ،، عَلَيْهِ السَّلَامُ -

-ی اللہ عنہ پتھر اُٹھا کر لا رہے تھے ،، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ تہبند اُتار کر کندھے پر رکھ لیں (تو جب آپ کی شرمگاہ برہنہ ہوگئی) تو آپ زمین پر گر گئے اور آپ کی نگاہیں آسمان کی طرف اُٹھ گئیں ،، اور آپ نے فرمایا " میرا تہبند مجھے دو ،، پس عباس نے آپ کا تہبند باندھ دیا۔

١٤٨٧ —

شرح : تعمیر کعبہ کے وقت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف پینتیس (٣٥) برس تھی بعض روایات کے مطابق پچیس (٢٥) برس تھی اس کی کچھ تفصیل حصہ اوّل میں حدیث ع ١٢٦ کی تفہیم میں گزر چکی ہے ،،

١٤٨٨ —

ترجمہ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا، اے عائشہ کیا تو نے خیال نہیں کیا کہ تیری قوم نے جب کعبہ کی تعمیر کی تو ابراہیم علیہ السلام کی نیووں پر تعمیر کرنے سے وہ قاصر ہوگئے ،، (خرچہ ختم ہوگیا) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ کعبہ کو ابراہیم کی نیووں پر اسے واپس نہیں کرتے ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر تیری قوم کے کفر کا زمانہ قریب نہ ہوتا تو میں کر دیتا، عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا اگر ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ آپ نے دونوں رکنوں کا جو حطیم کے قریب ہیں استلام ترک کیا ہو مگر بیت اللہ ابراہیم علیہ السلام کی نیووں پر پورا تعمیر نہیں ہوا ،،

١٤٨٨ —

شرح : قولہ لئن کانت آہ ان الفاظ سے ام المؤمنین کی روایت میں ضعف نہیں آتا اور نہ ہی ان کی صداقت پر شبہ گزرتا ہے کیونکہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا صدیقہ حافظہ اور اس قدر ضبطِ حدیث رکھتی تھیں کہ ان کی حدیث میں شک و شبہ کا احتمال نہیں رہتا مگر اکثر عربوں کے کلام میں تشکیک کی صورت واقع ہوتی رہتی ہے لیکن اس سے تقریر و یقین ہی مراد ہوتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کے کلام میں ہے " اِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ ،، اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَا

marfat.com

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ حَدَّثَنَا الْأَشْعَثُ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ ١٤٨٩
عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَدْرِ أَمِنَ الْبَيْتِ هُوَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا لَهُمْ
لَمْ يُدْخِلُوهُ فِي الْبَيْتِ قَالَ إِنَّ قَوْمَكِ قَصُرَتْ بِهِمُ النَّفَقَةُ قُلْتُ فَمَا شَأْنُ بَابِهِ مُرْتَفِعًا قَالَ فَعَلَ
ذٰلِكِ قَوْمُكِ لِيُدْخِلُوا مَنْ شَاءُوا وَيَمْنَعُوا مَنْ شَاءُوا وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثٌ عَهْدُهُمْ بِالْجَاهِلِيَّةِ
فَأَخَافُ أَنْ تُنْكِرَ قُلُوبُهُمْ أَنْ أُدْخِلَ الْجَدْرَ فِي الْبَيْتِ وَأَنْ أُلْصِقَ بَابَهُ بِالْأَرْضِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ ١٤٩٠
إِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا حَدَاثَةُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَنَقَضْتُ الْبَيْتَ ثُمَّ لَبَنَيْتُهُ عَلَى أَسَاسِ إِبْرَاهِيمَ فَإِنَّ قُرَيْشًا
اِسْتَقْصَرَتْ بِنَاءَهُ وَجَعَلْتُ لَهُ خَلْفًا وَقَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ خَلْفًا يَعْنِي بَابًا

أَجْعَلُ عَلٰى نَفْسِي" قَوْلُهُ حِجْر" یہ میزاب کے تحت نصف دائرہ کی صورت میں ہے اس کی تدویر تیس گز ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

١٤٨٩ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا دیوار بیت اللہ کا حصہ ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں،، میں نے عرض کیا قریش نے اس کو بیت اللہ میں داخل کیوں نہیں کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری قوم کے پاس خرچ کم ہوگیا تھا،، میں نے کہا اس کا دروازہ کیوں بلند رکھا گیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری قوم نے یہ اس لئے کیا تھا کہ جس کو وہ چاہیں (بیت اللہ میں) داخل ہونے دیں اور جسے چاہیں منع کردیں اگر تمہاری قوم سے کفر کا زمانہ قریب نہ ہوتا (تو ہم اس کو اصل نیووں پر تعمیر کرتے) دیوار کو بیت اللہ میں داخل کرنے اور اس کے دروازے کو زمین سے ملا دینے سے مجھے ڈر لگتا ہے کہ ان کے دل انکار کریں گے،،

١٤٩٠ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ مجھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمہاری قوم سے کفر کا زمانہ قریب نہ ہوتا تو میں بیت اللہ کو توڑ ڈالتا پھر اسے ابراہیمی نیووں پر بناتا،، کیونکہ قریش نے اس کی عمارت چھوٹی کردی ہے اور میں اس کے لئے خلف بناتا ابومعاویہ نے کہا ہم کو ہشام نے خبر دی کہ خلف سے مراد دروازہ ہے،،

١٤٨٩، ١٤٩٠ — شرح : ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حطیم سارا کا سارا بیت اللہ کا حصہ ہے، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ یہی فتویٰ دیا کرتے تھے،، عبدالرزاق نے ابن عباس سے روایت ذکر کی ہے کہ انھوں نے کہا اگر میں بیت اللہ کا ولی بنتا جیسے عبداللہ بن زبیر بنے تھے تو میں سارا حطیم بیت اللہ میں داخل کردیتا،، اگر یہ بیت اللہ

marfat.com

حدثنا

بَيَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ رُوْمَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا يَا عَائِشَةُ لَوْلَا اَنَّ قَوْمَكِ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ لَاَمَرْتُ بِالْبَيْتِ فَهُدِمَ فَاَدْخَلْتُ فِيْهِ مَا اُخْرِجَ مِنْهُ وَاَلْزَقْتُهُ بِالْاَرْضِ وَجَعَلْتُ لَهُ بَابَيْنِ بَابًا شَرْقِيًّا وَبَابًا غَرْبِيًّا فَبَلَغْتُ بِهِ اَسَاسَ اِبْرَاهِيْمَ فَذٰلِكَ الَّذِيْ حَمَلَ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَلٰى هَدْمِهِ قَالَ يَزِيْدُ شَهِدْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ حِيْنَ هَدَمَهُ وَبَنَاهُ وَاَدْخَلَ فِيْهِ مِنَ الْحِجْرِ وَقَدْ رَاَيْتُ اَسَاسَ اِبْرَاهِيْمَ حِجَارَةً كَاَسْنِمَةِ الْاِبِلِ قَالَ جَرِيْرٌ فَقُلْتُ لَهُ اَيْنَ مَوْضِعُهُ قَالَ اُرِيْكَهُ الْاٰنَ فَدَخَلْتُ مَعَهُ الْحِجْرَ فَاَشَارَ اِلٰى مَكَانٍ فَقَالَ هٰهُنَا قَالَ جَرِيْرٌ فَحَزَرْتُ مِنَ الْحِجْرِ سِتَّةَ اَذْرُعٍ اَوْ نَحْوَهَا

میں داخل نہیں ہے تو اس کا طواف کیوں کیا جاتا ہے ،، سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حطیم کو بیت اللہ میں داخل کرنے اور دروازہ کو زمین سے ملا دینے میں اس لئے توقف کیا تھا کہ لوگ نئے نئے مسلمان ہوئے تھے اور ان کے دلوں میں کعبہ کی تعمیر کا فخر تھا اگر نئی تعمیر کرتے تو ممکن تھا کہ اسے ان کے دل اچھا نہ سمجھیں گے اور آپ کو اس فخر میں منفرد سمجھنے لگیں گے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی اچھا کام کرنے میں لوگوں میں بدظنی پیدا ہونے کا احتمال ہو تو اسے چھوڑ دینا چاہیے اور کسی دوسرے زمانہ یا وقت پر اسے ملتوی کر دینا چاہیئے ،، واللہ ورسولہ اعلم!

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا اے عائشہ اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ تمہاری قوم جاہلیت کے زمانہ سے قریب ہے تو میں بیت اللہ کے متعلق حکم دیتا اور وہ گرا دیا جاتا اور میں اس میں وہ جگہ داخل کر دیتا جس کو اس سے نکالا گیا ہے اور میں اس کو زمین سے ملا دیتا اور اس کے دو دروازے کرتا۔ ایک شرقی دروازہ اور دوسرا غربی بناتا اور اسے ابراہیمی نیووں کے مطابق بناتا ،، پس یہ وہ حدیث ہے جس نے ابن زبیر رضی اللہ عنہ کو اس کے گرانے پر آمادہ کیا تھا ،، یزید نے کہا میں ابن زبیر کے پاس موجود تھا جبکہ اس نے اس کو گرایا اور بنایا تھا اور اس میں حطیم کو داخل کیا تھا میں نے ابراہیمی بنیادوں کے پتھر دیکھے ہیں جو اونٹوں کی کوہان جیسے تھے ،، جریر نے کہا میں نے یزید سے کہا اس کی جگہ کہاں ہے؟ اس نے کہا میں ابھی تجھے دکھاتا ہوں اور میں اس کے ہمراہ حطیم میں داخل ہوا تو اس نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا وہ جگہ یہ ہے۔ جریر نے کہا میں نے دیوار سے چھ گز یا اس کے قریب قریب اندازہ کیا ہے ،،

1491 —

شرح : بیت اللہ شریف میں سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی تعمیر کے خلاف تین تصرف کئے گئے ہیں ایک یہ کہ اس کا کچھ حصہ بیت اللہ سے خارج کر دیا گیا۔ دوسرا یہ کہ اس کے دونوں دروازے بند کر کے بلندی پر ایک دروازہ بنا دیا گیا۔ تیسرا یہ اس کی بنیادوں

marfat.com

باب فضل الحرم وقوله إنما أمرت أن أعبد رب هذه
البلدة الذي حرمها وله كل شئ وأمرت أن أكون من المسلمين وقوله أولم نمكن لهم حرما آمنا يجبى إليه ثمرات كل شئ رزقا
من لدنا ولكن أكثرهم لا يعلمون حدثنا علي بن عبد الله بن جعفر قال حدثنا جرير بن عبد الحميد عن منصور عن
مجاهد عن طاؤس عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم فتح مكة إن هذا البلد حرمه الله
لا يعضد شوكه ولا ينفر صيده ولا يلتقط لقطته إلا من عرفها باب توريث دور مكة وبيعها وشرائها وأن الناس
في المسجد الحرام سواء خاصة لقوله إن الذين كفروا ويصدون عن سبيل الله والمسجد الحرام الذي جعلناه للناس
سواء العاكف فيه والباد ومن يرد فيه بإلحاد بظلم نذقه من عذاب أليم قال أبو عبد الله البادي الطارئ معكوفا

مجموعہ

پر اس کی تعمیر نہیں کی گئی اسی لئے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے بیت اللہ کو گرا کر اصلی بنیادوں پر اس کی تعمیر کی، اس کے شرقی اور غربی دروازے کھول دیئے اور جو حصہ بیت اللہ سے خارج کر دیا گیا تھا اس کو بیت اللہ میں داخل کر دیا،، جب عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے تو حجاج بن یوسف نے قریش کی بنیادوں پر کعبہ کی تعمیر کی اب انہی بنیادوں پر کعبہ موجود ہے۔" واللہ ورسولہ اعلم!

باب — حرم کی فضیلت

: اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ،، مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر کے رب کی عبادت کروں جس نے اس کو حرام کیا ہے اور اسی کے لئے ہر شئ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں مسلمان رہوں ،، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ،، کیا ہم نے اُن کو حرم میں متمکن نہیں کیا جو امن والی جگہ ہے ،، اور اس کی طرف ہر طرح کے میوے کھنچ کر آتے ہیں یہ رزق ہماری طرف سے ہے مگر ان میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں ،،

۱۴۹۲ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا اس شہر کو اللہ نے حرام کیا ہے اس کے کانٹے نہ کاٹے جائیں گے اس کے شکار نہ بھگائے جائیں گے اور اس میں گمی ہوئی شئ نہ اُٹھائی جائے گی مگر وہ شخص اُٹھائے جو اس کی تعریف و تشہیر کرے ،،

۱۴۹۲ — شرح : اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ کی تشریف و تفضیل کے لئے اس کو حرم بنایا اور اس کے حرم کی حد مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف تین میل، یمن و عراق کی طرف سات میل اور جدہ کی طرف دس میل ہے ،، سب سے پہلے یہ حد سیدنا ابراہیم

marfat.com

علیہ السلام نے جبرائیل علیہ السلام کے دکھانے پر مقرر کی تھی ، مکہ مکرمہ اور حرم مکہ کا دونوں کا حکم واحد ہے ،، چونکہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان شریف پر اس کو حرم بنایا ہے اس لئے ان کی طرف اس کی نسبت کی گئی ہے حالانکہ دراصل حرم بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے ،، جیسے روح قبض کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے قرآن کریم میں ہے "اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا" اور دوسری آیت میں ہے "قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ" ،، ایک اور آیت میں ہے "اَلَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ" ،، دراصل فوت کرنے والا تو اللہ تعالیٰ ہی ہے اور فرشتوں کی طرف "توفی" کی نسبت کی گئی ہے کیونکہ اس کا ظہور ان کے ہاتھوں ہوتا ہے ،،

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ مکرمہ حرم ہے کوئی شخص بدون احرام اس میں داخل نہیں ہو سکتا ،، امام ابوحنیفہ اور ان کے تلامذہ ایک روائت کے مطابق امام مالک کا بھی یہی مذہب ہے اور یہی صحیح ہے ۔ امام احمد رضی اللہ عنہ کا مذہب بھی یہی ہے ۔

امام شافعی رضی اللہ عنہ اور ایک دوسری روائت کے مطابق امام مالک کا مذہب یہ ہے کہ بدون احرام حرم مکہ میں داخل ہونا ممنوع نہیں ہے ۔ امام بخاری رحمہ اللہ کا مذہب بھی یہی ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ مسلم نے جابر سے روائت کی ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ میں داخل ہوئے حالانکہ آپ کے سر مبارک پر عمامہ تھا ۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے جبکہ آپ کے سر مبارک پر "خود" تھا ان روایات کا جواب یہ ہے ۔ کہ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تھے تو اس وقت آپ محرم نہ تھے اور احرام کے بغیر مکہ مکرمہ میں داخل ہونا آپ کی خصوصیت ہے ،، اس کے بعد اس کی حرمت لوٹ آئی اور کسی کے لئے قیامت تک مکہ میں احرام کے بغیر داخل ہونا جائز نہیں ،، اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حرم کے درخت اور کانٹے کاٹنا جائز نہیں ،، ابن حزم نے اس پر اجماع ذکر کیا ہے ،، حرم کے درخت کاٹنے کی جزا میں علماء کا اختلاف ہے ۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس میں کوئی جزاء نہیں ۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رضی اللہ عنہما کے نزدیک اس میں جزا ہے ۔ امام شافعی کے نزدیک حرم کا بڑا درخت کاٹنے کی جزا لگائے ہے اور اس سے کم میں بکری ہے اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس سے درخت کی قیمت لی جائے گی اور اس سے ہدی (قربانی کا جانور) خرید کر کے حرم بھیجا جائے گا ،، اور اگر اس کی قیمت ہدی کی قیمت تک نہ پہنچتی ہو تو اس سے غلہ خرید کر کے ہر مسکین کو نصف صاع دیا جائے گا ۔ اس پر تمام علماء کا اتفاق ہے کہ جو سبزیاں اور کھیتی باڑی لوگ اگاتے ہیں اس کے کاٹنے میں کوئی جزا نہیں ہے ،، اور حرم کے لقطہ کا حکم عام لقطہ کا حکم ہے کہ اس کی ایک سال تعریف کرنے کے بعد اگر مالک نہ ملے تو اس کا صدقہ کرنا واجب ہے اور وہ غریب ہو تو خود استعمال کر سکتا ہے ۔ امام مالک اور امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہما کا یہی مذہب ہے ۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــــ مکہ کے مکانات میں وراثت جاری ہونا اور ان کی خرید و فروخت کرنا ،،

marfat.com

حدثنا اصبغ قال اخبرني ابن وهب عن يونس عن ابن شهاب عن علي بن حسين عن عمرو بن عثمان عن اسامة بن زيد انه قال يا رسول الله اين تنزل في دارك بمكة فقال وهل ترك عقيل من رباع او دور وكان عقيل ورث ابا طالب هو وطالب ولم يرثه جعفر ولا علي شيئا لانهما كانا مسلمين وكان عقيل وطالب كافرين فكان عمر بن الخطاب يقول لا يرث المؤمن الكافر قال ابن شهاب وكانوا يتأولون قول الله عز وجل ان الذين امنوا وهاجروا وجاهدوا باموالهم وانفسهم في سبيل الله والذين اووا ونصروا اولئك بعضهم اولياء بعض الآية

ترجمہ : لوگ خصوصاً مسجدِ حرام میں برابر ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور وہ اللہ کی راہ اور مسجدِ حرام سے روکتے ہیں جس کو ہم نے لوگوں کے لئے بنایا ہے اس میں رہنے والے اور باہر سے آنے والے سب مساوی ہیں جو کوئی اس میں الحاد کے ساتھ ظلم کا ارادہ کرے ہم اس کو عذابِ الیم چکھائیں گے۔ ابو عبداللہ (بخاری) نے کہا کہ بادی سے مراد باہر سے آنے والا اور معکوف کا معنیٰ محبوس ہے"۔

۱۴۹۳ —

ترجمہ : حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اُنھوں نے کہا یا رسول اللہ! آپ مکہ کے کس مکان میں تشریف فرما ہوں گے۔ امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کیا عقیل نے کوئی مکان چھوڑا بھی ہے، عقیل اور طالب دونوں ابوطالب کے وارث تھے اور جعفر اور علی رضی اللہ عنہما کسی شئے کے وارث نہ بنے تھے کیونکہ وہ دونوں مسلمان تھے اور عقیل اور طالب دونوں کافر تھے اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ مومن کافر کا وارث نہیں بنتا۔ ابن شہاب نے کہا وہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد "بے شک جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال و جان کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور وہ لوگ جنہوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور مدد کی یہ لوگ ایک دوسرے کے ولی ہیں کی تاویل کرتے ہیں"۔

۱۴۹۳ —

شرح : مکہ مکرمہ کے مکانات کی خرید و فروخت میں اختلاف ہے اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے جواز یا عدمِ جواز کا حکم ذکر نہیں کیا جیسا کہ بخاری کی عادت ہے کہ وہ مختلف فیہ مسئلہ کا حتمی حکم ذکر نہیں کرتے ہیں، "مسجدِ حرام سے مراد سارا حرم ہے"، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حرم سارا مسجد ہے۔ "اِلحاد" کا معنیٰ میانہ روی سے عدول کرنا ہے اور حرم میں اِلحاد کا معنیٰ لوگوں کو اس میں آباد کرنے سے روکنا ہے"، مقاتل رضی اللہ عنہ نے کہا یہ آیت کریمہ عبداللہ بن اُنیس بن خطل قرشی کے حق میں نازل ہوئی جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخصوں کو بھیجا ان میں سے ایک مہاجر اور دوسرا انصاری تھا وہ اپنی نسبوں میں فخر کرنے لگے تو عبداللہ بن انیس غصہ سے بھر گیا اور انصاری کو قتل کر دیا پھر مرتد ہو کر مکہ چلا گیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ میں اس کو قتل کر دینے کا حکم دیا۔ وہ بیت اللہ کے پردوں میں چھپا ہوا تھا اسے وہیں قتل کر دیا گیا"۔

جب ابوطالب فوت ہوئے تھے اس وقت ان کے چار بیٹوں میں سے دو بیٹے طالب اور عقیل کافر تھے اور جعفر طیار اور علی المرتضیٰ دونوں مسلمان تھے چونکہ کافر کا وارث کافر ہی ہوتا ہے مسلمان کافر کا وارث نہیں بنتا اس لئے

marfat.com

40/05 40/05

بَابُ نُزُولِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ لِسَبَبِ الدُّوْرِ اِلٰى عَقِيْلٍ وَوَرِثَ الدُّوْرَ وَبَاعَ وَتَسَرّٰى

جعفر طیار اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما اپنے باپ ابوطالب کے وارث نہ بنے تھے اور ابوطالب کی وفات کے بعد طالب نے سارے مال پر قبضہ کر لیا تھا۔ کیونکہ جاہلیت میں یہ رواج تھا کہ میت کا بڑا لڑکا اس کے مال کا مالک ہوتا تھا اور جناب امام المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ سے ہجرت کر جانے کے بعد عقیل مالک ہو گیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مکان اور بنی عبدالمطلب سے جو لوگ ہجرت کر گئے تھے ان کے مکان فروخت کر دیئے۔ جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے عقیل کے تصرفات کو کرم وجود کی بنیاد پر بحال رہنے دیا، اسی لئے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کیا عقیل نے کوئی مکان چھوڑا بھی ہے؟"

اس حدیث سے امام شافعی رضی اللہ عنہ نے مکہ کے مکانات کی بیع کے جواز پر استدلال کیا جبکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عقیل کے فروخت کردہ مکانات جن کے وہ اپنے باپ کے مرنے کے بعد وارث ہوئے تھے کی بیع کو جائز رکھا"، علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ وہ مکانات اگرچہ عقیل کی ملک میں باقی تھے مگر ان میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے تشریف فرما نہ ہوئے کہ ان مکانات سے آپ نے ہجرت فرمائی تھی علامہ قرطبی رحمہ اللہ نے کہا حدیث کے الفاظ سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ مکانات عقیل کی ملک تھے اور عقیل ان کو اپنے قبضہ میں ان کے مالک بن گئے تھے جیسے ابوسفیان نے مہاجرین کے مکانات اپنے قبضہ کر لئے تھے"

اگر یہ سوال ہو کہ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص سے روایت ذکر کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مکہ کے مکانات کا فروخت کرنا اور ان کو کرایہ کے لئے دینا جائز نہیں اس قسم کی روایت امام بیہقی نے بھی ذکر کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں "مَكَّةُ مَنَاخٌ لَا تُبَاعُ رِبَاعُهَا وَلَا يُؤَاجَرُ بُيُوْتُهَا"، یعنی مکہ مکرمہ ہر ایک کے رہنے کی جگہ ہے اس کی زمین اور مکانات کو فروخت نہ کیا جائے اور نہ ہی کرایہ پر دیئے جائیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث بخاری کی حدیث کے معارض نہیں کیونکہ معارضہ میں دونوں حدیثوں کا قوت میں مساوی ہونا شرط ہے! اور حضرت عبداللہ بن عمرو کی حدیث اسامہ کی حدیث کا مقابلہ نہیں کر سکتی کیونکہ عبداللہ بن عمرو کی حدیث کی سند میں اسماعیل بن ابراہیم بن مہاجر ہے اور یحییٰ بن سعید اور نسائی نے اس کو ضعیف کہا ہے لہٰذا عبداللہ بن عمرو کی حدیث ساقط ہے"، اور قابل عمل نہیں اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان کافر کا وارث نہیں ہو سکتا۔

اگر یہ کہا جائے کہ "سَوَاءُ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادُ"، سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ کی زمین سب کے لئے ہے لہٰذا اسے فروخت کرنا جائز نہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس سے مراد بیت اللہ یا مسجد حرام ہے مکہ کی ساری زمین مراد نہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مکہ مکرمہ میں مکانات تھے اور وہ ایک دوسرے سے مکانوں کی خرید و فروخت کرتے تھے اور ان کی خرید و فروخت کے واقعات معروف ہیں۔ واللہ و رسولہ اعلم!

باب ــــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا

marfat.com

۱۴۹۴ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ

۱۴۹۵ قَالَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَرَادَ قُفُوْلَهُ مِنْ مَكَّةَ مَنْزِلُنَا غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِخَيْفِ بَنِيْ كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ

مکّہ تشریف لے جانا ''

۱۴۹۴ — ترجمہ : ابوسلمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جبکہ آپ نے مکہ تشریف لانے کا ارادہ کیا کہ کل ہمارا قیام ان شاء اللہ بنی کنانہ میں ہوگا جہاں کفارِ قریش نے کفر پر جمے رہنے کی قسم کھائی تھی!

۱۴۹۵ — ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے نحر کے اگلے روز فرمایا جبکہ آپ منیٰ میں تشریف فرما تھے کہ ہم کل خیف بنی کنانہ میں اُتریں گے جہاں کفار قریش نے کفر پر جمے رہنے کی قسم کھائی تھی خیفِ بنی کنانہ سے مراد "مُحَصَّب" ہے" واقعہ یہ ہے کہ قریش اور بنی کنانہ نے بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب یا بنی مطلب کے بارے میں قسم کھائی تھی کہ وہ ان سے بیاہ شادی اور خرید و فروخت نہ کریں گے (ان سے بائیکاٹ کیا) حتیٰ کہ وہ نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو کفار قریش کے حوالہ کردیں۔ سلامہ نے عُقَیل سے اور یحییٰ بن ضحاک نے اوزاعی سے روائت کی کہ مجھے ابن شہاب نے خبر دی اور دونوں نے بنی ہاشم اور بنی مطلب کا لفظ ذکر کیا۔ ابوعبداللہ (بخاری) نے کہا بنی مطلب حقیقت کے زیادہ قریب ہے"

۱۴۹۴ ، ۱۴۹۵ — شرح : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَيْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ اللّٰهُ ''
اس پر عمل کرتے ہوئے سیدعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے بطور تبرک " انشاء اللہ" فرمایا تھا '' امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ کفار قریش کفر پر جمے رہنے پر قسم کھانے کا معنی یہ ہے کہ وہ امام الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم، بنی ہاشم اور بنی مطلب کو مکہ سے اس وادی خیف بنی کنانہ کی طرف نکال دیں گے اور اُنھوں نے آپس میں بیٹھ کر صحیفہ لکھا جس میں بُری باتیں لکھی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے زمین کا کیڑا بھیج دیا جو اس صحیفہ میں کفر کی لکھی ہوئی سب باتیں کھا گیا اور جہاں جہاں اللہ کا ذکر تھا اسے چھوڑ دیا۔ جبرائیل علیہ السّلام نے جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے یہ واقعہ ذکر کیا تو امام المرسلین صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اپنے چچا ابوطالب سے یہ واقعہ بیان کیا اور ابوطالب نے کفارِ قریش سے بیان کیا تو اُنھوں نے جب صحیفہ کھولا تو اُس کو اس حال میں دیکھا جس کی سیدعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے خبر دی تھی۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ قریش کو جب یہ خبر پہنچی کہ حبشہ کے نجاشی نے مکّہ سے حبشہ کو ہجرت کرنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بڑا اعزاز و اکرام کیا ہے '' تو ان کو سخت تکلیف ہوئی اور وہ غصّہ سے بھر گئے اور جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے قتل کا منصوبہ بنایا اور بنی ہاشم

marfat.com

حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ قَالَ حَدَّثَنِی الزُّهْرِیُّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَدِ یَوْمَ النَّحْرِ وَھُوَ بِمِنًی نَحْنُ نَازِلُوْنَ غَدًا بِخَیْفِ بَنِیْ کِنَانَۃَ حَیْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَی الْکُفْرِ یَعْنِیْ بِذٰلِکَ الْمُحَصَّبَ وَذٰلِکَ اَنَّ قُرَیْشًا وَکِنَانَۃَ تَحَالَفَتْ عَلٰی بَنِیْ ھَاشِمٍ وَبَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَوْ بَنِی الْمُطَّلِبِ اَنْ لَّا یُنَاکِحُوْھُمْ وَلَا یُبَایِعُوْھُمْ حَتّٰی یُسْلِمُوْا اِلَیْھِمُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَ سَلَامَۃُ عَنْ عُقَیْلٍ وَیَحْیٰی بْنُ الضَّحَّاکِ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ اَخْبَرَنِی ابْنُ شِھَابٍ وَقَالَا بَنِیْ ھَاشِمٍ وَبَنِی الْمُطَّلِبِ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ بَنِی الْمُطَّلِبِ اَشْبَہُ

سے بائیکاٹ کے لئے ایک اشٹام پر لکھا کہ وہ ان سے میل جول، خرید و فروخت اور بیاہ شادی نہ کریں گے حتی کہ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے حوالہ کر دیں،، صحیفہ لکھنے والا شخص "منصور بن عکرمہ عبدری" تھا بعد میں اس کا ہاتھ شل ہو گیا تھا پھر انھوں نے صحیفہ کو کعبہ کے اندر لٹکا دیا،، اور نبوت کے اعلان کے ساتویں سال یکم محرم کو انھوں نے بنو ہاشم کا "شعب ابی طالب" میں محاصرہ کر لیا اور بنو مطلب بن عبد مناف بھی ابو طالب کے پاس اس وادی میں چلے گئے،، ابولہب قریش کے پاس گیا اور ان کو بنی ہاشم اور بنی مطلب کے خلاف ابھارا،، اور ان کے پاس تاجروں کا آنا جانا بند کر دیا حتی کہ وہ سخت مشقت میں پڑ گئے اور تین برس یہی حال رہا پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے صحیفہ کا حال بتایا کہ اس میں کفار قریش نے جو ظلم و ستم کی باتیں لکھی تھیں ان کو کیڑا کھا گیا ہے اور جہاں جہاں اللہ کا ذکر تھا وہ جگہ محفوظ رہی ہے حالانکہ انھوں نے صحیفہ بند کر کے اس پر تین مہریں لگائی تھیں،، امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو طالب سے یہ ذکر کیا تو انھوں نے کفار قریش سے ذکر کیا کہ میرے بھتیجے نے مجھے بتایا ہے حالانکہ وہ کبھی جھوٹی بات نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے صحیفہ پر ایک کیڑا مسلط کیا ہے اور وہ تمہارے ظلم و ستم کی باتیں جہاں لکھی تھیں ان کو کھا گیا ہے اور جہاں اللہ کا ذکر تھا وہ جگہ باقی رہ گئی ہے اور محفوظ ہے،، اب دیکھ لو،، اگر اگر میرے بھتیجے نے سچ کہا ہے تو اپنے برے فعل سے باز آجاؤ اور اگر انھوں نے جھوٹ کہا ہے تو میں انھیں تمہارے حوالہ کر دیتا ہوں تم انھیں قتل کر دو یا نہ کرو یہ تمہاری مرضی ہے ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوگا،، کفار قریش نے کہا تم نے انصاف کی بات کہی ہے اس کے بعد انھوں نے صحیفہ کھولا تو اس کا وہی حال تھا جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا تھا،، قریش ندامت سے جھک گئے۔ ابو طالب نے کہا اب بتاؤ تم نے ہمیں کس لئے اس وادی میں محبوس کر رکھا ہے،، حالانکہ حقیقت حال واضح ہو چکی ہے اس پر وہ لوگ اپنے کئے پر نادم ہوئے اور کفار قریش سے مطعم بن عدی، عدی بن قیس، زمعہ بن اسود، ابو بختری بن ہاشم اور زہیر بن ابی امیہ ہتھیار پہن کر بنو ہاشم اور بنو مطلب کے پاس جا کر کہنے لگے کہ تم اپنے گھروں میں واپس آجاؤ اب تمہارا محاصرہ کوئی نہیں کرے گا چنانچہ وہ اپنے گھروں میں واپس آگئے،، نبوت کے دسویں سال وہ "شعب" سے باہر آئے تھے،، سلمہ اور یحییٰ نے بیان کیا اور امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو حقیقت کے زیادہ قریب کہا کہ بنی عبد المطلب سے بنی المطلب اشبہ بالحق ہے کیونکہ عبد المطلب ہاشم کے بیٹے ہیں اور مطلب ہاشم کے بھائی ہیں اور وہ دونوں عبد مناف کے بیٹے ہیں۔ الحاصل کفار قریش نے بنی عبد مناف کے خلاف قسم کھائی تھی کہ وہ ان سے مکمل بائیکاٹ کرتے ہیں اور ان سے لین دین شادی بیاہ سب ختم کرتے ہیں۔ اور بنی کنانہ میں

marfat.com

بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ اِلٰى قَوْلِهٖ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ **بَابُ** قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ **حَدَّثَنَا** عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُوالسُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ

بیٹھ کر انھوں نے حلف نامہ لکھا تھا اس لئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جہاں کفار قریش نے بیٹھ کر ہم سے بائیکاٹ کا منصوبہ بنایا تھا۔ کل انشاء اللہ ہم وہاں اتریں گے۔" تلك الايام نداولها بين الناس والله الهادى "

باب

اللہ تعالیٰ کا ارشاد! اور یاد کرو جب ابراہیم نے عرض کی اے میرے رب اس شہر کو امن والا کر دے اور مجھے اور میرے بیٹوں کو بتوں کے پوجنے سے بچا، اے میرے رب بے شک بتوں نے بہت لوگ بہکا دیئے تو جس نے میرا ساتھ دیا وہ تو میرا ہے اور جس نے میرا کہا نہ مانا تو بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے" اے میرے رب میں نے اپنی کچھ اولاد ایک نالے میں بسائی جس میں کھیتی نہیں ہوتی تیرے حرمت والے گھر کے پاس اے ہمارے اس لئے کہ وہ نماز قائم رکھیں تو لوگوں کے کچھ دل ان کی طرف مائل کر دے اور انھیں کچھ پھل کھانے کو دے" شاید وہ احسان مانیں —!

باب

اللہ تعالیٰ کا ارشاد: "اللہ نے ادب والے گھر کعبہ کو لوگوں کے قیام کا باعث بنایا اور حرمت والے مہینہ اور حرم کی قربانی اور گلے میں علامت آویزاں جانوروں کو۔ یہ اس لئے کہ تم یقین کرو کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور یہ کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے"

۱۴۹۶ — ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا "کعبہ کو پتلی ٹانگوں والا حبشی خراب کرے گا"

marfat.com

۱۴۹۶ — شرح : پہلے باب کے عنوان میں امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کوئی حدیث ذکر نہیں کی شاید ان کو شرط کے مطابق کوئی حدیث نہ ملی ہوگی اور یہ بھی احتمال ہے کہ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے پہلے تمام ابواب کے تراجم ذکر کئے پھر حسب اتفاق ہر باب کے ساتھ حدیث ذکر کی اور اس باب کے ساتھ حدیث لاحق کرنے کا اتفاق نہ ہوا اس قسم کے ہر باب کے ترجمہ کا یہی حکم ہے (کرمانی) واللہ تعالیٰ اعلم!

باب

امام بخاری نے اس باب میں مذکورہ آیت کریمہ سے چند امور کی طرف اشارہ کیا ہے اولاً یہ کہ لوگوں کے کاروبار اور جملہ امور کی بقا اور لوگوں کی دنیا و آخرت کے امر کا اہتمام کعبہ مشرفہ کے وجود سے ہے ،، اور جب کعبہ پتلی ٹانگوں والے حبشی کے ہاتھوں زائل ہو جائے گا تو تمام امور ختم ہو جائیں گے اس لئے ابوہریرہ کی حدیث کو اس کے مناسب ذکر کیا ہے ،، ثانیاً یہ کہ اس کے ساتھ کعبہ کی تعظیم و توقیر کی طرف اشارہ کیا ہے اور اس کی مناسبت کے لئے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ذکر کی ثالثاً یہ کہ ہمیشہ کعبہ کی زیارت ہوتی رہے گی اسی لئے یاجوج و ماجوج کے عظیم فتنہ کے بعد حج کیا جائے گا اور اس کی مناسبت کے لئے حضرت ابوسعید خدری کی حدیث ذکر کی ،،

قولہ یُخَرِّبُ الْکَعْبَۃَ الخ امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب المناسک میں ذکر کیا کہ ہر روز سورج غروب ہونے سے پہلے ایک "ابدال" بیت اللہ کا طواف کرتا ہے اور فجر طلوع ہونے سے پہلے اوتاد سے کوئی ایک اس کا طواف کرتا ہے۔ اس سلسلہ کا انقطاع کعبہ کا زمین سے ارتفاع کا سبب ہوگا ،، اور صبح کو لوگ کعبہ کا نام و نشان نہ دیکھیں گے ،، یہ اس وقت ہوگا جبکہ سات برس گزر جانے تک کوئی شخص حج نہ کرے گا اس کے بعد قرآن کریم لوح سے اٹھا لیا جائے گا پھر دلوں سے بھی قرآن نکل جائے گا اور لوگ اشعار، گانوں اور اخبار جاہلیت میں منہمک ہو جائیں گے اس کے بعد دجال نکلے گا اور سیدنا عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نازل ہوں گے۔

قرطبی نے کہا لوگوں کے سینوں اور اوراق سے قرآن اٹھ جانے کے بعد کعبہ خراب کیا جائے گا اور یہ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد ہوگا علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسے صحیح کہا ہے ،،

اگر یہ کہا جائے کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ اصحاب فیل سے کعبہ کو محفوظ کر لیا گیا حالانکہ اس وقت اسلام کا ظہور نہ ہوا تھا اور حجاج بن یوسف، قرامطہ اور پتلی ٹانگوں والے حبشی سے کعبہ کی حفاظت نہ ہو سکی اس کا جواب یہ ہے کہ ہاتھیوں کو کعبہ سے روک دینے میں امام الانبیاء والمرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم کی نبوت و رسالت کا اعلان اور مستحکم برہان مطلوب تھا کہ بصیرت سے معلوم ہونے والے دلائل سے پہلے بصر سے مشاہدہ کئے جانے والے دلائل سے آپ کی حجت کی تاکید ہے ،، واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ

١٤٩٧ حدثنا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ ح وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانُوا يَصُومُونَ عَاشُورَاءَ قَبْلَ أَنْ يُفْرَضَ رَمَضَانُ وَكَانَ يَوْمًا تُسْتَرُ فِيهِ الْكَعْبَةُ فَلَمَّا فَرَضَ اللَّهُ رَمَضَانَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَاءَ أَنْ يَصُومَهُ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ شَاءَ أَنْ يَتْرُكَهُ فَلْيَتْرُكْهُ

١٤٩٨ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي عُتْبَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَحُجَّنَّ الْبَيْتَ وَلَيَعْتَمِرُنَّ بَعْدَ خُرُوجِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ تَابَعَهُ أَبَانُ وَعِمْرَانُ عَنْ قَتَادَةَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ شُعْبَةَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ وَالْأَوَّلُ أَكْثَرُ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ سَمِعَ قَتَادَةُ عَبْدَ اللَّهِ وَعَبْدُ اللَّهِ أَبَا سَعِيدٍ

١٤٩٧ ــــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا رمضان مبارک کے روزے فرض ہونے سے پہلے لوگ عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے اور اس دن کعبہ کو غلاف پہنایا جاتا تھا جب اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے فرض کئے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہے وہ رکھ لے اور جو اسے ترک کرنا چاہے وہ ترک کر دے،،

کعبہ شریف کو ہر سال عاشوراء کے روز غلاف پہنایا جاتا تھا اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اسے دو مرتبہ غلاف پہناتے تھے پھر مامون رشید تین مرتبہ غلاف پہنایا کرتا تھا آٹھ ذوالحجہ کو سرخ ریشم یکم رجب کو قباطی کپڑے اور ستائیس (۲۷) رمضان کو سفید ریشم کا غلاف پہناتا تھا ــ ابتداء اسلام میں دس محرم کو روزہ رکھنا فرض تھا جب رمضان مبارک کے روزے فرض ہوئے تو صومِ عاشورہ منسوخ ہوگیا،، واللہ ورسولہ اعلم!

١٤٩٨ ــــ ترجمہ : ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا یاجوج وماجوج نکلنے کے بعد بھی بیت اللہ کا حج اور عمرہ ہوتا رہے گا،، ابان اور عمران نے قتادہ سے روایت کرنے میں عبداللہ بن ابی عتبہ کی متابعت کی اور عبدالرحمٰن نے شعبہ سے روایت کی انھوں نے کہا کہ قیامت قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ بیت اللہ کا حج نہ کیا جائے گا پہلی روایت اکثر ہے۔ قتادہ اور عبداللہ نے ابوسعید سے سماعت کی ہے۔

١٤٩٨ ــــ شرح : یاجوج وماجوج عجمی نام ہیں اسی لئے ان کو غیر منصرف پڑھا جاتا ہے،، یہ دو قسمیں ہیں ایک تو بہت ہی لمبے لمبے ہیں اور دوسرے بہت ہی چھوٹے چھوٹے ہیں،، قولہ سمع قتادہ الخ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ اس لئے ذکر کیا ہے کہ قتادہ چونکہ مدلس ہے اس لئے امام بخاری نے اس امر کی تصریح کر دی کہ اس کا عنعنہ سماع پر مبنی ہے،، قولہ الاول اکثر الخ یعنی حدیث لیحجن کے راوی دوسری حدیث کے راویوں سے زیادہ ہیں اس لئے

marfat.com

بَابُ كِسْوَةِ الْكَعْبَةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ ۱۴۹۹
ابْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنَا وَاصِلٌ الْاَحْدَبُ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ جِئْتُ اِلٰی شَیْبَةَ ح وَحَدَّثَنَا
قَبِیْصَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ عَنْ وَاصِلٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ جَلَسْتُ مَعَ شَیْبَةَ عَلَی الْکُرْسِیِّ فِی الْکَعْبَةِ فَقَالَ لَقَدْ
جَلَسَ هٰذَا الْمَجْلِسَ عُمَرُ فَقَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَّا اَدَعَ فِیْهَا صَفْرَآءَ وَلَا بَیْضَآءَ اِلَّا قَسَمْتُهٗ قُلْتُ اِنَّ صَاحِبَیْكَ
لَمْ یَفْعَلَا قَالَ هُمَا الْمَرْءَانِ اَقْتَدِیْ بِهِمَا

پہلی حدیث کو دوسری پر ترجیح حاصل ہے ،، اگر یہ کہا جائے کہ ان دونوں میں معارضہ نہیں ہے ترجیح کی کیا ضرورت تھی اس کا جواب یہ ہے کہ پہلی حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ قیامت کی اشراط کے بعد بھی بیت اللہ کا حج ہوتا رہے گا اور دوسری حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ اشراط کے بعد حج نہ ہوگا لہٰذا دونوں حدیثوں میں تعارض پایا گیا اس لئے ترجیح کی حاجت محسوس ہوئی ،، تعارض کا اندفاع اس طرح بھی ہوسکتا ہے کہ یاجوج و ماجوج کے خروج کے بعد حج ہوتا رہنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ قیامت کے ظہور سے تھوڑا سا پہلے کسی وقت حج کرنا ممتنع ہوجائے اور بیت اللہ کا حج ہوتا رہے گا کا معنیٰ یہ ہے کہ اس جگہ کا حج ہوتا رہے گا ۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب باب کعبہ پر غلاف چڑھانا

۱۴۹۹ — ترجمہ : ابو وائل رضی اللہ عنہ نے کہا میں شیبہ کے ساتھ کعبہ میں کرسی پر بیٹھا تو اُنھوں نے کہا اس جگہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بیٹھے اور فرمایا میرا ارادہ ہے کہ میں کعبہ میں سونا ، چاندی نہ چھوڑوں مگر اسے تقسیم کردوں میں نے کہا آپ کے دونوں ساتھیوں نے ایسا نہیں کیا تو عمر فاروق نے کہا ۔ وہ دونوں جلیل القدر مرد تھے میں ان کی اقتداء کرتا ہوں ،،

۱۴۹۹ — شرح : بیت اللہ کے لئے ہدایا اور نذرانے پیش کئے جاتے تھے اور خدام ان کو ایک صندوق میں ڈالتے رہتے تھے پھر اسے آپس میں تقسیم کرلیتے تھے ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کعبہ کا خزانہ مسلمانوں میں تقسیم کرنا چاہا تو حضرت شَیْبَہ نے کہا آپ کے دونوں صاحبوں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایسا نہیں کیا جو آپ کرنا چاہتے ہیں ۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا وہ دونوں باکمال مرد تھے میں بھی ان کی پیروی کرتا ہوں جو کام اُنھوں نے نہیں کیا میں بھی نہیں کروں گا اگر اُنھوں نے یہ خزانہ صرف خدام کے لئے چھوڑ دیا تھا اور عام مسلمانوں میں تقسیم نہیں کیا تو میں بھی اس میں ان کی اقتداء کروں گا اور خزانہ کو اپنے حال پر چھوڑ دیا ،، ایسا واقعہ حضرت ابی بن کعب کے ساتھ ہوا تھا عبدالرزاق رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسنادِ حسن سے روایت ذکر کی کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بیت اللہ کے نذرانے فی سبیل اللہ خرچ کرنے کا ارادہ کیا تو ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ

marfat.com

بَابُ هَدْمِ الْكَعْبَةِ قَالَتْ عَائِشَةُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو جَيْشٌ الْكَعْبَةَ فَيُخْسَفُ بِهِمْ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ الْاَخْنَسِ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَاَنِّي بِهٖ اَسْوَدَ اَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ

عنہ نے ایسا نہیں کیا تو عمر فاروق نے ارادہ ترک کر دیا۔

اس حدیث کی باب کے ساتھ مناسبت یوں ہے کہ کعبہ مکرمہ ہمیشہ معظم و محترم رہا ہے اس کی تعظیم و احترام کے سبب ہدایا اور نذرانے پیش کئے جاتے تھے اور غلافِ کعبہ چڑھانے میں بھی اس کی تعظیم ہے،، یا کسوت سے مراد سونے چاندی کے ساتھ مزین کرنا ہے۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کعبہ مکرمہ کا مال و متاع وقف مال کی مانند ہے اس کو اپنے حال سے بدلانا جائز نہیں،، اس میں اسلام کی تعظیم اور دشمن کو خوف زدہ کرنا مقصود ہے،، اور غلافِ کعبہ کو بیچنا جائز نہیں۔ ابن صلاح رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا غلافِ کعبہ کا معاملہ امام الوقت کے حوالہ ہے وہ اسے بیت اللہ کے مصارف میں صرف کر سکتا ہے اسے فروخت کرے یا ویسے ہی کسی کو بطور عطیہ دیدے،، کیونکہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہر سال غلافِ کعبہ اُتار کر اسے بطور تبرک حاجیوں میں تقسیم کر دیتے تھے،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ کعبہ گرانا

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک لشکر کعبہ مکرمہ سے لڑائی کرے گا ان کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا،،

۱۵۰۰ ـــ ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کی کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گویا میں اس کالے آدمی کو دیکھ رہا ہوں جو کعبہ کا ایک ایک پتھر اکھاڑ ڈالے گا۔

۱۵۰۱ ـــ ترجمہ : ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پتلی ٹانگوں والا حبشی کعبہ کو خراب کرے گا۔

حدیث ۱۴۹۶ کی تفہیم میں اس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

---

marfat.com

بابُ

مَاذُكِرَ فِي الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهٗ جَاءَ اِلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ فَقَبَّلَهٗ فَقَالَ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْلَا اَنِّيْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

باب ـــــ حجر اسود کے متعلق مذکور روایات

۱۵۰۲ ـــــ ترجمہ : عابس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ حجر اسود کے پاس آئے اور اس کو بوسہ دے کر فرمایا میں جانتا ہوں تو پتھر ہے نہ ضرر دے سکتا ہے اور نہ نفع پہنچا سکتا ہے اگر میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا نہ ہوتا کہ آپ تجھے بوسہ دیتے تھے تو میں تجھے کبھی بوسہ نہ دیتا ،،

۱۵۰۲ ـــــ شرح : حجر اسود ،، کعبہ کا رکن ہے بیت اللہ کے دروازے کے مشرق کی جانب ہے اس کو رکن اسود کہا جاتا ہے وہ زمین سے دو تین ہاتھ اونچا ہے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " حجر اسود ،، کو جنت سے اتارا گیا جبکہ وہ دودھ سے زیادہ سفید تھا اور انسانوں کے گناہوں نے اسے سیاہ کر دیا ہے (ترمذی) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ طواف میں حجر اسود کو بوسہ دینا اور اس پر پیشانی رکھنا مستحب ہے اگر ہجوم زیادہ ہو جائے تو اس کے سامنے باادب کھڑا ہو جائے ،، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا یہ فرمانا کہ تو "ضرر اور نفع" نہیں دے سکتا اس لئے تھا کہ وہ لوگ جو نئے نئے مسلمان ہوئے ہیں جو بتوں کی عبادت سے مانوس تھے اور پتھروں کی تعظیم و احترام کیا کرتے تھے جب وہ یہ حال دیکھتے تو ان پر مشتبہ ہو جاتا ممکن تھا کہ وہ یہ گمان کرتے کہ اسلام سے پہلے بھی تو ہم یہی کام کیا کرتے تھے پھر اسلام میں بھی اگر یہی کچھ ہے تو کفر و اسلام میں فرق کیا ہوا ؟ اس لئے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ببانگ دہل تصریح کر دی کہ تو بذات خود نفع و نقصان نہیں دے سکتا اگرچہ شریعت کے مشروعات کا امتثال نفع دیتا ہے اور تو دیگر پتھروں کی مانند ہے جو نفع و نقصان نہیں دے سکتے۔ تیری خصوصیت صرف یہ ہے کہ تجھے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ دیتے تھے ،، اسی لئے تو دوسرے پتھروں سے ممتاز ہو گیا ہے ،، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جب یہ کہا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا " اے امیر المؤمنین خاموش رہیے یہ نفع بھی دیتا ہے اور نقصان بھی دیتا ہے۔ عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا یہ کیسے ؟ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا یہ قرآن سے ثابت ہے" اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ الآیۃ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور ان کی پشت سے ان کی ساری اولاد نکالی اور ان سے توحید کا اقرار کرایا اور اسے ایک کاغذ پر لکھ دیا اس پتھر کی دو آنکھیں اور ایک زبان ہے اللہ تعالیٰ نے اسے فرمایا کہ وہ اپنا منہ کھولے اور اس میں وہ کاغذ ڈال دیا اور اسے فرمایا جو کوئی تیرے سامنے سے استلام کرتے ہوئے گزرے اس کے لئے

marfat.com

باب اغلاق البيت ويصلى فى اى نواحى البيت شاء حدثنا قتيبة بن سعيد قال حدثنا الليث عن ابن شهاب عن سالم عن ابيه انه قال دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم البيت هو واسامة بن زيد وبلال وعثمان بن طلحة فاغلقوا عليهم الباب فلما فتحوا كنت اول من ولج فلقيت بلالا فسالته هل صلى فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نعم بين العمودين اليمانيين

قیامت میں گواہی دیتا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ قیامت میں حجرِ اسود کو لایا جائے گا اس کی زبان ظاہر ہوگی جس کسی نے اس کے سامنے توحید کا اقرار کیا ہوگا اس کے لئے یہ گواہی دے گا اے امیر المؤمنین! یہ پتھر نفع و نقصان دیتا ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا اے ابا الحسن میں اس قوم سے پناہ چاہتا ہوں جس میں تم نہ ہو،، نیز حجرِ اسود کو بوسہ دینے میں یہ حکمت بھی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ پتھر جنت سے لایا گیا ہے اس کو بوسہ دینے میں جنت کی شی دیکھ کر خوشی کا اظہار مقصود ہے،، نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجرِ اسود زمین میں اللہ تعالیٰ کی برکت ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — کعبہ شریف کا دروازہ بند کرنا اور اس کے جس کونہ میں چاہے نماز پڑھے!

۱۵۰۳ — ترجمہ : حضرت سالم رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسامہ بن زید، بلال اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم بیت اللہ میں داخل ہوئے تو لوگوں نے دروازہ بند کر دیا جب انھوں نے دروازہ کھولا تو سب سے پہلے میں اندر داخل ہوا، میں بلال سے ملا اور ان سے پوچھا کیا اس میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ہے بلال نے کہا ہاں دونوں یمنی ستونوں کے درمیان نماز پڑھی ہے!

۱۵۰۳ — شرح : کعبہ میں فرض و نفل پڑھنے جائز ہیں۔ امام شافعی رضی اللہ عنہ کا مذہب بھی یہی ہے۔ امام مالک رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ کعبہ اور حطیم میں فرض، طواف کی دو رکعتیں، وتر اور فجر کی سنتیں پڑھنی جائز نہیں ان کے علاوہ دیگر نوافل جائز ہیں اگر ان میں فرض نماز پڑھ لی تو وقت میں اس کا اعادہ کرے امام احمد بھی یہی کہتے ہیں،،

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ میں کعبہ کے اندر تشریف لے گئے اور آپ کے ساتھ اسامہ بن زید، بلال اور

marfat.com

باب

الصلوة فی الکعبة حدثنا احمد بن محمد قال اخبرنا عبداللہ قال اخبرنا موسی بن عقبة عن نافع عن ابن عمر انه کان اذا دخل الکعبة مشی قبل الوجه حین یدخل ویجعل الباب قبل ظهره یمشی حتی یکون بینه وبین الجدار الذی قبل وجهه قریبا من ثلاثة اذرع فیصلی یتوخی المکان الذی اخبره بلال ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم صلی فیه ولیس علی احد باس ان یصلی فی ای نواحی البیت شاء

عثمان بن طلحہ حجبی رضی اللہ عنہم بھی کعبہ کے اندر داخل ہوئے اور نماز پڑھی جب دروازہ کھولا گیا اور آپ باہر تشریف لائے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ آپ نے کعبہ میں نماز پڑھی ہے تو انھوں نے کہا ہاں ،، اگر یہ کہا جائے کہ حضرت اسامہ بن زید بھی تو ان کے ساتھ کعبہ میں داخل ہوئے تھے وہ کہتے ہیں آپ نے کعبہ میں نماز نہیں پڑھی لیکن آپ تکبیریں کہتے تھے اس کا جواب یہ ہے کہ ابن حبان نے کہا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں دو بار داخل ہوئے جب فتح مکہ میں داخل ہوئے تو نماز پڑھی اور جب حجۃ الوداع میں داخل ہوئے تو اس میں نماز نہ پڑھی ،، اس کا ایک جواب یہ بھی ہے کہ قاعدہ ہے کہ مثبت کو نافی پر ترجیح ہوتی ہے جبکہ قوت میں دونوں برابر ہوں ،، لہٰذا کعبہ میں نماز پڑھنے کی حدیث کو تقویت حاصل ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کعبہ میں داخل ہونا جائز ہے اور اس میں فرض و نفل سب جائز ہیں ،، ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے ابن خزیمہ نے اسے صحیح کہا ہے اور ابن ابی اوفی نے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل نہیں ہوئے ان میں اتفاق کی صورت یہ ہے کہ علامہ بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ آپ حجۃ الوداع میں داخل ہوئے تھے ان سے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کی ہے اور عمرہ کرتے وقت داخل نہ ہوئے تھے ایسے مسلم اور بخاری نے روایت کی کہ سوال کیا گیا کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے تھے ،، کہا نہیں اور اس کی وجہ یہ تھی کہ اس وقت بیت اللہ میں بت اور تصویریں تھیں اور ان کا ہٹا دینا ممکن نہ تھا اور فتح مکہ میں تمام بت باہر نکال پھینکے تھے اس لئے فتح مکہ میں آپ داخل ہوئے اور دونوں ستونوں کے درمیان نماز پڑھی۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — کعبہ میں نماز پڑھنا

۱۵۰۴ — ترجمہ : حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ جب کعبہ میں داخل ہوتے تو داخل ہوتے وقت سامنے چلتے اور دروازہ پشت کی طرف کرتے وہ چلتے رہتے حتی کہ آپ کے اور منہ کے سامنے والی دیوار کے درمیان تقریباً تین گز فاصلہ رہتا پھر نماز پڑھتے اور اس جگہ کا قصد کرتے جہاں ان کو بلال نے خبر دی تھی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں نماز پڑھی تھی کسی شخص پر حرج نہیں کہ بیت اللہ کے جس کونہ میں چاہے نماز پڑھے۔

۱۵۰۴ — شرح : اس حدیث کی تقریر حدیث ۳۹۰ کی تفہیم میں دیکھیں ،،

marfat.com

١٥٠٥ باب من لم يدخل الكعبة وكان ابن عمر يحج كثيرا ولا يدخل

حدثنا مسدد قال حدثنا خالد بن عبد الله اخبرنا اسمعيل بن ابي خالد عن عبد الله بن ابي اوفى قال اعتمر رسول الله صلى الله عليه وسلم فطاف بالبيت وصلى خلف المقام ركعتين ومعه من يستره من الناس فقال له رجل ادخل رسول الله صلى الله عليه وسلم الكعبة قال لا

١٥٠٦ باب من كبر في نواحي الكعبة حدثنا ابو معمر قال حدثنا عبد الوارث قال حدثنا ايوب قال حدثنا عكرمة عن ابن عباس قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما قدم ابى ان يدخل البيت وفيه الالهة فامر بها فاخرجت فاخرجوا صورة ابراهيم واسماعيل عليهما السلام في ايديهما الازلام فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قاتلهم الله اما والله قد علموا انهما لم يستقسما بها قط فدخل البيت فكبر في نواحيه ولم يصل فيه

باب — جو کعبہ میں داخل نہ ہوا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اکثر حج کرتے اور کعبہ میں داخل نہ ہوتے

١٥٠٥ — ترجمہ : عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کیا تو بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں اور آپ کے ساتھ ایک شخص تھا جو اپنے آپ کو لوگوں سے چھپاتا تھا اسے ایک شخص نے کہا کیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے ؟ اس نے کہا نہیں،،

باب — جس نے کعبہ کے کونوں میں تکبیر کہی،،

١٥٠٦ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ تشریف لائے تو بیت اللہ میں داخل ہونے سے انکار کر دیا جبکہ اس میں بت رکھے ہوئے تھے،، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے نکالنے کا حکم دیا تو ان کو نکال دیا گیا لوگوں نے ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام کی تصویریں نکالیں جبکہ ان کے دونوں ہاتھوں میں تیر تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کافروں پر لعنت کرے اللہ کی قسم ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام نے کبھی تیروں سے امور کی تقسیم نہیں کی تھی پھر آپ بیت اللہ میں داخل ہوئے اور اس کے کونوں میں تکبیریں کہیں اور اس میں نماز نہ پڑھی

شرح ١٥٠٥ — اس عمرہ سے مراد قضا عمرہ ہے جو فتح مکہ سے پہلے سات ہجری کو کیا تھا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بیت اللہ میں اس لئے داخل نہ ہوئے تھے کہ اس میں بت تھے اور جب مکہ مکرمہ فتح ہوا تو آپ نے تصاویر باہر پھینکنے کا حکم دیا اس کے بعد آپ

marfat.com

بَابُ كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الرَّمَلِ

کعبہ میں داخل ہوئے،، قرطبی نے کہا کہ کعبہ میں تین سو ساٹھ بت تھے مشرک لوگ ان میں سے ایک ایک بت کی ہر دن عبادت کرتے تھے اور سب سے بڑے بُت کو دو بتوں کے برابر سمجھتے تھے مسند احمد میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روائت ہے کہ کعبہ میں تصاویر تھیں امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر فاروق کو حکم دیا کہ ان کو مٹا دیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کپڑا پانی سے تر کر کے اس کے ساتھ سب تصاویر مٹا دیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں داخل ہوئے،،

١٥٠٦ — شرح : بتوں پر "الٰہہ" کا اطلاق مشرکین کے گمان کے اعتبار سے ہے کہ وہ ان کو خدا سمجھتے تھے،، اَزْلَام،، اہل جاہلیت کے تیر تھے جن کے ساتھ وہ اپنی قسمت دریافت کرتے تھے اور تیروں پر "ہاں یا نہ" لکھا ہوتا تھا اس کے مطابق وہ کام کرتے یا رُک جاتے تھے،، یتیمی رحمہ اللہ نے کہا اللہ تعالیٰ مشرکوں پر لعنت کرے جنہوں نے ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام کی تصویریں بنا رکھی تھیں اور ان کی طرف تیروں سے تقسیم کی نسبت کرتے تھے حالانکہ وہ اس تقسیم سے بری الذمہ تھے یہ صرف کافروں کا اختراع تھا جنہوں نے دینِ ابراہیم کو بدلایا اور نئے نئے امور پیدا کر دیئے،، اس لئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر لعنت فرمائی،، یہ حدیث ابن عباس کی روائت کردہ ہے اس میں اُنھوں نے کعبہ میں نماز کی نفی کی ہے اور تکبیر کو ثابت کیا ہے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کعبہ میں نماز کو ثابت کیا اور تکبیر کی نفی کی ہے،، بلال کی حدیث کو ابن عباس کی حدیث پر ترجیح حاصل ہے کیونکہ اس روز ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نہ تھے وہ بیت اللہ میں نماز کی نفی کرنے کو اپنے بھائی فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف منسوب کرتے ہیں،، حالانکہ فضل بن عباس بھی اس روز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہ تھے،، اس کے علاوہ مثبت کو نافی پر ترجیح ہوتی ہے اس قاعدہ کے مطابق بلال کی حدیث کو ترجیح حاصل ہے کیونکہ اس میں علم کی زیادتی ہے! نیز جب حضرت بلال اور اسامہ رضی اللہ عنہما سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کعبہ میں داخل ہوئے تو دعاء میں مشغول ہو گئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء کے بعد دو رکعتیں بھی پڑھ لیں مگر اسامہ بدستور دُعاء کرنے میں مصروف رہے نتیجۃً وہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز پڑھنے پر مطلع نہ ہوئے اس لئے اُنھوں نے کعبہ میں نماز کی نفی کر دی اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے ساتھ دعاء اور فعل میں شریک تھے اس لئے اُنھوں نے روائت کی کہ آپ نے دونوں ستونوں کے درمیان نماز پڑھی یہ جواب اس تقدیر پر ہے جبکہ بیت اللہ میں داخل ہونے کا واقعہ واحد ہو اگر یہ واقعہ متعدد ہو تو جواب یہ ہوگا ایک دفعہ نماز پڑھی اور دوسری دفعہ نہ پڑھی ہو،،

امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت بلال کی روائت کو ابن عباس کی روائت پر ترجیح دیتے ہیں اس کے باوجود وہ ابن عباس کی تصحیح بھی کرتے ہیں کیونکہ اس میں اضافہ ہے اور وہ بیت اللہ کے نواحی میں تکبیر کہنا ہے،، اس زیادتی کے باعث اُنھوں نے باب کا یہ ترجمہ ذکر کیا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — رمل کی ابتداء کیسے ہوئی

marfat.com

١٥٠٦ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ اِنَّهٗ يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ وَفْدٌ وَهَنَهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ فَاَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَرْمُلُوا الْاَشْوَاطَ الثَّلَاثَةَ وَاَنْ يَمْشُوْا مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ لَمْ يَمْنَعْهُ اَنْ يَاْمُرَهُمْ اَنْ يَرْمُلُوا الْاَشْوَاطَ كُلَّهَا اِلَّا الْاِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ **بَابُ** اِسْتِلَامِ الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ حِيْنَ يَقْدَمُ مَكَّةَ اَوَّلَ مَا يَطُوْفُ وَيَرْمُلُ ثَلَاثًا

ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مکہ تشریف لائے تو مشرکوں نے کہا کہ تمہارے پاس لوگ (صحابہ) آرہے ہیں۔ اُن کو یثرب کے تپ نے کمزور کر دیا ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ پہلے تین چکروں میں "رمل" کریں اور دونوں رکنوں کے درمیان آرام سے چلیں اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو سارے چکروں میں رمل کا حکم کرنے سے کسی نے منع نہ کیا تھا مگر صحابہ کرام پر شفقت نے۔

١٥٠٧ — شرح : دراصل واقعہ یہ ہے کہ کفارِ قریش نے کہا کہ اصحابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" عمرہ کرنے آرہے ہیں اور وہ مدینہ منورہ کی ناموافق آب وہوا سے بہت لاغر ہو چکے ہیں،، چنانچہ وہ بزعم خود صحابہ کرام کی کمزوری دیکھنے کے لئے رکن یمانی کے پیچھے بیٹھ گئے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو فرمایا کہ چادریں بازو مضبوط باندھ کر پہلوانوں کی طرح کندھے مار کر چلو تاکہ قریش پر تمہاری قوت ظاہر ہو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے چادریں دائیں بغلوں کے نیچے اور بائیں کندھوں کے اُوپر کر لیں اور پہلوانوں کی طرح کندھوں کو زور سے ہلا کر بیت اللہ کا طواف کرنے لگے جب رکن یمانی کے پاس پہنچتے تو آہستہ چلتے اور جب اس سے گزر جاتے اور قریش ان کے سامنے ہوتے تو رمل کرنا شروع کر دیتے،،

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ طواف میں رمل کرنا سنت ہے امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہے،، جمہور علماء کہتے ہیں کہ حجر سے حجر تک پورا چکر رمل کرے۔ ایک روایت کے مطابق دونوں رکنوں کے درمیان رمل نہ کرے اور عورت قطعاً رمل نہ کرے اس میں اس کا پردہ متاثر ہوتا ہے اور نہ ہی وہ صفا مروہ کے درمیان دوڑے کیونکہ عورتیں نازک صنف ہیں،، پھر یہ رمل پہلے تین چکروں میں ہے باقی چار چکروں میں اپنی حالت پر آرام سے چلیں اس میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام پر شفقت فرمائی کہ وہ تھک نہ جائیں واللہ ورسولہ اعلم!

"یثرب" یہ مدینہ منورہ کا جاہلیت میں نام تھا اور اسے یثرب اس لئے کہا جاتا تھا کہ وہاں کی آب وہوا باہر سے آنے والے کے لئے ناموافق آتی اور وہ بیمار ہو جاتا تھا اور لوگ اسے ملامت کرتے تھے۔

باب — جب مکہ آئے تو پہلے طواف میں حجرِ اسود

marfat.com

١٥٠٨ حَدَّثَنَا اَصْبَغُ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَقْدَمُ مَكَّةَ اِذَا اسْتَلَمَ الرُّكْنَ الْاَسْوَدَ اَوَّلَ مَا يَطُوفُ يَخُبُّ ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ مِنَ السَّبْعِ

بَابُ الرَّمَلِ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

١٥٠٩ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَعَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ اَشْوَاطٍ وَمَشَى اَرْبَعَةً فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ تَابَعَهُ اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ فَرْقَدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کو بوسہ دینا اور تین بار رمل کرے"

١٥٠٨ — ترجمہ : حضرت سالم نے اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم" سے روائت کی کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جس وقت آپ مکہ مکرمہ تشریف لاتے تو پہلے طواف میں حجر اسود کو بوسہ دیتے اور سات پھیروں میں سے تین پھیروں میں رمل کرتے"

باب — حج اور عمرہ میں رمل کرنا"

١٥٠٩ — ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تین پھیروں میں رمل کی (دوڑ کر چلے) اور چار پھیروں میں حج اور عمرہ میں اپنی رفتار سے چلے (معمول کے مطابق عام رفتار) سریج کی لیث نے متابعت کی اُس نے کہا مجھے کثیر بن فرقد نے نافع سے اُنھوں نے ابن عمر سے اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روائت کی"

حدیث ١٥٠٨ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد حرام میں داخل ہونے والے کے لئے مسنون یہ ہے کہ حجرِ اسود سے شروع کرے پہلے اس کو بوسہ دے پھر رمل کرے اگر یہ کہا جائے کہ اس حدیث سے یہ سمجھ آتا ہے کہ رمل سارے مطاف میں ہے اور پہلی حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ بعض مطاف میں رمل کرے چنانچہ اُس میں ہے کہ دونوں رکنوں کے درمیان چلے اور یہ مطاف کا بعض ہے" اس کا جواب یہ ہے کہ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا یہ منسوخ ہے کیونکہ یہ فتح مکہ سے پہلے سات ہجری میں عمرہ قضاء میں تھا اس وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بہت کمزور اور نحیف الابدان تھے اس لئے اُنھوں نے اظہارِ قوت کے لئے رمل کی جبکہ مشرک حطیم میں بیٹھے ہوئے تھے اور دونوں رکنوں کے درمیان وہ صحابہ کو نہ دیکھتے تھے اور اس کے سوا وہ صحابہ کو دیکھتے تھے اس لئے شجاعت کے اظہار کے لئے صحابہ کو رمل کا حکم دیا اور جب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کیا تو حجرِ اسود سے حجرِ اسود تک پورے مطاف میں رمل کی اور آپ کا آخر فعل معمول بہ ہوتا ہے لہٰذا بعض مطاف میں رمل منسوخ ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

١٥١٠ ١٥١١

حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لِلرُّكْنِ أَمَا وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَلَمَكَ مَا اسْتَلَمْتُكَ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ قَالَ فَمَا لَنَا وَلِلرَّمَلِ إِنَّمَا كُنَّا رَاءَيْنَا بِهِ الْمُشْرِكِيْنَ وَقَدْ أَهْلَكَهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ شَيْءٌ صَنَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا نُحِبُّ أَنْ نَتْرُكَهُ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا تَرَكْتُ اِسْتِلَامَ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ فِي شِدَّةٍ وَلَا رَخَاءٍ مُنْذُ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهُمَا قُلْتُ لِنَافِعٍ أَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَمْشِي بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ قَالَ إِنَّمَا كَانَ يَمْشِي لِيَكُوْنَ أَيْسَرَ لِاسْتِلَامِهِ

١٥١٠ ترجمہ : سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حجرِ اسود سے کہا خبردار! میں یقیناً جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے نقصان اور نفع نہیں دے سکتا اگر میں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا نہ ہوتا کہ آپ نے تجھے بوسہ دیا ہے تو میں تجھے بوسہ نہ دیتا پھر انھوں نے حجرِ اسود کو بوسہ دیا پھر کہا رمل کی ہمیں کیا ضرورت تھی اس کے ساتھ ہم مشرکوں کو اپنی قوت دکھائی تھی اور ان کو اللہ تعالیٰ نے ہلاک کر دیا ہے پھر کہا یہ ایسی چیز ہے جسے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے پس ہم اس کا چھوڑنا پسند نہیں کرتے،،

١٥١١ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا جب سے میں نے نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان دونوں رکنوں کو بوسہ دیتے ہوئے دیکھا میں نے سختی اور نرمی کسی حال میں ان کو بوسہ دینا ترک نہیں کیا،، میں نے نافع سے کہا کیا ابن عمر "رضی اللہ عنہما" دونوں رکنوں کے درمیان چلتے تھے؟ (دوڑتے نہیں تھے) نافع نے کہا وہ تو اس لئے چلتے تھے کہ حجرِ اسود کو بوسہ دینے میں آسانی ہو جائے!

١٥١٠ شرح : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال وجوب پر مبنی ہوتے ہیں جب تک اس کے خلاف کوئی دلیل نہ ہو،، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سُنّت کے متبع تھے اور رمل کا چھوڑنا اچھا نہیں اگر کسی نے رمل چھوڑ بھی دی تو اس پر کوئی شئ واجب نہیں توضیح میں یوں مذکور ہے کہ جس نے مکہ سے حج کا احرام اپنے اپنے غیر اہل سے باندھا اس پر رمل ضروری نہیں ہے البتہ مکہ والوں میں اختلاف ہے کہ ان کے لئے رمل ہے یا نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ان پر رمل خیال نہ کرتے تھے،، امام احمد رضی اللہ عنہ کا یہی مسلک ہے اور امام مالک اور امام شافعی رضی اللہ عنہما اس کو مکی کے لئے مستحب خیال کرتے ہیں۔ واللہ ورسولہ اعلم!

١٥١١ شرح : قولہ رَاءَيْنَا الخ یہ متکلم مع الغیر کا صیغہ ہے اس کی مصدر "مرایات" ہے اس کا معنیٰ ریاکاری ہے یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا رمل کر کے ہم نے مشرکوں پر اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا تھا،، تاکہ وہ سمجھ لیں کہ ہم ان کا مقابلہ کر سکتے ہیں! اور ہم ان سے جنگ کرنے میں کمزور نہیں ہیں،، اب اللہ تعالیٰ نے ان کو ہلاک کر دیا ہے۔ اب ہمیں یہ کرنے

marfat.com

بَابُ اِسْتِلَامِ الرُّكْنِ بِالْمِحْجَنِ

۱۵۱۲ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَيَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَا اَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلٰى بَعِيْرِهٖ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ تَابَعَهُ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهٖ **بَابُ** مَنْ لَمْ يَسْتَلِمْ اِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ اَنَّهٗ قَالَ وَمَنْ يَتَّقِيْ شَيْئًا مِنَ الْبَيْتِ وَكَانَ مُعَاوِيَةُ يَسْتَلِمُ الْاَرْكَانَ فَقَالَ لَهٗ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّهٗ لَا يَسْتَلِمُ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ فَقَالَ لَهٗ لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْبَيْتِ يُهْجَرُ وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَسْتَلِمُهُنَّ كُلَّهُنَّ

میں خوشی نہیں ہے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ پابندِ شرع اور متبع سنت تھے،، اُنھوں نے جب دیکھا کہ حجرِ اسود کو بوسہ دیا جاتا ہے اور بظاہر اس کا کوئی سبب نہیں ہے تو اپنی رائے ترک کر دی اور پتھر کو بوسہ دے کر سنت کی اتباع کی،،
واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ حجرِ اسود کو چھڑی سے بوسہ دینا،،

۱۵۱۲ ـــ ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر سوار ہو کر طواف کیا آپ چھڑی سے حجرِ اسود کو بوسہ دیتے تھے،، عبدالعزیز دراوردی نے ابن شہاب سے روایت کرنے میں یونس کی متابعت کی ہے!

۱۵۱۲ ـــ شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ پر سوار ہو کر اس لئے طواف کیا کہ حجۃ الوداع میں لوگوں کا بہت ہجوم تھا اور سوار نہ ہونے کی صورت میں آپ کے افعال مخفی رہنے کا احتمال تھا آپ نے اونٹ پر سوار ہو کر طواف کیا تاکہ لوگ آپ کو دیکھ سکیں اور مسائل دریافت کر سکیں اور اپنی چھڑی کو حجرِ اسود سے مس کر کے اس کو بوسہ دیا تاکہ زیادہ ہجوم کی صورت میں لوگ اس طرح استلامِ رکن کیا کریں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب حجرِ اسود کو بوسہ دینا مشکل ہو تو اپنے ہاتھ یا چھڑی کو اس کے ساتھ مس کر کے اسے بوسہ دینے سے سنت ادا ہو جاتی ہے،، یہ بھی معلوم ہوا کہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کو حجۃ الوداع کہنا جائز ہے،، اور جب لوگ نماز باجماعت پڑھ رہے ہوں تو لوگوں کے پیچھے سے طواف کرے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ جس نے صرف رکن اسود اور رکن یمانی کو بوسہ دیا"

ترجمۃ الباب : محمد بن بکر نے کہا ہم کو ابن جریج نے خبر دی اُنھوں نے کہا ہم کو عمرو بن دینار نے ابوشعثاء سے خبر دی کہ اُنھوں نے کہا بیت اللہ کی کسی شی سے کون پرہیز کرتا ہے؟ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سب ارکان کو بوسہ دیتے تھے ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما

marfat.com

حَدَّثَنَا

أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَمْ أَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُ مِنَ الْبَيْتِ إِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ **بَابُ تَقْبِيلِ الْحَجَرِ** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَأَخْبَرَنَا وَرْقَاءُ أَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَبَّلَ الْحَجَرَ وَقَالَ لَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَكَ مَا قَبَّلْتُكَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ عَنِ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ فَقَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ وَقَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ زُحِمْتُ أَرَأَيْتَ إِنْ غُلِبْتُ قَالَ اجْعَلْ أَرَأَيْتَ بِالْيَمَنِ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ الزُّبَيْرُ بْنُ عَدِيٍّ كُوفِيٌّ وَالزُّبَيْرُ بْنُ عَرَبِيٍّ بَصْرِيٌّ

۱۵۱۲ ۱۵۱۳ ۱۵۱۵

نے کہا کہ اِن دو رکنوں (شامی رکن) کو بوسہ نہیں دیا جاتا ہے۔ امیر معاویہ نے کہا بیت اللہ کی کوئی شی متروک نہیں ہے جبکہ ابن زبیر رضی اللہ عنہما سب کو بوسہ دیتے تھے

۱۵۱۳ ـــــ ترجمہ : عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو رکن اسود اور رکن یمانی کے سوا کسی کو بوسہ دیتے نہیں دیکھا،،

مشرح

بیت اللہ کے چار ارکان ہیں حجر اسود، رکن یمانی اور دو رکن شامی،، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی غرض یہ تھی کہ شامی رکنوں کو بھی بوسہ دیا جائے۔ رکنِ اسود اور رکن یمانی کو تغلیبًا یمانیین کہا جاتا ہے،، رکن اسود میں دو فضیلتیں ہیں ایک یہ کہ اس میں حجرِ اسود نصب ہے دوسری یہ کہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی بنیاد پر ہے اور رکنِ یمانی میں صرف دوسری فضیلت ہے اس لئے رکن اسود کا استلام اور بوسہ دیا جاتا ہے جبکہ رکن یمانی کو صرف بوسہ دیا جاتا ہے اور شامی رکنوں کا استلام نہیں کیا جاتا اور نہ ہی ان کو بوسہ دیا جاتا ہے،، کیونکہ ان میں مذکور دونوں فضیلتیں نہیں پائی جاتی ہیں۔ حضرت امیر معاویہ، عبداللہ بن زبیر، جابر بن زید، عروہ بن زبیر اور سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے کہ چاروں ارکان کو بوسہ دیا جائے ابن منذر نے کہا جابر بن عبداللہ، حسن و حسین اور انس بن مالک "رضی اللہ عنہم" کا بھی یہی مذہب ہے۔ حضرت ابن عباس، عمر فاروق رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے کہ صرف رکن اسود اور رکن یمانی کو بوسہ دیا جائے کیونکہ یہ دونوں قواعدِ ابراہیم علیہ السلام پر ہیں احناف کا بھی یہی مذہب ہے۔ ابن منذر نے کہا اکثر علماء یہی کہتے ہیں کہ شامی ارکان کا استلام مسنون نہیں،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ حجر اسود کو بوسہ دینا

۱۵۱۴ ـــ ترجمہ : زید بن اسلم نے اپنے باپ سے روایت کی کہ اُنھوں نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ اُنھوں نے حجرِ اسود کو بوسہ دیا اور کہا اگر میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے نہ دیکھتا تو میں تجھے بوسہ نہ دیتا،،

۱۵۱۵ ـــ ترجمہ : زبیر بن عربی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ابن عمر رضی اللہ عنہما

marfat.com

بَابُ مَنْ اَشَارَ اِلَى الرُّكْنِ اِذَا اَتٰى عَلَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ عَلٰى بَعِيْرٍ كُلَّمَا اَتٰى عَلَى الرُّكْنِ اَشَارَ اِلَيْهِ بِشَيْءٍ بَابُ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الرُّكْنِ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ عَلٰى بَعِيْرٍ كُلَّمَا اَتَى الرُّكْنَ اَشَارَ اِلَيْهِ بِشَيْءٍ عِنْدَهٗ وَكَبَّرَ تَابَعَهٗ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ

1514 1515 1516 1517

سے حجرِ اسود کو بوسہ دینے کے متعلق پوچھا تو انھوں نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ حجرِ اسود کو ہاتھ سے مس کرتے اور اسے بوسہ دیتے تھے اس شخص نے کہا یہ بتائیں کہ اگر ہجوم زیادہ ہو جائے اگر میں مغلوب ہو جاؤں (تو کیا کروں) ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا "اگر مگر میں میں رکھو" میں نے امام الانبیاء جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا استلام کرتے اور اسے بوسہ دیتے دیکھا ہے" محمد بن یوسف فربری نے کہا میں نے ابوجعفر کی کتاب میں دیکھا بخاری نے کہا زبیر بن عدی کوفی ہے اور زبیر بن عربی بصری ہے

1514، 1515 —— شرح : استلام کا معنی ہاتھ سے مَس کرنا ہے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھنے والا شخص یمنی تھا یعنی جب تو سنّت کا طالب ہے اور اسی لئے یہاں آیا ہے تو اپنی رائے کو چھوڑ اور سنّت پر عمل کر" اور اگر مگر کی بات نہ کر۔ احمد بن سنان" میں پہلا نون مخفف ہے یہ ابوجعفر قطان واسطی اپنے زمانہ کے امام ہیں" امام بخاری رحمہ اللہ کی وفات کے بعد ۲۵۹ ہجری کو فوت ہوئے" اسلم حبشی بجاوی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا آزاد کردہ غلام ہے۔ عبدالملک کے زمانہ میں مدینہ منورہ میں اس نے وفات پائی" ان دونوں حدیثوں کی تقریر حدیث ۱۵۰۲ کی تفہیم میں دیکھیں"

باب — جس نے حجر اسود کی طرف اشارہ کیا جب اس کے پاس آیا"

1516 —— ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ پر سوار ہو کر بیت اللہ کا طواف کیا جب حجرِ اسود کے سامنے آتے تو اس کی طرف اشارہ فرماتے۔

باب — حجرِ اسود کے پاس تکبیر کہنا

1517 —— ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹ پر سوار ہو کر بیت اللہ کا طواف کیا آپ جب بھی حجر اسود کے سامنے آتے تو کسی شی کے ساتھ جو آپ کے پاس تھی اس طرف اشارہ کر کے تکبیر فرماتے۔ ابراہیم بن طہمان نے

marfat.com

١٥١٧ بَابُ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ إِذَا قَدِمَ مَكَّةَ قَبْلَ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا.
حَدَّثَنَا أَصْبَغُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ ذَكَرْتُ لِعُرْوَةَ قَالَ فَأَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ حِينَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ تَوَضَّأَ ثُمَّ طَافَ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ حَجَّ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ مِثْلَهُ ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ أَبِي الزُّبَيْرِ فَأَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ ثُمَّ رَأَيْتُ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ يَفْعَلُونَهُ وَقَدْ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا أَهَلَّتْ هِيَ وَأُخْتُهَا وَالزُّبَيْرُ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ بِعُمْرَةٍ فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا

خالد حذاء سے روایت کرنے میں خالد بن عبداللہ کی متابعت کی ،،

شرح : ١٥١٦ ، ١٥١٧ —— سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوار ہو کر بیت اللہ کا طواف کیا تاکہ لوگ آپ کے افعال دیکھ سکیں جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اونٹ پر سوار ہوتے تو وہ بول و براز نہ کرتا تھا ،، یا آپ بیمار تھے اس لئے سوار ہو کر طواف کیا تھا ،، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حجرِ اسود کو ہاتھ سے مسح نہ کر سکے تو کسی لکڑی وغیرہ سے اسے مس کرے ۔ واللہ ورسولہ اعلم !

باب —— جو شخص مکہ میں آیا اور اپنے گھر کو لوٹنے سے پہلے بیت اللہ کا طواف کیا پھر صفا کی طرف نکلا ،،

ترجمہ : ١٥١٨ —— عروہ نے کہا مجھ سے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ آئے تو سب سے پہلے آپ نے وضو فرمایا پھر طواف کیا پھر عمرہ نہیں ہوا پھر ابوبکر اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے اس طرح کیا پھر میں نے اپنے باپ زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا انھوں نے سب سے پہلے طواف کیا پھر میں نے مہاجرین و انصار کو دیکھا کہ وہ یہ کرتے تھے اور میری والدہ نے مجھے بتایا کہ انھوں نے اور ان کی ہمشیرہ ،، عائشہ ،، زبیر اور فلاں فلاں نے عمرہ کا احرام باندھا انھوں نے جب رکن اسود کو مسح کیا تو احرام کھول دیا ،،

شرح : ١٥١٨ —— اس باب کے عنوان سے امام بخاری کی غرض یہ ہے کہ جو کوئی مکہ مکرمہ میں حج یا عمرہ کے لئے آئے تو وہ بیت اللہ کا طواف کرے پھر دو رکعتیں نفل پڑھے پھر صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے ،، اگر اس نے عمرہ کا احرام باندھا ہوا ہے تو احرام کھول دے اور حلق کرے اور اگر حج کا احرام باندھا ہے تو احرام نہ کھولے حتیٰ کہ آٹھویں ذی الحجہ کو منیٰ میں جائے اور حج کے افعال ادا کرے ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما کا مذہب ہے کہ عمرہ کرنے والا بیت اللہ کا طواف کر کے احرام سے باہر ہو جائے اسے صفا ، مروہ کے درمیان سعی کی ضرورت نہیں ،، انھوں نے کہا عمرہ صرف بیت اللہ

marfat.com

حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا طَافَ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ اَوَّلَ مَا يَقْدَمُ سَعٰى ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ وَمَشٰى اَرْبَعَةً ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ يَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ الطَّوَافَ الْاَوَّلَ يَخُبُّ ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ وَيَمْشِيْ اَرْبَعَةً وَاَنَّهٗ كَانَ يَسْعٰى بَطْنَ الْمَسِيْلِ اِذَا طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

۱۵۱۹ ۱۵۲۰

کا طواف ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس مذہب کا رد کرنے کے لئے کہا کہ عمرہ صرف بیت اللہ کا طواف نہیں بلکہ اس کے بعد دو رکعتیں پڑھے پھر صفا مروہ کے درمیان سعی کرے۔

قولہ من طاف بالبیت ،، یعنی جو شخص مکہ میں آئے اور مسجد حرام میں داخل ہو تو سب سے پہلے طواف کرے اور حجر اسود کا استلام کرے یہ مسجد حرام کا تحیہ ہے اسے طواف القدوم کہتے ہیں یہ سنت ہے اگر یہ نہ ہو سکے تو حج میں نقص نہیں آتا ،، حج کے افعال سے فارغ ہونے کے بعد دس ذی الحجہ کو طواف کیا جاتا ہے اسے طوافِ زیارت کہتے ہیں یہ فرض ہے جب وطن کو واپس ہوں تو طواف کیا جاتا ہے اسے طوافِ الوداع کہتے ہیں یہ واجب ہے اور حائضہ عورت پر واجب نہیں وہ یہ طواف کئے بغیر وطن کو لوٹ سکتی ہے ،، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ طواف باوضو کرنا چاہیئے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک یہ واجب ہے اگر وضو کے بغیر طواف کر لیا جائے تو طواف ادا ہو جائے گا اور اگر طوافِ قدوم وضو کے بغیر کرے تو اس پر صدقہ واجب ہے اور اگر طوافِ زیارت وضو کے بغیر کرے تو اس پر بکری واجب ہے۔ امام مالک اور شافعی رضی اللہ عنہما نے کہا طواف میں وضو شرط ہے اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ حرم میں داخل ہونے والا سب سے پہلے طواف کرے امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا خوبصورت اور شریف عورت اس سے مستثنیٰ ہے وہ یہ طواف تاخیر سے کر سکتی ہے وہ رات کو طواف کرے اس طرح وہ پردہ میں رہے گی اور فتنہ سے محفوظ رہے گی۔ واللہ ورسولہ اعلم! (عینی)

۱۵۱۹ —— ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج یا عمرہ کے لئے مکہ آنے کے بعد سب سے پہلے بیت اللہ کا طواف کرتے تو پہلے تین پھیروں میں سعی کرتے اور چار میں معمول کے مطابق چلتے پھر دو رکعتیں پڑھتے پھر صفا مروہ کے درمیان سعی کرتے۔

۱۵۲۰ —— ترجمہ : ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب پہلا طواف کرتے تو پہلے تین پھیروں میں سعی کرتے (دوڑ کر چلتے) اور چار میں معمول کے مطابق چلتے اور جب صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے تو نالے کے وسط میں سعی کرتے۔

۱۵۱۹، ۱۵۲۰ —— شرح : "سعی" کا معنیٰ دوڑنا ہے ،، مسیل صفا و مروہ کے درمیان ..ہے، اس حدیث سے معلوم ہے کہ بطن

marfat.com

بَابُ طَوَافِ

النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ وَقَالَ لِي عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ إِذْ مُنِعَ ابْنُ هِشَامٍ النِّسَاءَ الطَّوَافَ مَعَ الرِّجَالِ قَالَ كَيْفَ يَمْنَعُهُنَّ وَقَدْ طَافَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ الرِّجَالِ قُلْتُ بَعْدَ الْحِجَابِ أَوْ قَبْلُ قَالَ إِي لَعَمْرِي لَقَدْ أَدْرَكْتُهُ بَعْدَ الْحِجَابِ قُلْتُ كَيْفَ يُخَالِطْنَ الرِّجَالَ قَالَ لَمْ يُخَالِطْنَ كَانَتْ عَائِشَةُ تَطُوفُ حَجْرَةً مِنَ الرِّجَالِ لَا تُخَالِطُهُمْ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ انْطَلِقِي نَسْتَلِمْ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتِ انْطَلِقِي عَنْكِ وَأَبَتْ يَخْرُجْنَ مُتَنَكِّرَاتٍ بِاللَّيْلِ فَيَطُفْنَ مَعَ الرِّجَالِ وَلٰكِنَّهُنَّ كُنَّ إِذَا دَخَلْنَ الْبَيْتَ قُمْنَ حَيْثُ يَدْخُلْنَ وَأُخْرِجَ الرِّجَالُ وَكُنْتُ إِلَى عَائِشَةَ أَنَا وَعُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ وَهِيَ مُجَاوِرَةٌ فِي جَوْفِ ثَبِيرٍ قُلْتُ وَمَا حِجَابُهَا قَالَ هِيَ فِي قُبَّةٍ تُرْكِيَّةٍ لَهَا غِشَاءٌ وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَهَا غَيْرُ ذٰلِكَ وَرَأَيْتُ عَلَيْهَا دِرْعًا مُوَرَّدًا

وادی میں دوڑنا اور اس سے پہلے اور اس کے بعد معمول کے مطابق چلنا مستحب ہے امام مالک رضی اللہ عنہ کے مذہب اگر اسے ترک کر دیا تو اس کا اعادہ واجب ہے!

باب ــــ عورتوں کا مَردوں کے ساتھ طواف کرنا

عمرو بن علی نے کہا ہم کو ابو عاصم نے خبر دی کہ ابن جُریج نے کہا مجھے عطاء بن ابی رباح نے خبر دی جبکہ ابن ہشام نے عورتوں کو مَردوں کے ساتھ طواف کرنے سے منع کیا عطاء بن ابی رباح نے کہا وہ انکو کیونکر روکتا ہے حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں نے مردوں کے ساتھ طواف کیا ہے،، ابن جُریج نے کہا میں نے کہا کیا پردہ کی آئت کے نزول کے بعد یا پہلے (اُنھوں نے طواف کیا ہے) اُنھوں نے کہا مجھے میری عمر کی قسم ہے میں نے حجاب کی آئت کے نزول کے بعد عورتوں کو مردوں کے ساتھ مل کر طواف کرتے دیکھا ہے،، میں نے کہا عورتیں مردوں کے ساتھ کیونکر اختلاط کرتی تھیں۔ اُنھوں نے کہا وہ مردوں سے اختلاط نہ کرتی تھیں۔ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا مَردوں سے علیحدہ ہوکر طواف کرتی تھیں ان سے اختلاط نہ کرتی تھیں ایک عورت نے کہا اے ام المؤمنین چلیں حجرِ اسود کو بوسہ دیں تو اُنھوں نے کہا تو جا اور پتھر کے استلام کا انکار کر دیا،، ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن رات کو اس حال میں نکلتی تھیں کہ وہ پہچانی نہ جاتی تھیں، اور وہ مردوں کے ساتھ طواف کرتی تھیں لیکن جب وہ بیت اللہ میں داخل ہونا چاہتیں تو کھڑی رہتیں اور مردوں کو نکالا جاتا (پھر وہ بیت اللہ میں داخل ہوتیں) میں اور عُبید بن عمیر مائی صاحبہ کے پاس آئے جبکہ وہ ثبیر کے جوف میں ٹھہری ہوئی تھیں میں نے کہا ان کا پردہ کیا تھا اُنھوں نے کہا وہ تُرکی خیمہ میں تھیں اس پر پردہ پڑا تھا ہمارے اور ام المؤمنین کے درمیان اس کے سوا اور کوئی پردہ حائل نہ تھا میں نے ام المؤمنین پر گلابی رنگ کی قمیص دیکھی۔

شرح : اگر یہ کہا جائے کہ عطاء نے ام المؤمنین کو کیسے دیکھا اس کا جواب یہ ہے کہ اُنھوں نے اتفاقاً قمیص دیکھی ام المؤمنین کو نہ دیکھا تھا۔ ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا بعض روایات میں یہ ثابت ہے کہ عطاء نے کہا میں اس وقت بچہ تھا،، یہ گفتگو ابن جریج اور عطاء کے درمیان ہُوئی تھی اور عطاء ام المؤمنین کے پاس عبید بن عمیر کے ساتھ آئے تھے،، واللہ ورسولہ اعلم!

marfat.com

١٥٢١ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ
عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي أَشْتَكِي فَقَالَ طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ فَطُفْتُ مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ يُصَلِّي
إِلَى جَنْبِ الْبَيْتِ وَهُوَ يَقْرَأُ وَالطُّورِ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ **بَابُ** الْكَلَامِ فِي الطَّوَافِ **حَدَّثَنَا** إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا
١٥٢٢ هِشَامٌ أَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ الْأَحْوَلُ أَنَّ طَاوُسًا أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَرَّ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ بِإِنْسَانٍ رَبَطَ يَدَهُ إِلَى إِنْسَانٍ بِسَيْرٍ أَوْ بِخَيْطٍ أَوْ بِشَيْءٍ غَيْرِ ذٰلِكَ فَقَطَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ قُدْ بِيَدِهِ **بَابُ** إِذَا رَأَى سَيْرًا أَوْ شَيْئًا يُكْرَهُ فِي الطَّوَافِ قَطَعَهُ

ترجمہ : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شکائت کی کہ میں بیمار ہوں آپ نے فرمایا تم لوگوں کے پیچھے سوار ہو کر طواف کر لو تو میں نے طواف کیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت میں بیت اللہ کے ایک طرف نماز پڑھ رہے تھے جبکہ سورت والطور و کتاب مسطور" پڑھ رہے تھے"

١٥٢١ — شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو کو حکم فرمایا کہ لوگوں کے پیچھے طواف کریں اور ان سے اختلاط نہ کریں کیونکہ طواف میں عورتوں کو مردوں سے علیحدہ رہنا چاہیئے" ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز پڑھنے کے وقت طواف کیا کیونکہ اس میں زیادہ پردہ تھا جبکہ یہ نماز صبح کی تھی واللہ ورسولہ اعلم!

باب — طواف کرتے وقت باتیں کرنا"

ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک انسان کے پاس سے گزرے جبکہ آپ کعبہ کا طواف کر رہے تھے اُس نے اپنا ہاتھ دوسرے شخص کے ساتھ چمڑے کے تسمہ یا رسی یا کسی اور چیز کے ذریعہ باندھا ہوا تھا — امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اسے کاٹ دیا پھر اُسے فرمایا اس کو ہاتھ سے پکڑ کر چل"

باب — جب طواف میں تسمہ یا کوئی مکروہ شئے دیکھے"

marfat.com

حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ بِزِمَامٍ أَوْ غَيْرِهِ فَقَطَعَهُ بَابٌ لَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ وَلَا يَحُجُّ مُشْرِكٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ بَعَثَهُ فِي الْحَجَّةِ الَّتِي أَمَّرَهُ عَلَيْهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَوْمَ النَّحْرِ فِي رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ أَنْ لَا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ

۱۵۲۳

۱۵۲۳ — ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کعبہ کا طواف کرتے دیکھا کہ وہ رسی یا کسی دوسری چیز سے بندھا ہوا تھا آپ نے اس کو کاٹ دیا،،

۱۵۲۳ — شرح : جاہلیت میں لوگوں کا یہ عقیدہ تھا کہ وہ اس طریقہ سے اللہ تعالیٰ کے مقرب بندے بن جاتے ہیں اس لئے آپ نے اس طریقہ سے منع فرما دیا،، حدیث ۱۵۲۲ اور ۱۵۲۳ ،، سے معلوم ہوتا ہے کہ طواف میں اچھی بات کرنا مباح ہے، اور اگر کوئی بُری چیز دیکھے تو اسے ہاتھ سے روکے، اور جس فعل میں اللہ کی نافرمانی ہو وہ نذر نہ مانے اور نہ ہی وہ اس پر لازم ہے اور جاہلیت کا طریقہ تسویلِ شیطان ہے، طواف میں تھوکنا، گھنگار پھینکنا اور چغلی کرنا مکروہ ہے اس سے طواف فاسد نہیں ہوتا اگرچہ یہ افعال گناہ ہیں،، اور اگر جمائی کے وقت اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لے تو حرج نہیں عورت محرمہ نہ ہو تو اس کا منہ پر نقاب ڈال کر طواف کرنا مکروہ ہے جیسے نماز میں مکروہ ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — کوئی شخص ننگا بیت اللہ کا طواف نہ کرے اور نہ ہی مشرک حج کرے،،

۱۵۲۴ — ترجمہ : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوبکر صدیق" رضی اللہ عنہ" جس حج میں ان کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع سے پہلے امیر حج بنایا تھا نے ان کو چند لوگوں کے ساتھ نحر کے دن لوگوں میں یہ اعلان کرنے بھیجا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ ہی کوئی ننگا شخص بیت اللہ کا طواف کرے،،

(حدیث نمبر ۳۶۴ کی شرح دیکھیں)

marfat.com

بَابُ اِذَا وَقَفَ فِي الطَّوَافِ وَقَالَ عَطَاءٌ فِيمَنْ يَطُوفُ فَتُقَامُ الصَّلٰوةُ اَوْ يُدْفَعُ عَنْ مَكَانِهِ اِذَا سَلَّمَ يَرْجِعُ اِلٰى حَيْثُ قُطِعَ عَلَيْهِ فَيَبْنِي وَيُذْكَرُ نَحْوُهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ

باب — جب طواف کے دوران ٹھہر جائے

ترجمہ : عطاء نے کہا اس شخص کے بارے میں کہا جو بیت اللہ کا طواف کر رہا ہو اور نماز کے لئے اقامت کہی جائے یا اسے اپنی جگہ سے دُور کر دیا جائے جب وہ سلام پھیرے تو اس جگہ پہ لوٹ آئے جہاں اس کا طواف منقطع ہُوا تھا۔ ابن عمر، عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہم سے بھی اس طرح منقول ہے،،

شرح : سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نو ہجری میں امیرِ حج بنا کر بھیجا جبکہ ان کے ہمراہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تھے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اُن کو نحر کے روز چند لوگوں کے ساتھ اعلان کرنے بھیجا کہ اس سال کے بعد کوئی ننگا شخص اور مشرک طواف نہ کرے سہیلی رحمہ اللہ نے کہا جب سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تبوک سے واپس تشریف لائے اور حج کا ارادہ کیا تو آپ سے عرض کیا گیا کہ حج میں مشرک بھی شریک ہوتے ہیں اور مشرکانہ تلبیہ کہتے ہیں اور ننگے طواف کرتے ہیں اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم حج سے رُک گئے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو برأت کا اعلان کرنے بھیجا،،

مشرک حرم میں داخل نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے" انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامھم ھٰذا،، مسجد حرام سے مراد سارا حرم ہے۔ اس آئت کریمہ کے نزول کے وقت آپ نے مذکور اعلان کروایا تھا،، اسی طرح اہلِ ذمہ بھی اس اعلان کے بعد حرم میں داخل نہیں ہو سکتے کیونکہ امام الانبیاء علیہ السلام نے مرضِ وفات میں فرمایا" اخرجوا الیھود والنصاریٰ من جزیرۃ العرب،، کہ یہود و نصاریٰ کو عرب سے نکال دو،، اس حدیث سے امام مالک اور امام شافعی رضی اللہ عنہما اور ایک روائت کے مطابق امام احمد رضی اللہ عنہ نے استدلال کیا کہ طواف میں ستر عورت شرط ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اور دوسری روائت کے مطابق امام رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ اگر برہنہ شخص نے اعتکاف کیا تو اعتکاف میں نقص واقع ہوگا اور اسے دم سے پُورا کیا جائے گا،،

جب طواف کرنے والے کو طواف کے دوران کوئی عارضہ پیش آجائے تو جمہور علماء کے نزدیک اسی بنیاد پہ باقی طواف پُورا کرے اور اس کا طواف منقطع نہیں ہوتا،، ابن بطال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جمہور علماء کہتے ہیں کہ اگر دورانِ طواف میں نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو نماز باجماعت ادا کر کے باقی طواف پُورا کرلے۔ امام ابوحنیفہ مالک، شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہم کا یہی مسلک ہے،، شرح مہذب میں ہے کہ اگر طواف کے دوران جنازہ حاضر ہو جائے تو امام شافعی اور امام مالک رضی اللہ عنہما کے مذہب کے مطابق وہ اپنا طواف پُورا کرے نمازِ جنازہ سے طواف کرنا بہتر ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مسلک یہ ہے کہ جنازہ کے لئے جا سکتے ہیں،، واللہ ورسولہ اعلم!

☆ اس باب کے عنوان کے مطابق کوئی حدیث ذکر نہیں کی کیونکہ جب عنوان کے مطابق کسی صحابی یا تابعی کا اثر ذکر

marfat.com

بَابُ طَافَ النَّبِيُّ

صلی اللہ علیہ وسلم وَصَلّٰی لِسُبُوْعِہٖ رَکْعَتَیْنِ وَقَالَ نَافِعٌ کَانَ ابْنُ عُمَرَ یُصَلِّیْ لِکُلِّ سُبُوْعٍ رَکْعَتَیْنِ وَقَالَ اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اُمَیَّۃَ قُلْتُ لِلزُّھْرِیِّ اِنَّ عَطَاءً یَقُوْلُ تُجْزِئُہُ الْمَکْتُوْبَۃُ مِنْ رَکْعَتَیِ الطَّوَافِ فَقَالَ السُّنَّۃُ اَفْضَلُ لَمْ یَطُفِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُبُوْعًا قَطُّ اِلَّا صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ عَنْ عَمْرٍو وَقَالَ سَاَلْنَا ابْنَ عُمَرَ اَیَقَعُ الرَّجُلُ عَلٰی اِمْرَاَتِہٖ فِی الْعُمْرَۃِ قَبْلَ اَنْ یَطُوْفَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَیْتِ سَبْعًا ثُمَّ صَلّٰی خَلْفَ الْمَقَامِ رَکْعَتَیْنِ وَطَافَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ وَقَالَ لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ قَالَ وَسَاَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ فَقَالَ لَا یَقْرَبُ اِمْرَاَتَہٗ حَتّٰی یَطُوْفَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ

۱۵۲۵

کر دیا جائے تو وہی کافی ہوتا ہے لہٰذا یہ کہنا ضروری نہیں کہ اس عنوان کے مطابق کوئی حدیث نہ تھی جو بخاری کی شرط کے مطابق ہو ،،

باب ـــــ نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے (طواف میں) سات پھیروں پر دو رکعتیں پڑھیں"

ترجمہ : نافع رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہر سات پھیروں کے بعد دو رکعتیں پڑھتے اسماعیل بن اُمیّہ نے کہا میں نے زہری سے کہا کہ عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ طواف کی دو رکعتوں کی بجائے فرض نماز کافی ہے۔ زہری نے کہا کہ سنت پر عمل کرنا افضل ہے۔ نبیٔ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کبھی بھی سات پھیرے طواف نہ کیا مگر اس کے بعد دو رکعتیں پڑھتے تھے ،،

ترجمہ : سفیان نے عمرو سے روائت کی کہ ہم نے عبداللہ بن عُمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا کہ کیا کوئی شخص اپنی بیوی سے عمرہ میں صفا مروٰ کے درمیان سعی کرنے سے پہلے جماع کر لے ؟ اُنھوں نے کہا جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم مکہ مکرمہ تشریف لائے اور سات پھیرے بیت اللہ کا طواف کیا پھر مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں اور صفا، مروہ کے درمیان سعی کی عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ تمہارے لئے جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اقتداء اور پیروی اچھی ہے۔ عَمرو نے کہا میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے پوچھا تو اُنھوں نے کہا اپنی بیوی سے جماع نہ کرے حتیٰ کہ صفاء و مروہ کے درمیان سعی کرے ،،

شرح : امام شافعی رضی اللہ عنہ نے کہا طواف کے بعد فرض نماز سے طواف کی دو رکعتیں ادا ہو جاتی ہیں اگرچہ ان کی نیت نہ کرے مگر سنّت یہ ہے کہ طواف کے بعد خصوصی طور پر دو رکعتیں پڑھے اور سنّت کی رعائت افضل ہے اسی لئے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ سنّت یہ ہے کہ طواف کے سات پھیروں کے بعد صفاء

marfat.com

بَابُ مَنْ لَمْ

يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ وَلَمْ يَطُفْ حَتّٰى يَخْرُجَ إِلٰى عَرَفَةَ وَيَرْجِعَ بَعْدَ الطَّوَافِ الْأَوَّلِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فَطَافَ سَبْعًا وَسَعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَقْرَبِ الْكَعْبَةَ بَعْدَ طَوَافِهِ بِهَا حَتّٰى رَجَعَ مِنْ عَرَفَةَ ١٥٢٦

مروہ کے درمیان سعی سے پہلے دو رکعتیں پڑھے کیونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح کیا ہے،، اور تمہارے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اچھی ہے ان کا مقصد یہ ہے کہ صفا مروہ کے درمیان سعی سے پہلے اپنی بیوی سے جماع نہیں کرسکتا کیونکہ امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا نہیں کیا ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب — جو شخص کعبہ کے پاس نہ گیا اور نہ طواف کیا حتّٰی کہ عرفہ کی طرف چلا گیا اور طوافِ اوّل کے بعد لوٹا،،

ترجمہ : ١٥٢٦ — حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ تشریف لائے اور بیت اللہ کا طواف کیا اور صفاء مروہ کے درمیان سعی کی اور طواف کے بعد کعبہ کے پاس نہ گئے حتی کہ عرفہ سے واپس تشریف لائے،،

شرح : ١٥٢٦ — اس حدیث سے امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کا مقصد یہ ہے کہ حاجی طوافِ قدوم کے بعد طواف نہ کرے حتّٰی کہ عرفہ سے واپس لوٹے،، بظاہر تو اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ طوافِ قدوم کے بعد طواف نہیں مگر اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع نہیں فرمایا اور آپ نے طوافِ قدوم کے بعد طواف اس لئے نہ کیا تھا کہ لوگ اسے واجب خیال کرنے لگیں گے،، امام مالک رضی اللہ عنہ نے یہ پسند کیا ہے کہ طوافِ قدوم کے بعد طواف نہ کرے حتّٰی کہ حج پورا کرے اللہ تعالیٰ نے اس میں وسعت دی ہے لہٰذا جو شخص طوافِ قدوم کے بعد طواف کرنا چاہے وہ رات یا دن کو کرسکتا ہے۔ خصوصًا دُور دراز کے علاقوں سے آنے والوں کے لئے تو خصوصی طور پر صحیح ہے جبکہ اُنھوں نے کبھی بیت اللہ کا طواف نہیں کیا ان کے لئے نفل نماز سے بیت اللہ کا طواف کرنا افضل ہے،، عطاء بن ابی رباح اور حسن بصری رحمہما اللہ سے روایت ہے کہ مسافر جب مکہ مکرمہ میں چالیس روز اقامت کرے تو اس کے لئے نماز طواف سے افضل ہے،، حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی یہ کہتے ہیں۔ ماوردی رحمہ اللہ نے کہا کہ طواف نماز سے افضل ہے،، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ مکہ میں رہنے والوں کے لئے نماز افضل ہے،، اور مسافروں کے لئے طواف افضل ہے (عینی)

---

marfat.com

بَابُ

١٥٢٦ مَنْ صَلّٰى رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ وَصَلّٰى عُمَرُ خَارِجًا مِنَ الْحَرَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ شَكَوْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح قَالَ وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ يَحْيٰى بْنُ اَبِيْ زَكَرِيَّاءَ الْغَسَّانِيُّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ بِمَكَّةَ وَاَرَادَ الْخُرُوْجَ وَلَمْ تَكُنْ اُمُّ سَلَمَةَ طَافَتْ بِالْبَيْتِ وَاَرَادَتِ الْخُرُوْجَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ لِلصُّبْحِ فَطُوْفِيْ عَلٰى بَعِيْرِكِ وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ وَلَمْ تُصَلِّ حَتّٰى خَرَجَتْ

باب — جس نے طواف کی دو رکعتیں مسجد سے باہر پڑھیں عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حرم سے باہر پڑھیں

١٥٢٧ — ترجمہ : امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ مکہ مکرمہ میں تشریف فرما تھے اور آپ نے وہاں سے روانگی کا ارادہ کیا اور ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بیت اللہ کا طواف نہ کیا تھا اور وہ بھی روانہ ہونا چاہتی تھیں تو انھیں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب صبح کی نماز کے لئے اقامت ہو تو تم اپنے اونٹ پر سوار ہو کر طواف کر لو جبکہ لوگ نماز پڑھتے ہوں گے ،، ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے یوں ہی کیا اور نماز نہ پڑھی حتیٰ کہ باہر نکل گئیں ۔

١٥٢٧ — شرح : علامہ کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا احتمال ہے کہ ام المؤمنین نے اقامت صلوٰۃ کے وقت طواف کر لیا ہو پھر فرض پڑھ کر باہر تشریف لے گئی ہوں اور ان کا یہ خیال ہو کہ یہی فرض طواف کی دو رکعتوں سے کفائت کر سکتے ہیں ،، ابن منذر نے کہا جو شخص طواف کے بعد دو رکعتیں بھول گیا اور حرم سے باہر نکل گیا یا اپنے وطن کو لوٹ گیا اس کے متعلق عطاء بن ابی رباح اور حسن بصری نے کہا جب یاد آئے پڑھ لے حرم میں یاد آئے یا اس سے نکل جانے کے بعد یاد کرے امام ابو حنیفہ ، امام شافعی رضی اللہ عنہما کا یہی مسلک ہے اور یہ ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کے موافق ہے کہ اس حدیث میں "حرم" یا اس سے باہر دو رکعتیں پڑھنے کا قطعًا ذکر نہیں ہے ،، سفیان ثوری رحمہ اللہ نے کہا جب تک حرم سے نہ نکلے پڑھ لے ۔ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا اگر وہ دور چلا جائے یا وطن کو لوٹ جائے تو اس پر "دم" واجب ہے ،، احناف کے نزدیک جب طواف سے فارغ ہو تو مقام ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس دو رکعتیں پڑھ لے "سراجیہ"

marfat.com

بَابُ مَنْ صَلّٰى رَكْعَتَيِ

الطَّوَافِ خَلْفَ الْمَقَامِ حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَصَلّٰى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّفَا وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ۔ بَابُ الطَّوَافِ بَعْدَ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيِ الطَّوَافِ مَالَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ وَطَافَ عُمَرُ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَرَكِبَ حَتّٰى صَلّٰى الرَّكْعَتَيْنِ بِذِيْ طُوًى ۔

۱۵۲۷

ہیں اسے افضل کہا ہے اور اگر مقام ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس نہ پڑھ سکے تو مسجد میں جہاں آسانی سے پڑھ سکے پڑھ لے ،، خانیہ ،، میں ہے اگر مسجد سے باہر جاکر پڑھ لے تو ہمارے نزدیک یہ جائز ہے اور یہ دو رکعتیں ہمارے مذہب میں واجب ہیں جبکہ امام شافعی رضی اللہ عنہ ان کو سنت کہتے ہیں اور ایک روائت کے مطابق وہ بھی ان کو واجب کہتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے " وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى " سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں دو رکعتیں پڑھیں اور ان میں ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھی اور پہلی رکعت میں قل یا ایہا الکافرون اور دوسری رکعت میں " قل ھو اللہ احد " سورتیں پڑھیں پھر رکن کا استلام کیا اس کے بعد صفاء و مروہ تشریف لے گئے ،، امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کیا اور امر وجوب کے لئے ہوتا ہے ،، عینی ،، اس میں ایک قول یہ بھی ہے کہ فرض طواف میں یہ واجب ہیں اور نفل طواف میں یہ سنت ہیں ،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب — جس نے مقامِ ابراہیم علیہ السلام کے پیچھے طواف کی دو رکعتیں پڑھیں ،،

۱۵۲۸ — ترجمہ : عمرو بن دینار نے ذکر کیا کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم " مکہ مکرمہ " تشریف لائے آپ نے سات پھیرے بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں پھر صفا تشریف لے گئے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے " تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم " کی پیروی اچھی ہے ،،

۱۵۲۸ — شرح : وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى " کے باب میں اس کی تشریح ہو چکی ہے ۔

واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اَعْلَمُ!

باب — صبح اور عصر کی نمازوں کے بعد طواف کرنا

marfat.com

۱۵۲۹ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ حَبِيبٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ نَاسًا طَافُوا بِالْبَيْتِ بَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ ثُمَّ قَعَدُوا اِلَى الْمُذَكِّرِ حَتّٰى اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامُوا يُصَلُّوْنَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ قَعَدُوا حَتّٰى اِذَا كَانَتِ السَّاعَةُ الَّتِي يُكْرَهُ فِيهَا الصَّلٰوةُ قَامُوا يُصَلُّوْنَ

۱۵۳۰ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ الصَّلٰوةِ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوْبِهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما طلوعِ شمس سے پہلے طواف کی دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صبح کی نماز کے بعد طواف کیا پھر سوار ہو کر باہر چلے گئے حتیٰ کہ "ذی طوی" کے مقام میں دو رکعتیں پڑھیں!

۱۵۲۹ — ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ لوگ صبح کی نماز کے بعد بیت اللہ کا طواف کرتے پھر واعظ کے پاس بیٹھ جاتے حتیٰ کہ جب سورج طلوع ہوتا تو اُٹھ کر نماز پڑھتے تھے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا یہ لوگ بیٹھے رہتے ہیں حتیٰ کہ جب وہ وقت آتا ہے جس میں نماز پڑھنی مکروہ ہے تو اُٹھ کر نماز پڑھنا شروع کر دیتے ہیں۔

۱۵۳۰ — ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سورج طلوع اور اس کے غروب ہوتے وقت نماز پڑھنے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے،،

۱۵۲۹، ۱۵۳۰ — شرح : امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ تعالیٰ اور ایک روائت کے مطابق امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ صبح کی نماز کے بعد طواف کی دو رکعتیں پڑھنا مکروہ ہیں حتیٰ کہ سورج طلوع ہو جائے ایسے ہی عصر کے بعد یہ مکروہ ہیں حتیٰ کہ سورج غروب ہو جائے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تین اوقات میں نماز پڑھنے سے منع فرماتے تھے،، اور وہ سورج کے طلوع ہونے، سیدھا سر پہ کھڑا ہونے اور اس کے غروب ہونے کے اوقات ہیں بایں ہمہ امام بخاری کی اس تعلیق کے خلاف امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے صحیح اسناد کے ساتھ نافع سے روائت کی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما صبح کی نماز کے وقت تشریف لائے اور بیت اللہ کا طواف کیا اور سورج طلوع

marfat.com

۱۵۳۱ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا

عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ رُفَيْعٍ قَالَ رَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يَطُوفُ بَعْدَ الْفَجْرِ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ وَرَأَيْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَيُخْبِرُ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَدْخُلْ بَيْتَهَا إِلَّا صَلَّاهُمَا

ہو جانے کے بعد دو رکعتیں پڑھیں۔ ابن منذر نے حماد کے طریق سے ایوب سے روائت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب صبح کی نماز کے بعد طواف کرتے تو دو رکعتیں نہ پڑھتے حتیٰ کہ سورج طلوع کرتا ایسے ہی عصر کے بعد طواف کرتے تو نماز نہ پڑھتے حتیٰ کہ سورج غروب کر جاتا،، اس روائت سے بخاری کی تعلیق معمول بہ نہیں رہتی جبکہ خود حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل اس کے خلاف ہے البتہ طبرانی نے اوسط میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روائت کی ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بنی عبد مناف، اے بنی عبدالمطلب اگر تمہیں حکومت ملے تو رات ہو یا دن ہو کسی کو بیت اللہ کا طواف کرنے اور نماز پڑھنے سے منع نہ کرو مگر اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کی صحت کی تقدیر پر یہ ان اوقات پر محمول ہے جو ان تین اوقات کے علاوہ ہیں جن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے سے منع فرمایا اس طرح دونوں روایات پر عمل ہو سکتا ہے۔ نیز سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے صبح کی نماز کے بعد طواف کیا اور نماز کو غیر مکروہ وقت میں مؤخر کیا اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں یہ کیا اور اس کا کسی نے انکار نہ کیا اگر صبح کی نماز کے بعد طواف کی رکعتوں کا وقت ہوتا تو وہ ضرور اس وقت نماز پڑھتے اور اس میں ذرہ بھر تاخیر نہ فرماتے ابن ابی شیبہ نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روائت کی انھوں نے کہا جب تم بیت اللہ کا طواف فجر یا عصر کی نماز کے بعد کرو تو سورج کے غروب ہو جانے یا اس کے طلوع ہو جانے تک نماز میں تاخیر کرو،، خود حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روائت کرتے ہیں کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ سورج کے طلوع و غروب کے وقت نماز پڑھنے سے منع فرماتے تھے،، یہ روایات عموم کے اعتبار سے ان اوقاتِ مکروہہ میں نماز کی ممانعت پر صریح نص ہیں،،

ترجمہ : عبدالعزیز بن رُفیع بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ وہ فجر کی نماز کے بعد طواف کرتے اور دو رکعتیں پڑھتے تھے عبدالعزیز نے کہا میں نے عبداللہ بن زبیر کو دیکھا کہ وہ عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھتے تھے اور بیان کرتے تھے کہ ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے حدیث ذکر کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی ان کے گھر داخل ہوتے تو دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے!

۱۵۳۱ ــــ

شرح : عصر کی نماز کے بعد دو رکعتیں پڑھنا سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے خصوصیات سے ہے لا یصلی بعد العصر،، کے باب میں اس کی تشریح ہو چکی ہے،،

marfat.com

باب المريض يطوف راكبا حدثنا اسحاق الواسطي قال حدثنا خالد الحذاء عن عكرمة عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم طاف بالبيت وهو على بعير كلما اتى على الركن اشار اليه بشئ في يده وكبر حدثنا عبد الله بن مسلمة قال حدثنا مالك عن محمد بن عبد الرحمن بن نوفل عن عروة عن زينب بنت ام سلمة عن ام سلمة قالت شكوت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم اني اشتكي فقال طوفي من وراء الناس وانت راكبة فطفت ورسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي الى جنب البيت وهو يقرأ بالطور وكتاب مسطور باب سقاية الحاج حدثنا عبد الله بن محمد بن ابي الاسود قال حدثنا ابو ضمرة قال حدثنا عبيد الله عن نافع عن ابن عمر قال استأذن العباس بن عبد المطلب رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يبيت بمكة ليالي منى من اجل سقايته فاذن له حدثنا اسحاق بن شاهين قال حدثنا خالد عن خالد عن عكرمة عن ابن عباس ان

باب — بیمار سوار ہو کر طواف کرے

۱۵۳۲ — ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کا طواف کیا جبکہ آپ اونٹ پر سوار تھے آپ جب بھی رکن کے پاس سے گزرتے تو اپنے دستِ اقدس میں کسی شئ سے اس طرف اشارہ کرتے اور تکبیر فرماتے تھے !

۱۵۳۳ — ترجمہ : ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ شکائت عرض کی کہ میں بیمار ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوار ہو کر لوگوں کے بعد طواف کر لو (ام المؤمنین نے کہا) میں نے طواف کیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کی ایک طرف نماز پڑھ رہے تھے اور آپ (نماز میں) سورۂ طور پڑھتے تھے۔

۱۵۳۳ — شرح : اس حدیث کی شرح "باب طواف النساء مع الرجال" کی حدیث ع ۱۵۲۱ دیکھیں،،

باب — حاجیوں کو پانی پلانا

۱۵۳۴ — ترجمہ : حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اُنھوں نے کہا حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی کہ حاجیوں کو پانی پلانے کے لئے منیٰ کی راتیں مکہ مکرمہ رہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی۔

۱۵۳۴ — شرح : منیٰ کی راتیں گیارھویں، بارھویں اور تیرھویں راتیں ہیں امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے مذہب میں منیٰ کی راتوں میں منیٰ میں رہنا سنت ہے

marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جاء الی السقایۃ فاستسقیٰ فقال العباس یا فضل اذھب الی امک فات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشراب من عندھا فقال اسقنی قال یا رسول اللہ انھم یجعلون ایدیھم فیہ قال اسقنی فشرب منہ ثم اتی زمزم وھم یسقون ویعملون فیھا فقال اعملوا فانکم علی عمل صالح ثم قال لولا ان تغلبوا لنزلت حتی اضع الحبل علی ھذہ یعنی عاتقہ واشار الی عاتقہ

اور دیگر ائمہ کے مذہب میں یہ واجب ہے۔

جاہلیت کے زمانہ میں چاہِ زمزم کے منتظم حضرت عباس رضی اللہ عنہ تھے اور وہی حاجیوں کو آبِ زمزم پلایا کرتے تھے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تولیت برقرار رکھی اور یہ حق ان کی اولاد کے لئے ہمیشہ کے لئے ثابت ہے جبکہ کعبہ مشرفہ کی کلید برداری بنی شیبہ کو ملی اور یہ انھیں کے خاندان میں ہے،،

ایام تشریق میں شیطان کو سنگریزے مارنے کے لئے ان راتوں میں منیٰ میں رہنا مسنون ہے اور کسی دوسری جگہ رات بسر کرنا مکروہ ہے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس کو ترک کرنے پر زجر و توبیخ کیا کرتے تھے اگر کوئی عمداً دوسری جگہ رات بسر کرے تو اس پر مؤاخذہ نہیں ہے اور حاجیوں کو آبِ زمزم پلانے والوں کے لئے اجازت ہے کہ وہ ان راتوں کو مکہ میں رہیں،،

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سقایہ کے پاس تشریف لائے اور پانی طلب فرمایا

۱۵۳۵ ——

تو حضرت عباس نے کہا اے فضل! اپنی والدہ کے پاس جاؤ اور ان سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے شربت لاؤ،، آپ نے فرمایا مجھے پانی پلاؤ۔ حضرت عباس نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم" لوگ اس میں ہاتھ ڈالتے ہیں فرمایا مجھے پانی پلاؤ اور اس سے آپ نے پانی پیا پھر آبِ زمزم کے پاس تشریف لائے لوگ پانی کھینچ رہے تھے اور پلا رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کام کرتے رہو تم اچھا کام کرتے ہو پھر فرمایا اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ تم پر غلبہ کیا جائے گا تو میں اُترتا اور ڈوری اس پر یعنی کندھے پہ ڈالتا اور اپنے کندھے کی طرف اشارہ فرمایا،،

شرح : سقایہ وہ جگہ ہے جہاں پانی جمع کیا جاتا ہے،، فضل حضرت عبداللہ کے بڑے بھائی ہیں ان کی والدہ کا نام لبابہ بنت حارث

۱۵۳۵ ——

ہلالیہ ہے۔ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ تم پر غلبہ کیا جائے گا تو میں اُترتا،، اس کا معنی یہ ہے کہ اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ لوگ تم پر جمع ہو جائیں گے اور ہجوم کی کثرت کے سبب تم مغلوب ہو جاؤ گے تو میں خود پانی کھینچتا بعض علماء نے یہ معنیٰ کیا ہے کہ اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ میرے کرنے سے تم پر واجب ہو جائے گا تو میں ڈول کھینچتا یہ معنیٰ بھی کیا جاتا ہے کہ اگر میں ڈول کھینچوں تو میرے بعد آنے والے حاکم یہ منصب تم سے چھین لیں گے تاکہ وہ اس سعادت اشرف حاصل کریں اور تم مغلوب ہو کر رہ جاؤ گے تو میں ضرور کھینچتا،، علامہ خطابی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا اس حدیث سے ظاہر ہے کہ شریعت مطہرہ میں افعال وجوب پر محمول ہوتے ہیں اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا بعض افعال ترک

marfat.com

بَابُ مَا جَاءَ فِي زَمْزَمَ وَقَالَ عُثْمَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَنَسُ
ابْنُ مَالِكٍ كَانَ أَبُو ذَرٍّ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُرِجَ سَقْفِي وَأَنَا بِمَكَّةَ فَنَزَلَ جِبْرِيلُ فَفَرَجَ صَدْرِي
ثُمَّ غَسَلَهُ بِمَاءِ زَمْزَمَ ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُمْتَلِئٍ حِكْمَةً وَإِيمَانًا فَأَفْرَغَهَا فِي صَدْرِي ثُمَّ أَطْبَقَهُ ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِي فَعَرَجَ
إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَقَالَ جِبْرِيلُ لِخَازِنِ السَّمَاءِ الدُّنْيَا افْتَحْ قَالَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيلُ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ قَالَ

کرنا اس لئے تھا کہ وہ مسنون ہوں اور آبِ زمزم پینا مسنون ہے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے معروف صدقات جیسے سبیل کا پانی جسے ہر راہ گزر پیتا ہے حرام نہیں۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اشیاء میں اصل طہارت ہے۔ اسی لئے آپ نے وہاں سے پانی پیا۔ واللہ اعلم!

آبِ زمزم کے متعلق

آبِ زمزم کی یہ بہت بڑی فضیلت ہے کہ اس سے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا قلبِ مقدس دھویا گیا تھا کیونکہ یہ پانی سیدنا جبرائیل علیہ السلام کے پَر مارنے سے ظاہر ہوا تھا اور سیدنا اسماعیل علیہ السلام پیا کرتے تھے،، اسے رکضۂ جبرائیل بھی کہا جاتا ہے،، اس کے نام ہمزمہ جبرائیل اور ہزمہ جبرائیل بھی ہیں،، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا اس کو" زمزم" اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس کو مٹی کے ساتھ روکا گیا تھا تاکہ پانی دائیں بائیں بہہ جانے سے رک جائے،، اگر اسے نہ روکا جاتا تو ہر شئی کو سیراب کرتا،، مسلم نے روایت کی کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے تیس دن زمزم پیا یہی ان کا طعام تھا اور خوب صحت مند اور توانا ہو گئے،، اس کے پینے سے بیماریاں دُور ہو جاتی ہیں،، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور منافقوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ وہ آبِ زمزم نہیں پیتے ہیں،، دارقطنی کے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جب یہ پانی پیتے تو یہ دُعاء کرتے: اے اللہ! میں تجھ سے علم نافع، رزق واسع اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں،، (عینی) چاہ زمزم بئر اللہ سے تقریباً چالیس گز دُور ہے۔

باب — آبِ زمزم کے بارے میں ،،

۱۵۳۶ —

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے تھے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے گھر کی چھت کھول دی گئی جبکہ میں مکہ میں تھا اور جبرائیل علیہ السلام اُترے اور میرا سینہ چاک کیا پھر اس کو آبِ زمزم سے دھویا پھر سونے کا طشت لے کر آئے جو ایمان و حکمت سے بھرا ہوا تھا اور اس کو میرے سینہ میں انڈیل دیا پھر اس کو جوڑ دیا پھر میرا ہاتھ پکڑا اور پہلے آسمان کی طرف اُوپر چڑھ گئے جبرائیل علیہ السلام نے پہلے آسمان کے داروغہ سے کہا کہ کھولو اُس نے کہا کون ہو؟ کہا میں جبرائیل ہوں" علیہ السلام،،

marfat.com

اَخْبَرَنَا الْفَزَارِیُّ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَهٗ قَالَ سَقَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ زَمْزَمَ فَشَرِبَ وَھُوَ قَائِمٌ قَالَ عَاصِمٌ فَحَلَفَ عِکْرِمَۃُ مَا کَانَ یَوْمَئِذٍ اِلَّا عَلٰی بَعِیْرٍ ۔ بَابُ طَوَافِ الْقَارِنِ

۱۵۳۶ — شرح : شعبی رحمہ اللہ سے روائت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان کو بتایا کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آبِ زمزم پلایا آپ نے وہ پیا جبکہ آپ کھڑے تھے ۔ عاصم نے کہا عکرمہ نے قسم کھا کر بیان کیا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس روز اونٹ پر سوار تھے ،، اس حدیث سے آبِ زمزم کی فضیلت واضح ہوتی ہے کیونکہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ مقدس دھونے کے لئے اس کے سوا کوئی اور پانی نہیں لیا گیا ،، حدیث ع۳۴۴ میں اس کی تفصیل مذکور ہے ! عبدان ،، کا نام عبداللہ بن عثمان مروزی ہے ،، حدیث ع۱۵۳۶ سے معلوم ہوتا ہے کہ آبِ زمزم کھڑے کھڑے پینا چاہیئے اور یہ حاجیوں کے لئے مسنون ہے ،، اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایام حج میں آبِ زمزم نہ پیتے تھے تاکہ یہ گمان نہ ہو کہ اس کا پینا فرض ہے حالانکہ اس سے پہلے وہ پیا کرتے تھے اور یہ امر مسلم ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے زیادہ آثار کی اتباع اور کوئی نہیں کرتا تھا ،، یہاں یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ کھڑے کھڑے پانی پینے کی ممانعت میں کثیر احادیث وارد ہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے کھڑے پانی پینے پر شدید زجر فرمائی امام ترمذی نے جارود بن معلیٰ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے کھڑے پانی پینے سے منع فرمایا ہے ،، مگر ترمذی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روائت کی کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں چلتے پھرتے کھا پی لیا کرتے تھے ، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ کھڑے کھڑے پانی پینا اور طعام کھانا جائز ہے ، امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اَلشُّرْبُ قَائِمًا ،، باب ذکر کیا ہے اس طرح کی روائت ابوداؤد میں بھی ہے ،، کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ باب الرحبہ پر تشریف لائے اور کھڑے کھڑے پانی پیا اور فرمایا لوگ اسے مکروہ کہتے ہیں حالانکہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا جیسا تم نے مجھے کرتے دیکھا ہے ۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے کھڑے پانی پی لیا کرتے تھے ،، امام طحاوی نے ام سلیم سے روائت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشکیزہ سے کھڑے کھڑے پانی پیا ،، اس طرح کی اور بھی روایات وارد ہیں لیکن ان میں قطعاً اشکال نہیں کیونکہ کھڑے کھڑے پانی پینے کی ممانعت میں وارد احادیث کراہت تنزیہہ پر محمول ہیں جبکہ اس کے مخالف روایات بیانِ جواز کے لئے ہیں امام طحاوی نے ذکر کیا ہے کہ ممانعت کی روایات سے لوگوں کو ڈرانا مقصود ہے کیونکہ کھڑے کھڑے کھانے پینے سے امراض پیدا ہونے کا خطرہ ہے ،، اور کسی عذر کی حالت میں گاہے بگاہے کھڑے کھڑے پانی پی لے تو جائز ہے واللہ ورسولہ اعلم !

قارن کا طواف

marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ

ابْنُ يُوسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَاَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ كَانَ مَعَهٗ هَدْيٌ فَلْيُهْلِلْ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَاَنَا حَائِضٌ فَلَمْ اَطُفْ وَلَمَّا قَضَيْنَا حَجَّنَا اَرْسَلَنِيْ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِلَى التَّنْعِيْمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ هٰذِهٖ مَكَانُ عُمْرَتِكِ فَطَافَ الَّذِيْنَ اَهَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ ثُمَّ حَلُّوْا ثُمَّ طَافُوْا طَوَافًا اٰخَرَ بَعْدَ اَنْ رَجَعُوْا مِنْ مِنًى وَاَمَّا الَّذِيْنَ جَمَعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ فَاِنَّمَا طَافُوْا طَوَافًا وَاحِدًا

٥٨٥١

١٥٣٦ —

ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے اُنھوں نے کہا ہم جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں نکلے اور عمرہ کا احرام باندھا پھر آپ نے فرمایا جس کے پاس ہدی ہے وہ حج اور عمرہ دونوں کا احرام باندھے اور وہ احرام سے باہر نہ ہو حتیٰ کہ دونوں سے فارغ ہو جائے میں مکہ میں آئی جبکہ میں حائضہ تھی پس جب ہم نے حج پُورا کر لیا تو آپ نے مجھے عبدالرحمٰن کے ساتھ تنعیم بھیجا اور میں نے عمرہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تمہارے عمرہ کی بدل ہے جن لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا انھوں نے طواف کیا پھر وہ احرام سے باہر ہو گئے۔ پھر منیٰ سے واپس آنے کے بعد اُنھوں نے ایک اور طواف کیا — اور جن لوگوں نے حج اور عمرہ دونوں کو جمع کیا تھا اُنھوں نے صرف ایک طواف کیا۔

١٥٣٧ —

شرح : تمتع کے باب میں یہ مذکور ہے کہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا ہم میں بعض لوگوں نے صرف عمرہ کا احرام باندھا بعض نے صرف حج کا احرام باندھا اور بعض نے حج اور عمرہ دونوں کا احرام باندھا حالانکہ دوسرے مواضع میں اس طرح ذکر کیا گیا ہے کہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہم نے صرف حج کا ارادہ کر رکھا تھا، بظاہر ان احادیث میں تضاد پایا جاتا ہے مگر دراصل وجہ یہ ہے کہ لوگوں نے صرف حج کا احرام باندھا تھا پھر جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حج کے فسخ کا حکم فرمایا تو اکثر لوگوں نے عمرہ کا احرام باندھ لیا اور وہ ان کا تمتع ہو گیا اور بعض قارن ہو گئے،، کیونکہ اُنھوں نے حج اور عمرہ کو ایک احرام میں جمع کیا تھا اور اسی جملہ میں حدیث کی باب کے عنوان سے مناسبت ہے،،

قارن کے طواف میں شوافع اور احناف میں اختلاف ہے، شوافع کہتے ہیں کہ قارن ایک طواف اور ایک سعی کرے جبکہ احناف کا مذہب یہ ہے کہ وہ دو طواف اور دو سعییں کرے ان کی دلیل یہ ہے کہ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حج اور عمرہ کو جمع کیا اور ان کے لئے دو طواف اور دو سعییں کیں اور پھر فرمایا کہ میں نے اسی طرح سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے،، اس کو امام نسائی نے سننِ کبریٰ میں حماد بن عبدالرحمٰن انصاری کے واسطہ سے ابراہیم بن محمد بن حنفیہ سے روایت کیا اُنھوں نے کہا میں نے اپنے والد کے ساتھ طواف کیا جبکہ حج اور عُمرہ کو جمع کیا تو اُنھوں نے دو طواف اور دو سعییں کیں اور مجھے بیان دیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس طرح

marfat.com

کیا اور مجھے خبر دی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح کیا تھا،، اس روائت کی سند میں حماد کو ازدی نے ضعیف بیان کیا ہے مگر ابن حبان نے ان کو ثقات کی فہرست میں ذکر کیا ہے۔ دار قطنی نے اس حدیث کو کئی طرق سے ذکر کرکے ان پر تنقید کی مگر یہ مضر نہیں کیونکہ جب حدیث کے طرق بکثرت ہوں اگرچہ ضعیف ہی ہوں تو ان سے حدیث قوی ہوجاتی ہے کیونکہ وہ باہم مل کر قوی ہوجاتے ہیں،، نیز دار قطنی نے محمد بن یحییٰ ازدی کے طریق سے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قران کے لئے دو طواف اور دو سعییں کیں،، محمد بن یحییٰ کو دار قطنی نے ثقہ کہا اور ابن حبان نے ان کو ثقات کی فہرست میں ذکر کیا،، نیز ابن ابی شیبہ نے ہُشیم کے طریق سے زیاد بن مالک سے روائت کی کہ حضرت علی اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے کہا کہ قارن دو طواف اور دو سعییں کرے،، نیز امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اسناد سے صُبَیّ بن معبد سے روائت کی اُنھوں نے کہا میں جزیرہ سے قران کرنے آیا اور اثناء روائت میں ذکر کیا کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم نے کس طرح کیا ہے میں نے جواب دیا کہ میں نے عمرہ کا ایک طواف اور ایک سعی کی ہے پھر میں لوٹا اور کہا کہ اسی طرح حج میں کیا ہے پھر میں جب تک رہا احرام نہ کھولا اور حاجیوں کی طرح کرتا رہا حتیٰ کہ پُورے افعال کرلئے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو نے سنت پر عمل کیا ہے، اس کو ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان اور دیگر ممتاز محدثین نے ذکر کیا ہے کہ حضرت عمر فاروق، علی المرتضیٰ، عمران بن حصین اور عبداللہ بن مسعود ایسے اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے قران میں دو طواف اور دو سعیین ذکر کی ہیں ان کی اقتدا کافی ہے،، اور بخاری میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مذکور حدیث کا جواب یہ ہے کہ امام مالک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ام المؤمنین عائشہ سے عروہ کی روائت پر عمل نہیں ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مذکور حدیث ذکر کرنے کے بعد کہا اکثر لوگوں نے عبیداللہ سے یہ روائت کی ہے اور اس کو مرفوع نہیں کیا زیادہ صحیح بھی یہی ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے مرفوع نہیں،، امام مالک رضی اللہ عنہ نے بھی اس کو نافع کے واسطہ سے موقوف ذکر کیا ہے صرف دراوردی نے اس کو مرفوع ذکر کیا ہے۔ ابوزُرعہ نے کہا دراوردی کا حفظ اچھا نہیں،، نسائی نے کہا وہ قوی نہیں اور عبیداللہ سے اس کی روائت منکر ہے،، ابن سعد نے کہا وہ حدیث میں اکثر غلطی کرجاتے ہیں۔ مزید تقریر کے لئے حدیث ع ۱۴۶۲ کی شرح کا مطالعہ کریں،،

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا "قَضَيْنَا حَجَّنَا"، یعنی حیض سے پاک ہونے کے بعد اُنھوں نے بیت اللہ کا طواف کیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ انھیں تنعیم بھیجا جو مکہ مکرمہ سے تین میل دُور ہے اُنھوں نے وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ کر عمرہ پُورا کیا،، واللہ ورسولہ اعلم

marfat.com

١٥٣٨ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ دَخَلَ ابْنُهُ

١٥٣٩ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ وَظَهْرُهُ فِي الدَّارِ فَقَالَ إِنِّي لَا آمَنُ أَنْ يَكُونَ الْعَامَ بَيْنَ النَّاسِ قِتَالٌ فَيَصُدُّونَكَ عَنِ الْبَيْتِ فَلَوْ أَقَمْتَ فَقَالَ قَدْ خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ فَإِنْ يَحُلَّ بَيْنِي وَبَيْنَهُ أَفْعَلْ كَمَا فَعَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ثُمَّ قَالَ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ مَعَ عُمْرَتِي حَجًّا قَالَ ثُمَّ قَدِمَ فَطَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَرَادَ الْحَجَّ عَامَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ فَقِيلَ لَهُ إِنَّ النَّاسَ كَائِنٌ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ وَإِنَّا نَخَافُ أَنْ يَصُدُّوكَ فَقَالَ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ إِذَنْ أَصْنَعَ كَمَا صَنَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي أَوْجَبْتُ عُمْرَةً ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِظَاهِرِ الْبَيْدَاءِ قَالَ مَا شَأْنُ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ إِلَّا وَاحِدٌ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِي وَأَهْدَى هَدْيًا اشْتَرَاهُ بِقُدَيْدٍ وَلَمْ يَزِدْ عَلَى ذَلِكَ فَلَمْ يَنْحَرْ وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ وَلَمْ يَحْلِقْ وَلَمْ يُقَصِّرْ حَتَّى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ فَنَحَرَ وَحَلَقَ وَرَأَى أَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ بِطَوَافِهِ الْأَوَّلِ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ كَذَلِكَ فَعَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

١٥٣٨ ترجمہ : نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ان کے بیٹے عبداللہ بن عبداللہ آئے جبکہ ان کی سواری ان کے گھر میں تھی،، اور کہنے لگے کہ مجھے ڈر ہے کہ اس سال لوگوں میں لڑائی ہو جائے اور وہ آپ کو بیت اللہ جانے سے روک دیں گے لہٰذا آپ کا ٹھہر جانا مناسب ہے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (عمرہ کے لئے) تشریف لے گئے تو کفارِ قریش آپ کے اور بیت اللہ کے درمیان حائل ہو گئے،، لہٰذا اگر میرے اور بیت اللہ کے درمیان کوئی حائل ہوگا تو میں بھی وہی کروں گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تمہارے لئے اچھا نمونہ ہے پھر فرمایا میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اپنے عمرہ کے ساتھ حج بھی واجب کر لیا ہے پھر مکہ مکرمہ آئے اور دونوں کے لئے طواف کیا،،

١٥٣٩ ترجمہ : نافع نے کہا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حج کا ارادہ کیا جس سال حجاج حضرت عبداللہ بن زبیر اللہ رضی اللہ عنہ سے جنگ کا ارادہ رکھتا تھا حضرت عبداللہ سے کہا گیا کہ لوگوں میں جنگ ہونے والی ہے اور ہمیں خطرہ ہے کہ وہ لوگ آپ کو روک دیں گے (لہٰذا آپ اس سال مکہ نہ جائیں) تو عبداللہ نے کہا بے شک تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اچھا نمونہ ہے اس وقت میں بھی وہی کروں گا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے عمرہ واجب کر لیا ہے پھر وہ مکہ مکرمہ جانے کے لئے نکلے حتیٰ کہ جب مقام بیداء پہنچے تو فرمایا حج اور عمرہ کا ایک ہی حال ہے میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے عمرہ کے ساتھ حج بھی واجب کر لیا ہے اور ہدی بھیج دی جو

marfat.com

بَابُ الطَّوَافِ عَلَى وُضُوءٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ الْقُرَشِيِّ أَنَّهُ سَأَلَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَقَالَ تَبَجَّحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ أَنَّ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ حِينَ قَدِمَ أَنَّهُ تَوَضَّأَ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ حَجَّ أَبُو بَكْرٍ فَكَانَ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ عُمَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ حَجَّ عُثْمَانُ فَرَأَيْتُهُ أَوَّلَ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ مُعَاوِيَةُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ ثُمَّ حَجَجْتُ مَعَ أَبِي الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فَكَانَ

اُنھوں نے قدید سے خرید کی تھی اس سے زیادہ کچھ نہ کیا نہ تو نحر کیا اور نہ ہی کوئی کام کیا جو احرام کے باعث حرام تھا اور نہ سر منڈایا اور نہ بال چھوٹے کروائے حتیٰ کہ قربانی کے روز قربانی ذبح کی اور سر منڈایا اور خیال فرمایا کہ اُنھوں نے پہلے ہی طواف سے حج اور عمرہ پورا کر لیا ہے۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا ایسے ہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا!

۱۵۳۸ ــــ شرح : یہ اس سال کا واقعہ ہے جبکہ حجاج بن یوسف حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کے ساتھ جنگ کرنے والا تھا اس لئے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے حضرت عبداللہ نے کہا کہ آپ اس سال عمرہ نہ کریں ہمیں خطرہ ہے کہ آپ مکہ مکرمہ نہ پہنچ سکیں گے ،، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ اگر مجھے مکہ مکرمہ جانے سے وہ روکیں گے تو میں بھی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کرتے ہوئے حرم میں ہدی بھیج کر احرام کھول دوں گا جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کفارِ مکہ نے عمرہ سے روک دیا تھا تو آپ حرم میں ہدی نحر کرنے کے لئے بھیج کر احرام سے باہر ہو گئے تھے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمرہ ،، عمرہ حدیبیہ کے نام سے معروف ہے! واللہ ورسولہ اعلم!

۱۵۳۹ ــــ شرح : اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قارن کے لئے ایک ہی طواف کافی ہے، امام شافعی رحمہ اللہ کا یہی مسلک ہے! امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب میں قارن دو طواف اور دو سعیین کرے اور اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث عبداللہ بن عمر پر موقوف ہے۔ حدیث ۱۵۳۷ کی تفہیم میں اس کی تفصیل مذکور ہے ،،

باب ــــ باوضوء طواف کرنا

۱۵۴۰ ــــ ترجمہ : محمد بن عبدالرحمٰن بن نوفل قرشی نے عروہ بن زبیر سے سوال پوچھا تو اُنھوں نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کیا تو مجھے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان دیا کہ سب سے پہلا کام جو آپ نے کیا جس وقت مکہ تشریف لائے وہ یہ تھا کہ آپ نے وضوء

marfat.com

أَوَّلُ شَيْءٍ بَدَأَ بِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ رَأَيْتُ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ يَفْعَلُونَ ذَلِكَ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ عُمْرَةٌ ثُمَّ آخِرُ مَنْ رَأَيْتُ فَعَلَ ذَلِكَ ابْنُ عُمَرَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُضْهَا عُمْرَةٌ وَهٰذَا ابْنُ عُمَرَ عِنْدَهُمْ فَلَا يَسْأَلُونَهُ وَلَا أَحَدٌ مِمَّنْ مَضَى مَا كَانُوا يَبْدَءُونَ بِشَيْءٍ حِينَ يَضَعُونَ أَقْدَامَهُمْ مِنَ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ ثُمَّ لَا يَحِلُّونَ وَقَدْ رَأَيْتُ أُمِّي وَخَالَتِي حِينَ تَقْدَمَانِ لَا تَبْدَأَانِ بِشَيْءٍ أَوَّلَ مِنَ الْبَيْتِ تَطُوفَانِ بِهِ ثُمَّ إِنَّهُمَا لَا تَحِلَّانِ وَقَدْ أَخْبَرَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا أَهَلَّتْ هِيَ وَأُخْتُهَا وَالزُّبَيْرُ وَفُلَانٌ وَفُلَانٌ بِعُمْرَةٍ فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا

کیا پھر بیت اللہ کا طواف کیا پھر یہ عمرہ نہ ہوا پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حج کیا انھوں نے سب سے پہلے جو کام کیا وہ طواف تھا پھر یہ عمرہ نہ ہوا پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسی طرح کیا پھر عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حج کیا میں نے ان کو سب سے پہلے جو کرتے دیکھا وہ بیت اللہ کا طواف تھا پھر یہ عمرہ نہ بنا پھر امیر معاویہ اور عبداللہ بن عمر پھر میں نے اپنے والد زبیر بن عوام کے ساتھ حج کیا اور سب سے پہلے بیت کا طواف کیا پھر یہ عمرہ نہ ہوا پھر میں نے مہاجرین اور انصار کو یہی کرتے دیکھا پھر یہ عمرہ نہ بنا پھر سب سے آخر میں عبداللہ بن عمر کو یہ کرتے دیکھا انھوں نے حج توڑ کر عمرہ نہیں کیا۔ یہ عبداللہ بن عمر ان کے پاس ہیں کیا ان سے نہیں پوچھتے ہیں؟ اور نہ پہلے گزرے ہوئے لوگوں سے پوچھتے ہیں؟ وہ لوگ پہلے کچھ نہ کرتے حتی کہ اپنے قدم بیت اللہ کا طواف کرتے رکھتے پھر وہ احرام نہ کھولتے میں نے اپنی والدہ اور خالہ رضی اللہ عنہما، کو دیکھا جس وقت وہ تشریف لائیں انھوں نے بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے کچھ نہیں کیا انھوں نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر احرام نہ کھولا میری والدہ نے مجھے بتایا کہ انھوں نے ان کی ہمشیرہ عائشہ، زبیر اور فلاں فلاں نے عمرہ کا احرام باندھا اور جب رکن کا مسح کیا تو احرام کھول دیا،،

شرح : یعنی جب مکہ مکرمہ پہنچے تو سب سے پہلے وضو کرے اس جملہ میں حدیث کی عنوان سے موافقت ہے،، حدیث ۱۵۱۸ کے ذیل اس کی تشریح ہو چکی ہے،، "ثم لم ینقضها عمرة ،، کا معنیٰ یہ ہے کہ حج کو فسخ کر کے عمرہ کا احرام نہ باندھا،، فلا یسئلونه ،، میں ہمزہ استفہام مقدر ہے ،، یعنی کیا یہ لوگ عبداللہ بن عمر اور ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں سے دریافت نہیں کرتے؟ فَلَمَّا مَسَحُوا الرُّكْنَ حَلُّوا ،، یعنی لوگوں نے طواف کیا، صفا مروہ کے درمیان سعی کی اور سر منڈوا کر احرام کھول دیا یہ معنیٰ نہیں کہ صرف طواف کر کے احرام کھول دیا بلکہ دوسرے افعال بھی کئے اور وہ عبارت میں مقدر ہیں،، علامہ داؤدی نے کہا ثم حج عثمان" یہ عروہ کا کلام ہے اور اس سے پہلے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کا کلام ہے ،، اس تقدیر پر ساری حدیث متصل ہے اور کوئی حصہ منقطع نہیں۔ علامہ ابو عبدالملک رحمہ اللہ نے کہا" ثم لم تكن عمرة " پر ام المؤمنین کا کلام ختم ہو جاتا ہے اور" ثم حج ابوبكر" سے آخر تک عروہ کا کلام ہے اس تقدیر پر بعض حدیث متصل اور بعض منقطع ہے کیونکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے عروہ کی ملاقات نہیں ہوئی اور نہ ہی عمر فاروق سے ان کی ملاقات ہوئی ہے بلکہ انھوں نے حضرت عثمان کا زمانہ پایا ہے"

اس حدیث سے بعض علماء نے اعتکاف میں طہارت کا وجوب ثابت کیا ہے جیسے نماز میں طہارت ضروری ہے مگر یہ استدلال صحیح نہیں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضوء بطور استحباب کیا ہو،، اور جس

۱۵۴۰ —

marfat.com

بَابُ وُجُوبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَجُعِلَ

١٥٤١ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ عُرْوَةُ سَأَلْتُ عَائِشَةَ فَقُلْتُ لَهَا أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا فَوَاللّٰهِ مَا عَلٰى أَحَدٍ جُنَاحٌ أَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَتْ بِئْسَمَا قُلْتَ يَا ابْنَ أُخْتِي إِنَّ هٰذِهِ لَوْ كَانَتْ كَمَا أَوَّلْتَهَا عَلَيْهِ كَانَتْ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِهِمَا وَلٰكِنَّهَا أُنْزِلَتْ فِي الْأَنْصَارِ كَانُوا قَبْلَ أَنْ يُسْلِمُوا يُهِلُّونَ لِمَنَاةَ الطَّاغِيَةِ الَّتِي كَانُوا يَعْبُدُونَهَا عِنْدَ الْمُشَلَّلِ فَكَانَ مَنْ أَهَلَّ يَتَحَرَّجُ أَنْ يَطُوفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَلَمَّا أَسْلَمُوا سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا كُنَّا نَتَحَرَّجُ أَنْ نَطُوفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ الْآيَةَ قَالَتْ عَائِشَةُ وَقَدْ سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا فَلَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَتْرُكَ الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ أَخْبَرْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ إِنَّ هٰذَا لَلْعِلْمُ مَا كُنْتُ سَمِعْتُهُ وَلَقَدْ سَمِعْتُ رِجَالًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَذْكُرُونَ أَنَّ النَّاسَ إِلَّا مَنْ ذَكَرَتْ عَائِشَةُ مِمَّنْ كَانَ يُهِلُّ لِمَنَاةَ كَانُوا يَطُوفُونَ كُلُّهُمْ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَلَمَّا ذَكَرَ اللّٰهُ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ فِي الْقُرْآنِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُنَّا نَطُوفُ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَنْزَلَ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ فَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا فَهَلْ عَلَيْنَا مِنْ حَرَجٍ أَنْ نَطَّوَّفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ الْآيَةَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ فَأَسْمَعُ هٰذِهِ الْآيَةَ نَزَلَتْ فِي الْفَرِيقَيْنِ كِلَيْهِمَا فِي الَّذِينَ كَانُوا يَتَحَرَّجُونَ أَنْ يَطَّوَّفُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَالَّذِينَ يَطُوفُونَ ثُمَّ تَحَرَّجُوا أَنْ يَطُوفُوا بِهِمَا فِي الْإِسْلَامِ مِنْ أَجْلِ أَنَّ اللّٰهَ أَمَرَ بِالطَّوَافِ بِالْبَيْتِ وَلَمْ يَذْكُرِ الصَّفَا حَتّٰى ذَكَرَ ذٰلِكَ بَعْدَ فَذَكَرَ الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ

حدیث میں یہ مذکور ہے کہ بیت اللہ کا طواف نماز سا ہے، اس تشبیہ میں عموم نہیں ورنہ لازم آئے گا کہ طواف میں رکوع و سجود بھی ضروری ہو ،، واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کا وجوب اور یہ شعائر اللہ میں سے ہیں"

١٥٤١ ـــ ترجمہ : حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا پس میں نے اُن سے کہا" ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ الخ ،، کی تشریح بیان کریں، لہٰذا معلوم ہوتا ہے صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کرنے میں کوئی

marfat.com

حرج نہیں، ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے کہا اے میرے خواہر زادے! تم نے اچھا نہیں کہا،، اگر ایسا ہی ہوتا جو تو نے بیان کیا ہے تو آئت کریمہ یوں ہوتی" لَاجُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ لَا يَتَطَوَّفَ بِهِمَا (یعنی یطوف سے پہلے حرف نفی ہوتا) لیکن یہ آئت کریمہ انصار کے بارے میں نازل ہوئی وہ اسلام قبول کرنے سے پہلے منات بت کے نام پر احرام باندھا کرتے تھے جس کی وہ عبادت کیا کرتے تھے،، وہ مشلل کے پاس تھا جو کوئی احرام باندھتا وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کو برا سمجھتا تھا جب وہ مسلمان ہوئے تو انھوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں پوچھا اور عرض کیا یا رسول اللہ! ہم صفا و مروہ کے درمیان سعی کو برا جانتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آئت کریمہ نازل فرمائی" ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ ،، یعنی صفا مروہ اللہ کی نشانیاں ہیں! ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان سعی کو مسنون قرار دیا ہے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ ان کے درمیان سعی ترک کر دے پھر میں نے ابوبکر بن عبدالرحمٰن سے بیان کیا تو انھوں نے کہا یہ علم کی بات ہے،، میں نے یہ نہیں سنا البتہ میں نے بعض اہل علم کو اس کے سوا بیان کرتے ہوئے سنا جو ام المؤمنین نے بیان کیا،، کہ جو لوگ منات کے لئے احرام باندھتے تھے وہ سب لوگ صفا اور مروہ کا طواف کرتے تھے جب اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کا طواف ذکر کیا اور قرآن مجید میں صفاء مروہ ذکر نہ کیا تو انھوں نے کہا یا رسول اللہ! ہم صفا، مروہ کا طواف کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کا طواف ذکر کیا ہے صفاء کا کہیں ذکر نہیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آئت نازل فرمائی ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ، ابوبکر نے کہا میں یہ سنتا رہا ہوں کہ یہ دونوں فریقوں کے بارے میں نازل ہوئی جو جاہلیت میں صفا اور مروہ کے طواف کو گناہ جانتے تھے اور جو طواف کرتے تھے پھر جب مسلمان ہوئے تو ان کا طواف کرنا گناہ سمجھنے لگے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بیت اللہ کا طواف تو ذکر کیا ہے اور صفا و مروہ کا ذکر نہیں کیا۔ حتیٰ کہ بیت اللہ کے طواف کے بعد اس کو ذکر کیا،،

شرح : شعائر شعیرہ کی جمع بمعنی علامت ہے یعنی صفا و مروہ اللہ تعالیٰ کی تابعداری کی علامت بنائے گئے ہیں،، حضرت عروہ رضی اللہ عنہ کا مقصد یہ ہے کہ اس آئت کریمہ کا مفہوم یہ ہے کہ صفا، مروہ کے درمیان سعی واجب نہیں کیونکہ اس کے چھوڑ دینے پر گناہ نہیں اس لئے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا اس آئت کا مفہوم یہ نہیں جو تم نے بیان کیا ہے بلکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ سعی کرنے میں گناہ نہیں اگر سعی چھوڑنے پر گناہ نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا" ان لا یطوف ،، یعنی فعل پر نفی حرف نفی لا ذکر کیا جاتا۔ "منات" بت کا نام ہے اور "طاغیۃ" اس کی صفت ہے اگر "منات الطاغیۃ" مردی ہو تو طاغیہ کا موصوف محذوف ہوگا یعنی منات الفرقۃ الطاغیہ اور وہ کفار ہیں اس بت کا مقام مدینہ منورہ سے سات میل دور ہے" مشلل" یہ ایک مقام کا نام ہے جو سمندر کی جانب "قدید" کے قریب ہے،،

۱۵۴۱ ——

اس حدیث سے احناف نے استدلال کیا کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی واجب ہے اور اس کے ترک سے دم واجب ہے کیونکہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کا ارشاد" کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کے درمیان سعی مشروع فرمائی اس لئے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اسے چھوڑ دے،، وجوب پر دلالت کرتا ہے اور آئت کریمہ میں گناہ کا رفع تخییر فرضیت کی نفی کرتے ہیں یہی مذہب امام حسن بصری کا ہے،، امام مالک، شافعی اور اصح روائت

marfat.com

بَابُ مَاجَاءَ فِي السَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ السَّعْيُ مِنْ دَارِ بَنِي عَبَّادٍ
إِلَى زُقَاقِ بَنِي أَبِي حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ ١٥٤١
عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا طَافَ الطَّوَافَ الْأَوَّلَ خَبَّ ثَلَاثًا وَمَشَى أَرْبَعًا وَكَانَ يَسْعَى
بَطْنَ الْمَسِيلِ إِذَا طَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقُلْتُ لِنَافِعٍ أَكَانَ عَبْدُ اللهِ يَمْشِي إِذَا بَلَغَ الرُّكْنَ الْيَمَانِيَ قَالَ إِلَّا أَنْ
يُزَاحَمَ عَلَى الرُّكْنِ فَإِنَّهُ كَانَ لَا يَدَعُهُ حَتَّى يَسْتَلِمَهُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ ١٥٤٢
قَالَ سَأَلْنَا ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَافَ بِالْبَيْتِ فِي عُمْرَةٍ وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ أَيَأْتِي امْرَأَتَهُ فَقَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا وَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ وَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا وَقَدْ كَانَ لَكُمْ
فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ وَسَأَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ لَا يَقْرَبُهَا حَتَّى يَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

کے مطابق امام احمد رضی اللہ عنہم کا مذہب یہ ہے کہ صفاء و مروہ کی سعی حج کا رکن ہے اس کے بغیر حج نہیں ہوتا کیونکہ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اِسْعَوْا فَاِنَّ اللهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ السَّعْيَ" دوسری روائت کے مطابق امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ اسے سنت اور مستحب کہتے ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بھی اس طرح کہتے ہیں،،
واللہ و رسولہ اعلم!

باب ـــــ صفاء اور مروہ کے درمیان سعی کرنا،،

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ سعی بنی عباد کے گھروں سے بنی ابی حُسین کے کوچون تک ہے"

١٥٤٢ ـــــ ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب طواف فرماتے تو پہلے تین طواف میں دوڑتے اور چار میں معمول کے مطابق چلتے جب صفا اور مروہ کے درمیان طواف کرتے تو بطن مسیل میں کرتے (عبید اللہ بن عمر کہتے ہیں) میں نے نافع سے کہا کیا عبداللہ بن عمر جب رکن یمانی کو پہنچتے تو چلتے تھے؟ (نافع نے) کہا نہیں مگر جب رکن پر ہجوم زیادہ ہوتا تو اسے نہ چھوڑتے حتیٰ کہ اس کو بوسہ دیتے

١٥٤٣ ـــــ ترجمہ : عمرو بن دینار نے کہا ہم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے متعلق دریافت کیا جو عمرہ میں بیت اللہ کا طواف کرے حالانکہ اُس نے صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کی کیا وہ اپنی بیوی کے پاس جا سکتا ہے؟ اُنھوں نے کہا جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ تشریف لائے اور بیت اللہ کا سات بار طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھی،، اور صفا مروہ کے درمیان سات چکر لگانے تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اچھا نمونہ ہے اور

marfat.com

۱۵۴۳ حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ تَلَا لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

ہم نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے پوچھا تو انھوں نے کہا اپنی بیوی کے قریب نہ جائے حتیٰ کہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے،،

شرح

۱۵۴۲، ۱۵۴۳ ــــ : عنوان سے حدیث کی مناسبت ظاہر ہے، سوال یہ ہوتا ہے کہ حدیث میں سوال سے جواب کی مطابقت واضح نہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ جواب کا حاصل یہ ہے کہ جب تک صفا، مروہ کے درمیان سعی نہ کرے احرام نہ کھولے کیونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عمرہ کیا تو صفا مروہ کے درمیان سعی سے پہلے احرام نہیں کھولا تھا اور آپ کی اتباع واجب ہے، الحاصل عمرہ میں بیت اللہ کا طواف کرے اور صفاء و مروہ کے درمیان سعی کرے جب تک یہ دونوں فعل نہ کرے اپنی بیوی کے قریب نہ جائے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

۱۵۴۴ ــــ ترجمہ : ابن جریج نے کہا مجھے عمرو بن دینار نے بیان دیا کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ تشریف لائے اور بیت اللہ کا طواف کیا پھر دو رکعتیں پڑھیں پھر صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی پھر یہ آیت کریمہ پڑھی " لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوہ حسنۃ ،، تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اچھی اقتداء ہے ،،

۱۵۴۴ ــــ شرح : مذکورتین احادیث حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہیں ان کا مدلول یہ ہے کہ عمرہ بیت اللہ کا طواف، مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھنا اور صفا مروہ کے درمیان سعی کرنا ہے، لہذا جب تک صفا مروہ کے درمیان سعی نہ کرے احرام کھولنا ممنوع ہے۔ صاحبِ توضیح نے کہا ہمارے نزدیک سعی کے واجبات چار ہیں :

اوّل یہ کہ صفا اور مروہ کے درمیان پوری مسافت طے کرے اگر اس میں کچھ قدم رہ گئے تو سعی درست نہ ہوگی اگر سواری پر ہو تو اسے ایسا چلائے کہ وہ اپنا پاؤں پہاڑ پر رکھ دے اگر صفا مروہ پہ چڑھ جائے تو زیادہ اچھا ہے سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ معمول تھا،، مگر یہ فرض واجب نہیں بلکہ سنت مؤکدہ ہے ،،

دوم سعی میں ترتیب ہو اگر مروہ سے ابتداء کی تو کافی نہ ہوگی کیونکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جہاں سے اللہ تعالیٰ نے شروع کیا وہاں سے تم شروع کرو (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ ،، محیط میں ہے اگر مروہ سے ابتداء کی اور صفاء پر ختم کیا تو ایک اور چکر لگائے تاکہ سعی کا اختتام

marfat.com

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَكُنْتُمْ تَكْرَهُونَ السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَالَ نَعَمْ لِأَنَّهَا كَانَتْ مِنْ شَعَائِرِ الْجَاهِلِيَّةِ حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّمَا سَعَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِينَ قُوَّتَهُ زَادَ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ

۱۵۴۵ ۔۔۔ ۱۵۴۶

مروہ پر ہو۔

سوم[۳] صفاء سے مروہ تک ایک شوط ہے پھر مروہ سے صفا تک دوسری شوط ہے اس طرح سات اشواط پوری کرے" چہارم[۴] یہ کہ سعی صحیح طواف کے بعد ہو طواف قدوم کے بعد ہو یا طوافِ زیارت کے بعد ہو طوافِ وداع کے بعد اس کے تصور کی کوئی جگہ نہیں ،، اگر طواف سعی کے بعد کیا تو اس کا اعادہ کرے گا جب تک مکہ میں ہوگا اور اگر مکہ سے باہر روانہ ہو گیا تو حرم میں ہدی بھیجے گا ،، عورت سعی نہ کرے اور مروہ پہ بغیر عذر بیٹھنا مکروہ ہے۔
واللہ ورسولہ اعلم!

۱۵۴۵ ـــــ ترجمہ : عاصم نے کہا میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا،، کیا تم صفا اور مروہ کے درمیان سعی مکروہ جانتے ہو؟ اُنھوں نے کہا جی ہاں،، کیونکہ یہ جاہلیت کے شعائر میں سے ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی " ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ الخ ،،

۱۵۴۶ ـــــ ترجمہ : ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اُنھوں نے کہا جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیت اللہ کا طواف کرنا اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا اس لئے تھا کہ آپ مشرکوں کو اپنی قوت دکھلائیں ،، حمیدی نے اس پہ یہ اضافہ کیا ہے کہ ہم سے سفیان نے بیان کیا اُنھوں نے کہا ہم سے عمرو نے بیان کیا کہ میں نے عطاء کو ابن عباس سے اس طرح بیان کرتے سُنا ہے!

۱۵۴۵، ۱۵۴۶ ـــــ شرح : حدیث میں مذکور آئت سے صفا اور مروہ کے درمیان سعی ثابت ہوئی اس طرح حدیث عنوان کے مطابق ہے اگر یہ سوال ہو کہ طواف بھی تو شعائرِ جاہلیت سے ہے سعی کی تخصیص کی کیا وجہ ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ایسا ہرگز نہیں مشرک لوگ صفاء اور مروہ کے درمیان سعی کرتے تھے اور وہاں ان کے دو بت تھے ان کو مس کیا کرتے تھے اور اس جگہ ان کی عبادت کرتے تھے ،، طواف میں ایسا نہ کرتے تھے ..... حدیث میں اِنَّمَا حصر کا کلمہ ہے. اس سے یہ

marfat.com

بَابُ تَقْضِي الْحَائِضُ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ وَاسْعَى عَلَى غَيْرِ وُضُوْءٍ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ قَدِمْتُ مَكَّةَ وَاَنَا حَائِضٌ وَلَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَتْ فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ افْعَلِيْ كَمَا يَفْعَلُ الْحَاجُّ غَيْرَ اَنْ لَا تَطُوْفِيْ بِالْبَيْتِ حَتّٰى تَطْهُرِيْ ١٥٤٦

سمجھ آتا ہے کہ بیت اللہ کے طواف اور صفا مروہ کے درمیان سعی کا سبب مشرکین کے لئے اپنی قوت کا اظہار ہے مگر ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا سبب اور بھی ہے اور وہ سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سعی کرنا ہے ہو سکتا ہے کہ سعی کی مشروعیت کا مقتضی یہ ہو مسند امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حج کے افعال ادا کرنے کا حکم ملا تو سعی کے وقت شیطان آپ کے آگے آگے تیزی سے دوڑا تو سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ تیز دوڑتے ہوئے اس کے آگے بڑھ گئے،، نیز سیدہ حاجرہ علیہا السلام کا سعی کرنا بھی سبب ہو سکتا ہے جیسا کہ بخاری نے تصریح کی ہے،، راجح وجہ بھی یہی معلوم ہوتی ہے کیونکہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث ذکر کرنے کے بعد کہا، فلذالك سعى الناس بينهما اسی لئے لوگ صفا مروہ کے درمیان دوڑتے ہیں،،

حمیدی ،، امام بخاری کے شیخ ہیں علامہ کرمانی نے کہا حمیدی نے معنعن کی جگہ حدثنا اور سمعت کے الفاظ ذکر کئے ہیں اس کا فائدہ یہ ہے کہ حدیث کے قبول میں خلاف نہ رہے۔ خصوصاً سفیان مدلس ہیں، یعنی ان الفاظ سے واضح ہوتا ہے کہ سفیان کا عمرو سے اور اس کا عطاء سے سماع ثابت ہے اور انھوں نے ابن عباس سی روایت کی ہے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

باب ـــ حائضہ عورت بیت اللہ کے طواف کے سوا حج کے تمام ارکان بجا لائے اور جب صفا مروہ کے درمیان وضوء کے بغیر سعی کرے،،

١٥٤٦ ـــ ترجمہ : ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں مکہ مکرمہ آئی حالانکہ میں حائض تھی میں نے بیت اللہ کا طواف نہ کیا اور نہ ہی صفا مروہ کے درمیان سعی کی اور میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا جو

marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ ح وَقَالَ لِي خَلِيفَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا حَبِيبُ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَهَلَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ١٥٤٧
هُوَ وَاَصْحَابُهُ بِالْحَجِّ وَلَيْسَ مَعَ اَحَدٍ مِنْهُمْ هَدْيٌ غَيْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَلْحَةَ وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ مَعَهُ هَدْيٌ فَقَالَ اَهْلَلْتُ بِمَا اَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ اَنْ يَجْعَلُوهَا عُمْرَةً وَيَطُوفُوا ثُمَّ يُقَصِّرُوا وَيَحِلُّوا اِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ فَقَالُوا نَنْطَلِقُ اِلٰى مِنًى وَذَكَرُ اَحَدِنَا يَقْطُرُ مَنِيًّا فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا اَهْدَيْتُ وَلَوْلَا اَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَاَحْلَلْتُ فَحَاضَتْ عَائِشَةُ فَنَسَكَتِ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ اَنَّهَا لَمْ تَطُفْ بِالْبَيْتِ فَلَمَّا طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْبَيْتِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ تَنْطَلِقُونَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ وَاَنْطَلِقُ بِحَجٍّ فَاَمَرَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِي بَكْرٍ اَنْ يَخْرُجَ مَعَهَا اِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرَتْ بَعْدَ الْحَجِّ

حاجی کرتے ہیں وہ کرتی جاؤ مگر بیت اللہ کا طواف نہ کرو حتیٰ کہ حیض سے پاک ہو جاؤ۔

١٥٤٧ — شرح : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ حیض سے پاک ہو کر غسل کریں جیسا کہ مسلم کی روایت میں ہے۔ ابن بطال رحمہ اللہ نے کہا حائضہ بیت اللہ کے طواف کے سوا حج کے سارے ارکان بجا لائے اس پہ تمام علماء کا اتفاق ہے۔ دراصل ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے حج کا احرام باندھا تھا اور مکہ مکرمہ آنے کے وقت وہ حائضہ تھیں اس لئے وہ بیت اللہ کا طواف نہیں کر سکتی تھیں کیونکہ حائضہ کا مسجد میں جانا ممنوع ہے اور صفا مروہ کے درمیان سعی اگرچہ طہارت کے بغیر جائز ہے مگر اس سے پہلے بیت اللہ کا طواف کرنا ضروری ہے اگرچہ بیت اللہ کا طواف تنہا بھی صحیح ہے اسی لئے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق انھوں نے حج کے ارکان ادا کئے کیونکہ بدون طہارت ان کا بجا لانا صحیح ہے اور جب حیض سے پاک ہوگئیں تو غسل کے بعد بیت اللہ کا طواف کر کے صفا اور مروہ کے درمیان سعی کی۔ واللہ ورسولہ اعلم!

١٥٤٨ — ترجمہ : حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ نے حج کا احرام باندھا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور طلحہ رضی اللہ عنہ کے سوا کسی کے پاس ہدی کا جانور نہ تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے تشریف لائے اور ان کے پاس ہدی کا جانور تھا انھوں نے کہا میں نے وہی احرام باندھا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا ہے (قران) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ وہ حج کو عمرہ بنائیں اور بیت اللہ کا طواف کریں اور صفا مروہ کے درمیان سعی کریں پھر سروں کے بال چھوٹے کرائیں اور احرام کھول دیں مگر جس کے ہمراہ ہدی کا جانور ہے (وہ احرام نہ کھولے) صحابہ نے عرض کیا ہم منیٰ کی طرف اس حال میں جائیں کہ ہم نے بیویوں سے جماع کیا ہو؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر

marfat.com

۱۵۴۸ — حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ كُنَّا نَمْنَعُ عَوَاتِقَنَا اَنْ يَخْرُجْنَ فَقَدِمَتْ امْرَاَةٌ فَنَزَلَتْ قَصْرَ بَنِي خَلَفٍ فَحَدَّثَتْ اَنَّ اُخْتَهَا كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثِنْتَيْ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَكَانَتْ اُخْتِي مَعَهُ فِي سِتِّ غَزَوَاتٍ

پہنچی تو آپ نے فرمایا اگر میں پہلے جانتا جو بعد میں جانا ہے تو میں ہدی ہمراہ نہ لاتا اور اگر میرے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہوتا تو میں بھی احرام کھول دیتا، ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو حیض آگیا اور اُنھوں نے حج کے تمام ارکان ادا کئے سوا اس کے کہ اُنھوں نے بیت اللہ کا طواف نہ کیا جب وہ حیض سے پاک ہوگئیں تو طواف کیا اُنھوں نے کہا یارسُول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم! آپ سب حج اور عمرہ کرکے واپس ہو رہے ہیں اور میں صرف حج کرکے واپس ہو جاؤں گی۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبدالرحمٰن بن ابی بکر سے فرمایا کہ ان کے ساتھ تنعیم جائیں پس ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے حج کے بعد عمرہ کیا،،

۱۵۴۸ — شرح : سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر پہنچی کہ صحابہ کرام آپ کی موافقت پسند کرتے ہیں اور حج کا احرام فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھنے سے وہ خوش نہیں آپ نے فرمایا اگر میں پہلے معلوم کر لیتا جو اب معلوم کیا ہے کہ حج کے مہینوں میں عمرہ جائز ہے تو میں قربانی ہمراہ نہ لاتا اور حج فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھ لیتا،، لیکن صاحبِ ہدی کے لئے یہ جائز نہیں،،

تحقیقِ مقام یہ ہے کہ مشرکین حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا بہت بڑا گناہ سمجھتے تھے۔ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا رد کرتے ہوئے صحابہ کرام کو فرمایا کہ حج کا احرام فسخ کرکے عمرہ کا احرام باندھ لیں۔ یہ امر مسلم الثبوت ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر کلام وحی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے " مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى ،، اور جب آپ نے حج کا احرام باندھا تھا اس وقت یہی حکم تھا اور حج کا احرام باندھنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس کے فسخ کا حکم فرمایا تو آپ نے صحابہ کو اس طرح فرمایا یہ بھی وحی سے تھا اس کی تعبیر آپ نے ان الفاظ میں فرمائی " لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمَا سُقْتُ الْهَدْيَ ،، یعنی اگر اللہ تعالیٰ کا حکم اس سے پہلے نازل ہو جاتا تو میں ہدی کا جانور ساتھ نہ لاتا، لہٰذا یہ کہنا صحیح نہیں کہ یہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے حج فسخ کرنے کا علم نہ تھا اِس لئے آپ نے یوں فرمایا،، اور اس طرح کہنا بھی درست ہے کہ پہلے آپ نے التفات نہ فرمائی جس طرف بعد میں متوجہ ہوئے اور عدمِ التفات عدمِ علم کو مستلزم نہیں لہٰذا مذکور وہم کا تصور ہی نہیں ہو سکتا،،

حج کو فسخ کرکے عمرہ کرنا صرف صحابہ کرام کے لئے اسی سال مخصوص تھا اب اس طرح کرنا جائز نہیں اس کی دلیل یہ ہے کہ بلال بن حارث رضی اللہ عنہ نے کہا یارسُول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارا حج کو فسخ کرنا ہماری خصوصیت ہے یا سب لوگوں کے لئے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ تمہارے ساتھ ہی مخصوص ہے (ابوداؤد، ابن ماجہ)

۱۵۴۹ — ترجمہ : ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہم نوجوان عورتوں کو باہر جانے سے منع کیا کرتی تھیں ایک عورت آئی اور قصرِ بنی

marfat.com

قالت كنا نداوي الكلمى ونقوم على المرضى فسألت أختي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت هل على إحدانا بأس إن لم يكن لها جلباب أن لا تخرج قال لتلبسها صاحبتها من جلبابها ولتشهد الخير ودعوة المؤمنين فلما قدم أم عطية سألتها أو قالت سألناها قالت وكانت لا تذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا قالت بيبا فقلت أسمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول كذا وكذا قالت نعم بيبا فقالت لتخرج العواتق وذوات الخدور أو العواتق ذوات الخدور والحيض فيشهدن الخير ودعوة المسلمين وتعتزل الحيض المصلى فقلت الحائض فقالت أوليس تشهد عرفة وتشهد كذا وتشهد كذا باب الاهلال من البطحاء وغيرها للملبي وللحاج إذا خرج إلى منى وسئل عطاء عن المجاور أيلبي بالحج فقال كان ابن عمر يلبي يوم التروية إذا صلى الظهر واستوى على راحلته وقال عبد الملك عن عطاء عن جابر قال قدمنا مع النبي صلى الله عليه وسلم فأحللنا حتى يوم التروية وجعلنا مكة بظهر لبيتنا بالحج وقال أبو الزبير عن جابر أهللنا من البطحاء وقال عبيد ابن جريج لابن

خلف میں ٹھہری اس نے بیان کیا کہ اس کی ہمشیرہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک صحابی کی بیوی تھی جس نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بارہ جنگیں لڑی ہیں اور ان میں چھ لڑائیوں میں میری بہن اس کے ساتھ رہی، اُس نے کہا ہم زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھیں اور بیماروں کی عیادت کرتی تھیں میری بہن نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا ہم میں سے کسی کے پاس چادر نہ ہو تو اس کے باہر نہ جانے میں کوئی حرج ہے؟ (عید گاہوں میں نہ جانے میں) آپ نے فرمایا اس کی سہیلی اپنی چادر اس کو دیدے وہ مومنوں کی دعاؤں میں ضرور حاضر ہو جب ام عطیہ رضی اللہ عنہا آئی تو عورتوں نے اس سے پوچھا یا یوں کہا کہ ہم نے اس سے پوچھا (اس کی عادت تھی کہ) وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جب بھی ذکر کرتی تو کہتی (بابی) میرا باپ آپ پر قربان ہو،، ہم نے کہا کیا تو نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح فرماتے ہوئے سنا ہے؟ اُس نے کہا جی ہاں! میرا باپ آپ پر فدا ہو! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نوجوان پردہ دار خواتین اور حیض والی عورتیں (عید گاہوں کی طرف) باہر نکلیں اور خیر کی باتوں اور مومنوں کی دعاؤں میں شریک ہوں اور حیض والی عورتیں عید گاہ سے علیحدہ رہیں میں نے کہا کیا حیض والی عورتیں؟ آپ نے فرمایا کیا حیض والی عورت عرفہ میں نہیں جاتی کیا وہ فلاں اور فلاں مقام نہیں جاتی،،

شرح : آخر کے الفاظ میں حدیث کی عنوان سے مناسبت ہے،، کیونکہ اس کا معنیٰ یہ ہے کہ وہ وقوف عرفہ، وقوف مزدلفہ میں حاضر ہوتی ہے سنگریزے مارتی ہے ان کے علاوہ بیت اللہ کے طواف کے سوا حج کے دیگر ارکان بجا لاتی ہے۔ یہی باب کا عنوان ہے۔ شہود الحائض فی العیدین کے باب کی حدیث ۳۲۰ کی تشریح دیکھیں،

۱۵۴۹ ——

marfat.com

عَمْرٌ رَأَيْتَكَ إِذَا كُنْتَ بِمَكَّةَ أَهَلَّ النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الْهِلَالَ وَلَمْ تُهِلَّ أَنْتَ حَتَّى يَوْمِ التَّرْوِيَةِ فَقَالَ لَمْ أَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهِلُّ حَتَّى تَنْبَعِثَ بِهِ رَاحِلَتُهُ ،

باب — اہلِ مکّہ کے لئے بطحا اور دیگر مقامات سے احرام باندھنا اور حج کرنے والے جب وہ منیٰ کی طرف نکلیں ——"

عطاء سے اس شخص کے متعلق پوچھا گیا جو مکہ میں مقیم ہو کیا وہ حج کے لئے لبیک کہے ؟،، اُنھوں نے کہا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما آٹھویں ذوالحجہ کو تلبیہ کہتے تھے جبکہ وہ ظہر کی نماز پڑھ کر اپنی سواری پر سوار ہو کر سیدھے ہو جاتے تھے ۔ عبدالمالک نے عطاء سے اُنھوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روائت کی کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ مکرمہ آئے تو ہم نے احرام باندھا حتی کہ ترویہ (۸ ذوالحجہ) کا دن آگیا اور ہم نے مکہ کو اپنے پیچھے کیا تو ہم نے حج کے لئے لبیک کہا ۔ ابوالزُبیر نے جابر سے روائت کرتے ہوئے کہا ہم نے بطحاء سے احرام باندھا اور عُبید بن جرّاح نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ جب آپ مکہ میں ہوتے ہیں تو لوگ جب چاند دیکھ لیں تو احرام باندھ لیتے ہیں لیکن آپ ترویہ (۸ ذوالحجہ) کے دن تک احرام نہیں باندھتے ،،

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ آپ احرام باندھتے ہوں حتیٰ کہ آپ کی سواری منیٰ کی طرف چل پڑتی ،،

مکی سے مراد وہ ہے جو مکہ میں رہتا ہو اور وہ حج کا ارادہ کرے ،، حاجی سے مراد وہ ہے جو باہر سے آئے اور تمتّع کا ارادہ کرے جبکہ وہ مکّہ سے منیٰ کی طرف جائے ،،

باب کے عنوان کا مُحصّل یہ ہے کہ مکّی اور متمتع بالحج نفسِ مکہ سے احرام باندھے اس کا ترک جائز نہیں اور جو شخص حج کا احرام باندھنا چاہے وہ نفسِ مکّہ سے باہر ہو کر حل یا حرم سے احرام باندھے ،، امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ اہلِ مکّہ کا میقات حج میں حرم ہے اور مسجد حرام سے احرام باندھنا افضل ہے" ذوالحجہ کی آٹھ تاریخ کو ترویہ کہا جاتا ہے کیونکہ اس روز منیٰ پھر عرفات جانا ہوتا ہے اس لئے لوگ اونٹوں کو پانی پلا کر خوب سیراب کرتے تھے ۔

marfat.com

بَابُ اَيْنَ يُصَلِّي الظُّهْرَ فِي يَوْمِ التَّرْوِيَةِ حدثني

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ الْاَزْرَقُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قُلْتُ اَخْبِرْنِيْ بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ بِمِنًى قُلْتُ فَاَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ قَالَ بِالْاَبْطَحِ ثُمَّ قَالَ افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ اُمَرَاؤُكَ ١٥٥٠

حَدَّثَنَا عَلِيٌّ

سَمِعَ اَبَا بَكْرِ بْنَ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ قَالَ لَقِيْتُ اَنَسًا ح وَحَدَّثَنِيْ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ خَرَجْتُ اِلٰى مِنًى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ فَلَقِيْتُ اَنَسًا رَاكِبًا عَلٰى حِمَارٍ فَقُلْتُ اَيْنَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْيَوْمَ الظُّهْرَ قَالَ انْظُرْ حَيْثُ يُصَلِّيْ اُمَرَاؤُكَ فَصَلِّ ١٥٥١

عطاء کا اثر عنوان کے اس طرح مناسب ہے کہ سواری پر سیدھا ہونے کا معنیٰ سفر کرنا ہے لہٰذا سواری پر استواء کی ابتداء شہر سے باہر نکلنے کی ابتداء ہے اور عبدالملک کے اثر کا معنیٰ یہ ہے کہ ہم نے ترویہ کے روز مکہ اپنے پیچھے کیا حالانکہ ہم حج کا تلبیہ کہہ رہے تھے۔ معلوم ہوا کہ وہ مکہ سے نکلتے وقت محرم تھے۔

باب ــ ترویہ کے روز ظہر کی نماز کہاں پڑھے "

١٥٥٠ ــــ ترجمہ : عبدالعزیز بن رفیع نے کہا میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا آپ مجھے ایک شئ کی خبر دیں جو آپ نے نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پائی ہو آپ نے ترویہ کے دن ظہر اور عصر کی نمازیں کہاں پڑھی تھیں؟ کہا "منیٰ" میں۔ میں نے کہا نفر کے دن عصر کی نماز کہاں پڑھی؟ کہا ابطح وادی میں پھر انس نے فرمایا تم وہ کرو جو تمہارے اُمراء کریں۔"

١٥٥١ ــــ ترجمہ : عبدالعزیز نے کہا میں ترویہ کے دن منیٰ کی طرف گیا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ملا جو گدھے پہ سوار جا رہے تھے میں نے کہا نبئ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روز ظہر کی نماز کہاں پڑھی؟ اُنھوں نے کہا دیکھو جہاں تمہارے اُمراء نماز پڑھتے ہیں تم بھی وہاں نماز پڑھو!

١٥٥٠ ، ١٥٥١ ــــ شرح : "ابطح" مکہ مکرمہ اور منیٰ کے درمیان وسیع میدان ہے یہاں اس سے وادی محصب

marfat.com

مراد ہے "یوم النفر" منیٰ سے واپسی کا دن ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اُمراء کی اتباع کرنا ضروری اور جماعت کی مخالفت سے احتراز لازم ہے۔ منیٰ میں پانچ نمازیں پڑھنا مستحب ہیں۔ سیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی نمازیں منیٰ میں پڑھیں،، اور مستحب امر وہ ہے جو شارع علیہ السلام نے کیا ہے ۔ امام مالک، سفیان ثوری، امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام احمد رضی اللہ عنہم کا یہی مسلک ہے،، مسلم کی حدیث اس کی تائید کرتی ہے کہ ترویہ کے دن صحابہ منیٰ کی طرف نکلے اور حج کا احرام باندھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار تھے اور منیٰ میں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور عرفہ کے دن فجر کے نماز پڑھی،، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ظہر کی نماز منیٰ میں پڑھنے کی کوشش کرتے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح پڑھی ہے حاکم نے قاسم بن محمد کے واسطہ سے عبداللہ بن زبیر سے روائت کی کہ حج میں سنّت یہ ہے کہ امام ظہر، عصر اور اس کے مابعد والی نمازیں اور فجر منیٰ میں پڑھے پھر صبح کو عرفات جائیں،، امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ لوگ ترویہ کے دن مکہ میں صبح کی نماز پڑھنے کے بعد منیٰ جاتے تھے تاکہ ظہر کی نماز اوّل وقت میں پڑھنے میں آسانی رہے" امام شافعی کا مشہور مذہب یہی ہے،، ایک ضعیف قول یہ بھی ہے کہ لوگ ظہر کی نماز مکہ میں پڑھتے پھر منیٰ کو جاتے تھے،، مہلب نے کہا لوگوں کے لئے اس روز وسیع گنجائش ہے کہ جب پسند کریں منیٰ کی طرف نکلیں اور جہاں ممکن ہو نمازیں پڑھیں،، اسی لئے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا جہاں امراء پڑھتے ہیں وہاں تم پڑھو! مگر مستحب امر وہی ہے جو شارع علیہ السّلام نے کیا ہے (عینی)

حج کا اجمالی بیان یہ ہے کہ میقات سے احرام باندھے مکہ جاکر بیت اللہ کا طواف کرے اور پہلے تین پھیروں میں رمل کرے اور باقی چار میں اپنی حالت پر چلے پھر مقام ابراہیم کے پاس دو رکعتیں پڑھے پھر صفا مروہ کے درمیان سات پھیرے لگائے اور ہر پھیرے میں میلین اخضرین کے درمیان دوڑے،، پھر اگر اس کے پاس ہدی نہیں ہے تو احرام کھول دے اور ترویہ یعنی آٹھ ذوالحجہ کو مکہ سے حج کا احرام باندھ لے اور ظہر سے عرفہ کی صبح تک پانچ نمازیں منیٰ میں پڑھے۔ نویں ذوالحجہ کو سورج نکلنے کے بعد عرفات میں جائے اور شام تک وہاں رہے اور ظہر کے وقت میں ظہر اور عصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھے سورج غروب ہونے کے بعد مزدلفہ چلا جائے اور وہاں مغرب اور عشاء کی نمازیں جمع کرکے پڑھے طلوع فجر تک مزدلفہ میں رہے۔ فجر کے طلوع ہونے کے بعد اندھیرے میں صبح کی نماز پڑھ لے اور سورج نکلنے سے پہلے مزدلفہ سے منیٰ میں آجائے وہاں جمرہ عقبہ پر سات سنگریزے مارے پھر قربانی کا جانور ذبح کرے پھر سر منڈوا دے اور بارہ ذوالحجہ کو مکہ مکرمہ آکر بیت اللہ کا طواف کرے یہ طواف زیارت ہے جو فرض ہے جب وطن کو روانگی ہو تو بیت اللہ کا طواف کرے یہ طواف الوداع ہے۔ یہ واجب ہے اور حیض والی عورت سے ساقط ہے واپسی میں بیت اللہ کی طرف پیٹھ نہ کرے اور پچھلے قدم رونا ہوا وطن کو لوٹ جائے۔ واللہ ورسولہ اعلم!

ثم الاجزآء الثلاثه ويليها الجزء الرابع والذى بعده ان شاء الله تعالىٰ
صلى الله تعالىٰ على حبيبه حبيب الانبياء والمرسلين وعلىٰ اٰله واصحابه وبارك وسلم

marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فہرست تفہیم البخاری

حصّہ دوم — پارہ : ۴ تا ۶

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب۔ نمازی کا کپڑوں کو گرہ لگا لینا اور ان کو باندھ لینا" جس نے اپنا کپڑا سمیٹا جبکہ اس کو کشفِ عورت کا خوف ہو "	۱	۷۸۱
باب — نمازی بالوں کو نہ سمیٹے"	۲	۷۸۲
باب — سجدہ میں تسبیح اور دُعا پڑھنا	۳	۷۸۴
باب — دو سجدوں کے درمیان ٹھہرنا	۴	۷۸۵
جلسۂ استراحت پر استدلال اور اس کا جواب	"	"
باب — سجدہ میں اپنی کلائیاں زمین پر نہ بچھائے	۵	۷۸۸
باب — جو شخص نماز کی طاق رکعت میں سیدھا بیٹھ گیا پھر اُٹھا — جلسۂ استراحت کے جواز کا جواب۔	۶	۷۸۹
باب — جب رکعت سے کھڑا ہونے کا ارادہ کرے تو زمین پر اعتماد کیسے کرے۔	۷	۷۹۰
باب — نمازی تکبیر کہے جبکہ دو رکعت نماز پڑھ کر اُٹھے۔	۷	۷۹۱
باب — تشہد میں بیٹھنے کا طریقہ	۸	"
عورت نماز میں مرد کی طرح بیٹھے	۹	۷۹۳
اس میں علماء کے اقوال	۱۰	۷۹۴
باب — جس نے پہلا تشہد فرض نہ جانا	۱۱	۷۹۵
مسئلہ۔ سجدہ سہو سلام کے بعد ہے	۱۱	"
باب — پہلے قعدہ میں تشہد کی مشروعیت	۱۲	۷۹۶
باب — دوسرے قعدہ میں تشہد پڑھنا۔	۱۲	—
مسئلہ — التحیات کے معانی اور اس کی تفصیل۔	۱۳	۷۹۷
باب — سلام پھیرنے سے پہلے دُعا	۱۵	۷۹۸
مسئلہ۔ مسیح علیہ السلام اور مسیح دجال میں فرق	۱۶	—
باب — تشہد کے بعد جو بھی چاہے دعا کرے اور وہ واجب نہیں۔	۱۷	۸۰۰
باب — جس نے پیشانی اور ناک سے مٹی کو نہ پونچھا حتی کہ نماز پڑھ لی۔	۱۷	۸۰۱
باب — نماز کے آخر میں سلام پھیرنا	۱۸	—
مسئلہ۔ تکبیر تحریمہ اور تسلیم میں علماء کے اقوال۔	"	—
مسئلہ۔ سلام پھیرنے کے بعد امام کس طرح بیٹھے؟	۱۹	۸۰۲

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ مقتدی اس وقت سلام پھیرے جب امام سلام پھیرے۔	۱۹	۸۰۲
مسئلہ ــ سلام دونوں طرف مشروع ہے۔	۲۰	۸۰۳
باب ــ جس نے امام کو سلام نہ کیا اور نماز کے سلام پر اکتفاء کی۔	۲۰	
مسئلہ ــ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم صدورِ رجال پر مطلع ہیں۔	۲۱	۸۰۴
باب ــ نماز کے بعد ذکر کرنا۔	۲۲	۸۰۵
باب ــ امام لوگوں کی طرف متوجہ ہو جبکہ وہ نماز سے پھرے۔	۲۵	۸۰۹
باب ــ سلام پھیرنے کے بعد امام کا مصلیٰ پر ٹھہرے رہنا۔	۲۷	۸۱۲
باب ــ جس نے لوگوں کو نماز پڑھائی پھر کوئی کام یاد آیا اور وہ لوگوں کو پھاندتا ہوا چلا گیا۔	۲۸	۸۱۳
باب ــ دائیں اور بائیں طرف پھرنا	۲۹	۸۱۴
باب ــ کچا لہسن، پیاز اور گندنا کے بارے میں احادیث کا بیان۔	۳۰	۸۱۵
باب ــ بچوں کا وضو کرنا، ان پر غسل اور طہارت کب واجب ہوتی ہے؟	۳۴	۸۱۹
مسئلہ ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضوء شریف کی مماثلت پر کسی دوسرے کو قدرت نہیں۔	۳۵	۸۲۱
باب ــ عورتوں کا رات اور اندھیرے میں مساجد میں جانا	۳۷	۸۲۶
باب ــ عورتوں کی نماز مردوں کی صفوں کے پیچھے صبح کی نماز سے فارغ ہو کر عورتوں کا	۴۰	۸۳۲
جلدی گھروں کو چلے جانا اور مسجد میں کم ٹھہرنا۔	۴۱	۸۳۴
باب ــ مسجد میں جانے کے لئے عورت کا اپنے شوہر سے اجازت حاصل کرنا۔	۴۱	۸۳۵
کتاب الجمعۃ	۴۲	
باب ــ جمعہ کی فرضیت۔	۴۲	۸۳۸
باب ــ جمعہ کے دن غسل کی فضیلت۔	۴۴	۸۳۹
مسئلہ ــ جمعہ کے دن غسل مستحب ہے۔	ــ	ــ
باب ــ جمعہ کے لئے خوشبو لگانا۔	۴۶	۸۴۲
باب ــ جمعہ کی فضیلت۔	۴۷	۸۴۳
باب ــ جمعہ کے لئے بالوں کو تیل لگانا۔	۴۹	۸۴۵
باب ــ نفیس کپڑے جو میسر ہوں پہننے۔	۵۰	۸۴۸
باب ــ جمعہ کے دن مسواک کرنا	۵۱	۸۴۹
جس نے اپنے غیر کی مسواک استعمال کی	۵۲	۸۵۲
باب ــ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں کیا پڑھا جائے	۵۳	۸۵۳
باب ــ دیہات اور شہروں میں جمعہ پڑھنا	۵۴	۸۵۴
مسئلہ ــ دیہات میں جمعہ پڑھنے کی تحقیق۔	۵۵	〃
باب ــ عورتوں اور بچوں وغیرہم سے جو جمعہ پڑھنے کے لئے حاضر نہ ہوں کیا اُن کے لئے غسل ہے؟	۵۷	۸۵۶
باب ــ جو کوئی جمعہ کی نماز میں بارش کے دن حاضر نہ ہو اس کے لئے رخصت	۶۰	۸۶۱

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ جمعہ کے لئے کتنی دُور سے آئیں اور کس پر جمعہ فرض ہے۔	۶۰	ــ
باب ــ جمعہ کا وقت جبکہ سُورج ڈھل جائے۔	۶۲	۸۶۳
باب ــ جمعہ کے دن جب گرمی سخت ہو جائے۔	۶۳	۸۶۶
باب ــ جمعہ کے لئے سعی کرنا۔	۶۴	ــ
باب ــ جمعہ کے روز دو شخصوں کے درمیان تفریق نہ کرے۔	۶۶	۸۷۰
باب ــ کوئی مرد جمعہ کے دن اپنے بھائی کو اٹھا کر خود وہاں نہ بیٹھے۔	۶۷	۸۷۱
باب ــ جمعہ کی اذان۔	۶۸	۸۷۲
مسئلہ ــ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ مؤذّن تھے۔	〃	〃
مسئلہ ــ مسجد میں اذان مکروہ ہے۔	〃	〃
باب ــ جمعہ کے دن ایک مؤذن کا اذان کہنا۔	۶۹	۸۷۳
باب ــ امام جب اذان سُنے تو منبر پر جواب دے۔	〃	۸۷۴
باب ــ اذان دینے کے وقت امام کا منبر پر بیٹھنا۔	۷۰	۸۷۵
باب ــ خطبہ کے وقت اذان کہنا۔	۷۱	۸۷۶
باب ــ خطبہ منبر پر دینا	〃	۸۷۷
باب ــ کھڑے ہو کر خطبہ دینا	۷۴	۸۸۰
باب ــ امام لوگوں کی طرف منہ کرے (خطبہ میں) اور لوگوں کا امام کی طرف منہ کرنا جبکہ امام خطبہ دے۔	۷۵	۸۸۱
باب ــ جس میں خطبہ میں ثناء کے بعد اَمَّا بَعْدُ کہا۔	۷۶	ــ
مسئلہ ــ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کو دیکھا۔	۷۷	ــ

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ جمعہ کے دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا۔	۸۰	۸۸۷
باب ــ خاموش ہو کر خطبہ سُننا۔	۸۱	۸۸۸
باب ــ جب امام کسی شخص کو، ا ہوا دیکھے اور وہ خطبہ پڑھ رہا ہو تو اس کو حکم دے کہ وہ دو رکعتیں پڑھ لے۔	۸۲	۸۸۹
باب ــ جو کوئی آئے اور امام خطبہ دے رہا ہو تو ہلکی سی دو رکعتیں پڑھ لے۔	۸۳	۸۹۰
باب ــ خطبہ میں دونوں ہاتھ اُٹھانا۔	۸۴	۸۹۱
باب ــ جمعہ کے روز خطبہ میں بارش کی دُعاء کرنا	〃	۸۹۲
باب ــ جمعہ کے دن خاموش رہنا جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو۔	۸۵	۸۹۳
باب ــ جمعہ کے دن مقبولیت	۸۶	۸۹۴
باب ــ لوگ جب جمعہ کی نماز میں امام کو چھوڑ کر چلے جائیں تو امام اور باقی لوگوں کی نماز جائز ہے۔	۸۷	۸۹۵
باب ــ جمعہ سے پہلے اور اس کے بعد نماز پڑھنا۔	۸۸	۸۹۶
مسئلہ ــ جمعہ کے بعد سنتیں پڑھنا۔	۸۹	〃
باب ــ اللہ تعالیٰ کا ارشاد، اور جب نماز ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو۔	۸۹	۸۹۷

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ۔ جمعہ کے بعد قیلولہ کرنا	۹۱	۸۹۹
ابواب صلوٰۃ الخوف		
باب ۔ خوف کے وقت نماز پڑھنا۔	۹۲	۹۰۱
باب ۔ پیدل اور سوار ہوکر خوف کی نماز پڑھنا۔	۹۴	۹۰۲
باب ۔ صلوٰۃِ خوف میں مجاہدین ایک دوسرے کی حفاظت کریں ۔	۹۵	۹۰۳
باب ۔ قلعوں پر چڑھائی اور دشمن سے ملاقات کے وقت نماز پڑھنا	۹۶	۔
باب ۔ طالب اور مطلوب کا سواری پر اشارہ سے نماز پڑھنا	۹۷	
باب ۔ حملہ کرنے اور لڑائی شروع کرنے کے وقت جلدی کرنا اور صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھنا۔	۹۹	۹۰۶
کتاب العیدین		
باب ۔ دونوں عیدوں میں زیب و زینت کرنا	۱۰۱	۹۰۷
باب ۔ عید کے دن برچھوں اور ڈھالوں سے مشق کرنا۔	۱۰۲	۹۰۸
باب ۔ مسلمانوں کے لئے عیدوں میں طریق کار۔	۱۰۴	۹۰۹
مسئلہ ۔ گانے کی حرمت کی تحقیق ۔	۱۰۵	۹۱۰
باب ۔ عیدگاہ جانے سے پہلے عید الفطر میں کچھ کھا لینا ۔	۱۰۵	۹۱۱
باب ۔ نحر کے دن کھانا	۱۰۶	۹۱۲
باب ۔ منبر کے بغیر عیدگاہ کو جانا	۱۰۸	۹۱۴

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ۔ عید کی نماز کے لئے پیدل اور سوار ہوکر جانا اور عید کی نماز اذان اور اقامت کے بغیر ۔	۱۰۹	۹۱۵
باب ۔ عید کی نماز کے بعد خطبہ	۱۱۰	۹۱۷ تا ۹۲۰
باب ۔ عید اور حرم میں ہتھیار اٹھا کر چلنا مکروہ ہے۔	۱۱۲	۹۲۱
باب ۔ عید کی نماز جلدی پڑھنا	۱۱۵	۹۲۳
باب ۔ ایام تشریق میں عمل کی فضیلت	۱۱۶	۔
باب ۔ ایامِ منیٰ میں تکبیر کہنا اور جب عرفات کو جائے ۔	۱۱۷	۔
باب ۔ برچھے کی طرف عید کی نماز۔	۱۱۹	۹۲۷
باب ۔ عید کے دن امام کے آگے آگے نیزہ اٹھانا۔	۔	۹۲۸
باب ۔ حیض والی عورتوں کا عیدگاہ جانا۔	۱۲۰	۹۲۹
باب ۔ بچوں کا عیدگاہ جانا۔	۱۲۱	۹۳۰
باب ۔ عید کے خطبہ میں امام کا لوگوں کی طرف منہ کرنا ۔	۱۲۱	۹۳۱
باب ۔ عیدگاہ میں منبر	۱۲۲	۹۳۲
باب ۔ عید کے دن امام کا عورتوں کو وعظ کرنا ۔	۱۲۳	۹۳۳
باب ۔ جب کسی عورت کے پاس عید کے دن چادر نہ ہو	۱۲۴	۹۳۴
باب ۔ حیض والی عورتوں کا عیدگاہ سے علیحدہ رہنا ۔	۱۲۶	۹۳۵
باب ۔ دسویں ذی الحجہ کو عیدگاہ کے	۱۲۶	۹۳۶

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
قربیب نحر و ذبح کرنا۔		
باب ــ عید کے خطبہ میں امام اور لوگوں کا کلام کرنا اور جب امام سے سوال کیا جائے حالانکہ وہ خطبہ دے رہا ہے۔	۱۲۷	۹۳۷
باب ــ عید کے دن جس نے راستہ تبدیل کیا جبکہ (نماز عید سے) واپس ہو۔	۱۲۴	۹۴۰
باب ــ جب نمازی سے عید کی نماز فوت ہو جائے تو وہ دو رکعتیں پڑھے۔ اس طرح عورتیں اور جو لوگ گھروں اور دیہات میں ہو وہ دو رکعتیں پڑھیں۔	۱۳۰	۹۴۱
باب ــ نماز عید سے پہلے اور اس کے بعد نماز پڑھنی۔	۱۳۱	۹۴۲
باب ــ وتر کا وقت۔	۱۳۸	۹۴۷
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا گھر والوں کو وتر کے لئے بیدار کرنا۔	۱۳۹	۹۴۹
باب ــ آخری نماز کو وتر کرے۔	۱۴۰	۹۵۰
باب ــ سواری پر وتر کی نماز پڑھنا۔	۱۴۱	۹۵۱
باب ــ سفر میں وتر پڑھنا۔	۱۴۲	۹۵۲
باب ــ رکوع سے پہلے اور اس کے بعد قنوت پڑھنا۔	۱۴۲	۹۵۳
کِتَابُ الْاِسْتِسْقَاءِ		
باب ــ بارش طلب کرنا	۱۴۵	۹۵۶
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دعا کرنا کہ اے اللہ! کفار پر ایسی قحط سالی کر جو یوسف کے زمانہ میں تھی۔	۱۴۶	۹۵۷
باب ــ لوگوں کا امام سے استسقاء کا سوال کرنا جبکہ وہ قحط میں مبتلا ہوں۔	۱۴۹	۹۵۹
مسئلہ ــ اولیاء کرام سے توسل جائز ہے۔	۱۵۰	۹۶۰
باب ــ بارش کی دعا کے وقت چادر الٹنا۔	۱۵۱	۹۶۱
باب ــ جب اللہ تعالیٰ کے حدود کا خیال نہ کیا جائے تو اللہ کا اپنے بندوں سے قحط کے ذریعہ انتقام لینا۔	۱۵۲	۹۶۳
باب ــ جامع مسجد میں بارش کے لئے دعاء کرنا	۱۵۲	۹۶۳
باب ــ جمعہ کے خطبہ میں بارش کے لئے دعاء کرنا جبکہ قبلہ رو نہ ہو۔	۱۵۴	۹۶۴
باب ــ منبر پر بارش کے لئے دعا کرنا۔	۱۵۵	۹۶۵
باب ــ جس نے بارش کے لئے دعا میں جمعہ کی نماز پر اکتفاء کی۔	۱۵۶	۹۶۶
باب ــ دعا کرنا جبکہ بارش کی کثرت سے راستے بند ہو جائیں۔	۱۵۷	۹۶۷
باب ــ جو کہا گیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن بارش کے لئے دعا میں اپنی چادر کو نہیں الٹا۔	۱۵۸	۹۶۸

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ جب امام سے بارش برسنے کے لئے سفارش کریں تو وہ ان کی درخواست مسترد نہ کرے۔	۱۵۸	۹۶۹
باب ــ جب مُشرک مسلمانوں سے قحط کے وقت دُعاء کی درخواست کریں۔	۱۵۹	۹۷۰
باب ــ جب بارش زیادہ ہونے لگے تو یہ دُعا کرنا ہمارے ارد گرد ہو ہم پر بارش نہ ہو۔	۱۶۰	۹۷۱
باب ــ بارش طلب کرنے کے لئے کھڑے ہو کر دعاء کرنا	۱۶۱	۹۷۲
باب ــ استسقاء کی نماز میں جہر سے قرأت کرنا۔	۱۶۲	۹۷۳
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پشت شریف لوگوں کی طرف کیسے موڑی۔	۱۶۲	۹۷۲
باب ــ استسقاء کی نماز دو رکعتیں ہیں۔	۱۶۳	۹۷۵
باب ــ عیدگاہ میں بارش کے لئے دُعاء کرنا۔	۱۶۳	۹۷۶
باب ــ استسقاء کی نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا	۱۶۴	۹۷۷
باب ــ لوگوں کا استسقاء کی نماز میں امام کے ساتھ ہاتھ اُٹھانے۔	۱۶۵	-
باب ــ استسقاء میں امام کا اپنے ہاتھ اُٹھانا	۱۶۶	۹۷۸
باب ــ جب بارش ہو تو کیا کہا جائے۔	۱۶۶	۹۷۹
باب ــ جب کوئی بارش میں کھڑا رہا حتیٰ کہ اس کی ڈاڑھی سے قطرے ٹپکنے لگے۔	۱۶۷	۹۸۰
باب ــ جب ہوا چلے۔	۱۶۸	۹۸۱
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بادِ صبا سے میری مدد کی گئی۔	۱۶۹	۹۸۲
باب ــ زلزلوں اور علامات قیامت میں جو ارشاد کیا گیا	۱۷۰	۹۸۳
باب ــ تم اپنا حصہ یہ کرتے ہو کہ تم میری تکذیب کرتے ہو۔ ابن عباس نے کہا رزق سے مراد شکر ہے۔	۱۷۱	۹۸۵
باب ــ اللہ کے سوا بذاتِ خود کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب ہوگی۔	۱۷۲	۹۸۶
کتاب الکسوف		
باب ــ سورج گرہن میں نماز پڑھنا۔	۱۷۳	۹۸۷
باب ــ سورج گرہن کے وقت صدقہ خیرات کرنا۔	۱۷۵	۹۹۱
باب ــ سورج گرہن میں یہ اعلان کرنا کہ نماز کے لئے جمع ہو جاؤ۔	۱۷۶	۹۹۲
باب ــ سُورج گرہن کی نماز میں امام کا خطبہ دینا۔	۱۷۷	۹۹۳
باب ــ کیا یہ کہا جاتا ہے کہ سُورج کو کسوف یا خسوف ہُوا	۱۷۸	۹۹۴
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کسوف کے ذریعے خوف دلاتا ہے۔	۱۷۹	۹۹۵
باب ــ سُورج کو گرہن کے وقت عذاب قبر سے پناہ مانگنا۔	۱۸۰	۹۹۶
باب ــ کسوف کی نماز میں سجدہ لمبا کرنا	۱۸۱	۹۹۷
باب ــ کسوف کی نماز باجماعت پڑھنا۔ مسئلہ ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا۔	۱۸۲	۹۹۸
	۱۸۴	۹۹۸

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ عورتوں کا مردوں کے ساتھ کسوف کی نماز پڑھنا۔	۱۸۵	۹۹۹
باب ــ جس نے سورج گرہن میں غلام آزاد کرنا	۱۸۶	۱۰۰۰
باب ــ مسجد میں کسوف کی نماز پڑھنا۔	۱۸۶	۱۰۰۱
باب ــ کسی کی موت اور حیات کے باعث سورج کو گرہن نہیں لگتا۔	۱۸۷	۱۰۰۲
باب ــ کسوف کی نماز میں ذکر کرنا۔	۱۸۸	۱۰۰۴
باب ــ گرہن میں دعاء کرنا۔	۱۸۹	۱۰۰۵
باب ــ چاند گرہن کے وقت نماز پڑھنا۔	۱۹۰	۱۰۰۶
باب ــ گرہن کے خطبہ میں امام کا اما بعد کہنا۔	۱۹۰	ــ
باب ــ کسوف کی نماز میں پہلی رکعت دراز ہے۔	۱۹۱	۱۰۰۸
باب ــ کسوف کی نماز میں بلند آواز سے قرأت کرنا	۱۹۱	۱۰۰۹
ابواب سجود القرآن		
باب ــ جو سجودِ قرآن اور سجدہ تلاوت کے سنت ہونے میں آیا ہے۔	۱۹۳	۱۰۱۰
باب ــ تنزیلُ السجدۃ میں سجدہ۔	۱۹۴	۱۰۱۱
باب ــ صٓ میں سجدہ۔	۱۹۴	۱۰۱۲
باب ــ سورۂ نجم میں سجدہ۔	۱۹۵	۱۰۱۳
باب ــ مسلمانوں کا مشرکوں کے ساتھ سجدہ کرنا۔	۱۹۵	۱۰۱۴
باب ــ جس نے سجدہ کی آیت پڑھی اور سجدہ نہ کیا۔	۱۹۷	۱۰۱۵
باب ــ اِذَا السَّمَآءُ انشَقَّتْ میں سجدہ۔	۱۹۷	۱۰۱۷
باب ــ جس نے قاری کا سجدہ کرنے کی وجہ سے سجدہ کیا۔	۱۹۸	۱۰۱۸
باب ــ جب امام سجدہ کی آیت پڑھے تو لوگوں کا ہجوم ہو جانا۔	۱۹۹	۱۰۱۹
باب ــ جس نے یہ اعتقاد کیا کہ اللہ تعالیٰ نے سجدۂ تلاوت واجب نہیں فرمایا۔	۲۰۰	۱۰۲۰
باب ــ جس نے نماز میں سجدہ کی آیت پڑھی اور نماز میں سجدہ کیا۔	۲۰۱	۱۰۲۱
باب ــ ہجوم کے سبب یا جو شخص سجدہ کے لئے جگہ نہ پائے۔	۲۰۲	۱۰۲۲
ابواب تقصیر الصلوٰۃ		
باب ــ تقصیر الصلوٰۃ میں جو احادیث وارد ہیں اور کتنے دن اقامت تک قصر کرے۔	۲۰۳	۱۰۲۳
باب ــ منیٰ میں نماز پڑھنا۔	۲۰۵	۱۰۲۵
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج میں کتنے روز اقامت فرمائی۔	۲۰۷	۱۰۲۸
باب ــ کتنی مسافت کے سفر میں قصر کرے	۲۰۸	۱۰۳۰
باب ــ جب اپنے موضع سے باہر نکلے تو نماز میں قصر کرے۔	۲۰۹	۱۰۳۲
باب ــ سفر میں مغرب کی نماز تین رکعتیں ہیں۔	۲۱۱	۱۰۳۴
باب ــ سواری پر نفل نماز پڑھنا وہ جدھر بھی متوجہ ہو۔	۲۱۲	۱۰۳۵
باب ــ سواری پہ اشارہ سے نماز پڑھنا	۲۱۳	۱۰۳۸
باب ــ فرض نماز پڑھنے کے لئے سواری سے اُتر جائے۔	۲۱۴	۱۰۳۹

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
پانچواں پارہ		
باب ــ گدھے پر سوار کا نفل نماز پڑھنا۔	۲۱۵	۱۰۴۱
باب ــ جس شخص نے سفر کی حالت میں نماز کے بعد اور پہلے نفل نہ پڑھے۔	۲۱۶	۱۰۴۲
باب ــ جس نے سفر کی حالت میں فرض نمازوں کے بعد اور ان سے پہلے نفل نہ پڑھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کی حالت میں فجر کی سنتیں پڑھیں۔	۲۱۸	۱۰۴۴
باب ــ سفر میں مغرب اور عشاء کی نمازوں کو جمع کرنا۔	۲۱۹	۱۰۴۶
باب ــ جب مغرب و عشاء کی نمازوں کو جمع کرے کیا اذان یا اقامت کہے۔	۲۲۱	۱۰۴۷
باب ــ جو شخص سورج ڈھلنے سے پہلے سفر شروع کرے وہ ظہر کو عصر تک مؤخر کرے۔	۲۲۲	۱۰۴۹
باب ــ جب سورج ڈھلنے کے بعد سفر کرے تو ظہر کی نماز پڑھ کر سوار ہو۔	۲۲۲	۱۰۵۰
باب ــ بیٹھنے والے کی نماز۔	۲۲۳	۱۰۵۱
باب ــ بیٹھ کر اشارہ سے نماز پڑھنا۔	۲۲۵	۱۰۵۴
باب ــ جب بیٹھ کر نماز پڑھنے کی طاقت نہ ہو تو لیٹ کر پڑھ لے۔	۲۲۶	۱۰۵۵
باب ــ جب بیٹھ کر نماز پڑھتا ہو پھر تندرست ہو جائے یا مرض میں تخفیف محسوس کرے تو باقی نماز پوری کرے۔	۲۲۷	۱۰۵۶
کتاب التہجد		
باب ــ رات میں سونے کے بعد والی نماز (تہجد) اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور رات کا کچھ حصہ تہجد کر (یہ خاص) تمہارے لئے ہے۔	۲۲۹	۱۰۵۸
باب ــ قیامِ لیل کی فضیلت۔	۲۳۱	۱۰۵۹
باب ــ رات کی نماز میں سجدہ لمبا کرنا۔	۲۳۲	
باب ــ بیمار کا رات کی نماز ترک کرنا۔	۲۳۲	۱۰۶۱
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کی نماز اور نوافل کی ایجاب کے بغیر ترغیب دلانا۔	۲۳۲	۱۰۶۲
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا لمبا قیام کرنا حتیٰ کہ آپ کے قدم شریف سُوج گئے۔	۲۳۶	۱۰۶۷
باب ــ جو کوئی سحر کے وقت سو گیا۔	۲۳۶	۱۰۶۸
باب ــ جس نے سحری کھائی اور صبح کی نماز پڑھنے تک نہ سویا۔	۲۳۸	۱۰۷۲
باب ــ رات کی نماز میں قیام لمبا کرنا۔	۲۳۸	۱۰۷۳
باب ــ رات کی نماز کیسی ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو نماز کیسے پڑھتے تھے۔	۲۳۹	۱۰۷۵
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کا رات کا قیام اور آپ کا سونا اور جو قیام سے منسوخ ہو چکا ہے	۲۴۱	۱۰۷۹
باب ــ جب کوئی رات کو نماز نہ پڑھے تو شیطان کا اس کے سر کی گدی پر	۲۴۲	۱۰۸۰

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
گرہ لگا دینا	۲۴۲	۱۰۸۰
باب — جب سوجائے اور نماز نہ پڑھے تو شیطان اس کے کانوں میں پیشاب کر دیتا ہے	۲۴۳	۱۰۸۲
باب — آخر رات میں دُعا کرنا اور نماز پڑھنا	۲۴۴	۱۰۸۳
جو کوئی اوّل رات میں سوئے اور آخر رات میں عبادت کرے۔	۲۴۶	۱۰۸۴
باب — رمضان اور غیر رمضان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کو قیام کرنا۔	۲۴۷	۱۰۸۵
باب — رات اور دن میں باوضو رہنے کی فضیلت اور رات اور دن میں وضو کے بعد نماز پڑھنے کی فضیلت۔	۲۴۸	۱۰۸۶
باب — عبادت میں نفس پر سختی کرنا مکروہ ہے	۲۴۹	۱۰۸۸
باب — قیام لیل اس شخص کے لئے ترک کرنا مکروہ ہے۔ جو رات کو نماز پڑھتا ہو	۲۵۰	۱۰۸۹
باب — اس شخص کی فضیلت جو رات کو جاگے اور نماز پڑھے۔	۲۵۱	۱۰۹۱
باب — فجر کی سنتوں پر ہمیشگی کرنا۔	۲۵۳	۱۰۹۲
باب — صبح کی سنتوں کے بعد دائیں کروٹ پر لیٹنا۔	۲۵۴	۱۰۹۵
باب — جس نے صبح کی سنتوں کے بعد گفتگو کی لیٹا نہیں۔	۲۵۵	۱۰۹۵
باب — نفل نماز دو دو رکعت پڑھنے میں جو روایات ہیں۔	۲۵۶	۱۰۹۷
باب — فجر کی سنتوں کے بعد گفتگو کرنا۔	۲۵۹	۱۱۰۳
باب — فجر کی دو سنتوں کی حفاظت کرنا اور	۲۶۰	۱۱۰۴

باب	صفحہ	حدیث نمبر
جس نے ان کو نفل کہا ہے۔	۲۶۰	۱۱۰۴
باب — فجر کی دو رکعتوں میں کیا پڑھا جاتا ہے۔	"	۱۱۰۵
اَبْوَابُ التَّطَوُّع		
باب — فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا	۲۶۱	۱۱۰۷
باب — جس نے فرض نماز کے بعد نفل نہ پڑھے۔	۲۶۲	۱۱۰۸
باب — سفر میں چاشت کی نماز پڑھنا	۲۶۳	۱۱۰۹
باب — جس نے چاشت کی نماز نہ پڑھی اور نہ ہی اس کو ضروری جانا۔	۲۶۶	۱۱۱۱
باب — حضر میں چاشت کی نماز پڑھنا۔	۲۶۵	۱۱۱۲
باب — ظہر سے پہلے دو رکعتیں۔	۲۶۶	۱۱۱۴
باب — مغرب سے پہلے نماز پڑھنا۔	۲۶۷	۱۱۱۶
باب — نوافل کی نماز باجماعت پڑھنا۔	۲۶۸	۱۱۱۸
باب — گھر میں نفل پڑھنا۔	۲۷۰	۱۱۱۹
باب — مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ شرفہما اللہ تعالیٰ کی مسجد میں نماز کی فضیلت۔	۲۷۱	۱۱۲۰
باب — مسجد قباء	۲۷۳	۱۱۲۲
باب — جو ہر ہفتہ کو مسجد قباء آیا	۲۷۴	۱۱۲۳
باب — مسجد قباء پیدل اور سوار ہو کر آنا	۲۷۴	۱۱۲۴
باب — سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف اور منبر کے درمیانی جگہ کی فضیلت۔	۲۷۵	۱۱۲۵
باب — بیت المقدس کی مسجد۔	۲۷۶	۱۱۲۷

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ نماز میں ہاتھ سے استعانت کرنا جبکہ وہ کام نماز سے ہو۔	۲۷۷	۱۱۲۸
باب ــ نماز میں کلام کی ممانعت	۲۷۸	۱۱۲۹
باب ــ مردوں کے لئے نماز میں الحمد اور سبحان کہنا جائز ہے۔	۲۸۰	۱۱۳۲
باب ــ جس نے کسی قوم کا نام لیا یا نماز میں مشافہۃً کسی غیر کو سلام کیا حالانکہ وہ نہیں جانتا	۲۸۱	۱۱۳۳
باب ــ تصفیق عورتوں کے لئے ہے۔	۲۸۲	۱۱۳۴
باب ــ جو کوئی اپنی نماز میں الٹے پاؤں سے پھرا یا کسی حادثہ پیش آنے کی وجہ سے آگے بڑھا	۲۸۳	۱۱۳۶
باب ــ جب ماں اپنے بچے کو نماز میں بلائے۔	۲۸۴	۱۱۳۶
باب ــ نماز میں کنکریوں کا ہٹانا۔	۲۸۵	۱۱۳۷
باب ــ نماز میں سجدہ کے لئے کپڑا بچھانا۔	"	۱۱۳۸
باب ــ نماز میں جو عمل جائز ہے۔	۲۸۶	۱۱۳۹
باب ــ جب بحالت نماز جانور چھوٹ جائے۔	۲۸۷	۱۱۴۱
باب ــ جو نماز میں پھونکنے اور تھوکنے سے جائز ہے	۲۸۹	۱۱۴۳
باب ــ جو شخص جہالت کے باعث نماز میں تالی بجائے اس کی نماز فاسد نہیں ہوتی۔	۲۹۰	۱۱۴۵
باب ــ نماز میں سلام کا جواب نہ دے۔	۲۹۱	۱۱۴۶
باب ــ کسی حادثہ کے پیش آنے میں نماز میں ہاتھ اُٹھانا۔	۲۹۲	۱۱۴۸
باب ــ نماز میں کمر پہ ہاتھ رکھنا۔	۲۹۳	۱۱۴۹
باب ــ مرد نماز میں کچھ سوچے۔	۲۹۴	۱۱۵۱
باب ــ جو کچھ سہو کے بارے میں آیا جبکہ فرض کی دو رکعتوں سے کھڑا ہو گیا۔	۲۹۶	۱۱۵۴
باب ــ جب پانچ رکعتیں پڑھیں	۲۹۷	۱۱۵۶
باب ــ جب دو رکعتوں یا تین رکعتوں میں سلام پھیر دیا۔	۲۹۹	۱۱۵۷
باب ــ جس نے سہو کے سجدوں میں تشہد نہ پڑھا۔	۳۰۰	۱۱۵۸
باب ــ جو کوئی سہو کے سجدوں میں تکبیر کہے۔	۳۰۱	۱۱۶۰
باب ــ جب یہ معلوم نہ ہو کہ اُس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔ تین یا چار تو بیٹھے بیٹھے سہو کے دو سجدے کرے	۳۰۲	۱۱۶۲
باب ــ فرض اور نفل میں سجدہ سہو کے بارے میں۔	۳۰۳	۱۱۶۳
باب ــ جب کسی سے کلام کیا جائے حالانکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو تو اپنے ہاتھ کے اشارہ سے جواب دے اور سُنے۔	۳۰۴	۱۱۶۴
باب ــ نماز میں اشارہ کرنا	۳۰۶	۱۱۶۵
کِتَابُ الْجَنَائِز		
یہ باب جنائز کے بارے میں ہے اور جس کا آخری کلام لا اِلٰہ الا اللہ ہو۔	۳۰۹	۱۱۶۵
باب ــ جنازوں کے پیچھے پیچھے چلنے کا حکم۔	۳۱۱	۱۱۷۰
باب ــ میت کے پاس اس کی موت کے بعد جانا جبکہ اس کو کفن میں رکھ	۳۱۴	۱۱۷۲

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
دیا گیا ہو۔		
باب — خود میت کے گھر والوں کو اس کی خبر دے۔	۳۱۷	۱۱۷۶
باب — جنازہ کی اطلاع کرنا۔	۳۲۰	۱۱۷۸
باب — اس شخص کی فضیلت جس کا بچہ فوت ہو جائے اور وہ صبر کرے۔	۳۲۱	۱۱۷۹
باب — قبر کے پاس عورت کو مرد کا کہنا کہ صبر کر۔	۳۲۳	۱۱۸۲
باب — میت کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دینا اور وضو کرنا۔	۳۲۴	۱۱۸۳
باب — طاق غسل دینا مستحب ہے۔	۳۲۵	۱۱۸۴
باب — میت کی داہنی طرفوں سے غسل دینا شروع کیا جائے۔	۳۲۶	۱۱۸۵
باب — میت کے وضو کے اعضاء۔	۳۲۶	۱۱۸۶
باب — کیا عورت کو مرد کے تہبند میں کفن دیا جائے	۳۲۷	۱۱۸۷
باب — آخری بار پانی میں کافور ملایا جائے۔	۳۲۷	۱۱۸۸
باب — عورت کے بال کھولنا۔	۳۲۸	
باب — میت کو کپڑے میں کس طرح لپیٹا جائے۔	۳۲۹	۱۱۹۰
باب — کیا عورت کے بالوں کے تین حصے کئے جائیں۔	۳۳۰	۱۱۹۱
باب — عورت کے بال اس کی پیٹھ پر ڈالے جائیں	۳۳۰	۱۱۹۲
باب — کفن کے لئے سفید کپڑے۔	۳۳۱	۱۱۹۳
باب — دو کپڑوں میں کفن دینا۔	۳۳۲	۱۱۹۴
باب — میت کو خوشبو لگانا۔	۳۳۳	۱۱۹۵
باب — محرم کو کس طرح کفن دیا جائے۔	۳۳۴	۱۱۹۶

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب — کرتے میں کفن دینا جو سلا ہوا ہو یا بے سلا اور جس کو قمیص کے بغیر کفن دیا گیا۔	۳۳۵	۱۱۹۸
باب — بغیر قمیص کے کفن دینا۔	۳۳۷	۱۲۰۰
باب — بغیر عمامہ کے کفن دینا۔	۳۳۸	۱۲۰۱
باب — میت کے سارے مال سے کفن دینا۔	۳۳۸	۱۲۰۳
باب — جب نہ پایا جائے مگر صرف ایک کپڑا۔	۳۴۰	۱۲۰۴
باب — جب کفن نہ پائے مگر جس سے میت کا سر اور دونوں قدم چھپ سکے تو اس کا سر ڈھانپا جائے۔	۳۴۱	۱۲۰۵
باب — جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کفن تیار کیا تو اس کو برا نہ کہا گیا۔	۳۴۲	۱۲۰۶
باب — عورتوں کا جنازوں کے پیچھے جانا	۳۴۲	۱۲۰۷
باب — عورت کا شوہر کے علاوہ کسی اور کا سوگ کرنا	"	"
باب — قبروں کی زیارت کرنا	۳۴۵	۱۲۱۱
باب — میت پر نوحہ کرنے کی کراہت	۳۵۵	۱۲۱۷
باب — جو گریباں پھاڑے وہ ہم سے نہیں	۳۵۶	۱۲۲۰
باب — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن خولہ کے لئے افسوس کیا۔	۳۵۷	۱۲۲۱
باب — مصیبت کے وقت بال منڈوانے سے ممانعت۔	۳۵۹	۱۲۲۲

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ۔ جو کوئی گالوں کو پیٹے وہ ہم میں سے نہیں	۳۶۰	۱۲۲۲
باب ۔ مصیبت کے وقت واویلا کرنا جاہلیت کی پکار کرنے کی ممانعت۔	۳۶۰	۱۲۲۳
باب ۔ جو مصیبت کے وقت بیٹھا جبکہ اس میں غم کا اثر ظاہر ہو	۳۶۱	۱۲۲۴
باب ۔ جس نے مصیبت کے وقت غم کا اظہار نہ کیا۔	۳۶۲	۱۲۲۶
صبر ابتداء صدمہ کے وقت۔	۳۶۵	۱۲۲۷
باب ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اے ابراہیم ہم تیری جدائی میں غمزدہ ہیں	۳۶۶	۱۲۲۸
باب ۔ مریض کے پاس رونا۔	۳۶۷	۱۲۲۹
باب ۔ نوحہ کرنے اور رونے سے منع کرنا اور اس میں جزع کرنا۔	۳۶۸	۱۲۳۰
باب ۔ جنازہ کے لئے کھڑا ہونا۔	۳۶۹	۱۲۳۲
باب ۔ جب جنازہ کے لئے کھڑا ہو تو کب بیٹھے۔	۳۷۰	۱۲۳۳
باب ۔ جو کوئی جنازہ کے ساتھ جائے تو نہ بیٹھے۔ حتیٰ کہ جنازہ کندھوں سے اتارا جائے۔ اگر بیٹھ جائے تو کھڑا ہونے کا حکم دیا جائے۔	۳۷۱	۱۲۳۵
باب ۔ جو شخص یہودی کے جنازہ کے لئے کھڑا ہوا۔	۳۷۲	۱۲۳۶
باب ۔ مردوں کا جنازہ اٹھانا سوا عورتوں کے۔	۳۷۳	۱۲۳۸
باب ۔ جنازہ میں جلدی کرنا۔	۳۷۴	۱۲۳۹
باب ۔ میت کا کہنا جبکہ وہ جنازے پر ہو مجھے	۳۷۵	۱۲۴۰
آگے لے چلو۔	۳۷۵	۱۲۴۰
باب ۔ جس نے امام کے پیچھے جنازہ پر دو یا تین صفیں بنائیں۔	۳۷۲	۱۲۴۱
باب ۔ جنازہ کے لئے صفوف	۳۷۷	۱۲۴۲
باب ۔ جنازہ میں مردوں کے ساتھ بچوں کا صف باندھنا۔	۳۷۸	۱۲۴۵
باب ۔ جنائز پر نماز کا طریقہ۔	۳۷۹	۱۲۴۶
باب ۔ جنازوں کے پیچھے چلنے کی فضیلت	۳۸۱	۱۲۴۷
باب ۔ جس نے دفن کئے جانے تک انتظار کی۔	۳۸۲	۱۲۴۸
باب ۔ بچوں کا لوگوں کے ساتھ جنازوں پر نماز پڑھنا۔	۳۸۳	۱۲۴۹
باب ۔ عیدگاہ اور مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا۔	″	۱۲۵۰
باب ۔ قبور پر مساجد بنانا مکروہ ہے۔	۳۸۶	۱۲۵۲
باب ۔ نفاس والی عورت کی نماز جنازہ جب وہ نفاس کی حالت میں مر جائے	۳۸۶	۱۲۵۳
باب ۔ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہنا۔	۳۸۸	۱۲۵۵
باب ۔ جنازہ پر سورۂ فاتحہ پڑھنا۔	۳۸۹	۱۲۵۷
باب ۔ دفن کئے جانے کے بعد قبر پر دعا کرنا	۳۹۰	۱۲۵۸
باب ۔ مردہ جوتوں کی آواز سنتا ہے۔	۳۹۱	۱۲۶۰
باب ۔ جس نے مقدس زمین یا اس جیسی زمین میں مدفون ہونا پسند نہ کیا۔	۳۹۳	۱۲۶۱

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ـــ رات کو دفن کرنا۔	۳۹۴	۱۲۶۲
باب ـــ مسجد پر قبر بنانا۔	۳۹۵	۱۲۶۳
باب ـــ عورت کی قبر میں کون اترے۔	۳۹۶	۱۲۶۴
باب ـــ شہید پر نمازِ جنازہ پڑھنا۔	۳۹۷	۱۲۶۵
باب ـــ دو یا تین آدمیوں کو ایک قبر میں دفن کرنا۔	۴۰۰	۱۲۶۷
باب ـــ جس نے شہداء کو غسل دینا جائز نہ جانا۔	۴۰۰	۱۲۶۸
باب ـــ لحد میں پہلے کون رکھا جائے۔	۴۰۱	۱۲۶۹
باب ـــ قبر میں اذخر اور خشک گھاس بچھانا۔	۴۰۲	۱۲۷۰
باب ـــ کیا کسی علت کے سبب میت کو قبر سے اور لحد سے نکالا جائے گا۔	۴۰۳	۱۲۷۱
باب ـــ قبر میں لحد اور شق بنانا۔	۴۰۶	۱۲۷۴
باب ـــ جب بچہ مسلمان ہو جائے اور مر جائے کیا اس پر نماز پڑھی جائے اور کیا اس پر اسلام پیش کیا جائے	۴۰۷	۱۲۷۴
باب ـــ جب مشرک موت کے وقت لا الہ الا اللہ کہے۔	۴۱۳	۱۲۸۰
مسئلہ : ابوطالب کے اسلام کے بارے میں تحقیق۔	״	
باب ـــ قبر پر کھجور کی شاخ رکھنا۔	۴۲۰	۱۲۸۱
مسئلہ ـــ قبر پر کھجور رکھنے کی حکمت	۴۲۰	
باب ـــ محدث کا قبر کے پاس وعظ کرنا اور اس کے ساتھیوں کا اس کے ارد گرد بیٹھنا۔	۴۲۲	۱۲۸۲
باب ـــ اپنے آپ کو قتل کرنے والے کے بارے میں۔	۴۲۴	۱۲۸۳
باب ـــ منافقین پر نماز جنازہ اور مشرکین کے لئے دعاء مغفرت مکروہ ہے	۴۲۶	۱۲۸۵
باب ـــ لوگوں کا میت کی تعریف کرنا۔	۴۲۷	۱۲۸۶
باب ـــ جو کچھ عذاب قبر کے بارے میں منقول ہے۔	۴۲۸	۱۲۸۶
باب ـــ عذاب قبر سے پناہ مانگنا	۴۳۴	۱۲۹۵
باب ـــ غیبت اور پیشاب سے پرہیز نہ کرنے کے باعث قبر کا عذاب۔	۴۳۵	۱۲۹۸
باب ـــ میت پر صبح و شام اس کا ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے۔	״	۱۲۹۹
باب ـــ میت کا چارپائی پر کلام کرنا۔	۴۳۶	۱۳۰۰
باب ـــ مسلمانوں کی اولاد کے متعلق جو کہا گیا ہے۔	۴۳۷	۱۳۰۲
باب ـــ مشرکین کی نابالغ اولاد کے بارے میں جو ذکر کیا گیا۔	۴۳۹	۱۳۰۳
باب ـــ دوشنبہ کے روز وفات	۴۴۳	۱۳۰۷
باب ـــ اچانک موت	۴۴۴	۱۳۰۸
باب ـــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی قبور میں منقول روایات ـــ	۴۴۶	۱۳۰۸
باب ـــ اموات کو گالی دینا ممنوع ہے۔	۴۵۱	۱۳۱۴
باب ـــ مردوں کی برائی ذکر کرنا	۴۵۱	۱۳۱۵
کتاب الزکاۃ	۴۵۲	

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ـــ زکوٰۃ کی فرضیت ۔	۴۵۲	ـ
زکوٰۃ کے مانعین کی تفصیل ۔	۴۵۷	
باب ـــ زکوٰۃ دینے پر بیعت کرنا ۔	۴۵۶	۱۳۲۲
باب ـــ مال کا خزانہ کرنے پر وعید اس تقدیر پر ہے جبکہ اس کی زکوٰۃ نہ دی جائے ۔	۴۵۹	
باب ـــ جس مال کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے وہ کنز نہیں ۔	۴۶۲	
مسئلہ ـــ امیر کی طاعت واجب ہے ۔	۴۶۶	۱۳۲۶
باب ـــ مال کو اس کے حق میں خرچ کرنا ۔	۴۶۷	۱۳۲۸
باب ـــ صدقہ کے بعد ریا کرنا ۔	〃	〃
باب ـــ پاک کمائی سے صدقہ کرنا	۴۶۹	۱۳۲۹
باب ـــ ردّ سے پہلے صدقہ کرنا	۴۷۰	۱۳۳۰
باب ـــ آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ٹکڑا اور نہ ہو تو سا صدقہ کرے ۔	۴۷۲	۱۳۳۴
باب ـــ کونسا صدقہ افضل ہے اور تندرست بخیل کا صدقہ	۴۷۴	۱۳۳۸
باب ـــ علانیہ صدقہ کرنا	۴۷۷	
باب ـــ پوشیدہ صدقہ کرنا	۴۷۷	
باب ـــ جب مال دار پر صدقہ کیا حالانکہ وہ اس کو نہیں جانتا ۔	۴۷۸	۱۳۴۰
باب ـــ جب اپنے بیٹے پر صدقہ کیا حالانکہ وہ اسے جانتا نہیں ۔	۴۷۹	۱۳۴۱
باب ـــ دائیں ہاتھ سے صدقہ کرنا	۴۸۰	۱۳۴۲
باب ـــ جس نے اپنے خادم کو صدقہ کرنے کو کہا اور خود نہ دیا ۔	۴۸۱	۱۳۴۴
باب ـــ مال داری قائم رکھتے ہوئے ہی صدقہ کرنا جائز ہے ۔	۴۸۲	۱۳۴۴
باب ـــ اس شئی پر احسان جتلانے والا جو اُس نے دی	۴۸۵	
باب ـــ جس نے صدقہ کے دن صدقہ جلدی دینا پسند کیا	۴۸۶	۱۳۴۸
باب ـــ صدقہ کرنے کی رغبت دلانا اور اس میں شفاعت کرنا	۴۸۶	۱۳۴۸
باب ـــ جتنی طاقت ہو اتنا صدقہ کرے	۴۸۸	۱۳۵۳
باب ـــ صدقہ گناہوں کا کفارہ کرتا ہے ۔	۴۸۸	۱۳۵۴
مسئلہ ـــ سیدنا عمر فاروق اپنی موت کی کیفیت جانتے تھے ۔	〃	〃
باب ـــ جس نے شرک کے زمانہ میں صدقہ کیا پھر وہ مسلمان ہو گیا	۴۸۹	۱۳۵۵
باب ـــ خادم جب اپنے مالک کے حکم سے صدقہ کرے تو اُس کا ثواب جبکہ مال تباہ نہ کرے	۴۹۱	۱۳۵۶
باب ـــ عورت کو ثواب جبکہ وہ صدقہ کرے یا اپنے شوہر کے گھر سے طعام کھلائے اس حال میں کہ وہ گھر کی تباہی نہ کرے	۴۹۲	۱۳۵۸
باب ـــ تو وہ جس نے دیا اور پرہیزگاری کی اور سب سے اچھی کو سچ مانا تو بہت جلد ہم اسے آسانی مہیا کر دیں گے ۔	۴۹۲	۱۳۶۰

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ صدقہ دینے والے اور بخیل کی مثال۔	۴۹۳	۱۳۶۱
باب ــ حلال کمائی اور مال تجارت سے صدقہ کرنا۔	۴۹۵	ــ
باب ــ ہر مسلمان پر صدقہ ثابت ہے اور جو شخص نہ پائے وہ نیک عمل کرے	۴۹۵	۱۳۶۲
باب ــ زکوٰۃ اور صدقہ میں سے کتنا مال دیا جائے اور جس نے بکری صدقہ دی۔	۴۹۶	۱۳۶۳
باب ــ چاندی کی زکوٰۃ۔	۴۹۷	۱۳۶۴
باب ــ زکوٰۃ میں مال اسباب لینا	۴۹۸	ــ
باب ــ متفرق مال کو ایک جگہ نہ کیا جائے اور نہ ہی یکجا مال کو علیحدہ علیحدہ کیا جائے۔	۵۰۰	۱۳۶۸
باب ــ دو شخص شریک ہوں تو وہ زکوٰۃ دے کر آپس میں برابری کر لیں۔	۵۰۱	۱۳۶۹
باب ــ اونٹوں کی زکوٰۃ	۵۰۱	۱۳۷۰
باب ــ جس پر زکوٰۃ بنت مخاض واجب ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو۔	۵۰۳	۱۳۷۱
باب ــ بکریوں کی زکوٰۃ	۵۰۴	۱۳۷۲
باب ــ زکوٰۃ میں بوڑھی یا عیب دار بکری، نر جانور نہ لیا جائے مگر جو زکوٰۃ لینے والا چاہے۔	۵۰۷	۱۳۷۳
باب ــ زکوٰۃ میں لوگوں کے عمدہ اور نفیس اموال نہ لئے جائیں۔	۵۰۸	۱۳۷۵
باب ــ پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں	۵۰۹	۱۳۷۶
باب ــ گائے کی زکوٰۃ	"	۱۳۷۷
باب ــ رشتہ داروں کو زکوٰۃ دینا	۵۱۱	۱۳۷۸
باب ــ مسلمان کے گھوڑے میں زکوٰۃ نہیں	۵۱۲	۱۳۸۰
باب ــ مسلمان پر اس کے غلام میں زکوٰۃ نہیں۔	۵۱۴	۱۳۸۱
باب ــ یتیموں پر صدقہ کرنا۔	"	۱۳۸۲
باب ــ شوہر اور زیر تربیت یتیموں کو زکوٰۃ دینا۔	۵۱۷	۱۳۸۲
باب ــ سوال سے بچنا	۵۲۱	۱۳۸۶
باب ــ جس کو اللہ تعالیٰ نے سوال اور حرص کے بغیر مال دلوایا۔	۵۲۳	۱۳۸۹
باب ــ جو کوئی مال بڑھانے کے لئے لوگوں سے سوال کرے۔	۵۲۴	۱۳۹۰
باب ــ اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔ لوگوں سے چمٹ کر سوال نہیں کرتے اور کتنے مال سے غنی ہوتا ہے	۵۲۵	۱۳۹۱
باب ــ کھجور کا تخمینہ لگانا	۵۲۹	۱۳۹۶
مسئلہ: مستقبل میں ہونے والے واقعات کی خبر دینا۔	۵۳۱	"
باب ــ آسمان کے پانی اور جاری پانی سے پلائی جانے والی زمین میں عشر ہے	۵۳۱	۱۳۹۷
باب ــ پانچ وسق سے کم میں صدقہ نہیں	۵۳۴	۱۳۹۸
باب ــ کھجور کٹنے کے وقت اس کی زکوٰۃ لینا۔	"	۱۳۹۹
باب ــ جس نے اپنے پھل یا کھجور کا درخت یا زمین یا کھیتی کو بیچا۔	۵۳۵	۱۴۰۰
باب ــ کیا اپنے صدقہ کا مال خرید سکتا	۵۳۷	۱۴۰۳

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
ہے؟ اور دوسرے کے صدقہ کو خریدنے میں حرج نہیں۔	۵۳۷	۱۴۰۳
باب ۔ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل کے لئے صدقہ کے بارے میں منقول ہے۔	۵۳۹	۱۴۰۵
باب ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کے آزاد کردہ غلاموں پر صدقہ۔	۵۴۰	۱۴۰۶
باب ۔ جب صدقہ محتاج کے حوالے کر دیا جائے	۵۴۱	۱۴۰۸
باب ۔ مال داروں سے زکوٰۃ لینا اور فقراء کو تقسیم کرنا وہ جہاں بھی ہوں۔	۵۴۲	۱۴۱۰
باب ۔ امام کا صدقہ دینے والوں کے لئے دعا کرنا۔	۵۴۳	۱۴۱۱
باب ۔ جو سمندر سے نکالا جائے۔	۵۴۴	۔
باب ۔ صرف رکاز میں خمس (پانچواں حصہ) ہے	۵۴۵	۔
باب ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "والعاملین علیہا" اور صدقہ وصول کرنے والے سے امام کا محاسبہ۔	۵۴۸	۱۴۱۳
باب ۔ مسافروں کا صدقہ کے اونٹ اور ان کا دودھ استعمال کرنا۔	۵۴۹	۱۴۱۴
باب ۔ امام کا صدقہ کے اونٹوں کو اپنے ہاتھ سے داغ دینا۔	۵۵۰	۱۴۱۵
باب ۔ صدقہ فطر کا وجوب۔	۵۵۱	۱۴۱۶
باب ۔ مسلمان غلام اور آزاد پر صدقہ فطر واجب ہونا۔	۵۵۲	۱۴۱۷
باب ۔ جو سے ایک صاع صدقہ فطر۔	۵۵۳	۱۴۱۸
باب ۔ طعام سے ایک صاع صدقہ فطر۔	〃	۱۴۱۹
باب ۔ صدقہ فطر کھجور سے ایک صاع۔	۵۵۴	۱۴۲۰
باب ۔ منقیٰ ایک صاع	۵۵۴	۱۴۲۱
باب ۔ عید کی نماز سے پہلے فطرہ دینا۔	۵۵۶	۱۴۲۲
باب ۔ آزاد اور غلام پر صدقہ فطر	۵۵۶	۱۴۲۴
باب ۔ ہر چھوٹے بڑے پر صدقہ فطر	۵۵۷	۱۴۲۵

کتاب الحج

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ۔ حج کا وجوب اور اس کی فضیلت	۵۵۸	۱۴۲۶
باب ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "لوگ پیدل چل کر اور دبلے اونٹوں پر دور دراز راستوں سے آپ کے پاس آئیں گے تاکہ وہ اپنے منافع حاصل کریں"۔	۵۶۱	۱۴۲۷
باب ۔ پالان پر سوار ہو کر حج کرنا۔	۵۶۲	۱۴۲۹
باب ۔ حج مقبول کی فضیلت	۵۶۳	۱۴۳۰
باب ۔ حج اور عمرہ میں احرام باندھنے کا حکم۔	۵۶۵	۱۴۳۲
باب ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "زاد راہ ساتھ لو۔ اچھا زاد راہ تقویٰ (سوال سے بچنا ہے)"	۵۶۵	۱۴۳۳
باب ۔ حج عمرہ کے لئے اہل مکہ کے احرام باندھنے کی جگہ	۵۶۶	۱۴۳۵
باب ۔ اہل مدینہ منورہ کے احرام باندھنے کی جگہ۔	۵۶۶	۱۴۳۵
باب ۔ اہل مدینہ منورہ کے احرام باندھنے کی جگہ وہ ذوالحلیفہ سے پہلے احرام نہ باندھیں۔	۵۶۷	۱۴۳۶

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب — اہلِ شام کے احرام باندھنے کی جگہ۔	۵۶۸	۱۴۳۷
باب — اہلِ نجد کے احرام باندھنے کی جگہ۔	۵۶۹	۱۴۳۸
باب — مواقیت کے علاوہ رہنے والوں کے احرام باندھنے کی جگہ۔	۵۷۰	۱۴۳۹
باب — اہلِ یمن کی میقات	۵۷۰	۱۴۴۰
باب — اہلِ عراق کے لئے میقات ذاتِ عرق ہے۔	۵۷۱	۱۴۴۱
مسئلہ — سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تمام مشارق و مغارب پر میری نگاہ۔	۵۷۱	۱۴۴۱
باب — ذوالحلیفہ میں نماز پڑھنا	۵۷۲	۱۴۴۲
باب — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا شجرہ کے راستہ سے نکلنا۔	"	۱۴۴۳
باب — نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ عقیق مبارک وادی ہے۔	۵۷۳	۱۴۴۴
باب — خوشبو کو کپڑوں سے تین بار دھونا۔	۵۷۴	—
باب — احرام کے وقت خوشبو لگانا	۵۷۶	۱۴۴۶
باب — جس نے بالوں کو جما کر احرام باندھا	۵۷۸	۱۴۴۸
باب — مسجد ذوالحلیفہ کے پاس تلبیہ کہنا۔	"	۱۴۴۹
باب — محرم کون سے کپڑے نہ پہنے؟	۵۷۹	۱۴۵۰
باب — حج میں سوار ہونا اور کسی کو پیچھے بٹھانا۔	۵۸۰	۱۴۵۱
باب — محرم کپڑے، چادر اور تہبند سے کیا پہنے	۵۸۱	-
باب — جو صبح تک ذوالحلیفہ میں ٹھہرا۔	۵۸۳	۱۴۵۳
باب — بلند آواز سے تلبیہ کہنا	۵۸۴	۱۴۵۵
باب — تلبیہ	"	۱۴۵۶
باب — لبیک کہنے سے پہلے جانور پر سوار ہونے	۵۸۶	۱۴۵۸
کے وقت تحمید و تسبیح اور تکبیر کہنا۔		
باب — جس نے اس وقت لبیک کہا، جبکہ سواری سیدھی کھڑی ہوگئی۔	۵۸۷	۱۴۵۹
باب — قبلہ کو متوجہ ہو کر تلبیہ (لبیک) کہنا	۵۸۸	۱۴۶۰
باب — جب وادی میں اُترے تو لبیک کہنا۔	۵۸۹	۱۴۶۱
باب — حیض اور نفاس والی عورت احرام کس طرح باندھے۔	۵۹۰	۱۴۶۲
مسئلہ۔ مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ کی بحث۔	۵۹۱	۱۴۶۲
باب — جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کے مثل احرام باندھا۔	۵۹۴	۱۴۶۳
باب — اللہ تعالیٰ کا ارشاد "حج کے مہینے مقرر ہیں۔	۵۹۷	—
باب — تمتع اور قران اور صرف حج کا بیان اور جس کے پاس قربانی کا جانور نہ ہو اس کا حج کو فسخ کر دینا۔	۶۰۰	۱۴۶۷
باب — جس نے حج کا لبیک کہا اور حج کا نام لیا۔	۶۰۷	—
باب — تمتع	"	۱۴۷۷
باب — اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہ ان کے لئے جو مسجد حرام کے پاس نہ رہتے ہوں۔	۶۰۷	

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
باب ــ مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے وقت غسل کرنا۔	۶۱۰	۱۴۷۸
باب ــ مکہ مکرمہ میں رات یا دن کو داخل ہونا۔	۶۱۰	۱۴۷۹
باب ــ مکہ مکرمہ میں کدھر سے داخل ہو۔	۶۱۱	۱۴۸۰
باب ــ مکہ مکرمہ میں سے کدھر سے نکلے۔	۶۱۱	۱۴۸۱
باب ــ مکہ مکرمہ اور اس کی عمارتوں کی فضیلت۔	۶۱۴	ــ
مسئلہ ــ کعبہ کو کئی بار تعمیر کرنے کی تفصیل۔	۶۱۵	ــ
مسئلہ ــ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کریمین کے اسلام پر دلائل۔	〃	
باب ــ حرم کی فضیلت۔	۶۲۲	۱۴۹۲
باب ــ مکہ کے مکانات میں وراثت جاری ہونا اور ان کی خرید و فروخت کرنا۔	۶۲۳	۱۴۹۳
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ تشریف لے جانا۔	۶۲۵	۱۴۹۴
باب ــ کعبہ پر غلاف چڑھانا	۶۳۱	۱۴۹۹
مسئلہ ــ غلاف کعبہ بطور تبرک تقسیم کرنا۔	۶۳۲	ــ
باب ــ کعبہ گرانا۔	〃	۱۵۰۰
باب ــ حجر اسود کے متعلق مذکور روایات	۶۳۳	۱۵۰۲
باب ــ کعبہ شریف کا دروازہ بند کرنا اور اس کے جس کونہ میں چاہے نماز پڑھے۔	۶۳۴	۱۵۰۳
باب ــ کعبہ میں نماز پڑھنا	۶۳۵	۱۵۰۴
باب ــ جو کعبہ میں داخل نہ ہوا	۶۳۶	۱۵۰۵
باب ــ جس نے کعبہ کے کونوں میں تکبیر کہی۔	۶۳۶	۱۵۰۶
باب ــ رمل کی ابتداء کیسے ہوئی۔	۶۳۷	۱۵۰۷
باب ــ جب مکہ آئے تو پہلے طواف میں حجر اسود	۶۳۸	۱۵۰۸

باب	صفحہ	حدیث نمبر
کو بوسہ دینا اور تین بار رمل کرے۔		
باب ــ حج اور عمرہ میں رمل کرنا۔	۶۳۸	۱۵۰۸
باب ــ حجر اسود کو چھڑی سے بوسہ دینا۔	۶۴۱	۱۵۱۲
باب ــ جس نے صرف رکن اسود اور رکن یمانی کو بوسہ دیا۔	۶۴۱	۱۵۱۳
باب ــ حجر اسود کو بوسہ دینا۔	۶۴۲	۱۵۱۴
باب ــ جس نے حجر اسود کی طرف اشارہ کیا جب اس کے پاس آیا۔	۶۴۲	۱۵۱۶
باب ــ حجر اسود کے پاس تکبیر کہنا۔	〃	۱۵۱۷
باب ــ جو شخص مکہ میں آیا اور اپنے گھر کو لوٹنے سے پہلے بیت اللہ کا طواف کیا پھر صفا کی طرف نکلا۔	۶۴۴	۱۵۱۸
باب ــ عورتوں کا مردوں کے ساتھ طواف کرنا۔	۶۴۶	۱۵۲۱
باب ــ طواف کرتے وقت باتیں کرنا۔	۶۴۷	۱۵۲۲
باب ــ جب طواف میں تبسم یا کوئی مکروہ شئی دیکھے۔	〃	۱۵۲۲
باب ــ کوئی شخص ننگا بیت اللہ کا طواف کرے اور نہ ہی مشرک حج کرے۔	۶۴۸	۱۵۲۴
باب ــ جب طواف کے دوران ٹھہر جائے۔	۶۴۹	ــ
باب ــ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے (طواف میں) سات پھیروں پر دو	۶۵۰	۱۵۲۵

marfat.com

باب	صفحہ	حدیث نمبر
رکعتیں پڑھیں۔	۶۵۰	۱۵۲۵
باب ــ جو شخص کعبہ کے پاس نہ گیا اور نہ طواف کیا حتیٰ کہ عرفہ کی طرف چلا گیا اور طواف اوّل کے بعد لوٹا۔	۶۵۱	۱۵۲۶
باب ــ جس نے طواف کی دو رکعتیں مسجد سے باہر پڑھیں عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حرم سے باہر پڑھیں	۶۵۱	۱۵۲۷
باب ــ جس نے مقام ابراہیم علیہ السلام کے پیچھے طواف کی دو رکعتیں پڑھیں۔	۶۵۲	۱۵۲۸
باب ــ صبح اور عصر کی نمازوں کے بعد طواف کرنا	〃	۱۵۲۹
باب ــ بیمار سوار ہو کر طواف کرے۔	۶۵۶	۱۵۳۲
باب ــ حاجیوں کو پانی پلانا۔	〃	۱۵۳۴
مسئلہ ــ آبِ زمزم کے متعلق بحث۔	۶۵۸	۱۵۳۵
باب ــ آبِ زمزم کے بارے میں۔	۶۵۸	۱۵۳۶
باب ــ قارن کا طواف۔	۶۶۰	۱۵۳۷
باب ــ باوضو طواف کرنا۔	۶۶۳	۱۵۴۰
باب ــ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کا وجوب اور یہ شعائر اللہ میں سے ہیں۔	۶۶۵	۱۵۴۱
باب ــ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا۔	۶۶۷	۱۵۴۲
باب ــ حائضہ عورت بیت اللہ کے طواف کے سوا حج کے تمام ارکان بجا لائے اور جب صفا مروہ کے درمیان وضوء کے بغیر سعی کرے۔	۶۷۰	۱۵۴۷ تا ۱۵۴۹
باب ــ اہل مکہ کے لئے بطحاء اور دیگر مقات سے احرام باندھنا اور حج کرنے والے جب وہ منیٰ کی طرف نکلیں۔		
باب ــ ترویہ کے روز ظہر کی نماز کہاں پڑھے	۶۷۴ ۶۷۵	۱۵۵۰

۲۶ رجب ۱۴۰۰ھ مطابق ۱۰ جون ۱۹۸۰ء

غلام رسول رضوی

marfat.com



marfat.com

تفہیم البخاری پبلیکیشنز
فیصل آباد، پاکستان